زاد العباد
لیوم المعاد
تالیف و ترتیب
فقیہ اہل بیت آیت اللہ الشیخ محمد حسین النجفی
ناشر
مکتبۃ السبطین، سیٹلائٹ ٹاؤن
سرگودھا، پاکستان

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

وَ تَزَوَّدُوْا فَاِنَّ خَیْرَ الزَّادِ التَّقْوٰی ۔(القرآن)

اور (آخرت کے سفر کیلئے) زادِ راہ مہیا کرو (اور سمجھ لو) کہ بہترین زادِ راہ تقویٰ (پرہیزگاری) ہے۔

کتاب مستطاب سعادت انتساب

# زاد العباد
# لیوم المعاد

تالیف وترتیب

فقیہ اہل بیتؑ آیت اللہ الشیخ محمد حسین النجفی، سرگودھا، پاکستان

مکتبة السبطین، سیٹلائٹ ٹاؤن، سرگودھا، پاکستان

| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | : | زاد العباد لیوم المعاد |
| تالیف وترتیب | : | فقیہ اہل بیتؑ آیت اللہ الشیخ محمد حسین النجفی، سرگودھا، پاکستان |
| کمپوزنگ | : | غلام حیدر(میکسیما کمپوزنگ سینٹر، موبائل:0346-5927378) |
| طباعت | : | میکسیما پرنٹنگ پریس، راولپنڈی، موبائل:0333-5169622 |
| ناشر | : | مکتبۃ السبطین۔ سیٹلائٹ ٹاؤن سرگودھا |
| طبع اول | : | ذی الحجہ ۱۴۲۶ھ بمطابق جنوری ۲۰۰۶ء |
| طبع دوم | : | ذی الحجہ ۱۴۲۸ھ بمطابق دسمبر ۲۰۰۷ء |
| قیمت | : | ۲۵۰ روپے |
| تعداد | : | ۱۱۰۰ |




## ملنے کے پتے


**اسلامک بک سینٹر**

مکان نمبر C-362، گلی نمبر 12، G-6/2

اسلام آباد۔فون: 2870105

**میکسیما کمپوزنگ سینٹر**

آفس نمبر 19 'تھرڈ فلور' ماسکو پلازہ'

64-W 'بلیو ایریا اسلام آباد

موبائل:0346-5927378

**مکتبۃ السبطین**

سیٹلائٹ ٹاؤن، ۲۹۶/۹۔بی بلاک، سرگودھا

**معصوم پبلیکیشنز بلتستان**

منٹھوکھا، علاقہ کھرمنگ، سکردو بلتستان

# فہرست

| عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|

| عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|

| عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|

# اظہارِ تشکر

کتاب مستطاب **زاد العباد لیوم المعاد** جو اس دیدہ زیب اور دلکش انداز میں طبع ہو کر مدت کے مشتاق ہاتھوں تک پہنچ رہی ہے تو یہ بفضلہ تعالیٰ جناب شرافت انتساب الحاج لیاقت علی صاحب آف پیر محل ضلع خانیوال حال وارد نیوپورٹ (برطانیہ) کی ہمت مردانہ اور جرأت مؤمنانہ کا نتیجہ ہے۔ ہوا یوں کہ جب گزشتہ سے پیوستہ سال میں عشرۂ ثانی کے سلسلہ میں انگلینڈ کے دورۂ مجالس پر گیا۔ اور موصوف کے ہاں قیام کے دوران اثناءِ گفتگو میں اس کتاب کی تالیف و ترتیب کا تذکرہ ہوا۔ تو موصوف نے اپنی روایتی سبقت الی الخیر کا مظاہرہ کرتے ہوئے خواہش ظاہر کی کہ اس کتاب کی اشاعت کی سعادت وہ حاصل کریں گے۔ چنانچہ اس کا ثمرہ ناظرین کرام کے سامنے حاضر ہے۔ ﴿**جزاهم خير الجزاء في الدارين**﴾۔



دعا ہے کہ خداوند عالم اس کارِ خیر کا ثواب ان کے والدین کی روح پُرفتوح کو پہنچائے، ان کے درجات بلند فرمائے اور آپ کو اولادِ زینہ کی دولت سے مالا مال فرمائے اور انہیں حوادثِ روزگار سے محفوظ و مصون رکھے اور ان کی اس سعی جمیل کو شرفِ قبول سے نوازے۔ ع

ایں دعا از من و از جملہ جہاں آمین باد

آمین یا رب العالمین بجاہ النبیؐ و آلہ الطاہرین۔

وانا الاحقر محمد حسین النجفی عفی عنہ بقلمہ

۱۰ شوال ۱۴۲۶ھ بمطابق ۱۳ نومبر ۲۰۰۵ء

فقیہ اہلبیت مفسرقرآن آیۃ اللہ **الشیخ محمد حسین النجفی** مدظلہ العالی

# گفتارِ اولین

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الحمد للّٰہ رب المشرقین الذی جعل الدعاء وسیلۃ لسعادۃ الدارین و ذریعۃً لفلاح الکونین والصلوٰۃ و السلام علی سید الثقلین و آلہ المصطفین۔

امابعد یہ بات کسی وضاحت کی محتاج نہیں ہے کہ خدائے علیم وحکیم نے جن وانس کو اپنی عبادت کے لیے پیدا کیا ہے۔ جیسا کہ وہ خود فلسفۂ موت وحیات بیان کرتے ہوئے فرماتا ہے: ﴿وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَ الْاِنْسَ اِلَّا لِیَعْبُدُوْنِ﴾ (القرآن) اسی طرح ارباب علم ودانش کے لیے یہ بات بھی عیاں را چہ بیاں کی مصداق ہے کہ ﴿الدعاء مخ العبادۃ﴾ کہ پروردگار کی بارگاہ معلیٰ میں دعاو پکار اور توبہ وانابہ کرنا عبادت کا مغز ہے۔ (عدۃ الداعی)۔ یہی وجہ ہے کہ ہمارے علمائے اعلام اور فضلائے کرام نے ہمیشہ اس موضوع کو بڑی اہمیت دی ہے اور اسے ہمیشہ اپنی خاص توجہ کا مرکز بنایا ہے۔ چنانچہ حضرت شیخ طوسی علیہ الرحمہ کی کتاب مصباح المتھجد ہو یا جناب شیخ ابراہیم کفعمی علیہ الرحمہ کی المصباح اور البلد الامین، سید ابن طاؤس علیہ الرحمہ کی مھج الدعوات ہو یا الاقبال یا جمال الاسبوع یا حضرت شیخ بہائی کی مفتاح الفلاح ہو یا شیخ ابن فہد حلی کی عدۃ الداعی۔ علامہ مجلسی علیہ الرحمہ کی زادالمعاد ہو یا جناب شیخ عباس قمی علیہ الرحمہ کی مفاتیح الجنان وغیرہ وغیرہ یہ میرے اس دعویٰ کے شاہد عادل ہیں یا اسی حقیقت کے مختلف مظاہر۔ **شکر اللّٰہ سعیھم و جزاھم عنا خیر الجزاء**۔ مگر یہ کتابیں علاوہ اس کے کہ کوئی عربی میں ہے اور کوئی فارسی میں اور پھر کوئی بہت ضخیم ہے تو کوئی بہت مختصر علاوہ بریں بعض اور چیزیں بھی ہیں جو دل ودماغ کو متاثر کرتی ہیں اور آدمی کو اس بات پر آمادہ کرتی ہیں کہ اپنی قومی زبان اردو میں اس موضوع پر ایک ایسی کتاب مرتب کی جائے جس میں نہ طول ممل ہو اور نہ اختصار مخل۔ بلکہ اعتدال ہو اور پھر اس میں صرف وہ مواد درج کیا جائے جو مستند ومعتبر اسناد سے سرکار محمد وآل محمد علیہم السلام سے مروی ومنقول ہو، جس میں نہ کسی آدمی کی ذاتی ایجاد واختراع کی آمیزش ہو اور نہ ہی رطب ویابس قسم کی کوئی چیز شامل ہو۔ اور جو

تعقیبات نمازہائے پنجگانہ سے لے کر سال کے بارہ مہینوں کے اعمال وعبادات تک اور سرکار محمد و آل محمد علیہم السلام کی زیارات پر مشتمل ہو چنانچہ تمنا تھی کہ اس موضوع پر قلم فرسائی کی جائے۔ اور جب بفضلہ تعالیٰ اسلامیات کے جملہ موضوعات پر میری تصنیفات و تالیفات شائع ہو رہی ہیں اور تشنہ کامان علوم محمد و آل محمد علیہم السلام کی پیاس بجھا رہی ہیں (والحمد للہ) تو یہ اہم شعبہ کیوں خالی رہ جائے؟ اس لیے اس سال ماہِ مبارک یعنی ماہِ صیام کے فیوض برکات سے استفادہ کرتے ہوئے آج اس کی آخری تاریخ کو اس مبارک کام کا آغاز کر دیا ہے۔ امید کامل ہے کہ خداوند عالم کچھ اپنے خصوصی فضل و کرم سے اور کچھ اس ماہِ مقدس کی برکت سے اور کچھ سرکار محمد و آل محمد علیہم السلام کے توسل سے مجھے جلد از جلد اس کام کی تکمیل کے شرف کی سعادت سے نوازے گا۔ اور پھر جہاں اسے اپنے مخلص اور شب زندہ دار عبادت گزاروں کے لیے مصباح (چراغ) بنائے گا۔ وہاں اسے ان کے لیے جنت کی مفتاح (کلید) بھی قرار دے گا۔ اور جہاں اسے ان کے لیے باعث اقبال و کمال قرار دے گا وہاں اسے ان کے لیے معاد کا بہترین زاد بھی قرار دے گا۔ میری یہی آرزو ہے کہ میرے حین حیات میں بھی اور میری ممات کے بعد بھی جہاں اللہ تعالیٰ کے نیکوکار اور پرہیزگار بندوں کے دائیں ہاتھ میں میرے ترجمہ و تفسیر والا قرآن ہو وہاں ان کے بائیں ہاتھ میں یہ دعاؤں کی کتاب یعنی ”زاد العباد لیوم المعاد“ ہو، تاکہ ان کا یہ اقدام جہاں ان کی مغفرت و بخشش کا باعث ہو وہاں میری اور میرے والدین شریفین اور اساتذہ و تلامذہ اور دیگر تمام متعلقین و متوسلین کی مغفرت سیئات اور بلندئ درجات کا وسیلہ بھی بنے۔ **وما ذلک علی اللہ بعزیز آمین یا رب العالمین بجاہ النبیؐ و آلہ الطاہرینؑ۔**

مخفی نہ رہے کہ یہ کتاب ایک مقدمہ، دس ابواب، چند فصول اور ایک خاتمہ پر مشتمل ہے۔

**ایضاح:** ۔ واضح رہے کہ سورتوں، دعاؤں اور زیارتوں کا ترجمہ اپنی طرف سے پیش کرنے کی بجائے سورتوں کے ترجمہ کے سلسلہ میں جناب مولانا حافظ سید فرمان علی مرحوم، اور دعاؤں اور زیارتوں کے ترجمہ کے بارے میں اکثر و بیشتر حضرت مفتی جعفر حسین مرحوم اور جناب علامہ سید حافظ ریاض حسین النقوی کے تراجم پیش کیے گئے ہیں اور جہاں ان حضرات کا ترجمہ دستیاب نہیں ہوا وہاں اپنا ترجمہ پیش کیا ہے۔

وانا الاحقر **محمد حسین النجفی**، سرگودھا

۳۰ ماہِ رمضان المبارک ۱۴۲۱ھ، ساڑھے پانچ بجے دن بمطابق ۲۷ دسمبر ۲۰۰۰ء

# مقدمہ

## دعا کا حکم اور اس کے فوائد، اس کی اہمیت وفضیلت اور اس کے شرائط
## (از حضرت مفتی جعفر حسین اعلی اللہ مقامہٗ)

### دعاء کا حکم

اللہ سبحانہٗ نے اپنی بہت سی بخششوں اور نعمتوں کو دعاء سے وابستہ کیا ہے اور یہ اس کا لطف واحسان ہے کہ اس نے نہ صرف دعا کی طرف رہنمائی کی بلکہ حکماً دعا کا فریضہ عائد کر دیا تا کہ اس کے بندے اس کے فیضان کرم سے بہرہ مند اور اس کے انعام و بخشش سے دامن مراد بھرتے رہیں۔ چنانچہ قرآن وحدیث وآثار آئمہؑ طاہرین میں دعا کے متعلق بڑی تاکید وارد ہوئی ہے۔ اور ہر طرح سے اس پر ترغیب وتحریص دلائی گئی ہے۔ چنانچہ ارشاد الٰہی ہے:

(۱) ﴿وَ اِذَا سَاَلَکَ عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ ۔ اُجِیْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ فَلْیَسْتَجِیْبُوْا لِیْ﴾

"جب میرے بندے میرے بارے میں تم سے پوچھیں تو کہہ دو کہ میں ان کے پاس ہی تو ہوں اور جب کوئی مجھ سے دعا مانگتا ہے تو میں دعا کرنے والے کی دعا کو سنتا اور (مناسب ہوتا ہے تو) قبول کرتا ہوں۔"

(۲) ﴿اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَ یَکْشِفُ السُّوْٓءَ﴾

"وہ کون ہے کہ جب مضطر ولاچار اسے پکارے تو وہ سنتا ہے اور ہر دکھ درد کو دور کرتا ہے۔"

(۳) ﴿وَقَالَ رَبُّکُمُ ادْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ﴾

"تمہارا پروردگار فرماتا ہے کہ مجھ سے دعا مانگو میں تمہاری دعا قبول کروں گا۔"

(۴) ﴿اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّ خُفْيَةً﴾

''تم اپنے پروردگار کو تضرع و عاجزی کے ساتھ اور چپکے چپکے پکارو۔''

(۵) ﴿هُوَ الْحَيُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ﴾

''وہی تو ہمیشہ رہنے والا ہے جس کے سوا کوئی معبود برحق نہیں۔ لہٰذا تم صدق نیت سے عبادت کر کے اس سے دعا مانگو۔''

حضرت پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا ارشاد ہے:

﴿الدعاء سلاح المؤمن و عمود الدين﴾

''دعا مؤمن کا ہتھیار اور دین کا ستون ہے۔''

امیر المؤمنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام کا ارشاد ہے:

﴿الدعاء ترس المؤمن و متٰى تكثر قرع الباب يفتح لك﴾

''دعا مؤمن کی سپر ہے۔ جب تم بار بار دروازہ کھٹکھٹاؤ گے تو وہ تمہارے لیے کھول دیا جائے گا۔''



امام زین العابدین علیہ السلام کا ارشاد ہے:

﴿انّ الدعاء ليرد البلاء﴾

''دعا بلا و مصیبت کو ٹال دیتی ہے۔''

امام محمد باقر علیہ السلام کا ارشاد ہے:

﴿افضل العبادة الدعاء﴾

''بہترین عبادت دعا ہے۔''

امام جعفر صادق علیہ السلام کا ارشاد ہے:

﴿الدعاء انفذ من السنان الحديد﴾

''دعا تیز دھار والی انّی سے بھی زیادہ مؤثر و کارگر ہوتی ہے۔''

امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کا ارشاد ہے:

﴿علیکم بالدعاء فان الدعاء و الطلب الی اللہ یرد البلاء﴾

''تمہیں لازماً دعا مانگنا چاہیئے کیونکہ اللہ سے طلب و دعاء بلا و مصیبت کو برطرف کر دیتی ہے۔''

امام رضا علیہ السلام کا ارشاد ہے:

﴿علیکم بسلاح الانبیاء فقیل وما سلاح الانبیاء؟ قال الدعاء﴾

''تمہیں انبیاء کے ہتھیار سے آراستہ ہونا چاہیئے۔ پوچھا گیا کہ وہ ہتھیار کیا ہے؟ فرمایا: دعا۔''

امام محمد تقی علیہ السلام کا ارشاد ہے:

﴿بالدعاء تدفع البلاء﴾

''دعا رد بلا کا ذریعہ ہے۔''



## دعاء کی ہمہ گیری وفطری اہمیت

ہر شخص دعاء کی ضرورت کو شدت سے محسوس کرتا ہے اور جس چیز کی ضرورت کا احساس شدید ہو وہ اپنے مقام پر ایک مسلمہ حقیقت کی حامل اور انسان کی فطری طلب اور قدرتی خواہش ہوتی ہے۔ اور اگر اس کی ضرورت واہمیت پر کوئی دلیل قائم نہ بھی کی جا سکے جب بھی اس کی واقعیت میں کوئی شبہ نہیں ہو سکتا اور نہ اس کے بارے میں اطمینان وایقان میں کوئی فرق پڑ سکتا ہے۔ اس لیے کہ فطرت کی ہم آہنگی خود سب سے بڑی دلیل ہے چہ جائیکہ اس کی اہمیت پر فطرت ووجدان کی شہادت کے علاوہ بے شمار دلائل بھی قائم ہو چکے ہیں۔ چنانچہ اس کی اہمیت کے ثبوت کے لیے یہ کافی ہے کہ عبادات میں سب سے بڑی عبادت نماز ہے اور وہ بھی طلب دعاء پر مشتمل ہے۔ جسے ہر روز کم از کم پانچ مرتبہ بجا لانا ضروری ہے۔ اور اذکار نماز میں سب سے اہم سورہ فاتحہ ہے۔ اور وہ سراپا دعا ہے۔ اور قرآن مجید میں آدمؑ، نوحؑ، ابراہیمؑ، یعقوبؑ، یوسفؑ، ایوبؑ، شعیبؑ، یونسؑ، زکریاؑ، سلیمانؑ، موسیٰؑ، عیسیٰؑ اور خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعاؤں کا تذکرہ ہے اور ان کے علاوہ آسیہ زن فرعون سحرۂ مصر لشکر طالوت، اصحاب کہف اور دیگر اہل ایمان کی دعاؤں کا ذکر ہے۔ جس سے یہ حقیقت واضح ہو

جاتی ہے کہ دعاء انبیاء کی سیرت، اولیاء کا شیوہ اور خاصانِ خدا کا دستور ہے۔ علاوہ ازیں یہ صرف ملت اسلامیہ ہی کا شعار نہیں ہے بلکہ تمام ملل و ادیان اسے روح نیازمندی و حسن عبودیت سمجھتے ہیں۔ اور فکر و عمل کے اختلاف کے باجود اس نظریہ پر یک جہتی سے متفق ہیں کہ کوئی پکار سننے والا ہے اسے پکارنا چاہیئے اور کوئی دکھ درد کا مداوا کرنے والا ہے اس سے چارہ سازی کی التجاء کرنا چاہیئے۔ چنانچہ زبور کے ترانے، تورات کے نغمے، انجیل کے زمزمے، شام وید اور شریمد بھگوت کی پراتھنائیں، گرنتھ سپر اور گیتا کی اپاسنائیں اور ژند اوستا میں زردشت کی گاتھائیں اور دوسرے ادیانِ عالم کے مقدس صحیفوں کی دعائیں اس کی شاہد ہیں۔ اور اسلام میں تو فریضہٴ دعا کی اتنی اہمیت ہے کہ اس کے ترک پر جہنم کی وعید تک وارد ہوئی ہے۔ چنانچہ ارشادِ الٰہی ہے:۔

﴿اُدْعُوْنِیْ اَسْتَجِبْ لَکُمْ اِنَّ الَّذِیْنَ یَسْتَکْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِیْ سَیَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دَاخِرِیْنَ﴾

”مجھ سے دعا مانگو میں قبول کروں گا۔ وہ لوگ جو غرور و تکبر کی وجہ سے میری عبادت سے منہ موڑ لیتے ہیں وہ ذلیل ہو کر جہنم واصل ہوں گے۔“



مفسرین نے اس آیت میں عبادت سے دعاء کو مراد لیا ہے کیونکہ دعا عبادت ہی کا ایک شعبہ ہے اور امام زین العابدین علیہ السلام بھی اس کی تائید میں فرماتے ہیں:

﴿فسمیت دعائک عبادة و ترکه استکبار او توعدت علیٰ ترکه دخول جهنّم داخرین﴾

”تو نے دعاء کا نام عبادت رکھا ہے اور اس کے ترک کو غرور سے تعبیر کیا ہے اور اس کے ترک پر جہنم میں ذلیل ہو کر داخل ہونے سے ڈرایا ہے۔“

## دعاء کے نفسیاتی فوائد

یہ حقیقت ہے کہ انسان جس قدر اپنے نفسیات پر قابو رکھتا ہے اسی قدر اجتماعِ خیالات پر قادر ہوتا ہے اور یہ دل و دماغ کی یکسوئی اور خیالات کی ہم آہنگی قوت ارادی کی بنیاد ہے۔ اس قوت کی حقیقت کچھ بھی ہو لیکن اس سے انکار نہیں ہو سکتا اور تجربہ شاہد ہے کہ اپنے مقصد میں عموماً وہی لوگ کامیاب ہوتے ہیں جو اس طاقت کے حامل ہوتے ہیں۔ اس کے برخلاف پراگندہ خیال لوگ خیالات کی ادھیڑ بن میں اپنی زندگی ختم کر

دیتے ہیں اور منزل مقصود تک رسائی انہیں نصیب نہیں ہوتی ۔ اس قوت ارادی کو مضبوط و مستحکم کرنے کے لیے یقین کی ضرورت ہے ۔ کیونکہ ارادہ کی پختگی یقین کی مضبوطی سے وابستہ ہے اس لیے کہ مشکوک و غیر یقینی چیزوں سے ارادہ کا حتمی تعلق نہیں ہوتا ۔ لہٰذا جب تک یقین کامل نہ ہوگا ارادہ بھی کامل نہیں ہو سکتا ۔ اور مقصد کے حصول کے لیے جو اسباب درکار ہیں ان کے عناصر صرف دو ہیں ۔ ایک ارادہ اور دوسرے یقین ۔ لیکن ہر شخص میں یہ قوت و طاقت نہیں ہوتی کہ وہ انہیں براہِ راست حاصل کر لے جائے اس لیے ایک ایسی چیز کی ضرورت ہے جو دل و دماغ کو عزم و یقین کے کیفیات قبول کرنے کے قابل بنا سکے اور وہ دعا ہے جو ان دونوں کے مجموعے کی منزل تک پہنچانے میں معین ثابت ہوتی ہے ۔ وہ اس طرح کہ دعا کی اصل حقیقت مبدأ کائنات سے رابطہ پیدا کرنا اور اس کی قوت و طاقت کو دیکھتے ہوئے کہ وہ ہر حاجت کے پورا کرنے اور ہر مشکل کے حل کرنے پر قادر ہے اس سے اپنی حاجتوں اور آرزوؤں کو وابستہ کر دیتا ہے اور جوں جوں یہ رابطہ اور حل مشکلات پر اس کی قدرت کا تصور مضبوط ہوتا ہے شکوک کے دھند لکے چھٹنے اور یقین کی شعاعیں چمکنے لگتی ہیں اور خیالات ادھر اُدھر بھٹکنے اور مختلف آستانوں کی طرف مڑنے کے بجائے ایک مرکز پر جمع ہو جاتے ہیں جس کے نتیجہ میں ایک متذبذب و غیر مستقل مزاج شخص جو ہر چیز میں شکوک پیدا کر لیتا ہے ۔ اسی طرح تمام ذرائع سے منہ موڑنے اور صرف ایک مرکز امید سے وابستہ ہونے سے جو ذہن میں یک جہتی و ہم آہنگی پیدا ہوتی ہے اس سے خیالات کے مجتمع کرنے کی قوتیں ابھر آتی ہیں جس کا نتیجہ قوت ارادی کے استحکام کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے ۔ غرض دعا عزم و یقین کا سرچشمہ اور عزم و یقین کامیابی کا سنگ بنیاد ہیں ۔

دعا کا دوسرا افادی پہلو یہ ہے کہ انسان کو لازماً اپنی زندگی کے نشیب و فراز میں ایسے لمحات سے دوچار ہونا پڑتا ہے جن میں تمنائیں اور آرزوئیں یاس کی چٹانوں سے ٹکرا کر پاش پاش ہو جاتی ہیں اور اضطراب کو تسلی دینے کے تمام سہارے اور امیدوں کے سارے بندھن ایک ایک کر کے ٹوٹ جاتے ہیں ۔ اس نامرادی و پریشانی کے عالم میں انسان فطرۃً کوئی سہارا ڈھونڈتا ہے جو اس کے قلق و اضطراب کے لیے تسلی و تسکین کا سامان فراہم کرے ۔ اور اگر وہ یہ فیصلہ کر لے کہ اب کوئی چیز اسے بچا نہیں سکتی تو پھر اس کے پاس کون سا سہارا رہ جاتا ہے جو اس کا ہاتھ تھام کر اسے زندگی کی شاہراہ پر کھڑا کرے اور یاس کے گھٹا ٹوپ اندھیروں میں اسے امید کا چراغ دکھائے ۔ اور اگر اس لاچاری و درماندگی کی حالت میں یہ یقین ہو کہ ایک بالادست طاقت اس الجھن و پریشانی

سے نکال لے جاسکتی ہے تو اس کی طرف رجوع ہونے سے مضبوط تر سہارا کون ہوسکتا ہے۔ چنانچہ یہ یقین ہی وہ چیز ہے جو پریشانیوں کے بادلوں کو چھانٹ دیتا ہے اور دنیا کی پیہم ناکامیوں کے بعد بھی مایوس نہیں ہونے دیتا اور وہ ناکامیوں اور نامرادیوں کے ہجوم میں انجام کار کی کامیابی کا یقین لئے ہوئے اللہ کی چارہ سازیوں کا امیدوار رہتا ہے۔ چنانچہ جب صبر انسانی کی بساط الٹ جاتی ہے اور متاع سکون لٹ چکتا ہے اور کامیابی و کامرانی کے تمام ذرائع مسدود اور وسائل ناپید ہو جاتے ہیں تو اس وقت کرب و اضطراب کی حالت میں اللہ تعالیٰ کو پکارنا، عجز و الحاح کا ہاتھ اٹھانا اور درد و غم کی روداد اور رنج و الم کی داستان اسے سنانا دل کے لیے سرمایۂ تسکین ثابت ہوتا ہے، اور یاس و قنوطیت کو امید و رجا سے بدل دیتا ہے جس سے انسان اپنی پاشان و پریشان قوتوں کو یکجا کر کے نئے عزم و ارادہ کے ساتھ حوادث سے ٹکرانے کے لیے آمادہ ہو جاتا ہے اور ہمت شکنی کے ہولناک غار میں گرنے سے اپنے کو بچالے جاتا ہے۔

دعا کا تیسرا فائدہ یہ ہے کہ اس سے عبد و معبود کا رشتہ استوار اور عبودیت و الوہیت کا رابطہ مضبوط و مستحکم ہوتا ہے۔ کیونکہ جب سارے سہارے ختم ہو جاتے ہیں اور ہر طرف امید کے دیے بجھے بجھے نظر آتے ہیں اور ذات معبود کے علاوہ اور کوئی مرکز امید دکھائی نہیں دیتا تو احتیاج و بے مائگی کا احساس اور عجز و بے کسی کا جذبہ دل و دماغ کو اس کے جلال و جبروت سے متاثر کر کے اس کے دروازہ پر جھکا دیتا ہے اور انسان کے سوئے ہوئے وجدان کو جھنجھوڑ کر بیدار کر دیتا ہے جس کے نتیجہ میں وہ تمام علائق و اسباب سے بے نیاز ہو کر اسے ہی پکارے گا اور اسی سے اپنے درد کا درمان چاہے گا اور اس طلب و دعا کے ذریعہ اس سے لو لگائے رہے گا اور یہ ربط اور لگاؤ اسے تقرب معبود کے اعلیٰ مدارج پر پہنچا دے گا۔

دعاء کا چوتھا فائدہ یہ ہے کہ اس سے خدا کی قوت و طاقت پر اعتماد میں اضافہ ہوتا ہے اور خود اپنی قوت و توانائی پر سے بھروسا ختم ہو جاتا ہے۔ چنانچہ جب انسان دعاء کے نتیجہ میں کسی مصیبت سے چھٹکارا یا کسی مقصد میں کامیابی حاصل کرتا ہے تو اسے یقین ہو جاتا ہے کہ یہ سب کچھ قدرت کی کارفرمائی و کارسازی کا نتیجہ ہے جس میں خود اس کی قوت و طاقت اور کارکردگی کا ذرا دخل نہیں ہے۔ اس کے نتیجہ میں وہ ہر موقع پر قدرت کی قوت و طاقت اور کارسازی پر بھروسا کرنے کا خوگر ہو جاتا ہے اور اپنی کمزوری و لاچاری کو دیکھتے ہوئے کسی مرحلہ پر اپنی قوت و طاقت پر اعتماد نہیں کرتا۔ اور اصل جوہر عبودیت یہی ہے کہ انسان کا کلیۃً اللہ تعالیٰ کی بالادستی پر یقین

رکھے اور اپنی طاقت و توانائی پر سے اعتماد ختم کر دے اور یہ دعاء کا ایک لازمی اثر ہے۔

دعاء کا پانچواں فائدہ یہ ہے کہ اس سے کبر و انانیت کی طوفان انگیزیاں اور تمرد و سرکشی کی طغیانیاں دب کر رہ جاتی ہیں۔ کیونکہ طلب و سوال کے موقع پر ایسے حرکات و اعمال کا مظاہرہ کیا جاتا ہے جو سراسر عجز و نیاز اور تذلل و انکسار کے حامل ہوتے ہیں جیسے ہاتھوں کو اوپر اٹھانا، گڑگڑا کر مانگنا، اپنے عجز و قصور کا اعتراف اور بے بضاعتی و لاچاری کا اظہار کرنا۔ یہ تمام چیزیں متمردانہ خیالات و جذبات کو فنا کر دیتی ہیں اور نتیجہ میں تمام اعمال و افکار عجز و نیاز کے سانچہ میں ڈھل جاتے ہیں۔

## ایک شبہ اور اس کا حل

دعاء کے سلسلہ میں یہ شبہ عام طور سے وارد کیا جاتا ہے کہ جب خداوند عالم نے قرآن مجید میں قبولیت دعاء کا وعدہ کیا ہے تو پھر ہر دعا کو قبول ہونا چاہیئے حالانکہ دیکھا یہ جاتا ہے کہ بہت سے دعاء مانگنے والے مدتوں طلب و الحاح کے باوجود اپنے مقصد میں کامیاب نہیں ہوتے اور ان کی تمام دعائیں صدا بصحرا ثابت ہوتی ہیں۔ کیا یہ اللہ تعالیٰ کے ارشاد ﴿لَا یُخْلِفُ اللّٰہُ وَعْدَہٗ﴾ (خدا اپنے وعدے کے خلاف نہیں کرتا) کے منافی نہیں ہے۔



اس شبہ کا جواب یہ ہے کہ قرآنی آیات دو قسم کے ہیں: ایک مطلق اور دوسرے مقید۔ مطلق وہ ہیں جن میں کوئی تقیید و پابندی نہ ہو، جیسے ﴿اُدْعُوْنِیْۤ اَسْتَجِبْ لَكُمْ﴾ (مجھ سے دعاء مانگو میں قبول کروں گا) اس میں قبولیت کے لیے کوئی قید و پابندی نہیں ہے۔ اور مقید وہ ہیں جن میں کوئی تقیید و پابندی ہو، جیسے ﴿بَلْ اِیَّاهُ تَدْعُوْنَ فَیَكْشِفُ مَا تَدْعُوْنَ اِلَیْهِ اِنْ شَآءَ﴾ (بلکہ تم اسی سے دعا مانگتے ہو، اگر وہ چاہے تو تمہاری دعاء کو قبول کرے) اس میں قبولیت دعاء کو مشیت الٰہی کی قید سے وابستہ کیا گیا ہے اور جب ایک ہی چیز کے لیے مطلق اور مقید دونوں قسم کی آیتیں ہوں تو تقیید کو ایک توضیحی بیان تصور کرتے ہوئے مطلق آیتوں کے اندر بھی تقیید کا وجود مانا جایا کرتا ہے۔ لہٰذا جن آیات میں قبولیت دعاء کا وعدہ قید مشیت کا پابند نہیں ہے ان میں بھی مشیت کی پابندی لازماً متصور ہوگی۔ اگرچہ خود ان میں یہ تقیید نہیں ہے مگر ایک آیت میں تقیید کا ہونا اس کا ثبوت ہے کہ مطلق آیتیں بھی اس تقیید کے حدود میں ہیں تو جب قبولیت دعاء مشیت الٰہی کی پابند ہے تو پیش کردہ شبہ ختم ہو جاتا ہے کیونکہ جہاں مشیت الٰہی دعا کی قبولیت سے متعلق ہوگی وہاں دعا قبول ہو جائے گی اور جہاں مشیت مقتضی

نہ ہوگی وہاں رد ہو جائے گی اور اللہ سبحانہٗ پر یہ پابندی عائد نہیں کی جا سکتی کہ وہ ہر دعاء کو ضرور قبول کرے۔ اگر ایسا ہو تو پھر جہاں دو دعائیں باہم متصادم ہوں گی اس طرح کہ ایک شخص ایک چیز کا "ہونا" چاہے، اور دوسرا اس کا "نہ ہونا" چاہے تو وہاں ان دو متضاد چیزوں کو کیونکر جمع کیا جا سکتا ہے۔ جب کہ یہ امر واضح ہے کہ ہست اور نیست کو جمع نہیں کیا جا سکتا۔ اور اگر یہ کہا جائے کہ خداوند عالم تو ہر چیز پر قادر ہے اور کوئی چیز اس کے احاطۂ قدرت سے باہر نہیں ہے تو کیا وہ ایسا نہیں کر سکتا کہ ہست و نیست کو جمع کر دے تو یہ صحیح نہیں ہے۔ اس لیے کہ قدرت کا تعلق صرف انہی چیزوں سے ہوتا ہے جن کا وقوع ممکن ہو اور جس چیز کا وقوع عقلاً محال ہو اس سے قدرت کا تعلق بھی نہیں ہوتا۔ لہٰذا ایسی چیز کا اسے پابند نہیں قرار دیا جا سکتا جس کی عقل میں کوئی گنجائش نہ ہو۔

## عدم قبولیت دعا کے وجوہ واسباب

جب دعاء کی مقبولیت مصلحت الٰہی سے وابستہ ہے، تو پھر جہاں مصلحت قبولیت کی مقتضی ہوگی وہاں دعا قبول ہوگی اور جہاں مصلحت اس کے خلاف کی مقتضی ہوگی وہاں دعاء رد کر دی جائے گی۔ یہ مصلحت الٰہی مختلف اعتبارات سے قبولیت میں مانع ہوتی ہے کبھی اس لیے کہ دعا مانگنے والا اپنے نفع و نقصان سے بے خبر ہونے کی وجہ سے جس میں بظاہر کوئی فائدہ یا خوبی دیکھتا ہے اسے اللہ سے طلب کرتا ہے لیکن واقع میں وہ چیز اس کے لیے مضرو نقصان دہ ثابت ہوتی ہے۔ چنانچہ قدرت کا ارشاد ہے:

﴿وَ يَدْعُ الْاِنْسَانُ بِالشَّرِّ دُعَآءَهٗ بِالْخَيْرِ وَ كَانَ الْاِنْسَانُ عَجُوْلًا﴾

"بسا اوقات انسان برائی کی دعاء اس طرح مانگتا ہے جس طرح اپنے بھلائی کی دعا کرتا ہے (حالانکہ وہ یہ نہیں جانتا کہ یہ برائی ہے) اور انسان تو بڑا ہی جلد باز ہے۔"

ایسی صورت میں اس کے سوال کو رد کرنے ہی میں اس کی بھلائی مضمر ہوگی اور اس سے وعدۂ الٰہی پر آنچ نہیں آ سکتی۔ اس لیے کہ اس نے سائل کی مصلحت کو نظر انداز کر کے قبولیت دعاء کا وعدہ نہیں کیا۔ چنانچہ اگر کوئی شخص یہ کہے کہ میں کسی سائل کو ناکام نہیں پھیروں گا اور اس کے سامنے ایک ایسا سائل آ جاتا ہے جو اپنی کم عقلی اور نافہمی کی وجہ سے ایسی چیز کا سوال کرتا ہے جو واقع میں اس کے لیے مہلک و تباہ کن ہوتی ہے تو اگر وہ شخص اس کے سوال کو پورا نہ کرے اور اس کی خواہش کو ٹھکرا دے، تو یہ وعدہ کی خلاف ورزی متصور نہ ہوگی کیونکہ وعدہ کرتے وقت اس کے پیش نظر سائل کی بہبودی تھی نہ کہ اس کی ہلاکت و تباہی۔ بلکہ ایسی صورت میں سائل کے

سوال کو پورا کرنا عقلاء کے نزدیک ایک قابل مذمت فعل ہوگا اور اس سے یہی کہا جائے گا کہ تم نے کیوں اس کے ایسے سوال کو پورا کیا جو اس کے لیے مہلک و مضر تھا اور یہ کوئی نہ کہے گا کہ تم نے کیوں اپنے وعدہ کے خلاف کیا۔ اور کبھی مصلحت اس لیے قبولیت میں مانع ہوتی ہے کہ اگر دعاء مانگنے والے کی دعاء کو قبول کرلیا جائے تو وہ اس کے مفاد کے لیے تو ضرر رساں نہیں مگر مفادِ عمومی کو اس سے نقصان پہنچتا ہے۔ تو اس صورت میں مفادِ نوعی کو مفادِ شخصی پر ترجیح دے کر اس کی دعاء کو رد کردیا جائے گا اور کبھی افعال ناشائستہ جیسے جھوٹ، ظلم، غصب حقوق، اکل حرام، ترک واجبات وغیرہ قبولیت میں سدراہ ہوجاتے ہیں۔ کیونکہ یہ چیزیں خلوص نیت، حسن کردار اور صدق عمل کے منافی ہیں اور قبولیت واستجابت دعاء کے لیے اعمال کی پاکیزگی ازبس ضروری ہے چنانچہ امیر المؤمنین علیہ السلام کا ارشاد ہے:

﴿الداعی بلا عمل کالرامی بلا وتر﴾

''جو عمل نہیں کرتا اور دعاء مانگتا ہے وہ ایسا ہے جیسے بغیر چلہ کمان کے تیر چلانے والا۔''

بلاشبہ عمل کے بغیر دعاء کرنا ایسا ہی ہے جیسے کوئی مرض کے لیے دوا تو استعمال کرے مگر اس کے ساتھ ایسی چیزیں بھی کھاتا پیتا رہے جو اس دوا کے اثر کو زائل کردیں یا ایک طرف زمین میں کھیتی بوئے اور دوسری طرف اس میں مویشی چھوڑ دے جو اسے روندیں اور پامال کریں اور کبھی حکمت و مصلحت دوا کے طبعی اثرات کی طرح دعاء کے نتائج کو ختم کردیتی ہے اور جس طرح نزع کے وقت عموماً دوا کارگر نہیں ہوتی اسی طرح دعاء بھی بے اثر ہوکر رہ جاتی ہے۔ اور کبھی مصلحت کچھ عرصہ کے لیے قبولیت کو تاخیر میں ڈال دیتی ہے تاکہ جب مناسب موقع و محل آئے اس کی حاجت کو پورا کیا جائے۔ مگر انسان اپنی طبیعت کے لحاظ سے چونکہ جلد باز واقع ہوا ہے، وہ چاہتا ہے کہ اس کی ہر خواہش جلد سے جلد پوری ہوجائے، اس لیے وہ اس تاخیر سے گھبرا کر چیخ اٹھتا ہے۔ حالانکہ جب بعد میں قبولیت کے موقع و محل کو دیکھتا ہے، تو یہ اعتراف کرنے پر مجبور ہوجاتا ہے کہ اگر اس موقع پر اس کی دعاء قبول ہوجاتی تو وہ فوائد و نتائج جو اب مرتب ہو رہے ہیں اس وقت مرتب نہیں ہوسکتے تھے۔ اور اس تعویق کی ایک وجہ یہ بھی ہوتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کو دعاء مانگنے والے کی لگن بھاجاتی ہے اور وہ یہ چاہتا ہے کہ بندہ اسی طرح سے دعا مانگتا اور دامن پھیلاتا رہے۔ اور کبھی اس تاخیر سے اس کے صبر اور اللہ تعالیٰ سے اس کی وابستگی کی آزمائش مقصود ہوتی ہے کہ وہ قبولیت دعا سے مایوس ہوکر اللہ تعالیٰ سے اپنا رشتہ تو نہیں توڑتا۔ اور اس سے رخ موڑ

کر غیر کے در پر جبہ سائی تو نہیں کرتا۔ لہٰذا قبولیت میں اگر تاخیر ہو تو اس کی رحمت و رافت سے مایوس نہ ہونا چاہیئے۔ اس لیے کہ کریم کے در پر پکارنے والا کبھی ناکام نہیں رہتا۔ ایک نہ ایک دن اس کی سنی جائے گی اور منہ مانگی مراد اسے ملے گی۔ لہٰذا قبولیت و عدم قبولیت کو اللہ پر چھوڑ کر اس سے اپنی حاجت مانگتا رہے اور اپنا دکھ درد اسے سناتا رہے اور عبودیت و نیازمندی کا تقاضا بھی یہی ہے کہ ہم اسے پکاریں، اس کے در پر صدا دیں، اس کے آگے جھولی پھیلائیں۔ قطع نظر اس کے کہ ہماری جھولی میں کچھ پڑتا ہے یا نہیں، ہماری پکار کی شنوائی ہوتی ہے یا نہیں۔ اگر نہیں ہوتی تو ایسا نہیں ہے کہ اس کے کرم و جود کا تقاضا بدل گیا ہے، بلکہ یہ محرومی ہماری کوتاہی و تنگ دامانی کا نتیجہ ہے۔

اگر بزلف دراز تو دست ما نرسد　　　گناہ بخت پریشان و دست کوتہ ماست

## منکرین دعاء کے شبہات اور ان کا رد

بعض حکماء و متفلسفین دعاء کی افادیت کے منکر اور اسے بے ضرورت سمجھتے ہیں، اور اثبات مدعا کے لیے چند دلیل نما شبہات پیش کرتے ہیں جن کا تجزیہ کیا جائے تو ان کا کوئی وزن باقی نہیں رہتا۔ چنانچہ ان کی پہلی اور سب سے بڑی دلیل یہ ہے کہ ہر چیز کے وقوع و عدم وقوع کا علم پہلے ہی سے اللہ کو ہوتا ہے اور وہ تمام واقعات وحوادث کو قبلِ وقوع جانتا ہے۔ اور جس چیز کے وقوع و عدم وقوع پر اس کا علم حاوی ہو اس کے لیے دعا مانگنا ایک بے نتیجہ کوشش ہے۔ کیونکہ دعاء علم الٰہی پر اثر انداز ہو کر ہونے والی چیز کو روک نہیں سکتی اور نہ ہونے والی چیز کو وجود میں نہیں لا سکتی۔ اور اگر ایسا ہو تو قدرت کے لیے جہالت لازم آئے گی۔ کیونکہ اس کے علم میں یا تو یہ تھا کہ یہ چیز واقع نہیں ہو گی مگر دعا کی وجہ سے وہ واقع ہو گئی یا یہ کہ اس کے علم میں یہ تھا کہ یہ چیز واقع ہو گی مگر دعاء اس کے لیے مانع ہو گئی۔ لہٰذا یا تو دعا کی افادیت سے انکار کیجیئے یا اللہ کے لیے جہالت کو تجویز کیجیئے۔

یہ شبہ ایک غلط نظریہ پر قائم کیا گیا ہے اور وہ یہ کہ اس کے علم کو معلوم کا سبب قرار دے لیا گیا ہے حالانکہ معلوم کا وقوع اس لحاظ سے اس کے علم سے وابستہ نہیں ہے کہ وہ اس کا سبب ہو کیونکہ علم صرف معلوم کے ظہور و انکشاف کا نام ہے اور اسے معلوم کے وقوع و عدم وقوع سے کوئی واسطہ نہیں ہوتا۔ چنانچہ ہمیں اگر یہ علم ہو کہ فلاں زمین زرخیز ہے اور فلاں بنجر یا فلاں کنویں کا پانی میٹھا ہے اور فلاں کنویں کا پانی شور، تو ہمارا علم زرخیز کو زرخیز اور بنجر کو بنجر اور میٹھے کو میٹھا اور شور کو شور نہیں بناتا۔ اسی طرح ایک منجم اگر یہ خبر دیتا ہے کہ کل بارش ہو گی اور اس کے علم

کے مطابق بارش ہو بھی جائے تو اس علم کو بارش کے ہونے یا نہ ہونے سے کوئی تعلق نہ ہوگا۔ یہ بارش تو اس وقت بھی ہوتی جب اسے بارش کے متعلق کچھ بھی علم نہ ہوتا۔ اور اگر اس کا علم ہی سبب ہوتا تو پھر عدم علم کی صورت میں بارش بھی نہ ہونا چاہیئے تھی حالانکہ اس کے نہ جاننے کی صورت میں بھی بارش ہوتی۔ لہٰذا علم کو معلومات کے وقوع کا سبب نہیں قرار دیا جا سکتا کیونکہ علم معلوم کے تابع کی حیثیت رکھتا ہے اور جو چیز تابع کی حیثیت رکھتی ہو وہ سبب نہیں قرار پا سکتی۔ کیونکہ سبب مسبب سے مقدم ہوتا ہے۔ خداوند عالم کا علم اگرچہ وہ معلومات کے تابع بایں معنی نہیں ہے کہ معلومات کے ذریعہ سے حاصل ہو۔ پھر بھی چونکہ علم نام اسی کا ہے جو مطابق واقعہ ہو لہٰذا واقعہ پر ایک طرح کا ترتب اسے ضرور ہے۔ لہٰذا وہ بھی واقعہ کا سبب نہیں ہو سکتا۔ اسی سے اس استدلال کی رد ہوتی ہے جو جبر پر کیا جاتا ہے کہ جو کچھ انسان کے افعال ہوں وہ اللہ کے علم میں ازل سے ہیں۔ لہٰذا اب ان افعال کا ہونا ضروری ہے اور انسان کی حیثیت ایک مجبور محض قرار پائے گی۔ کہ جو نہ اپنے ارادہ و اختیار سے کچھ کر سکتا ہے اور نہ جس راستے پر وہ چلا گیا ہے اس سے انحراف کر سکتا ہے۔ اس صورت میں بعثت انبیاء جزاء و سزا وعدہ و وعید سب چیزیں بے معنی ہو جائیں گی اور بندوں کے تمام گناہوں کی ذمہ داری اگر اس صورت میں انہیں گناہ کہا جا سکے تو اسی کے سر ہوگی اس لیے کہ اس کے علم کے مطابق ان گناہوں کا وقوع ضروری تھا۔ چنانچہ اسی نظریئے کی ترجمانی کرتے ہوئے عمر خیام کہتا ہے:

| | |
|---|---|
| من مے خورم و ہر کہ چوں من اہل بود | مے خوردن من نزد او سہل بود |
| مے خوردن من حق زازل مے دانست | گر مے نہ خورم علم خدا جہل بود |

اس قسم کا نظریہ رکھنے والوں کو یہ دیکھنا چاہیئے کہ وہ بھوک میں کھانے کی اور مرض میں علاج کی ضرورت محسوس کرتے ہیں کہ اگر نہ کھائیں تو بھوکے رہیں اور علاج نہ کریں تو شفا حاصل نہ ہو حالانکہ اس نظریہ کی رو سے انہیں نہ کھانے کی ضرورت ہے نہ دوا کی حاجت۔ اس لیے کہ اللہ کے علم میں اگر ان کا بھوکا یا بیمار رہنا ہے تو وہ بہر حال بھوکے اور بیمار ہی ہوں گے۔ اور اگر سیر ہونا ہے تو وہ بہر حال سیر ہی ہوں گے چاہے کچھ کھائیں یا نہ کھائیں۔ اور تندرست ہونا ہے تو بہر حال تندرست ہی ہوں گے چاہے علاج کریں یا نہ کریں۔ لیکن اس کے باوجود بھوک میں وہ کھاتے بھی ہیں اور مرض میں دوا بھی کرتے ہیں۔ کیونکہ وہ یہ سمجھتے ہیں کہ بھوک کھانے سے اور بیماری دوا سے زائل ہوتی ہے اور اللہ کو ان کی سیری و تندرستی کا علم ہے تو اس لیے کہ وہ کھائیں گے اور دوا

کریں گے اور خود یہ علم ان کی سیری و شفایابی کا سبب نہیں ہے۔تو جس طرح اس نے سیری کا سبب کھانے کو اور شفا کا سبب دوا کو قرار دیا ہے اسی طرح ہو سکتا ہے کہ اس نے حصول مقصد کو دعا سے وابستہ کر دیا ہو اس طرح کہ اگر اس سے دعاء کی جائے تو حاجت بر آئے گی اور دعا نہ کی جائے تو حاجت پوری نہ ہوگی۔لہذا علم بالسبب کو سبب سمجھ کر اس شبہ کے لیے ذہن میں گنجائش پیدا نہ کرنا چاہیئے۔

دوسری دلیل یہ پیش کی جاتی ہے کہ اگر مقدرات الٰہیہ میں کسی امر کا واقع ہونا قرار پاچکا ہے تو وہ واقع ہو کر رہے گا۔اور اگر اس کے خلاف طے پا چکا ہے تو وہ کسی طرح واقع نہیں ہو سکتا۔لہذا دعاء اگر نوشتۂ تقدیر کے مطابق ہے تو دعاء کا فائدہ ونتیجہ ہی کیا۔اور اگر نوشتۂ تقدیر اس کے خلاف ہے تو دعاء سے مقدرات کو بدلنے کی کوشش کرنا سعی لاحاصل اور تقدیر کے خلاف چاہنا دریا کے رخ کے خلاف پیرنا ہے۔

یہ دلیل پہلی ہی دلیل کی ایک بدلی ہوئی صورت ہے۔فرق یہ ہے کہ پہلی دلیل قضائے علمی پر مبنی ہے۔ یعنی یہ کہ اس کا علم ہمہ گیر اور روزِ ازل سے تمام چیزوں پر محیط ہے اور دوسری قضائے عینی پر مبنی ہے یعنی یہ کہ تمام چیزیں اس کے حکم سے لوح سماوی میں ثبت و مندرج ہیں۔احادیث میں اس قضا کی دو قسمیں کی گئی ہیں۔ایک اجل محتوم جو لوح محفوظ میں ثبت اور حتمی و لازمی اور نا قابل ترمیم ہوتی ہے۔اس لوح کو ام الکتاب اور کتاب مبین سے بھی تعبیر کیا جاتا ہے،اور ایک اجل موقوف جو لوح محو و اثبات میں درج اور قابل ترمیم و تنسیخ ہوتی ہے جیسا کہ ارشاد الٰہی ہے:

﴿يَمْحُوا اللّٰهُ مَا يَشَآءُ وَ يُثْبِتُ وَ عِنْدَهٗۤ اُمُّ الْكِتٰبِ﴾

''وہ جس چیز کو چاہتا ہے محو کر دیتا ہے اور جس چیز کو چاہتا ہے ثبت کر دیتا ہے اور اس کے پاس لوح محفوظ ہے۔''

چنانچہ خداوند عالم جس طرح احوال و ظروف کے بدلنے سے یا احکام کی معینہ مدت کے ختم ہونے سے احکام میں ترمیم کر دیتا ہے جسے نسخ سے تعبیر کیا جاتا ہے۔اسی طرح حالات و مقتضیات کے بدلنے سے تکوینیات میں بھی رد و بدل کرتا رہتا ہے اور جہاں محو کرنے میں مصلحت ہوتی ہے وہاں محو کر دیتا ہے اور جہاں ثبت کرنے میں مصلحت ہوتی ہے وہاں ثبت کر دیتا ہے اور دعا کا تعلق اسی لوح محو و اثبات سے ہے جس میں تقدیر کے سانچے بنتے بگڑتے رہتے ہیں اور جو محتم اور حتمی صورت ہوتی ہے وہ لوح محفوظ میں درج ہوتی ہے۔اب اگر لوح محو و

اثبات میں محرومی و نامرادی کسی کے پائے نام ہو چکی ہے تو قدرت نے اس کے بدلنے کی بھی گنجائش رکھی ہے اس طرح کہ انسان، دعا، صدقہ، برِ والدین یا کسی اور عملِ خیر کے ذریعہ اس محرومی کو کامرانی سے بدل دے سکتا ہے۔ چنانچہ جب وہ ان مذکورہ اعمال میں سے کوئی عمل بجا لاتا ہے تو قدرت اس کی حرماں نصیبی کو محو کر کے کامیابی و کامرانی ثبت کر دیتی ہے اور یہ تمام تغیر و تبدل کی صورتیں روزِ ازل ہی سے اس کے سامنے آئینہ ہوتی ہیں۔ ایسا نہیں ہے کہ اسے اپنے پہلے فیصلہ میں غلطی کا احساس ہوا ہو اور اب اس میں تبدیلی و ترمیم کی ضرورت محسوس ہوئی ہو۔ چنانچہ امام جعفر صادق علیہ السلام کا ارشاد ہے:

﴿ما بدا للّٰہ فی شیء الا کان فی علمہٖ قبل ان یبدو لہ﴾

''خداوند عالم کو جس چیز میں بدا واقع ہوتا ہے وہ اس کے واقع ہونے سے قبل اس سے آگاہ ہوتا ہے۔''

اور جب انسان کے کسی اختیاری عمل سے لوحِ محو و اثبات کا نوشتہ بدل جاتا ہے تو پھر جو ثبت ہوتا ہے وہی اس کے حالات کے اعتبار سے اس کے لیے مناسب ہوتا ہے۔ اب چاہے انسان حسنِ عمل سے اپنی تقدیر کو بنائے اور چاہے شومی و بدبختی کو دعوت دے۔ چنانچہ وہ صدقہ، صلۂ رحمی، برِ والدین سے آنے والی مصیبت کو ٹال سکتا ہے۔ عمر میں اضافہ کر لے جا سکتا ہے، فقر و احتیاج کو دور کر دے سکتا ہے۔ اسی طرح دعا سے بھی قضا کا دھارا موڑ سکتا ہے۔ اور اس میں کوئی استبعاد نہیں کہ دعا سے قضا کا رخ پلٹ جائے۔ اس لیے کہ جس نے قضا کو نافذ کیا ہے اسی نے دعاء میں یہ اثرات ودیعت کیے ہیں کہ وہ قضا کے نقوش کو بدل دے اور تقدیر کے نئے سانچے تیار کر دے۔ اور قدرت جب چاہے مقدرات کو بدل دے سکتی ہے۔ نہ اسے کوئی مجبوری لاحق ہو سکتی ہے اور نہ کوئی چیز اس کے ارادہ میں حائل ہو سکتی ہے۔ چنانچہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے:

﴿روی میسر ابن عبد العزیز عن ابی عبد اللّٰہ قال قال لی یا میسر ادع ولا تقل ان الامر قد فرغ منہ ان عند اللّٰہ منزلۃ لا تنال الا بمسئلۃ ولو ان عبداً سدفاہ ولم یسئل لم یعط شیئًا فاسئل تعط یا میسر انہ لیس من باب یقرع الا یوشک ان یفتح لصاحبہ﴾

میسر ابن عبد العزیز کہتے ہیں کہ مجھ سے امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ اے میسر دعاء

مانگا کرو اور یہ نہ کہا کرو کہ جو ہونا ہے وہ پہلے سے طے ہو چکا ہے۔ اللہ کے یہاں ایسے درجے ہیں جنہیں سوال ہی سے حاصل کر سکتے ہو۔ اگر کوئی بندہ اپنی زبان بند رکھے اور سوال نہ کرے تو اسے دیا بھی نہیں جاتا۔ لہذا تم مانگو تاکہ تمہیں دیا جائے۔ دیکھو کوئی دروازہ ایسا نہیں ہے کہ اسے کھٹکھٹایا جائے اور وہ دستک دینے والے کے لیے کھول نہ دیا جائے۔"

اب اگر کوئی شخص تقدیر پر قناعت کر کے اس کے دروازے کو نہ کھٹکھٹائے اور اس کے سامنے ہاتھ پھیلانے سے دریغ کرے، تو وہ خود اپنی نامرادی و حرماں نصیبی کا سامان کر رہا ہے۔ ورنہ اس کا فیضان کہیں رکتا نہیں اور نہ اس کا درِ فیض کبھی بند ہوتا ہے۔ اور یہ سمجھ لینا کہ جو قضا و قدر میں لکھا جا چکا ہے ویسا ہو کر رہے گا اور اس میں رد و بدل کی گنجائش نہیں ہے، تعطل و مایوسی کو دعوت دینا ہے۔ جس کے نتیجہ میں انسان اللہ تعالی سے اپنا رشتہ توڑ لے گا اور اس سے التجا کا سلسلہ قطع کر لے گا۔ اور اگر یہ اس کے دل و دماغ میں راسخ ہو جائے کہ اللہ کے آگے طلب و الحاح کا ہاتھ اٹھا کر شقاوت و بدبختی کو خوشحالی و خوش نصیبی سے تبدیل کیا جا سکتا ہے تو اس کی مایوسی کو امید سے اور جمود و سکون کو حرکت و عمل سے بدلا جا سکتا ہے۔ اور تقدیر پر تکیہ کر کے بیٹھ جانے کا نتیجہ تو یہ ہوگا کہ جو جس حد میں ہے اس سے آگے بڑھنے کی سعی و کوشش ترک کر دے۔ اگر کوئی محتاج ہے تو فقر و احتیاج کو دور کرنے کی فکر سے بے نیاز ہو جائے۔ کوئی مریض ہے تو صحت کے لیے علاج و معالجہ کی ضرورت محسوس نہ کرے اور کوئی رنج و مصیبت میں گھرا ہوا ہے تو اس سے چھٹکارا حاصل کرنے کی تدبیر نہ کرے اور اس کسل و واماندگی کے جو نتائج سامنے آئیں گے وہ وہی ہوں گے جو پورے معاشرے کے مفلوج و از کار رفتہ ہونے کے ہو سکتے ہیں۔

تیسری دلیل یہ ہے کہ دعا آئین تسلیم و رضا کے منافی ہے کیونکہ دعا اللہ کی تجویز کردہ چیز کے مقابلہ میں اپنی خواہش کو پیش کرنا اور اسے منوانا ہے۔ حالانکہ بندگی و رضا کا تقاضا یہ ہے کہ اپنی خواہشوں کے مقابلہ میں منشائے الہی پر خوش رہا جائے اور ہر آرزو و طلب کو مرضی مولا کے تابع قرار دے لیا جائے اور کسی مصیبت پر پیشانی پر شکن اور دل میں میل نہ آئے کیونکہ جو مصیبت بھی وارد ہوتی ہے وہ قضا و قدر کے تابع ہوتی ہے اور قضائے الہی پر رضامندی ضروری ہے۔ چنانچہ حدیث قدسی میں وارد ہوا ہے:

**﴿من لم یرض بقضائی ولم یصبر علی بلائی ولم یشکر لنعمائی فلیخرج من ارضی وسمائی و لیطلب ربا سوائی﴾**

''جو شخص میری قضا پر راضی نہ ہو اور میری آزمائش پر صبر نہ کرے اور میری نعمتوں پر شکر ادا نہ کرے اسے میری زمین اور میرے آسمان سے باہر نکل جانا چاہیئے اور میرے علاوہ کوئی اور پروردگار ڈھونڈ لینا چاہیئے۔''

اس شبہ کا جواب یہ ہے کہ اگر دعا شیوۂ تسلیم و آئین رضا کے خلاف ہوتی تو انبیاءؑ و ائمہؑ جو رضا کے مرتبۂ اعلیٰ پر فائز تھے دعا کو اپنی زندگی کا جزو نہ بناتے اور نہ اللہ سبحانہٗ دعا کا حکم دیتا، حالانکہ اس نے نہ صرف دعا کی ہدایت کی بلکہ اس کے ترک کو غرور و انانیت سے تعبیر کیا ہے۔ تو جو چیز حکم الٰہی کی بنا پر بجالائی جائے وہ اس کی رضا کے خلاف کیسے متصور ہو سکتی ہے اور درصورتیکہ اس نے صدقہ و خیرات اور طلب و دعا وغیرہ کو مقصد کی کامیابی کا سبب و واسطہ قرار دے دیا ہو جس طرح اس نے دنیا میں اپنی قضا کے ظہور کو اسباب سے وابستہ کیا ہے تو رضائے الٰہی سے منافات کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ کیونکہ اس صورت میں جس مقصد کے لیے دعا مانگی جا رہی ہے وہ وہی فیصلۂ قضا و قدر ہے جس کو دعا پر موقوف رکھا ہے۔ اور اگر قضا و قدر پر رضامندی کا مظاہرہ کرنا ہی ہے، تو پھر بچھو کاٹ رہا ہو تو اسے الگ نہ کیجیے، سانپ ڈس رہا ہو تو اسے ڈسنے دیجیے۔ پیاس ہو تو پانی نہ پیجیے۔ بھوک ہو تو کھانا نہ کھائیے کیونکہ یہ تمام چیزیں بھی تو قضاء و قدر کے تابع ہیں۔ اگر یہ قضا و قدر کے تابع ہیں تو پھر بچھو کو چھڑانا، سانپ سے بچنا، مرض کا علاج کرنا اور بھوک پیاس کے وقت کھانا پینا قضا و قدر کے حدود سے باہر کیسے ہو سکتا ہے۔ چنانچہ وارد ہوا ہے کہ امیر المؤمنین علیہ السلام ایک دیوار کی طرف گزرے جو گرا چاہتی تھی۔ تو آپؑ نے خطرہ کے پیش نظر راستہ بدل دیا جس پر ایک شخص نے کہا: ﴿اتفر من قضاء اللّٰه﴾ ''کیا آپ اللہ کی قضا سے بھاگنا چاہتے ہیں۔'' فرمایا: ﴿افر من قضائه الى قدره﴾ ''میں قضاء سے بھاگ کر قدر کے دامن میں پناہ لے رہا ہوں۔'' مقصد یہ ہے کہ اگر اللہ نے میری زندگی کا فیصلہ کیا ہے تو اس کا ظہور اس کے سبب سے وابستہ ہے اس طرح کہ میں گرتی ہوئی دیوار سے بچ کر چلوں۔ بہرحال جب قضائے الٰہی کا ظہور اسباب سے وابستہ ہے اور یہ اسباب اسی کے پیدا کردہ ہیں اور اسی نے دعاء کو مقصد برآری کا سبب قرار دیا ہے تو یہ اس کی رضا سے متصادم نہیں ہو سکتی جبکہ دعاء و رضا دونوں کا سرچشمہ ایک ہے۔

چوتھی دلیل یہ ہے کہ دنیا کے تمام حوادث و وقائع کی انتہا ایک ذات ازلی پر ہوتی ہے اور اس کی حکمت و مصلحت ازلی جس چیز کے وقوع کی مقتضی ہوگی وہ واقع ہو کر رہے گی اور جس کے وقوع کی مقتضی نہیں ہوگی وہ

واقع نہیں ہو سکتی۔ تو جب اقتضائے ازلی کے بغیر کوئی امر واقع نہیں ہو سکتا تو دعا کا فائدہ ہی کیا جب کہ وہ اس کی مصلحت کے مقتضیات کو بدل نہیں دے سکتی اور بہر حال وہی ہوتا ہے جو اس کے اقتضائے ازلی نے روزِ ازل سے فیصلہ کر دیا ہے۔

اس شبہ کا جواب یہ ہے کہ خداوند عالم نے ہر چیز کا ایک نظام اور ایک قاعدہ مقرر کر دیا ہے اور تمام چیزوں کو ایک ہمہ گیر سلسلہ میں اس طرح باندھ دیا ہے جس طرح ایک سلسلہ کی کڑیاں ایک دوسرے سے وابستہ اور مربوط ہوتی ہیں جس سے عالم کا نظم و نسق اور دنیا کا کارخانہ ایک دھڑے پر چل رہا ہے۔ اس لیے حکمت ازلی جہاں کسی چیز کے وقوع کی مقتضی ہوتی ہے وہاں اس کے سبب اور واسطہ کے وجود کی بھی مقتضی ہوتی ہے۔ چنانچہ اس کی حکمت کا اگر تقاضا یہ ہے کہ زمین سیر و سیراب ہو تو وہ یہ بھی چاہتی ہے کہ سمندر سے بخارات اٹھیں اور فضا میں پھیل کر ہواؤں سے ٹکرائیں اور پیاسی زمین کی سیرابی کا سامان کریں تو جس طرح زمین کی سیرابی، سیرابی کے سرو سامان سے وابستہ ہے اسی طرح مصلحت ازلی نے حاجت بر آری اور مقصد کی کامیابی کو بھی مختلف اسباب سے وابستہ کر رکھا ہے۔ اور منجملہ ان اسباب کے ایک سبب دعا بھی ہے۔ لہٰذا ہو سکتا ہے کہ اس کی حکمت ازلی کسی کی حاجت بر آری کی اس صورت میں مقتضی ہو جب اس کے سامنے گڑگڑایا جائے اور اس سے دعا کی جائے۔ اور درصورتیکہ دعاء نہ کی جائے حکمت کا تقاضا یہ ہو کہ اسے مقصد میں ناکام رکھا جائے۔ اس کے علاوہ بندوں کی حاجتوں اور مقصدوں کو دعا سے وابستہ کرنا بھی تقاضائے حکمت ہے تاکہ وہ اپنی احتیاج و بے مائگی کے پیش نظر اس سے رابطہ برقرار رکھیں اور دعاء کی ضرورت کا احساس کرتے ہوئے اس سے لو لگائے رہیں۔

پانچویں دلیل یہ ہے کہ جب خداوند عالم کو عالم الغیوب مانا جا چکا ہے اور یہ کہ کوئی چیز اس سے ڈھکی چھپی ہوئی نہیں ہے اور وہ دلوں کے بھیدوں اور آنکھوں کے چوری چھپے اشاروں کو جانتا ہے تو پھر اپنی روداد اسے سنانا اور اپنے مقصد کو زبان پر لانا کیا ضروری ہے، جب کہ ہمارے بغیر اس کا علم ہر چیز پر حاوی ہے اور وہ ہماری ہر خواہش اور ہر آرزو سے آگاہ ہے اور کوئی چیز اس سے مخفی و پوشیدہ نہیں ہے چنانچہ اسی بناء پر جب حضرت ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں ڈالا جانے لگا اور جبرئیل امین علیہ السلام نے مدد کی پیش کش کی، اور آپؑ کے انکار پر جبرئیلؑ نے کہا کہ اگر مجھ سے کوئی حاجت و خواہش نہیں ہے تو جس سے ہے اسی سے طلب کیجیے۔ تو آپؑ نے فرمایا: ﴿علمه بحالي حسبي من سوالي﴾ ''اس کا میری حاجت سے آگاہ ہونا مجھے سوال سے بے نیاز بنائے

ہوئے ہے۔"

اس دلیل کا جواب یہ ہے کہ دعا سے یہ مقصد ہی کب ہوتا ہے کہ اسے بے خبر تصور کرتے ہوئے اپنی حاجتوں اور خواہشوں کو اس کے علم میں لایا جائے۔ کیونکہ وہ کسی مرحلہ پر ہمارے بتانے اور زبان سے کچھ کہنے کا محتاج نہیں ہے۔ بلکہ ہمارے دل کے ایک ایک ریشے کی پکار سے آگاہ اور ہمارے قلب کی تہوں میں لپٹی ہوئی آرزوؤں سے واقف ہے۔ یہ طلب و دعا تذلل و انکسار اور رجوع الی اللہ تو صرف عبودیت کا ایک مظاہرہ ہے تاکہ مانگنے کی خاطر اس سے رابطہ قائم رہے اور طلب و سوال کے پردہ میں اس سے لو لگی رہے۔ اور اس خیال سے زبان کو بند رکھنا کہ وہ تو سب کچھ جانتا ہے ایک طرح سے انانیت و غرور کا مظاہرہ ہے جو بندوں کے سامنے تو قابل ستائش ہو سکتا ہے مگر اللہ کے سامنے اپنی روداد باطن پیش نہ کیجیے اور اسے اپنا دردِ دل نہ سنائے تو یہ شیوہ عبودیت کے خلاف اور عجز و نیازمندی کے منافی ہے، چنانچہ ارشاد الٰہی ہے:

﴿قُلْ مَا يَعْبَؤُا بِكُمْ رَبِّي لَوْلَا دُعَآؤُكُمْ فَقَدْ كَذَّبْتُمْ فَسَوْفَ يَكُونُ لِزَامًا﴾

"اے رسولؐ! کہہ دو کہ اگر تم دعا نہیں کرتے تو میرا پروردگار بھی تمہاری کوئی پروا نہیں کرتا۔ تم نے جھٹلایا جس کا وبال عنقریب تمہارے سر پر پڑے گا۔"



بلاشبہ دعا، عبودیت کا ایک مظاہرہ اور فطرت انسانی کی ایک آواز ہے۔ چنانچہ جب بھی کوئی مصیبت نازل ہوتی ہے یا ضرورت و احتیاج پریشان کرتی ہے تو بے ساختہ حرف مدعا زبان پر آ ہی جاتا ہے۔ اس کو بے ضرورت سمجھنا انسانی تقاضوں پر پہرا بٹھانا اور فطرت و وجدان کے خلاف صف آرا ہونا ہے۔ اور یہ سمجھنا کہ دعاء بس اس لیے کی جاتی ہے کہ اپنی آواز اسے سنائی جائے اور اپنی حاجت و آرزو اس کے علم میں لائی جائے بلاغت کی راہوں سے بے خبری کی دلیل ہے۔ چنانچہ کلام و گفتگو میں ایسے بے شمار مواقع ہیں جہاں زبان سے کچھ کہنا مخاطب کو صرف بتانے ہی کے لیے نہیں ہوتا۔ مثلاً دن کی روشنی میں ٹھوکر کھا کر گرنے والے کو یہ کہنا کہ "سورج نکلا ہوا ہے" کیا یہ بتانے کے لیے ہوتا ہے کہ یہ دن ہے رات نہیں ہے یا کچھ اور مقصد ہوتا ہے یا خداوند عالم کا حضرت موسیٰ علیہ السلام سے خطاب ﴿مَا تِلْكَ بِيَمِينِكَ يٰمُوسٰى﴾ "موسیٰ! یہ تمہارے ہاتھ میں کیا ہے۔" لاعلمی کی بنا پر تھا یا حضرت موسیٰ علیہ السلام سے سلسلۂ کلام جاری کرنے کے لیے تھا۔ اور موسیٰ علیہ السلام کا طویل جواب اللہ کو عصا کے فوائد سے آگاہ کرنے کے لیے تھا یا "لذیذ بود حکایت دراز تر گفتم" کے پیش نظر تھا۔ اسی طرح شاعر کی

اپنے ساقی سے یہ فرمائش کہ:

**الا فاسقنی خمرا و قل لی هی الخمر　　　　ولا تسقنی سرّا اذا امکن الجهر**

''مجھے شراب پلا اور یہ کہہ کے پلا کہ یہ شراب ہے اور خفیہ طور پر نہ پلا جبکہ کھلے بندوں پلانا ممکن ہے۔''

کیا یہ جاننے کے لیے ہے کہ یہ شراب ہے۔ ایسا نہیں کیونکہ وہ دیکھ رہا ہے کہ سامنے شراب رکھی ہے اور شراب ہی اسے پلائی جائے گی بلکہ اس کا مقصد حصول لذتِ سماعت ہے۔ اور وہ دوسرے حواس کی طرح کانوں کو بھی لذت اندوز کرنا چاہتا ہے کیونکہ آنکھیں اسے دیکھ کر سرور و کیف حاصل کر رہی ہیں۔ قوت شامہ اس کی خوشبو سے بہرہ اندوز ہو رہی ہے۔ لب اس کے لمس سے اور زبان اس کے ذائقہ سے آشنا ہوا چاہتی ہے۔ بس ایک قوت سامعہ محروم رہی جاتی تھی اس کی لذت اندوزی کا سامان اس طرح کیا کہ ساقی سے کہا کہ تو شراب کہہ کے مجھے شراب پلاتا کہ اس لفظ کی گونج سے حظ و نشاط کی تکمیل ہو جائے اور کوئی حاسہ لذت اندوزی سے محروم نہ رہ جائے۔ یونہی کریم کے کانوں میں سائلوں کی آواز نغمۂ شیریں بن کر گونجا کرتی ہے اور اس کا ذوق سماعت اور جذبۂ کرم چاہتا ہے کہ اس سے مانگا جائے اور مانگنے والوں کی آوازیں اس کے کانوں میں پیہم گونجتی رہیں۔ چنانچہ عرب کے مشہور شاعر متنبیؔ نے اپنے ممدوح کے متعلق کہا ہے:



**فاذا سئلت فلا لانک محوج　　　　و اذا کتمت و شت بک الآلاء**

''جب تجھ سے سوال کیا جاتا ہے تو اس لیے نہیں کہ تو مانگنے والوں کو سوال کی زحمت دینا چاہتا ہے بلکہ اس لیے کہ تجھے سائلوں کی آواز اچھی معلوم ہوتی ہے۔ اور جب تجھے پردوں میں چھپایا جائے تو تیری نعمتیں تیری غمازی کرتی ہیں۔''

اس سلسلہ میں امام جعفر صادق علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ:

**﴿ان المؤمن لیدعوا اللّٰہ عزوجل فی حاجته فیقول اللّٰہ اخروا اجابته شوقا الی صوته و دعائه﴾**

''مؤمن خدائے بزرگ و برتر سے اپنی حاجت طلب کرتا ہے اور قدرت اس کی دعا اور آواز کے اشتیاق میں یہ کہتی ہے کہ ابھی اس کی حاجت کو تاخیر میں ڈال دو۔''

اور کبھی اس کے برعکس بھی ہوتا ہے اس طرح کہ اگر کسی کی آواز اسے ناگوار معلوم ہوتی ہے تو اس کی حاجت جلد روا ہو جاتی ہے تاکہ وہ پھر اس کے در پر دستک دے اور نہ اسے پکارے۔ چنانچہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کا ارشاد ہے:

**﴿ان العبد لیدعوا للّٰہ فیقول اللّٰہ تبارک و تعالٰی عجّلوا لہ حاجتہ فانّی ابغض صوتہ﴾**

''کوئی بندہ اس سے دعا مانگتا ہے تو اللہ سبحانہ کہتا ہے کہ اس کی حاجت کو جلد پورا کر دیا جائے کیونکہ مجھے اس کا پکارنا برا معلوم ہوتا ہے۔''

چنانچہ اسی لیے بعض ناہنجار و بدکردار اشخاص کو اس نے گوناگوں نعمتوں سے نوازا تاکہ مہلت دینے کے بعد انہیں جکڑا جائے اور نعمت کی سرشاریوں میں انہیں اللہ کی طرف رجوع ہونے کی توفیق ہی حاصل نہ ہو۔

داد او فرعون را صد ملک و مال  تا بنالد سوئے حق آں بدسگال

در ہمہ عمرش نہ دید او دردِ سر  تا نگرید سوئے حق آں بد گہر



اب رہا حضرت ابراہیم علیہ السلام کا بارگاہ ایزدی میں دست طلب نہ بڑھانا تو اس کا جواب یہ ہے کہ جب بلاء و مصیبت کی نوعیت خصوصی آزمائش کی ہو تو اس سے بچاؤ کا سوال کرنا شیوۂ تسلیم و رضا کے خلاف ہے۔ چنانچہ جس طرح وہ اپنے فرزند کے ذبح کے موقع پر خدا سے یہ خواہش نہیں کرتے کہ اس انوکھی اور نرالی قسم کی آزمائش کو اٹھا لیا جائے بلکہ دل و جان سے اس کے لیے آمادہ ہو جاتے ہیں، اسی طرح آگ کے بھڑکتے ہوئے شعلوں کو دیکھ کر سر تسلیم خم کر دیتے ہیں۔ نہ دعا کے لیے ہاتھ اوپر اٹھتے ہیں اور نہ زبانوں سے کوئی ایسا جملہ نکلتا ہے جس سے یہ ظاہر ہو کہ وہ آگ کی لپٹوں کو دیکھ کر ہراساں و پریشان ہو گئے ہیں کہ ایک طرف کافروں کو طعنہ زنی کا موقع ملے اور دوسری طرف خلت و شیوۂ تسلیم و رضا پر حرف آئے بلکہ بڑے صبر و استقلال سے بھڑکتے ہوئے شعلوں میں کود پڑتے ہیں۔ اس تسلیم و رضا کی آزمائش اور صبر و استقلال کے امتحان کو دعا سے بے نیازی کے ثبوت میں پیش نہیں کیا جا سکتا۔ کیونکہ منزل راز و نیاز اور ہے اور منزل صبر و امتحان اور ہے۔

چھٹی دلیل یہ ہے کہ جو چیز انسان کے مصالح میں داخل اور اس کی سود و بہبود اس سے وابستہ ہو گی تو وہ مبداءِ فیض و سرچشمۂ عطا کبھی اس میں فروگذاشت نہیں کرے گا اور نہ اس کے عطا کرنے میں بخل سے کام لے گا

اور جو چیز اس کے مصالح میں داخل نہیں ہے اسے طلب کرنا بھی مناسب وقرین صواب نہیں قرار دیا جا سکتا۔ کیونکہ اس کے معنی تو یہ ہوں گے کہ وہ اپنے مصالح کو اللہ سے بہتر سمجھتا ہے۔اس لیے اس سے کوئی خواہش کرنا یا کوئی چیز طلب کرنا اس کی مصلحت بینی وکارسازی پر حرف رکھنا ہے۔

اس کا جواب یہ ہے کہ کبھی مصلحت عطا کرنے اور بخشنے ہی میں ہوتی ہے چاہے انسان طلب کرے کرے یا طلب نہ کرے، جیسے وسائل جن سے زندگی کی بقاء وابستہ ہے اور کبھی مصلحت رد کرنے اور ناکام پھیرنے ہی میں ہوتی ہے جیسے وہ چیزیں جو ہلاکت وتباہی کا سبب اور شیرازۂ حیات کے بکھرنے کا باعث ہوتی ہیں اور کبھی مصلحت دعا وطلب سے وابستہ ہوتی ہے اس طرح کہ طلب ودعا کی صورت میں اس میں مصلحت پیدا ہو جاتی ہے اور عدم طلب کی صورت میں اس میں مصلحت کارفرما نہیں ہوتی۔لہذا طلب ودعا سے پیدا ہونے والے مصالح اور ان کے فوائد وثمرات سے اپنے کو محروم رکھنا کہاں تک درست ہوسکتا ہے۔

ساتویں دلیل یہ ہے کہ دعا شانِ ادب شناسی کے خلاف ہے کیونکہ دعا میں ایک طرح سے امر ونہی کی جھلک ہوتی ہے اور بندے کو یہ زیب نہیں دیتا کہ وہ اللہ پر حکم چلائے اور یہ کہے کہ یہ کر اور یہ نہ کر۔لہذا اسے ترک کرنا چاہیئے تاکہ اس کی بارگاہ میں سوء ادبی سے بچا جائے۔



اس کا جواب یہ ہے کہ دعا کو از قبیل امر ونہی سمجھنا اس لحاظ سے تو صحیح ہے کہ ان دونوں میں طلب کا مفہوم ہوتا ہے۔مگر دونوں میں فرق یہ ہے کہ امر ونہی میں تفوق وبرتری کا پہلو ہوتا ہے اور دعا میں انتہائی عجز و انکسار اور پستی وتذلل کا اظہار ہوتا ہے۔لہذا ایک کو دوسرے پر قیاس کرنا غلط اور سوء فہمی کا نتیجہ ہے اور اگر مطلق طلب میں سوء ادبی کو تجویز کیا جائے تو اس کے معنی یہ ہوں گے کہ ماں باپ سے کوئی چیز مانگنا، استاد سے کچھ دریافت کرنا اور جاننے والے سے کچھ پوچھنا بھی سوء ادبی میں داخل سمجھا جائے۔اور اگر یہ چیزیں سوء ادبی میں داخل نہیں ہیں تو پھر اللہ تعالی ہی سے طلب وسوال میں سوء ادبی کیوں ہو۔جبکہ طلب وسوال اپنے فقر واحتیاج اور اس کی عظمت وبالادستی کا ایک واضح اعتراف ہے۔

آٹھویں دلیل یہ ہے کہ حمد وثنا اور ذکر الٰہی حاجت روائی کا زیادہ کامیاب ومؤثر ذریعہ ہے۔لہذا بہتر ذریعہ کو چھوڑ کر طلب وسوال کا ہاتھ کیوں پھیلایا جائے۔چنانچہ حدیث قدسی میں وارد ہوا ہے کہ:

**﴿من شغله ذكری عن مسئلتی اعطيته افضل ما اعطی السآئلين﴾**

''جو شخص میرے ذکر میں اس طرح کھو جائے کہ اسے دعا کا خیال نہ رہے تو میں جو سوال کرنے والوں کو دیتا ہوں اس سے زیادہ اسے دوں گا۔''

اس کا جواب یہ ہے کہ مقصد الٰہی اس سے یہ نہیں ہے کہ اس سے سوال نہ کیا جائے۔ ہاں اگر کوئی حمد و ثنا میں اس طرح ڈوب جائے کہ اسے یہ خیال نہ رہے کہ وہ اسے حاجت برآری و مقصد طلبی کا ذریعہ قرار دینا چاہتا تھا اور اس محویت میں اپنی حاجت ہی کو بھول جائے تو خدا اسے طلب و سوال کی فراموشی کی وجہ سے اس کے مقصد سے محروم نہیں کرتا۔ بلکہ دوسرے مانگنے والوں سے بڑھ چڑھ کر اسے دیتا ہے تو خداوند عالم کی اس بخشش و افزائش کا سبب ترک سوال کو نہیں قرار دیا جا سکتا کہ اسے ترک دعاء کے ثبوت میں پیش کیا جائے بلکہ یہ دعاء کی فراموشی، حمد و ثنا میں محویت اور اللہ کی یاد میں استغراق کی وجہ سے ہے اور اس طرح دعا کو فراموش کر جانا اور چیز ہے اور سرے سے دعا ہی نہ کرنا اور چیز ہے۔ چنانچہ اسی مطلب کی وضاحت امام جعفر صادق علیہ السلام کے اس ارشاد سے ہوتی ہے:

**﴿ان العبد ليكون له الحاجة الى الله فيبدأ بالثناء على الله و الصّلوٰة علٰى محمّدٍ و ال محمّدٍ حتى ينسى حاجته فيقضيها الله له من غير ان يسئاله اياها﴾**



''بندے کو اپنے اللہ سے کوئی حاجت ہوتی ہے اور وہ پہلے حمد و ثنا کرتا ہے اور محمدؐ و آل محمدؐ پر درود بھیجتا ہے اس طرح کہ اس حمد و ثنا میں کھو کر اپنی حاجت کو فراموش کر جاتا ہے تو اللہ اس کی حاجت روائی کر دیتا ہے بغیر اس کے کہ وہ اپنی حاجت طلب کرے۔''

## دعاء قبل ابتلا

جس طرح علاج کی دو قسمیں ہیں ایک علاج قبل از مرض یعنی حفظ ما تقدم کے طور پر ایسی تدابیر اختیار کرنا جس سے انسان مرض کے حملہ سے محفوظ رہ سکے اور طبیعت مرض کی پذیرائی سے انکار کر دے، یہ معالجہ احتیاطی ہے۔ اور دوسری قسم یہ ہے کہ مرض میں مبتلا ہونے کے بعد علاج کیا جائے۔ اطبا کے نزدیک معالجہ احتیاطی زیادہ کارگر اور مفید ثابت ہوتا ہے۔ کیونکہ طبیعت صحیح حالت میں ہوتی ہے اس لیے معالجہ احتیاطی کے اثرات کو جلد قبول کر لیتی ہے۔ اسی طرح دعا کی بھی دو قسمیں ہیں۔ ایک دعا مصیبت کے نازل ہونے سے پہلے

اور ایک دعا مصیبت کے وارد ہونے کے بعد۔ اور وہ دعاء جو قبل مصیبت ہو معالجہ احتیاطی کی طرح زیادہ مؤثر ہوتی ہے۔ لہذا امن و عافیت کے دنوں میں ابتلاء و مصیبت سے بچاؤ کے لیے اور فراخ روزی و خوش حالی کے زمانہ میں تنگ دستی سے محفوظ رہنے کے لیے دعا کرتے رہنا چاہیئے کیونکہ اس طرح کی دعا آفت و ابتلا سے سپر بن جایا کرتی ہے۔ چنانچہ امام جعفر صادق علیہ السلام کا ارشاد ہے:

**﴿من تقدم فی الدعاء استجیب له اذا نزل به البلاء﴾**

''جو شخص مصیبت کے نازل ہونے سے پہلے دعا کرتا ہے مصیبت پڑنے پر اس کی دعا مستجاب ہوتی ہے۔''

## الفاظِ دعاء

دعاء ہمیشہ سیدھی سادی عبارت اور ہلکے پھلکے الفاظ میں مانگنا چاہیئے۔ کیونکہ دعا قلب و ضمیر کی آواز ہوتی ہے جو بے ساختہ زبان سے ابل پڑتی ہے اور مقصد کی ترجمانی کے لیے لفظوں کی ترکیب و ترتیب کا سہارا اور لفاظی و عبارت آرائی سے کام نہ لینا چاہیئے اس لیے کہ بناوٹ اور تکلف کی جھلک آتے ہی عجز و نیاز کا جذبہ مضمحل اور بندگی و نیازمندی کی روح ختم ہو جاتی ہے اور ہمیشہ ایک سے الفاظ بھی استعمال نہ کیے جائیں کہ وہ زبان پر چڑھ جانے کی وجہ سے قصد و ارادہ کے بغیر بھی نکل جایا کرتے ہیں۔ اس طرح کی دعا دل کی آواز نہیں ہوتی بلکہ الفاظ ہی الفاظ ہوتے ہیں جن میں اخلاص کا جذبہ، دل کی حضوری اور طلب گاری کا ولولہ نہیں ہوتا۔ اور جب تک طلب میں جوش، سوال میں تڑپ، اور دعاء میں ولولہ نہیں ہوگا وہ دعاء، قابل پذیرائی نہ ہوگی۔ چنانچہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا ارشاد ہے:

**﴿ان الله لا یستجیب الدعا من قلب لاه﴾**

''جب دل دوسری طرف مشغول اور غافل ہو تو اللہ تعالیٰ دعا کو قبول نہیں کرتا۔''

دعاء میں ایسے الفاظ زیادہ مؤثر ہوتے ہیں جن میں عظمت الٰہی کے اعتراف کے ساتھ عجز و قصور کا اقرار اور عبودیت و نیازمندی کا اظہار ہو اس لیے اپنی دعاؤں میں معصومین علیہم السلام کی دعاؤں کے کلمات دھراتے رہنا چاہیئے کہ ان میں جلال الوہیت کا پرتو اور جمال عبودیت کا انعکاس پوری طرح جلوہ گر ہوتا ہے۔

## دعا میں اسماءِ الٰہی کا انتخاب

طلب و دعا کے سلسلہ میں اللہ تعالیٰ کو اس نام سے پکارنا چاہیئے جو سائل کے مقصد و مراد سے مناسبت رکھتا ہو۔ یہ طریق خطاب صرف خطاب ہی نہیں ہوگا بلکہ خطاب و دلیل دونوں ہوں گے۔ اس طرح کہ جو فقر و احتیاج میں اسے ﴿یا غنی﴾ اور بیماری میں ﴿یا شافی﴾ کہے گا تو ان الفاظ سے ذہن اس طرف قہراً ملتفت ہوگا کہ جب وہ غنی ہے تو غنی کے سوا اور کون ہوسکتا ہے جو فقر و احتیاج کو دور کرے۔ اور جب وہ شافی ہے تو شافی کے علاوہ کون ہوسکتا ہے جس سے شفا کی آس رکھی جائے۔ اور اسے غنی ہونے کے لحاظ سے اپنے بندوں کی احتیاج کو دور کرنا چاہیئے اور شافی ہونے کے اعتبار سے بیماروں کو صحت بخشنا چاہیئے۔ اور اس کے ساتھ طلب و سوال کا استحقاق بھی واضح ہو جائے گا۔ یوں کہ اگر فقیر و نادار غنی سے نہ مانگے تو کیا اپنے ایسے ناداروں سے مانگے۔ اور بیمار شافیٔ مطلق سے شفا کا طلب گار نہ ہو تو کس کے دار الشفا سے صحت کی بھیک مانگے۔ لہٰذا جب بھی اس ذات بے نیاز کی بارگاہ میں دعا کے لیے ہاتھ اٹھائے جائیں تو جس نوعیت کا سوال ہو اسی نوعیت کے مطابق اللہ کے ناموں میں سے مناسب نام کا انتخاب کرے۔ مثلاً ایک فقیر و نادار مالی وسعت کا سوال کرے تو وہ اللہ تعالیٰ کو ﴿الغنی، المغنی، یا رازق و معطی﴾ کے نام سے پکارے۔ مریض صحت کے لیے دعا کرے تو ﴿یا شافی﴾ کہے۔ مظلوم اسے پکارے تو ﴿یا منتقم﴾ کہے اور گنہگار آمرزش گناہ کے لیے التجا کرے تو اسے ﴿یا عفوّ، یا غفور﴾ کے نام سے یاد کرے اور حاجت مند کسی حاجت کے سلسلہ میں اسے پکارے تو ﴿یا مجیب﴾ کہے۔ اسی طرح دوسرے مطالب و حاجات میں حاجت و مقصد کی نوعیت کے مطابق جو نام مناسب ہو اس نام سے پکارے۔

## دعائے مغفرت میں ترتیب کا لحاظ

جب ماں باپ، عزیز و اقارب اور صلحاء و مؤمنین کے لیے دعائے مغفرت کی جائے تو انبیاء اور خاصانِ خدا کی تاسی میں پہلے اپنے لیے دعائے بخشش و آمرزش کرے اور پھر دوسروں کے لیے۔ چنانچہ قرآن مجید میں قدرت کا پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے خطاب ہے: ﴿وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِينَ

وَالْمُؤْمِنَاتِ﴾ ''اپنے لیے اور مؤمنین ومؤمنات کے لیے طلب مغفرت کرو۔'' حضرت نوح علیہ السلام کی دعا ہے:

﴿رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَيْتِيَ مُؤْمِنًا وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ﴾ ''پروردگارا! مجھے اور میرے ماں باپ کو اور جو مؤمن میرے گھر میں آئے اور تمام مؤمن مردوں اور مؤمن عورتوں کو بخش دے۔''

حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا ہے: ﴿رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ﴾ ''اے ہمارے پالنے والے! جس دن اعمال کا حساب ہوگا، مجھے اور میرے ماں باپ اور تمام ایمان لانے والوں کو بخش دے۔'' حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعا ہے: ﴿رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِاَخِيْ وَاَدْخِلْنَا فِيْ رَحْمَتِكَ﴾ ''اے میرے پروردگار! مجھے اور میرے بھائی کو بخش دے اور ہمیں اپنی رحمت میں داخل کر لے۔'' اہل ایمان کی دعا ہے: ﴿رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ﴾ ''اے ہمارے پروردگار! تو ہمیں اور ہمارے ان بھائیوں کو جو ایمان میں ہم سے سابق تھے، بخش دے۔''

دعائے مغفرت میں اپنے کو مقدم کرنے میں شائد یہ رمز ہو کہ انسان خود اپنے لیے دعائے مغفرت کر لے تو پھر اسے دوسروں کے لیے دعائے مغفرت کرنا زیب دیتا ہے اور جب خود دعائے مغفرت سے اللہ کے عفو درگزر کا مستحق ہو جائے تو پھر اوروں کے لیے دعا کرے گا تو زیادہ مؤثر ومستجاب ہوگی۔ یوں سمجھیے کہ اگر کوئی شخص بادشاہ کے سامنے عفو کی درخواست پیش کرے تو اس وقت تک دوسروں کے حق میں اس کی سفارش مناسب نہ ہوگی جب تک وہ خود اپنے لیے معافی نہ مانگ لے اور جب اپنے لیے معافی مانگ لے گا تو پھر دوسروں کے لیے اس کی درخواست عفو مناسب و برمحل ثابت ہوگی۔



## ہیئتِ دعا

دعا باوضو تشہد کی حالت میں بیٹھ کر اور رو بہ قبلہ ہو کر مانگے اس طرح کہ آواز نہ زیادہ بلند ہو اور نہ زیادہ آہستہ۔ البتہ اگر ریاء ونمود کا اندیشہ ہو تو پھر بہتر ہے کہ چپکے چپکے سے دعا کرے۔ دعا میں اگر شر نفس، وسوسۂ شیطان اور حملۂ دشمن سے پناہ مانگنا چاہے تو اپنے ہاتھ کی دونوں ہتھیلیاں قبلہ کی طرف اس طرح پھیلائے جس طرح تلوار، لاٹھی، پتھر وغیرہ کے وار کو روکا جاتا ہے اور طلب رزق و حاجت کیلئے دونوں ہتھیلیوں کو چہرے کے بالمقابل پھیلائے جس طرح ہاتھ پھیلا کر کوئی چیز طلب کی جاتی ہے اور تضرع والحاح کے سلسلہ میں دعاء کرے تو

اپنے ہاتھوں کو سر سے اونچا لے جا کر پھیلائے۔ اور مصیبت و ابتلاء اور خوف و خطر کے موقع پر ہاتھ کی ہتھیلیوں کو زمین کی طرف کر لے۔ یہ ایک طرح سے اس امر کا اظہار ہے کہ وہ اپنے اعمال کے پیش نظر کسی چیز کے حاصل کرنے کا مستحق نہیں ہے۔ اور جب دعاء ختم کرے تو منہ، سینہ، یا سر پر ہاتھ پھیرے کہ یہ اشرف اعضاء ہیں۔

## شرائطِ قبولیتِ دعاء

شرائط قبولیتِ دعا میں سب سے مقدم شرط یہ ہے کہ لباس، غذا، جائے رہائش، ذریعۂ معاش طیب و حلال ہو اور دل میں اطمینان و رجاء کی کیفیت پیدا کرے۔ کیونکہ رجاء دعاء کی محرک ہوتی ہے اور جب رجاء کا پہلو کمزور ہوگا تو دعاء میں اعتماد، خلوص اور ولولہ پیدا نہیں ہو سکتا کہ جو قبولیت دعاء کا ضامن ہوتا ہے۔ اس لیے قبولیت دعاء پر وثوق رکھتے ہوئے خلوص نیت، رقت قلب اور تضرع و الحاح کے ساتھ بار بار دعاء و التجاء کرے۔ چنانچہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام کا ارشاد ہے:

**واللہ لا یلح عبد مؤمن علی اللّٰہ تعالٰی فی حاجۃ الّا قضاھا لہ**

خدا کی قسم! جب بھی بندۂ مؤمن اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں الحاح و زاری کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی حاجت کو بر لاتا ہے۔



دوسروں کے ساتھ مل کر دعاء مانگنا بھی استجابت پر اثر انداز ہوتا ہے اس لیے کہ ممکن ہے کہ ان میں کوئی ایسا مرد صالح بھی ہو جس کی خاطر سب کی دعائیں قبول ہو جائیں۔ اور دوسروں کو اپنی دعاء میں شریک کرنا بھی استجابت دعاء کا باعث ہوتا ہے۔ چنانچہ ارشاد نبویؐ ہے:

**اذا دعا احدکم فلیعم فی الدعاء فانہ اوجب للدعاء**

جب تم میں سے کوئی ایک دعا کرے تو دوسروں کو بھی دعاء میں شریک کرے تا کہ وہ قبولیت دعاء کا مستحق قرار پائے۔

## شروع اور ختم دعاء کے آداب

جب دعاء کیلئے ہاتھ اٹھائے تو اس کی ابتداء حمد و تقدیس الٰہی سے کرے۔ کیونکہ اس سے طلب کرنا ایک طرح سے اس کے کرم و فیضان کا اعتراف کرنا ہے اور کرم و بخشش کا اعتراف یہ چاہتا ہے کہ طلب و سوال سے

پہلے زبان اسکی مدحت وستائش میں کھلے اورتحمید وثناء میں نغمہ ریز ہو۔یہ تحمید وستائش ایسے الفاظ میں ہونا چاہیئے جو اسکی پیش گاہِ عظمت وجلال کے شایان شان ہو۔اس لیے بہتر ہے کہ انہی الفاظ میں حمد وستائش کرے جو معصومین علیہم السلام سے مروی ہوں، چنانچہ کتاب علی سے یہ کلمات حمد منقول ہیں جنہیں دعا سے قبل پڑھنا چاہیئے۔

| | |
|---|---|
| یا من هو اقرب اليّ من حبل | ”اے وہ ذات جو شہ رگ سے بھی زیادہ مجھ سے |
| الوريد يا فعالا لما يريد، يا من | نزدیک ہے، اے وہ کہ جو وہی کرتا ہے جو چاہتا ہے |
| يحول بين المرء و قلبه يا من هو | اے وہ کہ جو آدمی اوراس کے دل میں حائل ہوجاتا |
| بالمنظر الا على يا من ليس | ہے۔اے وہ کہ جو بلند وبالا شان والا ہے، اے وہ |
| كمثله شيء. | کہ جس کی کوئی مثل ونظیر نہیں ہے۔“ |

حمد کے بعد اس کی نعمتوں اوراحسانوں کو یاد کرتے ہوئے اس کا شکریہ ادا کرے تاکہ ﴿لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ﴾ ”اگر تم میرا شکر کروگے تو میں یقیناً تمہیں زیادہ دوں گا۔“ کی بنا پر اسے زیادہ سے زیادہ نعمتیں حاصل ہوں۔پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اوران کی آل اطہار پر درود بھیجے تاکہ اس درود کی قبولیت کے ضمن میں دعا بھی قبول ہو جائے پھر اپنے گناہوں کا اعتراف کرے تاکہ احتساب نفس کا جذبہ پیدا ہو۔پھر توبہ و استغفار کرے تاکہ گناہوں کی کثافت مانع قبولیت نہ ہونے پائے۔پھر واضح الفاظ میں اپنی حاجت طلب کرے اور آخر میں درود پڑھے بلکہ وسط میں بھی درود پڑھے۔

## ذریعہ وتوسل

تمام امیدوں کا مرکز اور تمام آرزوؤں کا منتہی اللہ سبحانہٗ کی ذات ہے اور اسی سے تمام حاجتیں اور ضرورتیں وابستہ کی جاتی ہیں اوراس کے علاوہ کسی کو مستقل طور پر حاجت روا سمجھ کر پکارنا صحیح نہیں ہے اور نہ آئین اسلام میں اس کی گنجائش ہے کہ دعا میں کسی دوسری ہستی کو پکار کر اسے اللہ تعالی کے صفات میں شریک ٹھہرایا جائے۔مگر ہر چیز میں اللہ تعالی کی مشیت کے عمل دخل کا عقیدہ رکھتے ہوئے کسی کو پکارنا اور مدد چاہنا شرک نہیں ہے اور نہ ان ہستیوں کو کہ جنہیں مشیت کا ہاتھ سفارش کے لیے چن چکا ہے وسیلہ قرار دینا شرک سے کوئی تعلق رکھتا ہے۔شرک تو اس صورت میں ہوتا ہے جب انہی کو حاجت روائی کے لیے کافی سمجھ لیا جاتا اور مشیت باری کی ضرورت نہ سمجھی جاتی۔اور پھر انہیں وسیلہ قرار دینا تو ایک طرح سے اللہ کی عظمت کا اعتراف اوراپنی کوتاہی دستی کا

اقرار ہے اس طرح کہ اپنے کو براہ راست پیش گاہ سلطانی میں عرض معروض کرنے کا اہل نہ سمجھتے ہوئے ان ہستیوں کو وسیلہ قرار دے رہا ہے جو وسیلہ بن سکتے ہیں اور جن کے نفوس قویہ ظاہری رابطۂ حیات کے قطع ہونے کے بعد بھی عالم اسباب سے بے تعلق نہیں ہوتے۔ چنانچہ اسی بقائے ربط و تعلق کی وجہ سے ان کی قبروں کی زیارت کی جاتی ہے اور ان کے عتبات و مشاہد میں استجابت دعا کے اثرات ظہور میں آتے ہیں۔ تو جو شخص عمل و اعتقاد کے ذریعہ ان سے علاقہ روحانی پیدا کر لیتا ہے وہ اس کے لیے استجابت دعا کا وسیلہ ہو سکتے ہیں۔ چنانچہ امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے مروی ہے کہ آپ نے سماعہ سے فرمایا کہ حاجت طلب کرنے سے پہلے یہ کلمات توسل پڑھو تا کہ اللہ تعالیٰ تمہاری دعاء کو جلد قبول کرے۔

| | |
|---|---|
| اللّٰھم انّی اسئلک بحق محمّدؐ و علیؑ فان لھما عندک شانا من الشان و قدرا من القدر فبحق ذلک الشان و بحق ذلک القدر ان تصلّی علٰی محمدؐ و ال محمدؐ. | اے اللہ میں تجھے محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم اور علی صلوات اللہ علیہ کا واسطہ دیتا ہوں کیونکہ ان کی تیرے نزدیک بڑی قدر و منزلت ہے۔ لہٰذا اسی قدر و منزلت کے پیش نظر تو محمدؐ اور ان کی آل پر رحمت نازل فرما۔ |

اور حضرت سید الساجدین علیہ السلام ایک دعا میں اس طرح توسل فرماتے ہیں:

| | |
|---|---|
| اللّٰھم فانّی اتقرب الیک بالمحمدیّۃ الرفیعۃ و العلویۃ البیضاء و اتوجہ الیک بھما ان تعیذنی من شرّ کذا و کذا. | اے میرے معبود! محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی منزلت بلند پایہ اور علی علیہ السلام کے مرتبۂ روشن و درخشاں کے واسطہ سے تجھ سے تقرب کا خواستگار ہوں اور ان دونوں کے وسیلہ سے تیری طرف متوجہ ہوں تا کہ مجھے تو ان چیزوں کی برائی سے پناہ دے جن سے پناہ مانگی جاتی ہے |

## ادعیہ و اذکار میں عدد کی رعایت

بعض اوراد و اذکار کے اوائل یا اواخر میں یہ وارد ہوتا ہے کہ اتنی مرتبہ درود پڑھو یا اتنی دفعہ فلاں سورۃ پڑھو تو اس موقع پر عدد کا لحاظ رکھنا چاہیئے اور اسے گھٹانا بڑھانا نہ چاہیئے۔ کیونکہ اس مقام پر اس کے نتائج و اثرات

کو اس کے عدد سے وابستہ کیا گیا ہے جو کم و بیش کرنے کی صورت میں مرتب نہیں ہو سکتے۔ چنانچہ صاحب ریاض السالکین نے سید ابن طاؤس الحسینی رحمہ اللہ سے نقل کیا ہے کہ ادعیہ و اذکار میں عدد کو نظر انداز نہ کرنا چاہیئے ورنہ مطلوبہ فوائد اس سے حاصل نہ ہو سکیں گے۔ اسے یوں سمجھنا چاہیئے کہ اگر کوئی شخص کہ جس کی راست بیانی پر مکمل اعتماد و وثوق ہو اور وہ یہ کہے کہ فلاں مقام سے دس گز کے فاصلہ پر ایک خزانہ مدفون ہے اگر اسے کھودو گے تو وہ خزانہ تمہیں دست یاب ہوگا۔ تو اب کوئی شخص دس گز کے فاصلہ سے آگے یا اس فاصلہ سے پیچھے کھودے گا تو وہ خزانہ اس کے ہاتھ نہیں لگے گا۔ بعینہٖ یہی صورت اذکار و ادعیہ کی ہے کہ ان سے مطلوبہ فوائد اسی صورت میں حاصل ہو سکتے ہیں جب ان میں عدد کا لحاظ رکھا گیا ہو۔ لہٰذا گفتگو یا دوسرے کاموں میں مشغول ہوئے بغیر اس عدد کو تمام کرنا چاہیئے اور اگر دورانِ ذکر میں کلام کرنے کی ضرورت پڑ جائے تو پھر اسے از سر نو شمار کرے۔

## اوقاتِ دعاء

صحیفۂ کاملہ یا دوسری کتب ادعیہ میں جو دعائیں اوقات و ایام سے وابستہ ہیں جیسے روزِ عرفہ، عید فطر، عید اضحٰی اور نمازِ شب کے بعد کی دعائیں۔ انہیں ان کے معینہ اوقات میں پڑھنا چاہیئے۔ کیونکہ وہی لمحات ان کے لیے مناسب اور قبولیت سے قریب تر ہوتے ہیں۔ اور جو دعائیں دن اور وقت کی پابند نہیں ہیں یا ان کے علاوہ کوئی اور دعا مانگنا چاہے تو حسب ذیل اوقات استجابت کے لحاظ سے بہتر ہیں۔ سحر سے لے کر طلوع آفتاب تک، زوال آفتاب کے وقت، صبح ظہر اور مغرب کی نماز کے بعد، نمازِ وتر میں، شب ہائے قدر میں، جمعہ کے دن خطبہ اور نماز کے درمیانی وقفہ میں، جمعہ کے دن جب کہ سورج آدھا ڈوب چکا ہو، اذان اور اقامت کے درمیانی وقفہ میں، تلاوتِ قرآن کے موقع پر، بارش کے برسنے اور ہواؤں کے چلنے کے وقت اور علی الخصوص نصف شب کے بعد کہ وہ دعاء کا بہترین وقت ہے ؎

دلا بسوز کہ سوزِ تو کارہا بکند ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ دعائے نیم شبی دفع صد بلا بکند

چنانچہ امیر المومنین علیہ السلام رات کے ایک حصہ میں اٹھے اور ستاروں پر نظر کرنے کے بعد نوف ابن فضالہ بکالی سے فرمایا:

| | |
|---|---|
| يا نوف ان داؤد عليه السلام قام | ''اے نوف! داؤد علیہ السلام رات کے ایسے |
| في مثل هذه الساعة من الليل | ہی حصہ میں اٹھے اور فرمایا کہ یہ وہ گھڑی |
| فقال انها ساعة لا يدعو فيها | ہے کہ جس میں بندہ جو بھی دعا مانگے |
| عبد الآ استجيب له الآ ان يكون | مستجاب ہوگی سوائے اس شخص کے جو |
| عشارا او عريفا او شرطيا او | سرکاری ٹیکس وصول کرنے والا یا (کسی |
| صاحب عرطبة او صاحب | ظالم حکومت کی) پولیس میں ہو یا سارنگی |
| كوبة. | یا ڈھول تاشہ بجانے والا ہو۔'' |

## مقاماتِ قبولیتِ دعاء

جس طرح اوقات و ساعات اور ازمنہ و ایام کو قبولیتِ دعاء میں دخل ہے۔ اسی طرح محل و مقام بھی قبولیتِ دعا پر اثر انداز ہوتے ہیں اور وہاں پر دعا جلد مستجاب ہوتی ہے۔ چنانچہ ذیل کے مقامات استجابت دعا کے لیے مخصوص ہیں: مسجد الحرام، عرفات، مشعر الحرام مکہ، مسجد نبوی، مسجد کوفہ، مزارات ائمہ اہل بیت علیہم السلام اور علی الخصوص روضہ سید الشہداء حسین ابن علی علیہما السلام کہ اس کے متعلق وارد ہوا ہے کہ ﴿الاجابة تحت قبته﴾ ''ان کے گنبد مزار کے نیچے دعائیں قبول ہوتی ہیں۔''

وَ اٰخِرُ دَعْوٰنَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ.

جعفر حسین، قلمہ

# باب اول

## دہ سورہ کا بیان

### ۱۔ سورۂ یٰسین اور اس کی فضیلت:۔

یہ قرآن مجید کی وہی مبارک سورہ ہے جسے ''قلب قرآن'' کہا جاتا ہے۔

(۱) حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مروی ہے کہ خلوص نیت سے اس کے پڑھنے والے کو بارہ عدد ختم قرآن کا ثواب ملتا ہے اور اس کے پڑھنے سے سکرات موت سے راحت نصیب ہوتی ہے۔

(۲) حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے، فرمایا: جو شخص سورۂ یٰسین کو صبح کے وقت پڑھے تو وہ شام تک اور جو شام کو پڑھے تو وہ صبح تک ہر بلا اور شیطان کے شر سے محفوظ بھی رہتا ہے اور اسے روزی بھی ملتی ہے اور اگر اس اثناء میں مرجائے تو خدائے کریم اسے جنت النعیم میں داخل کرتا ہے۔ (مجمع الحسنات)

(۳) مروی ہے کہ ہر بلا ءو مصیبت سے اپنی اور اپنے اہل وعیال اور اپنے مال ومنال کی حفاظت کے لیے سورۂ یٰسین پڑھا کرو۔ (ایضاً)

سورۂ یٰسین یہ ہے:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

(شروع کرتا ہوں) اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

یٰسٓ (۱) وَالۡقُرۡاٰنِ الۡحَکِیۡمِ (۲) اِنَّکَ لَمِنَ الۡمُرۡسَلِیۡنَ (۳) عَلٰی صِرَاطٍ

یاسین (۱) قرآن حکیم کی قسم (۲) یقیناً آپ (خدا) کے رسولوں میں سے ہیں (۳) (اور) سیدھے راستے پر ہی ہیں (۴) (یہ قرآن) عزیز (غالب اور)

مُّسۡتَقِیۡمٍ (۴) تَنۡزِیۡلَ الۡعَزِیۡزِ الرَّحِیۡمِ (۵) لِتُنۡذِرَ قَوۡمًا مَّاۤ اُنۡذِرَ اٰبَآؤُہُمۡ فَہُمۡ

بڑے مہربان کا نازل کیا ہوا ہے (۵) تاکہ آپ اس قوم کو ڈرائیں جس کے باپ دادا کو (براہ راست کسی پیغمبر سے) ڈرایا نہیں گیا اس لئے وہ غافل ہیں (۶)

غٰفِلُوْنَ (۶) لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰٓی اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ (۷) اِنَّا جَعَلْنَا فِیْٓ

ان میں سے اکثر پر (ان کے تعصب وعناد کی وجہ سے) یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ وہ ایمان نہیں لائیں گے (۷) ہم نے (ان کے پیہم کفر وعناد کی وجہ سے

اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِیَ اِلَی الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ (۸) وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ

گویا) ان کی گردنوں میں (گمراہی اور شیطان کی غلامی کے) طوق ڈال دیئے ہیں جو ان کی ٹھوڑیوں تک آ گئے ہیں اس لئے وہ سر اوپر اٹھائے ہوئے ہیں

سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ (۹) وَ سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَ

(لہٰذا وہ سر جھکا نہیں سکتے (۸) اور ہم نے ایک دیوار ان کے آگے کھڑی کر دی ہے اور ایک دیوار ان کے پیچھے کھڑی کر دی ہے (اس طرح) ہم نے انہیں

اَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ (۱۰) اِنَّمَا تُنْذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَ خَشِیَ

ڈھانک دیا ہے پس وہ کچھ دیکھ نہیں سکتے (۹) ان کیلئے (دونوں باتیں) برابر ہیں خواہ آپ انہیں ڈرائیں یا نہ ڈرائیں وہ ایمان نہیں لائیں گے (۱۰) آپ تو

الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ. فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَّ اَجْرٍ كَرِيْمٍ (۱۱) اِنَّا نَحْنُ نُحْیِ الْمَوْتٰی

صرف اس شخص کو ڈرا سکتے ہیں جو نصیحت کی پیروی کرے اور بے دیکھے خدائے رحمٰن سے ڈرے پس ایسے شخص کو مغفرت (بخشش) اور عمدہ اجر کی خوشخبری دے

وَ نَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَ اٰثَارَهُمْ وَ كُلَّ شَیْءٍ اَحْصَيْنٰهُ فِیْٓ اِمَامٍ مُّبِيْنٍ (۱۲) وَ



دیں (۱۱) بے شک ہم ہی مردوں کو زندہ کرتے ہیں اور ان کے وہ اعمال لکھ لیتے ہیں جو وہ آگے بھیج چکے ہیں اور ان کے وہ آثار بھی ثبت کرتے ہیں جو وہ اپنے

اضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا اَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ. اِذْ جَآءَهَا الْمُرْسَلُوْنَ (۱۳) اِذْ اَرْسَلْنَا

پیچھے چھوڑ جاتے ہیں اور ہم نے ہر چیز کو امام مبین میں جمع کر دیا ہے (۱۲) اور (ان کو سمجھانے کیلئے) بطور مثال ایک خاص بستی کا قصہ سنائیں جب ان کے پاس

اِلَيْهِمُ اثْنَيْنِ فَكَذَّبُوْهُمَا فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ فَقَالُوْٓا اِنَّآ اِلَيْكُمْ مُّرْسَلُوْنَ (۱۴) قَالُوْا

(ہمارے) پیغام رساں آئے (۱۳) (پہلے) ہم نے ان کی طرف دو (رسول) بھیجے تو انہوں نے ان دونوں کو جھٹلایا تو ہم نے انہیں تیسرے (رسول) کے

مَآ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا. وَمَآ اَنْزَلَ الرَّحْمٰنُ مِنْ شَیْءٍ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا تَكْذِبُوْنَ (۱۵)

ساتھ تقویت دی۔ چنانچہ تینوں نے کہا کہ ہم تمہارے پاس بھیجے گئے ہیں (۱۴) ان لوگوں نے کہا تم بس ہمارے ہی جیسے انسان ہو اور خدائے رحمٰن نے (تم

قَالُوْا رَبُّنَا يَعْلَمُ اِنَّآ اِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُوْنَ (۱۶) وَمَا عَلَيْنَآ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ (۱۷)

پر) کوئی چیز نازل نہیں کی ہے تم بالکل جھوٹ بول رہے ہو (۱۵) رسولوں نے کہا کہ ہمارا پروردگار خوب جانتا ہے کہ ہم تمہاری طرف بھیجے گئے ہیں (۱۶) اور

قَالُوْٓا اِنَّا تَطَيَّرْنَا بِكُمْ. لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهُوْا لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَ لَيَمَسَّنَّكُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِيْمٌ

ہماری ذمہ داری صرف یہ ہے کہ ہم (خدا کا پیغام) صاف صاف پہنچا دیں تو بستی والوں نے کہا کہ ہم تو تمہیں اپنے لئے فال بد سمجھتے ہیں (کہ تمہارے آنے سے قحط

(۱۸) قَالُوْا طَآئِرُكُمْ مَعَكُمْ. اَئِنْ ذُكِّرْتُمْ. بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُسْرِفُوْنَ (۱۹)

پڑ گیا ہے) اگر تم باز نہ آئے تو ہم تمہیں سنگسار کر دیں گے اور ہماری طرف سے تمہیں دردناک سزا ملے گی (۱۸) رسولوں نے کہا کہ تمہاری فال بد تو تمہارے ساتھ ہے کیا

وَجَآءَ مِنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ رَجُلٌ يَّسْعٰى قَالَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِيْنَ (۲۰) اتَّبِعُوْا

اگر تمہیں نصیحت کی جائے (تو یہ بات بدشگونی ہے)؟ حقیقت یہ ہے کہ تم حد سے بڑھ جانے والے لوگ ہو (۱۹) اور ایک شخص شہر کے پرلے سرے سے دوڑتا ہوا آیا

مَنْ لَّا يَسْئَلُكُمْ اَجْرًا وَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ (۲۱) وَمَالِيَ لَآ اَعْبُدُ الَّذِيْ فَطَرَنِيْ وَ اِلَيْهِ

اور کہا اے میری قوم! رسولوں کی پیروی کرو (۲۰) ان لوگوں کی پیروی کرو جو تم سے کوئی معاوضہ نہیں مانگتے اور خود ہدایت یافتہ بھی ہیں (۲۱) مجھے کیا ہو گیا ہے کہ میں

تُرْجَعُوْنَ (۲۲) ءَ اَتَّخِذُ مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً اِنْ يُّرِدْنِ الرَّحْمٰنُ بِضُرٍّ لَّا تُغْنِ عَنِّيْ

اس ہستی کی عبادت نہ کروں جس نے مجھے پیدا کیا ہے حالانکہ تم سب اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے (۲۲) کیا میں اسے چھوڑ کر ایسے خداؤں کو اختیار کروں کہ اگر خدائے

شَفَاعَتُهُمْ شَيْئًا وَّلَا يُنْقِذُوْنِ (۲۳) اِنِّيْٓ اِذًا لَّفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ (۲۴) اِنِّيْٓ اٰمَنْتُ

رحمن مجھے کوئی نقصان پہنچانا چاہے تو ان کی سفارش مجھے کوئی فائدہ نہ پہنچا سکے اور نہ ہی وہ مجھے چھڑا سکیں (۲۳) (اگر میں ایسا کروں) تو میں اس وقت کھلی ہوئی گمراہی

بِرَبِّكُمْ فَاسْمَعُوْنِ (۲۵) قِيْلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ قَالَ يٰلَيْتَ قَوْمِيْ يَعْلَمُوْنَ (۲۶)

میں مبتلا ہوں گا (۲۴) میں تو تمہارے پروردگار پر ایمان لے آیا ہوں تم میری بات (کان لگا کر) سنو (اور ایمان لے آؤ) (۲۵) (انجام کار ان لوگوں نے اس مومن کو سنگسار

بِمَا غَفَرَلِيْ رَبِّيْ وَ جَعَلَنِيْ مِنَ الْمُكْرَمِيْنَ (۲۷) وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰى قَوْمِهٖ مِنْ

کر دیا اور اس سے) کہا گیا کہ بہشت میں داخل ہو جا۔ وہ کہنے لگا کاش میری قوم کو معلوم ہو جاتا کہ میرے پروردگار نے کس وجہ سے مجھے بخش دیا ہے اور مجھے معزز لوگوں میں

بَعْدِهٖ مِنْ جُنْدٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَمَا كُنَّا مُنْزِلِيْنَ (۲۸) اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً

سے قرار دیا ہے (۲۷) اور ہم نے اس (کی شہادت) کے بعد پھر اس کی قوم پر آسمان سے کوئی لشکر اتارا اور نہ ہی ہم کو (اتنی سی بات کیلئے لشکر) اتارنے کی

وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ خَامِدُوْنَ (۲۹) يٰحَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا

ضرورت تھی (۲۸) وہ (سزا) تو صرف ایک مہیب آواز (چنگھاڑ) تھی جس سے وہ ایک دم بجھ کر رہ گئے (۲۹) افسوس ہے (ایسے) بندوں پر کہ جب بھی ان

كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ (۳۰) اَلَمْ يَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ اَنَّهُمْ

کے پاس کوئی رسول آتا ہے تو یہ اس کا مذاق اڑاتے ہیں (۳۰) کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم ان سے پہلے کتنی قوموں کو ہلاک کر چکے ہیں

اِلَيْهِمْ لَا يَرْجِعُوْنَ (۳۱) وَاِنْ كُلٌّ لَّمَّا جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ (۳۲) وَاٰيَةٌ

(اور) وہ کبھی ان کی طرف لوٹ کر نہیں آئیں گے (۳۱) (ہاں البتہ) وہ سب (ایک بار) ہماری بارگاہ میں حاضر کئے جائیں گے (۳۲)

لَهُمُ الْاَرْضُ الْمَيْتَةُ. اَحْيَيْنٰهَا وَ اَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ يَاْكُلُوْنَ (۳۳) وَ

اور (ہماری نشانیوں میں سے) ان کیلئے ایک نشانی وہ مردہ زمین ہے جسے ہم نے زندہ کر دیا اور اس سے دانہ (غلہ) نکالا جس سے

جَعَلْنَا فِيْهَا جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّ اَعْنَابٍ وَّ فَجَّرْنَا فِيْهَا مِنَ الْعُيُوْنِ (۳۴) لِيَاْكُلُوْا

وہ کھاتے ہیں (۳۳) اور ہم نے اس (زمین) میں کھجوروں اور انگوروں کے باغات پیدا کئے اور اس سے چشمے جاری

مِنْ ثَمَرِهٖ وَمَا عَمِلَتْهُ اَيْدِيْهِمْ. اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ (۳۵) سُبْحٰنَ الَّذِيْ خَلَقَ

کر دیئے (۳۴) تاکہ وہ اس کے پھلوں سے کھائیں حالانکہ یہ ان کے ہاتھوں کی کارگزاری نہیں ہے کیا یہ لوگ (اس پر بھی) شکر ادا نہیں کرتے؟ (۳۵)

الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ وَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ وَ مِمَّا لَا يَعْلَمُوْنَ (۳۶) وَ

پاک ہے وہ ذات جس نے سب اقسام کے جوڑے جوڑے پیدا کئے ہیں خواہ (نباتات) ہو جسے زمین اگاتی ہے یا خود ان کے نفوس ہوں (بنی نوع انسان) یا

اٰيَةٌ لَّهُمُ الَّيْلُ. نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ فَاِذَا هُمْ مُّظْلِمُوْنَ (۳۷) وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ

وہ چیزیں ہوں جن کو یہ نہیں جانتے (۳۶) اور ان کیلئے ایک نشانی رات بھی ہے جس سے ہم دن کو کھینچ لیتے ہیں تو ایک دم وہ اندھیرے میں رہ جاتے

لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا. ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ (۳۸) وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى

ہیں (۳۷) اور (ایک نشانی) سورج ہے جو اپنے مقررہ ٹھکانے (مدار) کی طرف چل رہا ہے (گردش کر رہا ہے) یہ اندازہ اس (خدا) کا مقرر کیا ہوا ہے جو غالب ہے (اور) بڑا

عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِيْمِ (۳۹) لَا الشَّمْسُ يَنْۢبَغِيْ لَهَا اَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا الَّيْلُ

علم والا (۳۸) اور (ایک نشانی) چاند بھی ہے جس کی ہم نے منزلیں مقرر کر دی ہیں یہاں تک کہ وہ (آخر میں) کھجور کی پرانی شاخ کی طرح ہو جاتا ہے (۳۹) نہ سورج کے

سَابِقُ النَّهَارِ. وَ كُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ (۴۰) وَ اٰيَةٌ لَّهُمْ اَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّيَّتَهُمْ فِي

بس میں ہے کہ چاند کو جا پکڑے اور نہ ہی رات کیلئے ممکن ہے کہ وہ دن پر سبقت لے جائے اور سب (اپنے) ایک ایک فلک (دائرہ) میں تیر رہے ہیں (۴۰)

الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ (۴۱) وَ خَلَقْنَا لَهُمْ مِّنْ مِّثْلِهٖ مَا يَرْكَبُوْنَ (۴۲) وَاِنْ نَّشَاْ

اور ان کیلئے (قدرت خدا کی) ایک نشانی یہ بھی ہے کہ ہم نے ان کی نسل کو بھری ہوئی کشتی (نوح) میں سوار کیا (۴۱) اور ان کیلئے (خشکی اور تری) میں کشتی کی

نُغْرِقْهُمْ فَلَا صَرِيْخَ لَهُمْ وَلَا هُمْ يُنْقَذُوْنَ (۴۳) اِلَّا رَحْمَةً مِّنَّا وَ مَتَاعًا اِلٰى

مانند اور سواریاں پیدا کی ہیں جن پر وہ سوار ہوتے ہیں (۴۲) اور اگر ہم چاہیں تو انہیں غرق کر دیں پھر نہ کوئی ان کا فریاد رس ہو اور نہ ہی وہ چھڑائے جا سکیں (۴۳) مگر یہ کہ

حِيْنٍ (۴۴) وَ اِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّقُوْا مَا بَيْنَ اَيْدِيْكُمْ وَمَا خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ

ہماری رحمت (شامل حال) ہو جائے اور ایک (خاص) وقت تک بہرہ مند کرنا منظور ہو (۴۴) اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ ڈرو اس (انجام و عذاب) سے

(۴۵) وَمَا تَأْتِيهِمْ مِنْ ايَةٍ مِنْ ايَاتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ (۴۶) وَاِذَا

جو تمہارے آگے ہے اور اس سے ڈرو جو تمہارے پیچھے ہے کہ تم پر رحم کیا جائے (تو وہ اس کی پروا نہیں کرتے) (۴۵) اور ان کے پروردگار کی نشانیوں میں سے کوئی

قِيْلَ لَهُمْ اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنُطْعِمُ مَنْ لَّوْ

نشانی بھی ان کے پاس نہیں آتی مگر یہ کہ وہ اس سے روگردانی کرتے ہیں (۴۶) اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ اللہ نے تمہیں جو کچھ عطا کیا ہے اس سے

يَشَآءُ اللّٰهُ اَطْعَمَهٗ. اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ (۴۷) وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا

(کچھ) راہِ خدا میں بھی خرچ کرو تو کافر اہلِ ایمان سے کہتے ہیں کیا ہم اسے کھلائیں جسے اگر خدا چاہتا تو خود کھلا دیتا؟ تم لوگ کھلی ہوئی گمراہی میں مبتلا

الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ (۴۸) مَا يَنْظُرُوْنَ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً تَاْخُذُهُمْ وَهُمْ

ہو (۴۷) اور وہ (کافر) کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو بتاؤ کہ یہ (قیامت کا) وعدہ وعید کب پورا ہوگا؟ (۴۸) وہ صرف ایک مہیب آواز (چنگھاڑ) یعنی نفخِ صور کا

يَخِصِّمُوْنَ (۴۹) فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ تَوْصِيَةً وَّلَآ اِلٰٓى اَهْلِهِمْ يَرْجِعُوْنَ (۵۰) وَ

انتظار کر رہے ہیں جو انہیں اپنی گرفت میں لے لے گی جبکہ یہ لوگ (اپنے معاملات میں) باہم لڑ جھگڑ رہے ہوں گے (۴۹) (اس وقت) وہ نہ کوئی وصیت کر

نُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ مِّنَ الْاَجْدَاثِ اِلٰى رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ (۵۱) قَالُوْا يٰوَيْلَنَا



سکیں گے اور نہ ہی اپنے گھر والوں کی طرف واپس جا سکیں گے (۵۰) اور جب (دوبارہ) صور پھونکا جائے گا تو وہ ایک دم اپنی قبروں سے (نکل کر) اپنے

مَنْ ۢ بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا. هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَ صَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ (۵۲) اِنْ

پروردگار کی طرف تیز تیز چلنے لگیں گے (۵۱) (اس وقت گھبرا کر) کہیں گے ہائے افسوس! کس نے ہمیں ہماری خوابگاہ سے اٹھایا؟ (جواب دیا جائے گا) یہ

كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ (۵۳) فَالْيَوْمَ لَا

وہی (قیامت) ہے جس کا خدائے رحمٰن نے وعدہ (وعید) کیا تھا اور پیغمبروں نے بھی سچ کہا تھا (۵۲) بس وہ ایک مہیب آواز (چنگھاڑ) ہوگی پھر سب کے

تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا وَّلَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ (۵۴) اِنَّ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ

سب ہمارے حضور حاضر کر دیئے جائیں گے (۵۳) پس آج کے دن کسی پر کچھ بھی ظلم نہیں کیا جائے گا اور

الْيَوْمَ فِيْ شُغُلٍ فٰكِهُوْنَ (۵۵) هُمْ وَ اَزْوَاجُهُمْ فِيْ ظِلٰلٍ عَلَى الْاَرَآئِكِ

تمہیں بدلہ نہیں دیا جائے گا مگر انہی اعمال کا جو تم کیا کرتے تھے (۵۴) بے شک آج بہشتی لوگ اپنے مشغلہ میں خوش ہوں گے (۵۵)

مُتَّكِئُوْنَ (۵۶) لَهُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَّلَهُمْ مَّا يَدَّعُوْنَ (۵۷) سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ

وہ اور ان کی بیویاں (گھنے) سایوں میں مسندوں پر تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے (۵۶) وہاں ان کے (کھانے پینے) کیلئے (ہر قسم کے) پھل

رَحِیْمٍ(۵۸) وَامْتَازُوا الْیَوْمَ اَیُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ (۵۹) اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَیْكُمْ یَا بَنِیْ

ہوں گے اور وہ سب کچھ ہوگا جو وہ طلب کریں گے (۵۷) (انہیں) مہربان (پروردگار) کی طرف سے سلام کہا جائے گا (۵۸) (ارشادِ قدرت ہوگا) اے

اٰدَمَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوا الشَّیْطٰنَ. اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِیْنٌ (۶۰) وَّاَنِ اعْبُدُوْنِیْ. هٰذَا

مجرمو! الگ ہو جاؤ (۵۹) اے اولادِ آدم! کیا میں نے تمہیں حکم نہیں دیا تھا کہ شیطان کی پرستش نہ کرنا؟ کہ وہ تمہارا کھلا ہوا دشمن ہے (۶۰)

صِرَاطٌ مُّسْتَقِیْمٌ (۶۱) وَلَقَدْ اَضَلَّ مِنْكُمْ جِبِلًّا كَثِیْرًا. اَفَلَمْ تَكُوْنُوْا

ہاں البتہ میری عبادت کرو کہ یہی سیدھا راستہ ہے (۶۱) (اس کے باوجود) اس نے تم میں سے ایک

تَعْقِلُوْنَ (۶۲) هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِیْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ (۶۳) اِصْلَوْهَا الْیَوْمَ بِمَا كُنْتُمْ

کثیر گروہ کو گمراہ کر دیا کیا تم اتنا بھی نہیں سمجھتے تھے؟ (۶۲) یہ ہے وہ جہنم جس سے تمہیں ڈرایا جاتا تھا (۶۳)

تَكْفُرُوْنَ (۶۴) اَلْیَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰی اَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَاۤ اَیْدِیْهِمْ وَتَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ

آج اپنے کفر کی پاداش میں اس میں داخل ہو جاؤ (اور اس کی آگ تاپو) (۶۴) آج ہم ان کے مونہوں پر مہر لگا دیں گے اور ہم سے ان کے ہاتھ



بِمَا كَانُوْا یَكْسِبُوْنَ (۶۵) وَلَوْ نَشَآءُ لَطَمَسْنَا عَلٰۤی اَعْیُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ

کلام کریں گے اور ان کے پاؤں گواہی دیں گے اس کے بارے میں جو کچھ وہ کیا کرتے تھے؟ (۶۵) اور اگر ہم چاہتے تو ان کی آنکھوں کو مٹا دیتے پھر وہ

فَاَنّٰی یُبْصِرُوْنَ (۶۶) وَلَوْ نَشَآءُ لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰی مَكَانَتِهِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوْا

راستہ کی طرف دوڑتے تو ان کو کہاں نظر آتا؟ (۶۶) اور اگر ہم چاہتے تو انہیں ان کی جگہ پر مسخ کرکے رکھ دیتے

مُضِیًّا وَّلَا یَرْجِعُوْنَ (۶۷) وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِی الْخَلْقِ. اَفَلَا یَعْقِلُوْنَ (۶۸)

کہ نہ آگے بڑھ سکتے اور نہ پیچھے پلٹ سکتے (۶۷) اور جس کو ہم لمبی عمر دیتے ہیں اسے خلقت (ساخت) میں الٹ دیتے ہیں کیا

وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَمَا یَنْۢبَغِیْ لَهٗ. اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ وَّقُرْاٰنٌ مُّبِیْنٌ (۶۹) لِّیُنْذِرَ مَنْ

وہ عقل سے کام نہیں لیتے؟ (۶۸) اور ہم نے انہیں شعر و شاعری نہیں سکھائی اور نہ ہی یہ ان کے شایانِ شان ہے یہ تو بس ایک نصیحت اور واضح قرآن

كَانَ حَیًّا وَّیَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَی الْكٰفِرِیْنَ (۷۰) اَوَلَمْ یَرَوْا اَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ مِّمَّا

ہے (۶۹) تاکہ آپ (اس کی ذریعہ سے) انہیں ڈرائیں جو زندہ (دل) ہیں اور تاکہ کافروں پر حجت تمام ہو جائے (۷۰)

عَمِلَتْ اَیْدِیْنَاۤ اَنْعَامًا فَهُمْ لَهَا مٰلِكُوْنَ (۷۱) وَذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوْبُهُمْ وَ

کیا یہ لوگ نہیں دیکھتے (غور نہیں کرتے) کہ ہم نے ان کیلئے اپنے دست ہائے قدرت سے بنائی ہوئی چیزوں میں سے مویشی پیدا کئے (چنانچہ اب) یہ ان کے مالک

مِنۡهَا يَاۡكُلُوۡنَ (۷۲) وَلَهُمۡ فِيۡهَا مَنَافِعُ وَ مَشَارِبُ. اَفَلَا يَشۡكُرُوۡنَ (۷۳)

ہیں (۷۱) اور ہم نے ان (مویشیوں) کو ان کا مطیع کر دیا ہے پس ان میں سے بعض پر وہ سوار ہوتے ہیں اور بعض کا گوشت کھاتے ہیں (۷۲) اور ان کیلئے ان میں اور بھی

وَاتَّخَذُوۡا مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لَّعَلَّهُمۡ يُنۡصَرُوۡنَ (۷۴) لَا يَسۡتَطِيۡعُوۡنَ نَصۡرَهُمۡ

طرح طرح کے فائدے اور پینے کی چیزیں (دودھ وغیرہ) بھی ہیں تو کیا یہ لوگ شکر ادا نہیں کرتے؟ (۷۳) اور کیا انہوں نے اللہ کو چھوڑ کر اور خدا بنا لئے ہیں کہ شاید ان

وَهُمۡ لَهُمۡ جُنۡدٌ مُّحۡضَرُوۡنَ (۷۵) فَلَا يَحۡزُنۡكَ قَوۡلُهُمۡ اِنَّا نَعۡلَمُ مَا يُسِرُّوۡنَ وَمَا

کی مدد کی جائے گی (۷۴) حالانکہ وہ ان کی (کچھ بھی) مدد نہیں کر سکتے (بلکہ وہ (کفار) ان (بتوں) کی حفاظت اور ان کے (دفاع) کیلئے حاضر باش لشکر ہیں (۷۵)

يُعۡلِنُوۡنَ (۷۶) اَوَلَمۡ يَرَ الۡاِنۡسَانُ اَنَّا خَلَقۡنٰهُ مِنۡ نُّطۡفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيۡمٌ

(اے پیغمبر) ان لوگوں کی باتیں آپ کو رنجیدہ نہ کریں بے شک ہم خوب جانتے ہیں جو کچھ وہ چھپاتے ہیں اور جو کچھ وہ ظاہر کرتے ہیں (۷۶) کیا انسان یہ نہیں دیکھتا (اس

مُّبِيۡنٌ (۷۷) وَ ضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّ نَسِيَ خَلۡقَهٗ. قَالَ مَنۡ يُّحۡيِ الۡعِظَامَ وَهِيَ

پر غور نہیں کرتا) کہ ہم نے اسے نطفہ سے پیدا کیا ہے سو وہ یکایک (ہمارا) کھلا ہوا مخالف بن گیا (۷۷) وہ ہمارے لئے مثالیں پیش کرتا ہے اور اپنی خلقت کو

رَمِيۡمٌ (۷۸) قُلۡ يُحۡيِيۡهَا الَّذِيۡۤ اَنۡشَاَهَاۤ اَوَّلَ مَرَّةٍ. وَهُوَ بِكُلِّ خَلۡقٍ عَلِيۡمٌ (۷۹)



بھول گیا ہے وہ کہتا ہے کہ ان ہڈیوں کو کون زندہ کرے گا جبکہ وہ بالکل بوسیدہ ہو چکی ہوں؟ (۷۸) آپ کہہ دیجئے! انہیں وہی (خدا دوبارہ) زندہ کرے گا

الَّذِيۡ جَعَلَ لَكُمۡ مِّنَ الشَّجَرِ الۡاَخۡضَرِ نَارًا فَاِذَاۤ اَنۡتُمۡ مِّنۡهُ تُوۡقِدُوۡنَ (۸۰)

جس نے انہیں پہلی بار پیدا کیا تھا وہ ہر مخلوق کو خوب جانتا ہے (۷۹) (خدا) جس نے تمہارے لئے سرسبز درخت سے آگ پیدا کی ہے اس سے (اور) آگ

اَوَلَيۡسَ الَّذِيۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ بِقٰدِرٍ عَلٰۤى اَنۡ يَّخۡلُقَ مِثۡلَهُمۡ بَلٰى وَ هُوَ

سلگاتے ہو (۸۰) کیا وہ (قادر مطلق) جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اس بات پر قادر نہیں ہے کہ ان (لوگوں) جیسے (دوبارہ) پیدا کرے؟ ہاں وہ بڑا

الۡخَلّٰقُ الۡعَلِيۡمُ (۸۱) اِنَّمَاۤ اَمۡرُهٗۤ اِذَاۤ اَرَادَ شَيۡـًٔا اَنۡ يَّقُوۡلَ لَهٗ كُنۡ فَيَكُوۡنُ (۸۲)

پیدا کرنے والا (اور) بڑا جاننے والا ہے (۸۱) اس کا معاملہ تو بس یوں ہے کہ جب وہ کسی چیز کے پیدا کرنے کا ارادہ کرتا ہے تو کہہ دیتا ہے کہ ہو جا تو وہ

فَسُبۡحٰنَ الَّذِيۡ بِيَدِهٖ مَلَكُوۡتُ كُلِّ شَيۡءٍ وَّ اِلَيۡهِ تُرۡجَعُوۡنَ (۸۳)

(فوراً) ہو جاتی ہے (۸۲) پس پاک ہے وہ ذات جس کے قبضۂ قدرت میں ہر چیز کی حکومت ہے اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے (۸۳)

## ۲۔ سورۂ رحمٰن اور اس کی فضیلت

(۱) حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے، فرمایا: جو شخص سورۂ رحمٰن پڑھے اور ہر ﴿فَبِاَيِّ الآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ﴾ کے بعد ﴿لَا بِشَيْءٍ مِنْ آلَائِكَ رَبِّ اُكَذِّبُ﴾ پڑھے تو اگر رات میں پڑھے اور پھر اس رات وفات پا جائے تو اس کی موت شہادت کی موت ہوگی اور اگر دن میں پڑھے اور پھر اس دن وفات پا جائے تو اس کی موت شہادت ہوگی۔ (مصباح کفعمی)

(۳) حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے، فرمایا: ہر چیز کے لیے ایک عروس ہوتی ہے اور سورۂ رحمٰن عروس القرآن ہے۔ (مجمع الحسنات)

(۴) حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ بروزِ قیامت سورۂ رحمٰن خوبصورت شخص کی شکل میں اٹھے گی اور اپنے پڑھنے والے کی سفارش کر کے جنت میں داخل کرائے گی۔ (الباقیات الصالحات)

سورۂ رحمٰن یہ ہے:



بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

(شروع کرتا ہوں) اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اَلرَّحْمٰنُ (۱) عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ (۲) خَلَقَ الْاِنْسَانَ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ (۴) اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ

خدائے رحمٰن (۱) نے قرآن کی تعلیم دی (۲) اسی نے انسان کو پیدا کیا (۳) اسی نے اسے بولنا (مافی الضمیر بیان کرنا) سکھایا (۴) سورج

بِحُسْبَانٍ (۵) وَالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ يَسْجُدَانِ (۶) وَالسَّمَآءَ رَفَعَهَا وَوَضَعَ

اور چاند ایک (خاص) حساب کے پابند ہیں (۵) اور بوٹیاں، بیلیں اور درخت (اسی کو) سجدہ کرتے ہیں (۶) اس نے آسمان کو بلند کیا اور

الْمِيْزَانَ (۷) اَلَّا تَطْغَوْا فِي الْمِيْزَانِ (۸) وَاَقِيْمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا

میزان (عدل) رکھ دی (۷) تا کہ تم میزان (تولنے) میں زیادتی نہ کرو (۸) اور انصاف کے ساتھ ٹھیک طریقہ پر تولو اور وزن (تولنے)

تُخْسِرُوا الْمِيْزَانَ (۹) وَالْاَرْضَ وَضَعَهَا لِلْاَنَامِ (۱۰) فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَّالنَّخْلُ ذَاتُ

میں کمی نہ کرو (۹) اور اس نے زمین کو تمام مخلوق کیلئے بنایا (۱۰) اس میں (ہر طرح کے) میوے ہیں اور کھجور کے غلافوں والے درخت

الْاَكْمَامِ (۱۱) وَالْحَبُّ ذُو الْعَصْفِ وَالرَّيْحَانُ (۱۲) فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

ہیں (۱۱) اور بھوسہ والا اناج بھی اور خوشبودار پھول بھی (۱۲) سو (اے جن و انس) تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ (۱۳)

تُكَذِّبٰنِ (۱۳)خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ (۱۴)وَ خَلَقَ الْجَآنَّ مِنْ

اس نے انسان کو ٹھیکرے کی طرح کھنکھناتی ہوئی مٹی سے پیدا کیا (۱۴) اور جنات کو پیدا کیا آگ

مَّارِجٍ مِّنْ نَّارٍ (۱۵)فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ (۱۶)رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ وَ رَبُّ

کے شعلہ سے (۱۵) سو (اے جن وانس) تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ (۱۶) وہی دونوں مشرقوں کا پروردگار ہے اور وہی دونوں مغربوں کا

الْمَغْرِبَيْنِ (۱۷)فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ (۱۸)مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيٰنِ (۱۹)بَيْنَهُمَا

مالک و پروردگار ہے (۱۷) سو (اے جن وانس) تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ (۱۸) اسی نے دو دریا جاری کئے جو آپس میں مل رہے ہیں (۱۹) ان

بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيٰنِ (۲۰)فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ (۲۱)يَخْرُجُ مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ

دونوں کے درمیان ایک فاصلہ ہے جس سے وہ تجاوز نہیں کرتے (۲۰) سو (اے جن وانس) تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ (۲۱) ان دونوں

وَالْمَرْجَانُ (۲۲)فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ (۲۳)وَلَهُ الْجَوَارِ الْمُنْشَئٰتُ فِي

دریاؤں سے موتی اور مونگے نکلتے ہیں (۲۲) سو (اے جن وانس) تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ (۲۳) اور اسی کے لئے وہ (جہاز) ہیں جو

الْبَحْرِ كَالْاَعْلَامِ (۲۴)فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ (۲۵)كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ (۲۶)



سمندروں میں پہاڑوں کی طرح اٹھے ہوئے ہیں (۲۴) سو (اے جن وانس) تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ (۲۵) جو بھی روئے زمین پر ہیں

وَّ يَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلٰلِ وَ الْاِكْرَامِ (۲۷) فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ (۲۸)

وہ سب فنا ہونے والے ہیں (۲۶) اور آپ کے پروردگار کی ذات باقی رہے گی جو عظمت و اکرام والی ہے۔ (۲۷) تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں کو

يَسْئَلُهُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ. كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِيْ شَاْنٍ (۲۹) فَبِاَیِّ اٰلَآءِ

جھٹلاؤ گے؟ (۲۸) آسمانوں اور زمین میں جو بھی ہیں اسی سے (اپنی حاجتیں) مانگتے ہیں وہ ہر روز (بلکہ ہر آن) ایک نئی شان میں ہے (۲۹)

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ (۳۰) سَنَفْرُغُ لَكُمْ اَيُّهَ الثَّقَلٰنِ (۳۱) فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ

پس تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ (۳۰) اے جن وانس ہم عنقریب (تمہاری خبر لینے کیلئے) تمہاری طرف متوجہ ہونے والے ہیں (۳۱) تم

(۳۲) يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ

اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ (۳۲) اے گروہ جن وانس! اگر تم سے ہو سکے تو تم آسمانوں اور زمین کی حدود سے باہر نکل

وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا . لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ (۳۳) فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ

جاؤ (لیکن) تم طاقت اور زور کے بغیر نہیں نکل سکتے (۳۳) تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ (۳۴) تم

(۳۴) یُرْسَلُ عَلَیْکُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ. وَّ نُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرٰنِ (۳۵) فَبِاَیِّ اٰلَآءِ

دونوں پر آگ کا شعلہ اور دھواں چھوڑا جائے گا پھر تم اپنا بچاؤ نہ کر سکو گے (۳۵) تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ

رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ (۳۶) فَاِذَا انْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَکَانَتْ وَرْدَةً کَالدِّهَانِ (۳۷)

گے؟ (۳۶) (اس وقت کیا حالت ہوگی) جب آسمان پھٹ جائے گا اور (رنگے ہوئے) سرخ چمڑے کی طرح لال ہو جائے گا (۳۷) تم اپنے

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ (۳۸) فَیَوْمَئِذٍ لَّا یُسْئَلُ عَنْ ذَنْۢبِهٖۤ اِنْسٌ وَّلَا جَآنٌّ (۳۹)

پروردگار کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ (۳۸) پس اس دن کسی انسان یا جن سے اس کے گناہ کے متعلق سوال نہیں کیا جائے گا (۳۹) تم اپنے

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ (۴۰) یُعْرَفُ الْمُجْرِمُوْنَ بِسِیْمٰهُمْ فَیُؤْخَذُ بِالنَّوَاصِیْ

پروردگار کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ (۴۰) مجرم اپنے چہروں (اپنی علامتوں) سے پہچان لئے جائیں گے اور پھر پیشانیوں اور پاؤں سے پکڑے جائیں

وَالْاَقْدَامِ (۴۱) فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ (۴۲) هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِیْ یُکَذِّبُ بِهَا

گے (اور جہنم میں پھینک دیئے جائیں گے) (۴۱) سو تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ (۴۲) یہی وہ دوزخ ہے جسے مجرم لوگ جھٹلایا کرتے

الْمُجْرِمُوْنَ (۴۳) یَطُوْفُوْنَ بَیْنَهَا وَبَیْنَ حَمِیْمٍ اٰنٍ (۴۴) فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا

تھے (۴۳) وہ (مجرم) اس (دوزخ) اور اس کے انتہائی کھولتے ہوئے پانی کے درمیان گردش کرتے رہیں گے (۴۴) پس اے جن و انس! سو تم اپنے پروردگار کی



تُکَذِّبٰنِ (۴۵) وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتٰنِ (۴۶) فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ

کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ (۴۵) اور جو شخص اپنے پروردگار کی بارگاہ میں حاضری سے ڈرتا ہے اس کیلئے دو باغ ہیں (۴۶) پس تم اپنے پروردگار کی کن کن

(۴۷) ذَوَاتَاۤ اَفْنَانٍ (۴۸) فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ (۴۹) فِیْهِمَا عَیْنٰنِ تَجْرِیٰنِ

نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ (۴۷) دونوں باغ بہت سی شاخوں والے (۴۸) پس تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں جھٹلاؤ گے؟ (۴۹) ان دونوں با

(۵۰) فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ (۵۱) فِیْهِمَا مِنْ کُلِّ فَاکِهَةٍ زَوْجٰنِ (۵۲) فَبِاَیِّ

غوں میں دو چشمے جاری ہوں گے (۵۰) پس تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ (۵۱) ان دونوں باغوں میں ہر پھل کی دو قسمیں ہو

اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ (۵۳) مُتَّکِـِٕیْنَ عَلٰی فُرُشٍۭ بَطَآئِنُهَا مِنْ اِسْتَبْرَقٍ. وَجَنَا

ں گی (۵۲) پس تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ (۵۳) وہ ایسے بچھونوں پر تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے جن کے استر دبیز ریشم کے

الْجَنَّتَیْنِ دَانٍ (۵۴) فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ (۵۵) فِیْهِنَّ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ لَمْ

ہوں گے (۵۴) اور دونوں باغوں کے تیار پھل (ان کے) پس تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ (۵۵)

يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ (۵۶) فَبِاَیِّ الآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰانِ (۵۷) كَاَنَّهُنَّ

بہت ہی نزدیک ہوں گے (۵۶) پس تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ (۵۷) ان جنتوں میں نیچی نگاہ والی (حوریں) ہوں گی جن کو

الْيَاقُوْتُ وَالْمَرْجَانُ (۵۸) فَبِاَیِّ الآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰانِ (۵۹) هَلْ جَزَآءُ

ان (جنتیوں) سے پہلے نہ کسی انسان نے چھوا ہوگا اور نہ کسی جن نے (۵۸) پس تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ (۵۹) وہ (حوریں) ایسی ہوں

الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ (۶۰) فَبِاَیِّ الآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰانِ (۶۱) وَمِنْ دُوْنِهِمَا

گی جیسے یاقوت اور مرجان (۶۰) پس تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ (۶۱) نیکی کا بدلہ نیکی کے سوا اور کیا ہے

جَنَّتٰنِ (۶۲) فَبِاَیِّ الآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰانِ (۶۳) مُدْهَآمَّتٰنِ (۶۴) فَبِاَیِّ الآءِ رَبِّكُمَا

؟ (۶۲) پس تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ (۶۳) ان دونوں باغوں کے علاوہ دو باغ اور بھی ہیں (۶۴) پس تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں کو

تُكَذِّبٰانِ (۶۵) فِيْهِمَا عَيْنٰنِ نَضَّاخَتٰنِ (۶۶) فَبِاَیِّ الآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰانِ (۶۷)

جھٹلاؤ گے؟ (۶۵) دونوں گہرے سبز سیاہی مائل (۶۶) پس تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ (۶۷) ان دو باغوں میں دو چشمے ہوں

فِيْهِمَا فَاكِهَةٌ وَّنَخْلٌ وَّرُمَّانٌ (۶۸) فَبِاَیِّ الآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰانِ (۶۹) فِيْهِنَّ



گے جوش مارتے ہوئے (۶۸) پس تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ (۶۹) ان میں پھل،

خَيْرٰتٌ حِسَانٌ (۷۰) فَبِاَیِّ الآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰانِ (۷۱) حُوْرٌ مَّقْصُوْرٰتٌ فِي

کھجوریں اور انار ہوں گے (۷۰) پس تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ (۷۱) ان میں اچھی سیرت و صورت والی (حوریں)

الْخِيَامِ (۷۲) فَبِاَیِّ الآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰانِ (۷۳) لَمْ يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا

ہوں گی (۷۲) پس تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ (۷۳) ان (جنتیوں) سے پہلے کسی انسان یا جن نے انہیں چھوا

جَآنٌّ (۷۴) فَبِاَیِّ الآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰانِ (۷۵) مُتَّكِئِيْنَ عَلٰى رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَّ

بھی نہیں ہوگا (۷۴) پس تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ (۷۵) وہ (جنتی لوگ) سبز رنگ کے بچھونوں اور خوبصورت گدوں پر

عَبْقَرِیٍّ حِسَانٍ (۷۶) فَبِاَیِّ الآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰانِ (۷۷) تَبٰرَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِي

تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے (۷۶) پس تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ (۷۷) بابرکت ہے تمہارے پروردگار کا نام جو بڑی

الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ (۷۸)

عظمت اور کرامت والا ہے (۷۸)

## ۳۔ سورہ واقعہ اور اس کی فضیلت

(۱) بعض اخبار و آثار سے واضح و آشکار ہوتا ہے جو حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے مروی ہیں، فرمایا: جو شخص نمازِ عشاء کے بعد سورہ واقعہ کی تلاوت کیا کرے وہ فقر و فاقہ سے محفوظ رہتا ہے۔

(زاد المعاد)

(۲) حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے، فرمایا: جو شخص ہر رات سونے سے پہلے سورہ واقعہ پڑھا کرے تو قیامت کے دن جب اپنے پروردگار کی بارگاہ میں حاضر ہوگا تو اس کا چہرہ چودھویں کے چاند کی طرح چمکتا ہوگا۔ (ایضاً)

(۳) حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ جس شخص کو جنت کی نعمتوں کا اشتیاق ہو وہ سورہ واقعہ پڑھے۔ (مصباح کفعمی)

سورہ واقعہ یہ ہے:



بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

(شروع کرتا ہوں) اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اِذَا وَقَعَتِ الۡوَاقِعَۃُ (۱) لَیۡسَ لِوَقۡعَتِہَا کَاذِبَۃٌ (۲) خَافِضَۃٌ رَّافِعَۃٌ (۳) اِذَا

جب واقعہ ہونے والی (قیامت) واقع ہو جائے گی (۱) جس کے واقع ہونے میں کوئی جھوٹ نہیں ہے (۲) وہ (کسی کو) پست کرنے والی اور (کسی کو) بلند

رُجَّتِ الۡاَرۡضُ رَجًّا (۴) وَّ بُسَّتِ الۡجِبَالُ بَسًّا (۵) فَکَانَتۡ ہَبَآءً مُّنۡۢبَثًّا (۶)

کرنے والی ہوگی (۳) جب زمین بالکل ہلا ڈالی جائے گی (۴) اور پہاڑ ٹوٹ کر ریزہ ریزہ ہو جائیں گے (۵) (اور) پراگندہ غبار کی طرح ہو جائیں

وَّ کُنۡتُمۡ اَزۡوَاجًا ثَلٰثَۃً (۷) فَاَصۡحٰبُ الۡمَیۡمَنَۃِ ۬ۙ مَاۤ اَصۡحٰبُ الۡمَیۡمَنَۃِ (۸) وَ

گے (۶) اور تم لوگ تین قسم کے ہو جاؤ گے (۷) پس (ایک قسم) داہنے ہاتھ والوں کی ہوگی وہ داہنے ہاتھ والے کیا اچھے ہیں؟ (۸) اور (دوسری

اَصۡحٰبُ الۡمَشۡـَٔمَۃِ ۬ۙ مَاۤ اَصۡحٰبُ الۡمَشۡـَٔمَۃِ (۹) وَ السّٰبِقُوۡنَ السّٰبِقُوۡنَ (۱۰)

قسم) بائیں ہاتھ والوں کی ہوگی اور بائیں ہاتھ والے کیا برے ہیں؟ (۹) اور (تیسری قسم) سبقت کرنے والوں کی ہوگی وہ تو سبقت کرنے والے ہی

اُولٰٓئِکَ الۡمُقَرَّبُوۡنَ (۱۱) فِیۡ جَنّٰتِ النَّعِیۡمِ (۱۲) ثُلَّۃٌ مِّنَ الۡاَوَّلِیۡنَ (۱۳) وَ

ہیں (۱۰) وہی لوگ خاص مقرب (بارگاہ) ہیں (۱۱) (یہ لوگ) عیش و آرام کے باغوں میں ہوں گے (۱۲) ان کی بڑی جماعت اگلوں میں سے

قَلِيْلٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ (۱۴) عَلٰى سُرُرٍ مَّوْضُوْنَةٍ (۱۵) مُّتَّكِئِيْنَ عَلَيْهَا

ہوگی (۱۳) اور بہت تھوڑے پچھلوں میں سے ہوں گے (۱۴) مرصع تختوں پر تکیہ لگائے (۱۵) آمنے سامنے بیٹھے ہوں گے (۱۶) ان کے پاس ایسے

مُتَقٰبِلِيْنَ (۱۶) يَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ (۱۷) بِاَكْوَابٍ وَّ اَبَارِيْقَ.

غلمان (نوخیز لڑکے) ہوں گے جو ہمیشہ غلمان ہی رہیں گے (۱۷) (شراب طہور سے بھرے ہوئے) آبخورے آفتابے اور پاک و صاف شراب کے پیا

وَكَاْسٍ مِّنْ مَّعِيْنٍ (۱۸) لَّا يُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا يُنْزِفُوْنَ (۱۹) وَ فَاكِهَةٍ مِّمَّا

لے (یعنی جام بھر اجی سبو و ساغر) لئے گردش کر رہے ہوں گے (۱۸) جس سے نہ درد سر ہوگا اور نہ عقل میں فتور آئے گا (۱۹) اور وہ (غلمان) طرح طرح

يَتَخَيَّرُوْنَ (۲۰) وَلَحْمِ طَيْرٍ مِّمَّا يَشْتَهُوْنَ (۲۱) وَ حُوْرٌ عِيْنٌ (۲۲) كَاَمْثَالِ

کے پھل پیش کریں گے وہ جسے چاہیں چن لیں (۲۰) اور پرندوں کے گوشت بھی جس کی وہ خواہش کریں گے (۲۱) (اور ان کیلئے) گوری رنگت والی غزال

اللُّؤْلُؤِ الْمَكْنُوْنِ (۲۳) جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ (۲۴) لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا

چشم حوریں بھی ہوں گی (۲۲) جو چھپا کر رکھے ہوئے موتیوں کی طرح (حسین) ہوں گی (۲۳) یہ سب کچھ ان کے ان اعمال کی جزا ہے جو وہ کیا

لَغْوًا وَّلَا تَاْثِيْمًا (۲۵) اِلَّا قِيْلًا سَلٰمًا سَلٰمًا (۲۶) وَ اَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ. مَآ



کرتے تھے (۲۴) وہ اس میں کوئی فضول اور گناہ والی بات نہیں سنیں گے (۲۵) مگر صرف سلام و دعا کی آواز آئے گی (۲۶) اور وہ دائیں ہاتھ وا

اَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ (۲۷) فِيْ سِدْرٍ مَّخْضُوْدٍ (۲۸) وَّ طَلْحٍ مَّنْضُوْدٍ (۲۹) وَ

لے اور وہ دائیں والے کیا اچھے ہیں (۲۷) وہ ایسی بیری کے درختوں میں ہوں گے جن میں کانٹے نہیں ہوں گے (۲۸) اور تہ بہ تہ کیلوں میں (۲۹)

ظِلٍّ مَّمْدُوْدٍ (۳۰) وَّمَآءٍ مَّسْكُوْبٍ (۳۱) وَّ فَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ (۳۲) لَّا مَقْطُوْعَةٍ

اور (دور تک) پھیلے ہوئے سایوں میں (۳۰) اور بہتے ہوئے پانی میں (۳۱) اور بہت سے پھلوں میں (۳۲) جو نہ کبھی ختم ہوں گے اور نہ کوئی

وَّلَا مَمْنُوْعَةٍ وَّ فُرُشٍ مَّرْفُوْعَةٍ (۳۴) اِنَّآ اَنْشَاْنٰهُنَّ اِنْشَآءً (۳۵) فَجَعَلْنٰهُنَّ

روک ٹوک ہوگی (۳۳) اور اونچے بچھونوں پر ہوں گے (۳۴) ہم نے (حوروں) کو خاص نئے سرے سے پیدا کیا ہے (۳۵) پھر ان کو

اَبْكَارًا (۳۶) عُرُبًا اَتْرَابًا (۳۷) لِّاَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ (۳۸) ثُلَّةٌ مِّنَ

کنواریاں بنایا ہے (۳۶) (اور) پیار کرنے والیاں اور ہم عمر ہیں (۳۷) یہ سب نعمتیں دائیں ہاتھ والوں کے لئے ہیں (۳۸) ایک بڑی

الْاَوَّلِيْنَ (۳۹) وَ ثُلَّةٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ (۴۰) وَ اَصْحٰبُ الشِّمَالِ. مَآ اَصْحٰبُ

جماعت اگلوں میں سے (۳۹) اور ایک بڑی جماعت پچھلوں میں سے ہے (۴۰) اور بائیں ہاتھ والے اور کیا برے ہیں بائیں ہاتھ وا

الشِّمَالِ (۴۱) فِیْ سَمُوْمٍ وَّ حَمِیْمٍ (۴۲) وَّ ظِلٍّ مِّنْ یَّحْمُوْمٍ (۴۳) لَّا بَارِدٍ

لے (۴۱) وہ لو کی لپٹ (سخت تپش) اور کھولتے ہوئے پانی (۴۲) اور سیاہ دھوئیں کے سایہ میں ہوں گے (۴۳) جو نہ ٹھنڈا ہوگا

وَّلَا كَرِیْمٍ (۴۴) اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ مُتْرَفِیْنَ (۴۵) وَكَانُوْا یُصِرُّوْنَ عَلَى

اور نہ نفع بخش (۴۴) (کیونکہ) وہ اس سے پہلے (دنیا میں) خوشحال (اور عیش و عشرت میں) تھے (۴۵)

الْحِنْثِ الْعَظِیْمِ (۴۶) وَكَانُوْا یَقُوْلُوْنَ . اَئِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّ عِظَامًا ءَاِنَّا

اور وہ بڑے گناہ پر اصرار کرتے تھے (۴۶) اور کہتے تھے کہ جب ہم مر جائیں گے اور مٹی اور ہڈیاں ہو جائیں گے تو کیا ہم دوبارہ اٹھائے جائیں

لَمَبْعُوْثُوْنَ (۴۷) اَوَاٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ (۴۸) قُلْ اِنَّ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ (۴۹)

گے؟ (۴۷) اور کیا ہمارے پہلے باپ دادا بھی (اٹھائے جائیں گے؟) (۴۸) آپ کہہ دیجئے! کہ بے شک اگلے اور پچھلے (۴۹)

لَمَجْمُوْعُوْنَ . اِلٰى مِیْقَاتِ یَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ (۵۰) ثُمَّ اِنَّكُمْ اَیُّهَا الضَّآلُّوْنَ

سب ایک دن کے مقرر وقت پر اکٹھے کئے جائیں گے (۵۰) پھر تم اے گمراہو اور جھٹلانے

الْمُكَذِّبُوْنَ (۵۱) لَاٰكِلُوْنَ مِنْ شَجَرٍ مِّنْ زَقُّوْمٍ (۵۲) فَمَالِئُوْنَ مِنْهَا



والو (۵۱) تم (تلخ ترین درخت) زقوم سے کھاؤ گے (۵۲) اور اسی سے (اپنے) پیٹ

الْبُطُوْنَ (۵۳) فَشٰرِبُوْنَ عَلَیْهِ مِنَ الْحَمِیْمِ (۵۴) فَشٰرِبُوْنَ شُرْبَ الْهِیْمِ (۵۵)

بھرو گے (۵۳) اور اوپر سے کھولتا ہوا پانی پیو گے (۵۴) جس طرح سخت پیاسے اونٹ (بے تحاشا) پانی پیتے ہیں (۵۵)

هٰذَا نُزُلُهُمْ یَوْمَ الدِّیْنِ (۵۶) نَحْنُ خَلَقْنٰكُمْ فَلَوْلَا تُصَدِّقُوْنَ (۵۷) اَفَرَءَیْتُمْ

جزا و سزا کے دن یہ ان کی مہمانی ہوگی (۵۶) ہم نے ہی تمہیں پیدا کیا ہے پھر تم (قیامت کی) تصدیق کیوں نہیں کرتے؟ (۵۷) کیا تم نے بھی

مَّا تُمْنُوْنَ (۵۸) ءَاَنْتُمْ تَخْلُقُوْنَهٗ اَمْ نَحْنُ الْخٰلِقُوْنَ (۵۹) نَحْنُ قَدَّرْنَا بَیْنَكُمُ

غور کیا ہے کہ جو نطفہ تم ٹپکاتے ہو (۵۸) کیا تم اسے (آدمی بنا کر) پیدا کرتے ہو یا ہم پیدا کرنے والے ہیں (۵۹) ہم نے ہی تمہارے درمیان

الْمَوْتَ وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوْقِیْنَ (۶۰) عَلٰى اَنْ نُّبَدِّلَ اَمْثَالَكُمْ وَ نُنْشِئَكُمْ فِیْ مَا

موت (کا نظام) مقرر کیا ہے اور ہم اس سے عاجز نہیں ہیں (۶۰) کہ ہم تمہاری جگہ تم جیسے اور لوگ پیدا کر دیں اور تم کو ایسی صورت میں (یا ایسے

لَا تَعْلَمُوْنَ (۶۱) وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ النَّشْاَةَ الْاُوْلٰى فَلَوْلَا تَذَكَّرُوْنَ (۶۲)

عالم میں) پیدا کر دیں جس کو تم نہیں جانتے (۶۱) اور تم (اپنی) پہلی پیدائش کو تو جانتے ہی ہو پھر نصیحت کیوں نہیں حاصل کرتے؟ (۶۲)

اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَحْرُثُوْنَ (٦٣) ءَ اَنْتُمْ تَزْرَعُوْنَهٗ اَمْ نَحْنُ الزّٰرِعُوْنَ (٦٤) لَوْ نَشَآءُ

کیا تم نے کبھی غور کیا ہے کہ تم جو کچھ (بیج) بوتے ہو (٦٣) کیا تم اس کو اگاتے ہو یا ہم اگانے والے ہیں (٦٤) اگر ہم چاہیں تو

لَجَعَلْنٰهُ حُطَامًا فَظَلْتُمْ تَفَكَّهُوْنَ (٦٥) اِنَّا لَمُغْرَمُوْنَ (٦٦) بَلْ نَحْنُ

اس (پیداوار) کو (خشک کر کے) چورا چورا کر دیں تو تم باتیں بناتے رہ جاؤ (٦٥) کہ ہم پر تاوان پڑ گیا (٦٦) بلکہ ہم بالکل

مَحْرُوْمُوْنَ (٦٧) اَفَرَءَيْتُمُ الْمَآءَ الَّذِيْ تَشْرَبُوْنَ (٦٨) ءَ اَنْتُمْ اَنْزَلْتُمُوْهُ مِنَ

محروم ہو گئے (٦٧) کیا تم نے کبھی غور کیا ہے کہ وہ پانی جو تم پیتے ہو (٦٨) کیا تم نے اسے بادل سے اتارا ہے یا

الْمُزْنِ اَمْ نَحْنُ الْمُنْزِلُوْنَ (٦٩) لَوْ نَشَآءُ جَعَلْنٰهُ اُجَاجًا فَلَوْلَا

ہم (اس کے) اتارنے والے ہیں؟ (٦٩) اگر ہم چاہتے تو اسے سخت بھاری بنا دیتے پھر تم شکر کیوں نہیں

تَشْكُرُوْنَ (٧٠) اَفَرَءَيْتُمُ النَّارَ الَّتِيْ تُوْرُوْنَ (٧١) ءَ اَنْتُمْ اَنْشَاْتُمْ شَجَرَتَهَآ اَمْ

کرتے؟ (٧٠) کیا تم نے کبھی غور کیا ہے کہ وہ آگ جو تم سلگاتے ہو (٧١) آیا تم نے اس کا درخت پیدا کیا ہے یا ہم پیدا

نَحْنُ الْمُنْشِئُوْنَ (٧٢) نَحْنُ جَعَلْنٰهَا تَذْكِرَةً وَّمَتَاعًا لِّلْمُقْوِيْنَ (٧٣) فَسَبِّحْ



کرنے والے ہیں (٧٢) ہم نے ہی اسے یاد دہانی کا ذریعہ اور مسافروں کیلئے فائدہ کی چیز بنایا ہے (٧٣) پس تم اپنے

بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ (٧٤) فَلَآ اُقْسِمُ بِمَوٰقِعِ النُّجُوْمِ (٧٥) وَاِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ

عظیم پروردگار کے نام کی تسبیح کرو (٧٤) پس میں ستاروں کے (ڈوبنے کے) مقامات کی قسم کھاتا ہوں (٧٥) اور اگر تم سمجھو

تَعْلَمُوْنَ عَظِيْمٌ (٧٦) اِنَّهٗ لَقُرْاٰنٌ كَرِيْمٌ (٧٧) فِيْ كِتٰبٍ مَّكْنُوْنٍ (٧٨) لَّا

تو یہ بہت بڑی قسم ہے (٧٦) بے شک یہ قرآن بڑی عزت والا ہے (٧٧) نگاہوں سے پوشیدہ ایک کتاب کے اندر ہے (٧٨) اسے پاک

يَمَسُّهٗٓ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ (٧٩) تَنْزِيْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ (٨٠) اَفَبِهٰذَا الْحَدِيْثِ

لوگوں کے سوا کوئی نہیں چھو سکتا (٧٩) یہ تمام جہانوں کے پروردگار کی طرف سے نازل کردہ ہے (٨٠) کیا تم اس کتاب سے

اَنْتُمْ مُّدْهِنُوْنَ (٨١) وَتَجْعَلُوْنَ رِزْقَكُمْ اَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ (٨٢) فَلَوْلَآ اِذَا

بے اعتنائی کرتے ہو؟ (٨١) اور تم نے اپنے حصہ کی روزی یہی قرار دی ہے کہ اسے جھٹلاتے ہو (٨٢) (اگر تم کسی کے محکوم نہیں)

بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ (٨٣) وَاَنْتُمْ حِيْنَئِذٍ تَنْظُرُوْنَ (٨٤) وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْكُمْ

تو جب (مرنے والے کی) روح حلق تک پہنچ جاتی ہے (٨٣) اور تم اس وقت دیکھ رہے ہوتے ہو (٨٤) اور اس وقت ہم تم سے زیادہ مرنے وا

وَلٰكِنْ لَّا تُبْصِرُوْنَ (٨٥) فَلَوْلَا اِنْ كُنْتُمْ غَيْرَ مَدِيْنِيْنَ (٨٦) تَرْجِعُوْنَهَآ اِنْ

لے کے قریب ہوتے ہیں مگر تم دیکھتے نہیں (٨٥) پس اگر تمہیں کوئی جزا و سزا ملنے والی نہیں ہے (٨٦) تو پھر اس (روح) کو کیوں واپس لوٹا

كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ (٨٧) فَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ (٨٨) فَرَوْحٌ وَّ رَيْحَانٌ . وَّ

نہیں لیتے اگر تم (اس انکار میں) سچے ہو (٨٧) پس اگر وہ (مرنے والا) مقربین میں سے ہے (٨٨) تو اس کے لئے راحت، خوشبو دار

جَنّٰتُ نَعِيْمٍ (٨٩) وَ اَمَّآ اِنْ كَانَ مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ (٩٠) فَسَلٰمٌ لَّكَ مِنْ

عذاب اور نعمت بھری جنت ہے (٨٩) اور اگر وہ اصحاب الیمین میں سے ہے (تو اس سے کہا جاتا ہے) (٩٠) تمہارے لئے سلامتی ہو تو اصحاب

اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ (٩١) وَ اَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ الْمُكَذِّبِيْنَ الضَّآلِّيْنَ (٩٢) فَنُزُلٌ

الیمین میں سے ہے (٩١) اور اگر وہ جھٹلانے والے گمراہوں میں سے (٩٢) تو پھر اس کی مہمانی کھولتے

مِّنْ حَمِيْمٍ (٩٣) وَ تَصْلِيَةُ جَحِيْمٍ (٩٤) اِنَّ هٰذَا لَهُوَ حَقُّ الْيَقِيْنِ (٩٥)

ہوئے پانی سے ہوگی (٩٣) اور دوزخ کی تپش (اور) اس میں داخلہ ہے (٩٤) (جو کچھ بیان ہوا) بے شک یہ حق الیقین (قطعی حق)

فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ (٩٦)



ہے (٩٥) پس اپنے عظیم پروردگار کے نام کی تسبیح کرو (٩٦)

## ۴۔ سورۂ جمعہ اور اس کی فضیلت

(۱) حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے فرمایا: ہر مومن پر لازم ہے جو ہمارا شیعہ کہلاتا ہے کہ شب جمعہ میں (نمازِ مغرب کے اندر) پہلی رکعت میں سورۂ جمعہ اور دوسری میں سورۂ سبح اسم ربک الاعلیٰ کی تلاوت کرے اور جمعہ کے دن نماز جمعہ (یا ظہر) میں سورۂ جمعہ اور سورۂ منافقون پڑھے پس جو ایسا کرے گا تو وہ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرح عمل کرنے والا شمار ہوگا اور خدا کے ذمہ اس کی جزاء جنت ہے۔ (مفاتیح الجنان)

(۲) جو شخص ہر صبح و شام سورۂ جمعہ کی تلاوت کرے گا وہ شیطانی وسوسہ سے محفوظ رہے گا۔ (مجمع الحسنات)

سورۂ جمعہ یہ ہے:

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

(شروع کرتا ہوں) اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الۡاَرۡضِ الۡمَلِكِ الۡقُدُّوۡسِ الۡعَزِيۡزِ

وہ سب چیزیں جو آسمانوں میں اور زمین میں ہیں اس اللہ کی تسبیح کرتی ہیں جو بادشاہ ہے (اور نقائص سے) پاک ہے زبردست ہے (اور) بڑا

الۡحَكِيۡمِ (١) هُوَ الَّذِيۡ بَعَثَ فِي الۡاُمِّيّٖنَ رَسُوۡلًا مِّنۡهُمۡ يَتۡلُوۡا عَلَيۡهِمۡ اٰيٰتِهٖ وَ

حکمت والا ہے (۱) وہ (اللہ) وہی ہے جس نے امی قوم میں انہیں میں سے ایک رسول بھیجا جو ان کو اس (اللہ) کی آیتیں پڑھ

يُزَكِّيۡهِمۡ وَيُعَلِّمُهُمُ الۡكِتٰبَ وَالۡحِكۡمَةَ وَاِنۡ كَانُوۡا مِنۡ قَبۡلُ لَفِيۡ ضَلٰلٍ مُّبِيۡنٍ (٢)

کرسناتا ہے اور ان کو پاکیزہ بناتا ہے اور ان کو کتاب و حکمت کی تعلیم دیتا ہے اگرچہ اس سے پہلے یہ لوگ کھلی ہوئی گمراہی میں مبتلا

وَّاٰخَرِيۡنَ مِنۡهُمۡ لَمَّا يَلۡحَقُوۡا بِهِمۡ ؕ وَهُوَ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ (٣) ذٰلِكَ فَضۡلُ اللّٰهِ

تھے (۲) اور (آپ کو) ان لوگوں میں سے دوسروں کی طرف بھی بھیجا جو ابھی ان سے نہیں ملے ہیں اور وہ زبردست (اور) بڑا حکمت والا ہے (۳) یہ

يُؤۡتِيۡهِ مَنۡ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الۡفَضۡلِ الۡعَظِيۡمِ (٤) مَثَلُ الَّذِيۡنَ حُمِّلُوا التَّوۡرٰىةَ ثُمَّ لَمۡ



اللہ کا فضل و کرم ہے جسے چاہتا ہے عطا کرتا ہے اور اللہ بڑے فضل و کرم والا ہے (۴) اور جن لوگوں (یہود) کو توراۃ کا حامل بنایا گیا مگر انہوں

يَحۡمِلُوۡهَا كَمَثَلِ الۡحِمَارِ يَحۡمِلُ اَسۡفَارًا ؕ بِئۡسَ مَثَلُ الۡقَوۡمِ الَّذِيۡنَ كَذَّبُوۡا بِاٰيٰتِ

نے اس کو نہ اٹھایا ان کی مثال اس گدھے کی سی ہے جس نے بڑی بڑی کتابیں اٹھائی ہوئی ہوں اور کیا بری مثال ہے ان لوگوں کی جنہوں نے اللہ

اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهۡدِي الۡقَوۡمَ الظّٰلِمِيۡنَ (٥) قُلۡ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ هَادُوۡۤا اِنۡ زَعَمۡتُمۡ

کی آیتوں کو جھٹلایا اور اللہ ظالموں کو ہدایت نہیں دیتا (انہیں منزل مقصود تک نہیں پہنچاتا) (۵) آپ کہیے! اے یہودیو! اگر تمہارا خیال

اَنَّكُمۡ اَوۡلِيَآءُ لِلّٰهِ مِنۡ دُوۡنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الۡمَوۡتَ اِنۡ كُنۡتُمۡ صٰدِقِيۡنَ (٦) وَلَا

ہے کہ سب لوگوں کو چھوڑ کر تم ہی اللہ کے دوست ہو تو پھر موت کی تمنا کرو اگر تم (اپنے دعویٰ میں) سچے ہو (۶) اور وہ ہرگز اس

يَتَمَنَّوۡنَهٗۤ اَبَدًا ۢ بِمَا قَدَّمَتۡ اَيۡدِيۡهِمۡ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيۡمٌ ۢ بِالظّٰلِمِيۡنَ (٧) قُلۡ اِنَّ الۡمَوۡتَ

کی تمنا نہیں کریں گے اپنے ان (برے) اعمال کی وجہ سے جو وہ آگے بھیج چکے ہیں اور اللہ ظالموں کو اچھی طرح جانتا ہے (۷) آپ کہہ دیجیے! کہ وہ موت

الَّذِيۡ تَفِرُّوۡنَ مِنۡهُ فَاِنَّهٗ مُلٰقِيۡكُمۡ ثُمَّ تُرَدُّوۡنَ اِلٰى عٰلِمِ الۡغَيۡبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمۡ

ت جس سے تم بھاگتے ہو وہ بہرحال تم سے مل کر رہے گی پھر تم اس (خدا) کی بارگاہ میں لوٹائے جاؤ گے جو غائب اور حاضر کا جاننے والا ہے پھر

بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ (۸) يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ

وہ تمہیں بتائے گا جو کچھ تم کرتے رہے ہو (۸) اے ایمان والو! جب تمہیں جمعہ کے دن والی نماز کے لئے پکارا جائے (اس کی اذان

الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَ ذَرُوا الْبَيْعَ. ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ

دی جائے) تو اللہ کے ذکر (نماز جمعہ) کی طرف تیز چل کر جاؤ اور خرید وفروخت چھوڑ دو۔ یہ بات تمہارے لئے بہتر ہے اگر

تَعْلَمُوْنَ (۹) فَاِذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ فَانْتَشِرُوْا فِي الْاَرْضِ وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ

تم جانتے ہو (۹) پھر جب نماز تمام ہو چکے تو زمین میں پھیل جاؤ اور اللہ کا فضل (روزی) تلاش کرو اور اللہ کو بہت یاد

اللّٰهِ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ (۱۰) وَ اِذَا رَاَوْا تِجَارَةً اَوْ لَهْوَا

کرو تا کہ تم فلاح پاؤ (۱۰) اور (کئی لوگوں کی حالت یہ ہے کہ) جب کوئی تجارت یا کھیل تما

انْفَضُّوْۤا اِلَيْهَا وَ تَرَكُوْكَ قَآئِمًا. قُلْ مَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ مِّنَ اللَّهْوِ وَ مِنَ التِّجَارَةِ.

شہ دیکھتے ہیں تو اس کی طرف دوڑ پڑتے ہیں اور آپ کو کھڑا ہوا چھوڑ دیتے ہیں آپ کہہ دیجئے! کہ جو کچھ (اجر وثواب) اللہ کے پاس ہے وہ کھیل



وَاللّٰهُ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ (۱۱)

تماشا اور تجارت سے بہتر ہے اور اللہ بہترین رزق دینے والا ہے (۱۱)

## ۵۔ سورۂ عم یتسائلون اور اس کی فضیلت

(۱) حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے فرمایا: جو شخص ہر روز بلاناغہ سورۂ نباء کی تلاوت کرے تو سال ختم ہونے سے پہلے خدا اسے بیت اللہ کی زیارت (حج) نصیب فرمائے گا۔ (مجمع البیان)

(۲) اس سورہ کے لکھ کر بازو پر باندھنے سے بدن میں بڑی قوت پیدا ہوتی ہے۔ (مجمع الحسنات)

سورۂ نباء یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

(شروع کرتا ہوں) اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

عَمَّ يَتَسَآءَلُوْنَ (۱) عَنِ النَّبَاِ الْعَظِيْمِ (۲) الَّذِيْ هُمْ فِيْهِ مُخْتَلِفُوْنَ (۳) كَلَّا

یہ لوگ کس چیز کے بارے میں ایک دوسرے سے سوال وجواب کر رہے ہیں؟ (۱) کیا اس بڑی خبر کے بارے میں (۲) جس کے متعلق وہ باہم اختلاف کر رہے

سَيَعْلَمُوْنَ (۴) ثُمَّ كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ (۵) اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ مِهٰدًا (۶) وَّالْجِبَالَ

ہیں (۳) ہرگز نہیں! عنقریب انہیں معلوم ہو جائے گا (۴) پھر ہرگز نہیں! عنقریب انہیں معلوم ہو جائے گا (۵) کیا ہم نے زمین کو بچھونا نہیں بنایا؟ (۶) اور

اَوْتَادًا (۷) وَّخَلَقْنٰكُمْ اَزْوَاجًا (۸) وَّجَعَلْنَا نَوْمَكُمْ سُبَاتًا (۹) وَّجَعَلْنَا الَّيْلَ

پہاڑوں کو میخیں (۷) اور ہم نے تمہیں جوڑا جوڑا پیدا کیا (۸) اور تمہاری نیند کو راحت و آرام کا ذریعہ (۹) اور رات کو

لِبَاسًا (۱۰) وَّجَعَلْنَا النَّهَارَ مَعَاشًا (۱۱) وَّبَنَيْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعًا شِدَادًا (۱۲)

پردہ پوش (۱۰) اور دن کو تحصیل معاش کا وقت بنایا (۱۱) اور ہم نے تم پر سات مضبوط (آسمان) بنائے (۱۲)

وَّجَعَلْنَا سِرَاجًا وَّهَّاجًا (۱۳) وَّاَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرٰتِ مَآءً ثَجَّاجًا (۱۴)

اور ہم ہی نے (دن میں) ایک نہایت روشن چراغ (سورج) بنایا (۱۳) اور ہم نے پانی سے لبریز بادلوں سے موسلا دھار پانی برسایا (۱۴)

لِّنُخْرِجَ بِهٖ حَبًّا وَّنَبَاتًا (۱۵) وَّجَنّٰتٍ اَلْفَافًا (۱۶) اِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ كَانَ

تاکہ ہم اس کے ذریعہ سے غلہ اور سبزی اگائیں (۱۵) اور گھنے باغات (۱۶) بے شک فیصلے کے دن (قیامت) کا

مِيْقَاتًا (۱۷) يَّوْمَ يُنْفَخُ فِى الصُّوْرِ فَتَاْتُوْنَ اَفْوَاجًا (۱۸) وَّفُتِحَتِ السَّمَآءُ



ایک معین وقت ہے (۱۷) جس دن صور پھونکا جائے گا تو تم لوگ فوج در فوج آؤ گے (۱۸) اور آسمان کھول دیا جائے گا اور وہ دروازے ہی

فَكَانَتْ اَبْوَابًا (۱۹) وَّسُيِّرَتِ الْجِبَالُ فَكَانَتْ سَرَابًا (۲۰) اِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ

دروازے ہو جائے گا (۱۹) اور پہاڑ چلائے جائیں گے اور وہ بالکل سراب ہو جائیں گے (۲۰) بے شک جہنم گھات

مِرْصَادًا (۲۱) لِّلطَّاغِيْنَ مَاٰبًا (۲۲) لّٰبِثِيْنَ فِيْهَآ اَحْقَابًا (۲۳) لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا

میں ہے (۲۱) (جو سرکشوں کا ٹھکانہ ہے (۲۲) وہ اس میں مدتہائے دراز تک پڑے رہیں گے (۲۳) وہ اس میں نہ ٹھنڈک

بَرْدًا وَّلَا شَرَابًا (۲۴) اِلَّا حَمِيْمًا وَّغَسَّاقًا (۲۵) جَزَآءً وِّفَاقًا (۲۶) اِنَّهُمْ

کا مزہ چکھیں گے اور نہ کوئی پینے کی چیز (۲۴) سوائے گرم پانی اور پیپ کے (۲۵) یہ (ان کے اعمال) کے مطابق بدلہ ہے (۲۶) یہ لوگ (روز)

كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ حِسَابًا (۲۷) وَّكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا كِذَّابًا (۲۸) وَكُلَّ شَيْءٍ

حساب (قیامت) کی توقع ہی نہیں رکھتے تھے (۲۷) اور یہ ہماری آیتوں کو بے دریغ جھٹلاتے تھے (۲۸) اور ہم نے ہر چیز کو ایک نوشتہ میں شمار کر

اَحْصَيْنٰهُ كِتٰبًا (۲۹) فَذُوْقُوْا فَلَنْ نَّزِيْدَكُمْ اِلَّا عَذَابًا (۳۰) اِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ

رکھا ہے (۲۹) چکھو اس کا مزہ ہم تمہارے عذاب میں اضافہ ہی کریں گے (۳۰) بے شک پرہیزگاروں کیلئے کامیابی و

مَفَازًا (٣١) حَدَآئِقَ وَاَعْنَابًا (٣٢) وَّكَوَاعِبَ اَتْرَابًا (٣٣) وَّكَاْسًا دِهَاقًا

کامرانی ہے (۳۱) یعنی باغ اور انگور ہیں (۳۲) اور اٹھتی جوانیوں والی ہم عمر لڑکیاں (حوریں) (۳۳) اور چھلکتے ہوئے (شراب طہور کے)

(٣٤) لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا وَّلَا كِذّٰبًا (٣٥) جَزَآءً مِّنْ رَّبِّكَ عَطَآءً

جام (۳۴) وہ لوگ وہاں نہ کوئی بے ہودہ بات سنیں گے اور نہ کوئی جھوٹ (۳۵) یہ تمہارے پروردگار کی طرف سے بطور عطیہ صلہ ہے جو کافی ووا

حِسَابًا (٣٦) رَّبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الرَّحْمٰنِ لَا يَمْلِكُوْنَ مِنْهُ

فی ہے (۳۶) یعنی وہ رب رحمان کی طرف سے جو آسمانوں اور زمین اور ان کے درمیان کی سب چیزوں کا پروردگار (اور مالک) ہے (جس کی

خِطَابًا (٣٧) يَوْمَ يَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا. لَّا يَتَكَلَّمُوْنَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ

ہیبت سے) لوگوں کو اس سے بات کرنے کا یارا نہیں ہے (۳۷) جس دن روح اور فرشتے صف باندھے کھڑے ہوں گے کوئی بات نہیں کرے گا

الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا (٣٨) ذٰلِكَ الْيَوْمُ الْحَقُّ. فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ

مگر جسے خدائے رحمان اجازت دے گا اور وہ ٹھیک بات کہے گا (۳۸) یہ دن برحق ہے پس جو چاہے اپنے پروردگار کی طرف اپنا ٹھکانہ

مَاٰبًا (٣٩) اِنَّآ اَنْذَرْنٰكُمْ عَذَابًا قَرِيْبًا. يَّوْمَ يَنْظُرُ الْمَرْءُ مَا قَدَّمَتْ يَدٰهُ وَيَقُوْلُ

بنائے (۳۹) بے شک ہم نے تمہیں عنقریب آنے والے عذاب سے ڈرا دیا ہے جس دن آدمی وہ (کمائی) دیکھے گا جو اس کے ہاتھوں نے

الْكٰفِرُ يٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ تُرٰبًا (٤٠)

آگے بھیجی ہوگی اور کافر کہے گا کہ کاش میں مٹی ہوتا (۴۰)



## ۸۔ سورۂ اعلیٰ اور اس کی فضیلت

جناب شیخ صدوق علیہ الرحمہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں، فرمایا: جو شخص اپنی واجبی یا مستحبی نماز میں سورہ سبح اسم ربک الاعلیٰ پڑھے تو قیامت کے دن اس سے کہا جائے گا کہ جنت کے جس دروازے سے تیرا دل چاہے اس سے داخل ہو جا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

(شروع کرتا ہوں) اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى (١) الَّذِيْ خَلَقَ فَسَوّٰى (٢) وَالَّذِيْ قَدَّرَ

(اے نبی) اپنے بلند و برتر پروردگار کے نام کی تسبیح کیجئے (۱) جس نے (ہر چیز کو) پیدا کیا پھر درست کیا (تناسب قائم کیا) (۲) جس نے تقدیر مقرر کی

فَهَدٰی (٣) وَالَّذِیْ اَخْرَجَ الْمَرْعٰی (٤) فَجَعَلَهٗ غُثَآءً اَحْوٰی (٥) سَنُقْرِئُکَ فَلَا

(ہر چیز کا اندازہ مقرر کیا) اور (سیدھی) راہ دکھائی (٣) اس نے (جانوروں کے لئے) زمین سے چارہ نکالا (٤) پھر اسے (خشک کرکے) سیاہی مائل کوڑا بنا

تَنْسٰی (٦) اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ. اِنَّهٗ یَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا یَخْفٰی (٧) وَ نُیَسِّرُکَ

دیا (٥) ہم آپ کو (ایسا) پڑھائیں گے کہ پھر آپ نہیں بھولیں گے (٦) مگر جو اللہ چاہے (بھلا دے) بے شک وہ ظاہر کو بھی جانتا ہے اور اس کو بھی جو چھپا ہو

لِلْیُسْرٰی (٨) فَذَکِّرْ اِنْ نَّفَعَتِ الذِّکْرٰی (٩) سَیَذَّکَّرُ مَنْ یَّخْشٰی (١٠) وَ

اہے (٧) اور ہم آپ کو آسان (شریعت) کی سہولت دیں گے (٨) پس آپ نصیحت کیجئے اگر نصیحت کچھ فائدہ پہنچائے (٩) وہ شخص نصیحت قبول کرے گا

یَتَجَنَّبُهَا الْاَشْقَی (١١) الَّذِیْ یَصْلَی النَّارَ الْکُبْرٰی (١٢) ثُمَّ لَا یَمُوْتُ فِیْهَا

جو (خدا و آخرت سے) ڈرتا ہوگا (١٠) اور جو بدبخت ہے وہ اس سے گریز کرے گا (١١) جو بڑی آگ میں داخل ہوگا (١٢) پھر وہ اس میں نہ مرے گا نہ جئے

وَلَا یَحْیٰی (١٣) قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَکّٰی (١٤) وَ ذَکَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰی (١٥) بَلْ

گا (١٣) وہ شخص فائز المرام ہوا جس نے اپنے آپ کو (بداعتقادی و بدعملی سے) پاک کیا (١٤) اور اپنے پروردگار کا نام یاد کیا اور نماز پڑھی (١٥)



تُؤْثِرُوْنَ الْحَیٰوةَ الدُّنْیَا (١٦) وَالْاٰخِرَةُ خَیْرٌ وَّاَبْقٰی (١٧) اِنَّ هٰذَا لَفِی

مگر تم لوگ دنیا کی زندگی کو (آخرت پر) ترجیح دیتے ہو (١٦) حالانکہ آخرت بہتر ہے اور پائیدار ہے (١٧) یقیناً یہ بات پہلے

الصُّحُفِ الْاُوْلٰی (١٨) صُحُفِ اِبْرٰهِیْمَ وَ مُوْسٰی (١٩)

صحیفوں میں بھی ہے (١٨) یعنی ابراہیم اور موسیٰ کے صحیفوں میں (١٩)

## ٧۔ سورۂ والشمس اور اس کی فضیلت

حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے منقول ہے، فرمایا: جو شخص سورۂ والشمس کو پڑھے تو اس نے گویا ان چیزوں سے تین گنا زیادہ صدقہ دیا ہے جن پر سورج و چاند چمکتا ہے۔

---

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

(شروع کرتا ہوں) اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

وَالشَّمْسِ وَ ضُحٰهَا (١) وَالْقَمَرِ اِذَا تَلٰهَا (٢) وَالنَّهَارِ اِذَا جَلّٰهَا (٣) وَالَّیْلِ

قسم ہے سورج اور اس کی ضیا و شعاع کی (١) اور چاند کی جب وہ اس (سورج) کے پیچھے آئے (٢) اور دن کی جب وہ اس (سورج) کو خوب روشن کردے (٣) اور رات کی جب کہ وہ

إِذَا يَغْشٰهَا (۴) وَالسَّمَآءِ وَمَا بَنٰهَا (۵) وَالْاَرْضِ وَمَا طَحٰهَا (۶) وَ نَفْسٍ وَّمَا

اسے ڈھانپ لے (۴) اور آسمان کی اور اس (ذات) کی جس نے اسے بنایا (۵) اور زمین کی اور جس نے اسے بچھایا (۶) اور انسانی نفس کی اور اس کی جس نے اسے درست

سَوّٰهَا (۷) فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَ تَقْوٰهَا (۸) قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰهَا (۹) وَقَدْ خَابَ

بنایا (۷) پھر اسے اس کی بدکاری اور پرہیزگاری کا الہام (القاء) کیا (۸) بے شک وہ شخص فلاح پا گیا جس نے اس (نفس) کا تزکیہ کیا (۹) اور وہ شخص نامراد ہوا جس نے (گناہ

مَنْ دَسّٰهَا (۱۰) كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِطَغْوٰهَآ (۱۱) اِذِ انْبَعَثَ اَشْقٰهَا (۱۲) فَقَالَ

سے آلودہ کر کے) اسے دبا دیا (۱۰) قوم ثمود نے اپنی سرکشی کی وجہ سے (اپنے پیغمبر کو) جھٹلایا (۱۱) جب ان کا سب سے بڑا بدبخت (آدمی) اٹھ کھڑا ہوا (۱۲) تو اللہ کے رسول

لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ نَاقَةَ اللّٰهِ وَ سُقْيٰهَا (۱۳) فَكَذَّبُوْهُ فَعَقَرُوْهَا فَدَمْدَمَ عَلَيْهِمْ

(صالح) نے ان لوگوں سے کہا کہ اللہ کی اونٹنی اور اس کے پانی پینے سے خبردار رہنا (اس کا خیال رکھنا) (۱۳) پس ان لوگوں نے اس (رسول) کو جھٹلایا اور اونٹنی کی کونچیں کاٹ دیں

رَبُّهُمْ بِذَنْبِهِمْ فَسَوّٰهَا (۱۴) وَلَا يَخَافُ عُقْبٰهَا (۱۵)

تو ان کے پروردگار نے ان کے گناہ (عظیم) کی پاداش میں ان پر ہلاکت نازل کی اور اس (بستی) کو زمین کے برابر کر دیا (۱۴) اور اللہ کو اس واقعہ کے انجام کا کوئی خوف نہیں ہے (۱۵)



## ۸۔ سورۂ اخلاص اور اس کی فضیلت

(۱) متعدد احادیث میں وارد ہے کہ سورۂ اخلاص ثلث قرآن کے برابر ہے یعنی تین بار سورۂ قل ھو اللہ احد کے پڑھنے سے پورے ختم قرآن کا ثواب ملتا ہے۔ (تفسیر صافی)

(۲) حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مروی ہے، فرمایا: جو شخص ایک بار سورۂ قل ھو اللہ احد پڑھے اسے برکت حاصل ہوتی ہے اور جو دو مرتبہ پڑھے تو اسے بھی اور اس کے اہل وعیال کو بھی برکت نصیب ہوتی ہے اور جو دس بار پڑھے تو اگرچہ شیطان پورا زور لگائے مگر وہ گناہ سے محفوظ رہتا ہے۔ (مجمع الحسنات)

سورۂ اخلاص یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

(شروع کرتا ہوں) اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ (۱) اَللّٰهُ الصَّمَدُ (۲) لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ (۳) وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ (۴)

(اے رسول) آپ کہہ دیجئے! کہ وہ (اللہ) ایک ہے (۱) اللہ (ساری کائنات سے) بے نیاز ہے (۲) نہ اس کی کوئی اولاد ہے اور نہ وہ کسی کی اولاد ہے (۳) اور اس کا کوئی ہمسر نہیں ہے (۴)

## ۱۰۹۔ معوذتین اوران کی فضیلت

(۱) بکثرت اخبار وآثار میں وارد ہے کہ جو شخص گھر سے نکلتے وقت یا لباس فاخرہ پہن کر معوذتین کی تلاوت کرے وہ نظر بد سے محفوظ رہتا ہے اور جو شخص خواب میں ڈرتا ہو اگر وہ سونے سے پہلے سورۂ قل اعوذ برب الفلق اور سورۂ قل اعوذ برب الناس کی آیت الکرسی سمیت تلاوت کرے تو پھر نہیں ڈرے گا۔ (مصباح کفعمی)

(۲) جو شخص رات کے وقت ان کی تلاوت کرے وہ شیطانی وسوسہ سے محفوظ رہتا ہے۔ (مجمع الحسنات)

(۳) معوذتین کو لکھ کر بچہ پر باندھنے سے وہ جنات اور دوسرے حشرات الارض کے شر وضرر سے محفوظ رہتا ہے۔ (ایضاً)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

| (شروع کرتا ہوں) اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ |
|---|

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ (۱) مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ (۲) وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ (۳)



| (اے رسول) آپ کہہ دیجئے کہ میں پناہ لیتا ہوں صبح کے پروردگار کی (۱) ہر اس چیز کے شر سے جو اس نے پیدا کی ہے (۲) اور رات کی تاریکی |
|---|

وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ (۴) وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ (۵)

| کے شر سے جبکہ وہ چھا جائے (۳) اور ان کے شر سے جو گرہوں میں پھونکے مارتی ہیں (۴) اور حاسد کے شر سے جب وہ حسد کرے (۵) |
|---|

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

| (شروع کرتا ہوں) اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ |
|---|

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ (۱) مَلِكِ النَّاسِ (۲) اِلٰهِ النَّاسِ (۳) مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ

| (اے رسول) آپ کہہ دیجئے! کہ میں پناہ لیتا ہوں سب لوگوں کے پروردگار کی (۱) سب انسانوں کے بادشاہ کی (۲) سب لوگوں کے الٰہ (خدا) کی (۳) بار |
|---|

الْخَنَّاسِ (۴) الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ (۵) مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ (۶)

| بار وسوسہ ڈالنے اور چھپ جانے والے کے شر سے (۴) جو لوگوں کے دلوں میں وسوسہ ڈالتا ہے (۵) خواہ وہ جنوں میں سے ہو یا انسانوں میں سے (۶) |
|---|

## فضائل آیت الکرسی

آیت الکرسی کے فضائل بہت زیادہ ہیں۔ یہاں ہم اس کے خواص ہی کے ذکر پر اکتفا کرتے ہیں:

(۱) ہر فرض نماز کے بعد اس کا پڑھنا رزق میں فراوانی کا باعث ہے۔

(۲) اسے ہر روز صبح و شام پڑھنا چور، ڈاکو اور آتش زدگی سے تحفظ کا ذریعہ ہے۔

(۳) ہر روز فریضہ نماز کے بعد اس کا پڑھنا سانپ بچھو کا تعویذ ہے۔ بلکہ جن وانس کے ضرر سے بچاؤ کا سبب ہے۔

(۴) اگر اس کو لکھ کر کھیت میں دفن کر دیا جائے تو وہ کھیت چوری اور نقصان سے بچا رہے گا اور اس میں برکت ہوگی۔

(۵) اگر آیت الکرسی لکھ کر دکان میں رکھی جائے تو اس میں خیر و برکت کا ذریعہ بنے گی۔

(۶) اس کا گھر میں لکھ کر رکھنا چوری سے بچاؤ کا موجب ہے، اگر مرنے سے پہلے اس کو پڑھ لے تو بہشت میں اپنا مقام دیکھ لے گا۔



(۷) ہر شب سوتے وقت اس کا پڑھنا فالج سے حفاظت کا باعث ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

| (شروع کرتا ہوں) اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے |
|---|

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا

| اللہ (ہی وہ ذات) ہے جس کے علاوہ کوئی الٰہ نہیں ہے، زندہ (جاوید) ہے جو (ساری کائنات کا) بندوبست کرنے والا ہے اسے نہ اونگھ آتی ہے اور نہ نیند، جو کچھ آسمانوں |
|---|

فِی الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ

| اور جو کچھ زمین میں ہے وہ سب اسی کا ہے کون ہے جو اس کی (پیشگی) اجازت کے بغیر اس کی بارگاہ میں (کسی کی) سفارش کرے؟ جو کچھ بندوں کے سامنے ہے وہ اسے بھی |
|---|

وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

| جانتا ہے اور جو کچھ ان کے پیچھے ہے اسے بھی جانتا ہے اور وہ (بندے) اس کے علم میں سے کسی چیز (ذرا) پر بھی احاطہ نہیں کر سکتے مگر جس قدر وہ چاہے اس کی کرسی (علم و |
|---|

وَلَا یَؤُدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ۝ لَآ اِكْرَاهَ فِی الدِّیْنِ قَدْ تَّبَیَّنَ الرُّشْدُ

| اقتدار) آسمان و زمین کو گھیرے ہوئے ہے اور ان دونوں (آسمان و زمین) کی نگہداشت اس پر گراں نہیں گزرتی وہ برتر ہے اور بڑی عظمت والا ہے دین کے معاملہ میں کوئی |
|---|

مِنَ الْغَيِّ فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ

زبردستی نہیں ہے۔ ہدایت گمراہی سے الگ واضح ہو چکی ہے۔ اب جو شخص طاغوت (شیطان اور ہر باطل قوت) کا انکار کرے اور خدا پر ایمان لائے اس نے یقیناً مضبوط رسی تھام

الْوُثْقٰى لَا انْفِصَامَ لَهَا وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ٥ اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُخْرِجُهُمْ مِّنَ

لی ہے۔ جو کبھی ٹوٹنے والی نہیں ہے۔ اور خدا (سب کچھ) سننے والا اور خوب جاننے والا ہے۔ اللہ ان لوگوں کا سرپرست ہے جو ایمان لائے وہ انہیں (گمراہی کے) اندھیروں

الظُّلُمَاتِ اِلَى النُّوْرِ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِيَآءُهُمُ الطَّاغُوْتُ يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ

سے (ہدایت کی) روشنی کی طرف نکالتا ہے۔ اور جن لوگوں نے کفر اختیار کیا ان کے سرپرست طاغوت (شیطان و باطل کی قوتیں) ہیں جو انہیں (ایمان کی) روشنی سے نکال کر

النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ. اُولٰٓئِكَ اَصْحَابُ النَّارِ. هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ.

(کفر کے) اندھیروں کی طرف لے جاتے ہیں۔ یہی دوزخی لوگ ہیں جو اس میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے۔

## باب دوّم

## باقیاتِ صالحات یا ثواب کا خزانہ در تعقیباتِ مشترکہ و مختصہ نمازہائے پنجگانہ

مخفی نہ رہے کہ نمازہائے پنجگانہ کے تعقیبات پڑھنے کی احادیث اہل بیتؑ میں بڑی فضیلت وارد ہوئی ہے۔ چنانچہ متعدد احادیث میں وارد ہے کہ نمازِ فریضہ کے بعد تعقیبات میں مشغول ہونا طلبِ معاش میں نکلنے، مستحبی نماز پڑھنے سے افضل ہے اور حج بیت اللہ کے برابر ہے۔ (وسائل الشیعہ و مستدرک الوسائل)



اگرچہ تمام فقہاء کا اتفاق ہے کہ تعقیبات میں بیٹھنا، باوضو ہونا اور رو بقبلہ ہونا شرط نہیں ہے بلکہ ہر حالت میں پڑھے جا سکتے ہیں۔ مگر افضل یہ ہے کہ بیٹھ کر بلکہ بحالت تشہد رو بقبلہ اور باطہارت بلکہ اولیٰ یہ ہے کہ منافیاتِ نماز بجا لانے سے پہلے پڑھے جائیں۔ پھر ان تعقیبات کی دو قسمیں ہیں: (۱) تعقیباتِ مشترکہ:۔ جو نمازہائے پنجگانہ میں سے ہر نماز کے بعد پڑھے جاتے ہیں۔ (۲) تعقیباتِ مختصہ:۔ جو ہر نمازہائے پنجگانہ میں سے کسی ایک نماز کے ساتھ مختص ہوتے ہیں۔ اور چونکہ ہر دو قسم کے تعقیبات بہت زیادہ ہیں اور آج کل کے اس مشینی دور میں جبکہ کام کی کثرت اور فرصت کی قلت ہے ہم کوشش کریں گے کہ یہاں ہر دو قسم میں سے صرف وہ تعقیبات پیش کریں جو تعداد و حجم میں مختصر و کم تر ہوں اور اجر و ثواب اور فائدہ میں زیادہ و بہتر ہوں انشاء اللہ۔

### تعقیباتِ مشترکہ

چنانچہ پہلے یہاں چند چیدہ چیدہ تعقیبات مشترکہ بیان کئے جاتے ہیں اور بعد ازاں تعقیبات مختصہ کا تذکرہ کیا جائے گا انشاء اللہ۔ اور یہ تعقیبات چند ہیں۔

(۱) نماز کے سلام کے بعد تین مرتبہ تکبیر یعنی ﴿اَللّٰہُ اَکْبَرُ﴾ کہنا اور اس وقت ہاتھوں کا کانوں تک بلند کرنا۔

(۲) بعد ازاں یہ دعا پڑھنا:

﴿لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ وَحْدَهٗ وَحْدَهٗ اَنْجَزَ وَعْدَهٗ وَ نَصَرَ عَبْدَهٗ وَ اَعَزَّ جُنْدَهٗ وَ غَلَبَ

نہیں کوئی معبود مگر اللہ وہ یکتا ہے یکتا ہے یکتا ہے اس نے وعدہ پورا کیا ہے اپنے بندے کی مدد کی اور اپنے لشکر کو عزت دی اور گروہوں

الْاَحْزَابَ وَحْدَهٗ فَلَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَ يُمِيْتُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ﴾

پر غالب آیا وہ یکتا ہے حکومت اسی کی اور حمد اسی کے لیے ہے وہ زندہ کرتا اور موت دیتا ہے اور وہی ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔

(۳) بعد ازاں جناب سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کی تسبیح پڑھی جائے جو سب تعقیبات میں سے افضل ہے حتیٰ کہ جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے، فرمایا: ہر نماز کے بعد تسبیح جناب سیدہؑ پڑھنا مجھے ہر روز ایک ہزار رکعت نافلہ پڑھنے سے زیادہ محبوب ہے۔ (الکافی، الوسائل) نیز حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے، فرمایا: ہم اپنے بچوں کو تسبیح حضرت زہراؑ کے پڑھنے کا اسی طرح حکم دیتے ہیں جس طرح نماز پڑھنے کا حکم دیتے ہیں۔ (الباقیات الصالحات) واضح رہے کہ افضل یہ ہے کہ خاک شفا کی تسبیح پر یہ تسبیح پڑھی جائے بعد ازاں سرخ عقیق کی تسبیح ہے اور اگر یہ میسر نہ ہوں تو پھر کسی بھی تسبیح پر پڑھی جا سکتی ہے۔ طریقہ وہی منصور ہے جو مشہور ہے کہ پہلے ۳۴ مرتبہ ﴿اَللّٰهُ اَكْبَرُ﴾ پھر ۳۳ مرتبہ ﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ﴾۔ بعد ازاں ۳۳ مرتبہ ﴿سُبْحَانَ اللّٰهِ﴾۔ اور تسبیح پڑھنے کے بعد ایک بار ﴿لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ﴾ کہنا افضل ہے۔



(۴) اس کے بعد تین بار یہ استغفار پڑھنا مستحب ہے:

﴿اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ذُو الْجَلَالِ وَ الْاِكْرَامِ وَ اَتُوْبُ اِلَيْهِ﴾

میں بخشش چاہتا ہوں اس خدا سے جس کے سوا کوئی معبود نہیں وہ زندہ پائندہ ہے صاحب جلال و بزرگواری ہے اور میں اسی کے حضور توبہ کرتا ہوں۔

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے مروی ہے: فرمایا جو شخص نماز کے بعد زانو بدلنے سے پہلے تین بار یہ استغفار پڑھے تو خداوند عالم اس کے گناہ معاف کر دیتا ہے۔ اگرچہ کف دریا کے برابر ہوں۔ (الکافی)

(۵) اسی طرح اس دعا کا ہر نماز کے بعد پڑھنا تکمیل ایمان اور اس کی سلامتی کے لیے مفید ہے۔ یہ دعا حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے۔ (تہذیب الاحکام)

﴿رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَ بِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ نَبِيًّا وَ بِالْاِسْلَامِ دِيْنًا

میں راضی ہوں اس پر کہ اللہ میرا رب، محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم میرے نبی، اسلام میرا دین،

وَ بِـالْـقُـرْآنِ كِـتَـابًـا وَ بِـعَـلِـيٍّ وَلِـيًّـا وَ اِمَـامًـا وَ بِـالْـحَسَـنِ وَ الْـحُسَـيْـنِ

اور قرآن میرا کتاب، اور علیؑ میرے ولی و امام ہیں حضرت حسنؑ، حضرت حسینؑ،

وَالْاَئِـمَّةِ صَـلَـوَاتُ الـلّٰـهِ عَـلَـيْهِـمُ الـلّٰـهُمَّ اِنِّـىْ رَضِـيْـتُ بِهِـمْ اَئِـمَّةً

اور دوسرے نو ائمہ علیہم السلام میرے امام ہیں۔ یا اللہ! میں ان حضرات کے امام ہونے پر راضی ہوں

فَـارْضَـنِـىْ لَهُـمْ اِنَّکَ عَـلٰـى كُـلِّ شَىْءٍ قَـدِيْـرٌ ۔(تہذیب الاحکام)

تو ان کو بھی میرے اوپر راضی فرما اور مجھے ان کی پسندیدہ شخصیت قرار دے بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے۔

(۶) ہر نماز کے بعد تیس یا چالیس مرتبہ تسبیحاتِ اربعہ پڑھنے کی بڑی فضیلت وارد ہوئی ہے جو یہ ہیں:

﴿سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَاۤ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ﴾

اللہ پاک ہے حمد اللہ ہی کے لیے ہے اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ بزرگ ہے۔

بعض روایات میں اس ارشاد خداوندی ﴿اُذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا﴾ ’’اللہ کو بکثرت یاد کرو‘‘ کی تفسیر ہر نماز کے بعد تیس بار تسبیحاتِ اربعہ پڑھنے سے کی گئی ہے۔(البرہان) اور حضرت پیغمبر اسلام ﷺ سے مروی ہے، فرمایا: جو شخص نماز کے بعد تیس بار تسبیحاتِ اربعہ پڑھے وہ اس دن اپنے اوپر مکان کی چھت گرنے، آگ میں جلنے، پانی میں غرق ہونے، کنویں میں گرنے اور بری موت مرنے سے محفوظ رہتا ہے۔(تہذیب الاحکام) اور حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے، فرمایا: ہر نماز (فریضہ) کے بعد تیس بار تسبیحاتِ اربعہ پڑھنے سے تمام گناہ جھڑ جاتے ہیں۔(امالی شیخ صدوقؒ)

(۷) ہر نماز کے بعد یہ دعا پڑھنے کی بڑی فضیلت وارد ہوئی ہے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ اَجِرْنِىْ مِنَ النَّارِ وَ اَدْخِلْنِى الْجَنَّةَ

اے معبود درود بھیج سرکار محمدؐ و آل محمدؐ پر اور مجھے جہنم کی آگ سے بچا اور جنت میں داخل فرما

وَ زَوِّجْنِى الْحُوْرَ الْعِيْنَ.

اور سیاہ چشم حور سے میری تزویج کر دے۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں: جب بندہ نماز کے بعد یہ دعا پڑھتا ہے تو دوزخ بارگاہ خدا میں عرض کرتی ہے کہ یا اللہ! جب تیرا بندہ مجھ سے آزادی چاہتا ہے تو تو اسے آزاد کر دے۔ اور جنت عرض کرتی

ہے: یا اللہ! جب تیرا بندہ مجھے تجھ سے طلب کرتا ہے تو تو اسے عطا کر دے اور حوریں عرض کرتی ہیں: یا اللہ! جب تیرا بندہ تجھ سے ہماری منگنی کا سوال کرتا ہے۔ تو تو اس سے ہماری تزویج کر دے۔ (الکافی)

(۸) ہر نماز کے بعد یہ دعا پڑھی جائے جس کے بارے میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ ہر نماز کے بعد اس دعا کا پڑھنا ترک نہ کرو۔ (الکافی)

اُعِیْذُ نَفْسِیْ وَمَا رَزَقَنِیْ رَبِّیْ بِاللّٰہِ الْوَاحِدِ الصَّمَدِ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَ لَمْ یُوْلَدْ o وَ لَمْ

میں نے اپنی جان اور خدا سے ملی نعمتوں کو پناہ خدا میں دیا وہ واحد و بے نیاز جس نے نہ کسی کو جنا نہ وہ جنا گیا اور نہ کوئی اس کا ہم پلہ ہے۔ میں

یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ o وَ اُعِیْذُ نَفْسِیْ وَمَا رَزَقَنِیْ رَبِّیْ بِرَبِّ الْفَلَقِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَمِنْ

نے اپنی جان اور خدا سے ملی نعمتوں کو صبح کرنے والے رب کی پناہ میں دیا اس کی مخلوق کے شر سے اور تاریکی کے شر سے جب وہ چھا جائے

شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ وَ اُعِیْذُ

گانٹھوں پر پھونکنے والیوں کے شر سے اور حاسد کے شر سے جب وہ حسد کرے۔ میں نے اپنی جان اور خدا سے ملی نعمتوں کو انسان کے

نَفْسِیْ وَمَا رَزَقَنِیْ رَبِّیْ بِرَبِّ النَّاسِ مَلِکِ النَّاسِ اِلٰہِ النَّاسِ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ

رب کی پناہ میں دیا جو انسانوں کا بادشاہ اور معبود ہے۔ گھات لگانے، وسوسے ڈالنے والے کے شر سے جو انسانوں کے

الْخَنَّاسِ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ مِنَ الْجِنَّۃِ وَ النَّاسِ o

دلوں میں وسوسے ڈالتا ہے۔ وہ جنوں سے یا انسانوں سے ہو۔

(۹) ہر نماز کے بعد یہ دعا پڑھی جائے جس کے بارے میں حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مروی ہے، فرمایا: جو شخص چاہتا ہے کہ قیامت کے دن خداوند عالم اس کے گناہوں کے دفتر کو نہ کھولے اور اسے اس کے برے اعمال پر مطلع نہ کرے تو ہر نماز کے بعد یہ دعا پڑھا کرے۔ (البلد الامین)

اور وہ دعا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ اِنَّ مَغْفِرَتَکَ اَرْجٰی مِنْ عَمَلِیْ وَ اِنَّ رَحْمَتَکَ اَوْسَعُ مِنْ ذَنْبِیْ اَللّٰھُمَّ اِنْ کَانَ

اے معبود! تیری بخشش میرے اعمال سے زیادہ امید افزا ہے اور تیری رحمت میرے گناہوں سے زیادہ وسیع ہے اے معبود! اگر میرے گناہ

ذَنْبِیْ عِنْدَکَ عَظِیْمًا فَعَفْوُکَ اَعْظَمُ مِنْ ذَنْبِیْ اَللّٰھُمَّ اِنْ لَمْ اَکُنْ اَھْلاً اَنْ تَرْحَمَنِیْ

تیرے نزدیک بڑے ہیں تو تیری درگزر میرے گناہوں سے بہت بڑی ہے اے معبود! اگر میں تیری رحمت کے لائق نہیں تو تیری رحمت

فَرَحْمَتُکَ اَهْلٌ اَنْ تَبْلُغَنِیْ وَ تَسَعَنِیْ لِاَنَّهَا وَسِعَتْ کُلَّ شَیْءٍ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ.

اس لائق ہے کہ مجھ تک پہنچ جائے اور مجھے گھیر لے کیونکہ وہ ہر چیز پر چھائی ہوئی ہے تیری رحمت کا واسطہ اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے

(۱۰) دنیا و آخرت کی خیر و خوبی کے حصول کے لیے ہر نماز کے بعد یہ دعا پڑھی جائے:

اَللّٰهُمَّ اهْدِنِیْ مِنْ عِنْدِکَ وَ اَفِضْ عَلَیَّ مِنْ فَضْلِکَ وَ انْشُرْ عَلَیَّ مِنْ رَحْمَتِکَ

اے معبود! تو مجھے اپنی طرف سے ہدایت دے مجھ پر اپنا فضل و کرم جاری رکھ مجھ پر اپنی رحمت کی چادر تان دے

وَ اَنْزِلْ عَلَیَّ مِنْ بَرَکَاتِکَ (الفقیہ)

اور مجھ پر اپنی برکتیں نازل فرما۔

(۱۱) حافظہ کی حفاظت اور اس کی تیزی کے لیے ہر نماز کے بعد یہ دعا پڑھی جائے جو حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے حضرت امیر علیہ السلام کو تعلیم دی تھی۔

سُبْحَانَ مَنْ لَّا یَعْتَدِیْ عَلٰی اَهْلِ مَمْلَکَتِهٖ سُبْحَانَ مَنْ لَّا یَاْخُذُ اَهْلَ الْاَرْضِ بِاَلْوَانِ

پاک ہے وہ خدا جو اپنی مملکت میں بسنے والوں پر زیادتی نہیں کرتا۔ پاک ہے وہ خدا جو طرح طرح کے عذاب سے اہل



الْعَذَابِ سُبْحَانَ الرَّءُوْفِ الرَّحِیْمِ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ لِیْ فِیْ قَلْبِیْ نُوْرًا وَّ بَصَرًا وَّ فَهْمًا

زمین کی گرفت نہیں کرتا۔ پاک ہے وہ خدا جو مہربان رحم کرنے والا ہے، اے معبود! میرے قلب میں نور بصیرت، فہم اور

وَّ عِلْمًا اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ (مکارم الاخلاق)

علم کو جگہ دے بے شک تو ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔

(۱۲) نماز کی قبولیت کے لیے ہر نماز کے بعد یہ دعا پڑھی جائے:

اِلٰهِیْ هٰذِهٖ صَلٰوتِیْ صَلَّیْتُهَا لَا لِحَاجَةٍ مِنْکَ اِلَیْهَا وَلَا رَغْبَةٍ مِنْکَ فِیْهَا اِلَّا تَعْظِیْمًا

اے اللہ! میری یہ نماز جو میں نے پڑھی نہ اس لیے ہے کہ تجھے اس کی حاجت تھی نہ اس لیے کہ تجھے اس میں رغبت تھی ہاں یہ صرف تیری تعظیم

وَ طَاعَةً وَّ اِجَابَةً لَّکَ اِلٰی مَآ اَمَرْتَنِیْ بِهٖ اِلٰهِیْ اِنْ کَانَ فِیْهَا خَلَلٌ اَوْ نَقْصٌ مِنْ رُکُوْعِهَا

و اطاعت اور تیرے حکم کی اتباع ہے جو تو نے مجھے دیا، خداوندا! اگر اس نماز میں کوئی خلل آیا ہے یا رکوع و سجود میں کچھ نقص ہو تو اس پر

اَوْ سُجُوْدِهَا فَلَا تُؤَاخِذْنِیْ وَ تَفَضَّلْ عَلَیَّ بِالْقَبُوْلِ وَ الْغُفْرَانِ. (مصباح المتہجد)

میری گرفت نہ فرما اور اس کی قبولیت اور بخشش کے ساتھ مجھ پر فضل و کرم کر دے۔

(۱۳) ہر نماز کے بعد زانو بدلنے سے پہلے دس بار یہ ذکر کرنے کا حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے بے حد اجر و ثواب مروی ہے۔

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ اِلٰهًا وَاحِدًا اَحَدًا فَرْدًا صَمَدًا

میں گواہی دیتا ہوں کہ نہیں کوئی معبود بجز خدا کے جو یکتا ہے کوئی اس کا شریک نہیں، وہ معبود و یگانہ یکتا واحد بے نیاز ہے کہ

لَمْ يَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا۔ (محاسن البرقی)

جس کی نہ زوجہ ہے اور نہ ہی اولاد ہے۔

(۱۴، ۱۵، ۱۶ و ۱۷) ہر نماز کے بعد سورہ حمد، آیۃ الکرسی، آیہ **قل اللھم مالک الملک تا بغیر حساب** اور آیت **شھد اللہ تا سریع الحساب** پڑھنے کے احادیث میں بے پایاں اجر و ثواب اور فوائد و عوائد مروی ہیں۔ بالخصوص آیت الکرسی پڑھنے کی بہت فضیلت وارد ہوئی ہے یہاں تک وارد ہے کہ اس کے پڑھنے سے نماز قبول ہوتی ہے، اس کا پڑھنے والا خدا کی امان میں داخل ہو جاتا ہے اور ہر قسم کی بلاؤں اور گناہوں سے خود خدا اس کی حفاظت کرتا ہے اور یہ کہ ہر نماز کے بعد آیت الکرسی پڑھنے والے کو جنت میں داخل ہونے سے موت کے سوا اور کوئی امر مانع نہیں ہے۔ (مجمع البیان)



نیز سوتے وقت اس کی تلاوت کرنا فالج کے حملہ سے حفاظت کا باعث ہے۔ (البرہان)

نیز سفر میں حفاظت کے لیے اس آیت کا پانچ مرتبہ پڑھنا مجرب ہے۔ (انوار نعمانیہ جزائری)

حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے مروی ہے، فرمایا: جب خداوند عالم نے سورہ فاتحہ، آیۃ الکرسی، آیت **شھد اللہ** اور آیت **قل اللھم مالک الملک** (تا **بغیر حساب**) زمین پر نازل کرنا چاہا تو یہ عرش الٰہی سے لپٹ گئیں اور بارگاہِ ایزدی میں عرض کیا: بارِالٰہا! تو ہمیں دارالذنوب اور گنہگاروں میں اتارتا ہے جبکہ ہم طہور اور قدس سے معلّق ہیں۔ ارشاد ہوا: مجھے اپنی عزت و جلال کی قسم جو شخص ہر نماز (فریضہ) کے بعد تمہاری تلاوت کرے گا میں اسے ضرور حظیرۃ القدس (جنت) میں داخل کروں گا۔ اور ہر روز اس کو اپنی خاص نظر کرم سے دیکھوں گا اور اس کی ہر روز ستر حاجتیں بر لاؤں گا جن میں سے کم ترین حاجت بخشش گناہان ہے، ہر دشمن کے شر سے اس کی حفاظت کروں گا، اسے دشمن پر فتح و فیروزی عطا کروں گا۔ اور اسے موت کے سوا جنت الفردوس میں داخل ہونے سے اور کوئی امر مانع نہ ہوگا۔ (تفسیر مجمع البیان و نور الثقلین) آج جبکہ شیعیانِ حیدر

کرا ز تا ریخ اسلام کے نا زک ترین دور سے گز ر ر ہے ہیں انہیں ان چار چیزوں کی تلاوت ترک نہیں کرنی چاہیئے تا کہ خداوند عالم شر اعداء سے ان کی حفاظت کرے اور ان کو مظفر و منصور فرمائے۔ **انہ قریب مجیب**۔ مخفی نہ رہے کہ ہر نماز کے بعد سورہ قل ھو اللہ کے پڑھنے کی بھی بڑی فضیلت وارد ہوئی ہے۔ اور اگر دس بار پڑھی جائے تو اور بھی بہتر ہے۔

**(۱۸)** جناب یوسف علیہ السلام والی دعا پڑھی جائے جس کا پڑھنا حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے۔ اور وہ یہ ہے:

**اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لِّیْ فَرَجًا وَّ مَخْرَجًا وَّ ارْزُقْنِیْ مِنْ حَیْثُ اَحْتَسِبُ وَمِنْ حَیْثُ لَا اَحْتَسِبُ.**

اے اللہ! میرے ہر کام میں کشائش و سہولت قرار دے، مجھے رزق دے جہاں سے توقع ہے اور جہاں سے توقع نہیں ہے۔

**(۱۹)** حضرت امام محمد باقر اور حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے، فرمایا: کم از کم وہ دعا جس کا ہر نماز فریضہ کے بعد پڑھنا کافی ہے، یہ ہے:



**اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مِنْ کُلِّ خَیْرٍ اَحَاطَ بِہٖ عِلْمُکَ وَ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ**

اے اللہ میں تجھ سے ہر خیر کا طلبگار ہوں کہ تیرا علم جس کا احاطہ کیے ہے اور ہر شر سے تیری پناہ چاہتا

**کُلِّ شَرٍّ اَحَاطَ بِہٖ عِلْمُکَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ عَافِیَتَکَ فِیْ اُمُوْرِیْ کُلِّھَا**

ہوں جس پر تیرا علم محیط ہے، اے اللہ! میں اپنے تمام امور میں تجھ سے عافیت طلب کرتا ہوں، میں دنیا کی رسوائی

**وَ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ خِزْیِ الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَۃِ.**

اور آخرت کے عذاب سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

**(۲۰)** ایمان کی سلامتی اور دین پر ثابت قدمی کیلئے ہر نماز کے بعد یہ دعا پڑھے جو کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے:

**یَآ اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِیْ عَلٰی دِیْنِکَ.**

اے معبود! اے بہت رحم والے مہربان اے دلوں کو پلٹا دینے والے میرے دل کو اپنے دین پر جما دے۔

(۲۱) حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مروی ہے فرمایا: ہر نماز کے بعد یہ دعا پڑھی جائے:

اَللّٰھُمَّ اھْدِنِیْ مِنْ عِنْدِکَ وَ اَفِضْ عَلَیَّ مِنْ فَضْلِکَ

اے معبود! تو مجھے اپنی طرف سے ہدایت دے مجھ پر اپنا فضل و کرم جاری رکھ

وَ انْشُرْ عَلَیَّ مِنْ رَّحْمَتِکَ وَ اَنْزِلْ عَلَیَّ مِنْ بَرَکَاتِکَ (الفقیہ)

مجھ پر اپنی رحمت کی چادر تان دے اور مجھ پر اپنی برکتیں نازل فرما۔

(۲۲) یہ دعا پڑھی جائے جو حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے زرارہ کو تعلیم دی تھی جو کہ امام العصر علیہ السلام کی غیبت میں ان کی کشائش کے لئے پڑھی جائے:

اَللّٰھُمَّ عَرِّفْنِیْ نَفْسَکَ فَاِنَّکَ اِنْ لَّمْ تُعَرِّفْنِیْ نَفْسَکَ لَمْ اَعْرِفْ نَبِیَّکَ

اے معبود تو مجھے اپنی معرفت عطا کر کیونکہ یقیناً اگر تو نے مجھے اپنی معرفت عطا نہ فرمائی تو میں تیرے نبی کو نہ پہچان پاؤں گا۔

اَللّٰھُمَّ عَرِّفْنِیْ رَسُوْلَکَ فَاِنَّکَ اِنْ لَّمْ تُعَرِّفْنِیْ رَسُوْلَکَ لَمْ اَعْرِفْ حُجَّتَکَ

اے معبود مجھے اپنے رسول کی معرفت عطا کر کیونکہ یقیناً اگر تو نے مجھے اپنے رسولؐ کی معرفت نہ کرائی تو میں تیری حجت کو نہ پہچان پاؤں گا

اَللّٰھُمَّ عَرِّفْنِیْ حُجَّتَکَ فَاِنَّکَ اِنْ لَّمْ تُعَرِّفْنِیْ حُجَّتَکَ ضَلَلْتُ عَنْ دِیْنِیْ

اے معبود مجھے اپنی حجت کی معرفت عطا کر کیونکہ اگر تو نے مجھے اپنی حجت کی پہچان نہ کرائی تو میں اپنے دین سے گمراہ ہو جاؤں گا۔

(۲۳) جب نمازگزار تمام تعقیبات سے فارغ ہو چکے تو آخر میں یہ آیت پڑھے:

سُبْحَانَ رَبِّکَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا یَصِفُوْنَ وَ سَلٰمٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔

تمہارا پروردگار جو صاحب عزت ہے وہ ان باتوں سے پاک ہے جو یہ لوگ کیا کرتے ہیں، سلام ہو بھی انبیاء پر اور حمد ہے خدا کی جو عالمین کا رب ہے۔

بعد ازاں سجدۂ شکر بجا لائے۔ جس کی تفصیل بعد ازیں بیان کی جائے گی انشاءاللہ۔

## تعقیباتِ مختصہ کا بیان

جب تعقیبات مشترکہ و عامہ کا مختصر تذکرہ ہو چکا تو اب ہم تعقیباتِ مختصہ کا تذکرہ کرتے ہیں۔ جو نماز ہائے پنجگانہ میں سے ہر ہر نماز کے ساتھ مخصوص ہیں۔ اور ہم ان کا آغاز نمازِ صبح کے تعقیبات مختصہ سے کرتے ہیں۔

## نمازِ صبح کے تعقیبات مختصہ کا بیان

واضح رہے کہ نمازِ صبح کے تعقیبات دوسری نمازوں سے زیادہ وارد ہوئے ہیں اور اس نماز کی خصوصی فضیلت بکثرت روایات میں وارد ہے۔

(۱) حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے، فرمایا: جو شخص طلوع صبح سے لے کر طلوع آفتاب تک مصلی پر بیٹھ کر تعقیبات پڑھے تو خدا اسے آتش دوزخ سے محفوظ رکھے گا۔ (مصباح المتہجد)



(۲) حضرت امیر علیہ السلام سے مروی ہے، فرمایا: نمازِ صبح کے بعد طلوع آفتاب تک ذکر خدا میں مشغول رہنا طلب معاش میں روئے زمین پر سفر کرنے سے بہتر ہے۔ (زاد المعاد)

ہم ذیل میں چند اہم تعقیبات کا تذکرہ کرتے ہیں:

(۱) ستر بار

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّیْ وَ اَتُوْبُ اِلَیْهِ۔

اپنے رب اللہ سے بخشش مانگتا اور توبہ کرتا ہوں۔

پڑھا جائے۔ چنانچہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے مروی ہے، فرمایا: جو شخص نمازِ صبح کے بعد ستر بار یہ استغفار پڑھے تو خدا اس کے سات سو (۷۰۰) گناہ معاف کر دیتا ہے۔ (الفقیہ)

(۲) حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے، فرمایا: جو شخص نمازِ صبح کے بعد ایک سو مرتبہ

مَاشَآءَ اللّٰهُ كَانَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

جو خدا چاہے وہی ہوتا ہے، نہیں کوئی حرکت وقوت مگر وہ خدائے بلند و بزرگ سے ہے۔

پڑھے تو اسے اس دن کوئی ناگوار امر پیش نہیں آئے گا۔ (مصباح کفعمی)

(۳) دس بار یہ ذکر کرے:

سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَ بِحَمْدِهٖ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔

پاک ہے بزرگ اللہ اسی کے لیے حمد ہے اور نہیں کوئی حرکت وقوت مگر جو بلند و بزرگ تر خدا سے ہے۔

حضرت امام محمد باقرؑ سے مروی ہے کہ جو شخص ایسا کرے گا وہ جنون، برص، جذام، پریشانی، زیر سقف آنے اور بڑھاپے میں یاوہ گوئی کرنے سے محفوظ رہے گا۔ (الفقیہ)

(۴) ایک سو بار پڑھے:

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ۔

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے جو بادشاہ اور روشن حق ہے۔

(۵) ایک سو بار پڑھے:

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِيْلُ



ہمارے لیے اللہ کافی ہے اور وہ بہترین وکیل ہے۔

جو ایسا کرے گا تو خدا اسے دشمنوں کے شر سے محفوظ رکھے گا۔ (رسالہ لیلیہ)

(۶) نمازِ صبح کے بعد ایک بار یہ دعا پڑھے:

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ وَ الْحَمْدُ

کوئی حرکت و قوت نہیں مگر جو اللہ سے ہے۔ میں اس زندہ پر بھروسا کرتا ہوں جسے موت نہیں حمد اللہ کے لیے

لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ

ہے جس نے کسی کو بیٹا نہیں بنایا نہ حکومت میں کوئی اس کا ساجھی ہے نہ وہ کمزور ہے کہ اس کا کوئی مددگار ہو

وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَ كَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْبُؤْسِ وَ الْفَقْرِ وَ مِنْ غَلَبَةِ

اور اس کی بہت بڑائی کرو۔ اے معبود میں تیری پناہ لیتا ہوں تنگدستی بے مائیگی، قرض کی زیادتی اور مرض و بیماری سے اور

الدَّيْنِ وَ السُّقْمِ وَ اَسْئَلُكَ اَنْ تُعِيْنَنِيْ عَلٰى اَدَآءِ حَقِّكَ اِلَيْكَ وَ اِلَى النَّاسِ۔

سوال کرتا ہوں کہ تو اپنے حق کی ادائیگی میں میری مدد فرما جو تیرے اور لوگوں کے لیے ہے۔ (کتاب الدعا و الزیارہ، ص ۴۰)

چنانچہ مروی ہے کہ عبداللہ بن سنان نے اپنی بدحالی کا ذکر امام جعفر صادق علیہ السلام سے کیا اور آپؑ نے اسے نمازِ صبح کے بعد یہ دعا پڑھنے کی تلقین فرمائی جس سے موصوف کی بدحالی دور ہوگئی۔

(۷) ایک سو بار درود شریف پڑھے:

﴿اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ﴾

اے اللہ تو محمد و آل محمد پر رحمت نازل فرما۔

چنانچہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے ابو صباح سے فرمایا: کیا میں تجھے اس چیز کی تعلیم نہ دوں جس کی برکت سے خدا تمہارے چہرہ کو آتش دوزخ سے بچالے؟ راوی نے عرض کیا: ہاں۔ فرمایا: نماز صبح کے بعد ایک سو بار پڑھو: ﴿اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ﴾۔ دوسری روایت میں انہی حضرت سے اس طرح مروی ہے، فرمایا: جو شخص روزانہ ایک سو بار اور شب و روز جمعہ میں ایک ہزار بار درود شریف پڑھے گا خدا اسے آتش دوزخ سے آزاد کردے گا۔ (مفاتیح الجنان)



(۸) یہ اذکار تین تین بار پڑھے، چنانچہ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بارے میں مروی ہے کہ وہ جب نماز صبح پڑھ چکتے تھے تو اس قدر بآواز بلند تین بار پڑھتے تھے کہ اصحاب سنتے تھے:

﴿اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ دِيْنِيَ الَّذِيْ جَعَلْتَهٗ لِيْ عِصْمَةً﴾

یا اللہ! میرے دین کی اصلاح فرما جسے تو نے میرے لیے پناہ گاہ بنایا ہے۔

اور پھر تین بار کہتے تھے:

﴿اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِيْ دُنْيَايَ الَّتِيْ جَعَلْتَ فِيْهَا مَعَاشِيْ﴾

یا اللہ! میری دنیا کی اصلاح فرما جس میں تو نے میری روزی رکھی ہے۔

بعد ازاں تین پڑھتے تھے:

﴿اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِيْ آخِرَتِيَ الَّتِيْ جَعَلْتَ اِلَيْهَا مَرْجِعَتِيْ﴾

یا اللہ! میری آخرت کی اصلاح فرما جس کی طرف تو نے میری بازگشت قرار دی ہے۔

پھر تین بار کہتے تھے:

﴿اَللّٰھُمَّ اِنِّیۤ اَعُوْذُ بِرِضَاکَ مِنْ سَخَطِکَ وَ اَعُوْذُ بِعَفْوِکَ مِنْ نَقِمَتِکَ﴾

یا اللہ! میں تیری خوشنودی کے ذریعے سے تیری ناراضی سے پناہ مانگتا ہوں اور تیرے عفوو درگزر کے ذریعے سے تیرے عذاب سے پناہ مانگتا ہوں۔

بعد ازاں تین بار یہ ذکر کرتے تھے:

﴿اَللّٰھُمَّ اِنِّیۤ اَعُوْذُ بِکَ مِنْکَ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَیْتَ وَلَا مُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا یَنْفَعُ

یا اللہ! میں تجھ سے تیری پناہ مانگتا ہوں جسے تو عطا کرے اسے کوئی روک نہیں سکتا اور جسے تو نہ دے اسے کوئی عطا نہیں کرسکتا۔ اور کسی کوشش

ذَا الْجِدِّ مِنْکَ الْجِدُّ﴾۔ (کتاب الدعا والزیارہ)

کرنے والے کو اس کی کوشش تجھ سے اسے کوئی فائدہ نہیں پہنچا سکتی۔

(۹) جو شخص نمازِ صبح اور نمازِ مغرب کے بعد سات بار یہ ذکر کرے تو خداوند عالم اسے ستر قسم کی بلاؤں اور مصیبتوں سے محفوظ رکھے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔ (الکافی)



شروع اللہ کے بابرکت نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ نہیں ہے کوئی حرکت و قوت مگر وہ جو اللہ بزرگ و برتر سے ملتی ہے۔

(۱۰) سورۂ قدر کو نمازِ صبح کے بعد دس بار۔ زوال کے وقت دس بار اور نمازِ عصر کے بعد دس بار پڑھے۔ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے مروی ہے کہ جو شخص ایسا کرے تو وہ دو ہزار لکھنے والے (فرشتوں) کو تیس سال تک مشقت میں ڈال دیتا ہے۔ (مصباح کفعمی)

## نمازِ ظہر کے مخصوص تعقیبات

(۱) حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے، فرمایا: جو شخص نمازِ صبح اور نمازِ ظہر کے بعد پڑھے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ وَّ عَجِّلْ فَرَجَھُمْ۔

اے اللہ! سرکار محمدؐ و آل محمدؑ پر رحمت نازل کر اور ان کی کشائش میں جلدی فرما۔

تو وہ اس وقت تک نہیں مرے گا جب تک حضرت قائم آل محمد عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف کو درک نہیں کرے گا۔

(کتاب الدعا والزیارہ)

(۲) حضرت امیر المومنین علیہ السلام بیان کرتے ہیں کہ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نماز ظہر کے بعد یہ دعا پڑھا کرتے تھے:

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْعَظِیْمُ الْحَلِیْمُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ رَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمُ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ

خدائے عظیم وحلیم کے سوا کوئی معبود نہیں، رب عرش بریں کے سوا کوئی الہ نہیں، حمد عالمین کو پالنے والے خدا ہی کے لیے ہے،

الْعَالَمِیْنَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِکَ وَ عَزَآئِمَ مَغْفِرَتِکَ وَ الْغَنِیْمَۃَ مِنْ

اے خدا میں تجھ سے اسباب رحمت اور یقینی مغفرت کا سوال کرتا ہوں، ہر نیکی سے حصہ پانے اور ہر گناہ سے بچاؤ کا طلب گار

کُلِّ بِرٍّ وَّ السَّلَامَۃَ مِنْ کُلِّ اِثْمٍ اَللّٰھُمَّ لَا تَدَعْ لِیْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَہٗ وَلَا ھَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَہٗ وَلَا

ہوں، اے معبود! میرے ذمہ گناہ نہ ڈال مگر وہ جسے تو بخش دے، کوئی غم نہ دے مگر وہ جو تو دور کر دے، بیماری نہ دے مگر وہ

سُقْمًا اِلَّا شَفَیْتَہٗ وَلَا عَیْبًا اِلَّا سَتَرْتَہٗ وَلَا رِزْقًا اِلَّا بَسَطْتَہٗ وَلَا خَوْفًا اِلَّا اٰمَنْتَہٗ وَلَا

جس سے شفا عطا کر دے، عیب نہ لگا مگر وہ جسے تو پوشیدہ رکھے، رزق نہ دے مگر وہ جس میں فراخی عطا کرے، خوف نہ ہو مگر جس سے تو

سُوْٓءً اِلَّا صَرَفْتَہٗ وَلَا حَاجَۃً ھِیَ لَکَ رِضًا وَّلِیَ فِیْھَا صَلَاحٌ اِلَّا قَضَیْتَھَا

امن عطا کرے، برائی نہ آئے مگر وہ جسے تو ہٹا دے، کوئی حاجت نہ ہو مگر وہ جسے تو پورا فرمائے اور اس میں تیری رضا اور میری بہتری ہو

یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ اٰمِیْنَ یَا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ.

اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے آمین اے عالمین کے پالنے والے۔

(۳) حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کے خادم بیان کرتے ہیں کہ آپؑ نے مجھ سے فرمایا کہ نماز ظہر کے بعد دس بار پڑھ:

بِاللّٰہِ اعْتَصَمْتُ وَ بِاللّٰہِ اَثِقُ وَ عَلَی اللّٰہِ اَتَوَکَّلُ.

اللہ ہی سے تعلق رکھتا ہوں، اللہ ہی پر اعتماد ہے اور اللہ ہی پر بھروسہ کرتا ہوں۔

اس کے بعد ایک بار یہ دعا پڑھو:

اَللّٰھُمَّ اِنْ عَظُمَتْ ذُنُوْبِیْ فَاَنْتَ اَعْظَمُ وَ اِنْ کَبُرَ تَفْرِیْطِیْ فَاَنْتَ اَکْبَرُ وَ اِنْ دَامَ بُخْلِیْ

اے معبود! اگر میرا گناہ بڑا ہے تو تیری ذات سب سے بلند ہے، اگر میری کوتاہی بڑی ہے تو تیری ذات بزرگ تر ہے اور اگر میرا بخل دائمی

فَاَنْتَ اَجْوَدُ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ عَظِیْمَ ذُنُوْبِیْ بِعَظِیْمِ عَفْوِکَ وَ کَثِیْرَ تَفْرِیْطِیْ بِظَاهِرِ

ہے تو تو زیادہ دینے والا ہے، اے اللہ! اپنے عظیم عفو سے میرے بڑے گناہ بخش دے، اپنے لطف و کرم سے میری بہت سی کوتاہیاں

کَرَمِکَ وَاقْمَعْ بُخْلِیْ بِفَضْلِ جُوْدِکَ اَللّٰهُمَّ مَا بِنَا مِنْ نِعْمَةٍ فَمِنْکَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

معاف کر دے اور اپنے فضل و عطا سے میرا بخل دور کر دے۔ یا خدایا! ہمارے پاس جو نعمت ہے وہ تیری طرف سے ہے تیرے سوا کوئی معبود

اَسْتَغْفِرُکَ وَ اَتُوْبُ اِلَیْکَ

نہیں میں تجھ سے بخشش چاہتا اور تیرے حضور توبہ کرتا ہوں۔

## نمازِ عصر کے مختص تعقیبات

(۱) ستر بار استغفار پڑھی جائے: ﴿اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّیْ وَ اَتُوْبُ اِلَیْهِ﴾۔ کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے، فرمایا کہ جو شخص نمازِ عصر کے بعد ستر بار استغفار کرے خدا اس کے سات سو گناہ معاف کر دیتا ہے۔ پھر فرمایا: تم میں سے کون ایسا ہے جو شب و روز میں سات سو گناہ کرے؟ (کتاب الدعا و الزیارہ)



(۲) دس بار سورۂ قدر پڑھی جائے جیسا کہ نمازِ صبح کے تعقیبات میں اس کا تذکرہ کیا جا چکا ہے۔

(۳) یہ استغفار پڑھے:

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ذُوالْجَلَالِ وَ الْاِکْرَامِ وَ

اس خدا سے بخشش چاہتا ہوں جس کے سوا کوئی معبود نہیں وہ زندہ و پائندہ ہے بڑے رحم والا مہربان صاحب جلال و اکرام ہے، میں اس سے

اَسْئَلُهُ اَنْ یَّتُوْبَ عَلَیَّ تَوْبَةَ عَبْدٍ ذَلِیْلٍ خَاضِعٍ فَقِیْرٍ بَائِسٍ مِسْکِیْنٍ مُسْتَکِیْنٍ مُسْتَجِیْرٍ

سوال کرتا ہوں کہ وہ اپنے عاجز خاضع محتاج مصیبت زدہ مسکین بے چارہ طالب پناہ بندے کی توبہ قبول فرمائے جو اپنے نفع و نقصان

لَا یَمْلِکُ لِنَفْسِهٖ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا وَّلَا مَوْتًا وَّلَا حَیٰوةً وَّلَا نُشُوْرًا اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَعُوْذُ بِکَ

کا مالک نہیں ہے نہ وہ اپنی موت و حیات اور آخرت پر اختیار رکھتا ہے۔ اے معبود! میں سیر نہ ہونے والے نفس خوف نہ رکھنے والے دل،

مِنْ نَفْسٍ لَّا تَشْبَعُ وَ مِنْ قَلْبٍ لَّا یَخْشَعُ وَ مِنْ عِلْمٍ لَّا یَنْفَعُ وَ مِنْ صَلٰوةٍ لَّا تُرْفَعُ وَمِنْ

نفع نہ دینے والے علم، قبول نہ ہونے والی اور سنی نہ جانے والی دعا سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔ اے معبود! میں تجھ سے سوال

دُعَآءٍ لاَ يُسْمَعُ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ الْيُسْرَ بَعْدَ الْعُسْرِ وَ الْفَرَجَ بَعْدَ الْكَرْبِ وَ الرَّخَآءَ

کرتا ہوں کہ مجھے مشکل کے بعد آسانی، دکھ کے بعد سکھ اور تنگی کے بعد فراخی دے، یا خدایا! ہمارے پاس جو نعمت ہے

بَعْدَ الشِّدَّةِ اَللّٰهُمَّ مَا بِنَا مِنْ نِّعْمَةٍ فَمِنْکَ لاَ اِلٰهَ اِلاَّ اَنْتَ اَسْتَغْفِرُکَ وَ اَتُوْبُ اِلَيْکَ

وہ تیری طرف سے ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں میں تجھ سے بخشش چاہتا اور تیرے حضور توبہ کرتا ہوں۔

## نمازِ مغرب کے تعقیباتِ مخصہ

(۱) جناب سیدہ سلام اللہ علیہا کی تسبیح کے بعد یہ دعا پڑھی جائے:

اِنَّ اللّٰهَ وَ مَلٰٓئِکَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَ سَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا

بے شک اللہ اور اس کے فرشتے نبی اکرمؐ پر درود بھیجتے ہیں، اے ایمان لانے والو تم بھی نبی پر درود بھیجو اور سلام کہ جو سلام کا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ ِ النَّبِيِّ وَ عَلٰى ذُرِّيَّتِهٖ وَ عَلٰى اَهْلِ بَيْتِهٖ.

حق ہے، خداوندا! محمدؐ النبی، ان کی اولاد اور ان کے اہل بیتؑ پر رحمت نازل فرما۔



پھر سات مرتبہ یہ کہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَ لاَ حَوْلَ وَلاَ قُوَّةَ اِلاَّ بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ.

خدا کے نام سے شروع جو رحمٰن و رحیم ہے، نہیں ہے حرکت و قوت مگر وہ جو خدائے بزرگ و برتر سے ہے۔

(۲) تین مرتبہ کہے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ يَفْعَلُ مَا يَشَآءُ وَلاَ يَفْعَلُ مَا يَشَآءُ غَيْرُهٗ.

ہر قسم کی تعریف خدا کے لیے ہے وہ جو چاہتا ہے کرتا ہے اور کوئی دوسرا جو چاہتا ہے نہیں کر پاتا۔

پھر یہ کہے:

سُبْحَانَکَ لَآ اِلٰهَ اِلاَّ اَنْتَ اغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ كُلَّهَا جَمِيْعًا فَاِنَّهٗ لاَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ

پاک ہے تو کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں، میرے سارے کے سارے گناہ بخش دے کیونکہ سوائے تیرے کوئی اور

كُلَّهَا جَمِيْعًا اِلاَّ اَنْتَ.

تمامی گناہان کو بخشنے والا نہیں ہے۔

(۳) نمازِ صبح و مغرب کے بعد اس دعا کا پڑھنا بھی وارد ہے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ عَلَیۡکَ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ

خداوندا! محمدؐ و آل محمدؐ کا جو حق تجھ پر ہے میں اس کے واسطے سے سوال کرتا ہوں کہ محمدؐ و آل محمدؐ پر اپنی رحمت نازل فرما کر میری

وَّاجۡعَلِ النُّوۡرَ فِیۡ بَصَرِیۡ وَ الۡبَصِیۡرَةَ فِیۡ دِیۡنِیۡ وَ الۡیَقِیۡنَ فِیۡ قَلۡبِیۡ وَ الۡاِخۡلَاصَ فِیۡ

آنکھوں میں نور، میرے دین میں بصیرت، میرے دل میں یقین، میرے عمل میں اخلاص، میرے نفس میں سلامتی میرے رزق میں کشادگی

عَمَلِیۡ وَ السَّلَامَةَ فِیۡ نَفۡسِیۡ وَالسَّعَةَ فِیۡ رِزۡقِیۡ وَ الشُّکۡرَ لَکَ اَبَدًا مَا اَبۡقَیۡتَنِیۡ۔

عطا کر اور جب تک زندہ ہوں مجھے اپنے شکر کی توفیق دے۔

(۴) حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے، فرمایا: جو شخص نماز مغرب کے بعد تین بار پڑھے:

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ الَّذِیۡ یَفۡعَلُ مَا یَشَآءُ وَلَا یَفۡعَلُ مَایَشَآءُ غَیۡرُهٗ

ہر قسم کی تعریف خدا کے لیے ہے وہ جو چاہتا ہے کرتا ہے اور کوئی دوسرا جو چاہتا ہے نہیں کر پاتا۔



اسے خیر کثیر عطا کیا جائے گا۔ انشاء اللہ۔

## نمازِ عشاء کے تعقیباتِ مختصہ

اَللّٰهُمَّ اِنَّهُ لَيْسَ لِيْ عِلْمٌ بِمَوْضِعِ رِزْقِيْ وَ اِنَّمَآ اَطْلُبُهُ بِخَطَرَاتٍ تَخْطُرُ عَلٰى قَلْبِيْ

خداوندا! مجھے اپنی روزی کے مقام کا علم نہیں اور میں اسے اپنے خیال کے تحت ڈھونڈتا ہوں پس میں طلب رزق میں شہر و دیار کے

فَاَجُوْلُ فِيْ طَلَبِهِ الْبُلْدَانَ وَ اَنَا فِيْمَا اَنَا طَالِبٌ كَالْحَيْرَانِ لَا اَدْرِيْ اَفِيْ سَهْلٍ هُوَ اَمْ فِيْ

چکر کاٹتا ہوں اور اس کی طلب میں سرگرداں ہوں اور میں نہیں جانتا کہ آیا میرا رزق ہموار میں ہے یا پہاڑ میں، زمین میں ہے یا آسمان میں،

جَبَلٍ اَمْ فِيْ اَرْضٍ اَمْ فِيْ سَمَآءٍ اَمْ فِيْ بَرٍّ اَمْ فِيْ بَحْرٍ وَ عَلٰى يَدَيْ مَنْ وَ مِنْ قِبَلِ مَنْ وَقَدْ

بیابان میں ہے یا سمندر میں کس کے ہاتھ اور کس کی طرف سے ہے اور میں جانتا ہوں کہ اس کا علم تیرے پاس ہے اس کے اسباب

عَلِمْتُ اَنَّ عِلْمَهُ عِنْدَكَ وَ اَسْبَابَهُ بِيَدِكَ وَ اَنْتَ الَّذِيْ تَقْسِمُهُ بِلُطْفِكَ وَ تُسَبِّبُهُ

تیرے قبضے میں ہیں اور تو اپنے کرم سے رزق تقسیم کرتا ہے اپنی رحمت سے اس کے اسباب فراہم کرتا ہے یا خدایا محمدؐ و آل محمدؐ

بِرَحْمَتِكَ اَللّٰهُمَّ فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهِ وَاجْعَلْ يَا رَبِّ رِزْقَكَ لِيْ وَاسِعًا وَ مَطْلَبَهُ

پر رحمت نازل فرما اور اے پروردگارا اپنا رزق میرے لیے وسیع کر دے، اس کا طلب کرنا آسان بنا دے اور اس کے ملنے کی

سَهْلًا وَّ مَاْخَذَهُ قَرِيْبًا وَّ لَا تُعَنِّنِيْ بِطَلَبِ مَا لَمْ تُقَدِّرْ لِيْ فِيْهِ رِزْقًا فَاِنَّكَ غَنِيٌّ عَنْ

جگہ قریب کر دے، جس چیز میں تو نے میرا رزق نہیں رکھا۔ مجھے اس کی طلب کے رنج میں نہ ڈال کہ تو مجھے

عَذَابِيْ وَ اَنَا فَقِيْرٌ اِلٰى رَحْمَتِكَ فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهِ وَجُدْ عَلٰى عَبْدِكَ

عذاب دینے میں بے نیاز اور میں تیری رحمت کا محتاج ہوں پس محمدؐ اور ان کی آلؑ پر رحمت فرما اور اس ناچیز بندے کو

بِفَضْلِكَ اِنَّكَ ذُوْ فَضْلٍ عَظِيْمٍ.

اپنے فضل سے حصہ عطا فرما کہ تو بڑا فضل کرنے والا ہے۔

مؤلف کہتے ہیں کہ مذکورہ دعا طلب رزق کی مستحب دعاؤں میں سے ہے۔ نیز نمازِ عشاء کے تعقیبات میں سات مرتبہ سورۂ **انا انزلناہ** بھی پڑھے۔ مخفی نہ رہے کہ نماز وتیرہ جو کہ بعد از نمازِ عشاء دو رکعت نافلہ بیٹھ کر پڑھی جاتی ہے اس میں سو آیات پڑھنا مستحب ہے۔ لیکن ان سو آیتوں کی بجائے پہلی رکعت میں سورۂ واقعہ اور دوسری رکعت میں سورۂ اخلاص پڑھنا بہتر ہے۔

## سجدۂ شکر کا بیان

جب عبادت گزار تمام تعقیبات مشترکہ ومختصہ سے فارغ ہو جائے تو پھر سجدۂ شکر بجالائے۔

واضح ہو کہ چند مقامات پر سجدہ شکر کرنا مستحب ہے اور شرعاً مرغوب ومحبوب ہے۔

۱۔ نماز ہائے پنجگانہ ادا کرنے کے بعد، کیونکہ اس سے نماز کی کمی پوری ہوتی ہے، رب راضی ہوتا ہے، ملائکہ خوش ہوتے ہیں، شیطان نادم ہوتا ہے، حسنات درج ہوتے ہیں، گناہ معاف ہوتے ہیں اور درجات بلند ہوتے ہیں۔

۲۔ ہر نعمت کے حصول کے بعد۔

۳۔ کسی تکلیف ومصیبت کے دور ہونے کے بعد۔

۴۔ اصلاح بین الناس کرانے (یعنی دو روٹھے ہوئے اسلامی بھائیوں کو منانے کے) بعد۔

۵۔ الغرض ہر کار خیر کی انجام دہی کے بعد اوران اسباب کے علاوہ ویسے بھی خوشنودی خدا کے لئے بکثرت سجدہ کرنا اور سجدہ کو طول دینا شرعاً نہایت پسندیدہ عمل ہے اسی لئے ہمارے پیشوایان دین بکثرت اور طویل سجدے کیا کرتے تھے۔



### اس کی کیفیت

سجدہ شکر میں جاتے وقت یا اس سے سر اٹھاتے وقت تکبیر (اللہ اکبر) کہنا وارد نہیں ہے اس میں نہ تشہد ہے نہ سلام اور نہ ہی اس میں کوئی ذکر کرنا شرط ہے بلکہ صرف نیت کر کے پیشانی زمین پر رکھ دینا ہی کافی ہے اسی طرح ایک سجدہ ہی کافی ہے۔

اگرچہ افضل یہ ہے کہ دوبارہ کیا جائے اور درمیان میں دایاں اور بایاں رخسار زمین پر رکھا جائے جیسا کہ ابھی اوپر بیان کیا گیا ہے ذکر یا دعا سجدہ شکر میں شرط نہیں ہے لیکن ظاہر ہے کہ یہ استجابت دعا کا مقام اور عبد ومعبود کے درمیان راز ونیاز کی باتیں کرنے کا بہترین موقع ہے اس واسطے اس مقام پر آئمہ طاہرین علیہم السلام سے بکثرت چھوٹی بڑی دعائیں منقول ہیں جن کا ایک اچھا ذخیرہ وسائل الشیعہ اور مستدرک الوسائل میں مذکور ہے بعض دعائیں بہت لمبی ہیں بعض بالکل مختصر، ہم مختلف روایات سے بعض اجزاء لے کر یہاں ذکر کرتے

ہیں اس لئے کہ یہ اجزاء کسی ایک روایت میں مجتمع نہیں ہیں ویسے تو صرف سو بار ﴿شُکْرًا شُکْرًا﴾ یا سو بار ﴿عَفْوًا عَفْوًا﴾ یا کم از کم تین بار ﴿شُکْرًا لِلّٰہِ﴾ کہہ دینا ہی کافی ہے۔ (جیسا کہ امام رضا علیہ السلام سے مروی ہے) مگر احوط یہ ہے کہ اس ترتیب کے مطابق عمل کیا جائے۔ سجدہ میں سر رکھتے ہی تین بار کہے: ﴿یَا اَللّٰہُ یَا رَبَّاہُ یَا سَیِّدَاہُ﴾۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جب بندہ اس طرح اپنے خدا کو پکارتا ہے تو خدا جواب میں فرماتا ہے میرے بندے بتا تیری حاجت کیا ہے؟ (مستدرک) تب وہ یہ دعا پڑھے جو جناب امام محمد باقر علیہ السلام سے مروی ہے:

لَا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰـہُ حَقًّا حَقًّا لَا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰـہُ سَجَدْتُ لَکَ یَا رَبِّ تَعَبُّدًا وَ رِقًّا وَ اِیْمَانًا

اے معبود تو پاک ہے تو میرا سچا رب ہے یا رب میں نے تجھے سجدہ کیا ہے عبادت و بندگی کیلئے اے میرے معبود بے شک میرا عمل کمزور

وَ تَصْدِیْقًا یَا عَظِیْمُ اِنَّ عَمَلِیْ ضَعِیْفٌ فَضَاعِفْہُ لِیْ یَا کَرِیْمُ یَا جَبَّارُ اغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ

ہے اسے میرے لیے دگنا کر دے اے معبود اس دن مجھے اپنے عذاب سے بچانا جب تو لوگوں کو زندہ کرے گا اور میری توبہ قبول فرما



وَ جُرْمِیْ وَ تَقَبَّلْ عَمَلِیْ یَا کَرِیْمُ یَا جَبَّارُ۔

کہ بے شک تو بہت توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔

اور اگر اس سے بھی مختصر دعا پڑھنا چاہے تو اس دعا کو بکثرت پڑھے جو حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے مروی ہے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ الرَّاحَۃَ عِنْدَ الْمَوْتِ وَ الْعَفْوَ عِنْدَ الْحِسَابِ۔

خدایا میں تجھ سے موت کے وقت راحت اور حساب کے وقت درگزر کا سوالی ہوں۔

اور اگر اس سے بھی مختصر تر پڑھنا چاہے تو وہ دعا تین بار پڑھے جو جناب امیر علیہ السلام سے منقول ہے:

﴿اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْلِیْ﴾۔ (مستدرک الوسائل)

یقیناً میں نے خود پر ظلم کیا ہے پس مجھے بخش دے۔

بعدازاں دایاں رخسار زمین پر رکھے اور اس وقت یہ دعا تین بار پڑھے جو حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے مروی ہے:

﴿یَا کَهْفِی حِیْنَ تُعْیِیْنِی الْمَذَاهِبُ وَ تَضِیْقُ عَلَیَّ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ یَا بَارِئَ خَلْقِی

رَحْمَةً بِی وَ کُنْتَ عَنْ خَلْقِی غَنِیًّا صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَ عَلَی الْمُسْتَحْفِظِیْنَ

مِنْ اٰلِ مُحَمَّدٍ﴾۔

اس کے بعد بایاں رخسار زمین پر رکھ کر یہ دعا تین بار پڑھے:

یَا مُذِلَّ کُلِّ جَبَّارٍ وَ یَا مُعِزَّ کُلِّ ذَلِیْلٍ قَدْ وَ عِزَّتِکَ بَلَغَ مَجْهُوْدِی فَفَرِّجْ عَنِّی۔

اے ہر جبار کو ذلیل کرنے والے ہر ذلیل کو عزت دینے والے تیرے حق کی قسم کہ میں بے بس ہو گیا ہوں تو محمد و آل محمد پر رحمت نازل فرما اور مجھے کشادگی عطا فرما۔



بعدازاں دوبارہ سجدہ میں سر رکھ کر سو بار ﴿شُکْرًا شُکْرًا﴾ یا سو بار ﴿عَفْوًا عَفْوًا﴾ کہہ کر اپنی حاجت طلب کرے۔ (وسائل الشیعہ) یا ان دعاؤں کی بجائے وہ دعائیں پڑھے جو حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے مروی ہیں جو مزید مختصر ہیں۔ دایاں رخسار زمین پر رکھ کر یہ دعا تین بار پڑھے:

﴿بُؤْتُ اِلَیْکَ بِذَنْبِی عَمِلْتُ سُوْءً وَ ظَلَمْتُ نَفْسِی فَاغْفِرْلِی فَاِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ غَیْرُکَ

یَا مَوْلَایَ﴾ پھر بایاں رخسار زمین پر رکھ کر تین بار یہ دعا پڑھے: ﴿اِرْحَمْ مَنْ اَسَاءَ وَاقْتَرَفَ وَاسْتَکَانَ

وَاعْتَرَفَ﴾۔ (حدائق ناضرۃ)

نیز وارد ہے کہ جب خدا کسی کو کوئی نعمت دے تو بندہ ادائے شکریہ کے واسطے یہ پڑھے:

ہی معبود ہے نہیں کوئی معبود سوائے تیرے تو عالمین کا رب ہے تو خالق ہے اور میں مخلوق ہوں تو مالک ہے اور میں مملوک ہوں تو

اَنْتَ الْمَالِکُ وَ اَنَا الْمَمْلُوْکُ وَ اَنْتَ الرَّبُّ وَ اَنَا الْعَبْدُ وَ اَنْتَ الرَّازِقُ وَاَنَا الْمَرْزُوْقُ

پروردگار ہے اور میں تیرا بندہ ہوں تو رازق ہے اور میں رزق پانے والا ہوں تو عطا کرنے والا اور میں مانگنے والا ہوں تو سخاوت

اَنْتَ الْمُعْطِیْ وَ اَنَا السَّآئِلُ وَ اَنْتَ الْجَوَادُ وَ اَنَا الْبَخِیْلُ وَ اَنْتَ الْقَوِیُّ وَ اَنَا الضَّعِیْفُ وَ

کرنے والا اور مَیں کنجوس ہوں تو قوت والا ہے اور مَیں کمزور ہوں تو عزت والا ہے اور مَیں ذلیل ہوں تو بے نیاز ہے اور مَیں

اَنْتَ الْعَزِیْزُ وَ اَنَا الذَّلِیْلُ وَ اَنْتَ الْغَنِیُّ وَ اَنَا الْفَقِیْرُ وَ اَنْتَ السَّیِّدُ وَ اَنَا الْعَبْدُ وَ اَنْتَ

محتاج ہوں تو آقا ہے اور مَیں غلام ہوں تو بخشنے والا ہے اور مَیں گنہگار ہوں تو علم والا ہے اور مَیں نادان ہوں تو بردبار ہے اور مَیں

الْغَافِرُ وَ اَنَا الْمُسِیْئُ وَ اَنْتَ الْعَالِمُ وَ اَنَا الْجَاهِلُ وَ اَنْتَ الْحَلِیْمُ وَ اَنَا الْعَجُوْلُ وَ اَنْتَ

جلد باز ہوں تو رحم کرنے والا ہے اور مَیں رحم کیا ہوا تو عافیت دینے والا اور میں پھنسا ہوا ہوں تو دعا قبول کرنے والا اور مَیں بے

الرَّحْمٰنُ وَ اَنَا الْمَرْحُوْمُ وَ اَنْتَ الْمُعَافِیْ وَ اَنَا الْمُبْتَلٰی وَ اَنْتَ الْمُجِیْبُ وَ اَنَا الْمُضْطَرُّ وَ

قرار ہوں اور مَیں گواہی دیتا ہوں کہ بے شک تو ہی معبود ہے نہیں کوئی معبود مگر تو جو اپنے بندوں کو بن مانگے عطا کرتا ہے اور مَیں

اَنَا اَشْهَدُ بِاَنَّکَ اَنْتَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْمُعْطِیْ عِبَادَکَ بِلَا سُؤَالٍ وَاَشْهَدُ بِاَنَّکَ اَنْ

گواہی دیتا ہوں کہ یقیناً تو ہی ہے خدائے یگانہ و یکتا بے مثل بے نیاز بے مثال اور تیری ہی طرف واپسی ہے اور خدا رحمت

اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ الْمُتَفَرِّدُ الصَّمَدُ الْفَرْدُ وَاِلَیْکَ الْمَصِیْرُ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَ

فرمائے حضرت محمدؐ پر اور ان کے اہل بیتؑ پر جو پاک و پاکیزہ ہیں اور معاف فرما دے میرے گناہ اور چھپائے رکھ میرے عیبوں

اَهْلِ بَیْتِهِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاهِرِیْنَ وَ اغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ وَاسْتُرْ عَلَیَّ عُیُوْبِیْ وَ افْتَحْ لِیْ مِنْ لَّدُنْکَ

کو اور کھول دے میرے لیے اپنی طرف سے در رحمت اور کشادہ رزق اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے اور سب تعریفیں اللہ

رَحْمَةً وَرِزْقًا وَاسِعًا یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ

ہی کے لیے ہیں جو عالمین کا رب ہے اور کافی ہے ہمارے لیے ایک اللہ جو بہترین کارساز ہے اور نہیں کوئی حرکت و قوت مگر وہ جو

الْوَکِیْلُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ.

خدائے بلند و برتر سے ملتی ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيهِ هُدًى لِلْمُتَّقِينَ

یہ (قرآن) وہ کتاب ہے جس (کے کلام اللہ ہونے) میں کوئی شک نہیں ہے
(یہ) ہدایت ہے ان پرہیزگاروں کیلئے

کتاب مستطاب

# فیضان الرحمان
فی
## تفسیر القرآن

جلد دہم

(از افادات عالیہ)

مفسر قرآن، حجۃ الاسلام، حضرت العلام
آیت اللہ الشیخ محمد حسین النجفی
مجتہد العصر والزمان مدظلہ العالی

ناشر

مکتبۃ السبطین B-296 نیو سیٹلائٹ ٹاؤن، سرگودھا

**فیضان الرحمان فی تفسیر القرآن** کی دس جلدیں منصۂ شہود پہ آگئی ہیں۔
اپنے قریبی بک سٹال سے طلب فرمائیں۔

# باب چہارم

## شب وروز کے ادعیہ واذکار کا تذکرہ

چونکہ انسان کی غرض خلقت خداوند عالم کی عبادت اوراس کی بندگی بجا لانا ہے اس لیے بندہ کو اپنے خالق و مالک کی عبادت اور بندگی بجا لانے کے لیے کوئی معمولی سا بہانہ ہی کافی ہے۔ چنانچہ اگر کوئی بندہ اپنے مالک کی بندگی ادا کرتے کرتے جان بھی قربان کر دے تو پھر بھی کہنا پڑے گا کہ

جان دی دی ہوئی اسی کی تھی حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا



چنانچہ حضرت شیخ طوسیؒ و شیخ بہائیؒ اور شیخ کفعمیؒ نے اپنی کتابوں میں دن کی بارہ ساعتوں کو بارہ ائمہ طاہرین علیہم السلام کے عدد پر تقسیم کیا ہے اور پھر ہر ساعت کی مخصوص دعاؤں کا تذکرہ بھی کیا ہے مگر انہوں نے اس سلسلہ میں کوئی خاص روایت نقل نہیں کی۔ لہٰذا ہم کچھ اس وجہ سے اور کچھ اختصار کے پیش نظر ان دعاؤں کا یہاں ذکر نہیں کر رہے بلکہ بعض ضروری اوراد و وظائف کا تذکرہ کریں گے۔ تفصیلات کے خواہشمند مذکورہ کتابوں کی طرف رجوع کریں۔

### (۱) صبح سویرے جاگنے کے وقت کے اذکار کا تذکرہ

جب انسان چھوٹی موت (نیند) سے بخیر و عافیت بیدار ہو تو سب سے پہلے تین باریوں اپنے پروردگار کا شکر ادا کرے: ﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ﴾۔ اس کے بعد چہارگانہ شکر یہ ادا کرے:

(۱) ﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَحْيَانِیْ بَعْدَ مَا اَمَاتَنِیْ وَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ﴾۔

---

ہر قسم کی تعریف خدا کے لیے ہے جس نے مارنے کے بعد مجھے زندہ کیا ہے اور اسی کی بارگاہ میں حاضری ہوگی۔

(۲) ﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ جَعَلَنِیْ مِنْ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ آلِهٖ وَسَلَّمَ وَلَمْ

ہر قسم کی تعریف خدا کے لیے ہے جس نے مجھے حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت سے قرار دیا ہے

یَجْعَلْنِیْ مِنْ سَائِرِ الْاُمَمِ﴾۔

اور عام امتوں سے نہیں بنایا۔

(۳) ﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ جَعَلَ رِزْقِیْ فِیْ یَدِهٖ وَلَمْ یَجْعَلْهُ فِیْ اَیْدِی النَّاسِ﴾۔

ہر قسم کی تعریف خدا کے لیے ہے جس نے میری روزی اپنے ہاتھ میں رکھی ہے اور لوگوں کے ہاتھ میں نہیں رکھی۔

(۴) ﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ سَتَرَ عُیُوْبِیْ وَلَمْ یَفْضَحْنِیْ بَیْنَ النَّاسِ﴾

ہر قسم کی تعریف خدا کیلئے ہے جس نے میرے عیبوں پر پردہ ڈال رکھا ہے اور مجھے لوگوں میں رسوانہیں کیا۔(حلیة المتقین)

## (۲) سحر خیزی اور نمازِ تہجد پڑھنے کی فضیلت و کیفیت کا بیان؟

اگر خداوند عالم سحر خیزی اور نمازِ تہجد پڑھنے کی توفیق عطا فرمائے تو اسے ترک نہیں کرنا چاہیئے جس کی فضیلت سے قرآن وسنت چھلک رہے ہیں۔ ارشادِ قدرت ہے: ﴿وَبِالْاَسْحَارِ هُمْ یَسْتَغْفِرُوْنَ﴾ کہ مؤمنین صبح سحری کے وقت استغفار (طلب مغفرت) کرتے ہیں۔

عطار ہو رومی ہو، رازی ہو غزالی ہو　　　کچھ ہاتھ نہیں آتا بے آہ سحر گاہی

مؤمن کے علامات میں سے ایک اہم علامت شب و روز میں اکیاون رکعت نماز پڑھنا بھی ہے جو کہ نماز پنجگانہ، ان کے مقررہ نوافل اور نمازِ تہجد کی آٹھ رکعت اور اس کی دو رکعت شفع اور ایک رکعت وتر ملا کر بنتی ہیں۔ بہر حال شب بیداری اور سحر خیزی مؤمن کا شرف، اس کے چہرہ کی رونق، بدن کی صحت نیز وسعت رزق کا سبب ہے اور اس کے گناہوں کا کفارہ ہے۔ احادیث میں اس کے پڑھنے کی بہت فضیلت وارد ہوئی ہے۔

بہر حال بندۂ مؤمن کو چاہیئے کہ صبح بیدار ہونے اور بول و براز وغیرہ حوائج ضروریہ سے فارغ ہونے اور ان حالات کی دعائیں پڑھنے کے بعد وضوئے کامل کرے جس میں مسواک کرنا بھی شامل ہے اور اس کی مقررہ دعائیں پڑھنا بھی۔ (جو قوانین الشریعہ کی پہلی جلد میں مذکور ہیں)۔ بعد ازاں نمازِ تہجد پڑھے جو اس طرح ہے:

## نمازِ تہجد کی کیفیت

دراصل نمازِ تہجد آٹھ رکعت ہے۔ اور دو رکعت نمازِ شفع اور ایک رکعت نمازِ وتر پھر مجازاً سب کو نمازِ تہجد کہہ دیا جاتا ہے۔ یہ نماز نصف شب کے بعد اور طلوعِ فجر سے پہلے دو دو رکعت کر کے پڑھی جاتی ہے۔ اگر وقت کافی ہو تو پہلی دو رکعتوں میں بہتر یہ ہے کہ ہر رکعت میں سورۂ حمد کے بعد تیس (۳۰) بار یا کم از کم تین بار سورۂ اخلاص پڑھی جائے اور باقی چھ رکعتوں میں جو سورے چاہے پڑھے۔

بعد ازاں نمازِ شفع کی دو رکعت پڑھے۔ نمازی کو اختیار ہے کہ دونوں رکعتوں میں سورۂ حمد کے بعد سورۂ **قل ھو اللہ احد** پڑھے یا پہلی رکعت میں سورۂ حمد کے بعد سورۂ **قل اعوذ برب الناس** اور دوسری رکعت میں حمد کے بعد سورۂ **قل اعوذ برب الفلق** پڑھے اور سلام کے بعد یہ دعا پڑھے:

**اِلٰھِیْ تَعَرَّضَ لَکَ فِیْ ھٰذَا الَّیْلِ الْمُتَعَرِّضُوْنَ وَ قَصَدَکَ الْقَاصِدُوْنَ وَ اَمَّلَ فَضْلَکَ**

میرے معبود! طلب کرنے والوں نے آج رات خود کو تیرے ہی سامنے پیش کیا ہے ارادہ کرنے والوں نے تیری ہی بارگاہ کا ارادہ

**وَ مَعْرُوْفَکَ الطَّالِبُوْنَ وَ لَکَ فِیْ ھٰذَا الَّیْلِ نَفَحَاتٌ وَّ جَوَائِزُ وَ عَطَایَا وَ مَوَاھِبُ تَمُنُّ**

کیا ہے اور حاجتمندوں نے تیرے ہی فضل و احسان سے امید باندھی ہوئی ہے آج کی رات میں تیری مہربانیاں تیری بخشش تیری

**بِھَا عَلٰی مَنْ تَشَآءُ مِنْ عِبَادِکَ وَ تَمْنَعُھَا مَنْ لَّمْ تَسْبِقْ لَہُ الْعِنَایَۃُ مِنْکَ وَھَآ اَنَا ذَا**

عطائیں اور تیرے ہی انعاموں کی ہے کہ تو اپنے بندوں میں سے جس پر چاہے ان سے احسان فرمائے اور اس سے روک لے جس

**عُبَیْدُکَ الْفَقِیْرُ اِلَیْکَ الْمُؤَمِّلُ فَضْلَکَ وَ مَعْرُوْفَکَ فَاِنْ کُنْتَ یَا مَوْلَایَ تَفَضَّلْتَ**

پر تیری توجہ اور عنایت نہ ہوئی ہو اور یہ میں ہوں تیرا حقیر بندہ کہ تیرا محتاج ہوں اور تیرے فضل و احسان کی امید رکھتا ہوں پس اے

**فِیْ ھٰذِہِ اللَّیْلَۃِ عَلٰی اَحَدٍ مِّنْ خَلْقِکَ وَعُدْتَّ عَلَیْہِ بِعَآئِدَۃٍ مِّنْ عَطْفِکَ فَصَلِّ عَلٰی**

میرے مولا! اگر آج کی رات میں تو اپنی مخلوق میں کسی پر داد و دہش کرے اور اس کو انعام عطا فرمائے وہ انعام عطا فرمائے جو تیری

**مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاھِرِیْنَ الْخَیِّرِیْنَ الْفَاضِلِیْنَ وَ جُدْ عَلَیَّ بِطَوْلِکَ وَ**

مہربانی کے ساتھ ہو تو رحمت نازل فرما محمدؐ اور آلِ محمدؐ پر جو صاف ہیں پاک ہیں نیکوکار ہیں اور با فضیلت ہیں اور اپنے فضل اور

**مَعْرُوْفِکَ یَا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ وَ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ وَ اٰلِہِ الطَّاھِرِیْنَ وَ**

احسان سے مجھ پر بخشائش کر اے جہانوں کے پالنے والے اور رحمت ہو اللہ کی محمدؐ پر جو نبیوں میں آخری نبی ہیں اور ان کی آل پر

سَلِّمْ تَسْلِيمًا اِنَّ اللّٰهَ حَمِيدٌ مَّجِيدٌ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَدْعُوكَ كَمَآ اَمَرْتَ فَاسْتَجِبْ لِيْ كَمَا

جو پاکیزہ ہیں اور سلام ہو بہت سلام بے شک اللہ خوبی والا شان والا ہے اے معبود! میں تجھ سے دعا کرتا ہوں جیسے تو نے حکم دیا تو

وَعَدْتَ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيعَادَ.

اپنے وعدے کے مطابق اسے قبول فرما کیونکہ تو اپنے وعدے کی خلاف ورزی نہیں کرتا۔

اس کے بعد ایک رکعت نماز وتر پڑھے جس میں سورۂ حمد کے بعد سورۂ اخلاص ایک بار پڑھے۔ یا سورۂ اخلاص تین بار اور معوذتین (قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس) ایک ایک بار پڑھے اور پھر دعائے قنوت کے لیے ہاتھ بلند کرے اور اس میں مقررہ دعائے قنوت ﴿اللّٰهم اغفر لنا﴾ کے علاوہ سات بار ﴿هٰذَا مَقَامُ الْعَائِذِ بِكَ مِنَ النَّارِ﴾ (یہ آتش دوزخ سے تیری پناہ لینے والے کے کھڑے ہونے کی جگہ ہے) پڑھے اور ستر بار استغفار کرے یعنی ﴿اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّيْ وَ اَتُوْبُ اِلَيْهِ﴾ پڑھے اور اگر وقت وسیع ہو تو تین سو بار ﴿اَلْعَفْوَ﴾ پڑھے۔ جیسا کہ حضرت امام زین العابدین علیہ السلام پڑھا کرتے تھے اور آخر میں یہ دعا پڑھے:

رَبِّ اغْفِرْلِيْ وَ ارْحَمْنِيْ وَتُبْ عَلَيَّ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ.



اے رب مجھے بخش دے مجھ پر رحم کر اور میری توبہ قبول فرما بے شک تو بڑا توبہ قبول کرنے والا معاف کرنے والا مہربان ہے۔

اور بہتر ہے کہ اپنا بایاں ہاتھ دعا کے لیے بلند کرے اور دائیں ہاتھ سے یہ تعداد شمار کرے۔

## ایضاح

مشہور یہ ہے کہ نماز وتر کے قنوت میں چالیس عدد زندہ یا مردہ مؤمنین کا نام لے کر اس طرح ان کے لیے دعائے مغفرت کی جائے: ﴿اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لفلان و فلان و فلان﴾ مگر نماز شب کے خصوصی ادعیہ و اذکار میں اس کا کوئی تذکرہ نہیں ملتا ہاں البتہ بعض عمومی روایات میں وارد ہے کہ اگر چالیس اہل ایمان کے لیے نام بنام دعا کی جائے تو اس طرح کرنے سے اپنی دعا قبول ہوتی ہے اور غالباً اس سے علماء نے یہ استنباط کیا ہے کہ اس مقام استجابت دعا میں اہل ایمان کو یاد کیا جائے۔ تاکہ ان کی برکت سے خدائے رحیم و کریم اس کے حال زار پر رحم فرمائے اور اس کی مغفرت فرمائے۔ واللّٰه العالم۔ سلام کے بعد تسبیح جناب سیدہؑ پڑھ کر اس نماز کا اختتام کیا جائے واللّٰہ الموفق۔

## افادہ

نمازِ شب سے فارغ ہونے کے بعد دعائے 'حزین' پڑھی جائے جو یہ ہے:

اُنَاجِیْکَ یَا مَوْجُوْدًا فِیْ کُلِّ مَکَانٍ لَعَلَّکَ تَسْمَعُ نِدَائِیْ فَقَدْ عَظُمَ جُرْمِیْ وَ قَلَّ

اے وہ اللہ جو ہر جگہ موجود ہے میں تجھ سے مناجات کر رہا ہوں شاید کہ تو میری فریاد سن لے کیونکہ میرے جرائم زیادہ ہیں اور حیا گھٹ

حَیَآئِیْ مَوْلَایَ یَا مَوْلَایَ اَیَّ الْاَهْوَالِ اَتَذَکَّرُ وَ اَیَّهَا اَنْسٰی وَلَوْ لَمْ یَکُنْ اِلَّا الْمَوْتُ

گئی ہے میرے مولا اے میرے مولا میں کن کن خوفوں کو یاد کروں اور کن کو فراموش کروں اگر موت کے سوا کوئی خوف نہ ہوتا تو بھی

لَکَفٰی کَیْفَ وَمَا بَعْدَ الْمَوْتِ اَعْظَمُ وَ اَدْهٰی مَوْلَایَ یَا مَوْلَایَ حَتّٰی مَتٰی وَ اِلٰی مَتٰی

کافی تھا اور موت کے بعد کے حالات تو زیادہ پُرخطر ہیں میرے مولا اے میرے مولا کب تک اور کہاں تک تجھ سے

اَقُوْلُ لَکَ الْعُتْبٰی مَرَّةً بَعْدَ اُخْرٰی ثُمَّ لَا تَجِدُ عِنْدِیْ صِدْقًا وَّلَا وَفَآءً فَیَاغَوْثَاهُ

کہتا رہوں ایک کے بعد دوسری بار عذر لاؤ پھر بھی تو میری طرف سے اس میں سچائی اور پابندی نہیں پاتا ہائے فریاد

ثُمَّ وَاغَوْثَاهُ بِکَ یَآ اَللّٰهُ مِنْ هَوًی قَدْ غَلَبَنِیْ وَمِنْ عَدُوٍّ قَدِ اسْتَکْلَبَ عَلَیَّ

پھر ہائے فریاد ہے تجھ سے اے اللہ خواہش نفس سے جو مجھ پر حاوی ہے اور اس دشمن سے فریاد جو مجھ پر جھپٹ پڑا ہے اس دنیا پر فریاد جو مجھ



وَمِنْ دُنْیَا قَدْ تَزَیَّنَتْ لِیْ وَمِنْ نَفْسٍ اَمَّارَةٍ بِالسُّوْٓءِ اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّیْ مَوْلَایَ یَا مَوْلَایَ

پر جھپٹ پڑا ہے اس دنیا پر فریاد جو میرے لیے سنور کر آ گئی اور اس نفس پر جو برائی کا حکم دیتا ہے مگر جس پر میرا رب رحم کرے میرے مولا

اِنْ کُنْتَ رَحِمْتَ مِثْلِیْ فَارْحَمْنِیْ وَاِنْ کُنْتَ قَبِلْتَ مِثْلِیْ فَاقْبَلْنِیْ یَا قَابِلَ السَّحَرَةِ

اے میرے مولا اگر تو نے کسی مجھ جیسے پر رحم کیا ہے تو مجھ پر بھی رحم کر کر اگر کسی مجھ جیسے کا عمل قبول کیا ہے تو میرا بھی عمل قبول کر اے ساحران

اِقْبَلْنِیْ یَا مَنْ لَّمْ اَزَلْ اَتَعَرَّفُ مِنْهُ الْحُسْنٰی یَا مَنْ یُّغَذِّیْنِیْ بِالنِّعَمِ صَبَاحًا وَّ مَسَآءً

مصر کو قبول کرنے والے مجھے بھی قبول کر اے وہ جس سے میں نے ہمیشہ اچھائی ہی کو پہچانا اے وہ جو مجھے صبح و شام نعمتیں عطا فرماتا ہے

اِرْحَمْنِیْ یَوْمَ اٰتِیْکَ فَرْدًا شَاخِصًا اِلَیْکَ بَصَرِیْ مُقَلَّدًا عَمَلِیْ قَدْ تَبَرَّءَ جَمِیْعُ الْخَلْقِ

مجھ پر اس دن رحم فرمانا جب تنہا ہوں گا اور تیری طرف آنکھ لگائے ہوں گا اپنے عمال گلے میں لٹکائے جب ساری مخلوق

مِنِّیْ نَعَمْ وَ اَبِیْ وَ اُمِّیْ وَمَنْ کَانَ لَهٗ کَدِّیْ وَ سَعْیِیْ فَاِنْ لَّمْ تَرْحَمْنِیْ فَمَنْ یَّرْحَمُنِیْ وَمَنْ

مجھ سے دوری اختیار کرے گی ہاں میرے ماں باپ بھی اور وہ بھی جن کے لئے میں دکھ جھیلتا رہا پس اگر تو مجھ پر رحم نہ کرے تو کون کرے گا

يُونِسُ فِي الْقَبْرِ وَحْشَتِي وَمَنْ يَنْطِقُ لِسَانِيْ إِذَا خَلَوْتُ بِعَمَلِي وَ سَآئَلْتَنِي عَمَّا أَنْتَ

قبر کی تنہائی میں کون میرا ہمدم ہوگا کون میری زبان کو گویا کرے گا جب تو عمل کے بارے میں مجھ سے سوال کرے گا جب کہ تو

أَعْلَمُ بِهِ مِنِّي فَإِنْ قُلْتُ نَعَمْ فَأَيْنَ الْمَهْرَبُ مِنْ عَدْلِكَ وَ إِنْ قُلْتُ لَمْ أَفْعَلْ قُلْتَ أَلَمْ

اسے مجھ سے زیادہ جانتا ہے تو اگر میں ہاں کہوں پھر تیرے عدل سے کدھر بھاگوں گا اور اگر کہوں میں نے نہیں کیا تو تُو کہے گا کیا میں اس پر

أَكُنِ الشَّاهِدَ عَلَيْكَ فَعَفْوَكَ عَفْوَكَ يَا مَوْلَايَ قَبْلَ سَرَابِيْلِ الْقَطِرَانِ

گواہ نہیں تھا۔ پس بخش دے بخش دے اے میرے مولا اس سے پہلے کہ تارکول کا جامہ پہنوں

عَفْوَكَ عَفْوَكَ يَا مَوْلَايَ قَبْلَ جَهَنَّمَ وَ النِّيْرَانِ عَفْوَكَ عَفْوَكَ يَا مَوْلَايَ قَبْلَ

بخش دے بخش دے اے میرے مولا اس سے پہلے کہ جہنم کے شعلوں میں پڑوں بخش دے بخش دے اے میرے مولا اس سے پہلے کہ

أَنْ تُغَلَّ الْأَيْدِيْ إِلَى الْأَعْنَاقِ يَآ أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَ خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ.

میرے ہاتھ گردن میں باندھ دیے جائیں اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے اور اے بہت بخشنے والے۔

(۳) بعد ازاں نمازِ صبح کے دو رکعت نافلہ پڑھے جائیں۔ اور پھر نمازِ صبح پورے مقررہ شرائط اور آداب کے ساتھ ادا کی جائے۔



(۴) اور بعد ازاں طلوعِ آفتاب سے پہلے نمازِ صبح کے تعقیبات اور وہ اوراد و وظائف پڑھے جائیں جن کا تذکرہ قبل ازیں ''افادۂ عام در ادعیہ صبح و شام'' کے عنوان کے تحت کیا جا چکا ہے۔

## دن اور رات کا آغاز صدقہ سے کیا جائے

(۵) بعد ازاں دن کا آغاز حسبِ توفیق کچھ صدقہ و خیرات سے کرے تا کہ اس دن کے آفات و بلیات سے خدا اسے محفوظ رکھے۔ اور اسی طرح رات کا آغاز بھی صدقہ و خیرات سے کرے تا کہ اس رات کی بلاؤں و مصیبتوں سے محفوظ رہے اس امر کی احادیث میں بڑی فضیلت اور تاکید وارد ہوئی ہے۔ ﴿**لانہ لا یرد البلاء الا الدعاء ولا یرد القضاء الا الصدقة**﴾۔

(۶) نیز ہر روز درج ذیل دعاؤں اور اذکار کا پڑھنا بھی وارد ہے اور ان کے بے پایاں اجر و ثواب مذکور ہیں۔

(الف) ہر روز سات مرتبہ یہ دعا پڑھے:

اَسْئَلُ اللّٰهَ الْجَنَّةَ وَ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ النَّارِ.

میں خدا سے جنت طلب کرتا ہوں اور جہنم سے اس کی پناہ مانگتا ہوں۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں: جب کوئی بندۂ مومن سات بار یہ دعا پڑھتا ہے تو جہنم کہتی ہے کہ یا اللہ اسے مجھ سے پناہ دے دے۔ (الفقیہ)

(ب) یہ دعا پڑھی جائے چنانچہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ جب کوئی مومن شب و روز میں چالیس گناہانِ کبیرہ کرے اور پھر پشیمان ہو کر یہ دعا پڑھے تو خدا اس کے گناہ بخش دیتا ہے:

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ

اس خدا سے معافی مانگتا ہوں کہ نہیں کوئی معبود مگر وہ زندہ پائندہ آسمانوں اور زمین کو پیدا کرنے والا

ذُوالْجَلَالِ وَ الْاِکْرَامِ وَ اَسْئَلُهٗ اَنْ یَّتُوْبَ عَلَیَّ.

جلال و اکرام کا مالک اور سوال کرتا ہوں کہ وہ میری توبہ قبول کرے۔



(ج) ہر روز سات باریوں اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کی جائے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی کُلِّ نِعْمَةٍ کَانَتْ اَوْ هِیَ کَآئِنَةٌ.

خدا کی حمد ہے ہر اس نعمت پر جو پہلے ملی تھی یا اب ملی ہے۔

امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے، فرمایا: جو ایسا کرے گا تو گویا اس نے اللہ کی ہر نعمت کا شکریہ ادا کر دیا ہے۔ (کتاب الدعا والزیارۃ للشیرازی)

(د) ہر روز پچیس مرتبہ پڑھے:

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِیْنَ وَ الْمُؤْمِنَاتِ وَ الْمُسْلِمِیْنَ وَ الْمُسْلِمَاتِ.

اے اللہ بخش دے تمام مومنین و مومنات کو اور تمام مسلمین و مسلمات کو۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ جب کوئی شخص ایسا کرتا ہے تو خداوند تعالیٰ تمام گزشتہ اور آئندہ پیدا ہونے والے اہل ایمان کی تعداد کے برابر اس کے نامۂ اعمال میں نیکیاں لکھ دیتا ہے اور اتنی ہی برائیاں مٹا دیتا ہے اور جنت میں اتنے ہی اس کے درجے بلند کر دیتا ہے۔ (زاد المعاد)

(ہ) حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے، فرمایا: حضرت رسول اللہ ﷺ روزانہ ستر بار ﴿اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ﴾ (میں اللہ سے مغفرت طلب کرتا ہوں) اور ستر بار ﴿اَتُوْبُ اِلَى اللّٰهِ﴾ (میں اللہ کی بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں) پڑھا کرتے تھے۔ (الکافی)

(و) ہر روز سو مرتبہ تسبیحاتِ اربعہ کا پڑھنا بھی وارد ہے:۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ.

اللہ پاک تر ہے حمد اللہ ہی کیلئے ہے نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے اور اللہ بزرگ تر ہے۔

مروی ہے کہ جو ایسا کرے گا تو خدا اس کے جسم کو جہنم پر حرام قرار دے دیگا۔ (مصباح کفعمی)

(ز) تین سو ساٹھ مرتبہ استغفار کرنے اور تین سو ساٹھ بار ﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ كَثِيْرًا عَلٰى كُلِّ حَالٍ﴾ (تمام تر حمد ہے اللہ کے لیے جو جہانوں کا رب ہے ہر حال میں بہت بہت حمد) کے پڑھنے کی بھی بڑی فضیلت وارد ہوئی ہے۔ (مصباح المتہجد)

(ح) ہر روز دس بار یہ ذکر کیا جائے:



اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ اِلٰهًا وَّاحِدًا اَحَدًا صَمَدًا

میں گواہی دیتا ہوں کہ کوئی نہیں معبود سوائے اللہ کے وہ یکتا ہے اس کا کوئی ساجھی نہیں وہ معبود ہے اکیلا یگانہ بے نیاز کہ جس کی

لَمْ يَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا

نہ کوئی زوجہ ہے اور نہ کوئی فرزند۔

(ط) روزانہ دس مرتبہ یہ دعا پڑھی جائے:

اَعْدَدْتُ لِكُلِّ هَوْلٍ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ لِكُلِّ هَمٍّ وَّ غَمٍّ مَّا شَآءَ اللّٰهُ وَ لِكُلِّ نِعْمَةٍ اَلْحَمْدُ

میں تیار ہوں کہ ہر دہشت پر کہوں نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے ہر غم و اندیشے میں کہوں جو چاہے اللہ ہر نعمت پر کہوں حمد ہے

لِلّٰهِ وَ لِكُلِّ رَخَآءٍ اَلشُّكْرُ لِلّٰهِ وَ لِكُلِّ اُعْجُوْبَةٍ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ لِكُلِّ ذَنْبٍ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ

اللہ کے لیے ہر راحت میں کہوں شکر ہے خدا کا ہر عجیب امر پر کہوں پاک تر ہے اللہ ہر گناہ پر کہوں اللہ سے معافی مانگتا ہوں

وَ لِكُلِّ مُصِيْبَةٍ اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ وَ لِكُلِّ ضِيْقٍ حَسْبِيَ اللّٰهُ وَ لِكُلِّ قَضَآءٍ وَّ قَدَرٍ

ہر مصیبت پر کہوں ہم اللہ کے لیے ہیں اور اسی کی طرف پلٹ جائیں گے ہر تکلیف میں کہوں مجھے اللہ کافی ہے ہر ہونی شدنی پر کہوں میں اللہ

تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ وَلِکُلِّ عَدُوٍّ اِعْتَصَمْتُ بِاللّٰہِ وَلِکُلِّ طَاعَۃٍ وَّ مَعْصِیَۃٍ

ہی پر بھروسہ کرتا ہوں ہر دشمن کے لیے کہوں میں خدا کی پناہ لیتا ہوں اور ہر اطاعت اور نافرمانی پر کہوں نہیں کوئی

لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

حرکت وقوت مگر وہ جو اللہ بلند و بزرگ سے ہے۔

چنانچہ حضرت رسول خدا ﷺ سے مروی ہے کہ جو شخص ہر روز دس بار یہ دعا پڑھے گا تو خدا اس کے چار ہزار گناہ معاف کر دے گا اور اسے سکرات موت، فشار قبر اور شدائد قیامت اور شیطان اور اس کے لشکروں سے محفوظ رکھے گا۔(البلد الامین)

(ی) روزانہ ایک بار یہ دعا پڑھی جائے:

بِسْمِ اللّٰہِ حَسْبِیَ اللّٰہُ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُکَ خَیْرَ اُمُوْرِیْ کُلِّھَا

خدا کے نام سے میرے لیے اللہ کافی ہے میں اللہ پر بھروسہ کرتا ہوں اے معبود! میں تجھ سے اپنے تمام امور کی بہتری کا سوال کرتا ہوں

وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ خِزْیِ الدُّنْیَا وَعَذَابِ الْاٰخِرَۃِ۔



اور تیری پناہ لیتا ہوں دنیا کی رسوائی اور آخرت کے عذاب سے۔

چنانچہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے، فرمایا: جو شخص روزانہ ایک بار یہ دعا پڑھے گا تو خداوند عالم خود اس کے دنیوی واخروی امور کی کفایت کرے گا۔(مصباح کفعمی)

(۷) غروب آفتاب سے پہلے وہ مخصوص دعائیں پڑھی جائیں جن کا اوپر "ادعیۂ صبح وشام" کے ضمن میں تذکرہ کیا جا چکا ہے۔

## سونے کے آداب کا تذکرہ

(۸) بعد ازاں نماز مغرب وعشاء اپنے اوقات فضیلت میں پڑھی جائے اور جب آدمی رات کا کھانا وغیرہ کھا کر اور حوائج ضروریہ سے فراغت کے بعد سونے کا ارادہ کرے تو پہلے حسب ذیل کام انجام دے۔

(۹) سارے دن کے اعمال وافعال کا خود محاسبہ کرے پھر نیکیوں پر خدا کا شکر ادا کرے اور بدیوں پر توبہ وانابہ کرے۔حدیث میں وارد ہے: ﴿لیس منا من لم یحاسب نفسه کل لیلة﴾ "جو شخص ہر رات اپنا محاسبہ نہ کرے وہ ہم میں سے نہیں ہے۔" (رسالہ محاسبۂ نفس جناب سید ابن طاؤسؒ)

(۱۰) سونے سے پہلے آیت الکرسی کی ایک بار، سورۂ قل یا ایھا الکافرون کی چار بار اور سورۂ قل ھو اللہ احد کی گیارہ بار یا کم از کم تین بار تلاوت کی جائے اور سورۂ الھاکم التکاثر کا پڑھنا بھی وارد ہے جس کی برکت سے آدمی فشار قبر سے محفوظ رہتا ہے۔ (مفتاح الفلاح) اور تسبیح جناب سیدہ پڑھی جائے اور ایک سو بار استغفار کی جائے۔

ایک روایت میں وارد ہے کہ آیت الکرسی پڑھنے کے بعد یہ دعا بھی پڑھی جائے کہ حضرت رسول خدا ﷺ ایسا کرتے تھے:

بِسْمِ اللّٰهِ اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَ كَفَرْتُ بِالطَّاغُوْتِ اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِيْ فِيْ مَنَامِيْ وَفِيْ يَقْظَتِيْ۔

خدا کے نام سے میں خدا پر ایمان لایا ہوں اور طاغوت کا انکار کیا ہے۔ اے معبود تو نیند اور بیداری میں میری حفاظت فرما۔ (عدۃ الداعی)

نیز بروایت مفضل حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے، فرمایا: جب سونے لگو تو اگر ہو سکے تو بارہ حرفوں کے ساتھ اپنے آپ کو خدا کی پناہ میں دے دو۔ راوی نے عرض کیا کہ وہ بارہ حرف کون سے ہیں؟ فرمایا: وہ یہ ہیں:



اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَ اَعُوْذُ بِقُدْرَةِ اللّٰهِ وَ اَعُوْذُ بِجَلَالِ اللّٰهِ وَ اَعُوْذُ بِسُلْطَانِ اللّٰهِ وَ اَعُوْذُ

پناہ لیتا ہوں عزت خدا کی پناہ لیتا ہوں قدرت خدا کی پناہ لیتا ہوں دبدبہ خدا کی

بِجَمَالِ اللّٰهِ وَ اَعُوْذُ بِدَفْعِ اللّٰهِ وَ اَعُوْذُ بِمَنْعِ اللّٰهِ وَ اَعُوْذُ بِجَمْعِ

پناہ لیتا ہوں اقتدار خدا کی پناہ لیتا ہوں زیبائی خدا کی پناہ لیتا ہوں دفاع خدا کی پناہ لیتا ہوں حفظ خدا کی

اللّٰهِ وَ اَعُوْذُ بِمُلْكِ اللّٰهِ وَ اَعُوْذُ بِوَجْهِ اللّٰهِ وَ اَعُوْذُ

پناہ لیتا ہوں گروہ خدا کی پناہ لیتا ہوں ملکیت خدا کی اور پناہ لیتا ہوں ذات خدا کی اور پناہ لیتا ہوں

بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَ بَرَءَ وَ ذَرَءَ۔

خدا کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ کی ہر چیز کے شر سے جو اس نے پیدا کی اور پھیلائی۔ (الباقیات الصالحات للشیخ عباس قمی)

نیز سوتے وقت اس دعا کے تین بار پڑھنے کا بڑا ثواب وارد ہوا ہے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ عَلَا فَقَهَرَ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ بَطَنَ فَخَبَرَ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ مَلَكَ

حمد ہے خدا کے لیے جو بلند ہوا تو غالب رہا تمام تر حمد ہے خدا کے لیے جو پوشیدہ ہے تو باخبر ہے تمام تر حمد ہے خدا کے لیے جو مالک ہے

فَقَدَرَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ یُحْیِی الْمَوْتٰی وَ یُمِیْتُ الْاَحْیَآءَ وَهُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

تو قدرت رکھتا ہے اور تمام تر حمد ہے خدا کے لیے جو مردوں کو زندہ کرتا اور زندوں کو موت دیتا ہے اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔

حضرت صادق آل محمد علیہ السلام سے مروی ہے کہ اس کا پڑھنے والا گناہوں سے اس طرح باہر آجاتا ہے جیسے آج ہی شکم مادر سے پیدا ہوا ہے۔(الکافی)

**(فائدہ)** اگر کوئی شخص رات کے کسی خاص حصہ میں بیدار ہونا چاہے تو اس مقصد کے لیے سورۂ کہف کی آخری آیت پڑھ کر سوجائے اسی وقت بیدار ہوجائے گا۔ نیز اس کی تلاوت کا ویسے بھی بڑا ثواب مروی ہے، جو یہ ہے:

﴿قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُکُمْ یُوْحٰٓی اِلَیَّ اَنَّمَآ اِلٰـهُکُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَمَنْ کَانَ یَرْجُوْا لِقَآءَ

(اے رسولؐ) کہہ دیجئے اکہ میں (بھی) تمہاری طرح ایک بشر (انسان) ہوں البتہ میری طرف وحی کی جاتی ہے کہ تمہارا خدا ایک ہی خدا ہے پس جو کوئی

رَبِّهٖ فَلْیَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا یُشْرِکْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا﴾۔(الکافی)

اپنے پروردگار کی بارگاہ میں حاضر ہونے کا امیدوار ہے۔ اسے چاہیے کہ نیک عمل کرتا رہے اور اپنے پروردگار کی عبادت میں کسی کو بھی شریک نہ کرے۔

بعد ازاں دائیں کروٹ پر رو بقبلہ ہو کر سوجائے کہ یہی اہل ایمان کا طریقہ ہے۔

# باب پنجم

## شب وروز جمعہ کی اہمیت وفضیلت کا تذکرہ

یہ بات قرآن وسنت کی تصریحات اور ذاتی مشاہدات سے ثابت ہے کہ خالق علیم وحکیم نے اس کائنات کی کوئی بھی دو چیزیں بالکل برابر پیدا نہیں کیں۔ نبی نبی کے درجہ میں فرق ہے، ولی ولی اور وصی وصی کے مرتبہ میں فرق ہے۔ دو اہل ایمان ہیں تو ان کے ایمان میں فرق اور دو کافر ہیں تو ان کے کفر میں فرق۔ ﴿تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ...﴾ اسی طرح دن دن میں فرق اور رات رات میں فرق۔ چنانچہ متعدد روایات میں وارد ہے کہ جمعہ کا دن تمام دنوں کا سردار ہے اور جمعہ کی رات تمام راتوں کی سردار ہے۔ لہٰذا اگر اس شب وروز میں نیکی کی جائے تو اس کا ثواب عام دنوں سے کئی گنا زیادہ ہوتا ہے اور اگر ان میں برائی کی جائے تو اس کا عذاب بھی عام دنوں سے کئی گناہ زیادہ ہوتا ہے۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ جو شخص جمعرات کے زوال سے لے کر جمعہ کے زوال تک وفات پا جائے وہ فشارِ قبر سے محفوظ رہتا ہے۔ نیز انہی جنابؑ سے مروی ہے، فرمایا: جمعہ کے دن کا خاص احترام اور حق ہے۔ خبردار اس کے اس حق کو ضائع نہ کرو۔ اس دن عبادت الٰہی میں کوتاہی نہ کرو بلکہ اعمالِ صالحہ بجالا کر خدا کا قرب حاصل کرو اور تمام محرمات شرعیہ سے پرہیز کرو۔ (الکافی والفقیہ)

یہ شب وروز قبولیت دعا کے لیے مخصوص ہیں۔ کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ ایک بندۂ مؤمن خدا سے کوئی دعا کرتا ہے مگر وہ اس کی قبولیت کو جمعہ تک مؤخر کر دیتا ہے تاکہ اس کی عظمت اجاگر ہو جائے۔ (عدۃ الداعی)

حضرت امیر علیہ السلام سے منقول ہے، فرمایا: خداوند عالم نے جمعہ کو تمام دنوں پر بڑائی عطا فرمائی ہے اور اسے عید کا دن قرار دیا ہے اور اسی طرح اس کی رات بھی خاص عظمت کی مالک ہے اس دن اللہ تعالیٰ سے جو کچھ

طلب کیا جائے وہ عطا کردیا جاتا ہے اور اگر کوئی شخص کسی وجہ سے مستوجب عذاب بھی ہوتو شب و روز جمعہ میں دعا و پکار کرنے سے اس عذاب سے اس کی گلوخلاصی ہوجاتی ہے۔ بہرحال شب و روز جمعہ اور بالخصوص جمعہ کا دن عبادت الٰہی کرنے اور دینی کام انجام دینے کے لیے مخصوص ہے۔ حدیث میں وارد ہے: ﴿ويل لمن لم يفرغ نفسه للجمعة﴾ "افسوس ہے اس شخص کے لیے جو جمعہ کا دن دینی امور کی بجاآوری کے لیے فارغ نہیں کرسکتا۔" (الوسائل)

## شب جمعہ میں پڑھی جانے والی سورتوں اور دعاؤں کا تذکرہ

بہرحال شب جمعہ جو کہ بڑی عظمت وجلالت والی اور مخصوص عبادت الٰہی کرنے کی رات ہے۔ احادیث میں اس کے بہت سے اعمال وعبادات وارد ہوئے ہیں ہم ان میں سے چند اہم اعمال واوراد کا تذکرہ کرتے ہیں۔

(۱) سورۂ یٰسین پڑھی جائے۔ چنانچہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے، فرمایا: جو شخص شب جمعہ میں سورۂ یٰسین کی تلاوت کرے گا وہ اس حالت میں صبح کرے گا کہ اس کی مغفرت ہوچکی ہوگی۔

(کتاب الدعا والزیارہ)



(۲) سورۂ واقعہ کی تلاوت کی جائے۔ چنانچہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے، فرمایا: جو شخص شب جمعہ میں سورۂ واقعہ کی تلاوت کرے تو خدائے تعالیٰ اس سے محبت کرے گا اور وہ سب لوگوں کی نگاہ میں محبوب ہوگا اور وہ دنیا میں کبھی فقر و فاقہ اور کسی آفت میں مبتلا نہ ہوگا اور (جنت میں) حضرت امیر علیہ السلام کے خاص رفقاء میں سے ہوگا۔ (ایضاً)

(۳) سورۂ بنی اسرائیل کی تلاوت کی جائے۔ چنانچہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ جو شخص ہر شب جمعہ میں سورۂ بنی اسرائیل کی تلاوت کرے گا وہ اس وقت تک نہیں مرے گا جب تک حضرت قائم آل محمدؑ کو درک نہیں کرے گا۔ اور پھر وہ ان کے اصحاب میں سے ہوگا۔ (ایضاً)

(۴) سورۂ دخان کا بھی شب و روز جمعہ میں پڑھنا وارد ہے کہ جو شخص شب جمعہ یا روز جمعہ سورۂ دخان پڑھے گا خدا اس کے لیے جنت میں ایک گھر تعمیر کرے گا۔ (ایضاً)

(۵) سورۂ جمعہ کا بھی شب جمعہ میں پڑھنا وارد ہے اور یہ کہ یہ اس جمعہ سے لے کر دوسرے جمعہ تک کا کفارہ شمار ہوگا۔ (مفاتیح الجنان)

(۱) نمازِ مغرب کے نوافل میں سے آخری سجدہ میں یہ دعا سات بار پڑھی جائے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیٓ اَسْئَلُکَ بِوَجْھِکَ الْکَرِیْمِ وَ اسْمِکَ الْعَظِیْمِ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ

خداوندا! میں تیری ذاتِ کریم اور تیرے برتر نام کے واسطے سے سوال کرتا ہوں کہ محمدؐ و آلِ محمدؑ

وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ اَنْ تَغْفِرَ لِیْ ذَنْبِیَ الْعَظِیْمِ.

پر رحمت نازل فرما اور میرے بڑے بڑے گناہوں کو بخش دے۔

(۲) شب جمعہ یا روز جمعہ سات بار یہ دعا پڑھی جائے کہ حضرت رسول خداؐ سے مروی ہے کہ جو شخص شب جمعہ یا روز جمعہ میں یہ دعا سات مرتبہ پڑھے گا وہ اگر اس رات یا اس دن میں فوت ہوگیا تو جنت میں داخل ہوگا۔ (ایضاً)

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَ اَنَا عَبْدُکَ وَ ابْنُ اَمَتِکَ

اے معبود! تو ہی میرا رب ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو نے ہی مجھے پیدا کیا اور میں تیرا بندہ اور تیری کنیز کا بیٹا ہوں

وَفِیْ قَبْضَتِکَ وَنَاصِیَتِیْ بِیَدِکَ اَمْسَیْتُ عَلٰی عَھْدِکَ

اور تیرے قابو میں ہوں میری مہار تیرے دست قدرت میں ہے میں اپنی طاقت کے مطابق تیرے عہد و پیمان پر قائم

وَ وَعْدِکَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُ بِرِضَاکَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ بِنِعْمَتِکَ

رہا ہوں جو برائی کرتا ہوں اس میں تیری رضا کی پناہ چاہتا ہوں تیری نعمت کا بار اور میرے گناہ کا بوجھ

وَ اَبُوْءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ اِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ.

میرے کندھے پر ہے پس میرے گناہ معاف کردے کہ تیرے سوا کوئی گناہوں کو معاف نہیں کرسکتا۔

(۳) حضرت شیخ طوسیؒ و شیخ کفعمیؒ نے شب و روز جمعہ اور شب و روز عرفہ میں درج ذیل دعا کا پڑھنا مستحب لکھا ہے:

اَللّٰھُمَّ مَنْ تَعَبَّاَ وَ تَھَیَّاَ وَ اَعَدَّ وَاسْتَعَدَّ لِوِفَادَۃٍ اِلٰی مَخْلُوْقٍ رَجَآءَ رِفْدِہٖ وَ طَلَبَ نَآئِلِہٖ

خدایا، جو بھی عطا و بخشش کے لیے مخلوق کی طرف جانے کو آمادہ تیار اور مستعد ہو اس کی امید اسی کی داد و دہش پر لگی ہوتی ہے

وَ جَآئِزَتِہٖ فَاِلَیْکَ یَا رَبِّ تَعْبِیَتِیْ وَ اسْتِعْدَادِیْ رَجَآءَ عَفْوِکَ وَ طَلَبَ نَآئِلِکَ

تو اے پروردگار! میری آمادگی و تیاری تیرے عفو و درگزر تیری عطا و بخشش اور تیرے انعام کے حصول کی امید پر ہے

وَ جَآئِزَتِکَ فَلَا تُخَیِّبْ دُعَآئِیْ یَا مَنْ لَّا یَخِیْبُ عَلَیْهِ سَآئِلٌ وَّلَا یَنْقُصُهٗ نَآئِلٌ فَاِنِّیْ لَمْ

پس میری دعا کو مایوس نہ کرا ے وہ ذات جس سے کوئی سائل ناامید نہیں ہوتا نہ عطا میں کمی آتی ہے تو میں نے جو عمل صالح کیا اس کے

اٰتِکَ ثِقَةً بِعَمَلٍ صَالِحٍ عَمِلْتُهٗ وَلَا لِوِفَادَةِ مَخْلُوْقٍ رَّجَوْتُهٗ اَتَیْتُکَ مُقِرًّا عَلٰی نَفْسِیْ

بھروسے پر تیری جناب میں نہیں آیا نہ مخلوق کے دین کی امید رکھتا ہوں میں تو اپنی برائیوں کا اقرار اور ظلم کا اعتراف کرتے ہوئے تیری بارگاہ

بِالْاِسَآئَةِ وَالظُّلْمِ مُعْتَرِفًا بِاَنْ لَّا حُجَّةَ لِیْ وَلَا عُذْرَ اَتَیْتُکَ اَرْجُوْ عَظِیْمَ عَفْوِکَ الَّذِیْ

میں حاضر ہوا ہوں اور کوئی حجت اور عذر نہیں رکھتا ہوں میں تیرے حضور تیرے عظیم عفو کی امید لے کر آیا ہوں جس سے تو

عَفَوْتَ بِهٖ عَنِ الْخَاطِئِیْنَ فَلَمْ یَمْنَعْکَ طُوْلُ عُکُوْفِهِمْ عَلٰی عَظِیْمِ الْجُرْمِ اَنْ عُدْتَ

خطاکاروں کو معاف فرماتا ہے کہ ان کے گناہوں کا تسلسل تجھے ان پر رحمت کرنے سے باز نہیں رکھ سکتا تو اے وہ ذات

عَلَیْهِمْ بِالرَّحْمَةِ فَیَا مَنْ رَحْمَتُهٗ وَاسِعَةٌ وَّ عَفْوُهٗ عَظِیْمٌ یَا عَظِیْمُ یَا عَظِیْمُ یَا عَظِیْمُ لَا یَرُدُّ

جس کی رحمت عام اور عفو و بخشش عظیم ہے یا عظیم یا عظیم یا عظیم تیرا غضب تیرے ہی حلم سے پلٹ سکتا ہے

غَضَبَکَ اِلَّا حِلْمُکَ وَلَا یُنْجِیْ مِنْ سَخَطِکَ اِلَّا التَّضَرُّعُ اِلَیْکَ فَهَبْ لِیْ یَآ اِلٰهِیْ



اور تیری ناراضی تیرے حضور نالہ و فریاد سے دور ہو سکتی ہے۔ تو اے میرے خدا! مجھے اپنی اس قدرت سے کشائش عطا کر جس سے تو

فَرَجًا بِالْقُدْرَةِ الَّتِیْ تُحْیِیْ بِهَا مَیْتَ الْبِلَادِ وَلَا تُهْلِکْنِیْ غَمًّا حَتّٰی تَسْتَجِیْبَ لِیْ وَ

اجڑے شہروں کو آباد کرتا ہے مجھے غمگینی میں ہلاک نہ کر یہاں تک کہ تو میری دعا کی قبولیت سے مجھے آگاہ نہ فرمائے

تُعَرِّفَنِی الْاِجَابَةَ فِیْ دُعَآئِیْ وَ اَذِقْنِیْ طَعْمَ الْعَافِیَةِ اِلٰی مُنْتَهٰی اَجَلِیْ وَلَا تُشْمِتْ بِیْ

مجھے میرے دم آخر تک صحت و عافیت سے رکھ اور میرے دشمن کو میری بری حالت پر خوش نہ ہونے دے اسے مجھ پر تسلط اور

عَدُوِّیْ وَلَا تُسَلِّطْهُ عَلَیَّ وَلَا تُمَکِّنْهُ مِنْ عُنُقِیْ اَللّٰهُمَّ اِنْ وَضَعْتَنِیْ فَمَنْ ذَا الَّذِیْ یَرْفَعُنِیْ

اختیار نہ دے اے پروردگار! اگر تو مجھے گرا دے تو کون مجھے اٹھانے والا ہے اور تو مجھے بلند کرے تو کون ہے جو مجھے

وَ اِنْ رَفَعْتَنِیْ فَمَنْ ذَا الَّذِیْ یَضَعُنِیْ وَ اِنْ اَهْلَکْتَنِیْ فَمَنْ ذَا الَّذِیْ یَعْرِضُ لَکَ فِیْ

پست کر سکتا ہو اگر تو مجھے ہلاک کرے تو کون تیرے بندے سے متعلق تجھے کچھ کہہ سکتا ہے یا اس کے بارے میں سوال کر

عَبْدِکَ اَوْ یَسْئَلُکَ عَنْ اَمْرِهٖ وَ قَدْ عَلِمْتُ اَنَّهٗ لَیْسَ فِیْ حُکْمِکَ ظُلْمٌ وَّلَا فِیْ

سکتا ہے بے شک میں یہ جانتا ہوں کہ تیرے حکم میں ظلم نہیں اور تیرے عذاب میں جلدی نہیں اور بے شک جلدی وہ

نَقِمَتِکَ عَجَلَةٌ وَ اِنَّمَا یَعْجَلُ مَنْ یَّخَافُ الْفَوْتَ وَ اِنَّمَا یَحْتَاجُ اِلَی الظُّلْمِ الضَّعِیْفُ

کرتا ہے جسے وقت نکل جانے کا ڈر ہو اور ظلم وہ کرتا ہے جو بے قدرت اور کمزور ہو اور اے میرے معبود! تو ان باتوں سے بلند

وَقَدْ تَعَالَیْتَ یَآ اِلٰهِیْ عَنْ ذٰلِکَ عُلُوًّا کَبِیْرًا اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِکَ فَاَعِذْنِیْ وَ اَسْتَجِیْرُ

اور بہت بڑا ہے اے معبود! میں تیری پناہ لیتا ہوں تو مجھے پناہ دے تیرے نزدیک آتا ہوں مجھے نزدیک کر لے

بِکَ فَاَجِرْنِیْ وَ اَسْتَرْزِقُکَ فَارْزُقْنِیْ وَ اَتَوَکَّلُ عَلَیْکَ فَاکْفِنِیْ وَ اَسْتَنْصِرُکَ

تجھ سے روزی مانگتا ہوں مجھے روزی دے تجھ پر بھروسہ رکھتا ہوں میری کفایت فرما اپنے دشمن کے خلاف تجھ سے مدد چاہتا ہوں

عَلٰی عَدُوِّیْ وَ اَسْتَعِیْنُ بِکَ فَاَعِنِّیْ وَ اَسْتَغْفِرُکَ یَآ اِلٰهِیْ فَاغْفِرْلِیْ اٰمِیْنَ اٰمِیْنَ اٰمِیْنَ

اور اعانت کا طالب ہوں میری مدد فرما اور میرے معبود تجھ سے بخشش کا طالب ہوں مجھے بخش دے آمین آمین۔

(۴) دعائے کمیل کا پڑھنا بڑی فضیلت کا حامل ہے جو عنقریب آ رہی ہے۔

(۵) بعض روایات میں اس شب دعائے اَللّٰهُمَّ یَا شَاهِدَ کُلِّ نَجْوٰی کا پڑھنا بھی وارد ہے۔ اور یہ دعا خاصی طویل ہے جس کے پڑھنے سے گناہ معاف ہوتے ہیں، نیز یہ دعا شب عرفہ میں پڑھی جاتی ہے، جو یہ ہے:



اَللّٰهُمَّ یَا شَاهِدَ کُلِّ نَجْوٰی وَ مَوْضِعَ کُلِّ شَکْوٰی وَ عَالِمَ کُلِّ خَفِیَّةٍ وَ مُنْتَهٰی کُلِّ حَاجَةٍ

اے اللہ! اے ہر راز کے گواہ اے ہر شکایت کے پہنچنے کے مقام اے ہر پوشیدہ چیز کے جاننے والے اور ہر حاجت کی آخری جگہ اے

یَا مُبْتَدِئًا بِالنِّعَمِ عَلَی الْعِبَادِ یَا کَرِیْمَ الْعَفْوِ یَا حَسَنَ التَّجَاوُزِ یَا جَوَادُ یَا مَنْ لَا یُوَارِیْ

بندوں پر اپنی نعمتوں کا آغاز کرنے والے اے مہربان معاف کرنے والے اے بہترین درگزر کرنے والے اے عطا کرنے والے

مِنْهُ لَیْلٌ دَاجٍ وَلَا بَحْرٌ عَجَّاجٌ وَ لَا سَمَآءٌ ذَاتُ اَبْرَاجٍ وَلَا ظُلَمٌ ذَاتُ ارْتِیَاجٍ یَا مَنِ

اے وہ جس سے نہاں نہیں ہے تاریک رات نہ بے کنار سمندر نہ برجوں والا آسمان اور نہ یکبارگی اٹھنے والی موجیں نہاں ہیں اے وہ

الظُّلْمَةُ عِنْدَهٗ ضِیَاءٌ اَسْئَلُکَ بِنُوْرِ وَجْهِکَ الْکَرِیْمِ الَّذِیْ تَجَلَّیْتَ بِهٖ لِلْجَبَلِ فَجَعَلْتَهٗ دَکًّا

تاریکیاں جس کے لئے روشن ہیں سوال کرتا ہوں بواسطہ تیری عزت والی ذات کے نور کے جس کو تو نے پہاڑ پر چمکایا تو وہ بکھر کر رہ گیا

وَ خَرَّ مُوْسٰی صَعِقًا وَ بِاسْمِکَ الَّذِیْ رَفَعْتَ بِهِ السَّمٰوٰاتِ بِلَا عَمَدٍ وَ سَطَحْتَ بِهِ

اور حضرت موسیٰ بے ہوش ہو کر گر پڑے اور بواسطہ تیرے نام کے جس سے تو نے بلند کیا آسمانوں کو بغیر ستون کے اور پھیلایا زمین کو

الْاَرْضَ عَلٰی وَجْهِ مَاءٍ جَمَدٍ وَ بِاسْمِکَ الْمَخْزُوْنِ الْمَکْنُوْنِ الْمَکْتُوْبِ الطَّاهِرِ الَّذِیْ

جمے ہوئے پانی کی سطح کے اوپر اور سوالی ہوں بواسطہ تیرے محفوظ پوشیدہ لکھے ہوئے پاک تر نام کے کہ جس سے تجھے پکارا جائے تو

اِذَا دُعِیْتَ بِهِ اَجَبْتَ وَ اِذَا سُئِلْتَ بِهِ اَعْطَیْتَ وَ بِاسْمِکَ السُّبُّوْحِ الْقُدُّوْسِ الْبُرْهَانِ

جواب دیتا ہے اور جب اس کے ذریعے تجھ سے مانگا جائے تو دیتا ہے اور بواسطہ تیرے پاک تر پاکیزہ روشن نام کے سوالی ہوں جو ہر

الَّذِیْ هُوَ نُوْرٌ عَلٰی کُلِّ نُوْرٍ وَ نُوْرٌ مِنْ نُوْرٍ یُضِیْءُ مِنْهُ کُلُّ نُوْرٍ اِذَا بَلَغَ الْاَرْضَ انْشَقَّتْ

نور سے بالاتر نور ہے وہ نور ہے اس نور میں سے اور جس سے ہر نور چمکتا ہے جب وہ زمین پر پہنچا تو وہ پھٹ گئی جب آسمانوں پر پہنچا تو

وَ اِذَا بَلَغَ السَّمٰوٰاتِ فُتِحَتْ وَ اِذَا بَلَغَ الْعَرْشَ اهْتَزَّ وَ بِاسْمِکَ الَّذِیْ تَرْتَعِدُ مِنْهُ فَرَائِصُ

وہ کشادہ ہو گئے اور جب عرش پر پہنچا تو وہ لرزنے لگا اور بواسطہ تیرے اس نام کے کہ جس سے تیرے فرشتوں کے دل دہل جاتے ہیں

مَلَائِکَتِکَ وَ بِالْاِسْمِ الَّذِیْ مَشٰی بِهِ الْخِضْرُ عَلٰی قُلَلِ الْمَاءِ کَمَا مَشٰی بِهِ عَلٰی جَدَدِ



اور سوالی ہوں حق جبرائیل میکائیل اور اسرافیل کے واسطے سے اور حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ کے اس حق کے واسطے سے سوالی

الْاَرْضِ وَ بِاسْمِکَ الَّذِیْ فَلَقْتَ بِهِ الْبَحْرَ لِمُوْسٰی وَ اَغْرَقْتَ فِرْعَوْنَ وَ قَوْمَهٗ وَ اَنْجَیْتَ

ہوں جو تمام نبیوں اور فرشتوں پر ہے اور سوالی ہوں کہ جس کی برکت سے خضر پانی کی لہروں پر چلتے تھے جیسا کہ وہ اس سے زمین کی

بِهِ مُوْسٰی بْنِ عِمْرَانَ وَ مَنْ مَعَهٗ وَ بِاسْمِکَ الَّذِیْ دَعَاکَ مُوْسٰی بْنُ عِمْرَانَ مِنْ جَانِبِ

بلندیوں پر چلتے تھے اور بواسطہ تیرے نام کے جس سے تو نے موسیٰ کے لئے دریا کو چیرا اور فرعون کو اس کی قوم سمیت غرق کیا اور موسیٰ

الطُّوْرِ الْاَیْمَنِ فَاسْتَجَبْتَ لَهٗ وَ اَلْقَیْتَ عَلَیْهِ مَحَبَّةً مِنْکَ وَ بِاسْمِکَ الَّذِیْ بِهِ اَحْیٰ عِیْسَی

بن عمران کو مع ان کے ساتھیوں کے نجات دی اور بواسطہ اس نام کے جس سے موسیٰ بن عمران نے تجھے طور ایمن کی ایک سمت سے

بْنُ مَرْیَمَ الْمَوْتٰی وَ تَکَلَّمَ فِی الْمَهْدِ صَبِیًّا وَ اَبْرَءَ الْاَکْمَهَ وَالْاَبْرَصَ بِاِذْنِکَ وَ بِاسْمِکَ

پکارا تھا پس تو نے اس کو جواب دیا اور اس پر اپنی محبت نازل فرمائی اور سوالی ہوں بواسطہ اس نام کے جس کی برکت سے عیسیٰ بن مریم

الَّذِیْ دَعَاکَ بِهِ حَمَلَةُ عَرْشِکَ وَ جِبْرَائِیْلُ وَ مِیْکَائِیْلُ وَ اِسْرَافِیْلُ وَ حَبِیْبُکَ مُحَمَّدٌ

نے مردے زندہ کیے بچپنے میں گہوارے میں کلام کیا اور تیرے حکم سے اس نام کے ساتھ جذام و برص والوں کو شفا دی اور بواسطہ

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ آلِهٖ وَمَلَائِكَتُكَ الْمُقَرَّبُوْنَ وَ اَنْبِيَاؤُكَ الْمُرْسَلُوْنَ وَ عِبَادُكَ الصَّالِحُوْنَ

تیرے اس نام کے جس سے تجھے حاملانِ عرش اور جبرائیل میکائیل اور اسرافیل اور تیرے محبوب وحبیب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ

مِنْ اَهْلِ السَّمٰوَاتِ وَ الْاَرَضِيْنَ وَ بِاسْمِكَ الَّذِىْ دَعَاكَ بِهٖ ذُوالنُّوْنِ اِذْ ذَهَبَ مُغَاضِبًا

تجھے پکارتے ہیں نیز جس نام سے تیرے مقرب فرشتے تیرے بھیجے ہوئے انبیاء اور تیرے نیکوکار بندے تجھے پکارتے ہیں جو آسمان

فَظَنَّ اَنْ لَنْ نَقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى فِى الظُّلُمَاتِ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ

والوں اور زمین والوں میں ہیں اور بواسطہ تیرے اس نام کے جس سے پکارا تجھے مچھلی والے نے جب وہ غصے میں جا رہا تھا تو اس نے

الظَّالِمِيْنَ فَاسْتَجَبْتَ لَهٗ وَ نَجَّيْتَهٗ مِنَ الْغَمِّ وَ كَذٰلِكَ تُنْجِى الْمُؤْمِنِيْنَ وَ بِاسْمِكَ الْعَظِيْمِ

خیال کیا تو اسے نہ پکڑے گا پھر پکارا وہ پانی کی تاریکیوں میں کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے تو پاک تر ہے بے شک میں ہوں ظالموں

الَّذِىْ دَعَاكَ دَاوُدُ وَ خَرَّ لَكَ سَاجِدًا فَغَفَرْتَ لَهٗ ذَنْبَهٗ وَ بِاسْمِكَ الَّذِىْ دَعَتْكَ بِهٖ آسِيَةُ

میں سے پس تو نے قبول کی اس کی دعا اور تو نے اسے نکالا رنج وغم میں سے اور تو مومنوں کو اسی طرح رہائی دیتا ہے اور سوالی ہوں

امْرَاَةُ فِرْعَوْنَ اِذْ قَالَتْ ﴿رَبِّ ابْنِ لِىْ عِنْدَكَ بَيْتًا فِى الْجَنَّةِ وَ نَجِّنِىْ مِنْ فِرْعَوْنَ وَ عَمَلِهٖ

تیرے بزرگ تر نام سے جس سے پکارا تجھے داؤدؑ نے گر گیا سجدے میں پس بخش دی تو نے ان کی بھول اور بواسطہ تیرے نام کے جس

وَ نَجِّنِىْ مِنَ الْقَوْمِ الظَّالِمِيْنَ﴾ فَاسْتَجَبْتَ لَهَا دُعَائَهَا وَ بِاسْمِكَ الَّذِىْ دَعَاكَ بِهٖ اَيُّوْبُ

سے پکارا تجھے آسیہ زوجۂ فرعون نے جب کہنے لگی کہ میرے رب بنا میرے لیے اپنے ہاں جنت میں ایک گھر اور نجات دے مجھے

اِذْ حَلَّ بِهِ الْبَلَاءُ فَعَافَيْتَهٗ وَ آتَيْتَهٗ اَهْلَهٗ وَ مِثْلَهُمْ مَعَهُمْ رَحْمَةً مِنْ عِنْدِكَ وَ ذِكْرٰى

فرعون اور اس کے عمل سے اور نجات دے مجھے ظالموں کے گروہ سے پس تو نے اس کی دعا سن لی اور سوالی ہوں بواسطہ تیرے اس نام

لِلْعَابِدِيْنَ وَ بِاسْمِكَ الَّذِىْ دَعَاكَ بِهٖ يَعْقُوْبُ فَرَدَدْتَ عَلَيْهِ بَصَرَهٗ وَ قُرَّةَ عَيْنِهٖ يُوْسُفَ

کے جس سے پکارا تجھے ایوب نے جب ان پر سختی آ پڑی پس نجات دی تو نے ان کو اور دیے عیال اور اپنی رحمت سے انہیں ان جیسے اور

جَمَعْتَ شَمْلَهٗ وَ بِاسْمِكَ الَّذِىْ دَعَاكَ بِهٖ سُلَيْمَانُ فَوَهَبْتَ لَهٗ مُلْكًا لَا يَنْبَغِىْ لِاَحَدٍ مِنْ

بھی عطا کیے تا کہ عبادت گزاروں کے لیے یادگار رہے اور سوالی ہوں بواسطہ تیرے اس نام کے جس سے پکارا تجھے یعقوبؑ نے پس

بَعْدِهٖ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ وَ بِاسْمِكَ الَّذِىْ سَخَّرْتَ بِهِ الْبُرَاقَ لِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

واپس دیں تو نے انہیں آنکھیں اور ان کا نور نظر یوسفؑ بھی اور اس بکھرے خاندان کو یکجا کر دیا اور بواسطہ تیرے اس نام کے جس

وَ آلِہٖ وَسَلَّمَ اِذْ قَالَ تَعَالٰی ﴿سُبْحَانَ الَّذِیْ اَسْرٰی بِعَبْدِہٖ لَیْلاً مِنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَی

سے پکارا تجھے سلیمانؑ نے پس تُو نے بخشا انہیں ایسا ملک وحکومت جوان کے بعد کسی کے لیے نہیں بے شک تُو بہت عطا کرنے والا ہے

الْمَسْجِدِ الْاَقْصٰی﴾ وَ قَوْلُہٗ ﴿سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَلَنَا ھٰذَا وَ مَا کُنَّا لَہٗ مُقْرِنِیْنَ وَ اِنَّا اِلٰی

اور بواسطہ تیرے اس نام کے جس سے تُو نے مطیع کیا براق کو بہ خاطر محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جیسا کہ فرمایا خدائے تعالیٰ نے پاک

رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ﴾ وَ بِاسْمِکَ الَّذِیْ تَنَزَّلَ بِہٖ جِبْرَائِیْلُ عَلٰی مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَ

ہے وہ ذات جس نے اپنے بندے کو سیر کرائی راتوں رات کعبہ شریف سے مسجد اقصیٰ تک اور قولِ خدا ہے پاک ہے وہ ذات جس نے

بِاسْمِکَ الَّذِیْ دَعَاکَ بِہٖ آدَمُ فَغَفَرْتَ لَہٗ ذَنْبَہٗ وَ اَسْکَنْتَہٗ جَنَّتَکَ وَ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ الْقُرْآنِ

اسے ہمارے لیے مطیع کیا ورنہ ہم میں ایسی طاقت نہ تھی اور اپنے پروردگار کی طرف پلٹنے والے ہیں اور بواسطہ تیرے اس نام کے جسے

الْعَظِیْمِ وَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ وَ بِحَقِّ اِبْرَاھِیْمَ وَ بِحَقِّ فَصْلِکَ یَوْمَ الْقَضَاءِ وَ بِحَقِّ

جبرائیل لے کر آئے حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ کے پاس اور بواسطہ تیرے اس نام کے جس سے پکارا تجھے آدمؑ نے پس

الْمَوَازِیْنِ اِذَا نُصِبَتْ وَ الصُّحُفِ اِذَا نُشِرَتْ وَ بِحَقِّ الْقَلَمِ وَ مَا جَرٰی وَ اللَّوْحِ وَ



معاف کی تُو نے ان کی بھول اور انہیں اپنی جنت میں ٹھہرایا اور سوال کرتا ہوں تجھ سے عظمت والے قرآن کے واسطے سے حضرت محمدؐ

مَا اَحْصٰی وَ بِحَقِّ الْاِسْمِ الَّذِیْ کَتَبْتَہٗ عَلٰی سُرَادِقِ الْعَرْشِ قَبْلَ خَلْقِکَ الْخَلْقَ وَالدُّنْیَا

نبیوں کے خاتم کے واسطہ سے اور ابراہیمؑ کے واسطہ سے اور قیامت کے روز تیرے فیصلے کے واسطہ سے اور میزانِ عدل کے واسطہ

وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ بِاَلْفَیْ عَامٍ وَ اَشْھَدُ اَنْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَ اَنَّ

سے جب نصب کی جائے اور صحیفے کھولے جائیں اور قلم کے واسطہ سے جب وہ چلے اور لوح کے واسطہ سے جب پر ہو جائے اور اس

مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَ رَسُوْلُہٗ وَ اَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ الْمَخْزُوْنِ فِیْ خَزَائِنِکَ الَّذِیْ اسْتَأْثَرْتَ بِہٖ

نام کے واسطہ سے جس کو تُو نے لکھا عرش کے پردوں پر اس سے پہلے کہ تو نے بنایا مخلوق اور دنیا کو اور سورج و چاند کو دو ہزار سال میں اور

فِیْ عِلْمِ الْغَیْبِ عِنْدَکَ لَمْ یَظْھَرْ عَلَیْہِ اَحَدٌ مِنْ خَلْقِکَ لَا مَلَکٌ مُقَرَّبٌ وَلَا نَبِیٌّ مُرْسَلٌ

گواہی دیتا ہوں کہ نہیں معبود سوائے اللہ کے جو یکتا ہے اس کا کوئی ثانی نہیں اور یہ کہ حضرت محمدؐ اس کے بندے اور رسول ہیں اور

وَلَا عَبْدٌ مُصْطَفٰی وَ اَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ الَّذِیْ شَقَقْتَ بِہِ الْبِحَارَ وَ قَامَتْ بِہِ الْجِبَالُ

سوال کرتا ہوں تجھ سے بواسطہ اس نام کے جو محفوظ ہے تیرے خزانوں میں جس کو خاص کیا ہے تُو نے علمِ غیب کے ساتھ اپنے حضور میں

اخْتَلَفَ بِهِ اللَّيْلُ وَ النَّهَارُ وَ بِحَقِّ السَّبْعِ الْمَثَانِيْ وَ الْقُرْآنِ الْعَظِيْمِ وَ بِحَقِّ الْكِرَامِ

کرنہیں ہے آگاہ جس پر تیری مخلوق میں سے کوئی بھی نہ کوئی مقرب فرشتہ نہ کوئی بھیجا ہوا نبی اور نہ ہی کوئی برگزیدہ بندہ اور سوال کرتا

الْكَاتِبِيْنَ وَ بِحَقِّ طٰهٰ وَ يٰسٓ وَ كٓهٰيٰعٓصٓ وَ حٰمٓ عٓسٓقٓ وَ بِحَقِّ تَوْرٰةِ مُوْسٰى وَ اِنْجِيْلِ عِيْسٰى

ہوں تجھ سے بواسطہ تیرے اس نام کے جس سے تُو نے دریاؤں کو چیرا پہاڑوں کو قائم فرمایا اور اس سے دن رات میں تفریق کی ہے

وَ زَبُوْرِ دَاوٗدَ وَ فُرْقَانِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ آلِهٖ وَ عَلٰى جَمِيْعِ الرُّسُلِ وَ بَاهِيًا

اور بواسطہ دوبارہ نازل شدہ سات آیتوں اور عظمت والے قرآن کے بواسطہ دو عزت والے کاتبوں کے بواسطہ طٰہٰ یٰس کھیعص اور

شَرَاهِيًا اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ تِلْكَ الْمُنَاجَاتِ الَّتِيْ كَانَتْ بَيْنَكَ وَ بَيْنَ مُوْسَى بْنِ

حمعسق اور بواسطہ موسیٰؑ کی توریت عیسیٰؑ کی انجیل داؤدؑ کی زبور اور بواسطہ محمدؐ کے قرآن کے خدا رحمت کرے ان پر اور ان کی آل

عِمْرَانَ فَوْقَ جَبَلِ طُوْرِ سَيْنَاءَ وَ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِيْ عَلَّمْتَهٗ مَلَكَ الْمَوْتِ لِقَبْضِ

پر اور تمام رسولوں پر اور اپنے دونوں اسماءِ اعظم پر اے اللہ! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے بواسطہ اس راز و نیاز کے جو ہوا تھا تیرے اور

الْاَرْوَاحِ وَ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِيْ كُتِبَ عَلٰى وَرَقِ الزَّيْتُوْنِ فَخَضَعَتِ النِّيْرَانُ لِتِلْكَ



موسیٰؑ بن عمران کے درمیان طور سیناء کے بابرکت پہاڑ پر اور سوال کرتا ہوں تجھ سے بواسطہ تیرے اس نام کے جو تُو نے روحیں قبض

الْوَرَقَةِ فَقُلْتَ ﴿يَا نَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَ سَلَامًا﴾ وَ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِيْ كَتَبْتَهٗ عَلٰى

کرنے کے لیے فرشتہ موت کو تعلیم فرمایا اور سوال کرتا ہوں تجھ سے بواسطہ تیرے اس نام کے جو لکھا گیا شجر زیتون کے پتے پر پس

سُرَادِقِ الْمَجْدِ وَ الْكَرَامَةِ يَا مَنْ لَا يُحْفِيْهِ سَائِلٌ وَلَا يَنْقُصُهٗ نَائِلٌ يَا مَنْ بِهٖ يُسْتَغَاثُ وَ

جھک گیا دوزخ اس پتے کے آگے پھر کہا تو نے کہ اے آگ ہو جا ٹھنڈی اور سلامتی والی اور سوال کرتا ہوں تجھ سے تیرے اس نام

اِلَيْهِ يُلْجَاُ اَسْئَلُكَ بِمَعَاقِدِ الْعِزِّ مِنْ عَرْشِكَ وَ مُنْتَهَى الرَّحْمَةِ مِنْ كِتَابِكَ وَ بِاسْمِكَ

سے جسے تُو نے لکھا ہے عزت اور بزرگی کے پردوں پر اے وہ کہ جسے سوال سے تنگی نہیں ہوتی اور عطاء سے کمی نہیں آتی اے وہ جس

الْاَعْظَمِ وَ جَدِّكَ الْاَعْلٰى وَ كَلِمَاتِكَ التَّامَّاتِ الْعُلٰى اَللّٰهُمَّ رَبَّ الرِّيَاحِ وَ مَا ذَرَتْ

سے مدد مانگی اور جس سے پناہ لی جاتی ہے سوال کرتا ہوں تجھ سے بواسطہ تیرے عرش کے عزت والے مقامات تیری کتاب میں موجود

وَالسَّمَاءِ وَمَا اَظَلَّتْ وَالْاَرْضِ وَمَا اَقَلَّتْ وَ الشَّيَاطِيْنِ وَمَا اَضَلَّتْ وَالْبِحَارِ وَمَا جَرَتْ

انتہائی رحمت کے اور بواسطہ تیرے اسم اعظم تیری بلند تر شان اور تیرے کامل اور بلند تر کلمات کے اے اللہ اے ہواؤں اور ان کے

وَ بِحَقِّ کُلِّ حَقٍّ هُوَ عَلَیْکَ حَقٌّ وَ بِحَقِّ الْمَلاٰئِکَةِ الْمُقَرَّبِیْنَ وَ الرُّوْحَانِیِّیْنَ وَ الْکَرُوْبِیِّیْنَ

اثرات کے رب اے آسمان اوراس کے سایہ کے رب اے زمین اور اس کے بوجھ کے رب اے شیطانوں اور ان کے گمراہ کردہ کے

وَ الْمُسَبِّحِیْنَ لَکَ بِاللَّیْلِ وَالنَّهَارِ لاٰ یَفْتَرُوْنَ وَ بِحَقِّ اِبْرَاهِیْمَ خَلِیْلِکَ وَ بِحَقِّ کُلِّ وَلِیٍّ

رب اے دریاؤں اور ان کی روانی کے رب اور بواسطہ ہر اس حق کے جو تجھ پر ہے اور بواسطہ مقرب فرشتوں روحانیوں کروبیوں

یُنَادِیْکَ بَیْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَ تَسْتَجِیْبُ لَهٗ دُعَائَهٗ یَا مُجِیْبُ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ هٰذِهِ

اور تیری تسبیح کرنے والوں کے رات اور دن میں جو تھکتے نہیں ہیں اور بواسطہ تیرے خلیل ابراہیمؑ کے اور بواسطہ تیرے ہر دوست کے

الْاَسْمَاءِ وَ بِهٰذِهِ الدَّعَوَاتِ اَنْ تَغْفِرَ لَنَا مَا قَدَّمْنَا وَ مَا اَخَّرْنَا وَمَا اَسْرَرْنَا وَ مَا اَعْلَنَّا وَ مَا

جو صفا و مروہ کے درمیان تجھے پکارتا ہے اور تو اس کی دعا قبول کرتا ہے اے قبول کرنے والے سوال کرتا ہوں تجھ سے بواسطہ ان

اَبْدَیْنَا وَ مَا اَخْفَیْنَا وَ مَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنَّا اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ

ناموں کے اور بواسطہ ان دعاؤں کے یہ کہ بخش دے ہمارے گناہ جو ہم کر چکے اور کریں گے اور جو ہم نے چھپ کر کیے اور جو ظاہر کیے

الرَّاحِمِیْنَ یَا حَافِظَ کُلِّ غَرِیْبٍ یَا مُوْنِسَ کُلِّ وَحِیْدٍ یَا قُوَّةَ کُلِّ ضَعِیْفٍ یَا نَاصِرَ کُلِّ

اور جو ہم نے بیان کیے اور جو ہم نے چھپائے اور جن کو تو ہم سے زیادہ جانتا ہے بے شک تو ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے بذریعہ اپنی

مَظْلُوْمٍ یَا رَازِقَ کُلِّ مَحْرُوْمٍ یَا مُوْنِسَ کُلِّ مُسْتَوْحِشٍ یَا صَاحِبَ کُلِّ مُسَافِرٍ یَا عِمَادَ

رحمت کے اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے اے ہر بے وطن کے نگہبان اے ہر تنہا کے ساتھی اے ہر کمزور کی قوت اے ہر ستم دیدہ

کُلِّ حَاضِرٍ یَا غَافِرَ کُلِّ ذَنْبٍ وَ خَطِیْئَةٍ یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ یَا صَرِیْخَ الْمُسْتَصْرِخِیْنَ یَا

کی مدد کرنے والے اے ہر محروم کے رازق اے ہر خوف زدہ کے ہمدم اے ہر مسافر کے ہمراہی اے ہر حاضر کے سہارے اے ہر

کَاشِفَ کَرْبِ الْمَکْرُوْبِیْنَ یَا فَارِجَ هَمِّ الْمَهْمُوْمِیْنَ یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰاتِ وَالْاَرَضِیْنَ یَا

گناہ اور خطا کے بخشنے والے اے فریادیوں کے فریاد رس اے ہر پکارنے والے کی سننے والے اے دکھیارے لوگوں کے دکھوں کے

مُنْتَهٰی غَایَةِ الطَّالِبِیْنَ یَا مُجِیْبَ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّیْنَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ یَا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ

دور کرنے والے اے غم زدہ کے غم مٹانے والے اے آسمانوں اور زمینوں کے پیدا کرنے والے اے طلبگاروں کے مقصد کی انتہاء

یَا دَیَّانَ یَوْمِ الدِّیْنِ یَا اَجْوَدَ الْاَجْوَدِیْنَ یَا اَکْرَمَ الْاَکْرَمِیْنَ یَا اَسْمَعَ السَّامِعِیْنَ یَا اَبْصَرَ

اے پریشان لوگوں کی دعا قبول کرنے والے اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے اے سب جہانوں کے رب اے یوم جزا کو بدلہ

النَّاظِرِيْنَ يَا اَقْدَرَ الْقَادِرِيْنَ اغْفِرْلِيَ الذُّنُوْبَ الَّتِيْ تُغَيِّرُ النِّعَمَ وَاغْفِرْلِيَ الذُّنُوْبَ الَّتِيْ

دیکھنے والے اے عطا کرنے والوں سے زیادہ عطا کرنے والے اے مہربانوں سے زیادہ مہربان اے سننے والوں سے زیادہ سننے

تُوْرِثُ النَّدَمَ وَاغْفِرْلِيَ الذُّنُوْبَ الَّتِيْ تُوْرِثُ السَّقَمَ وَاغْفِرْلِيَ الذُّنُوْبَ الَّتِيْ تَهْتِكُ

والے اے دیکھنے والوں سے زیادہ دیکھنے والے اے طاقتوروں سے زیادہ طاقت والے میرے وہ گناہ معاف کردے جو نعمتوں سے

الْعِصَمَ وَاغْفِرْلِيَ الذُّنُوْبَ الَّتِيْ تَرُدُّ الدُّعَاءَ وَاغْفِرْلِيَ الذُّنُوْبَ الَّتِيْ تَحْبِسُ قَطْرَ السَّمَاءِ

محروم کرتے ہیں میرے وہ گناہ بخش دے جو شرمندگی کا باعث بنتے ہیں میرے وہ گناہ معاف کردے جو بیماریاں پیدا کرتے ہیں

وَاغْفِرْلِيَ الذُّنُوْبَ الَّتِيْ تُعَجِّلُ الْفَنَاءَ وَاغْفِرْلِيَ الذُّنُوْبَ الَّتِيْ تَجْلِبُ الشِّقَاءَ وَاغْفِرْلِيَ

میرے وہ گناہ بخش دے جو پردوں کو فاش کرتے ہیں میرے وہ گناہ معاف کردے جو دعا کو روک دیتے ہیں میرے وہ گناہ بخش دے

الذُّنُوْبَ الَّتِيْ تُظْلِمُ الْهَوَاءَ وَاغْفِرْلِيَ الذُّنُوْبَ الَّتِيْ تَكْشِفُ الْغِطَاءَ وَاغْفِرْلِيَ الذُّنُوْبَ

جو بارشوں میں رکاوٹ ڈالتے ہیں میرے وہ گناہ معاف کردے جو جلد موت لاتے ہیں میرے وہ گناہ بخش دے جو بدبختی کا موجب

الَّتِيْ لَا يَغْفِرُهَا غَيْرُكَ يَا اَللّٰهُ وَاحْمِلْ عَنِّيْ كُلَّ تَبِعَةٍ لِاَحَدٍ مِنْ خَلْقِكَ وَاجْعَلْ لِيْ مِنْ



بنتے ہیں میرے وہ گناہ معاف کردے جو میری دنیا کو تاریک کرتے ہیں میرے وہ گناہ بخش دے جو بے پردگی کا سبب بنتے ہیں اور

اَمْرِيْ فَرَجًا وَ مَخْرَجًا وَيُسْرًا وَ اَنْزِلْ يَقِيْنَكَ فِيْ صَدْرِيْ وَ رَجَائَكَ فِيْ قَلْبِيْ حَتّٰى لَا

میرے وہ گناہ معاف کردے جن کو تیرے سوا کوئی معاف نہیں کرسکتا اے اللہ! تیری مخلوق میں سے مجھ پر کسی کا جو بوجھ ہے وہ مجھ سے

اَرْجُوْ غَيْرَكَ اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِيْ وَ عَافِنِيْ فِيْ مَقَامِيْ وَاصْحَبْنِيْ فِيْ لَيْلِيْ وَ نَهَارِيْ وَ مِنْ بَيْنِ

ہٹا دے میرے کاموں میں کشائش آسانی اور سہولت پیدا کردے میرے سینے میں اپنا یقین اور میرے دل میں اپنی امید کو جگہ دے

يَدَيَّ وَ مِنْ خَلْفِيْ وَ عَنْ يَمِيْنِيْ وَ عَنْ شِمَالِيْ وَ مِنْ فَوْقِيْ وَ مِنْ تَحْتِيْ وَيَسِّرْ لِيَ

یہاں تک کہ تیرے غیر سے امید نہ رکھوں اے اللہ! میرے مقام میں میری حفاظت کر اور مجھے پناہ دے اور میرے ساتھ رہ دن میں

السَّبِيْلَ وَ اَحْسِنْ لِيَ التَّيْسِيْرَ وَ لَا تَخْذُلْنِيْ فِي الْعَسِيْرِ وَاهْدِنِيْ يَا خَيْرَ دَلِيْلٍ وَ لَا تَكِلْنِيْ

رات میں میری نگہبانی کر میرے آگے سے پیچھے سے میرے دائیں سے بائیں سے اور میرے اوپر سے اور نیچے سے اور میرا راستہ

اِلٰى نَفْسِيْ فِي الْاُمُوْرِ وَ لَقِّنِيْ كُلَّ سُرُوْرٍ وَ اَقْلِبْنِيْ اِلٰى اَهْلِيْ بِالْفَلَاحِ وَالنَّجَاحِ مَحْبُوْرًا

آسان کردے میرے لیے بہتر آسائش پیدا کردے اور مجھے تنگی میں ذلیل وخوار نہ کر مجھے راہ بتادے اے بہترین رہبر اور معاملات

فِی الْعَاجِلِ وَالْآجِلِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَ ارْزُقْنِیْ مِنْ فَضْلِکَ وَ اَوْسِعْ عَلَیَّ مِنْ

میں مجھے میرے نفس کے حوالے نہ کر مجھے ہر طرح کی خوشی عطا فرما اور مجھے اپنے کنبے میں واپس لے چل بہتری اور کامیابی کے ساتھ

طَیِّبَاتِ رِزْقِکَ وَاسْتَعْمِلْنِیْ فِیْ طَاعَتِکَ وَ اَجِرْنِیْ مِنْ عَذَابِکَ وَ نَارِکَ وَ اقْلِبْنِیْ اِذَا

اور دنیا و آخرت کی بھلائی کے ساتھ بے شک تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے اور مجھ پر اپنا فضل و کرم کر میرے لیے اپنے پاکیزہ رزق میں

تَوَفَّیْتَنِیْ اِلٰی جَنَّتِکَ بِرَحْمَتِکَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ زَوَالِ نِعْمَتِکَ وَ مِنْ تَحْوِیْلِ

فراوانی فرما مجھے اپنی فرمانبرداری میں لگا دے مجھے اپنی سزا اور آگ سے پناہ دے اور جب تو مجھے وفات دے تو اپنی رحمت سے مجھے

عَافِیَتِکَ وَ مِنْ حُلُوْلِ نِقْمَتِکَ وَ مِنْ نُزُوْلِ عَذَابِکَ وَ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ جَھْدِ الْبَلَاءِ وَ دَرَکِ

جنت میں پہنچا دے اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں اس سے کہ مجھ سے تیری نعمت چھن جائے اور تیری نگہبانی حاصل نہ رہے پناہ

الشَّقَاءِ وَ مِنْ سُوْءِ الْقَضَاءِ وَ شَمَاتَةِ الْاَعْدَاءِ وَ مِنْ شَرِّ مَا یَنْزِلُ مِنَ السَّمَاءِ وَ مِنْ شَرِّ مَا

چاہتا ہوں تیری طرف سے سختی اور عذاب کے آنے سے اور تیری پناہ چاہتا ہوں سخت آزمائش سے بدبختی کے آنے سے بری تقدیر

فِی الْکِتَابِ الْمُنْزَلِ اَللّٰھُمَّ لَا تَجْعَلْنِیْ مِنَ الْاَشْرَارِ وَ لَا مِنْ اَصْحَابِ النَّارِ وَلَا تَحْرِمْنِیْ

سے دشمنوں کے طعن سے اور اس تکلیف سے جو آسمان سے نازل ہو اور ہر اس برائی سے جس کا ذکر نازل شدہ کتاب میں ہے اے

صُحْبَةَ الْاَخْیَارِ وَ اَحْیِنِیْ حَیَاةً طَیِّبَةً وَ تَوَفَّنِیْ وَفَاةً طَیِّبَةً تُلْحِقُنِیْ بِالْاَبْرَارِ وَارْزُقْنِیْ

اللہ! مجھے نہ قرار دے برے لوگوں میں اور اہل جہنم میں سے اور نہ ہی مجھے نیک افراد کی صحبت سے محروم رکھ مجھے پاکیزہ زندگی نصیب

مُرَافَقَةَ الْاَنْبِیَاءِ فِیْ مَقْعَدِ صِدْقٍ عِنْدَ مَلِیْکٍ مُقْتَدِرٍ اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ عَلٰی حُسْنِ بَلَائِکَ

کر مجھ کو بہترین حالت میں موت دے نیکوکاروں میں شامل کر دینا مجھے انبیاء کا ساتھ عطا فرما اس مقام صدق و صفا میں جو تیری

وَ صُنْعِکَ وَلَکَ الْحَمْدُ عَلَی الْاِسْلَامِ وَاتِّبَاعِ السُّنَّةِ یَا رَبِّ کَمَا ھَدَیْتَھُمْ لِدِیْنِکَ وَ

زبردست حکومت میں ہے اے معبود! حمد ہے تیرے لیے تیری طرف سے بہترین آزمائش میں مدد کرنے پر اور حمد ہے تیرے لیے کہ تو

عَلَّمْتَھُمْ کِتَابَکَ فَاھْدِنَا وَ عَلِّمْنَا وَ لَکَ الْحَمْدُ عَلٰی حُسْنِ بَلَائِکَ وَ صُنْعِکَ عِنْدِیْ

نے اسلام کی پیروی اور سنت پر عمل کی توفیق دی اے پروردگار جیسے تو نے ان کی اپنے دین کی طرف رہنمائی کی اپنی کتاب انہیں

خَاصَّةً کَمَا خَلَقْتَنِیْ فَاَحْسَنْتَ خَلْقِیْ وَ عَلَّمْتَنِیْ فَاَحْسَنْتَ تَعْلِیْمِیْ وَ ھَدَیْتَنِیْ

سکھائی پس ہماری بھی رہنمائی کر اور ہمیں سکھا اور حمد ہے تیرے لیے بہترین آزمائش پر اور اس خاص احسان پر جو تو نے مجھ پر کیا

فَاَحْسَنْتَ هِدَايَتِیْ فَلَکَ الْحَمْدُ عَلٰی اِنْعَامِکَ عَلَیَّ قَدِیْمًا وَ حَدِیْثًا فَکَمْ مِنْ کَرْبٍ

جیسا کہ تُو نے مجھے پیدا کیا تو اچھی صورت دی مجھے علم سکھایا تو بہترین تعلیم دی اور میری راہنمائی کی تو کیا خوب رہنمائی کی پس حمد ہے

سَیِّدِیْ قَدْ فَرَّجْتَهٗ وَ کَمْ مِنْ غَمٍّ یَا سَیِّدِیْ قَدْ نَفَّسْتَهٗ وَ کَمْ مِنْ هَمٍّ یَا سَیِّدِیْ قَدْ کَشَفْتَهٗ

تیرے لیے کہ تُو نے مجھے پہلے وقت سے آج تک مسلسل نعمتیں دیں تو اے میرے سردار کتنے ہی دکھ تھے جو تُو نے دور کر دیے میرے

وَ کَمْ مِنْ بَلَاءٍ یَا سَیِّدِیْ قَدْ صَرَفْتَهٗ وَ کَمْ مِنْ عَیْبٍ یَا سَیِّدِیْ قَدْ سَتَرْتَهٗ فَلَکَ الْحَمْدُ

آقا کتنے ہی غم تھے جو تُو نے مٹا دیے اے میرے مالک! کتنے ہی اندیشے تھے جو تُو نے محو کر دیے اے میرے آقا کتنی ہی پریشانیاں

عَلٰی کُلِّ حَالٍ فِیْ کُلِّ مَثْوًی وَ زَمَانٍ وَ مُنْقَلَبٍ وَ مَقَامٍ وَ عَلٰی هٰذِهِ الْحَالِ وَ کُلِّ حَالٍ

تھیں جو تُو نے ختم کر دیں اور کتنے ہی عیب تھے جو تُو نے ڈھانپ لیے پس حمد ہے تیرے لیے ہر ایک حال میں ہر جگہ ہر زمانے میں ہر

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنْ اَفْضَلِ عِبَادِکَ نَصِیْبًا فِیْ هٰذَا الْیَوْمِ مِنْ خَیْرٍ تَقْسِمُهٗ اَوْ ضُرٍّ تَکْشِفُهٗ اَوْ

ایک منزل میں اور ہر ایک مقام پر اور اس موجودہ حالت میں اور ہر حالت میں اے معبود! آج کے دن مجھے حصہ و نصیب کے لحاظ سے

سُوْءٍ تَصْرِفُهٗ اَوْ بَلَاءٍ تَدْفَعُهٗ اَوْ خَیْرٍ تَسُوْقُهٗ اَوْ رَحْمَةٍ تَنْشُرُهَا اَوْ عَافِیَةٍ تُلْبِسُهَا فَاِنَّکَ



اپنے سب بندوں سے برتر قرار دے اس بھلائی میں جو تُو نے تقسیم کی یا جو تکلیف تُو نے دور کی یا جو برائی تُو نے ہٹائی یا جو سختی تُو نے ٹالی

عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَ بِیَدِکَ خَزَائِنُ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ وَ اَنْتَ الْوَاحِدُ الْکَرِیْمُ

یا جو خیر تُو نے عطا کی یا جو رحمت تُو نے عام کی یا جو عافیت تُو نے عنایت کی ہے کہ بے شک تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے آسمانوں اور زمین

الْمُعْطِی الَّذِیْ لَا یُرَدُّ سَائِلُهٗ وَ لَا یَخِیْبُ آمِلُهٗ وَلَا یَنْقُصُ نَائِلُهٗ وَلَا یَنْفَدُ مَا عِنْدَهٗ بَلْ یَزْدَادُ

کے خزانے تیرے قبضے میں ہیں اور تُو وہ یکتا بزرگی والا عطا کرنے والا ہے کہ جو کسی سائل کو جھٹکاتا نہیں کسی امیدوار کو مایوس نہیں کرتا

کَثْرَةً وَ طِیْبًا وَ عَطَاءً وَ جُوْدًا وَ ارْزُقْنِیْ مِنْ خَزَائِنِکَ الَّتِیْ لَا تَفْنٰی وَ مِنْ رَحْمَتِکَ

اور جس کی عطا کم نہیں ہوتی اور جو کچھ اس کے پاس ہے ختم نہیں ہوتا بلکہ وہ بڑھتا ہے مقدار میں پاکیزگی میں عطا میں اور سخاوت میں

الْوَاسِعَةِ اِنَّ عَطَائَکَ لَمْ یَکُنْ مَحْظُوْرًا وَ اَنْتَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ

اور عنایت کر مجھے اپنے خزانوں سے جو ختم نہیں ہوتے اپنی وسیع رحمت میں سے کہ بے شک تیری عطا کبھی بند نہیں ہوتی اور تو ہر چیز پر

الرَّاحِمِیْنَ۔

قدرت رکھتا ہے اپنی رحمت کے ساتھ اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

(۶) شب و روز جمعہ میں ایک ہزار بار درود شریف پڑھنے کی بڑی فضیلت وارد ہوئی ہے۔ حتیٰ کہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ میرے نزدیک اس سے بڑی کوئی عبادت نہیں ہے۔ (مفاتیح) جس کا قبل ازیں تذکرہ کیا جا چکا ہے جسے علماء و فقہا نے مستحب قرار دیا ہے۔ (مصباح المتہجد)

(۷) دس بار یہ دعا شب جمعہ میں پڑھی جائے:

یَا دَآئِمَ الْفَضْلِ عَلَى الْبَرِيَّةِ يَا بَاسِطَ الْيَدَيْنِ بِالْعَطِيَّةِ يَا صَاحِبَ الْمَوَاهِبِ السَّنِيَّةِ

اے وہ ذات جس کا احسان ہمیشہ مخلوق پر ہے اے وہ جس کے دونوں ہاتھ عطا کے لیے کھلے ہیں اے بڑی بڑی نعمتیں دینے والے خداوند!

صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ خَيْرِ الْوَرٰى سَجِيَّةً وَّ اغْفِرْلَنَا يَا ذَا الْعُلٰى فِيْ هٰذِهِ الْعَشِيَّةِ

محمدؐ و آل محمدؐ پر رحمت فرما جو مخلوقات میں سب سے بہتر ہیں اور اے بلندیوں کے مالک! اس رات میں میرے گناہ بخش دے۔

(۸) نیز شب جمعہ اپنے مرحومین و مرحومات کے لیے حسب توفیق کچھ صدقہ و خیرات ضرور دینی چاہیئے کہ اس کی بڑی تاکید اور ترک کی مذمت وارد ہوئی ہے۔

(۹) نیز شب جمعہ حضرت امام حسین علیہ السلام کی مخصوص زیارت کا پڑھنا بھی وارد ہے لہٰذا وہ نزدیک یا دور سے ضرور پڑھنی چاہیئے۔ (واللہ الموفق)



مخفی نہ رہے کہ شب جمعہ نماز مغرب کی پہلی رکعت میں سورۂ جمعہ اور دوسری میں سورۂ قل ھو اللہ احد اور نماز عشاء کی پہلی رکعت میں سورۂ جمعہ اور دوسری میں سورۂ سبح اسم ربک الاعلیٰ کا پڑھنا مستحب ہے۔

## روزِ جمعہ کے اعمال و اوراد کا بیان

روزِ جمعہ کے بہت سے اعمال و اذکار میں سے بعض اہم اعمال و اوراد کا ہم تذکرہ کرتے ہیں۔

(۱) جمعہ کے دن نماز صبح کی پہلی رکعت میں سورۂ جمعہ اور دوسری رکعت میں سورۂ اخلاص کا پڑھنا مستحب ہے۔

(۲) نماز صبح کے بعد کسی سے کلام کرنے سے پہلے یہ دعا پڑھے تا کہ اگلے جمعہ تک اس کے گناہوں کا کفارہ قرار پائے جیسا کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے۔ (کتاب الدعا و الزیارہ)

اَللّٰهُمَّ مَا قُلْتُ فِيْ جُمُعَتِيْ هٰذِهٖ مِنْ قَوْلٍ اَوْ حَلَفْتُ فِيْهَا مِنْ حَلْفٍ

اے معبود! میں نے اپنے اس جمعہ کے روز جو بات کہی یا اس میں کسی بات پر قسم کھائی ہے یا کسی طرح

اَوْ نَذَرْتُ فِيْهَا مِنْ نَذْرٍ فَمَشِيْئَتُكَ بَيْنَ يَدَىْ ذٰلِكَ كُلِّهٖ فَمَا شِئْتَ مِنْهُ اَنْ

کی نذر و منت مانی ہے تو یہ سب کچھ تیری مرضی کے تابع ہے پس ان میں جس کے پورا ہونے میں تیری مصلحت ہے اسے پورا فرما

يَكُوْنَ كَانَ وَمَا لَمْ تَشَأْ مِنْهُ لَمْ يَكُنْ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِىْ وَ تَجَاوَزْ عَنِّىْ

اور جسے تو نہ چاہے پورا نہ کر اے معبود! مجھے بخش دے اور درگزر فرما، اے معبود! جس پر تو رحمت کرے

اَللّٰهُمَّ مَنْ صَلَّيْتَ عَلَيْهِ فَصَلَوٰتِىْ عَلَيْهِ وَ مَنْ لَعَنْتَ فَلَعْنَتِىْ عَلَيْهِ.

میں اس پر رحمت کا طالب ہوں اور جس پر تو لعنت کرے میں بھی لعنت کرتا ہوں۔

(۳) نماز صبح کے بعد سورہ رحمٰن کی تلاوت کرنا اور ہر ﴿فَبِاَيِّ الٰآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ﴾ کے بعد ﴿لَا بِشَيْءٍ مِنْ اٰلَائِكَ رَبِّ اُكَذِّبُ﴾ کہنا وارد ہے۔ (تفسیر البرہان)

(۴) حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم اور دوسرے ائمہ ہدیٰ علیہم السلام کی مشترکہ زیارت پڑھنا جیسا کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ اس دن غسل کر کے صاف ستھرے کپڑے پہن کر جنگل میں یا کوٹھے کی چھت پر جا کر چار رکعت نماز دو سلام کے ساتھ پڑھے اور اس کے بعد یہ زیارت پڑھے:



اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ الْمُرْسَلُ

سلام ہو آپ پر اے پیغمبر رحمت ہو اللہ کی اور اس کی برکتیں ہوں سلام ہو آپ پر اے خدا کے بھیجے ہوئے

وَ الْوَصِيُّ الْمُرْتَضٰى وَالسَّيِّدَةُ الزَّهْرَآءُ وَ السِّبْطَانِ الْمُنْتَجَبَانِ وَ الْاَوْلَادُ الْاَعْلَامُ

پیغمبر اور سلام ہو آپ کے پسندیدہ وصی پر سلام ہو بی بی خدیجہ کبریٰ، اور بی بی فاطمہ زہرا پر سلام ہو آپ کے نواسوں حسنؑ و حسینؑ پر اور ان

وَ الْاُمَنَآءُ الْمُنْتَجَبُوْنَ جِئْتُ انْقِطَاعًا اِلَيْكُمْ وَ اِلٰى اٰبَآئِكُمْ وَ وَلَدِكُمُ الْخَلَفِ عَلٰى

کے فرزندوں پر جو دین کی نشانیاں اور اس کے امین ہیں میں حاضر ہوا ہوں آپ کے آپ کے آباء اور آپ کے فرزند قائم کے حضور

بَرَكَةِ الْحَقِّ فَقَلْبِىْ لَكُمْ مُسَلِّمٌ وَ نُصْرَتِىْ لَكُمْ مُعَدَّةٌ حَتّٰى يَحْكُمَ اللّٰهُ لِدِيْنِهٖ

جو برکت پا رہے ہیں پس میرا دل آپ کے لیے جھکا ہوا اور میری نصرت آ کے لیے آمادہ ہے یہاں تک کہ خدا ظہور قائم کا

فَمَعَكُمْ مَعَكُمْ لَا مَعَ عَدُوِّكُمْ اِنِّىْ لَمِنَ الْقَآئِلِيْنَ بِفَضْلِكُمْ مُقِرٌّ بِرَجْعَتِكُمْ لَا اُنْكِرُ

حکم فرمائے پس آپ کے ساتھ، آپ کے ساتھ ہوں نہ آپ کے دشمن کے ساتھ بے شک آپ کی بزرگی کا قائل اور آپ کی

لِلّٰهِ قُدْرَةً وَلَا اَزْعُمُ اِلَّا مَاشَآءَ اللّٰهُ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ ذِی الْمُلْكِ وَ

رجعت کا اقرار کرتا ہوں خدا کی قدرت کا انکار نہیں کرتا ہوں اور وہی اعتقاد رکھتا ہوں جو خدا چاہتا ہے پاک ہے اللہ کہ جو کائنات کا مالک اور

الْمَلَكُوْتِ يُسَبِّحُ اللّٰهَ بِاَسْمَآئِهٖ جَمِيْعُ خَلْقِهٖ وَالسَّلَامُ عَلٰى اَرْوَاحِكُمْ

حکمران ہے اللہ کی ساری مخلوق اس کے ناموں کی تسبیح کرتی ہے اور سلام ہو آپ کی روحوں پر اور آپ کے

وَ اَجْسَادِكُمْ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهٗ۔

جسموں پر سلام ہو آپ پر خدا کی رحمت ہو اور اس کی برکتیں ہوں۔

(۵) اپنے والدین اور دوسرے مرحومین و مؤمنین کی قبروں پر جانے کی بڑی فضیلت وارد ہوئی ہے کہ اہل ایمان انتظار کرتے ہیں کہ کون ان کی زیارت کے لیے آتا ہے جس سے وہ خوش ہوتے ہیں جیسا کہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے مروی ہے۔(مفاتیح الجنان)

(۶) اہل وعیال کے لیے عمدہ غذا اور پھل فروٹ کا اہتمام کیا جائے تاکہ وہ جمعہ کی آمد کا انتظار کریں اور اس کے آنے سے خوش ہوں۔



(۷) حجامت کرائی جائے بالخصوص ناخن اور مونچھیں کٹوائی جائیں۔

(۸) غسل جمعہ کیا جائے کہ سنت مؤکدہ ہے بلکہ بعض فقہاءِ عظام اس کے وجوب کے بھی قائل ہیں۔

(۹) زوال آفتاب ہوتے ہی نماز جمعہ کی ادائیگی کا اہتمام کیا جائے۔

(۱۰) خوشبو لگائی جائے اور لباس فاخرہ زیب بدن کیا جائے۔

(۱۱) مخصوص طریقہ پر بیس رکعت نوافل پڑھے جائیں جو کہ نوافل ظہرین کا بدل ہیں۔ تفصیل قوانین الشریعہ میں دیکھی جائے۔

(۱۲) نمازِ عصر کے بعد دس بار یہ صلوات پڑھی جائے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ ؍ الْاَوْصِيَآءِ الْمَرْضِيِّيْنَ بِاَفْضَلِ صَلَوٰتِكَ

اے معبود! رحمت فرما محمدؐ و آلِ محمدؐ پر کہ جو ان کے پسندیدہ اوصیاء ہیں اپنی بہترین رحمتوں کے ساتھ

وَ بَارِکْ عَلَیْهِمْ بِاَفْضَلِ بَرَکَاتِکَ وَ السَّلَامُ عَلَیْهِمْ وَ عَلٰی اَرْوَاحِهِمْ وَ اَجْسَادِهِمْ

اور ان پر برکت نازل فرما اپنی بہترین برکتوں سے اور سلام ہو ان پر اور ان کی روح پر اور ان کے جسموں پر

وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَکَاتُهٗ.

اور خدا کی رحمتیں اور برکتیں ہوں۔

(۱۳) نیز عصر کے بعد قریب بغروب دعائے سمات اور دعائے عشرات پڑھی جائے۔ نیز روز جمعہ دعائے ندبہ کا پڑھنا بھی وارد ہے۔ لہٰذا اگر خدا مزید توفیق دے تو اسے بھی پڑھنا چاہیئے۔

(۱۴) نیز جمعہ کے دن صحیفۂ کاملہ کی دعا نمبر ۴۶ جو کہ عید الفطر کے دن بھی پڑھی جاتی ہے اور دعا نمبر ۴۸ جو کہ عید الاضحیٰ کے دن بھی پڑھی جاتی ہے پڑھی جائے۔ واللہ الموفق۔

# باب ششم

## چند مشہور و مستند ادعیہ مبارکہ کا تذکرہ

(۱) **دعائے کمیل**ؒ :۔ یہ دعا مشہور و مستند دعاؤں میں سے ایک ہے جو نیمۂ شعبان اور شبہائے جمعہ میں پڑھی جاتی ہے۔ جو حضرت امیر علیہ السلام نے اپنے خاص صحابی کمیل بن زیادؒ کو تعلیم دی تھی۔ جناب کمیلؒ بیان کرتے ہیں کہ میں مسجد بصرہ میں حضرت امیر علیہ السلام کی خدمت میں حاضر تھا جبکہ آپؑ کے اصحاب کی ایک جماعت بھی حاضر تھی۔ اسی اثنا میں آنجنابؑ نے نیمۂ شعبان کا تذکرہ کرتے ہوئے فرمایا کہ جو شخص یہ رات عبادتِ خدا میں جاگ کر گزارے اور اس میں دعاءِ خضرؑ پڑھے تو اس کی دعا ضرور قبول ہوگی۔ پس جب آپؑ اپنی قیام گاہ کی طرف تشریف لے گئے تو میں رات کے وقت ہی آپؑ کے در دولت پر حاضر ہوا۔ تو آپؑ نے میرے حاضر ہونے کا سبب دریافت کیا۔ میں نے عرض کیا: دعاءِ خضر حاصل کرنے کے لیے حاضر ہوا ہوں۔ فرمایا: اے کمیل! بیٹھ جاؤ۔ پھر فرمایا: جب اس دعا کو یاد کر لو تو اسے ہر شب جمعہ میں ایک بار یا ہر مہینہ میں ایک بار یا ہر سال میں ایک بار یا پوری زندگی میں ایک بار پڑھو۔ (شر اعداء سے) تمہاری کفایت کی جائے گی، وسعت رزق عطا کی جائے گی اور گناہوں کی مغفرت کی جائے گی۔ اے کمیل! تم اپنے (اخلاص اور) طویل صحبت کی وجہ سے اس کے مستحق ہو کہ تمہیں یہ دعا تعلیم کی جائے پھر فرمایا: لکھو۔۔۔ اور ایک روایت میں یوں مروی ہے کہ جناب کمیلؒ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت امیر علیہ السلام کو نیمۂ شعبان کی رات سجدہ میں یہ دعا پڑھتے ہوئے سنا کہ پڑھ رہے تھے۔۔۔ جن علماء کرام نے دعا کے موضوع پر کتابیں لکھی ہیں ان سب نے اس دعا کا ذکر کیا ہے اور حضرت علامہ مجلسیؒ نے اسے بہترین دعاؤں میں سے ایک دعا قرار دیا ہے۔ (مصباح شیخ، مصباح کفعمی، مہج الدعوات و کتاب الاقبال سید ابن طاؤس، زاد المعاد مجلسی و مفاتیح الجنان محدث قمی وغیرہ وغیرہ)۔

اور وہ دعائے مبارک یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥

خدا کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِرَحْمَتِکَ الَّتِیْ وَسِعَتْ کُلَّ شَیْءٍ وَّ بِقُوَّتِکَ الَّتِیْ قَهَرْتَ بِهَا کُلَّ

اے معبود! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیری رحمت کے ذریعے جو ہرشئ پر محیط ہے تیری قوت کے ذریعے جس سے تو نے ہرشئ کو زیر

شَیْءٍ وَّ خَضَعَ لَهَا کُلُّ شَیْءٍ وَّ ذَلَّ لَهَا کُلُّ شَیْءٍ وَّ بِجَبَرُوْتِکَ الَّتِیْ غَلَبْتَ بِهَا کُلَّ شَیْءٍ

نگیں کیا ہوا ہے اور اس کے سامنے ہرشئ جھکی ہوئی اور ہرشئ زیر ہے تیرے جبروت کے ذریعے جس سے تو ہرشئ پر غالب ہے تیری

وَّ بِعِزَّتِکَ الَّتِیْ لَا یَقُوْمُ لَهَا شَیْءٌ وَّ بِعَظَمَتِکَ الَّتِیْ مَلَاَتْ کُلَّ شَیْءٍ وَّ بِسُلْطَانِکَ الَّذِیْ

عزت کے ذریعے جس کے آگے کوئی چیز ٹھہرتی نہیں تیری عظمت کے ذریعے جس نے ہر چیز کو پُر کر دیا تیری سلطنت کے ذریعے جو

عَلَا کُلَّ شَیْءٍ وَّ بِوَجْهِکَ الْبَاقِیْ بَعْدَ فَنَآءِ کُلِّ شَیْءٍ وَّ بِاَسْمَآئِکَ الَّتِیْ مَلَاَتْ اَرْکَانَ

ہر چیز سے بلند ہے تیرے ظہور کے ذریعے جو ہر چیز کی فنا کے بعد باقی رہے گا سوال کرتا ہوں تیرے ناموں کے ذریعے جنہوں نے



کُلِّ شَیْءٍ وَّ بِعِلْمِکَ الَّذِیْ اَحَاطَ بِکُلِّ شَیْءٍ وَّ بِنُوْرِ وَجْهِکَ الَّذِیْ اَضَآءَ لَهٗ کُلُّ شَیْءٍ یَا

ہر چیز کے اجزاء کو پُر کر رکھا ہے تیرے علم کے ذریعے جس نے ہر چیز کو گھیر رکھا ہے اور تیری ذات کے نور کے ذریعے جس سے ہر چیز

نُوْرُ یَا قُدُّوْسُ یَآ اَوَّلَ الْاَوَّلِیْنَ وَ یَآ اٰخِرَ الْاٰخِرِیْنَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیَ الذُّنُوْبَ الَّتِیْ تَهْتِکُ

روشن ہوئی ہے یا نور یا قدوس اے اولین میں سب سے اول اور اے آخرین میں سب سے آخر اے معبود میرے ان گناہوں کو

الْعِصَمَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیَ الذُّنُوْبَ الَّتِیْ تُنْزِلُ النِّقَمَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیَ الذُّنُوْبَ الَّتِیْ تُغَیِّرُ النِّعَمَ

معاف کر دے جو پردہ فاش کرتے ہیں خدایا! میرے وہ گناہ معاف کر دے جن سے عذاب نازل ہوتا ہے خداوندا میرے وہ گناہ

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیَ الذُّنُوْبَ الَّتِیْ تَحْبِسُ الدُّعَآءَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیَ الذُّنُوْبَ الَّتِیْ تُنْزِلُ الْبَلَآءَ

بخش دے جن سے نعمتیں زائل ہوتی ہیں اے معبود! میرے وہ گناہ معاف فرما جو دعا کو روک دیتے ہیں اے اللہ! میرے وہ گناہ

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ کُلَّ ذَنْبٍ اَذْنَبْتُهٗ وَکُلَّ خَطِیْئَةٍ اَخْطَاْتُهَا اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَتَقَرَّبُ اِلَیْکَ بِذِکْرِکَ وَ

بخش دے جن سے بلا نازل ہوتی ہے اے خدا میرا ہر وہ گناہ معاف فرما جو میں نے کیا ہے اور ہر لغزش سے درگزر کر جو مجھ سے ہوئی

اَسْتَشْفِعُ بِکَ اِلٰی نَفْسِکَ وَ اَسْئَلُکَ بِجُوْدِکَ اَنْ تُدْنِیَنِیْ مِنْ قُرْبِکَ وَ اَنْ تُوْزِعَنِیْ شُکْرَکَ

ہے اے اللہ! میں تیرے ذکر کے ذریعے تیرا تقرب چاہتا ہوں اور تیری ذات کو تیرے حضور اپنا سفارشی بناتا ہوں تیرے جود کے

وَاَنْ تُلْهِمَنِیْ ذِکْرَکَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُکَ سُؤَالَ خَاضِعٍ مُتَذَلِّلٍ خَاشِعٍ مُتَضَرِّعٍ اَنْ

واسطے سے سوال کرتا ہوں کہ مجھے اپنا قرب عطا فرما اور توفیق دے کہ تیرا شکر ادا کروں اور میری زبان پر اپنا ذکر جاری فرما اے اللہ!

تُسَامِحَنِیْ وَ تَرْحَمَنِیْ وَ تَجْعَلَنِیْ بِقِسْمِکَ رَاضِیًا قَانِعًا وَ فِیْ جَمِیْعِ الْاَحْوَالِ مُتَوَاضِعًا

میں سوال کرتا ہوں جھکے ہوئے گرے ہوئے ڈرے ہوئے کی طرح کہ مجھ سے چشم پوشی فرما مجھ پر رحمت کر مجھے اپنی قسمت پر راضی

اَللّٰهُمَّ وَ اَسْئَلُکَ سُؤَالَ مَنِ اشْتَدَّتْ فَاقَتُهٗ وَ اَنْزَلَ بِکَ عِنْدَ الشَّدَآئِدِ حَاجَتَهٗ وَ عَظُمَ فِیْمَا

وقانع اور ہر قسم کے حالات میں نرم خو رہنے والا بنا دے یا اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اس شخص کی طرح جو سخت تنگی میں ہو

عِنْدَکَ رَغْبَتُهٗ اَللّٰهُمَّ عَظُمَ سُلْطَانُکَ وَ عَلَا مَکَانُکَ وَ خَفِیَ مَکْرُکَ وَ ظَهَرَ اَمْرُکَ وَ غَلَبَ

سختیوں میں پڑا اپنی حاجت لے کر تیرے پاس آیا ہوں اور جو کچھ تیرے پاس ہے اس میں زیادہ رغبت رکھتا ہوں اے اللہ تیری

قَهْرُکَ وَجَرَتْ قُدْرَتُکَ وَلَا یُمْکِنُ الْفِرَارُ مِنْ حُکُوْمَتِکَ اَللّٰهُمَّ لَاۤ اَجِدُ لِذُنُوْبِیْ غَافِرًا

سلطنت عظیم اور تیرا مقام بلند ہے تیری تدبیر پوشیدہ اور تیرا امر ظاہر ہے تیرا قہر غالب تیری قدرت کارگر ہے اور تیری حکومت سے

وَّلَا لِقَبَآئِحِیْ سَاتِرًا وَّلَا لِشَیْءٍ مِّنْ عَمَلِیَ الْقَبِیْحِ بِالْحَسَنِ مُبَدِّلًا غَیْرَکَ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنْتَ

فرار ممکن نہیں خداوندا میں تیرے سوا کسی کو نہیں پاتا جو میرے گناہ بخشنے والا میری برائیوں کو چھپانے والا اور میرے برے عمل کو نیکی

سُبْحَانَکَ وَ بِحَمْدِکَ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ وَ تَجَرَّاْتُ بِجَهْلِیْ وَ سَکَنْتُ اِلٰی قَدِیْمِ ذِکْرِکَ لِیْ

میں بدل دینے والا ہو نہیں کوئی معبود سوائے تیرے تو پاک ہے اور حمد تیرے ہی لیے ہے میں نے اپنے نفس پر ظلم کیا اپنی جہالت کی

وَ مَنِّکَ عَلَیَّ اَللّٰهُمَّ مَوْلَایَ کَمْ مِّنْ قَبِیْحٍ سَتَرْتَهٗ وَ کَمْ مِّنْ فَادِحٍ مِّنَ الْبَلَآءِ اَقَلْتَهٗ وَ کَمْ

وجہ سے جرأت کی اور میں نے تیری قدیم یادآوری اور اپنے لیے تیری بخشش پر بھروسہ کیا ہے اے اللہ! میرے مولا کتنے ہی گناہوں

مِّنْ عِثَارٍ وَّقَیْتَهٗ وَکَمْ مِّنْ مَّکْرُوْهٍ دَفَعْتَهٗ وَ کَمْ مِّنْ ثَنَآءٍ جَمِیْلٍ لَّسْتُ اَهْلًا لَّهٗ نَشَرْتَهٗ اَللّٰهُمَّ

کی تو نے پردہ پوشی کی اور کتنی ہی سخت بلاؤں سے مجھے بچا لیا کتنی ہی لغزشیں معاف فرمائیں اور کتنی ہی برائیاں مجھ سے دور کیں تو

عَظُمَ بَلَآئِیْ وَ اَفْرَطَ بِیْ سُوْٓءُ حَالِیْ وَ قَصُرَتْ بِیْ اَعْمَالِیْ وَ قَعَدَتْ بِیْۤ اَغْلَالِیْ وَ

نے میری کتنی ہی تعریفیں عام کیں جن کا میں ہرگز اہل نہ تھا اے معبود! میری مصیبت عظیم ہے بدحالی کچھ زیادہ ہی بڑھ چکی ہے

حَبَسَنِیْ عَنْ نَّفْعِیْ بُعْدُ اَمَالِیْ وَ خَدَعَتْنِیْ الدُّنْیَا بِغُرُوْرِهَا وَ نَفْسِیْ بِجِنَایَتِهَا وَ مِطَالِیْ یَا

میرے اعمال بہت کم ہیں گناہوں کی زنجیر نے مجھے جکڑ لیا ہے لمبی آرزوؤں نے مجھے اپنے نفع سے روک رکھا ہے دنیا نے اپنی

سَیِّدِیْ فَاَسْئَلُکَ بِعِزَّتِکَ اَنْ لَّا یَحْجُبَ عَنْکَ دُعَآئِیْ سُوْٓءُ عَمَلِیْ وَ فِعَالِیْ وَلَا تَفْضَحْنِیْ

دھوکہ بازی سے اور نفس نے جرائم اور حیلہ سازی سے مجھ کو فریب دیا ہے اے میرے آقا میں تیری عزت کا واسطہ دے کر سوال کرتا

بِخَفِیِّ مَا اطَّلَعْتَ عَلَیْہِ مِنْ سِرِّیْ وَلَا تُعَاجِلْنِیْ بِالْعُقُوْبَۃِ عَلٰی مَا عَمِلْتُہٗ فِیْ خَلَوَاتِیْ مِنْ

ہوں کہ میری بدعملی و بدکرداری میری دعا کو تجھ سے نہ روکے اور تو مجھے میرے پوشیدہ کاموں سے رسوا نہ کرے جن میں تو میرے راز

سُوْٓءِ فِعْلِیْ وَ اِسَآئَتِیْ وَدَوَامِ تَفْرِیْطِیْ وَ جَہَالَتِیْ وَ کَثْرَۃِ شَہَوَاتِیْ وَ غَفْلَتِیْ وَ کُنِ اللّٰہُمَّ

کو جانتا ہے اور مجھے اس پر سزا دینے میں جلدی نہ کر جو میں نے خلوت میں غلط کام کیا برائی کی ہمیشہ کوتاہی کی اس میں میری نادانی

بِعِزَّتِکَ لِیْ فِیْ کُلِّ الْاَحْوَالِ رَءُوْفًا وَّ عَلَیَّ فِیْ جَمِیْعِ الْاُمُوْرِ عَطُوْفًا اِلٰہِیْ وَ مَوْلَایَ وَ

خواہشوں کی کثرت اور غفلت بھی ہے اور اے میرے اللہ تجھے تیری عزت کا واسطہ کہ میرے لیے ہر حال میں مہربان رہ اور تمام

رَبِّیْ مَنْ لِّیْ غَیْرُکَ اَسْئَلُہٗ کَشْفَ ضُرِّیْ وَالنَّظَرَ فِیْٓ اَمْرِیْ اِلٰہِیْ وَ مَوْلَایَ اَجْرَیْتَ عَلَیَّ

امور میں مجھ پر عنایت فرما میرے معبود میرے رب تیرے سوا میرا کون ہے جس سے سوال کروں کہ میری تکلیف دور کردے اور

حُکْمًا اِتَّبَعْتُ فِیْہِ ہَوٰی نَفْسِیْ وَلَمْ اَحْتَرِسْ فِیْہِ مِنْ تَزْیِیْنِ عَدُوِّیْ فَغَرَّنِیْ بِمَآ اَہْوٰی وَ



میرے معاملے پر نظر رکھے میرے معبود اور میرے مولا تو نے میرے لیے حکم صادر فرمایا لیکن میں نے اس میں خواہش کا کہا مانا اور

اَسْعَدَہٗ عَلٰی ذٰلِکَ الْقَضَآءُ فَتَجَاوَزْتُ بِمَا جَرٰی عَلَیَّ مِنْ ذٰلِکَ بَعْضَ حُدُوْدِکَ وَ

میں دشمن کی فریب کاری سے بچ نہیں سکا اس نے میری خواہشوں میں دھوکہ دیا اور وقت نے اس کا ساتھ دیا پس تو نے حکم صادر کیا

خَالَفْتُ بَعْضَ اَوَامِرِکَ فَلَکَ الْحَمْدُ عَلَیَّ فِیْ جَمِیْعِ ذٰلِکَ وَلَا حُجَّۃَ لِیْ فِیْمَا جَرٰی عَلَیَّ

میں نے اس میں تیری بعض حدود کو توڑا اور تیرے بعض احکام کی مخالفت کی پس حمد ہے تیرے لیے ان سب کا بار مجھ پر ہے اور

فِیْہِ قَضَآؤُکَ وَ اَلْزَمَنِیْ حُکْمُکَ وَ بَلَاؤُکَ وَ قَدْ اَتَیْتُکَ یَآ اِلٰہِیْ بَعْدَ تَقْصِیْرِیْ وَ اِسْرَافِیْ

میرے پاس کوئی حجت نہیں اس میں جو فیصلہ تو نے میرے لیے کیا اور آمادہ کیا مجھے تیرے حکم اور تیری آزمائش نے کہ اے اللہ

عَلٰی نَفْسِیْ مُعْتَذِرًا نَّادِمًا مُّنْکَسِرًا مُّسْتَقِیْلًا مُّسْتَغْفِرًا مُّنِیْبًا مُّقِرًّا مُّذْعِنًا مُّعْتَرِفًا لَّآ اَجِدُ

تیرے حضور آیا ہوں جب کہ میں نے کوتاہی کی اور اپنے نفس پر زیادتی کی ہے میں عذر خواہ پشیمان ہارا ہوا معافی کا طالب بخشش کا

مَفَرًّا مِّمَّا کَانَ مِنِّیْ وَلَا مَفْزَعًا اَتَوَجَّہُ اِلَیْہِ فِیْٓ اَمْرِیْ غَیْرَ قَبُوْلِکَ عُذْرِیْ وَ اِدْخَالِکَ اِیَّایَ

سوالی تائب گناہوں کا اقراری سرنگوں اقبالی ہوں جو کچھ مجھ سے ہوا نہ اس سے فرار کی راہ ہے نہ کوئی جائے پناہ کہ اپنے معاملے میں

فِیْ سَعَةِ رَحْمَتِکَ اَللّٰھُمَّ فَاقْبَلْ عُذْرِیْ وَارْحَمْ شِدَّةَ ضُرِّیْ وَ فُکَّنِیْ مِنْ شَدِّ وَثَاقِیْ یَا

اس کی طرف توجہ کروں سوائے اس کے کہ تو میرا عذر قبول کرے اور مجھے اپنی وسیع تر رحمت میں داخل کر دے اے معبود پس میرا عذر

رَبِّ ارْحَمْ ضَعْفَ بَدَنِیْ وَ رِقَّةَ جِلْدِیْ وَ دِقَّةَ عَظْمِیْ یَا مَنْ بَدَءَ خَلْقِیْ وَ ذِکْرِیْ وَ

قبول فرما میری سخت تکلیف پر رحم کر اور بھاری مشکل سے رہائی دے اے پروردگار میرے بدن کی کمزوری جلد کی نازکی ہڈیوں کی

تَرْبِیَتِیْ وَ بِرِّیْ وَ تَغْذِیَتِیْ ھَبْنِیْ لِاِبْتِدَآءِ کَرَمِکَ وَ سَالِفِ بِرِّکَ بِیْ یَآ اِلٰھِیْ وَ سَیِّدِیْ وَ

باریکی پر رحم فرما اے وہ ذات جس نے میری خلقت ذکر پرورش نیکی اور غذا کا آغاز کیا اپنے پہلے کرم اور گزری نیکی کے تحت مجھے

رَبِّیْ اَتُرَاکَ مُعَذِّبِیْ بِنَارِکَ بَعْدَ تَوْحِیْدِکَ وَ بَعْدَ مَانْطَوٰی عَلَیْهِ قَلْبِیْ مِنْ مَّعْرِفَتِکَ وَ لَھِجَ بِهٖ

معاف فرما اے میرے معبود میرے آقا اور میرے رب آیا میں یہ سمجھوں کہ تو مجھے اپنی آگ کا عذاب دے گا جبکہ تیری توحید کا

لِسَانِیْ مِنْ ذِکْرِکَ وَ اعْتَقَدَهٗ ضَمِیْرِیْ مِنْ حُبِّکَ وَ بَعْدَ صِدْقِ اعْتِرَافِیْ وَ دُعَآئِیْ خَاضِعًا

معترف ہوں اس کے ساتھ میرا دل تیری معرفت سے لبریز ہے اور میری زبان تیرے ذکر میں لگی ہوئی ہے میرا ضمیر تیری محبت سے



لِرُبُوْبِیَّتِکَ ھَیْھَاتَ اَنْتَ اَکْرَمُ مِنْ اَنْ تُضَیِّعَ مَنْ رَبَّیْتَهٗ اَوْ تُبْعِدَ مَنْ اَدْنَیْتَهٗ اَوْ تُشَرِّدَ مَنْ

گندھا ہوا ہے اور اپنے گناہوں کے سچے اعتراف اور تیری ربوبیت کے آگے میری عاجزانہ پکار کے بعد بھی تو مجھے عذاب دے گا

اٰوَیْتَهٗ اَوْ تُسَلِّمَ اِلَی الْبَلَآءِ مَنْ کَفَیْتَهٗ وَ رَحِمْتَهٗ وَلَیْتَ شِعْرِیْ یَا سَیِّدِیْ وَ اِلٰھِیْ وَ مَوْلَایَ

ہرگز نہیں تو بلند ہے اس سے کہ جسے پالا ہو اسے ضائع کرے یا جسے قریب کیا ہو اسے دور کرے یا جسے پناہ دی اسے چھوڑ دے یا جس

اَتُسَلِّطُ النَّارَ عَلٰی وُجُوْهٍ خَرَّتْ لِعَظَمَتِکَ سَاجِدَةً وَّ عَلٰی اَلْسُنٍ نَطَقَتْ بِتَوْحِیْدِکَ

کی سرپرستی کی اور اس پر مہربانی کی ہو اسے مصیبت کے حوالے کر دے اے کاش میں جانتا اے میرے آقا میرے معبود اور میرے

صَادِقَةً وَّ بِشُکْرِکَ مَادِحَةً وَّ عَلٰی قُلُوْبٍ اعْتَرَفَتْ بِاِلٰھِیَّتِکَ مُحَقِّقَةً وَّ عَلٰی ضَمَآئِرَ

مولا کہ آیا تو آگ میں ڈالے گا ان چہروں کو جو تیری عظمت کے سامنے سجدے میں پڑے ہیں اور ان زبانوں کو جو تیری توحید کے

حَوَتْ مِنَ الْعِلْمِ بِکَ حَتّٰی صَارَتْ خَاشِعَةً وَّ عَلٰی جَوَارِحَ سَعَتْ اِلٰی اَوْطَانِ تَعَبُّدِکَ

بیان میں سچی ہیں اور شکر کے ساتھ تیری تعریف کرتی ہیں اور ان دلوں کو جو تحقیق کے ساتھ تجھے معبود مانتے ہیں اور ان ضمیروں کو جو

طَآئِعَةً وَّ اَشَارَتْ بِاسْتِغْفَارِکَ مُذْعِنَةً مَا ھٰکَذَا الظَّنُّ بِکَ وَلَآ اُخْبِرْنَا بِفَضْلِکَ عَنْکَ یَا

تیری معرفت سے پُر ہو کر تجھ سے خائف ہیں تو انہیں آگ میں ڈالے گا؟ اور ان اعضاء کو جو فرمانبرداری سے تیری عبادت گاہوں

كَرِيْمُ يَا رَبِّ وَ اَنْتَ تَعْلَمُ ضَعْفِيْ عَنْ قَلِيْلٍ مِنْ بَلَآءِ الدُّنْيَا وَ عُقُوْبَاتِهَا وَمَا يَجْرِيْ فِيْهَا

کی طرف دوڑتے ہیں اور یقین کے ساتھ تیری مغفرت کے طالب ہیں (تو انہیں آگ میں ڈالے) تیری ذات سے ایسا گمان

مِنَ الْمَكَارِهِ عَلٰى اَهْلِهَا عَلٰى اَنَّ ذٰلِكَ بَلَآءٌ وَّ مَكْرُوْهٌ قَلِيْلٌ مَّكْثُهٗ يَسِيْرٌ بَقَآؤُهٗ قَصِيْرٌ

نہیں نہ یہ تیرے فضل کے مناسب ہے اے کریم اے پروردگار! دنیا کی تکلیفوں اور مصیبتوں کے مقابل تو میری ناطاقتی کو جانتا ہے

مُدَّتُهٗ فَكَيْفَ احْتِمَالِيْ لِبَلَآءِ الْاٰخِرَةِ وَ جَلِيْلِ وُقُوْعِ الْمَكَارِهِ فِيْهَا وَ هُوَ بَلَآءٌ تَطُوْلُ

اور اہل دنیا پر جو تنگیاں آتی ہیں (میں انہیں برداشت نہیں کرسکتا) اگرچہ اس تنگی وسختی کا دورانیہ کم اور بقاء کا وقت تھوڑا اور مدت کوتاہ

مُدَّتُهٗ وَ يَدُوْمُ مَقَامُهٗ وَلَا يُخَفَّفُ عَنْ اَهْلِهٖ لِاَنَّهٗ لَا يَكُوْنُ اِلَّا عَنْ غَضَبِكَ وَانْتِقَامِكَ وَ

ہے تو پھر کیونکر میں آخرت کی مشکلوں کو جھیل سکوں گا جو بڑی سخت ہیں اور وہ ایسی تکلیفیں ہیں جن کی مدت طولانی اقامت دائمی اور

سَخَطِكَ وَ هٰذَا مَا لَا تَقُوْمُ لَهُ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ يَا سَيِّدِيْ فَكَيْفَ لِيْ وَ اَنَا عَبْدُكَ

ان میں کسی کے لئے کمی نہیں ہوگی اس لیے کہ وہ تیرے غضب تیرے انتقام اور تیری ناراضی سے آتی ہیں اور یہ وہ سختیاں ہیں جن

الضَّعِيْفُ الذَّلِيْلُ الْحَقِيْرُ الْمِسْكِيْنُ الْمُسْتَكِيْنُ يَا اِلٰهِيْ وَ رَبِّيْ وَ سَيِّدِيْ وَ مَوْلَايَ لِاَيِّ



کے سامنے زمین آسمان بھی کھڑے نہیں رہ سکتے تو اے آقا مجھ پر کیا گزرے گی جبکہ میں تیرا کمزور پست بے حیثیت بے مایا اور بے

الْاُمُوْرِ اِلَيْكَ اَشْكُوْ وَ لِمَا مِنْهَا اَضِجُّ وَ اَبْكِيْ لِاَلِيْمِ الْعَذَابِ وَ شِدَّتِهٖ اَمْ لِطُوْلِ الْبَلَآءِ وَ

بس بندہ ہوں اے میرے معبود میرے رب میرے آقا اور میرے مولا! میں کن کن باتوں کی تجھ سے شکایت کروں اور کس کس کے

مُدَّتِهٖ فَلَئِنْ صَيَّرْتَنِيْ لِلْعُقُوْبَاتِ مَعَ اَعْدَآئِكَ وَ جَمَعْتَ بَيْنِيْ وَ بَيْنَ اَهْلِ بَلَائِكَ وَ فَرَّقْتَ

لیے نالہ وشیون کروں؟ دردناک عذاب کی سختی کے لیے یا مصیبت کے طول ومدت کے لیے پس اگر تو نے مجھے عذاب وعقاب میں

بَيْنِيْ وَ بَيْنَ اَحِبَّآئِكَ وَ اَوْلِيَآئِكَ فَهَبْنِيْ يَآ اِلٰهِيْ وَ سَيِّدِيْ وَ مَوْلَايَ وَ رَبِّيْ صَبَرْتُ عَلٰى

اپنے دشمنوں کے ساتھ رکھا اور مجھے اور اپنے عذابیوں کو اکٹھا کر دیا اور مجھے اور اپنے دوستوں اور محبوں میں دوری ڈال دی تو اے

عَذَابِكَ فَكَيْفَ اَصْبِرُ عَلٰى فِرَاقِكَ وَ هَبْنِيْ صَبَرْتُ عَلٰى حَرِّ نَارِكَ فَكَيْفَ اَصْبِرُ عَنِ

میرے معبود میرے آقا میرے مولا اور میرے رب تو ہی بتا کہ میں تیرے عذاب پر صبر کرلوں تو تجھ سے دوری پر کیسے صبر کروں گا

النَّظَرِ اِلٰى كَرَامَتِكَ اَمْ كَيْفَ اَسْكُنُ فِي النَّارِ وَ رَجَآئِيْ عَفْوُكَ فَبِعِزَّتِكَ يَا سَيِّدِيْ وَ

اور مجھے بتا کہ میں نے تیری آگ کی تپش پر صبر کرلیا تو تیرے کرم سے کس طرح چشم پوشی کرسکوں گا یا کیسے آگ میں پڑا رہوں گا

مَوْلَایَ اُقْسِمُ صَادِقًا لَئِنْ تَرَکْتَنِیْ نَاطِقًا لَاَضِجَّنَّ اِلَیْکَ بَیْنَ اَهْلِهَا ضَجِیْجَ الْاٰمِلِیْنَ

جب کہ میں تیرے عفو وبخشش کا امیدوار ہوں پس قسم ہے تیری عزت کی اے میرے آقا اور مولا سچی قسم کہ اگر تو نے میری گویائی باقی

وَلَاَصْرُخَنَّ اِلَیْکَ صُرَاخَ الْمُسْتَصْرِخِیْنَ وَلَاَبْکِیَنَّ عَلَیْکَ بُکَآءَ الْفَاقِدِیْنَ وَلَاُنَادِیَنَّکَ

رہنے دی تو میں اہل نار کے درمیان تیرے حضور فریاد کروں گا آرزومندوں کی طرح اور تیرے سامنے نالہ کروں گا جیسے مددگار کے

اَیْنَ کُنْتَ یَا وَلِیَّ الْمُؤْمِنِیْنَ یَا غَایَةَ اٰمَالِ الْعَارِفِیْنَ یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ یَا حَبِیْبَ قُلُوْبِ

متلاشی کرتے ہیں تیرے سامنے یوں گریہ کروں گا نا چیزوں کی طرح اور تجھے پکاروں گا کہاں ہے تو اے مومنوں کے مددگار اے

الصَّادِقِیْنَ وَیَآ اِلٰهَ الْعَالَمِیْنَ اَفَتُرَاکَ سُبْحَانَکَ یَآ اِلٰهِیْ وَ بِحَمْدِکَ تَسْمَعُ فِیْهَا صَوْتَ

عارفوں کی امیدوں کے مرکز اے بے چاروں کی دادرسی کرنے والے اے سچے لوگوں کے دلی دوست اور اے عالمین کے معبود کیا

عَبْدٍ مُسْلِمٍ سُجِنَ فِیْهَا بِمُخَالَفَتِهٖ وَ ذَاقَ طَعْمَ عَذَابِهَا بِمَعْصِیَتِهٖ وَ حُبِسَ بَیْنَ اَطْبَاقِهَا

میں تجھے دیکھتا ہوں تو پاک ہے اس سے اے میرے اللہ اپنی حمد کے ساتھ تیری حمد ہے کہ تو وہاں سے بندۂ مسلم کی آواز سن رہا ہے

بِجُرْمِهٖ وَ جَرِیْرَتِهٖ وَهُوَ یَضِجُّ اِلَیْکَ ضَجِیْجَ مُؤَمِّلٍ لِرَحْمَتِکَ وَ یُنَادِیْکَ بِلِسَانِ اَهْلِ



جو بوجہ نافرمانی دوزخ میں ہے اپنی برائی کے باعث عذاب کا ذائقہ چکھ رہا ہے اور اپنے جرم گناہ پر جہنم کے طبقوں کے بیچوں بیچ بند

تَوْحِیْدِکَ وَیَتَوَسَّلُ اِلَیْکَ بِرُبُوْبِیَّتِکَ یَا مَوْلَایَ فَکَیْفَ یَبْقٰی فِی الْعَذَابِ وَ هُوَ یَرْجُوْ مَا

ہے وہ تیرے سامنے گریہ کر رہا ہے تیری رحمت کے امیدوار کی طرح اور اہل توحید کی زبان میں تجھے پکار رہا ہے اور تیرے حضور

سَلَفَ مِنْ حِلْمِکَ وَ رَاْفَتِکَ وَ رَحْمَتِکَ اَمْ کَیْفَ تُؤْلِمُهُ النَّارُ وَ هُوَ یَاْمُلُ فَضْلَکَ وَ

تیری ربوبیت کو وسیلہ بنا رہا ہے اے میرے مولا! پس کس طرح وہ عذاب میں رہے گا جب کہ وہ تیرے گزشتہ حلم و رافت اور رحمت

رَحْمَتَکَ اَمْ کَیْفَ یُحْرِقُهٗ لَهِیْبُهَا وَ اَنْتَ تَسْمَعُ صَوْتَهٗ وَ تَرٰی مَکَانَهٗ اَمْ کَیْفَ یَشْتَمِلُ

کا امیدوار ہے یا پھر آگ کیونکر اسے تکلیف دے گی جب وہ تیرے فضل اور رحمت کی امید رکھتا ہے یا آگ کے شعلے کیسے اس کو

عَلَیْهِ زَفِیْرُهَا وَ اَنْتَ تَعْلَمُ ضَعْفَهٗ اَمْ کَیْفَ یَتَقَلْقَلُ بَیْنَ اَطْبَاقِهَا وَ اَنْتَ تَعْلَمُ صِدْقَهٗ اَمْ

جلائیں گے جب تو اس کی آواز سنتا اور اس کے مقام کو دیکھتا ہے یا کیسے آگ کے شرارے اسے گھیریں گے جب تو اس کی ناتوانی

کَیْفَ تَزْجُرُهٗ زَبَانِیَتُهَا وَ هُوَ یُنَادِیْکَ یَا رَبَّهٗ اَمْ کَیْفَ یَرْجُوْ فَضْلَکَ فِیْ عِتْقِهٖ مِنْهَا فَتَتْرُکُهٗ

کو جانتا ہے یا کیسے وہ جہنم کے طبقوں میں پریشان رہے گا جب تو اس کی سچائی سے واقف ہے یا کیسے جہنم کے فرشتے اسے جھڑکیں

فِيْهَا هَيْهَاتَ مَا ذٰلِكَ الظَّنُّ بِكَ وَلَا الْمَعْرُوْفُ مِنْ فَضْلِكَ وَلَا مُشْبِهٌ لِمَا عَامَلْتَ بِهِ

گے جب وہ تجھے پکارتا ہے اے میرے رب یا کیسے ممکن ہے کہ وہ خلاصی میں تیرے فضل کا امیدوار رہو اور تو اسے جہنم میں رہنے

الْمُوَحِّدِيْنَ مِنْ بِرِّكَ وَاِحْسَانِكَ فَبِالْيَقِيْنِ اَقْطَعُ لَوْلَا مَا حَكَمْتَ بِهٖ مِنْ تَعْذِيْبِ

دے ہرگز نہیں تیرے بارے میں یہ گمان نہیں ہو سکتا نہ تیرے فضل کا ایسا تعارف ہے نہ یہ توحید پرستوں پر تیرے احسان وکرم کے

جَاحِدِيْكَ وَ قَضَيْتَ بِهٖ مِنْ اِخْلَادِ مُعَانِدِيْكَ لَجَعَلْتَ النَّارَ كُلَّهَا بَرْدًا وَّ سَلَامًا وَّمَا كَانَ

ساتھ مشابہ ہے پس میں یقین رکھتا ہوں کہ اگر تو نے اپنے دشمنوں کو آگ کا عذاب دینے کا حکم نہ دیا ہوتا اور اپنے مخالفوں کو ہمیشہ

لِاَحَدٍ فِيْهَا مَقَرًّا وَّ لَا مُقَامًا لٰكِنَّكَ تَقَدَّسَتْ اَسْمَآؤُكَ اَقْسَمْتَ اَنْ تَمْلَاَهَا مِنَ الْكَافِرِيْنَ

اس میں رکھنے کا فیصلہ نہ کیا ہوتا تو ضروری تو آگ کو ٹھنڈی اور آرام بخش بنا دیتا اور کسی کو بھی آگ میں جگہ اور ٹھکانہ نہ دیا جاتا لیکن

مِنَ الْجِنَّةِ وَ النَّاسِ اَجْمَعِيْنَ وَ اَنْ تُخَلِّدَ فِيْهَا الْمُعَانِدِيْنَ وَ اَنْتَ جَلَّ ثَنَآؤُكَ قُلْتَ مُبْتَدِئًا

تو نے اپنے پاکیزہ ناموں کی قسم کھائی کہ جہنم کو جنوں وانسانوں میں سے تمام کافروں سے بھر دے گا اور یہ کہ یہ مخالفین ہمیشہ اس میں



وَّ تَطَوَّلْتَ بِالْاِنْعَامِ مُتَكَرِّمًا اَفَمَنْ كَانَ مُؤْمِنًا كَمَنْ كَانَ فَاسِقًا لَّا يَسْتَوُوْنَ اِلٰهِيْ وَ

رہیں گے اور تو بڑی تعریف والا ہے تو نے فضل وکرم کرتے ہوئے بلا سابقہ یہ فرمایا کہ آیا وہ شخص جو مومن ہے وہ فاسق جیسا ہے وہ

سَيِّدِيْ فَاَسْئَلُكَ بِالْقُدْرَةِ الَّتِيْ قَدَّرْتَهَا وَ بِالْقَضِيَّةِ الَّتِيْ حَتَمْتَهَا وَ حَكَمْتَهَا وَ غَلَبْتَ مَنْ

دونوں برابر نہیں میرے معبود میرے آقا! میں تیری قدرت جسے تو نے توانا کیا اور تیرا فرمان جسے تو نے یقینی ومحکم بنایا اور تو غالب

عَلَيْهِ اَجْرَيْتَهَا اَنْ تَهَبَ لِيْ فِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ وَ فِيْ هٰذِهِ السَّاعَةِ كُلَّ جُرْمٍ اَجْرَمْتُهٗ وَ كُلَّ

ہے اس پر جس پر اسے جاری کرے اس کے واسطے سے سوال کرتا ہوں کہ بخش دے اس شب میں اور اس ساعت میں میرے وہ

ذَنْبٍ اَذْنَبْتُهٗ وَ كُلَّ قَبِيْحٍ اَسْرَرْتُهٗ وَ كُلَّ جَهْلٍ عَمِلْتُهٗ كَتَمْتُهٗ اَوْ اَعْلَنْتُهٗ اَخْفَيْتُهٗ اَوْ اَظْهَرْتُهٗ

تمام جرم جو میں نے کیے وہ گناہ جو مجھ سے سرزد ہوئے وہ سب برائیاں جو میں نے چھپائی ہیں جو نادانیاں کیں اور ان پر پردہ ڈالا یا

وَ كُلَّ سَيِّئَةٍ اَمَرْتَ بِاِثْبَاتِهَا الْكِرَامَ الْكَاتِبِيْنَ الَّذِيْنَ وَكَّلْتَهُمْ بِحِفْظِ مَا يَكُوْنُ مِنِّيْ وَ

کھولا پوشیدہ رکھا یا ظاہر کیا اور میری بدیاں جن کے لکھنے کا تو نے کراماً کاتبین کو حکم دیا ہے جنہیں تو نے مقرر کیا ہے کہ جو کچھ میں

جَعَلْتَهُمْ شُهُوْدًا عَلَيَّ مَعَ جَوَارِحِيْ وَ كُنْتَ اَنْتَ الرَّقِيْبَ عَلَيَّ مِنْ وَّرَآئِهِمْ وَالشَّاهِدَ

کروں اسے محفوظ کریں اور ان کو میرے اعضاء کے ساتھ ہی مجھ پر گواہ بنایا اور ان کے علاوہ خود تو بھی مجھ پر ناظر اور اس بات کا

لِمَا خَفِیَ عَنْهُمْ وَ بِرَحْمَتِکَ اَخْفَیْتَهٗ وَ بِفَضْلِکَ سَتَرْتَهٗ وَ اَنْ تُوَفِّرَ حَظِّیْ مِنْ کُلِّ خَیْرٍ

گواہ ہے جو ان سے پوشیدہ ہے تو نے اپنی رحمت سے اسے چھپایا اور اپنے فضل سے پردہ ڈالا وہ معاف فرما اور میرے لیے وافر

اَنْزَلْتَهٗ اَوْ اِحْسَانٍ فَضَّلْتَهٗ اَوْ بِرٍّ نَشَرْتَهٗ اَوْ رِزْقٍ بَسَطْتَهٗ اَوْ ذَنْبٍ تَغْفِرُهٗ اَوْ خَطَاٍ تَسْتُرُهٗ یَا

حصہ قرار دے ہر خیر میں جسے تو نے نازل کیا یا جس احسان کو بڑھایا جس نیکی کو پھیلایا یا جس رزق میں اضافہ کیا یا جو گناہ تو نے معاف

رَبِّ یَا رَبِّ یَا رَبِّ یَآ اِلٰهِیْ وَ سَیِّدِیْ وَ مَوْلَایَ وَ مَالِکَ رِقِّیْ یَا مَنْ بِیَدِهٖ نَاصِیَتِیْ یَا عَلِیْمًا

فرمایا یا جس غلطی کو ڈھانپا ہے یا رب یا رب اے میرے معبود میرے آقا میرے مولا اور میری جان کے مالک اے وہ جس

بِضُرِّیْ وَ مَسْکَنَتِیْ یَا خَبِیْرًا بِفَقْرِیْ وَ فَاقَتِیْ یَا رَبِّ یَا رَبِّ یَا رَبِّ اَسْئَلُکَ بِحَقِّکَ وَ

کے ہاتھ میں میری باگ ہے اے میری تنگی و بے چارگی سے واقف اے میری ناداری و تنگدستی سے باخبر یا رب یا رب یا رب میں

قُدْسِکَ وَ اَعْظَمِ صِفَاتِکَ وَ اَسْمَائِکَ اَنْ تَجْعَلَ اَوْقَاتِیْ مِنَ اللَّیْلِ وَالنَّهَارِ بِذِکْرِکَ

تیرے حق ہونے تیری پاکیزگی تیری عظیم صفات اور اسماء کا واسطہ دے کر سوال کرتا ہوں کہ میرے رات دن کے اوقات اپنے ذکر

مَعْمُوْرَةً وَّ بِخِدْمَتِکَ مَوْصُوْلَةً وَّ اَعْمَالِیْ عِنْدَکَ مَقْبُوْلَةً حَتّٰی تَکُوْنَ اَعْمَالِیْ وَ اَوْرَادِیْ

سے آباد کر اور مسلسل اپنی حضوری میں رکھ اور میرے اعمال کو اپنی جناب میں قبولیت عطا فرما حتیٰ کہ میرے اعمال اور اذکار تیرے

کُلُّهَا وِرْدًا وَّاحِدًا وَّ حَالِیْ فِیْ خِدْمَتِکَ سَرْمَدًا یَا سَیِّدِیْ یَا مَنْ عَلَیْهِ مُعَوَّلِیْ یَا مَنْ اِلَیْهِ

حضور ایک ورد قرار پائے اور میرا یہ حال تیری بارگاہ میں ہمیشہ قائم رہے اے میرے آقا اے وہ جس پر میرا تکیہ ہے اے وہ جس

شَکَوْتُ اَحْوَالِیْ یَا رَبِّ یَا رَبِّ یَا رَبِّ قَوِّ عَلٰی خِدْمَتِکَ جَوَارِحِیْ وَاشْدُدْ عَلَی الْعَزِیْمَةِ

سے میں اپنے حالات کی تنگی بیان کرتا ہوں یا رب یا رب یا رب میرے ظاہری اعضاء کو اپنی حضوری میں قوی اور میرے باطنی

جَوَانِحِیْ وَهَبْ لِیَ الْجِدَّ فِیْ خَشْیَتِکَ وَالدَّوَامَ فِی الْاِتِّصَالِ بِخِدْمَتِکَ حَتّٰی اَسْرَحَ

ارادوں کو محکم و مضبوط بنا دے اور مجھے توفیق دے کہ تجھ سے ڈرنے کی کوشش کروں اور تیری حضوری میں ہمیشگی پیدا کروں حتیٰ کہ

اِلَیْکَ فِیْ مَیَادِیْنِ السَّابِقِیْنَ وَ اُسْرِعَ اِلَیْکَ فِی الْبَارِزِیْنَ وَ اَشْتَاقَ اِلٰی قُرْبِکَ فِی

تیری بارگاہ میں پہلوں کی راہوں پر چل پڑوں اور تیری طرف جانے والوں سے آگے نکل جاؤں تیرے قرب کا شوق رکھنے والوں

الْمُشْتَاقِیْنَ وَ اَدْنُوَ مِنْکَ دُنُوَّ الْمُخْلِصِیْنَ وَ اَخَافَکَ مَخَافَةَ الْمُوْقِنِیْنَ وَ اَجْتَمِعَ فِیْ

میں زیادہ شوق والا بن جاؤں تیرے خالص بندوں کی طرح تیرے قریب ہو جاؤں اہل یقین کی مانند تجھ سے ڈروں اور تیرے

جِوَارِکَ مَعَ الْمُؤْمِنِیْنَ اَللّٰھُمَّ وَ مَنْ اَرَادَنِیْ بِسُوْٓءٍ فَاَرِدْہُ وَ مَنْ کَادَنِیْ فَکِدْہُ وَاجْعَلْنِیْ مِنْ

آستاں پر مؤمنوں کے ساتھ حاضر رہوں اے معبود جو میرے لیے برائی کا ارادہ کرے تو اس کے لیے ایسا ہی کر جو میرے ساتھ مکر

اَحْسَنِ عَبِیْدِکَ نَصِیْبًا عِنْدَکَ وَ اَقْرَبِھِمْ مَنْزِلَۃً مِّنْکَ وَ اَخَصِّھِمْ زُلْفَۃً لَّدَیْکَ فَاِنَّہٗ لَا یُنَالُ

کرے تو اس کے ساتھ ایسا ہی کر مجھے اپنے ان بندوں میں قرار دے جو نصیب میں بہتر ہیں جو منزلت میں تیرے قریب ہیں جو

ذٰلِکَ اِلَّا بِفَضْلِکَ وَ جُدْلِیْ بِجُوْدِکَ وَاعْطِفْ عَلَیَّ بِمَجْدِکَ وَاحْفَظْنِیْ بِرَحْمَتِکَ

تیرے حضور تقرب میں مخصوص ہیں کیونکہ تیرے فضل کے بغیر یہ درجات نہیں مل سکتے بواسطہ اپنے کرم کے مجھ پر کرم کر بذریعہ اپنی

وَاجْعَلْ لِسَانِیْ بِذِکْرِکَ لَھِجًا وَّ قَلْبِیْ بِحُبِّکَ مُتَیَّمًا وَّ مُنَّ عَلَیَّ بِحُسْنِ اِجَابَتِکَ وَ اَقِلْنِیْ

بزرگی کے مجھ پر توجہ فرما بوجہ اپنی رحمت کے میری حفاظت کر میری زبان کو اپنے ذکر میں گویا فرما اور میرے دل کو اپنا اسیر محبت بنا

عَثْرَتِیْ وَاغْفِرْ زَلَّتِیْ فَاِنَّکَ قَضَیْتَ عَلٰی عِبَادِکَ بِعِبَادَتِکَ وَ اَمَرْتَھُمْ بِدُعَآئِکَ وَ ضَمِنْتَ

دے میری دعا بخوبی قبول کر کے مجھ پر احسان فرما میرا گناہ معاف کر دے اور میری خطا بخش دے کیونکہ تو نے بندوں پر عبادت

لَھُمُ الْاِجَابَۃَ فَاِلَیْکَ یَا رَبِّ نَصَبْتُ وَجْھِیْ وَ اِلَیْکَ یَا رَبِّ مَدَدْتُّ یَدِیْ فَبِعِزَّتِکَ

فرض کی انہیں دعا مانگنے کا حکم دیا اور قبولیت کی ضمانت دی ہے پس اے پروردگار میں اپنا رخ تیری طرف کر رہا ہوں اور تیرے

اسْتَجِبْ لِیْ دُعَآئِیْ وَ بَلِّغْنِیْ مُنَایَ وَلَا تَقْطَعْ مِنْ فَضْلِکَ رَجَآئِیْ وَاکْفِنِیْ شَرَّ الْجِنِّ

آگے ہاتھ پھیلا رہا ہوں تو اپنی عزت کے طفیل میری دعا قبول فرما میری تمنائیں بر لا اور اپنے فضل سے لگی میری امید نہ توڑ میرے

وَالْاِنْسِ مِنْ اَعْدَآئِیْ یَا سَرِیْعَ الرِّضَا اغْفِرْ لِمَنْ لَّا یَمْلِکُ اِلَّا الدُّعَآءَ فَاِنَّکَ فَعَّالٌ لِّمَا

دشمن جنوں اور انسانوں سے ہیں ان کے شر سے میری کفایت کر اے جلد راضی ہونے والے اسے بخش دے جو دعا کے سوا کچھ نہیں

تَشَآءُ یَا مَنِ اسْمُہٗ دَوَآءٌ وَّ ذِکْرُہٗ شِفَآءٌ وَّ طَاعَتُہٗ غِنًی اِرْحَمْ مَّنْ رَّاْسُ مَالِہِ الرَّجَآءُ وَ

رکھتا بے شک تو جو چاہے کرنے والا ہے اے وہ جس کا نام دوا جس کا ذکر شفا اور اطاعت تو نگری ہے رحم فرما اس پر جس کا سرمایہ محض

سِلَاحُہُ الْبُکَآءُ یَا سَابِغَ النِّعَمِ یَا دَافِعَ النِّقَمِ یَا نُوْرَ الْمُسْتَوْحِشِیْنَ فِی الظُّلَمِ یَا عَالِمًا لَّا

امید اور سامان گریہ ہے اے نعمتیں پوری کرنے والے اے سختیاں دور کرنے والے اے تاریکیوں میں ڈرنے والوں کیلئے نور اے

یُعَلَّمُ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّافْعَلْ بِیْ مَآ اَنْتَ اَھْلُہٗ وَلَا تَفْعَلْ بِیْ مَا اَنَا اَھْلُہٗ وَ

وہ عالم جسے پڑھایا نہیں گیا رحمت فرما محمدؐ و آل محمدؐ پر مجھ سے وہ سلوک کر جس کا تو اہل ہے اور وہ سلوک نہ کر جس کا میں اہل ہوں

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی رَسُوْلِہٖ وَالْاَئِمَّۃِ الْمَیَامِیْنَ مِنْ اٰلِہٖ وَ سَلَّمَ تَسْلِیْمًا۔

رحمت کرے خدا اپنے رسول پر اور بابرکت ائمہ پر جو ان کی آل سے ہیں اور بھیجے درود کثیر۔

(۲) **دعائے مشلول** :۔ یہ دعا بھی مشہور و معروف دعاؤں میں سے ایک ہے۔ اس کا پس منظر یہ ہے کہ ایک جوان آدمی اپنے والد کی نافرمانی اور اس کی بددعا کرنے کی وجہ سے شل ہو گیا۔ اس نے کسی طرح اپنے آپ کو مسجد الحرام میں پہنچایا اور خدا سے دعا و پکار کی۔ پس حضرت امیر علیہ السلام نے اسے اس حالت زار میں دیکھا تو ترس کھا کر فرمایا: آیا میں تجھے وہ دعا تعلیم نہ دوں جو حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے تعلیم دی ہے جس میں اسم اعظم موجود ہے جسے جو شخص پڑھتا ہے اس کی دعا قبول ہوتی ہے اور جو کچھ طلب کیا جائے وہ عطا ہوتا ہے اور اس کی برکت سے رنج و غم دور ہوتا ہے اور بیمار کو شفا ملتی ہے اور فقیر مالدار بن جاتا ہے قرضہ ادا ہوتا ہے اور نظر بد کا اثر زائل ہو جاتا ہے اور گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔ عیبوں پر پردہ پڑ جاتا ہے اور ہر انسی و جنی شیطان مرید اور جبار عنید کے شر سے پناہ حاصل ہوتی ہے۔ چنانچہ وہ جوان حضرت امیر علیہ السلام سے وہ دعا حاصل کر کے گھر گیا۔ اور اسے پڑھا۔ اس کا بیان ہے کہ میں نے خواب میں حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ وہ تشریف لائے ہیں اور میرے جسم پر اپنا مقدس ہاتھ پھیرا جس سے میں بالکل ٹھیک ہو گیا۔ (مج الدعوات، مصباح کفعمی، زاد المعاد، مفاتیح الجنان، کتاب الدعا والزیارہ وغیرہ)۔



وہ دعائے شریف یہ ہے:۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

خدا کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاِسْمِکَ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَ الْاِکْرَامِ یَا حَیُّ یَا

اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام پر بسم اللہ الرحمن الرحیم اے صاحب جلالت و بزرگی اے زندہ اے نگہبان اے زندہ نہیں کوئی

قَیُّوْمُ یَا حَیُّ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ یَا ھُوَ یَا مَنْ لَا یَعْلَمُ مَا ھُوَ وَلَا کَیْفَ ھُوَ وَلَآ اَیْنَ ھُوَ وَلَا

معبود سوائے تیرے اے وہ کہ جسے کوئی نہیں جانتا کہ وہ کیا ہے نہ یہ کہ وہ کیسا ہے نہ یہ کہ وہ کہاں ہے نہ یہ کہ وہ کیونکر ہے ہاں وہ خود ہی جانتا ہے

حَیْثُ ھُوَ اِلَّا ھُوَ یَا ذَا الْمُلْکِ وَ الْمَلَکُوْتِ یَا ذَا الْعِزَّۃِ وَ الْجَبَرُوْتِ یَا مَلِکُ یَا قُدُّوْسُ یَا

اے صاحب ملک و ملکوت اے صاحب عزت و اقتدار اے بادشاہ اے پاک اے سلامتی والے اے امن دینے والے اے پاسبان اے

سَلَامُ یَا مُؤْمِنُ یَا مُھَیْمِنُ یَا عَزِیْزُ یَا جَبَّارُ یَا مُتَکَبِّرُ یَا خَالِقُ یَا بَارِئُ یَا مُصَوِّرُ یَا مُفِیْدُ یَا

عزت والے اے زبردست اے بڑائی والے اے پیدا کرنے والے اے وجود دینے والے اے صورت بنانے والے اے فائدہ دینے والے

مُدَبِّرُ یَا شَدِیْدُ یَا مُبْدِئُ یَا مُعِیْدُ یَا مُبِیْدُ یَا وَدُوْدُ یَا مَحْمُوْدُ یَا مَعْبُوْدُ یَا بَعِیْدُ یَا قَرِیْبُ یَا

اے تدبیر والے اے محکم کام والے اے صاحب ایجاد اے مرجع خلق اے ظالم کو ہلاک کرنے والے اے محبت والے اے نیک صفات اے

مُجِیْبُ یَا رَقِیْبُ یَا حَسِیْبُ یَا بَدِیْعُ یَا رَفِیْعُ یَا مَنِیْعُ یَا سَمِیْعُ یَا عَلِیْمُ یَا حَلِیْمُ یَا کَرِیْمُ یَا

معبود اے بعید اے قریب اے دعا قبول کرنے والے اے نگہبان اے حساب کرنے والے اے ایجاد کرنے والے اے بلند مرتبہ اے عالی

حَکِیْمُ یَا قَدِیْمُ یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ یَا دَیَّانُ یَا مُسْتَعَانُ یَا جَلِیْلُ یَا جَمِیْلُ یَا

مقام اے سننے والے اے علم والے اے حلم والے اے مہربان اے حکمت والے اے موجود قدیم اے عالی شان اے بزرگی والے اے محبت

وَکِیْلُ یَا کَفِیْلُ یَا مُقِیْلُ یَا مُنِیْلُ یَا نَبِیْلُ یَا دَلِیْلُ یَا هَادِیُ یَا بَادِیُ یَآ اَوَّلُ یَآ اٰخِرُ یَا ظَاهِرُ

کرنے والے اے احسان کرنے والے اے جزا دینے والے اے مدد کرنے والے اے جلالت والے اے صاحب جمال اے کارساز اے

یَا بَاطِنُ یَا قَآئِمُ یَا دَآئِمُ یَا عَالِمُ یَا حَاکِمُ یَا قَاضِیُ یَا عَادِلُ یَا فَاصِلُ یَا وَاصِلُ یَا طَاهِرُ یَا

سرپرست اے معاف کرنے والے اے پہنچانے والے اے باعظمت اے رہنما اے رہبر اے ابتداء کرنے والے اے اول اے آخر اے

مُطَهِّرُ یَا قَادِرُ یَا مُقْتَدِرُ یَا کَبِیْرُ یَا مُتَکَبِّرُ یَا وَاحِدُ یَآ اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا مَنْ لَّمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ



ظاہر اے باطن اے استوار اے ہمیشہ رہنے والے اے علم والے اے صاحب حکم اے منصف اے عدل کرنے والے اے سب سے جدا اے

وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ وَّلَمْ یَکُنْ لَّهٗ صَاحِبَةٌ وَّلَا کَانَ مَعَهٗ وَزِیْرٌ وَّلَا اتَّخَذَ مَعَهٗ مُشِیْرًا

سب سے ملے ہوئے اے پاک اے پاک کرنے والے اے قدرت والے اے اقتدار والے اے بزرگ اے بزرگی والے اے یگانہ اے

وَّلَا احْتَاجَ اِلٰی ظَهِیْرٍ وَّلَا کَانَ مَعَهٗ مِنْ اِلٰهٍ غَیْرُهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ فَتَعَالَیْتَ عَمَّا یَقُوْلُ

یکتا اے بے نیاز اے وہ جو کسی کا باپ نہیں اور نہ کسی کا بیٹا ہے اور جس کا کوئی ہمسر نہیں ہے اور نہ ہی اس کی کوئی زوجہ ہے نہ اس کیلئے کوئی وزیر

الظّٰلِمُوْنَ عُلُوًّا کَبِیْرًا یَا عَلِیُّ یَا شَامِخُ یَا بَاذِخُ یَا فَتَّاحُ یَا نَفَّاحُ یَا مُرْتَاحُ یَا مُفَرِّجُ یَا

اور نہ اس نے اپنا کوئی مشیر بنایا نہ وہ کسی مددگار کی حاجت رکھتا ہے اور نہ اس کے ساتھ کوئی اور معبود ہے نہیں کوئی معبود سوائے تیرے پس بلند

نَاصِرُ یَا مُنْتَصِرُ یَا مُدْرِکُ یَا مُهْلِکُ یَا مُنْتَقِمُ یَا بَاعِثُ یَا وَارِثُ یَا طَالِبُ یَا غَالِبُ یَا مَنْ

ہے تو اس سے جو یہ ظالم کہا کرتے ہیں تو بلند و برتر ہے اے عالی شان اے بلند مرتبہ والے اے عالی مرتبہ اے کھولنے والے اے بخشنے والے

یَفُوْتُهٗ هَارِبٌ یَا تَوَّابُ یَا اَوَّابُ یَا وَهَّابُ یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ یَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ یَا مَنْ

اے ہوا کو چلانے والے اے راحت دینے والے اے مدد کرنے والے اے پہنچنے والے اے ہلاک کرنے والے اے بدلہ لینے والے اے

حَيْثُ مَا دُعِيَ اَجَابَ يَا طَهُوْرُ يَا شَكُوْرُ يَا عَفُوُّ يَا غَفُوْرُ يَا نُوْرَ النُّوْرِ يَا مُدَبِّرَ الْاُمُوْرِ يَا

اٹھانے والے اے ورثہ والے اے طالب اے غالب اے وہ جس سے بھاگنے والا بھاگ نہیں سکتا اے توبہ قبول کرنے والے اے پلٹنے

لَطِيْفُ يَا خَبِيْرُ يَا مُجِيْرُ يَا مُنِيْرُ يَا بَصِيْرُ يَا ظَهِيْرُ يَا كَبِيْرُ يَا وِتْرُ يَا فَرْدُ يَآ اَبَدُ يَا سَنَدُ يَا

والے اے بہت دینے والے اے اسباب مہیا کرنے والے اے دروازوں کے کھولنے والے اے وہ کہ جیسے بھی پکارا جائے دعا قبول کرتا ہے

صَمَدُ يَا كَافِيْ يَا شَافِيْ يَا وَافِيْ يَا مُعَافِيْ يَا مُحْسِنُ يَا مُجْمِلُ يَا مُنْعِمُ يَا مُفْضِلُ يَا

اے بہت پاکیزہ اے بہت شکر والے اے معاف کرنے والے اے بخشنے والے اے نور کے پیدا کرنے والے اے امور کی تدبیر کرنے والے

مُتَكَرِّمُ يَا مُتَفَرِّدُ يَا مَنْ عَلَا فَقَهَرَ يَا مَنْ مَلَكَ فَقَدَرَ يَا مَنْ بَطَنَ فَخَبَرَ يَا مَنْ عُبِدَ فَشَكَرَ يَا

اے مہربان اے خبردار اے پناہ دینے والے اے روشن کرنے والے اے بینا اے مددگار اے بزرگ اے یکتا اے تنہا اے ہمیشگی والے اے

مَنْ عُصِيَ فَغَفَرَ يَا مَنْ لَّا تَحْوِيْهِ الْفِكَرُ وَلَا يُدْرِكُهٗ بَصَرٌ وَّلَا يَخْفٰى عَلَيْهِ اَثَرٌ يَّا رَازِقَ

نگہبان اے بے نیاز اے کافی اے شفا دینے والے اے وفا کرنے والے اے معاف کرنے والے اے احسان کرنے والے اے نیکوکار اے

الْبَشَرِ يَا مُقَدِّرَ كُلِّ قَدَرٍ يَّا عَالِيَ الْمَكَانِ يَا شَدِيْدَ الْاَرْكَانِ يَا مُبَدِّلَ الزَّمَانِ يَا قَابِلَ

نعمت دینے والے اے بزرگوار اے بڑے مرتبے والے اے یگانگی والے اے وہ کہ بلندی کے ساتھ غالب ہے اے وہ کہ مالک ہے پھر قادر

الْقُرْبَانِ يَا ذَا الْمَنِّ وَ الْاِحْسَانِ يَا ذَا الْعِزَّةِ وَ السُّلْطَانِ يَا رَحِيْمُ يَا رَحْمٰنُ يَا مَنْ هُوَ كُلَّ

ہے اے وہ جو نہاں اور باخبر ہے اے وہ جو معبود ہے تو بدلہ دیتا ہے اے وہ جو کہ نافرمانی پر بخشتا ہے اے وہ جو فکر میں سما نہیں سکتا اور نگاہ اسے

يَوْمٍ فِيْ شَاْنٍ يَّا مَنْ لَّا يَشْغَلُهٗ شَاْنٌ عَنْ شَاْنٍ يَّا عَظِيْمَ الشَّاْنِ يَا مَنْ هُوَ بِكُلِّ مَكَانٍ يَّا

دیکھ نہیں پاتی اور کوئی نشان اس سے پوشیدہ نہیں ہے اے انسانوں کو رزق دینے والے اے ہر اندازہ کے مقرر کرنے والے اے بلند مرتبہ اے

سَامِعَ الْاَصْوَاتِ يَا مُجِيْبَ الدَّعَوَاتِ يَا مُنْجِحَ الطَّلِبَاتِ يَا قَاضِيَ الْحَاجَاتِ يَا مُنْزِلَ

محکم وسائل والے اے زمانے کو بدلنے والے اے قربانی قبول کرنے والے اے صاحب نعمت و احسان اے صاحب عزت اور راہ کی حکومت

الْبَرَكَاتِ يَا رَاحِمَ الْعَبَرَاتِ يَا مُقِيْلَ الْعَثَرَاتِ يَا كَاشِفَ الْكُرُبَاتِ يَا وَلِيَّ الْحَسَنَاتِ يَا

والے یا رحیم یا رحمن اے وہ کہ ہر روز جس کی نئی شان ہے اے وہ جسے ایک کام دوسرے کام سے غافل نہیں کرتا اے بڑے مقام والے اے وہ

رَافِعَ الدَّرَجَاتِ يَا مُؤْتِيَ السُّؤْلَاتِ يَا مُحْيِيَ الْاَمْوَاتِ يَا جَامِعَ الشَّتَاتِ يَا مُطَّلِعًا عَلٰى

جو ہر جگہ موجود ہے اے آوازوں کے سننے والے اے دعائیں قبول کرنے والے اے مرادیں بر لانے والے اے حاجات پوری کرنے والے

الْبَنِيَّاتِ يَا رَآدَّ مَا قَدْ فَاتَ يَا مَنْ لَا تَشْتَبِهُ عَلَيْهِ الْاَصْوَاتُ يَا مَنْ لَا تُضْجِرُهُ الْمَسْئَلاتُ

اے برکتیں نازل کرنے والے اے آنسوؤں پر رحم کھانے والے اے گناہوں کے معاف کرنے والے اے سختیاں دور کرنے والے اے

وَلَا تَغْشَاهُ الظُّلُمَاتُ يَا نُوْرَ الْاَرْضِ وَ السَّمٰوٰتِ يَا سَابِغَ النِّعَمِ يَا دَافِعَ النِّقَمِ يَا بَارِئَ

نیکیوں کو پسند کرنے والے اے مرتبے بلند کرنے والے اے مطالبے پورے کرنے والے اے مردوں کو زندہ کرنے والے اے بکھروں کو اکٹھا

النَّسَمِ يَا جَامِعَ الْاُمَمِ يَا شَافِيَ السَّقَمِ يَا خَالِقَ النُّوْرِ وَ الظُّلَمِ يَا ذَا الْجُوْدِ وَ الْكَرَمِ يَا مَنْ

کرنے والے اے نیتوں کی خبر رکھنے والے اے کھوئی ہوئی چیزیں دینے والے اے وہ جس پر آوازیں مشتبہ نہیں ہوتیں اے وہ جسے کثرت

لَا يَطَأُ عَرْشَهُ قَدَمٌ يَآ اَجْوَدَ الْاَجْوَدِيْنَ يَآ اَكْرَمَ الْاَكْرَمِيْنَ يَآ اَسْمَعَ السَّامِعِيْنَ يَآ اَبْصَرَ

سوال سے تنگی نہیں ہوتی اور تاریکیاں اسے گھیرتی نہیں ہیں اے آسمانوں اور زمین کی روشنی اے نعمتوں کے پورا کرنے والے اے بلائیں

النَّاظِرِيْنَ يَا جَارَ الْمُسْتَجِيْرِيْنَ يَا اَمَانَ الْخَائِفِيْنَ يَا ظَهْرَ اللَّاجِيْنَ يَا وَلِيَّ الْمُؤْمِنِيْنَ يَا

ٹالنے والے اے جانداروں کو پیدا کرنے والے اے امتوں کو جمع کرنے والے اے بیماروں کو شفا دینے والے اے روشنی و تاریکی کے پیدا

غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ يَا غَايَةَ الطَّالِبِيْنَ يَا صَاحِبَ كُلِّ غَرِيْبٍ يَا مُوْنِسَ كُلِّ وَحِيْدٍ يَا مَلْجَاَ



کرنے والے اے صاحب جود و کرم اے وہ جس کے عرش پر کسی کا قدم نہیں آیا اے سب سخیوں سے بڑے سخی اے سب بزرگی والوں سے

كُلِّ طَرِيْدٍ يَا مَاْوٰى كُلِّ شَرِيْدٍ يَا حَافِظَ كُلِّ ضَآلَّةٍ يَا رَاحِمَ الشَّيْخِ الْكَبِيْرِ يَا رَازِقَ

زیادہ بزرگ اے سننے والوں میں زیادہ سننے والے اے دیکھنے والوں میں زیادہ دیکھنے والے اے پناہ گزینوں کی پناہ گاہ اے ڈرے ہوؤں کی

الطِّفْلِ الصَّغِيْرِ يَا جَابِرَ الْعَظْمِ الْكَسِيْرِ يَا فَاكَّ كُلِّ اَسِيْرٍ يَا مُغْنِيَ الْبَآئِسِ الْفَقِيْرِ يَا

جائے امن اے پناہ چاہنے والوں کی جائے پناہ اے مومنوں کے سرپرست اے فریادیوں کے فریادرس اے طلبگاروں کی امید اے ہر سفر

عِصْمَةَ الْخَآئِفِ الْمُسْتَجِيْرِ يَا مَنْ لَهُ التَّدْبِيْرُ وَ التَّقْدِيْرُ يَا مَنِ الْعَسِيْرُ عَلَيْهِ سَهْلٌ يَسِيْرٌ يَا

کرنے والے کے ساتھی اے ہر اکیلے کے ہمنشیں اے ہر نکالے گئے کی جائے پناہ اے بے ٹھکانوں کی قرارگاہ اے ہر گمشدہ کے نگہبان اے

مَنْ لَا يَحْتَاجُ اِلٰى تَفْسِيْرٍ يَا مَنْ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ يَا مَنْ هُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ خَبِيْرٌ يَا مَنْ

بڑے بوڑھے پر رحم کرنے والے اے ننھے بچے کو روزی دینے والے اے ٹوٹی ہڈی کو جوڑ دینے والے اے ہر قیدی کو رہائی دینے والے اے

هُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ بَصِيْرٌ يَا مُرْسِلَ الرِّيَاحِ يَا فَالِقَ الْاِصْبَاحِ يَا بَاعِثَ الْاَرْوَاحِ يَا ذَا الْجُوْدِ وَ

بے چارہ مفلس کو غنی بنانے والے اے خائف پناہ گزین کی جائے قرار اے وہ جو تدبیر اور تقدیر کا مالک ہے اے وہ جس کیلئے ہر مشکل کام

السَّمَاحِ ، يَا مَنْ بِيَدِهٖ كُلُّ مِفْتَاحٍ يَا سَامِعَ كُلِّ صَوْتٍ يَا سَابِقَ كُلِّ فَوْتٍ يَا مُحْيِيَ كُلِّ

آسمان او رہلکا ہے اے وہ جو تفسیر کا محتاج نہیں اے وہ جو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے اے وہ جو ہر چیز سے واقف ہے اے وہ جو ہر چیز کو دیکھتا ہے

نَفْسٍ ، بَعْدَ الْمَوْتِ يَا عُدَّتِيْ فِيْ شِدَّتِيْ يَا حَافِظِيْ فِيْ غُرْبَتِيْ يَا مُوْنِسِيْ فِيْ وَحْدَتِيْ يَا

اے ہواؤں کو چلانے والے اے صبح کی پو کھولنے والے اے روحوں کو بھیجنے والے اے عطا و سخاوت والے اے وہ جس کے ہاتھ میں سب

وَلِيِّ فِيْ نِعْمَتِيْ يَا كَهْفِيْ حِيْنَ تُعْيِيْنِي الْمَذَاهِبُ وَ تُسَلِّمُنِي الْاَقَارِبُ وَ يَخْذُلُنِيْ كُلُّ

کلیدیں ہیں اے سب آوازوں کو سننے والے اے ہر گزرے ہوئے سے پہلے اے زندہ کرنے والے سب نفسوں کے ان کی موت کے بعد

صَاحِبٍ يَا عِمَادَ مَنْ لَّا عِمَادَ لَهٗ يَا سَنَدَ مَنْ لَّا سَنَدَ لَهٗ يَا ذُخْرَ مَنْ لَّا ذُخْرَ لَهٗ يَا حِرْزَ مَنْ

اے سختیوں میں میری پناہ اے سفر میں میرے محافظ اے میری تنہائی کے ہمدم اے میری نعمتوں کے مالک اے میری پناہ جب مجھ پر راہیں بند

لَّا حِرْزَ لَهٗ يَا كَهْفَ مَنْ لَّا كَهْفَ لَهٗ يَا كَنْزَ مَنْ لَّا كَنْزَ لَهٗ يَا رُكْنَ مَنْ لَّا رُكْنَ لَهٗ يَا غِيَاثَ

ہو جائیں رشتہ دار مجھے دور کر دیں اور احباب مجھے چھوڑ جائیں اے اس کے سہارے جس کا کوئی سہارا نہیں اے اس کی سند جس کی کوئی سند

مَنْ لَّا غِيَاثَ لَهٗ يَا جَارَ مَنْ لَّا جَارَ لَهٗ يَا جَارِيَ اللَّصِيْقَ يَا رُكْنِيَ الْوَثِيْقَ يَآ اِلٰهِيْ بِالتَّحْقِيْقِ



نہیں اے اس کے ذخیرے جس کا کوئی ذخیرہ نہیں اے اس کی پناہ جس کی کوئی پناہ نہیں اے اس کی امان جس کیلئے امان نہیں اے اس کے

يَا رَبَّ الْبَيْتِ الْعَتِيْقِ يَا شَفِيْقُ يَا رَفِيْقُ فُكَّنِيْ مِنْ حَلَقِ الْمَضِيْقِ وَاصْرِفْ عَنِّيْ كُلَّ هَمٍّ وَّ

خزانے جس کا کوئی خزانہ نہیں اے اس کی ٹیک جس کی کوئی ٹیک نہیں اے اس کے فریاد رس جس کا کوئی فریاد رس نہیں اے اس کے ہمسایہ جس کا

غَمٍّ وَّ ضِيْقٍ وَّ اكْفِنِيْ شَرَّ مَا لَآ اُطِيْقُ وَ اَعِنِّيْ عَلٰى مَآ اُطِيْقُ يَا رَآدَّ يُوْسُفَ عَلٰى يَعْقُوْبَ

کوئی ہمسایہ نہیں اے میرے ہمسایہ جو نزدیک تر ہے اے میری مضبوط ترین ٹیک اے میرے حقیقی معبود اے خانۂ کعبہ کے پروردگار اے

يَا كَاشِفَ ضُرِّ اَيُّوْبَ يَا غَافِرَ ذَنْبِ دَاوٗدَ يَا رَافِعَ عِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ وَ مُنْجِيَهٗ مِنْ اَيْدِي

مہربان اے دوست مجھے تنگ گھیرے سے آزاد کر دے مجھ سے ہر غم و اندیشہ اور تنگی دور فرما دے مجھے اس شر سے بچا جو میری طاقت سے زیادہ

الْيَهُوْدِ يَا مُجِيْبَ نِدَآءِ يُوْنُسَ فِي الظُّلُمَاتِ يَا مُصْطَفِيَ مُوْسٰى بِالْكَلِمَاتِ يَا مَنْ غَفَرَ

ہے اور اس میں مدد دے جو میں سہہ سکتا ہوں اے وہ جس نے یعقوبؑ کو یوسفؑ واپس دلایا اے ایوبؑ کا دکھ دور کرنے والے اے داؤدؑ کی

لِاٰدَمَ خَطِيْٓئَتَهٗ وَ رَفَعَ اِدْرِيْسَ مَكَانًا عَلِيًّا ، بِرَحْمَتِهٖ يَا مَنْ نَّجّٰى نُوْحًا مِّنَ الْغَرَقِ يَا مَنْ

خطا معاف کرنے والے اے عیسیٰ بن مریمؑ کو آسمان پر اٹھانے والے اور انہیں یہودیوں کے چنگل سے چھڑانے والے اے تاریکیوں میں

اَهْلَکَ عَادَ الْاُوْلٰی وَ ثَمُوْدَ فَمَآ اَبْقٰی وَ قَوْمَ نُوْحٍ مِّنْ قَبْلُ اِنَّهُمْ کَانُوْا هُمْ اَظْلَمَ وَ اَطْغٰی

یونسؑ کی فریاد کو پہنچنے والے اے موسیٰ کو اپنے کلام کیلئے منتخب کرنے والے اے آدمؑ کے ترک اولیٰ کو معاف کرنے والے اور ادریسؑ کو اپنی

وَ الْمُؤْتَفِکَةَ اَهْوٰی یَا مَنْ دَمَّرَ عَلٰی قَوْمِ لُوْطٍ وَّ دَمْدَمَ عَلٰی قَوْمِ شُعَیْبٍ یَّا مَنِ اتَّخَذَ

رحمت سے بلند مقام پر لے جانے والے اے نوحؑ کو ڈوبنے سے بچانے والے اے وہ جس نے عاد اولیٰ اور ثمود کو ہلاک کیا کہ کسی کو باقی نہ

اِبْرَاهِیْمَ خَلِیْلاً یَّا مَنِ اتَّخَذَ مُوْسٰی کَلِیْمًا وَّاتَّخَذَ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ اٰلِهٖ وَ عَلَیْهِمْ

چھوڑا اور ان سے پہلے قوم نوح کو ہلاک کیا کہ جو بڑے ظالم سرکش اور دین میں افتراء کرنے والے تھے اے وہ جس نے قوم لوط کی بستیوں کو

اَجْمَعِیْنَ حَبِیْبًا یَّا مُؤْتِیَ لُقْمَانَ الْحِکْمَةَ وَ الْوَاهِبَ لِسُلَیْمَانَ مُلْکًا لَّا یَنْبَغِیْ لِاَحَدٍ مِّنْ

الٹ دی اور قوم شعیب پر عذاب کا بادل بھیجا تھا اے وہ جس نے ابراہیمؑ کو اپنا خلیل بنایا اے وہ جس نے موسیٰ کو اپنا کلیم بنایا اور محمدؐ کو اپنا

وَ الرَّحْمَةِ وَعَلٰى مَشَايِخِنَا بِالْوَقَارِ وَالسَّكِيْنَةِ وَعَلَى الشَّبَابِ بِالْاِنَابَةِ وَالتَّوْبَةِ وَ عَلَى

مرحومین پر مہربانی و رحمت فرما ہمارے بوڑھوں کو ٹھہراؤ اور تسلی عطا کر اور ہمارے جوانوں کو توبہ استغفار کی توفیق

النِّسَآءِ بِالْحَيَآءِ وَالْعِفَّةِ وَعَلَى الْاَغْنِيَآءِ بِالتَّوَاضُعِ وَالسَّعَةِ وَعَلَى الْفُقَرَآءِ بِالصَّبْرِ

دے اور عورتوں کو حیا اور پاکدامنی عنایت فرما ہمارے تونگروں کو فروتنی اور سخاوت عطا کر دے اور مفلسوں کو

وَالْقَنَاعَةِ وَعَلَى الْغُزَاةِ بِالنَّصْرِ وَالْغَلَبَةِ وَعَلَى الْاُسَرَآءِ بِالْخَلَاصِ وَالرَّاحَةِ وَعَلَى



صبر و قناعت بخش دے غازیوں کو مدد اور غلبہ دے قیدیوں کو رہائی اور آرام دے حاکموں کو انصاف اور نرمی کی

الْاُمَرَآءِ بِالْعَدْلِ وَالشَّفَقَةِ وَعَلَى الرَّعِيَّةِ بِالْاِنْصَافِ وَ حُسْنِ السِّيْرَةِ وَ بَارِكْ لِلْحُجَّاجِ وَ

توفیق دے اور عوام کی حق شناسی اور نیک کردار بنا دے حاجیوں اور زائروں کے زاد راہ اور خرچ میں برکت

الزُّوَّارِ فِى الزَّادِ وَ النَّفَقَةِ وَاقْضِ مَآ اَوْجَبْتَ عَلَيْهِمْ مِنَ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ بِفَضْلِكَ وَ

دے اور ان پر جو حج اور عمرہ تو نے واجب کیا ہے وہ اچھی طرح ادا کرا دے اپنے فضل سے اور اپنی رحمت سے

رَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

نیز یہ دعا بھی انہی حضرت علیہ السلام سے مروی ہے۔(مجمع الدعوات)

## دعاءِ حضرت حجت علیہ السلام

اِلٰهِىْ بِحَقِّ مَنْ نَاجَاكَ وَ بِحَقِّ مَنْ دَعَاكَ فِى الْبَرِّ وَ الْبَحْرِ تَفَضَّلْ عَلٰى فُقَرَآءِ الْمُؤْمِنِيْنَ

میرے معبود اس کا واسطہ جو تجھ سے راز کہتا ہے اور اس کا واسطہ جو تجھے صحرا و دریا میں پکارتا ہے کہ مفلس مومنین و

**اَلْمُؤْمِنَاتِ بِالْغِنٰی وَ الثَّرْوَةِ وَ عَلٰی مَرْضَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَ الْمُؤْمِنَاتِ بِالشِّفَاءِ وَ الصِّحَّةِ وَ**

مؤمنات کو مال وثروت عطا کر کے خوشحال وخورسند کردے مؤمن مردوں اور مؤمن عورتوں میں بیماروں کو صحت و

**عَلٰی اَحْیَاءِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَ الْمُؤْمِنَاتِ بِاللُّطْفِ وَ الْکَرَمِ وَ عَلٰی اَمْوَاتِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَ**

تندرستی عطا فرما زندہ مؤمن مردوں اور مؤمن عورتوں پر اپنا لطف وکرم ارزانی فرما اور مرحوم مؤمن مردوں اور

**الْمُؤْمِنَاتِ بِالْمَغْفِرَةِ وَ الرَّحْمَةِ وَ عَلٰی غُرَبَاءِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَ الْمُؤْمِنَاتِ بِالرَّدِّ اِلٰی**

مؤمن عورتوں پر بخشش اور مہربانی فرمادے اور مسافر مؤمن مردوں اور عورتوں کو صحت سلامتی اور مال کے ساتھ اپنے

**اَوْطَانِهِمْ سَالِمِیْنَ غَانِمِیْنَ بِمُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ اَجْمَعِیْنَ.**

گھروں میں پہنچادے تجھے واسطہ ہے محمدؐ اور ان کی آل پاک کا۔

## (۱۱) دعائے خاتمہ بالخیر:۔

حدیث میں وارد ہے کہ﴿الامور بالخواتیم﴾ یعنی ع

کام وہ اچھا ہے جس کا کہ انجام اچھا ہے



لہٰذا ایک بندۂ مؤمن کو اپنے خاتمہ بالخیر ہونے کی فکر سے غافل نہیں ہونا چاہئے اور اس مقصد جلیل کے حاصل کرنے کے لیے دوسرے امور کے علاوہ اس دعا کا پڑھنا بھی بہت مفید ہے جو کہ اس معاملہ کے بارے میں صحیفۂ کاملہ میں مذکور ہے جو یہ ہے:

**یَا مَنْ ذِکْرُهٗ شَرَفٌ لِلذَّاکِرِیْنَ وَیَا مَنْ شُکْرُهٗ فَوْزٌ لِلشَّاکِرِیْنَ وَیَا مَنْ طَاعَتُهٗ نَجَاةٌ**

اے وہ ذات! جس کی یاد، یاد کرنے والوں کیلئے سرمایۂ عزت، اے وہ جس کا شکر، شکرگزاروں کیلئے وجۂ کامرانی، اے وہ جس کی

**لِلْمُطِیْعِیْنَ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَ اشْغَلْ قُلُوْبَنَا بِذِکْرِکَ عَنْ کُلِّ ذِکْرٍ وَ اَلْسِنَتَنَا**

فرمانبرداری فرمانبرداروں کیلئے ذریعۂ نجات ہے۔ رحمت نازل فرما محمدؐ اور ان کی آل پر اور ہمارے دلوں کو اپنی یاد میں اور ہماری زبانوں کو

**بِشُکْرِکَ عَنْ کُلِّ شُکْرٍ وَ جَوَارِحَنَا بِطَاعَتِکَ عَنْ کُلِّ طَاعَةٍ فَاِنْ قَدَّرْتَ لَنَا فَرَاغًا مِّنْ**

اپنے شکریہ میں اور ہمارے اعضا کو اپنی فرمانبرداری میں مصروف رکھ کر ہر یاد، ہر شکریہ اور ہر فرمانبرداری سے بے نیاز کردے اور اگر تو نے

**شُغْلٍ فَاجْعَلْهُ فَرَاغَ سَلَامَةٍ لَا تُدْرِکُنَا فِیْهِ تَبِعَةٌ وَلَا تَلْحَقُنَا فِیْهِ سَاٰمَةٌ حَتّٰی یَنْصَرِفَ عَنَّا**

ہماری مصروفیتوں میں کوئی فراغت کا لمحہ رکھا ہے تو اسے سلامتی سے ہمکنار کر، اس طرح کہ نتیجہ میں کوئی گناہ دامن گیر نہ ہو اور نہ خستگی رونما ہو

كُتَّابُ السَّيِّئَاتِ بِصَحِيفَةٍ خَالِيَةٍ مِنْ ذِكْرِ سَيِّاٰتِنَا وَ يَتَوَلّٰى كُتَّابُ الْحَسَنَاتِ عَنَّا

تا کہ برائیوں کو لکھنے والے فرشتے اس طرح پلٹیں کہ نامۂ اعمال ہماری برائیوں کے ذکر سے خالی ہو اور نیکیوں کو لکھنے والے فرشتے ہماری

مَسْرُوْرِيْنَ بِمَا كَتَبُوْا مِنْ حَسَنَاتِنَا وَ اِذَا انْقَضَتْ اَيَّامُ حَيٰوتِنَا وَ تَصَرَّمَتْ مُدَدُ اَعْمَارِنَا وَ

نیکیوں کو لکھ کر مسرور و شاداں واپس ہوں اور جب ہماری زندگی کے دن بیت جائیں اور سلسلۂ حیات قطع ہو جائے اور تیری بارگاہ میں حاضر

اسْتَحْضَرَتْنَا دَعْوَتُكَ الَّتِيْ لَا بُدَّ مِنْهَا وَ مِنْ اِجَابَتِهَا فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَ اٰلِهٖ وَ اجْعَلْ

ہونے کا بلاوا آئے جسے بہر حال آنا اور جس پر بہر صورت لبیک کہنا ہے تو محمدؐ اور ان کی آلؑ پر رحمت نازل فرما اور ہمارے کاتبانِ اعمال

خِتَامَ مَا تُحْصِيْ عَلَيْنَا كَتَبَةُ اَعْمَالِنَا تَوْبَةً مَقْبُوْلَةً لَا تُوْقِفُنَا بَعْدَهَا عَلٰى ذَنْبٍ اجْتَرَحْنَاهُ

ہمارے جن اعمال کا شمار کریں ان میں آخری عمل مقبول توبہ کو قرار دے کہ اس کے بعد ہمارے ان گناہوں اور ہماری ان معصیتوں پر جن

وَلَا مَعْصِيَةٍ اقْتَرَفْنَا وَلَا تَكْشِفْ عَنَّا سِتْرًا سَتَرْتَهٗ عَلٰى رُؤُوْسِ الْاَشْهَادِ يَوْمَ تَبْلُوْ اَخْبَارَ

کے ہم مرتکب ہوئے ہیں سرزنش نہ کرے اور جب اپنے بندوں کے حالات جانچے تو اس پردہ کو جو تو نے ہمارے گناہوں پر ڈالا ہے سب

عِبَادِكَ اِنَّكَ رَحِيْمٌ بِمَنْ دَعَاكَ وَ مُسْتَجِيْبٌ لِمَنْ نَادَاكَ.



کے روبرو چاک نہ کرے۔ بے شک جو تجھے بلائے تو اس پر مہربانی کرتا ہے اور جو تجھے پکارے تو اس کی سنتا ہے۔

(۱۲) دعائے سید الشہداء علیہ السلام جو آپ علیہ السلام نے روزِ عاشوراء پڑھی تھی اور حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کو اس وقت تعلیم دی تھی جبکہ آپ کے بدن سے خون بہہ رہا تھا۔ آپ علیہ السلام نے امام علیہ السلام کو سینہ سے لگا کر یہ دعا تعلیم دی جو اہم حاجات اور سخت مصائب و شدائد کے وقت پڑھی جاتی ہے:

بِحَقِّ يٰسٓ وَ الْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ وَ بِحَقِّ طٰهٰ وَ الْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ يَا مَنْ يَّقْدِرُ عَلٰى حَوَآئِجِ

واسطہ دیتا ہوں یٰس والقرآن الحکیم کا اور واسطہ دیتا ہوں طٰہٰ والقرآن العظیم کا اے وہ جو سوال کرنے والوں کی حاجتوں

السَّآئِلِيْنَ يَا مَنْ يَّعْلَمُ مَا فِي الضَّمِيْرِ يَا مُنَفِّسًا عَنِ الْمَكْرُوْبِيْنَ يَا مُفَرِّجًا عَنِ الْمَغْمُوْمِيْنَ

پر قادر ہے اے وہ کہ دلوں کی باتیں جانتا ہے دکھیاروں کے دکھ دور کرتا ہے اور غم زدوں کے

يَا رَاحِمَ الشَّيْخِ الْكَبِيْرِ يَا رَازِقَ الطِّفْلِ الصَّغِيْرِ يَا مَنْ لَّا يَحْتَاجُ اِلَى

غم مٹاتا ہے اے بوڑھے پر رحم کرنے والے اے چھوٹے بچے کو روزی دینے والے اے وہ جسے شرح بیان کی

## باب ہفتم

# چند مستحبی نمازوں کا بیان

مستحبی نمازیں بہت زیادہ ہیں جن میں ہم بڑے اختصار کے ساتھ چند مختلف قسم کی نمازوں کا تذکرہ کرتے ہیں تا کہ یہ کتاب ان کے تذکرہ کی سعادت سے محروم نہ رہ جائے۔

## ۱۔ نوافل یومیہ



نماز پنجگانہ کے نوافل جن کی تعداد چونتیس رکعت ہے بایں ترتیب نماز صبح کی دو، ظہر کی آٹھ، عصر کی آٹھ، مغرب کی چار اور عشاء کی بیٹھ کر دو رکعت جو کہ شمار ایک ہوتی ہے ان کی بجا آوری کی بالخصوص صبح اور مغرب کے نوافل کی بہت تاکید وارد ہوئی ہے۔

## ۲۔ نماز تہجد

دراصل نماز تہجد آٹھ رکعت ہے اور دو رکعت نماز شفع اور ایک رکعت نماز وتر ان گیارہ رکعتوں کو مجازاً نماز تہجد یا نماز شب کہہ دیا جاتا ہے سفر و حضر ہر حال میں اس نماز کے پڑھنے کی ارشادات معصومین علیہم السلام میں بڑی تاکید وارد ہوئی ہے۔ نماز پنجگانہ اس کے مقررہ نوافل اور اس نماز شب کے ملانے سے شب و روز میں اکیاون (۵۱) رکعت بنتی ہیں جن کا پڑھنا مؤمن کی علامات میں سے ہے۔ واللہ الموفق

## ۳۔ نوافل ماہ رمضان

ماہ رمضان المبارک میں ایک ہزار رکعت نوافل پڑھنا مستحب ہیں۔ قول مشہور منصور کی بناء پر ان کے پڑھنے کی ترتیب یہ ہے کہ یکم ماہ رمضان سے لے کر بیس تک ہر رات بیس رکعت بایں ترتیب کہ آٹھ رکعت نماز

مغرب کے بعد اور بارہ رکعت نماز عشاء کے بعد اور اکیس سے لے کر تیس تک ہر رات تیس رکعت نماز مغرب کے بعد بدستور سابق آٹھ رکعت اور عشاء کے بعد بائیس رکعت۔ یہ کل سات سو رکعتیں ہو گئیں۔ علاوہ بریں انیس، اکیس اور تیئس کی رات کو ایک ایک سو رکعت، یہ ہو گئیں مکمل ایک ہزار رکعت۔ اس سے ثابت ہو گیا کہ ہمارے ہاں ماہ رمضان المبارک کے نوافل کی تعداد برادران اسلامی سے زیادہ ہے فرق صرف یہ ہے کہ ہم جماعت کے ساتھ نہیں پڑھتے۔ کیونکہ یہ بدعت ہے۔ **و کل بدعة ضلالة و کل ضلالة سبیلها الی النار۔** (متفق بین الفرقین)

اسلامی برادری کے خلیفۂ ثانی کو اس نماز تراویح کے بدعت ہونے کا خود اعتراف ہے۔ (ملاحظہ ہو: بخاری ا/ص ۲۳۶، طبع دہلی، ﴿**نعمت البدعة هذه**﴾)

## ۴۔ نماز اول ہر ماہ

ہر مہینہ کی پہلی تاریخ کو بایں طریق دو رکعت نماز پڑھنا مستحب ہے کہ پہلی رکعت میں الحمد کے بعد سورۂ قل ھو اللہ تیس بار اور دوسری رکعت میں الحمد کے بعد سورہ انا انزلنا تیس بار پھر نماز کے بعد حسب توفیق کچھ صدقہ دیے دیا جائے۔ روایت میں وارد ہے کہ جو شخص ایسا کرے گویا اس نے اس مہینہ کی سلامتی خرید لی ہے۔

نیز اس نماز کے بعد درج ذیل دس آیات کا پڑھنا مستحب ہے:

**بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا وَ يَعْلَمُ**

| خدا کے نام سے شروع جو رحمن و رحیم ہے اور نہیں زمین میں حرکت کرنے والی کوئی چیز مگر یہ کہ اس کی روزی خدا کے ذمہ ہے وہ اس کی |
|---|

**مُسْتَقَرَّهَا وَ مُسْتَوْدَعَهَا كُلٌّ فِيْ كِتَابٍ مُّبِيْنٍ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَ اِنْ**

| قیام گاہ اور مقام حرکت کو جانتا ہے یہ سب کچھ واضح کتاب میں درج ہے خدا کے نام سے شروع جو رحمان و رحیم ہے اور اگر |
|---|

**يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗ اِلَّا هُوَ وَ اِنْ يُّرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِهٖ يُصِيْبُ**

| خدا کسی وجہ سے تجھے کوئی نقصان پہنچائے تو سوائے اس کے کوئی اسے دور نہیں کر سکتا اور اگر وہ تیری بھلائی کا ارادہ کرے تو اس کے |
|---|

**بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ وَ اِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلٰى كُلِّ**

| فضل کو روک نہیں سکتا وہ اپنے بندوں میں جسے چاہے نوازتا ہے اور وہ ہے بڑا معاف |
|---|

شَیْءٍ قَدِیْرٌ ○ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ سَیَجْعَلُ اللّٰهُ بَعْدَ عُسْرٍ یُسْرًا مَاشَآءَ اللّٰهُ

کرنے والا مہربان خدا کے نام سے شروع جو رحمٰن و رحیم ہے بہت جلد خدا تنگی کے بعد آسانی عطا کرے گا جو اللہ چاہے گا وہ ہوگا

لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَکِیْلُ وَ اُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ

نہیں کوئی قوت سوائے اللہ کے کافی ہے ہمارے لیے اللہ اور وہ بہترین کارساز ہے اور میں اپنا ہر کام خدا کے سپرد کرتا ہوں بے شک خدا اپنے

لَا اِلٰـهَ اِلَّا اَنْـتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظَّالِمِیْنَ رَبِّ اِنِّیْ لِمَا اَنْزَلْتَ اِلَیَّ

بندوں کو خوب جانتا ہے نہیں کوئی معبود سوائے تیرے تُو پاک تر ہے بے شک میں ہی قصور وار تھا اے پروردگار تُو مجھ کو جو بھی نعمت عطا کرے گا

مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَ اَنْتَ خَیْرُ الْوَارِثِیْنَ.

میں اس کی حاجت رکھتا ہوں میرے رب مجھ کو اکیلا نہ چھوڑ اور بہترین وارث تو ہی ہے۔

## ۵۔ نمازِ غفیلہ

دو رکعت نمازِ غفیلہ جو نمازِ مغرب اور عشاء کے درمیان پڑھی جاتی ہے۔اس کو غفیلہ اس لئے کہا جاتا ہے کہ عام لوگ اس کے پڑھنے میں غفلت کرتے ہیں حالانکہ اس کی بڑی فضیلت مروی ہے۔پہلی رکعت میں الحمد کے بعد یہ آیات پڑھے: ﴿وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَیْهِ فَنَادٰی فِی الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ○ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَ نَجَّیْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَ کَذٰلِکَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ﴾ اور دوسری رکعت میں الحمد کے بعد یہ آیات پڑھے: ﴿وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَیْبِ لَا یَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ وَ یَعْلَمُ مَا فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا یَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِیْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا یَابِسٍ اِلَّا فِیْ کِتَابٍ مُّبِیْنٍ﴾۔اس کے بعد دعائے قنوت کے لیے ہاتھ اٹھائے اور یہ دعا پڑھے: ﴿اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِمَفَاتِحِ الْغَیْبِ الَّتِیْ لَا یَعْلَمُهَآ اِلَّآ اَنْتَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ اَنْ تَفْعَلَ بِیْ کَذَا وَ کَذَا﴾ (کذا و کذا کی جگہ اپنی حاجات ذکر کرے) بعد ازاں پڑھے: ﴿اَللّٰهُمَّ اَنْتَ وَلِیُّ نِعْمَتِیْ وَ الْقَادِرُ عَلٰی طَلِبَتِیْ تَعْلَمُ حَاجَتِیْ وَ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ عَلَیْهِ وَ عَلَیْهِمُ السَّلَامُ لَمَّا قَضَیْتَهَا لِیْ﴾ (یہاں پھر اپنی حاجات بیان کرے جو پوری ہوں گی۔انشاء اللہ۔

## ۶۔ نماز ہدیہ میت

نماز ہدیہ میت جو نماز وحشت القبر کے نام سے مشہور ہے اگر چہ یہ نماز بطریق ائمہ اطہارؑ مروی نہیں ہے۔اس لئے بعض فقہاء عظام نے اس کے جواز میں اشکال کیا ہے لیکن چونکہ حضرت رسول خداؐ کی طرف منسوب ہے اس لئے احادیث ''من بلغ'' کے پیش نظر بہ رجاء مطلوبیت اسکے پڑھنے میں بظاہر کوئی اشکال نہیں ہے۔ واللہ العالم۔اس نماز کو شیخ کفعمی نے مصباح میں کتاب موجز شیخ ابن فہد حلی سے نقل کیا ہے انہوں نے مرسلاً حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کی ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا۔میت پر قبر کی پہلی رات سے بڑھ کر کوئی سخت وقت نہیں آتا۔اس لئے اس رات صدقہ وخیرات دے کر اپنے مرنے والوں پر رحم کرو اور اگر صدقہ نہ دے سکو تو پھر تم میں سے کوئی شخص بایں طور دو رکعت نماز پڑھے پہلی رکعت میں حمد کے بعد آیت الکرسی ایک بار اور دوسری رکعت میں سورہ حمد کے بعد سورہ انا انزلنا دس بار اور سلام کے بعد کہے: ﴿اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ ابْعَثْ ثَوَابَھَا اِلٰی قَبْرِ فُلَانٍ﴾ (یہاں میت کا نام لے) یہ عمل کرتے ہی خداوند عالم ایک ہزار فرشتوں کو ایک ہزار حلہ دے کر مرنے والے کے پاس بھیجتا ہے اور اس کی قبر کو کشادہ کردیتا ہے جیسا کہ اس روایت کے الفاظ سے ظاہر ہے کہ یہ نماز صدقہ نہ دے سکنے کی صورت میں وارد ہے اس لئے بہتر یہ ہے کہ اگر ممکن ہو تو کچھ نہ کچھ صدقہ بھی دیا جائے اور یہ نماز بھی پڑھی جائے نیز روایت سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ صرف ایک شخص کا یہ نماز پڑھنا کافی ہے اس لئے احوط یہ ہے کہ اگر ایک سے زائد افراد پڑھیں تو بقصد ورود نہ پڑھیں بلکہ صرف بقصد رجاء مطلوبیت بجالائیں۔ دوسری روایت میں اس نماز کی ترکیب یوں مروی ہے کہ پہلی رکعت میں حمد کے بعد سورہ قل ھو اللہ احد دو مرتبہ اور دوسری میں حمد کے بعد سورہ الھاکم التکاثر دس مرتبہ پڑھی جائے اور سلام کے بعد کہے: ﴿اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ ابْعَثْ ثَوَابَھَا اِلٰی قَبْرِ فُلَانٍ﴾ اس لئے افضل یہ ہے کہ ہر دو طریق کے مطابق دو بار یہ نماز پڑھی جائے۔ واللہ العالم۔



## ۷۔ نماز جعفر طیارؑ

جس کو نماز تسبیح بھی کہا جاتا ہے یہ وہ جلیل المرتبت نماز ہے جو حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جناب جعفر طیارؑ کو فتح خیبر کے بعد تعلیم فرمائی تھی احادیث میں اس کے بے حساب اجر و ثواب وارد ہیں نیز

وارد ہے کہ اول تو یہ نماز ہر روز پڑھی جائے، ورنہ ہر ہفتے ورنہ ہر ماہ ورنہ ہر سال ورنہ پوری زندگی میں ایک بار ضرور پڑھی جائے کیونکہ اس کے پڑھنے سے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔اگرچہ بہ ''عالج'' کے ذروں اور سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں نیز اگرچہ یہ نماز ہر وقت پڑھی جا سکتی ہے مگر سب سے افضل بروز جمعہ چاشت کا وقت ہے۔اسی طرح اس میں حمد کے بعد ہر سورہ پڑھی جا سکتی ہے مگر افضل یہ ہے کہ چار رکعت بدو سلام پڑھی جائے۔ پہلی رکعت میں حمد کے بعد سورہ زلزال، دوسری میں حمد کے بعد سورہ العادیات، تیسری میں حمد کے بعد سورہ نصر اور چوتھی میں سورہ توحید ایک ایک بار اس نماز کی اصل خصوصیت تسبیحات کی کثرت ہے۔بایں طور کہ ہر رکعت میں الحمد کے بعد دوسری سورہ ختم کرنے کے بعد پندرہ بار تسبیحات اربعہ ﴿سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ﴾ بعد ازاں رکوع میں، رکوع سے سر اٹھانے کے بعد، پہلے سجدے میں، اس سے سر اٹھانے کے بعد، دوسرے سجدے میں اور اس سے سر اٹھانے اور دوسری رکعت کے لئے اٹھنے سے پہلے دس دس بار یہی تسبیحات پڑھی جائیں پھر دوسری رکعت میں اسی طرح عمل کیا جائے حتیٰ کہ دوسرے سجدے سے سر اٹھانے اور تشہد پڑھنے سے پہلے دس بار یہی تسبیح پڑھی جائے اور یہی کیفیت دوسری دو رکعتوں کی ہے اس طرح ہر رکعت میں پچھتر بار اور مجموعی طور پر تین سو بار تسبیحات اربعہ پڑھی جائینگی نیز واجبی وتحیۃ نماز کی طرح اس نماز میں ہر دوسری رکعت کے رکوع سے پہلے قنوت بھی مستحب ہے اگر کسی حالت میں تسبیحات رہ جائیں یا کم ہو جائیں تو اس کے بعد دوسری حالت میں ان کی تلافی کی جا سکتی ہے اور اگر سلام کے بعد یاد آئیں تو بر جاء مشروعیت ان کی قضا کی جا سکتی ہے نیز بعض روایات سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس نماز کو نماز شب یا دیگر شب و روز کے نوافل میں بھی شمار کیا جا سکتا ہے نیز جلدی کی حالت میں بغیر تسبیحات کے بھی پڑھی جا سکتی ہے اور سلام کے بعد جس حال میں چاہے تسبیحات کی قضا ہو سکتی ہے۔واللہ العالم۔

## ۸۔ نماز استخارہ

استخارہ کے سلسلے میں متعدد قسم کی نمازیں منقول ہیں مگر سب سے زیادہ مستند و معتبر نماز استخارہ ذات الرقاع ہے جس کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے چھ پرچیاں لکھی جائیں تین پر یہ عبارت لکھی جائے: ﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ خِيَرَةٌ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ لفلان بن فلانة افعل﴾ اور تین پر یہ عبارت لکھی جائے: ﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ خِيَرَةٌ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ لفلان بن فلانة

لا تفعل ﴾ (فلاں بن فلانہ کی جگہ صاحب استخارہ اور اس کی والدہ کا نام لکھا جائے) پھر ان پرچیوں کو مصلی کے نیچے رکھ کر دو رکعت نماز استخارہ پڑھے اور سجدہ میں سر رکھ کر سو بار پڑھے: ﴿اَسْتَخِيْرُ اللّٰهَ بِرَحْمَتِهٖ خِيَرَةً فِيْ عَافِيَةٍ﴾ پھر اٹھ کر بیٹھ جائے اور ایک بار یہ دعا پڑھے: ﴿اَللّٰهُمَّ خِرْلِيْ وَاخْتَرْلِيْ فِيْ جَمِيْعِ اُمُوْرِيْ فِيْ يُسْرٍ مِنْكَ وَ عَافِيَةٍ﴾۔

بعد ازاں زیر مصلی ہاتھ لے کر ان پرچیوں کو خوب باہم ملا دے اور پھر یکے بعد دیگرے نکالے۔ اگر مسلسل وہ تین پرچیاں نکلیں۔ جن پر ﴿افعل﴾ لکھا ہے تو وہ کام کرے کہ بہت خوب ہے اور اگر مسلسل تینوں ﴿لا تفعل﴾ والی پرچیاں برآمد ہوں تو وہ کام ہرگز نہ کرے کہ بہت بد ہے اور اگر مختلف پرچیاں برآمد ہوں کہ بعض پر ﴿افعل﴾ اور بعض پر ﴿لا تفعل﴾ ہو تو پھر چار یا زیادہ سے زیادہ پانچ نکالے اور جس قسم کی پرچیاں زیادہ ہوں۔ اس کے مطابق عمل درآمد کرے۔ و اللہ الموفق۔

## ۹۔ نماز ہدیہ والدین



یہ نماز کو شب و روز میں ہر وقت پڑھی جا سکتی ہے مگر دن میں پڑھنا افضل ہے یہ جو رسم ہے کہ اسے مغربین کے بعد پڑھنا بہتر خیال کیا جاتا ہے اس کی کوئی حقیقت نہیں ہے اسکے دو طریقے مروی ہیں: (۱) دو رکعت نماز پہلی رکعت میں حمد کے بعد دس بار یہ آیت پڑھے: ﴿رَبِّ اغْفِرْلِيْ وَ لِوَالِدَيَّ وَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ﴾ اور دوسری رکعت میں حمد کے بعد دس بار یہ آیت پڑھے: ﴿رَبِّ اغْفِرْلِيْ وَ لِوَالِدَيَّ وَ لِمَنْ دَخَلَ بَيْتِيَ مُؤْمِنًا وَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُؤْمِنَاتِ﴾ اور سلام کے بعد دس بار یہ پڑھے: ﴿رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا﴾ (۲) دو رکعت پہلی رکعت میں حمد کے بعد سورۂ انا انزلناہ ایک بار، اور دوسری رکعت میں حمد کے بعد سورہ انا اعطیناک الکوثر ایک بار نیز یہی نماز والدین اپنی مرحوم اولاد کیلئے بھی پڑھ سکتے ہیں ان کیلئے افضل یہ ہے کہ وہ رات کے وقت پڑھیں۔ (کما ورد عن الصادق علیہ السلام)

## ۱۰۔ نماز وسعت رزق

دو رکعت نماز پڑھے۔ پہلی رکعت میں حمد کے بعد سورۂ انا اعطینک الکوثر تین بار اور دوسری رکعت میں حمد کے بعد سورۂ قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس تین تین بار پڑھے اور بعد ازاں

خدا سے وسعت رزق کا سوال کرے، نیز رزق کی وسعت اور قرض کی ادائیگی کے لئے یہ نماز بھی منقول ہے کہ کامل وضو کر کے مکمل رکوع وسجود کے ساتھ دو رکعت نماز پڑھے اور سلام کے بعد یہ دعا پڑھے:

يَا مَاجِدُ يَا وَاحِدُ يَا كَرِيْمُ اَتَوَجَّهُ اِلَيْكَ بِمُحَمَّدٍ نَبِيِّكَ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

اے بزرگی والے اے یگانہ اے عطا کرنے والے میں نے تیری طرف رخ کیا ہے تیرے نبی نبیؐ رحمت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ کے وسیلے سے

وَ اٰلِهٖ يَا مُحَمَّدُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ اَتَوَجَّهُ بِكَ اِلَى اللّٰهِ رَبِّيْ وَ رَبِّكَ وَ رَبِّ كُلِّ شَيْءٍ

یا محمدؐ یا رسول اللہؐ بے شک میں نے آپ کے وسیلے سے آپ کی طرف رخ کیا جو میرا رب آپ کا رب اور ہر چیز کا رب ہے

وَ اَسْئَلُكَ اللّٰهُمَّ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اَهْلِ بَيْتِهٖ وَ اَسْئَلُكَ نَفْحَةً

سوال کرتا ہوں اے معبود یہ کہ تو رحمت نازل فرما محمدؐ اور ان کے اہل بیتؑ پر اور سوال کرتا ہوں تجھ سے کہ تیرے

كَرِيْمَةً مِنْ نَفَحَاتِكَ وَ فَتْحًا يَسِيْرًا وَّ رِزْقًا وَاسِعًا اَلُمُّ بِهٖ شَعْثِيْ وَ اَقْضِيْ بِهٖ دَيْنِيْ

الطاف کریمانہ میں سے لطف خاص کا بآسانی کامیابی اور وسیع رزق کا سوال ہے جس سے میری پریشانی دور رہو اور میرا قرض ادا ہو جائے

وَ اَسْتَعِيْنُ بِهٖ عَلٰى عِيَالِيْ.



اور اس کے ذریعے اپنے عیال کی کفالت کروں۔

## ۱۱۔ نماز دفع عسرت وسختی

جو شخص عسرت وسختی میں گرفتار ہو وہ بوقت زوال آفتاب بایں ترکیب دو رکعت نماز پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورہ حمد کے بعد سورہ قل ہو اللہ احد ایک بار اور سورۂ انا فتحنا لک فتحا ابتداء سے لے کر ینصرک نصراً عزیزاً تک ایک بار اور دوسری رکعت میں سورہ حمد کے بعد سورۂ قل ھو اللّٰہ احد اور سورۂ الم نشرح ایک ایک بار پڑھے ہر قسم کی سختی دور ہو جائے گی۔ بعض ذمہ دار علماء کا بیان ہے کہ یہ نماز اس مقصد کیلئے مجرب ہے۔

## ۱۲۔ نماز طلب حاجت

نماز ہائے طلب حاجت بکثرت ہیں ہم صرف ایک نماز کے تذکرہ پر اکتفا کرتے ہیں یہ نماز حاجت شب جمعہ یا شب عید قربان میں پڑھی جاتی ہے جو دو رکعت ہے ہر رکعت میں سورہ حمد ایک بار مگر آیت مبارکہ

﴿اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ﴾ کو سو بار تکرار کیا جائے اور حمد کے بعد ہر رکعت میں سورہ قل ھو اللہ احد سو بار اور سلام کے بعد ستر بار پڑھا جائے ﴿لاَ حَوْلَ وَلاَ قُوَّةَ اِلاَّ بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْم﴾۔

بعد ازاں سر سجدہ میں رکھ کر دو سو مرتبہ یا رب یا رب کا ورد کیا جائے بعد ازاں حاجت طلب کی جائے کہ پوری ہوگی۔ انشاء اللہ العزیز۔

**ایضاح:۔** مخفی نہ رہے کہ یہ نمازیں ائمہ طاہرین علیہم السلام سے منقول ہیں۔

## (۱۳) نماز برائے ازالۂ ہم و غم

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ آپؑ نے مسمع سے فرمایا: اے مسمع! جب تمہیں دنیا کے ہموم و غموم میں سے کوئی ہم و غم لاحق ہو تو اس کے ازالہ کے لیے وضو کر کے کسی مسجد میں جاؤ اور وہاں دو رکعت نماز پڑھ کر خدا سے ہم و غم کے دور کرنے کی دعا کرو۔ چنانچہ خدا فرماتا ہے: ﴿وَاسْتَعِیْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوۃِ﴾ کہ مشکل وقت میں نماز و روزہ کے ذریعہ سے خدا سے مدد طلب کرو۔ (کتاب الدعاء و الزیارہ)



## (۱۴) نماز حلِ مہمات

جب کوئی مشکل پیش آئے تو چار رکعت نماز بدو سلام پڑھی جائے اور پہلی رکعت میں الحمد کے بعد سات بار ﴿حَسْبُنَا اللّٰہُ وَ نِعْمَ الْوَکِیْلُ﴾ اور دوسری رکعت میں الحمد کے بعد سات بار ﴿مَا شَآءَ اللّٰہُ لاَ قُوَّةَ اِلاَّ بِاللّٰہِ اِنْ تَرَنِ اَنَا اَقَلَّ مِنْکَ مَالاً وَّ وَلَدًا﴾ اور تیسری میں الحمد کے بعد سات بار ﴿لَآ اِلٰہَ اِلاَّ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ﴾۔ اور چوتھی رکعت میں الحمد کے بعد سات بار ﴿وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ﴾۔ بعد ازاں اپنی حاجت بارگاہ خداوندی میں پیش کرے۔ (الباقیات الصالحات)

## (۱۵) نماز حدیث نفس

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے، فرمایا: کوئی ایسا مؤمن نہیں ہے جسے چالیس دن کے اندر حدیث نفس عارض نہ ہو لہٰذا جب اسے یہ عارضہ (وسوسہ) لاحق ہو تو دو رکعت نماز پڑھ کر خدا سے پناہ مانگے۔ (مفاتیح)

نیز حدیث نفس یعنی وسوسۂ شیطانی سے بچنے کے لیے اس ذکر کا کرنا بھی مروی ہے: ﴿لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ﴾۔ نیز اس مقصد کے لیے اپنے اوپر ہاتھ پھیرتے ہوئے یہ ورد کرنا بھی حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے: ﴿بِسْمِ اللّٰهِ وَ بِاللّٰهِ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ. اَللّٰهُمَّ امْسَحْ عَنِّيْ مَا اَحْذَرُ﴾۔ (ایضاً)

## (۱۶)نماز استغاثہ بخدا:۔

کتاب مکارم الاخلاق میں یہ نماز مروی ہے کہ سوتے وقت پاک برتن میں پاک پانی بھر کر رکھو اور پاک کپڑے سے اس کا منہ بند کر دو اور جب رات کے آخری حصہ میں نماز تہجد کے لئے اٹھو تو اس پانی سے تین گھونٹ پانی پیو اور باقی سے وضو کرو۔ اور قبلہ رو ہو کر اذان و اقامت کہہ کر دو رکعت نماز پڑھو۔ اور سورۂ حمد کے بعد جو سورہ چاہو پڑھو مگر رکوع میں جا کر ۲۵ مرتبہ ﴿يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ﴾، رکوع سے سر اٹھا کر ۲۵ مرتبہ پھر سجدہ میں جا کر یہی ذکر ۲۵ دفعہ، بعد ازاں سر اٹھا کر پچیس بار پھر دوسری رکعت بھی اس طرح پڑھو اس ذکر کی مجموعی تعداد تین سو (۳۰۰) ہو جائے گی پھر تشہد و سلام پڑھ کر اپنا سر آسمان کی طرف بلند کرو۔ اور تیس بار کہو: ﴿مِنَ الْعَبْدِ الذَّلِيْلِ اِلَى الْمَوْلَى الْجَلِيْلِ﴾ پھر خدا سے اپنی حاجت طلب کرو جو ضرور اور جلد پوری ہوگی انشاء اللہ۔



## (۱۷)نماز طلب فرزند:۔

حضرت امیر علیہ السلام سے مروی ہے، فرمایا: جب خدا سے فرزند طلب کرنا چاہو تو کامل وضو کر کے مکمل دو رکعت نماز پڑھو اور سجدہ میں سر رکھ کر ستر (۷۰) بار استغفار پڑھو: ﴿اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّيْ وَ اَتُوْبُ اِلَيْهِ﴾۔ پھر اپنی بیوی سے مباشرت کرو اور کہو: ﴿اَللّٰهُمَّ اِنْ رَزَقْتَنِيْ وَلَدًا لَاُسَمِّيَهٗ بِاسْمِ نَبِيِّكَ عَلَيْهِ السَّلَامُ﴾ یا اللہ اگر تو نے مجھے بیٹا عطا فرمایا تو میں اس کا نام تیرے نبیؐ کے نام پر (محمدؐ) رکھوں گا۔

(کتاب الدعا و الزیارہ)

## (۱۸)نماز اعرابی:۔

جو شخص بعد مکانی وغیرہ کی وجہ سے نماز جمعہ نہ پڑھ سکے تو اس کے ثواب کو حاصل کرنے کے لیے مخصوص طریقہ پر دس رکعت نماز وارد ہوئی ہے جسے نماز اعرابی کہا جاتا ہے۔ فراجع۔

# باب ہشتم

## چند بدنی بیماریاں اور ان کا جسمانی وروحانی علاج

یہ بات کسی وضاحت کی محتاج نہیں ہے کہ ع قید حیات و بند غم اصل میں دونوں ایک ہیں لہذا راحت و رنج اور خوشی و غم اور صحت و تندرستی اور بیماری و لاچاری اس عالم آب و گل کا ایسا خاصہ ہے جو کبھی اس سے جدا نہیں ہوتا۔ ع

موت سے پہلے آدمی غم سے نجات پائے کیوں؟

بہت سی معتبر حدیثوں میں وارد ہوا ہے کہ سب سے زیادہ سخت بلا و مصیبت انبیاءؑ کی ہوتی ہے۔ ان کے بعد جو شخص جس قدر ایمان و اعمال میں زیادہ ہوگا اسی قدر اس کی بلا و آزمائش سخت ہوگی۔ اور جس قدر ایمان و عمل کمزور ہوگا اسی قدر اس کی تکلیف و مصیبت کم ہوگی۔ (حلیۃ المتقین) حضرت امام محمد باقرؑ سے مروی ہے، فرمایا: ایک رات کا بخار ایک سال کی عبادت کے برابر ہے۔ اور حضرت امام جعفر صادقؑ سے مروی ہے، فرمایا: بندۂ مومن کا ایک رات کا بخار اس کے اگلے پچھلے گناہوں کا کفارہ ہو جاتا ہے۔ (ایضاً)

بعض اخبار و آثار میں وارد ہے کہ ایک نبیؑ بیمار ہوئے۔ انہوں نے بارگاہِ خدا میں عرض کیا: یا اللہ! بیماری کس کی طرف سے ہے؟ ارشاد ہوا: میری طرف سے! عرض کیا: شفاء کس کی جانب سے ہے؟ ارشاد ہوا: میری جانب سے! عرض کیا: پھر میں طبیب کی طرف رجوع نہیں کروں گا! ارشاد ہوا: جب تک طبیب کی طرف رجوع نہیں کرو گے تب تک میں بھی شفاء نہیں دوں گا۔ (احسن الفوائد بحوالہ انوارِ نعمانیہ) کیونکہ عالم اسباب میں اسباب کا عارضی سہارا لینا پڑتا ہے۔ لہٰذا خدا نے ہر ہر جسمانی بیماری کا مادی و جسمانی اور روحانی علاج مقرر کیا ہے۔ جس طرح دواؤں میں بجعل الٰہی تاثیر ہے اسی طرح قرآن اور دعاؤں میں بھی تاثیر ہے ؎

قرآن تو قرآن دعاؤں میں ہے تاثیر جوہر جو نہیں کھلتے یہ عامل کی تقصیر!

بے شک قرآن کتاب ہدایت ہے۔ تعویز گنڈہ کی کوئی کتاب نہیں ہے مگر بموجب عموم ﴿وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ لِلْمُؤْمِنِينَ﴾ ۔ و بمفاد بعض روایات جیسے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے منقول ہے: ﴿القرآن شفاء من کل داء﴾ کہ قرآن ہر بیماری سے باعث شفا ہے۔ (مجمع الحسنات) اور ﴿خذ منه ما شئت لما شئت﴾ ۔ یعنی قرآن مجید کی جس آیت کو چاہو، جس جائز مقصد کے لیے چاہو لے لو۔ (ترجمہ ضیاء الاسلام) لہٰذا اس سلسلہ میں سرکار محمد و آل محمد علیہم السلام سے دو قسم کے اعمال و ادعیہ وارد ہوئے ہیں: ایک عمومی جو ہر ایک بیماری میں مفید و کارآمد ہیں۔ اور دوسرے مخصوص اعمال و ادعیہ جو سر سے لے کر پاؤں تک ہر ہر بیماری کے لیے وارد ہوئے ہیں مگر یہ امر ملحوظ خاطر رہنا چاہیئے کہ جس طرح حکمت وطب کا ہر نسخہ ہر شخص کے لیے مفید نہیں ہوتا بلکہ اس میں مزاج اور آب و ہوا کا دخل رہا ہوتا ہے اسی طرح قرآن وحدیث میں واردشدہ ہر عمل بھی ہر شخص کے لیے کارآمد نہیں ہوتا مگر اللہ کی رحمت سے مایوس نہیں ہونا چاہیئے اگر ایک عمل فائدہ نہ دے تو دوسرے کو آزمانا چاہیئے۔ ہاں البتہ ہر عمل و ذکر کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ سرکار محمد و آل محمد علیہم السلام سے منقول ہو کیونکہ ﴿کل ما لم یخرج من هذا البیت فهو زخرف﴾ یعنی ہر وہ عمل وغیرہ جو اس خاندان کے گھر سے برآمد نہ ہو وہ باطل ہے۔ (الکافی)



## مختلف بیماریوں کیلئے عمومی ادعیہ و اوراد کا تذکرہ

چنانچہ ہم پہلے ان چند عمومی اعمال و ادعیہ اور اذکار کا تذکرہ کرتے ہیں جو مختلف بیماریوں کے لیے مفید و کارآمد ہیں اور اس کے بعد مخصوص بیماریوں کے لیے مخصوص اعمال و اوراد کا تذکرہ کریں گے انشاء اللہ تعالیٰ۔

### (۱) عمل گندم:۔

جو کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے۔ جو آپؑ نے اپنے صحابی داؤد کو تعلیم دیا تھا اور وہ اس کے مطابق عمل کرنے سے صحت یاب ہو گئے تھے۔ بیمار کو چاہیئے کہ چت لیٹ جائے اور ایک صاع گندم (قریباً دو سیر ۱۴ چھٹانک اور چار تولہ) لے کر اپنے سینہ پر بکھیر دے اور اس وقت یہ دعا پڑھے:

**اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ الَّذِیْ اِذَا سَئَلَکَ الْمُضْطَرُّ کَشَفْتَ مَا بِهٖ مِنْ ضُرٍّ**

اے معبود! تجھ سے سوال کرتا ہوں بواسطہ تیرے اس نام کے جس کے ذریعے کوئی پریشان حال سوال کرے تو تو اس کی تکلیف دور

**وَ مَكَّنْتَ لَهُ فِي الْاَرْضِ وَ جَعَلْتَهُ خَلِيْفَتَكَ عَلٰى خَلْقِكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ**

کرتا ہے اسے زمین پر اقتدار دیتا ہے اور اسے اپنی مخلوق پر اپنا نائب بناتا ہے سوال کرتا ہوں تو رحمت فرما محمدؐ اور ان کے

**وَّ آلِ مُحَمَّدٍ وَ اَنْ تُعَافِيَنِيْ مِنْ عِلَّتِيْ.**

اہل بیتؑ پر اور مجھ کو اس بیماری سے صحت عطا فرما۔

بعد ازاں سیدھا ہو کر بیٹھ جائے اور دانوں کو اکٹھا کرے اور پھر یہی دعا پڑھے اور ان دانوں کے چار حصے کر کے ایک ایک مد ایک ایک مسکین کو دے دے اور پھر یہی دعا پڑھے۔شافی مطلق اسے شفا عطا فرمائے گا انشاءاللہ۔(الکافی)

## (۲) عمل گوسفند و کبوتر:۔

اس سلسلہ میں گوسفند اور کبوتر کا مخصوص طریقہ پر ذبح کرنا اور مسکینوں کو کھلانا بھی کہا جاتا ہے کہ صحت کے لیے مجرب ہے مگر چونکہ اس کا وہ مخصوص طریقہ جو کتب ادعیہ میں مذکور ہے کسی معصومؑ سے منقول نہیں ہے لہٰذا اسے یہاں درج نہیں کیا جاتا۔



## (۳) ہر بیماری کے ازالہ کے لیے عمل بالقرآن:۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے،فرمایا: قرآن مجید کے کسی مقام سے بیمار پر سو آیتیں پڑھو اور پھر سات مرتبہ کہو: ﴿**یَا اَللّٰہُ**﴾ (پھر بیمار کی صحت کے لیے دعا کرو)۔(مجمع الحسنات) حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے منقول ہے کہ اگر کسی بلا و مصیبت کا اندیشہ ہو تو قرآن مجید کے کسی مقام سے ایک سو آیتیں پڑھ کر تین بار یہ دعا پڑھو: ﴿**اَللّٰهُمَّ اكْشِفْ عَنِّي الْبَلَاءَ**﴾۔(ایضاً)

انہی حضرت علیہ السلام سے منقول ہے کہ اگر کوئی شخص کسی بیماری میں مبتلا ہو تو اپنے گریبان میں منہ ڈال کر سات مرتبہ سورہ حمد پڑھے اور اگر اس سے صحت حاصل نہ ہو تو پھر ستر بار پڑھے انشاءاللہ صحت یاب ہو جائے گا۔(کتاب مکارم الاخلاق)

## (۴) ہر قسم کے درد و الم کے ازالہ کی عمومی دعائیں:۔

(۱) حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے مروی ہے،فرمایا: جس شخص کو اپنے جسم میں کسی قسم کا کوئی درد و الم لاحق ہو تو اسے چاہیئے کہ خلوص نیت کے ساتھ یہ دعا پڑھے اور مقام درد پر ہاتھ پھیرے:

اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَ قُدْرَتِهٖ عَلَى الْاَشْيَاءِ اُعِيْذُ نَفْسِىْ بِجَبَّارِ السَّمَاءِ اُعِيْذُ

نَفْسِىْ بِمَنْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ دَاءٌ اُعِيْذُ نَفْسِىْ بِالَّذِىْ اسْمُهٗ بَرَكَةٌ وَ شِفَاءٌ۔

جب وہ ایسا کرے گا تو اسے کوئی درد والم ضرر نہیں پہنچائے گا۔ (بحار الانوار)

(۲) حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے، فرمایا: جس بندۂ مومن کو کوئی تکلیف پہنچے تو اسے چاہیئے کہ خلوص نیت کے ساتھ یہ آیت پڑھتا جائے اور مقام تکلیف پر ہاتھ بھی پھیرتا جائے۔ اس تکلیف سے نجات پا جائے گا انشاء اللہ۔ (ایضاً)

وَ نُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا۔

| اور ہم تنزیل قرآن کے سلسلہ میں وہ کچھ نازل کر رہے ہیں جو اہل ایمان کے لئے شفاء اور رحمت ہے اور ظالموں کیلئے خسارہ کے سوا اور کسی چیز میں اضافہ نہیں کرتا۔ |
|---|

(۳) حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے، فرمایا: حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مروی ہے فرمایا کہ جس شخص کو کوئی بیماری ہو تو وہ نماز صبح کے بعد چالیس بار یہ ورد کرے اور بیماری کی جگہ پر برابر ہاتھ پھیرتا جائے۔ خداوند عالم اسے صحت عطا فرمائے گا:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِيْلُ

| خدا کے نام سے جو بڑا رحم والا مہربان ہے حمد ہے اللہ کے لیے جو | جہانوں کا رب | ہے ہمیں اللہ کافی ہے وہ بہترین |
|---|---|---|

تَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔ (مج الدعوات)

| کارساز ہے بابرکت ہے اللہ جو سب سے اچھا خالق ہے اور نہیں ہے حرکت و قوت مگر جو خدائے بلند و بزرگ سے ہے۔ |
|---|

(۴) نیز حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے، فرمایا: جس شخص کو بدن کے کسی حصہ میں درد ہو تو وہ وہاں ہاتھ رکھ کر کہے: ﴿بِسْمِ اللّٰهِ﴾ پھر اس جگہ پر برابر ہاتھ پھیرتا جائے اور یہ دعا پڑھتا جائے سات بار ایسا کرے شفاء پائے گا انشاء اللہ۔

اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَ اَعُوْذُ بِقُدْرَةِ اللّٰهِ وَ اَعُوْذُ بِجَلَالِ اللّٰهِ وَ اَعُوْذُ بِعَظَمَةِ اللّٰهِ وَ اَعُوْذُ

| پناہ لیتا ہوں عزت خدا کی پناہ لیتا ہوں قدرتِ خدا کی پناہ لیتا ہوں جلالِ خدا کی پناہ لیتا ہوں عظمت خدا کی اور پناہ لیتا ہوں ذات خدا کی |
|---|

بِجَمْعِ اللّٰهِ وَ اَعُوْذُ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ آلِهٖ وَ اَعُوْذُ بِاَسْمَاءِ اللّٰهِ مِنْ

پناہ لیتا ہوں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ کی اور پناہ لیتا ہوں اسمائے الٰہی کی اس کے

شَرِّ مَا اَحْذَرُ وَ مِنْ شَرِّ مَا اَخَافُ عَلٰى نَفْسِىْ۔ (مفاتیح الجنان)

شر سے کہ جس سے اپنی جان کے لیے ڈرتا اور خوف کھاتا ہوں۔

(۵) حضرت امام رضا علیہ السلام سے مروی ہے، فرمایا: ہر قسم کے درد اور بیماری کے ازالہ کے لیے بیمار یہ دعا پڑھے:

يَا مُنْزِلَ الشِّفَاءِ وَ مُذْهِبَ الدَّاءِ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَ آلِهٖ وَ اَنْزِلْ عَلٰى وَجْعِى الشِّفَاءَ.

اے شفا کے نازل کرنے والے اور اے بیماری کے دور کرنے والے رحمت فرما محمدؐ اور ان کی آلؑ پر اور میرے اس درد کی شفا نازل کر۔

(الباقیات الصالحات) (نوٹ):۔ اور اگر کوئی شخص کسی دوسرے بیمار کے لیے یہ دعا پڑھے تو ﴿عَلٰى وَجْعِى﴾ کی بجائے ﴿عَلٰى وَجْعِهٖ﴾ یا ﴿عَلٰى وَجْعِهَا﴾ پڑھے۔

(۶) حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے، فرمایا: جس شخص کے بدن میں کسی قسم کا کوئی درد ہو تو وہ درد کی جگہ پر ہاتھ رکھ کر سات مرتبہ یہ کہے اور اس پر ہاتھ پھیرتا جائے:



اَيُّهَا الْوَجْعُ اُسْكُنْ بِسَكِيْنَةِ اللّٰهِ وَ قَرَّ بِوَقَارِ اللّٰهِ وَ اهْدَ بِهُدَاءِ اللّٰهِ۔ (حلیۃ المتقین)

## بدن کی مختلف مخصوص بیماریوں کیلئے مخصوص ادعیہ واوراد

### (۱) سر کے درد کیلئے:۔

(۱) حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے مروی ہے کہ جس کے سر میں درد ہو وہ سر پر ہاتھ پھیرتا جائے اور سات مرتبہ یہ دعا پڑھتا جائے:

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ الَّذِىْ سَكَنَ لَهٗ مَا فِى الْبَرِّ وَ الْبَحْرِ وَمَا فِى السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ

پناہ لیتا ہوں خدا کی جس کے حکم سے ہر چیز ٹھہری ہوئی ہے جو خشکی و تری آسمانوں اور زمین میں ہے

وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔ (الباقیات الصالحات)

اور وہ سننے والا جاننے والا ہے۔

**ایضاح:** مخفی نہ رہے کہ کان کے درد کے لیے بھی اسی دعا کا سات بار پڑھنا وارد ہے۔

(۲) حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے، فرمایا: جس شخص کے سر میں درد ہو یا اس کا پیشاب بند ہو تو درد کی جگہ پر ہاتھ رکھ کر یہ کہے:

**اُسْكُنْ سَكَنْتُكَ بِالَّذِيْ سَكَنَ لَهُ مَا فِى اللَّيْلِ وَ النَّهَارِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔** (حلیۃ المتقین)

(۳) حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ دردسر کے ازالہ کے لیے کسی کاغذ پر یہ دعا لکھ کر بطور تعویذ سر پر باندھی جائے درد زائل ہو جائے گا انشاء اللہ تعالیٰ۔ دعا یہ ہے:

**اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ لَسْتَ بِاِلٰهٍ اسْتَحْدَثْنَاهُ وَلَا بِرَبٍّ يَبِيْدُ ذِكْرُهُ وَلَا مَعَكَ شُرَكَاءُ يَقْضُوْنَ مَعَكَ وَلَا كَانَ قَبْلَكَ اِلٰهٌ نَدْعُوْهُ وَ نَتَعَوَّذُ بِهٖ وَ نَتَضَرَّعُ اِلَيْهِ وَ نَدْعُكَ وَلَا اَعَانَكَ عَلٰى خَلْقِنَا مِنْ اَحَدٍ فَنَشُكُّ فِيْكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ عَافِ فُلَانَ بْنَ فُلَانَةِ** (یہاں مریض اور اس کی ماں کا نام لکھا جائے) **وَ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اَهْلِ بَيْتِهٖ**۔ (ایضاً)

## دردِ شقیقہ (آدھا سیسی کے درد) کیلئے

(۱) حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے مروی ہے، فرمایا: جس طرف درد ہو اس پر ہاتھ رکھ کر تین بار یہ پڑھو:

**يَا ظَاهِرًا مَوْجُوْدًا وَ يَا بَاطِنًا غَيْرَ مَفْقُوْدٍ اُرْدُدْ عَلٰى عَبْدِكَ الضَّعِيْفِ اَيَادِيْكَ الْجَمِيْلَةَ وَ اَذْهِبْ عَنْهُ مَا بِهٖ مِنْ اَذًى اِنَّكَ رَحِيْمٌ وَدُوْدٌ قَدِيْرٌ**۔ (کتاب الدعا والزیارہ)

(۲) یہ دعا بطور تعویذ لکھ کر سر کے اس طرف باندھے جس طرف درد ہو:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ مِنَ الْاَرْضِ اِلَى السَّمَاءِ وَ كَانَ هَبَطَ جِبْرَئِيْلُ فَاسْتَقْبَلَهُ الْاَجْدَا فَقَالَ اَيْنَ تُرِيْدُ قَالَ اَذْهَبُ اِلَى الْاِنْسَانِ فَاٰكُلُ شَحْمَ عَيْنَيْهِ وَ اَشْرَبُ مِنْ دَمِهٖ فَقَالَ بِاللّٰهِ الَّذِىْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لَا تَذْهَبُ اِلَى الْاِنْسَانِ وَلَا تَاْكُلُ شَحْمَ عَيْنَيْهِ وَلَا تَشْرَبُ مِنْ دَمِهٖ اَنَا الرَّاقِىْ وَاللّٰهُ الشَّافِىْ وَ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اَهْلَبَيْتِهٖ ﴾۔ (مکارم الاخلاق)



(۳) **کان کے درد کیلئے**:۔ اس مقصد کے لیے وہی ورد وارد ہے جو آنکھ اور پھر درد سر کے سلسلہ میں لکھا جا چکا ہے یعنی ﴿اَعُوْذُ بِاللّٰهِ الَّذِىْ سَكَنَ لَهٗ مَا فِى الْبَرِّ وَ الْبَحْرِ ..... ﴾۔

(۴) **بہرے پن کیلئے**:۔ کان پر ہاتھ رکھ کے سورہ حشر کی درج ذیل آیات پڑھے:

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ وَ تِلْكَ

اگر ہم اس قرآن کو کسی پہاڑ پر نازل کرتے تو تم دیکھتے کہ وہ خدا کے خوف سے جھک جاتا اور پاش پاش ہو جاتا اور یہ مثالیں ہم اس لئے

الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ۝ هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَالِمُ الْغَيْبِ

لوگوں کیلئے بیان کرتے ہیں تا کہ وہ غور و فکر کریں وہی وہ اللہ ہے جس کے سوا کوئی الہ نہیں ہے ہر غائب اور حاضر کا جاننے والا ہے

وَ الشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝ هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ

(اور) وہی رحمن و رحیم ہے۔ وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی الہ نہیں ہے وہ (حقیقی) بادشاہ، (ہر عیب سے) مقدس (پاک)، سراپا سلامتی، امن و امان

السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝

دینے والا، نگہبانی کرنے والا، غالب آنے والا زور آور (یا سرکشوں کو زیر کرنے والا) اور کبریائی و بڑائی والا ہے (اور) اللہ اس شرک سے پاک ہے جو

هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى يُسَبِّحُ لَهُ مَا فِى السَّمٰوٰتِ

لوگ کرتے ہیں۔ وہی اللہ (ہر چیز کا) ٹھیک اندازے کے مطابق پیدا کرنے والا (وجود میں لانے والا) اور صورت گری کرنے والا ہے اسی کیلئے

وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ۔ (الباقیات الصالحات)

اچھے نام ہیں (اور) اسی کی تسبیح کرتی ہے ہر وہ چیز جو آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے اور وہ غالب آنے والا (اور) بڑا حکمت والا ہے۔

## (۵) دانت کے درد کیلئے:۔

(۱) حضرت امیر علیہ السلام سے مروی ہے کہ جس کو دانت میں درد ہو وہ پہلے مقام سجود پر ہاتھ پھیرے اور پھر دانت پر ہاتھ پھیرتے ہوئے یہ پڑھے:

بِسْمِ اللّٰهِ وَالشَّافِى اللّٰهُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ۔

خدا کے نام کے ساتھ اور اللہ شفا دینے والا ہے اور نہیں حرکت وقوت مگر جو بلند و بزرگ خدا سے ہے۔

(۲) نیز دانتوں کے درد کے ازالہ کے لیے سورہ حمد، سورۃ الفلق، سورۃ الناس اور سورہ توحید پڑھے اور ہر سورہ کے ساتھ ﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾ پڑھے اور پھر یہ کہے:



بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَلَهُ مَا سَكَنَ فِى الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ قُلْنَا

خدا کے نام سے جو بڑا رحم والا مہربان ہے اور اسی کے لیے ہے جو رات اور دن میں ٹھہرا ہوا ہے اور وہ سننے والا ہے ہم نے کہا

يَا نَارُ كُوْنِىْ بَرْدًا وَّ سَلَامًا عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَ اَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنَاهُمُ الْاَخْسَرِيْنَ

اے آگ ابراہیم کیلئے ٹھنڈی اور سلامتی والی ہو جا انہوں نے اسے فریب دینا چاہا تو ہم نے ان کو زبوں حال کر دیا

نُوْدِىَ اَنْ بُوْرِكَ مَنْ فِى النَّارِ وَ مَنْ حَوْلَهَا وَ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ﴾۔

ندا ہوئی کہ بابرکت ہے وہ جو آگ میں ہے اور جو اس کے اطراف میں ہے اور پاک ہے اللہ جو جہانوں کا رب ہے۔

اس کے بعد کہے: ﴿اَللّٰهُمَّ يَا كَافِيًا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ وَّلَا يَكْفِىْ مِنْكَ شَيْءٌ اِكْفِ عَبْدَكَ

اے معبود اے جو ہر چیز کی نسبت کافی ہے اور کوئی چیز تیری نسبت کافی نہیں کفایت اپنے بندے

وَابْنَ اَمَتِكَ مِنْ شَرِّ مَا يَخَافُ وَ يَحْذَرُ وَ مِنْ شَرِّ الْوَجَعِ الَّذِىْ يَشْكُوْهُ اِلَيْكَ۔

اور اپنی باندی کے بیٹے کی جس کے شر سے خوف کھاتا اور ڈرتا ہے اور اس درد سے جس کی شکایت تجھ سے کر رہا ہے۔

نیز مروی ہے کہ چھری یا کھجور کا پتا لے کر اس جگہ پر پھیرے جہاں درد ہو اور سات مرتبہ کہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بِسْمِ اللّٰهِ وَ بِاللّٰهِ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَ اِبْرَاهِیْمُ خَلِیْلُ اللّٰهِ

خدا کے نام سے جو بڑا رحم والا مہربان ہے خدا کے نام سے خدا کی ذات سے محمدؐ خدا کے رسول ہیں اور ابراہیمؑ خدا کے سچے دوست ہیں اے

اُسْکُنْ بِالَّذِیْ سَکَنَ لَهٗ مَا فِی الَّیْلِ وَالنَّهَارِ بِاِذْنِهٖ وَهُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۔(الباقیات الصالحات)

درد رک جا اس کے حکم سے جس کے اذن سے رات دن میں ہر چیز ٹھہری ہوئی ہے اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔

## (۶) درد چشم کے ازالہ کیلئے:۔

(۱) حضرت امیر المؤمنین علیہ السلام سے مروی ہے، فرمایا: جب تم میں سے کسی شخص کو درد چشم کی تکلیف ہو تو وہ اس پر آیۃ الکرسی پڑھے اور دل میں یہ یقین رکھے کہ وہ ٹھیک ہو جائے گا تو صحت یاب ہو جائے گا انشاء اللہ۔ (کتاب الدعا والزیارہ)

(۲) آیت الکرسی پڑھنے سے پہلے یا اس کے بعد آنکھ پر ہاتھ پھیرتے ہوئے یہ دعا پڑھی جائے:

اُعِیْذُ نُوْرَ بَصَرِیْ بِنُوْرِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یُطْفَاءُ۔

میں اپنی آنکھوں کے نور کو خدا کے نور کی پناہ میں دیتا ہوں جو بجھتا نہیں۔



(۳) نماز صبح اور مغرب کے بعد یہ دعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ عَلَیْکَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ

اے معبود میں سوال کرتا ہوں محمدؐ و آل محمدؐ کے اس حق کے واسطے سے جو تجھ پر ہے کہ تو رحمت فرمائے محمدؐ

وَّ آلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تَجْعَلَ النُّوْرَ فِیْ بَصَرِیْ وَ الْبَصِیْرَةَ فِیْ دِیْنِیْ وَ الْیَقِیْنَ فِیْ

و آل محمدؐ پر اور یہ کہ میری آنکھوں میں روشنی قرار دے میرے دین میں سمجھ عطا کر میرے دل میں

قَلْبِیْ وَالْاِخْلَاصَ فِیْ عَمَلِیْ وَ السَّلَامَةَ فِیْ نَفْسِیْ وَ السَّعَةَ فِیْ رِزْقِیْ وَ الشُّکْرَ

یقین پیدا فرما عمل میں خلوص دے میرے دل کو مطمئن رکھ میرے رزق میں کشادگی دے اور جب تک

لَکَ اَبَدًا مَّآ اَبْقَیْتَنِیْ۔

زندہ ہوں مجھے اپنا شکر گزار بنائے رکھ!

## (۷) لقوہ کے ازالہ کیلئے:۔

مکارم الاخلاق میں مذکور ہے کہ جس شخص کو لقوہ کی تکلیف ہو وہ دو رکعت نماز پڑھ کر اپنے منہ پر ہاتھ

پھیرتے ہوئے حضرت پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے توسل سے خدا سے شفا طلب کرے اور تین مرتبہ یہ کہے:

بِسْمِ اللّٰهِ اُحَرِّجُ عَلَيْكَ يَا وَجَعُ مِنْ عَيْنِ اِنْسٍ اَوْ عَيْنِ جِنٍّ اُحَرِّجُ عَلَيْكَ بِالَّذِیْ

اتَّخَذَ اِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلاً وَ تَكَلَّمَ مُوْسٰى تَكْلِيْمًا وَ خَلَقَ عِيْسٰى مِنْ رُوْحِ الْقُدُسِ

لَمَّا هَدَأْتَ وَ طَفِئْتَ كَمَا طُفِئَتْ نَارُ اِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلِ اللّٰهِ۔

## (۸) مرگی کے ازالہ کیلئے:۔

(۱) مروی ہے کہ حضرت امام رضاؑ نے مرگی کے ایک مریض کو دیکھا جو بے ہوش پڑا تھا۔ آپؑ نے پانی کا ایک جام طلب فرما کر اس پر سورہ حمد، سورہ فلق اور سورہ والناس پڑھی اور حکم دیا کہ یہ پانی مریض کے سر اور چہرہ پر چھڑکا جائے چنانچہ جب ایسا کیا گیا تو وہ شخص ہوش میں آ گیا۔ آپؑ نے اس سے فرمایا: اب تجھے کبھی مرگی کا دورہ نہیں پڑے گا۔ (مجمع الحسنات)



(۲) حضرت امیرؑ سے منقول ہے کہ مرگی والے شخص پر یہ دعا پڑھی جائے:

عَزَمْتُ عَلَيْكَ يَا رِيْحُ بِالْعَزِيْمَةِ الَّتِیْ عَزَمَ بِهَا عَلِیُّ ابْنُ اَبِیْ طَالِبٍ عَلَيْهِ السَّلَامُ

وَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ وَسَلَّمَ عَلٰى جِنِّ وَادِی الصَّفْرَاءِ وَ اَجَابُوْا وَ

اَطَاعُوْا لَمَّا اَجَبْتِ وَ اَطَعْتِ وَ خَرَجْتِ عَنْ فُلَانِ بْنِ فُلَانَةَ۔ (حلیۃ المتقین)

(۳) مروی ہے کہ حضرت امام محمد باقرؑ نے محمد بن ہارون کے لیے یہ تعویذ لکھا تھا:

بِسْمِ اللّٰهِ وَ بِاللّٰهِ وَ اِلَى اللّٰهِ وَ كَمَا شَاءَ اللّٰهُ وَ اُعِيْذُهٗ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَ جَبَرُوْتِ اللّٰهِ

وَ قُدْرَةِ اللّٰهِ وَ مَلَكُوْتِ اللّٰهِ هٰذَا الْكِتَابُ اَجْعَلْهُ شِفَاءً مِنَ اللّٰهِ لفلان بن فلان

عَبْدِكَ وَ ابْنِ اَمَتِكَ عَبْدِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَ آلِهٖ ﴾۔(الکافی)

(۴) اس مرض کے لیے سورۂ رحمٰن کا لکھ کر باندھنا بھی مفید ہے۔(مجمع الحسنات)

## (۹) دردِ سینہ کیلئے:۔

(۱) حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مروی ہے کہ ایک شخص نے آپؐ سے سینہ کے درد کی شکایت کی۔آپؐ نے فرمایا: قرآن مجید کے ذریعہ سے خدا سے شفاء طلب کر۔ چنانچہ خدا فرماتا ہے کہ قرآن **شفاء لما فی الصدور** ہے۔(الکافی)

(۲) مروی ہے کہ دردِ سینہ کے لیے یہ آیت پڑھی جائے:

وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ

اور (وہ وقت یاد کرو) جب تم نے ایک شخص کو قتل کر ڈالا تھا اور پھر اس کے بارے میں باہم جھگڑنے لگے (ایک دوسرے پر قتل کا الزام لگانے لگے) اور اللہ اس

فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى

چیز کو ظاہر کرنے والا تھا جسے تم چھپا رہے تھے۔(اس لئے) ہم نے کہا کہ اس گائے کا کوئی ٹکڑا اس (مقتول کی لاش) پر مارو۔ اسی طرح اللہ مردوں کو زندہ کرتا

وَ يُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۔(مکارم الاخلاق)

ہے۔ اور تمہیں اپنی قدرت کی نشانیاں دکھاتا ہے تاکہ تم عقل سے کام لو۔

## (۱۰) دردِ دل اور اختلاج قلب کیلئے:۔

(۱) سونے سے پہلے دس بار یہ دعا پڑھے: ﴿لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ يُحْيِيْ وَ يُمِيْتُ وَ يُمِيْتُ وَ يُحْيِيْ وَهُوَ حَيٌّ لَا يَمُوْتُ ﴾۔اس کے بعد جناب سیدہؑ کی تسبیح اور آیۃ الکرسی اور سورۂ قل ھو اللہ احد پڑھے۔(طب الائمۃ)

(۲) بیمار ان آیات کو پانی پر پڑھ کر وہ پانی پیے اور ہاتھ دل پر رکھے نیز ان آیات کو لکھ کر گردن میں

ڈالے۔ وہ آیات یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ ھَدَیْتَنَا وَھَبْ لَنَا مِنْ

(جو دعا کرتے ہیں) اے ہمارے پروردگار ہمیں سیدھے راستے پر لگانے کے بعد ہمارے دلوں کو ٹیڑھا نہ ہونے دے اور ہمیں اپنی جناب سے رحمت

لَّدُنْکَ رَحْمَۃً اِنَّکَ اَنْتَ الْوَھَّابُ رَبَّنَآ اِنَّکَ جَامِعُ النَّاسِ لِیَوْمٍ لَّا رَیْبَ فِیْہِ

عطا فرما۔ یقیناً تو بڑا عطا کرنے والا ہے۔ اے ہمارے پروردگار! بے شک تو ایک دن سب لوگوں کو جمع کرنے والا ہے جس (کے آنے) میں کوئی

اِنَّ اللّٰہَ لَا یُخْلِفُ الْمِیْعَادَ اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ تَطْمَئِنُّ قُلُوْبُھُمْ بِذِکْرِ اللّٰہِ اَلَا بِذِکْرِ

الٰہی سے ہی دلوں کو اطمینان نصیب ہوتا ہے جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کئے ان کے لئے خوش حالی اور خوش انجامی ہے (یا اللہ) اگر تو ہمیں

اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ طُوْبٰی لَھُمْ وَ حُسْنُ مَاٰبٍ

شک نہیں ہے۔ بلاشبہ خدا کبھی وعدہ خلافی نہیں کرتا یعنی یہ وہ لوگ ہیں جو ایمان لائے ہیں اور جن کے دل یاد خدا سے مطمئن ہوتے ہیں یاد رکھو ذکر

لَئِنْ اَنْجَیْتَنَا مِنْ ھٰذِہٖ لَنَکُوْنَنَّ مِنَ الشّٰکِرِیْنَ۔ (مجمع الحسنات)

اس (مصیبت) سے نجات دے دے تو ہم ضرور تیرے شکر گزار بندوں میں سے ہوں گے۔



(۳) سترہ روز تک صبح و شام ایک ایک بار سورۂ الم نشرح کی تلاوت کی جائے۔ (مکارم الاخلاق)

## (۱۱) دردِ شکم کیلئے:-

(۱) حضرت امیر علیہ السلام سے منقول ہے، فرمایا: جس شخص کو درد شکم لاحق ہو وہ گرم پانی پئے اور یہ دعا پڑھے:

یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا رَبَّ الْاَرْبَابِ یَا اِلٰہَ الْاٰلِھَۃِ یَا مَلِکَ الْمُلُوْکِ

یا اللہ یا اللہ اے بہت رحم والے اے مہربان اے پالنے والوں کے پالنے والے اے معبودوں کے معبود

یَا سَیِّدَ السَّادَاتِ اِشْفِنِیْ بِشِفَائِکَ مِنْ کُلِّ دَاءٍ وَ سُقْمٍ فَاِنِّیْ عَبْدُکَ وَابْنُ

اے بادشاہوں کے بادشاہ اے سرداروں کے سردار مجھے شفا دے اپنی شفا سے ہر بیماری اور ہر تکلیف سے کیونکہ میں تیرا بندہ اور تیرے

عَبْدِکَ اَتَقَلَّبُ فِیْ قَبْضَتِکَ۔ (کتاب الدعا والزیارہ)

بندوں کا بیٹا ہوں تیرے قبضے میں ہی ادھر اُدھر ہوتا ہوں۔

**ایضاح:-** مخفی نہ رہے کہ دردِ معدہ کیلئے بھی یہی عمل حضرت امیر علیہ السلام سے منقول ہے۔ (مصباح کفعمی)

(۱۲) **دردِ کمر کیلئے**:۔حضرت امام محمد باقرؑ سے مروی ہے، فرمایا: بنی ہمدان کے ایک شخص کو دردِ کمر کی تکلیف ہوئی اور اس نے حضرت امیرؑ کی خدمت میں حاضر ہو کر اپنی تکلیف کی شکایت کی اور عرض کیا کہ وہ رات بھر اس کی وجہ سے سو نہیں سکا۔آپؑ نے فرمایا: درد کی جگہ پر ہاتھ رکھ کر تین بار یہ آیت پڑھ:

وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تَمُوْتَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ كِتٰبًا مُّؤَجَّلًا وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ الدُّنْيَا

کوئی ذی روح خدا کے حکم کے بغیر مر نہیں سکتا موت کا وقت تو لکھا ہوا (معین) ہے اور جو شخص (اپنے اعمال کا) بدلہ دنیا میں چاہتا ہے تو ہم اسی (دنیا)

نُؤْتِهٖ مِنْهَا وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ الْاٰخِرَةِ نُؤْتِهٖ مِنْهَا وَ سَنَجْزِى الشّٰكِرِيْنَ.

میں دے دیتے ہیں اور جو آخرت میں بدلہ چاہتا ہے تو ہم اسے آخرت میں دیتے ہیں اور ہم عنقریب شکرگزار بندوں کو جزا (خیر) عطا کریں گے۔

اس کے بعد سات بار سورۂ انا انزلناہ فی لیلۃ القدر پڑھ، صحت یاب ہو جائے گا انشاءاللہ۔(مصباح کفعمی)

(۱۳) **دردِ ناف کیلئے**:۔حضرت امام جعفر صادقؑ سے مروی ہے کہ مقام درد پر ہاتھ رکھے اور تین بار یہ پڑھے:

وَ اِنَّهٗ لَكِتٰبٌ عَزِيْزٌ لَّا يَاْتِيْهِ الْبَاطِلُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهٖ تَنْزِيْلٌ

وہ ایک زبردست (معزز) کتاب ہے۔باطل کا اس کے پاس گزر نہیں ہے وہ نہ اس کے آگے سے آسکتا ہے اور نہ پیچھے سے یہ اس

مِّنْ حَكِيْمٍ حَمِيْدٍ۔ (مصباح کفعمی)

ذات کی طرف سے نازل شدہ ہے جو بڑی حکمت والی ہے (اور) قابل ستائش ہے۔

(۱۴) **بواسیر کے ازالہ کیلئے**:۔

(۱) مروی ہے کہ ایک شخص نے حضرت امام رضاؑ کی خدمت میں بواسیر کی شکایت کی۔آپؑ نے فرمایا: کہ سورۂ یٰسین شہد کے ساتھ لکھ کر پیئو تندرست ہو جاؤ گے۔(مکارم الاخلاق)

(۲) اس مقصد (بواسیر) کے لیے سورۂ سبح اسم ربک الاعلیٰ کا پڑھنا بھی منقول ہے۔

(۳) نیز بواسیر اور دردِ مقعد کے لیے حضرت امیرؑ سے اس دعا کا پڑھنا بھی مروی ہے:

يَا جَوَادُ يَا مَاجِدُ يَا رَحِيْمُ يَا قَرِيْبُ يَا مُجِيْبُ يَا بَارِئُ يَا رَاحِمُ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ

مُحَمَّدٍ وَارْدُدْ عَلَيَّ نِعْمَتَكَ وَ اكْفِنِىْ وَجْعِىْ۔(مصباح کفعمی)

## (۱۵) تلی اور پتہ کیلئے:۔

(۱) اپنے ہاتھ کی ہتھیلی پر تین بار سورۂ اذا جاء نصر اللّٰہ پڑھے اور بعد ازاں یہ آیت تین مرتبہ پڑھے:

اِنَّ الَّذِیْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰہُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا تَتَنَزَّلُ عَلَیْھِمُ الْمَلٰٓئِکَۃُ اَلَّا تَخَافُوْا

بے شک جن لوگوں نے کہا کہ ہمارا پروردگار اللہ ہے اور پھر اس پر قائم اور ثابت قدم رہے ان پر فرشتے نازل ہوتے ہیں (ان سے کہتے ہیں

وَلَا تَحْزَنُوْا وَ اَبْشِرُوْا بِالْجَنَّۃِ الَّتِیْ کُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ.

کہ) تم نہ ڈرو اور نہ غم کرو اور اس جنت کی بشارت پر خوش ہو جاؤ جس کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے۔

اور پھر اپنے ہاتھوں کو سات بار اپنے سر پر ملے۔ (مکارم الاخلاق ومجمع الحسنات)

(۲) ایک کاغذ پر یہ آیات لکھ کر اور تکلیف والے مقام پر باندھے:

اِنَّ اللّٰہَ یُمْسِکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا وَ لَئِنْ زَالَتَا اِنْ اَمْسَکَھُمَا مِنْ اَحَدٍ

(بے شک اللہ (اپنی قدرتِ کاملہ) سے آسمانوں اور زمین کو تھامے ہوئے ہے کہ وہ اپنی جگہ سے ہٹ نہ جائیں اور اگر وہ



مِّنْ بَعْدِہٖ اِنَّہٗ کَانَ حَلِیْمًا غَفُوْرًا اِنَّہٗ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔(ایضاً)

(بالفرض) ہٹ جائیں تو اس کے سوا انہیں کون تھام سکتا ہے؟ بے شک وہ (اللہ) بڑا بردبار (اور) بڑا بخشنے والا ہے۔

(۳) جس شخص کو تلی کی تکلیف ہو تو وہ زعفران اور آب زمزم سے یہ آیتیں لکھ کر پئے باذن اللہ بیماری دور ہو جائے گی انشاء اللہ:

قُلِ ادْعُوا اللّٰہَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ اَیًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَہُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی

کہہ دیجیے! کہ اسے اللہ کہہ کر پکارو یا رحمٰن کہہ کر پکارو جس نام سے بھی اسے پکارو۔ اس کے سارے نام اچھے ہیں اور نہ ہی اپنی نماز زیادہ

وَلَا تَجْھَرْ بِصَلَاتِکَ وَلَا تُخَافِتْ بِھَا وَابْتَغِ بَیْنَ ذٰلِکَ سَبِیْلًا وَ قُلِ الْحَمْدُ

بلند آواز سے پڑھو اور نہ ہی بالکل آہستہ سے بلکہ ان دونوں کے درمیان کا راستہ اختیار کرو۔ اور کہہ دیجیے! سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں

لِلّٰہِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ یَکُنْ لَّہٗ شَرِیْکٌ فِی الْمُلْکِ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ وَلِیٌّ

جس نے نہ کسی کو بیٹا بنایا ہے اور نہ ہی کسی کو شریک بنایا ہے اور نہ ہی درماندگی اور عاجزی کی وجہ سے اس کا کوئی مددگار ہے اور اس کی

مِّنَ الذُّلِّ وَ کَبِّرْہُ تَکْبِیْرًا ۔(ایضاً)

کبریائی اور بڑائی کا بیان کرو جس طرح بڑائی بیان کرنی چاہئیے۔

(۱۶) **گھٹنوں کے درد کیلئے**:۔ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے مروی ہے، فرمایا: جس شخص کو گھٹنوں میں درد ہو وہ نماز کے بعد یہ دعا پڑھے:

يَا اَجْوَدُ مَنْ اَعْطٰى وَ يَا خَيْرَ مَنْ سُئِلَ وَ يَا اَرْحَمَ مَنِ اسْتُرْحِمَ اِرْحَمْ ضَعْفِىْ

اے ہر دینے والے سے زیادہ سخی اے بہترین ذات جس سے مانگا جاتا ہے اے بہت رحم والے جس سے رحم مانگا جاتا ہے رحم کر میری

وَ قِلَّةَ حِيْلَتِىْ وَ عَافِنِىْ مِنْ وَجْعِىْ۔ (مصباح کفعمی)

کمزوری و بے بسی پر اور مجھے اس درد سے عافیت دے۔

(۱۷) **عرق النساء یعنی جوڑوں کے درد کیلئے**:۔ حضرت امیر علیہ السلام سے مروی ہے کہ جس شخص کو عرق النساء یعنی جوڑوں کا درد محسوس ہو تو وہ مقام درد پر ہاتھ رکھ کر یہ پڑھے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ وَ بِاللّٰهِ اَعُوْذُ بِاسْمِ اللّٰهِ الْكَبِيْرِ اَعُوْذُ بِاسْمِ اللّٰهِ



الْعَظِيْمِ مِنْ شَرِّ كُلِّ عِرْقٍ نَعَّارٍ وَ مِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ باذن اللہ اس سے محفوظ ہو جائے گا۔

(مصباح کفعمی وطب الائمہ)

(۱۸) **دردِ قولنج کیلئے**:۔ حضرت امام رضا علیہ السلام سے منقول ہے، فرمایا: سورہ فاتحہ، توحید اور معوذتین لکھی جائیں اور اس کے بعد یہ دعا لکھی جائے:

اَعُوْذُ بِوَجْهِ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَ بِعِزَّتِهِ الَّتِىْ لَا تُرَامُ وَ بِقُدْرَتِكَ الَّتِىْ لَا يَمْتَنِعُ

پناہ لیتا ہوں خدائے بزرگ کی ذات اور عزت کی جس تک رسائی نہیں اور اس کی قدرت کی پناہ جسے کوئی چیز روک نہیں سکتی اس درد کی تنگی

مِنْهَا شَىْءٌ مِنْ شَرِّ هٰذَا الْوَجْعِ وَ مِنْ شَرِّ مَا فِيْهِ وَ مِنْ شَرِّ مَآ اَجِدُ مِنْهُ.

سے جو کچھ اس میں ہے اس کی اذیت سے اور جو محسوس کر رہا ہوں اس کی تکلیف سے۔

پھر اسے دھو کر نہار منہ بیمار کو وہ پانی پلایا جائے۔ (المصباح کفعمی)

(۱۹) **دردِ گردہ کیلئے**:۔

## (۲۰) تپ کے ازالہ کیلئے:۔

(۱) ہر قسم کے بخار کے ازالہ کے لیے دعائے نور صبح و شام پڑھی جائے جو حضرت زہرا سلام اللہ علیہا نے سلمان محمدیؓ کو تعلیم دی تھی۔ جو یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ النُّوْرِ بِسْمِ اللّٰہِ نُوْرِ النُّوْرِ بِسْمِ اللّٰہِ نُوْرٌ عَلٰی نُوْرٍ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ ھُوَ مُدَبِّرُ الْاُمُوْرِ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ خَلَقَ النُّوْرَ مِنَ النُّوْرِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ خَلَقَ النُّوْرَ مِنَ النُّوْرِ وَ اَنْزَلَ النُّوْرَ عَلَی الطُّوْرِ فِیْ کِتَابٍ مَسْطُوْرٍ فِیْ رِقٍّ مَنْشُوْرٍ بِقَدَرٍ مَقْدُوْرٍ عَلٰی نَبِیٍّ مَحْبُوْرٍ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ ھُوَ بِالْعِزِّ مَذْکُوْرٌ وَ بِالْفَخْرِ مَشْھُوْرٌ وَ عَلَی السَّرَّاءِ وَ الضَّرَّاءِ مَشْکُوْرٌ وَ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَ آلِہِ الطَّاہِرِیْنَ۔ (مجمع الدعوات وغیرہ)

(۲) حضرت امام رضا علیہ السلام سے مروی ہے کہ بخار کے ازالہ کے لیے بیمار کاغذ کے تین ٹکڑے لے اور پہلے پر یہ لکھے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَا تَخَفْ اِنَّکَ اَنْتَ الْاَعْلٰی۔

دوسرے پر یہ لکھے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لَا تَخَفْ نَجَوْتَ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ۔

اور تیسرے پر لکھے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ تَبَارَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ۔

پھر بالترتیب ہر روز ایک ٹکڑے پر تین بار سورہ توحید پڑھ کر نگل جائے بخار اتر جائے گا۔(مصباح کفعمی)

(۳) بخار والا آدمی قمیص کے بٹن کھول کر اور گریبان کے اندر سر لے جا کر اذان و اقامت کہہ کر سات مرتبہ سورہ حمد کی تلاوت کرے ہر قسم کا بخار اتر جائے گا انشاء اللہ۔ یہ وہ عمل ہے کہ جو حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے مفضل کو تعلیم دیا تھا۔(طب الائمہ)

(۴) حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام سے مروی ہے کہ باری کے بخار کے لیے کسی پتے یا کاغذ پر لکھے:

﴿يَا نَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّ سَلَامًا عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ﴾ (كذلك يكون على فلان) ۔(یہاں اس آدمی کا نام لکھا جائے) اور پھر وہ پتہ یا کاغذ بخار والے آدمی پر باندھ دیا جائے۔(مکارم الاخلاق)

## (۲۱) برص و جذام کیلئے:۔

(۱) مکارم الاخلاق میں مذکور ہے کہ جسے جذام کی بیماری ہو اس پر یہ دعا پڑھو اور اسے لکھ کر اس پر باندھو:

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَمْحُوا اللّٰهُ مَا يَشَآءُ وَ يُثْبِتُ وَ عِنْدَهٗ اُمُّ الْكِتَابِ اَلْحَمْدُ

شروع اللہ کے بابرکت نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

لِلّٰهِ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ جَاعِلِ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا اُولِيْٓ اَجْنِحَةٍ مَّثْنٰى وَ ثُلٰثَ وَ رُبٰعَ

بِاسْمِ فلان بن فلانة﴾ (یہاں بیمار اور اس کی ماں کا نام لکھا جائے)۔

(۲) جسے برص (پھلبہری) کی تکلیف ہو اس کے بارے میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ اسے تھوڑی سی خاکِ شفا آبِ باراں کے ساتھ ملا کر کھلائی جائے۔ (ایضاً)

(۳) حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے، فرمایا: جسے برص کی بیماری ہو وہ وضو کر کے دو رکعت نماز پڑھے اور اس کے بعد یہ دعا پڑھے:

﴿يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا سَامِعَ الْاَصْوَاتِ يَا مُعْطِيَ الْخَيْرَاتِ اَعْطِنِيْ خَيْرَ الدُّنْيَا

وَ الْاٰخِرَةِ وَقِنِيْ شَرَّ الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ وَ اَذْهِبْ عَنِّيْ مَا اَجِدُ فَقَدْ غَاظَنِيْ وَ اَحْزَنَنِيْ﴾۔

(مصباح کفعمی)

## (۲۲) ہر قسم کی خارش اور پھوڑے پھنسیوں کیلئے:۔

(۱) حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے، فرمایا: جو شخص پھوڑوں اور پھنسیوں کی وجہ سے تنگ ہو تو وہ جب بستر خواب پر جائے تو یہ دعا پڑھے:



﴿اَعُوْذُ بِوَجْهِ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَ كَلِمَاتِهِ التَّامَاتِ الَّتِيْ لَا يُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ وَلَا فَاجِرٌ مِنْ شَرِّ

كُلِّ ذِيْ شَرٍّ﴾۔ (مصباح کفعمی)

(۲) مروی ہے کہ ایسے مریض پر یہ دعا پڑھی جائے اور لکھ کر اس کے گلے میں بھی ڈالی جائے:

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَ مَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِيْثَةٍ كَشَجَرَةٍ خَبِيْثَةِ ۨاجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ

الْاَرْضِ مَالَهَا مِنْ قَرَارٍ (آخر آیت تک) مِنْهَا خَلَقْنَاكُمْ وَ فِيْهَا نُعِيْدُكُمْ وَ مِنْهَا

نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَ اَنْتَ لَا تَكْبَرُ اَللّٰهُ يَبْقٰى وَ اَنْتَ لَا تَبْقٰى وَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ﴾۔ (مکارم الاخلاق)

## (۲۳) ٹانگوں کے درد کیلئے:۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے جسے ٹانگوں میں درد ہو وہ ان پر یہ آیات پڑھے:

﴿وَاتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنْ كِتَابِ رَبِّكَ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمَاتِهٖ وَلَنْ تَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا﴾۔ (مصباح کفعمی)



## (۲۴) ضیق النفس یعنی دمہ کیلئے:۔

(۱) شیخ بہائی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ ضیق النفس کے لیے یہ آیت پڑھی جائے:

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ تَبَارَكَ الَّذِيْٓ اِنْ شَآءَ جَعَلَ لَكَ خَيْرًا مِّنْ ذٰلِكَ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ وَ يَجْعَلْ لَّكَ قُصُوْرًا﴾۔ (کشکولِ بہائی)

(۲) حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس بیماری کے ازالہ کے لیے اس اونٹنی کا پیشاب پینا مروی ہے جس کے وضع حمل کو دو تین ماہ گزر چکے ہوں۔ (مجمع الحسنات)

## (۲۵) وضع حمل کی آسانی کیلئے:۔

(۱) حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے، فرمایا: جس عورت پر ولادت مشکل ہو جائے اس کی آسانی کیلئے یہ آیات کسی کاغذ پر لکھ کر اس کی دائیں ران پر باندھی جائیں اور ولادت کے بعد کھول دی جائیں:

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کَاَنَّهُمْ یَوْمَ یَرَوْنَ مَا یُوْعَدُوْنَ لَمْ یَلْبَثُوْٓا اِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ

کَاَنَّهُمْ یَوْمَ یَرَوْنَهَا لَمْ یَلْبَثُوْٓا اِلَّا عَشِیَّةً اَوْ ضُحٰهَا اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ رَبِّ اِنِّیْ

نَذَرْتُ لَکَ مَا فِیْ بَطْنِیْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّیْ اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ﴾۔

(کتاب الدعا و الزیارہ و المصباح لکفعمی)

(۲) جناب عیسیٰ علیہ السلام سے مروی ہے کہ جس عورت پر وضع حمل مشکل ہو جائے اس پر یہ دعا پڑھی جائے:

﴿یَا خَالِقَ النَّفْسِ مِنَ النَّفْسِ وَ مُخْرِجَ النَّفْسِ مِنَ النَّفْسِ وَ مُخَلِّصَ النَّفْسِ مِنَ

النَّفْسِ خَلِّصْهَا﴾۔(حیوۃ الحیوان بحوالہ مصباح کفعمی)



## (۲۶) نظر بد کیلئے:۔

نظر بد کا لگنا حق ہے جو قرآن وسنت سے ثابت ہے اور اس سے بچنے کے لیے کئی ادعیہ واحراز مروی ہیں، مثلاً:

(۱) حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جب کسی شخص کو اندیشہ ہو کہ اسے کسی کی نظر بد لگ جائے گی یا اس کی نظر بد کسی کو لگ جائے گی تو تین بار یہ پڑھے:

﴿مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ﴾۔(مکارم الاخلاق)۔

(۲) مروی ہے کہ جب کوئی شخص بن سنور کر گھر سے باہر نکلے تو سورہ فلق اور سورہ والناس پڑھ لے تو اسے کوئی چیز نقصان نہیں پہنچائے گی۔(ایضاً)

(۳) حضرت امام حسن علیہ السلام سے منقول ہے کہ نظر بد سے بچاؤ کے لیے یہ آیت پڑھی جائے:

﴿وَاِنْ یَّكَادُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لَیُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَ یَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعَالَمِیْنَ﴾۔ (مصباح کفعمی)

(۴) نظر بد کے آثار سے بچنے کے لیے اس دعا کا پڑھنا بھی وارد ہے اور یہ بھی وارد ہے کہ حضرت رسول خدا ﷺ حضرات حسنین شریفین علیہما السلام کے لیے یہ دعا پڑھتے تھے اور اصحاب کو بھی تلقین فرماتے تھے کہ وہ بھی اپنے بیوی بچوں کی سلامتی کے لیے بطور تعویذ پڑھا کریں:

﴿اَللّٰهُمَّ یَا ذَا السُّلْطَانِ الْعَظِیْمِ وَ الْمَنِّ الْقَدِیْمِ وَالْوَجْهِ الْكَرِیْمِ ذَا الْكَلِمَاتِ التَّامَّاتِ وَ الدَّعَوَاتِ الْمُسْتَجَابَاتِ عَافِ الْحَسَنَ وَ الْحُسَیْنَ مِنْ اَنْفُسِ الْجِنِّ وَ اَعْیُنِ الْاِنْسِ﴾



(الحسنؑ والحسینؑ کی جگہ اس شخص کا نام لیا جائے جسے نظر بد سے بچانا مقصود ہو)۔ (ایضاً)

## (۲۷) جانوروں کو نظر بد سے بچانے کیلئے:۔

جانوروں کو نظر بد سے بچانے کے لیے حضرت امیر علیہ السلام سے یہ تعویذ منقول ہے:

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الْعَظِیْمِ عَبَسٌ عَابِسٌ وَّ شِهَابٌ قَابِسٌ وَّ حَجَرٌ یَابِسٌ رَّدَدْتُّ عَیْنَ الْعَایِنِ عَلَیْهِ مِنْ رَّاْسِهٖ اِلٰی قَدَمَیْهِ اَخَذَ عَیْنَاهُ قَابِضٌ بِكَلَاهُ وَ عَلٰی جَارِهٖ وَ اَقَارِبِهٖ جِلْدُهٗ دَقِیْقٌ وَّ دَمُهٗ رَقِیْقٌ وَّ بَابُ الْمَكْرُوْهِ تَلِیْقٌ فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ تَرٰی

مِنْ فُطُوْرٍ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّ هُوَ حَسِيْرٌ۔

(الباقیات الصالحات)

## (۴۸) سحر و جادو سے بچاؤ کیلئے:۔

جادو کی کسی حد تک تاثیر نا قابل انکار ہے مگر اس حد تک نہیں ہے کہ اس سے قلب ماہیت ہو جائے یا موت و حیات کے نظام میں خلل پڑ جائے اور اس کا اثر بھی عموماً کمزور ایمان و یقین والے لوگوں پر ہوتا ہے۔ کامل الایمان والیقین لوگوں پر اس کا کوئی اثر نہیں ہوتا۔ تفصیل کے لیے ہماری کتاب **قوانین الشریعہ جلد دوم** کا مطالعہ کیا جائے۔ بہر حال جادو کے اثر کو زائل کرنے کے لیے کئی قسم کی دعائیں اور تعویذات ائمہ طاہرین علیہم السلام سے منقول ہیں۔ ہم یہاں بعض کا تذکرہ کرتے ہیں:

(۱) حضرت امیر علیہ السلام سے مروی ہے کہ جادو کے برے آثار سے بچنے کے لیے یہ تعویذ ہرن کی کھال پر لکھ کر اپنے پاس رکھیں:



﴿بِسْمِ اللّٰهِ وَ بِاللّٰهِ بِسْمِ اللّٰهِ وَمَا شَآءَ اللّٰهُ بِسْمِ اللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ فَوَقَعَ الْحَقُّ وَ بَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صَاغِرِيْنَ﴾۔

(۲) نیز جادوگروں اور شیطانوں کے شر سے بچنے کے لیے آیات سحرہ کا پڑھنا بھی حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مروی ہے جو یہ ہیں:

﴿اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِىْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِىْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ

يُغْشِى الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍ بِاَمْرِهٖ اَلَا لَهُ

الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّ خُفْيَةً اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ

الْمُعْتَدِيْنَ وَلَا تُفْسِدُوْا فِى الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّطَمَعًا

اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ﴾ ۔(الفقیہ)

## (۲۹) جنات کے شر سے بچاؤ کیلئے:۔

(۱) حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مروی ہے، فرمایا: اگر شیاطین تم پر پتھر پھینکیں تو تم وہ پتھر اٹھا کر ادھر پھینکو جدھر سے آیا ہے اور یہ پڑھو:

﴿حَسْبِىَ اللّٰهُ وَ كَفٰى وَ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ دَعَا لَيْسَ وَرَآءَ اللّٰهِ مُنْتَهٰى﴾ ۔(الکافی)

(۲) حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ جہاں جنات کے ضرر و زیاں پہنچانے کا اندیشہ ہو وہاں سر پر ہاتھ رکھ کر با آواز بلند کہو:

﴿اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ وَلَهٗ اَسْلَمَ مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

طَوْعًا وَّ كَرْهًا وَّ اِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ﴾ ۔

(۳) شیاطین انسی و جنی کے ضرر و زیاں سے بچنے کے لیے اس حرز کا پاس رکھنا بھی بہت مفید ہے جو حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ابو دجانہ کو تعلیم دیا تھا، اور وہ یہ ہے:

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ هٰذَا كِتَابُ مُحَمَّدٍ رَسُوْلِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ اِلٰى مَنْ طَرَقَ

الدَّارَ مِنَ الْعُمَّارِ وَ الزُّوَّارِ اِلَّا طَارِقًا يَطْرُقُ بِخَيْرٍ اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ لَنَا وَلَكُمْ فِى الْحَقِّ سَعَةً

فَاِنْ تَكُ عَاشِقًا مُوْلِعًا اَوْ فَاجِرًا مُقْتَحِمًا فَهٰذَا كِتَابُ اللّٰهِ يَنْطِقُ عَلَيْنَا وَ عَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ

اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ وَ رُسُلُنَا يَكْتُبُوْنَ مَا تَمْكُرُوْنَ اُتْرُكُوْا صَاحِبَ كِتَابِى

هٰذَا وَ انْطَلِقُوْا اِلٰى عَبَدَةِ الْاَصْنَامِ وَ اِلٰى مَنْ يَزْعَمُ اَنَّ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ كُلُّ

شَىْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهُ لَهُ الْحُكْمُ وَ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ حٰمٓ لَا يُنْصَرُوْنَ حٰمٓ عٓسٓقٓ تَفَرَّقَتْ

اَعْدَاءُ اللّٰهِ وَ بَلَغَتْ حُجَّةُ اللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَ قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَ هُوَ السَّمِيْعُ

الْعَلِيْمُ﴾۔(مجمع الحسنات)

## (۳۰) شر اعداء اور ہر قسم کی آفات و بلیات سے بچاؤ کیلئے:۔

(۱) حضرت امام زین العابدین علیہ السلام سے مروی ہے، فرمایا: جب میں یہ کلمات پڑھ لوں تو پھر مجھے کوئی پروانہیں ہوتی اگر چہ تمام جن وانس جمع ہو کر مجھے ضرر و زیاں پہنچانا چاہیں:

﴿بِسْمِ اللّٰهِ وَ بِاللّٰهِ وَ مِنَ اللّٰهِ وَ اِلَى اللّٰهِ وَ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اِلَيْكَ اَسْلَمْتُ نَفْسِىْ

وَ اِلَیکَ وَجَّهتُ وَجهِی وَ اِلَیکَ فَوَّضتُ اَمرِی فَاحفَظنِی بِحِفظِ الاِیمَانِ مِن بَینِ یَدَیَّ

وَمِن خَلفِی وَ عَن یَمِینِی وَعَن شِمَالِی وَمِن فَوقِی وَمِن تَحتِی وَ ادفَع عَنِّی بِحَولِکَ

وَ قُوَّتِکَ فَاِنَّهُ لاَ حَولَ وَلاَ قُوَّۃَ اِلاَّ بِاللّٰهِ العَلِیِّ العَظِیمِ۔

(۲) حضرت رسول خداؐ سے مروی وہ دعا جس کا پڑھنا تمام جن وانس کے شروضرر سے امن وامان کا باعث ہے اور وہ دعا یہ ہے:

﴿بِسمِ اللّٰهِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ لَآ اِلٰهَ اِلاَّ اللّٰهُ عَلَیهِ تَوَکَّلتُ وَ هُوَ رَبُّ العَرشِ العَظِیمِ

مَا شَآءَ اللّٰهُ کَانَ وَمَا لَم یَشَا لَم یَکُن اَشهَدُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰی کُلِّ شَیءٍ قَدِیرٌ وَّ اَنَّ اللّٰهَ قَد

اَحَاطَ بِکُلِّ شَیءٍ عِلمًا اَللّٰهُمَّ اِنِّی اَعُوذُ بِکَ مِن شَرِّ نَفسِی وَ مِن شَرِّ کُلِّ دَآبَّةٍ اَنتَ

اٰخِذٌ بِنَاصِیَتِهَآ اِنَّ رَبِّی عَلٰی صِرَاطٍ مُّستَقِیمٍ﴾۔ (مہج الدعوات ابن طاووسؒ)

(۳) نیز حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مروی ہے، فرمایا: جو شخص صبح یہ دعا پڑھ لیا کرے تو خدائے تعالیٰ اس کی حفاظت کے لیے چار فرشتے مقرر کرتا ہے جو اس کے آگے پیچھے اور دائیں بائیں طرف سے اس کی اس طرح حفاظت کرتے ہیں کہ اگر تمام جن وانس مل کر بھی اسے نقصان پہنچانا چاہیں تو نہیں پہنچا سکیں گے انشاء اللہ۔ اور وہ دعا یہ ہے:

﴿بِسمِ اللّٰهِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ بِسمِ اللّٰهِ خَیرِ الاَسمَآءِ بِسمِ اللّٰهِ رَبِّ الاَرضِ وَالسَّمَآءِ

بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ سَمٌّ وَّلَا دَآءٌ بِسْمِ اللّٰہِ اَصْبَحْتُ وَ عَلَی اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ

بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی قَلْبِیْ وَ نَفْسِیْ بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی دِیْنِیْ وَ عَقْلِیْ بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی اَھْلِیْ وَ مَالِیْ

بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی مَآ اَعْطَانِیْ رَبِّیْ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ

وَلَا فِی السَّمَآءِ وَ ھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ رَبِّیْ لَآ اُشْرِکُ بِہٖ شَیْئًا اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ

وَ اَعَزُّ وَ اَجَلُّ مِمَّآ اَخَافُ وَ اَحْذَرُ عَزَّ جَارُکَ وَ جَلَّ ثَنَاؤُکَ وَلَآ اِلٰہَ غَیْرُکَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ



اَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَ مِنْ شَرِّ کُلِّ سُلْطَانٍ شَدِیْدٍ وَّ مِنْ شَرِّ کُلِّ شَیْطَانٍ مَّرِیْدٍ

وَّ مِنْ شَرِّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ وَّ مِنْ شَرِّ قَضَآءِ السُّوْٓءِ وَ مِنْ کُلِّ دَآبَّۃٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِیَتِھَآ

اِنَّکَ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ وَّ اَنْتَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ حَفِیْظٌ اِنَّ وَلِیِّیَ اللّٰہُ الَّذِیْ

نَزَّلَ الْکِتَابَ وَ ھُوَ یَتَوَلَّی الصّٰلِحِیْنَ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ

عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَ ھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ﴾۔(ایضاً)

(۴) صبح وشام سورۂ قل ھو اللہ احد کا شش جہات کی طرف منہ کرکے پڑھنا یعنی دائیں بائیں اور

آگے پیچھے اوراوپر و نیچے یہی تاثیر رکھتا ہے یعنی تمام جن وانس کے شر سے محفوظ رہنے کا ذریعہ ہے جیسا کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے۔

(۵) حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کے صحیفہ سجادیہ کی وہ دعا پڑھنا بھی اس مقصد کے لیے مجرب ہے جو شر اعداء سے بچنے کے لیے مخصوص ہے۔ یہ دعا اس سے پہلے صفحہ نمبر ۲۷ پر آ چکی ہے۔

(۶) اس مقصد کے لیے حضرت امام رضا علیہ السلام کا رقعۃ الجیب بھی بہت مفید ہے جو یہ ہے:

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِالرَّحْمٰنِ مِنْكَ اِنْ كُنْتَ تَقِيًّا

اَوْ غَيْرَ تَقِيٍّ اَخَذْتُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْبَصِيْرِ عَلٰى سَمْعِكَ وَ بَصَرِكَ لَا سُلْطَانَ لَكَ

عَلَيَّ وَلَا عَلٰى سَمْعِيْ وَلَا عَلٰى بَصَرِيْ وَلَا عَلٰى شَعْرِيْ وَلَا عَلٰى بَشَرِيْ وَلَا



عَلٰى لَحْمِيْ وَلَا عَلٰى دَمِيْ وَلَا عَلٰى مُخِّيْ وَلَا عَلٰى عَصَبِيْ وَلَا عَلٰى عِظَامِيْ وَلَا

عَلٰى مَالِيْ وَلَا عَلٰى مَا رَزَقَنِيْ رَبِّيْ سَتَرْتُ بَيْنِيْ وَ بَيْنَكَ بِسِتْرِ النُّبُوَّةِ الَّذِيْ اسْتَتَرَ

اَنْبِيَآءُ اللّٰهِ بِهٖ مِنْ سَطَوَاتِ الْجَبَابِرَةِ وَ الْفَرَاعِنَةِ جِبْرَآئِيْلُ عَنْ يَمِيْنِيْ وَ مِيْكَآئِيْلُ

عَنْ يَسَارِيْ وَ اِسْرَافِيْلُ عَنْ وَرَآئِيْ وَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ اَمَامِيْ وَ اللّٰهُ مُطَّلِعٌ

عَلَيَّ يَمْنَعُكَ مِنِّيْ وَ يَمْنَعُ الشَّيْطَانَ مِنِّيْ اَللّٰهُمَّ لَا يَغْلِبُ جَهْلُهٗ اَنَاتَكَ اَنْ يَسْتَفِزَّنِيْ وَ

يَسْتَخِفُّنِي اَللّٰهُمَّ اِلَيْكَ التَّجَاتُ اَللّٰهُمَّ اِلَيْكَ التَّجَاتُ اَللّٰهُمَّ اِلَيْكَ التَّجَاتُ

## (۳۱) سانپوں، بچھوؤں اور دوسرے حشرات الارض کے ضرر وزیاں سے بچاؤ کی دعائیں:۔

(۱) سانپ، بچھو اور دوسرے حشرات الارض سے بچنے کے لیے یہ دعا پڑھے:

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ وَ بِاللّٰهِ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

وَ آلِهٖ اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَ اَعُوْذُ بِقُدْرَةِ اللّٰهِ عَلٰى مَا يَشَآءُ مِنْ شَرِّ كُلِّ هَامَّةٍ تَدِبُّ بِاللَّيْلِ

وَ النَّهَارِ اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ﴾۔ (طب الائمہ)



(۲) حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے، فرمایا: جو شخص رات کے وقت یہ کلمات پڑھ لے تو میں ضامن ہوں کہ صبح تک کوئی سانپ یا کوئی دوسرا حشرات الارض اسے ضرر نہیں پہنچائے گا:

﴿اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ الَّتِيْ لَا يُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ وَلَا فَاجِرٌ مِنْ شَرِّ مَا ذَرَءَ وَمِنْ شَرِّ

مَا بَرَءَ وَ مِنْ شَرِّ كُلِّ دَآبَّةٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهَآ اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ﴾۔

(الفقیہ)

(۳) جو شخص صبح وشام یہ دعا پڑھ لے اسے کوئی چیز ضرر وزیاں نہیں پہنچائے گی:

﴿بِاسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ

وَ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ﴾ ۔(حیواۃ الحیوان)

(۴) جو شخص صبح وشام یہ دعا پڑھے وہ سانپ اور بچھو وغیرہ کے ضرر سے محفوظ رہے گا:

﴿عَقَدْتُ زُبَانِی الْعَقْرَبِ وَ لِسَانَ الْحَيَّةِ وَيَدَ السَّارِقِ بِقَوْلِ اَشْهَدُ اَنْ لاَّ اِلٰهَ اِلاَّ اللّٰهُ

وَ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ﴾ ۔(مجمع الحسنات)

(۵) جو شخص ہر رات یہ آیت پڑھے:

﴿سَلاَمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِي الْعَالَمِيْنَ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ اِنَّهُ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ﴾

تو وہ سانپ اور بچھو کے ڈسنے سے محفوظ رہے گا۔(ایضاً)



## (۳۲) جلنے، ڈوبنے اور ہر طرح کے نقصان سے بچاؤ کی دعا:۔

ابو درداءؓ حضرت پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں، فرمایا کہ جو شخص صبح کے وقت یہ دعا پڑھے تو وہ اس دن اور جو رات کے وقت پڑھے تو وہ اس رات جلنے، ڈوبنے اور دوسرے ہر قسم کے نقصان سے محفوظ رہے گا۔دعا یہ ہے:

﴿اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّيْ لاَ اِلٰهَ اِلاَّ اَنْتَ عَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَ اَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ وَلاَ حَوْلَ

وَلاَ قُوَّةَ اِلاَّ بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ مَاشَآءَ اللّٰهُ كَانَ وَمَا لَمْ يَشَأْ لَمْ يَكُنْ اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَّ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ

وَ مِنْ شَرِّ قَضَآءِ السُّوْءِ وَ مِنْ شَرِّ کُلِّ ذِیْ شَرٍّ وَّ مِنْ شَرِّ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ وَ مِنْ شَرِّ کُلِّ

دَآبَّۃٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِیَتِھَا اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ﴾۔(عدۃ الداعی ابن فہد حلی)

**(۳۳)وسعت رزق کیلئے:۔**

(۱) ابن عمار نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں عرض کیا کہ مجھے وسعت رزق کے لیے کوئی دعا تعلیم دیں۔ چنانچہ آپؑ نے اسے یہ دعا تعلیم دی۔ موصوف کا بیان ہے کہ میں نے اس سلسلہ میں اس دعا سے بہتر کوئی چیز نہیں پائی:

﴿اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ مِنْ فَضْلِکَ الْوَاسِعِ الْحَلَالِ الطَّیِّبِ رِزْقًا وَّاسِعًا حَلَالًا طَیِّبًا

بَلَاغًا لِّلدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَۃِ صَبًّا صَبًّا ھَنِیْئًا مَّرِیْئًا مِّنْ غَیْرِ کَدٍّ وَّلَا مَنٍّ مِنْ اَحَدٍ مِّنْ خَلْقِکَ

اِلَّا سَعَۃً مِّنْ فَضْلِکَ الْوَاسِعِ فَاِنَّکَ قُلْتَ وَاسْئَلُوا اللّٰہَ مِنْ فَضْلِہٖ فَمِنْ فَضْلِکَ اَسْئَلُ

وَمِنْ عَطِیَّتِکَ اَسْئَلُ وَمِنْ یَّدِکَ الْمَلْاٰ اَسْئَلُ﴾

(۲) حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے مروی ہے کہ وسعت رزق کے لیے ہر نماز فریضہ کے آخری سجدہ میں یہ دعا پڑھی جائے:

﴿یَا خَیْرَ الْمَسْئُوْلِیْنَ وَیَا خَیْرَ الْمُعْطِیْنَ اُرْزُقْنِیْ وَارْزُقْ عِیَالِیْ مِنْ فَضْلِکَ

فَاِنَّکَ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ﴾۔

(۳) وسعت رزق کے لیے بروایت امام رضا علیہ السلام حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے مروی ہے، فرمایا: ہر روز ایک سو مرتبہ یہ پڑھو: ﴿لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ﴾۔

(کتاب الدعا و الزیارہ)

(۴) حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے نقل کرتے ہیں، فرمایا: فقر و فاقہ کے دور کرنے کے لیے بکثرت یہ ورد کیا جائے: ﴿لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ﴾۔ (ایضاً)

## (۳۴) ادائے قرض کیلئے:۔

(۱) حضرت امام محمد باقر علیہ السلام اپنے آباء و اجداد کے سلسلۂ سند سے حضرت امیر علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے بارگاہِ رسالت میں قرضہ کی شکایت کی۔ فرمایا: یا علیؑ! یہ دعا پڑھو: ﴿اَللّٰھُمَّ اَغْنِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ﴾ کہ اگر تمہارا قرضہ کوہ صبیر کے برابر ہوگا تو خدا اس کی بھی ادائیگی کے اسباب مہیا کردے گا۔ (اربعین بہائی)

(۲) یہ دعا پڑھی جائے جو حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے:

﴿اَللّٰھُمَّ لَحْظَۃً مِنْ لَحَظَاتِکَ تُیَسِّرُ عَلٰی غُرَمَآئِیْ بِھَا الْقَضَآءَ وَ تُیَسِّرُ لِیْ بِھَا الْاِقْتِضَآءَ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ﴾۔

## (۳۵) طلب اولاد کیلئے:۔

(۱) ایک شخص نے حضرت امام علی علیہ السلام کی خدمت میں اولاد نہ ہونے کی شکایت کی، فرمایا: چاندی کی انگوٹھی بنواؤ جس کا نگینہ فیروزہ کا ہو اور اس پر یہ آیت کندہ کراؤ:

﴿رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّ اَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ﴾۔ (کتاب الدعا و الزیارہ)

(۲) حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے، فرمایا: جس کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو تو میاں بیوی

صبح وشام یہ عمل کریں: (۱) استغفار یعنی ﴿اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ وَ اَتُوْبُ اِلَیْہِ﴾ ستر بار۔

(۲) ﴿سُبْحَانَ اللّٰہِ﴾ دس بار۔ (۳) پھر استغفار نو بار۔ (۴) پھر ﴿سُبْحَانَ اللّٰہِ﴾ ایک بار۔ (الکافی)

## (۳۶) قیدی کی رہائی کیلئے:۔

(۱) حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے فرمایا: قیدی کو چاہیئے کہ ہر روز سات مرتبہ یہ دعا پڑھے، انشاء اللہ تعالیٰ رہائی پائے گا:

﴿یَا مَنْ کَفَانِیْ مِنْ جَمِیْعِ خَلْقِہٖ وَ لَمْ یَکْفِنِیْ مِنْ خَلْقِہٖ سِوَاہُ یَا اَحَدُ مَنْ لاَ اَحَدَ لَہٗ اِنْقَطَعَ الرَّجَاءُ اِلاَّ مِنْکَ یَا اَللّٰہُ فَاَغِثْنِیْ یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ یَا اَمَانَ الْخَائِفِیْنَ اَدْرِکْنِیْ بِحَلاَّلِ الْمَشَاکِلِ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ﴾۔ (الجنۃ الواقیہ للکفعمیؒ)



(۲) ان کلمات کا پڑھنا بھی بڑا مفید ہے:

﴿اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ الْعَفْوَ وَ الْعَافِیَۃَ وَ الْمُعَافَاۃَ فِی الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَۃِ﴾۔ (ایضاً)

نیز ﴿لاَ اِلٰہَ اِلاَّ اللّٰہُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ﴾ کا بکثرت پڑھنا بھی وارد ہے۔ (ایضاً)

# باب نہم

## سال کے بارہ مہینوں کے مختصر مگر مستند اعمال و عبادات

یہ باب ایک مقدمہ اور بارہ فصول پر مشتمل ہے

### مقدمہ

اگر چہ علماء کرام کے اندر اس سلسلہ میں فی الجملہ اختلاف ہے کہ اسلامی سال کا پہلا مہینہ ماہ رمضان ہے یا محرم الحرام؟ مگر کتب عبادات لکھنے والے حضرات سال بھر کے مہینوں کے اعمال و عبادات کا آغاز عموماً رجب المرجب سے کرتے ہیں اور غالباً اس کی وجہ یہ ہے کہ سال کے چار محترم مہینوں میں سے پہلا مہینہ یہی رجب المرجب ہے جس میں کفار سے بھی جنگ و جدال اور قتل و قتال کرنا حرام ہے جبکہ دوسرا ماہ شعبان، تیسرا ماہ رمضان اور چوتھا محرم الحرام ہے لہذا ہم بھی اعمال کا آغاز اسی مقدس مہینہ کے اعمال سے کرتے ہیں۔ واضح ہو کہ رجب بڑی عظمت و جلالت کا مہینہ ہے اور یہ امیر المومنین علیہ السلام کا مہینہ ہے اور شعبان پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مہینہ ہے جبکہ ماہ رمضان خالص خدا کا مہینہ ہے جیسا کہ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مروی ہے۔ اور اس مقدس مہینہ میں روزہ رکھنے کی بڑی فضیلت وارد ہوئی ہے چنانچہ حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے مروی ہے، فرمایا: رجب جنت میں ایک نہر ہے جو دودھ سے زیادہ سفید اور شہد سے زیادہ میٹھی ہے جو ماہ رجب میں ایک روزہ بھی رکھے گا خدا اسے اس نہر سے سیراب کرے گا۔ (مصباح شیخ طوسیؒ)

نیز انہی جناب سے مروی ہے، فرمایا: یہ وہ مقدس مہینہ ہے کہ جس میں نیکیوں کی جزا بھی دوگنی ملتی ہے اور برائیوں کی سزا بھی دوگنی۔ اور جو اس میں ایک روزہ رکھے تو جہنم اس سے سو سال کی مسافت تک دور ہو جاتی ہے اور جو تین روزے رکھے اس کے لیے جنت واجب ہو جاتی ہے۔ (ایضاً و کتاب الزیارہ)

نیز اسے ہر روزے کے عوض ایک سال کے روزوں کا ثواب ملتا ہے۔(زادالمعاد) اور جو اس ماہ میں سات روزے رکھے اس پر جہنم کے ساتوں دروازے بند کر دیئے جاتے ہیں۔(ایضاً)

نیز وارد ہے کہ جو شخص کسی وجہ سے روزہ نہ رکھ سکے تو وہ ہر روز سو بار تسبیحات اربعہ پڑھے تو اسے روزہ رکھنے کا ثواب مل جائے گا۔ اسی طرح چار روزہ سے لے کر پورے مہینہ کے روزے رکھنے کے بے پایاں ثواب وارد ہوئے ہیں اور اسی طرح اس مقدس مہینہ میں صدقہ دینے اور خیرات کرنے کے بھی بڑے ثواب وارد ہوئے ہیں اگرچہ ایک روٹی ہی کسی مسکین کو دی جائے۔(کتاب الدعا والزیارہ)

## فصل اول

مخفی نہ رہے کہ اس مہینہ کے اعمال دو قسم کے ہیں: ایک مشترکہ ہیں جو کسی خاص شب و روز اور کسی خاص وقت کے ساتھ مخصوص نہیں ہیں۔ دوسرے وہ جو اس کے اوقات مخصوصہ کے ساتھ مختص ہیں۔ تو ہم پہلے اعمال مشترکہ کا تذکرہ کرتے ہیں۔ بعد ازاں اعمال مخصوصہ کا ذکر کریں گے انشاء اللہ۔



## رجب کے مقدس مہینہ کے اعمال مشترکہ کا تذکرہ

اگرچہ اس مقدس مہینہ کے مشترکہ اعمال بہت زیادہ ہیں مگر ہم بنظر اختصار بعض اہم اعمال کے ذکر پر اکتفا کرتے ہیں۔

(۱) مروی ہے کہ محمد بن ذکوان سجاد نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں عرض کیا کہ مجھے کوئی ایسی دعا تعلیم دیں جس کے ذریعہ سے خدا مجھے فائدہ پہنچائے! امام علیہ السلام نے فرمایا: رجب کے مہینہ میں ہر روز یہ دعا پڑھا کر:

يَا مَنْ اَرْجُوْهُ لِكُلِّ خَيْرٍ وَ اٰمَنُ سَخَطَهُ عِنْدَ كُلِّ شَرٍّ يَا مَنْ يُعْطِى الْكَثِيْرَ بِالْقَلِيْلِ

اے وہ جس سے ہر بھلائی کی امید رکھتا ہوں اور ہر برائی کے وقت اس کے غضب سے امان میں ہوں اے وہ جو تھوڑے عمل پر زیادہ اجر دیتا

يَا مَنْ يُعْطِىْ مَنْ سَئَلَهُ يَا مَنْ يُعْطِىْ مَنْ لَّمْ يَسْئَلْهُ وَمَنْ لَّمْ يَعْرِفْهُ. تَحَنُّنًا مِنْهُ

ہے اے وہ جو ہر سوال کرنے والے کو دیتا ہے اے وہ جو اسے بھی دیتا ہے جو سوال نہیں کرتا اور اسے بھی دیتا ہے جو اسے نہیں پہچانتا

وَ رَحْمَةً اَعْطِنِیْ بِمَسْئَلَتِیْ اِیَّاکَ جَمِیْعَ خَیْرِ الدُّنْیَا وَ جَمِیْعَ خَیْرِ الْاٰخِرَةِ

اس پر بھی رحم و کرم کرتا ہے تو مجھے بھی میرے سوال پر دنیا اور آخرت کی تمام بھلائیاں اور نیکیاں عطا فرما دے اور میری طلبگاری پر دنیا و

وَاصْرِفْ عَنِّیْ بِمَسْئَلَتِیْ اِیَّاکَ جَمِیْعَ شَرِّ الدُّنْیَا وَ شَرِّ الْاٰخِرَةِ فَاِنَّهٗ غَیْرُ مَنْقُوْصٍ

آخرت کی تمام تکلیفیں اور مشکلیں دور کر کے مجھے محفوظ فرما دے کیونکہ تو جتنا عطا کرے تیرے ہاں کمی نہیں پڑتی

مَا اَعْطَیْتَ وَ زِدْنِیْ مِنْ فَضْلِکَ یَا کَرِیْمُ۔

تو اے کریم مجھ پر اپنے فضل میں اضافہ فرما۔ (کتاب الاقبال ابن طاؤوسؒ)

راوی کہتا ہے کہ اس کے بعد امام علیہ السلام نے اپنی ریش مبارک کو داہنی مٹھی میں لے لیا اور اپنی انگشت شہادت کو ہلاتے ہوئے نہایت گریہ وزاری کی حالت میں یہ دعا پڑھی:

یَا ذَا الْجَلَالِ وَ الْاِکْرَامِ یَا ذَا النَّعْمَآءِ وَ الْجُوْدِ یَا ذَا الْمَنِّ وَ الطَّوْلِ

اے صاحب جلالت و بزرگی اے نعمتوں اور بخشش کے مالک اے صاحب احسان و عطا میرے سفید

حَرِّمْ شَیْبَتِیْ عَلَی النَّارِ۔



بالوں کو آگ پر حرام فرما دے

(۲) ہر روز یہ دعا پڑھی جائے جو امام زین العابدین علیہ السلام پڑھتے تھے:

یَا مَنْ یَمْلِکُ حَوَآئِجَ السَّآئِلِیْنَ وَ یَعْلَمُ ضَمِیْرَ الصَّامِتِیْنَ لِکُلِّ مَسْئَلَةٍ مِّنْکَ سَمْعٌ

اے وہ جو سوالیوں کی حاجتوں کا مالک ہے اور خاموش لوگوں کے دلوں کی باتیں جانتا ہے ہر وہ سوال جو تجھ سے کیا جائے تیرا

حَاضِرٌ وَّ جَوَابٌ عَتِیْدٌ اَللّٰهُمَّ وَ مَوَاعِیْدُکَ الصَّادِقَةُ وَ اَیَادِیْکَ الْفَاضِلَةُ وَ رَحْمَتُکَ

کان اسے سنتا ہے اور اس کا جواب تیار ہے اے معبود تیرے سب وعدے یقیناً سچے ہیں تیری نعمتیں بہت عمدہ ہیں اور تیری رحمت

الْوَاسِعَةُ فَاَسْئَلُکَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ اَنْ تَقْضِیَ حَوَآئِجِیْ لِلدُّنْیَا

بڑی وسیع ہے پس میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ رحمت نازل فرما محمدؐ و آل محمدؐ پر اور یہ کہ میری دنیا اور آخرت کی حاجتیں پوری فرما

وَ الْاٰخِرَةِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے۔

(۳) ہر روز یہ دعا پڑھی جائے جو حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام پڑھا کرتے تھے:

خَابَ الْوَافِدُوْنَ عَلٰی غَیْرِکَ وَ خَسِرَ الْمُتَعَرِّضُوْنَ اِلَّا لَکَ وَضَاعَ الْمُلِمُّوْنَ اِلَّا

نا امید ہوئے تیرے غیر کی طرف جانے والے گھاٹے میں رہے تیرے غیر سے سوال کرنے والے تباہ ہوئے تیرے غیر کے ہاں جانے

بِکَ وَ اَجْدَبَ الْمُنْتَجِعُوْنَ اِلَّا مَنِ انْتَجَعَ فَضْلَکَ بَابُکَ مَفْتُوْحٌ لِلرَّاغِبِیْنَ

والے قحط کا شکار ہوئے روزی طلب کرنے والے مگر وہ نہیں جنہوں نے تیرے فضل سے رزق مانگا تیرا در اہل رغبت کے لیے کھلا ہے

وَ خَیْرُکَ مَبْذُوْلٌ لِلطَّالِبِیْنَ وَ فَضْلُکَ مُبَاحٌ لِلسَّآئِلِیْنَ وَ نَیْلُکَ مُتَاحٌ لِلْاٰمِلِیْنَ

تیری بھلائی طلبگاروں کو بہت بہت ملتی ہے تیرا فضل سائلوں کے لیے عام ہے اور تیری عطا امیدوں کے لیے آمادہ ہے

وَ رِزْقُکَ مَبْسُوْطٌ لِمَنْ عَصَاکَ وَ حِلْمُکَ مُعْتَرِضٌ لِمَنْ نَاوَاکَ عَادَتُکَ

تیرا رزق نافرمانوں کے لیے بھی فراواں ہے تیری بردباری دشمن کے لیے ظاہر و عیاں ہے گناہگاروں پر

الْاِحْسَانُ اِلَی الْمُسِیْئِیْنَ وَ سَبِیْلُکَ الْاِبْقَآءُ عَلَی الْمُعْتَدِیْنَ اَللّٰهُمَّ فَاهْدِنِیْ هُدَی

احسان کرنا تیرا مستقل فعل ہے اور ظالموں کو باقی رہنے دینا تیرا شیوہ ہے اے معبود مجھے ہدایت یافتہ لوگوں کی



الْمُهْتَدِیْنَ وَ ارْزُقْنِیْ اجْتِهَادَ الْمُجْتَهِدِیْنَ وَلَا تَجْعَلْنِیْ مِنَ الْغَافِلِیْنَ الْمُبْعَدِیْنَ

راہ پر لگا اور مجھے کوشش کرنے والوں کی سی کوشش نصیب فرما اور غافل و دور کیے ہوئے لوگوں میں سے قرار نہ دے

وَاغْفِرْ لِیْ یَوْمَ الدِّیْنِ.

اور یوم جزا میں مجھے بخش دے۔

(۴) مروی ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے معلّی کو یہ دعا تعلیم دی تھی کہ رجب میں ہر روز پڑھا کریں:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ صَبْرَ الشَّاکِرِیْنَ لَکَ وَ عَمَلَ الْخَآئِفِیْنَ مِنْکَ وَ یَقِیْنَ الْعَابِدِیْنَ

اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ مجھے شکر گزاروں کا صبر ڈرنے والوں کا عمل اور عبادت گزاروں کا یقین عطا فرما اے معبود

لَکَ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ وَ اَنَا عَبْدُکَ الْبَآئِسُ الْفَقِیْرُ اَنْتَ الْغَنِیُّ الْحَمِیْدُ وَ اَنَا

تو بلند تر بزرگ تر ہے اور میں تیرا حاجت مند اور بے مال و منال بندہ ہوں تو بے حاجت اور تعریف والا ہے اور میں تیرا پست تر بندہ ہوں

الْعَبْدُ الذَّلِیْلُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَامْنُنْ بِغِنَاکَ عَلٰی فَقْرِیْ وَ بِحِلْمِکَ

اے معبود رحمت نازل فرما محمدؐ اور ان کی آل پر اور میری محتاجی پر اپنے مال سے میری نادانی پر اپنی ملائمت سے اور اپنی قوت سے

عَلٰی جَهْلِیْ وَ بِقُوَّتِکَ عَلٰی ضَعْفِیْ یَا قَوِیُّ یَا عَزِیْزُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ

میری کمزوری پر احسان فرما اے قوت والے اے زبردست اے معبود رحمت فرما محمدؐ اور ان کی آل پر جو پسندیدہ اوصیاو جانشین ہیں

الْاَوْصِیَآءِ الْمَرْضِیِّیْنَ وَاکْفِنِیْ مَآ اَهَمَّنِیْ مِنْ اَمْرِ الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَةِ یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ.

اور دنیا و آخرت کے اہم معاملوں میں میری کفایت فرما اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔ (مصباح المتہجد)

(۵) حضرت رسول خداؐ سے مروی ہے، فرمایا: جو شخص ماہ رجب میں ایک سو مرتبہ یہ استغفار پڑھے: ﴿اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْکَ لَهٗ وَ اَتُوْبُ اِلَیْهِ﴾ اور اس کے بعد کچھ صدقہ دے تو اللہ تعالیٰ اس پر اپنی تمام تر رحمت و مغفرت نازل کرتا ہے اور جو چار سو بار پڑھے تو خدائے تعالیٰ اسے سو شہیدوں کا اجر و ثواب عطا کرتا ہے۔ (مصباح کفعمی)

(۶) حضرت رسول خداؐ سے رجب کے پورے مہینہ میں ایک ہزار بار ﴿لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ﴾ پڑھنے کی بڑی فضیلت وارد ہوئی ہے۔ (زاد المعاد)



(۷) صبح و شام ستر بار ﴿اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَ اَتُوْبُ اِلَیْهِ﴾ پڑھنے اور اس کے بعد ہاتھ بلند کر کے ایک بار ﴿اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ وَ تُبْ عَلَیَّ﴾ پڑھنے کی بھی بہت فضیلت وارد ہوئی ہے کہ اگر پڑھنے والا اس مہینہ میں مر گیا تو خدا اس پر راضی ہوگا اور جہنم کی آگ اسے چھوئے گی بھی نہیں۔ (ایضاً)

(۸) اس مہینہ میں جمعرات، جمعہ اور ہفتہ کے دن تین روز روزہ رکھنے کی بڑی فضیلت وارد ہوئی ہے۔

(۹) مروی ہے کہ حضرت امیرؑ نے حضرت رسول خداؐ سے نقل فرمایا ہے کہ آپؐ نے فرمایا کہ جو شخص رجب، شعبان اور ماہ رمضان کی ہر رات اور ہر دن میں سورۂ الحمد، آیۃ الکرسی، سورۂ کافرون، سورۂ اخلاص، سورۂ فلق اور سورۂ ناس میں سے ہر ایک تین تین مرتبہ پڑھے اور پھر تین مرتبہ کہے:

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

خدا پاک ہے اور حمد اسی کے لیے ہے نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے اور اللہ بزرگ تر ہے اور نہیں کوئی حرکت و قوت مگر وہ جو بلند بزرگ

الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔ پھر تین مرتبہ کہے: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ پھر تین مرتبہ کہے:

خدا سے ہے۔ اے معبود! رحمت نازل فرما محمدؐ اور آل محمدؐ پر۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ اور بعد ازاں چار سو مرتبہ کہے: اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّیْ وَ اَتُوْبُ اِلَيْهِ.

اے معبود! مومن مردوں اور مومنہ عورتوں کو بخش دے۔ بخشش چاہتا ہوں خدا سے اور اس کی طرف پلٹتا ہوں۔

پس خدائے تعالیٰ اس کے گناہ بخش دے گا چاہے وہ بارش کے قطروں، درختوں کے پتوں اور دریاؤں کی جھاگ کے برابر بھی ہوں۔ (زاد المعاد)

(۱۰) اسی طرح اس مقدس مہینہ میں ایک ہزار مرتبہ سورہ قل هو الله احد پڑھنے کی بھی بڑی فضیلت وارد ہوئی ہے۔ (کتاب الدعا والزیارہ)

(۱۱) خدا توفیق دے تو اس مقدس مہینہ میں عمرۂ مفردہ بجالایا جائے۔ اور خانۂ خدا کے پاس شب و روز نماز کے بعد سجدہ میں یہ دعا بکثرت پڑھی جائے جیسا کہ حضرت امام زین العابدین علیہ السلام پڑھتے تھے: ﴿عَظُمَ الذَّنْبُ مِنْ عَبْدِکَ فَلْيَحْسُنِ الْعَفْوُ مِنْ عِنْدِکَ﴾۔ (المصباح)

(۱۲) اس مقدس مہینہ میں مختلف قسم کے نوافل کا پڑھنا بھی وارد ہے جو کتب مبسوطہ میں مروی ہیں من اراد فليرجع اليها. والله الموفق۔



## رجب کے مقدس مہینہ کے اعمالِ مخصوصہ کا تذکرہ

اس مقدس مہینہ کے بعض مخصوص اوقات کے مخصوص اعمال بھی بہت مروی ہیں جن میں سے ہم یہاں بعض اہم اعمال کا تذکرہ کرتے ہیں۔

(۱) **رجب کی پہلی رات کے اعمال جسے لیلۃ الرغائب کہا جاتا ہے**:۔ اور ایک روایت کے مطابق یہ ان چار راتوں میں سے پہلی رات ہے جن میں جاگ کر اللہ کی عبادت کرنا مستحب ہے۔ دوسری نیمۂ شعبان کی رات، تیسری عید الفطر کی رات اور چوتھی عید الاضحیٰ کی رات۔ (مصباح المتہجد)

(۲) جب آدمی رجب کا چاند دیکھے تو یہ دعا پڑھے: ﴿اَللّٰهُمَّ اَهِلَّهُ عَلَيْنَا بِالْاَمْنِ وَ الْاِيْمَانِ

اے معبود! نیا چاند ہم پر طلوع کر امن ایمان

وَ السَّلَامَةِ وَ الْاِسْلَامِ رَبِّیْ وَ رَبُّکَ اللّٰهُ عَزَّ وَ جَلَّ﴾۔ (ایضاً)

سلامتی اور اسلام کے ساتھ (اے چاند) تیرا اور میرا رب وہ اللہ ہے عزت وجلال والا۔

نیز اس وقت یہ دعا پڑھے جو حضرت رسول خداؐ پڑھتے تھے:

﴿اَللّٰهُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْ رَجَبٍ وَّ شَعْبَانَ وَ بَلِّغْنَا شَهْرَ رَمَضَانَ وَ اَعِنَّا عَلَی الصِّيَامِ

اے معبود! رجب اور شعبان میں ہم پر برکت نازل فرما اور ہمیں رمضان کے مہینے میں داخل فرما اور ہماری مدد کر دن کے روزے

وَ الْقِيَامِ وَ حِفْظِ اللِّسَانِ وَ غَضِّ الْبَصَرِ وَلَا تَجْعَلْ حَظَّنَا مِنْهُ الْجُوْعَ وَ الْعَطَشَ﴾۔

رات کے قیام زبان کو روکنے اور نگاہیں نیچی رکھنے میں اور اس مہینے میں ہمارا حصہ محض بھوک پیاس ہی قرار نہ دے۔

(۴) حضرت رسول خداؐ سے مروی ہے، فرمایا: جو شخص رجب کی پہلی رات نماز عشاء کے بعد اس طرح دو رکعت نماز پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورۂ حمد کے بعد ایک بار سورۂ الم نشرح اور تین بار سورۂ قل هو اللّٰه احد پڑھے اور دوسری رکعت میں سورۂ حمد کے بعد یہ سورے ایک ایک بار پڑھے: (۱) الم نشرح۔ (۲) قل هو اللّٰه احد۔ (۳) قل اعوذ برب الفلق۔ اور (۴) قل اعوذ برب الناس۔ اور تشہد و سلام کے بعد تیس بار ﴿لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ﴾ اور تیس بار درود شریف پڑھے تو وہ گناہوں سے اس طرح پاک ہو جاتا ہے کہ گویا آج شکم مادر سے پیدا ہوا ہے۔ (ایضاً)



(۵) نماز عشاء کے بعد یہ دعا پڑھے جیسا کہ حضرت امام محمد تقی علیہ السلام سے مروی ہے:

﴿اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَنَّکَ مَلِکٌ وَّ اَنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ مُّقْتَدِرٌ وَّ اَنَّکَ مَا تَشَآءُ مِنْ اَمْرٍ

اے معبود! میں تجھ سے مانگتا ہوں کہ تو بادشاہ ہے اور بے شک تو ہر چیز پر اقتدار رکھتا ہے نیز تو جو کچھ بھی چاہے وہ ہو جاتا ہے

يَّکُوْنُ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَتَوَجَّهُ اِلَيْکَ بِنَبِيِّکَ مُحَمَّدٍ نَّبِیِّ الرَّحْمَةِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ يَا مُحَمَّدُ

اے معبود! میں تیرے حضور آیا ہوں تیرے نبی محمدؐ کے ذریعے جو نبی رحمت ہیں خدا کی رحمت ہو ان پر ان کی آل پر یا محمدؐ اے خدا

يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّیْ اَتَوَجَّهُ بِکَ اِلَی اللّٰهِ رَبِّکَ وَ رَبِّیْ لِيُنْجِحَ بِکَ طَلِبَتِیْ

کے رسول میں آپ کے واسطے سے خدا کے حضور آیا ہوں جو آپ کا اور میرا رب ہے تا کہ آپ کی خاطر وہ میری حاجت پوری ہو جائے

اَللّٰهُمَّ بِنَبِيِّکَ مُحَمَّدٍ وَّ الْاَئِمَّةِ مِنْ اَهْلِ بَيْتِهٖ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ عَلَيْهِمْ اَنْجِحْ طَلِبَتِیْ﴾

اے معبود! بواسطہ اپنے نبی محمد اور ان کے اہلبیتؑ میں سے ائمہ کی خاطر کہ آنحضرتؐ پر اور ان سب پر خدا کی رحمت ہو میری حاجت پوری فرما

اس کے بعد اپنی حاجتیں طلب کرے۔

(٦) بعض علماء نے حضرت پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ایک منقولہ روایت کی بنا پر رجب کی پہلی رات کو غسل کرنا مستحب قرار دیا ہے۔

(٧) نیز رجب کی پہلی رات اور پہلی تاریخ کو حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت کرنا بھی مستحب ہے جو باب الزیارات میں بیان کی جائے گی انشاء اللہ تعالیٰ۔

## ماہِ رجب کی پہلی تاریخ

پہلی رات کی طرح رجب کا پہلا دن بھی بڑا بابرکت دن ہے اور اس میں چند عمل مستحب ہیں:

(١) غسل کرنا:۔ چنانچہ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مروی ہے، فرمایا: جو شخص ماہ رجب کو درک کرے اور اس کی پہلی تاریخ، اس کے وسط اور آخر میں غسل کرے تو وہ گناہوں سے اس طرح پاک ہو جاتا ہے کہ گویا آج شکم مادر سے پیدا ہوا ہے۔(مصباح کفعمی)

(٢) روزہ رکھنا:۔ مروی ہے کہ جو شخص اس دن روزہ رکھے تو جہنم کی آگ اس سے ایک سال کی مسافت تک دور ہو جاتی ہے۔(ایضاً)



(٣) حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت کرنا:۔ چنانچہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے، فرمایا: جو شخص رجب کی پہلی تاریخ کو حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت کرے تو خداوند عالم اسے بخش دیتا ہے۔(بحار۔ کتاب المزار)

(٤) جناب سلمان محمدیؓ والی دس رکعت نماز دو دو رکعت کر کے پڑھی جائے جو کہ حضرت پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں تعلیم دی تھی۔ ہر رکعت میں سورۂ حمد کے بعد تین مرتبہ توحید اور تین مرتبہ سورۂ کافرون کی تلاوت کی جائے اور سلام کے بعد ہاتھوں کو بلند کر کے کہا جائے:

﴿لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَ لَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَ يُمِيْتُ وَهُوَ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے جو یگانہ ہے اس کا کوئی ثانی نہیں حکومت اس کی اور حمد اسی کی ہے وہ زندہ کرتا اور موت دیتا ہے وہ

حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ﴾ ۔پھر کہے:﴿اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ

ایسا زندہ ہے جسے موت نہیں بھلائی اسی کے پاس ہے اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔ اے معبود! جو کچھ تو دے

لِمَآ اَعْطَیْتَ وَلَا مُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا یَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْکَ الْجَدُّ۔

اسے کوئی روکنے والا نہیں اور جو کچھ تو روکے وہ کوئی دے نہیں سکتا اور نفع نہیں دیتا کسی کا بخت سوائے تیری دی ہوئی خوش بختی کے۔

اس کے بعد ہاتھوں کو منہ پر پھیرے۔

پندرہ رجب کے دن بھی یہی نماز بجالائے ،لیکن بعد میں دعا پڑھتے ہوئے ﴿عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ﴾ کے بعد یہ کہے: ﴿اِلٰھًا وَّاحِدًا اَحَدًا فَرْدًا صَمَدًا لَّمْ یَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا﴾۔

وہ معبود یگانہ یکتا تنہا بے نیاز ہے نہ اس نے کوئی زوجہ کی نہ اس کی کوئی اولاد ہے

نیز رجب کے آخری دن بھی یہی نماز ادا کرے اور دعا پڑھتے ہوئے ﴿عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ﴾ کے بعد یہ کہے:

﴿وَ صَلَّی اللّٰهُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهِ الطَّاهِرِیْنَ وَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ﴾

اور خدا کی رحمت ہو حضرت محمدؐ اور ان کی پاکیزہ آل پر اور نہیں کوئی حرکت و قوت مگر وہ جو بلند و بزرگ خدا سے ہے۔

پھر اپنے ہاتھوں کو منہ پر پھیرے اور اپنی حاجت طلب کرے، اس نماز کے فوائد و برکات بہت زیادہ ہیں پس اس سے غفلت نہ برتی جائے۔(زاد المعاد مجلسیؒ)



(۵) چونکہ معتبر روایت کے مطابق ۵۷ھ میں بمقام مدینۂ منورہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام کی ولادت باسعادت ہوئی ہے۔اس لیے محبانِ اہل بیتؑ کو اس دن امامؑ کا جشن میلاد منانا چاہیئے اور شرعی طریقہ پر اپنی روحانی مسرت و شادمانی کا اظہار کرنا چاہیئے۔اور بقولے ۲ رجب المرجب ۲۱۲ھ کو امام علی نقی علیہ السلام کی ولادت ہوئی ہے جبکہ معتبر قول کے مطابق ۱۵ ذی الحجہ ۲۱۲ھ کو واقع ہوئی ہے۔

## ۳ رجب کی تاریخ

ہاں البتہ حضرت امام علی نقی علیہ السلام کی شہادت ۳ رجب المرجب ۲۵۴ھ بمقام سامراء واقع ہوئی ہے لہٰذا یہ تاریخ شیعیان حیدر کرارؑ کے لیے حزن و ملال کا دن ہے اس لیے اس دن مجالس عزا منعقد کر کے امام علیہ السلام کا سوگ منانا چاہیئے۔

بقولے ۱۰ رجب ۱۹۵ھ میں بمقام مدینہ منورہ حضرت امام محمد تقی علیہ السلام کی ولادت واقع ہوئی مگر معتبر روایت کے مطابق آپؑ کی ولادت ۱۹ رمضان المبارک ۱۹۵ھ میں ہوئی ہے۔

# تیرہ، چودہ اور پندرہ رجب المرجب کے اعمال

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے، فرمایا: اس امت محمدیہ کو ایسے تین مہینے دیئے گئے ہیں جو اس سے پہلے کسی امت کو نہیں دیئے گئے: (۱) رجب۔ (۲) شعبان اور (۳) ماہِ رمضان۔ اور اس امت کو ایسی تین راتیں دی گئی ہیں جو اس سے پہلے کسی امت کو نہیں دی گئیں: ۱۳، ۱۴، اور ۱۵ رجب و شعبان اور ماہِ رمضان کی راتیں۔ اور اس امت کو تین ایسی سورتیں دی گئی ہیں جو اس سے پہلے کسی امت کو نہیں دی گئی ہیں: (۱) یٰسین۔ (۲) تبارک الذی بیدہ الملک (۳) قل ھو اللہ احد۔ فرمایا: پس جو شخص ان تینوں چیزوں کو یکجا کر لے تو اس نے گویا تین افضل چیزوں کو یکجا کر دیا ہے۔ عرض کیا گیا کہ کس طرح یکجا کرے؟ فرمایا: ان تین مہینوں میں سے ہر ماہ کی ۱۳ کی رات کو دو رکعت نماز اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں الحمد کے بعد سورۂ یٰسین، سورۂ ملک اور سورۂ توحید ایک ایک بار پڑھے۔ اور ۱۴ کی رات اسی طرح چار رکعت پڑھے اور ۱۵ کی رات اسی طرح چھ رکعت پڑھے۔ فرمایا: جو شخص یہ عمل کرے گا تو وہ گویا ان تین مہینوں کا فضل و شرف حاصل کر لے گا اور شرک کے سوا خدا اس کا ہر گناہ معاف کر دے گا۔ (کتاب الدعا والزیارہ)



## ۱۳ رجب المرجب

اس دن کو حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام کی عام الفیل کے ۳۰ سال بعد خانۂ کعبہ کے اندر ولادت کا شرف حاصل ہے لہٰذا یہ دن شیعیانِ حیدرِ کرار کیلئے بڑی روحانی مسرت و شادمانی کا دن ہے اور انہیں اس میں بڑے جوش و خروش کے ساتھ جشن میلاد منانا چاہیئے اور شریعت کے حدود کے اندر رہتے ہوئے اپنی خوشی کا اظہار کرنا چاہیئے۔ نیز یہ ایام بیض (۱۳، ۱۴، ۱۵) میں سے پہلا دن ہے جن میں روزہ رکھنے کا بڑا اجر و ثواب وارد ہے اور اگر کوئی شخص عمل ام داؤد کرنا چاہے تو اس کیلئے تو ۱۳، ۱۴ اور ۱۵ رجب کا روزہ رکھنا ضروری ہے اور یہ عمل مفاتیح الجنان اور زاد المعاد وغیرہ میں تفصیل سے مذکور ہے جو شخص یہ عمل کرنا چاہے وہ ان کتب مبسوطہ کی طرف رجوع کرے۔

## ۱۵ رجب المرجب کا دن

اس رات مذکورہ بالا طریقہ پر چھ رکعت نماز پڑھنی چاہیئے اور حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت کرنی چاہیئے اور عبادت خدا میں شب بیداری بھی کرنی چاہیئے۔ (زاد المعاد)

نیز اس دن غسل کرنا، حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت کرنا اور جناب سلمان محمدیؓ والی وہ دس رکعت نماز پڑھنے کا بھی حکم ہے جس کا تذکرہ شب اول رجب میں کیا جا چکا ہے۔

نیز مزید چار رکعت نماز بدو سلام پڑھنا اور اس کے بعد ہاتھ پھیلا کر یہ دعا پڑھنا بھی وارد ہے:

﴿اَللّٰهُمَّ يَا مُذِلَّ كُلِّ جَبَّارٍ وَّيَا مُعِزَّ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْتَ كَهْفِيْ حِيْنَ تُعْيِيْنِي الْمَذَاهِبُ

اے معبود! اے ہر سرکش کو سرنگوں کرنے والے اور مومنوں کو عزت دینے والے تو ہی میری پناہ ہے جب راستے مجھے تھکا کر رکھ دیں

وَ اَنْتَ بَارِئُ خَلْقِيْ رَحْمَةً بِيْ وَقَدْ كُنْتَ عَنْ خَلْقِيْ غَنِيًّا وَّلَوْلَا رَحْمَتُكَ لَكُنْتُ

اور تو ہی اپنی رحمت سے مجھے پیدا کرنے والا ہے جب کہ تو میری پیدائش سے بے نیاز تھا اور اگر تیری رحمت میرے شامل حال نہ

مِنَ الْهَالِكِيْنَ وَ اَنْتَ مُؤَيِّدِيْ بِالنَّصْرِ عَلٰى اَعْدَآئِيْ وَلَوْلَا نَصْرُكَ اِيَّايَ لَكُنْتُ

ہوتی تو میں تباہ ہونے والوں میں ہوتا اور تو ہی دشمنوں کے مقابل میری نصرت کر کے مجھے طاقت دینے والا ہے اور اگر تیری مدد

مِنَ الْمَفْضُوْحِيْنَ يَا مُرْسِلَ الرَّحْمَةِ مِنْ مَّعَادِنِهَا وَ مُنْشِئَ الْبَرَكَةِ مِنْ مَّوَاضِعِهَا

حاصل نہ ہوتی تو میں رسوا شدہ لوگوں میں سے ہوتا اے اپنے خزانوں سے رحمت بھیجنے والے اور بابرکت جگہوں سے برکت ظاہر

يَا مَنْ خَصَّ نَفْسَهٗ بِالشُّمُوْخِ وَ الرِّفْعَةِ فَاَوْلِيَآؤُهٗ بِعِزِّهٖ يَتَعَزَّزُوْنَ وَ يَا مَنْ وَّضَعَتْ

کرنے والے اے وہ جس نے خود کو بلندی اور برتری کے ساتھ خاص کیا پس اس کے دوست اس کی عزت کے ذریعے عزت دار

لَهُ الْمُلُوْكُ نِيْرَ الْمَذَلَّةِ عَلٰى اَعْنَاقِهِمْ فَهُمْ مِنْ سَطَوَاتِهٖ خَآئِفُوْنَ اَسْئَلُكَ بِكَيْنُوْنِيَّتِكَ

ہیں اور اے وہ جس کی غلامی کا طوق بادشاہوں نے اپنی گردنوں میں ڈال رکھا ہے اور وہ اس کے دبدبوں سے ڈرتے ہیں میں تجھ

الَّتِي اشْتَقَقْتَهَا مِنْ كِبْرِيَآئِكَ وَ اَسْئَلُكَ بِكِبْرِيَآئِكَ الَّتِي اشْتَقَقْتَهَا مِنْ عِزَّتِكَ

سے سوال کرتا ہوں تیری آفرینش کے ذریعے جو تو نے اپنی بڑائی سے ظاہر کیا اور سوال کرتا ہوں تیری بڑائی کے ذریعے جسے تو نے

وَ اَسْئَلُكَ بِعِزَّتِكَ الَّتِي اسْتَوَيْتَ بِهَا عَلٰى عَرْشِكَ فَخَلَقْتَ بِهَا جَمِيْعَ خَلْقِكَ

اپنی عزت سے نمایاں کیا اور سوال کرتا ہوں تیری عزت کے ذریعے جس سے تو اپنے عرش پر حاوی ہے پس اسی سے تو نے ساری

فَهُمْ لَكَ مُذْعِنُوْنَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اَهْلِ بَيْتِهٖ﴾

مخلوق کو پیدا کیا جو سب تیرے فرمانبردار ہیں یہ کہ تو رحمت فرما حضرت محمدؐ اور ان کے اہل بیتؑ پر۔

مروی ہے کہ جو غم زدہ شخص یہ نماز اور یہ دعا پڑھے گا تو خداوند عالم اس کا رنج و غم دور کردے گا۔ (المصباح)

## ۲۵ رجب المرجب

اس دن ۱۸۳ھ میں بمقام زندانِ بغداد حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی شہادت واقع ہوئی۔ اس لیے یہ دن اہل بیتِ نبوت اور ان کے نام لیواؤں کے لیے بڑے حزن و ملال کا دن ہے لہٰذا اس دن مجالس عزا کا انعقاد کرنا چاہیئے اور اس مظلوم کے حالاتِ زندگی اور ان پر ڈھائے جانے والے مظالم کا تذکرہ کرنا چاہیئے اور ظالموں کو بے نقاب کرنا چاہیئے۔ ﴿لَا یُحِبُّ اللّٰہُ الْجَھْرَ بِالسُّوْٓءِ مِنَ الْقَوْلِ اِلَّا مَنْ ظُلِمَ﴾۔

## ۲۷ رجب المرجب، شب و روز کے اعمال

یہ رات سال بھر کی متبرک راتوں میں سے ایک ہے کیونکہ اسی دن کی صبح کو حضرت خاتم الانبیاء محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مبعوث اور مامور بہ رسالت ہوئے اور اس رات کے چند اعمال ہیں:

(۱) حضرت امام محمد تقی علیہ السلام سے مروی ہے، فرمایا: ماہ رجب میں ایک ایسی رات ہے جو ان تمام چیزوں سے بہتر ہے جن پر سورج چمکتا ہے اور وہ ستائیسویں رجب کی رات ہے جس کی صبح کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مبعوث بہ رسالت ہوئے اور اس رات میں عمل کرنا ساٹھ سال کے عمل کے برابر ہے۔ پھر عمل کی تفصیل بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ آدمی نمازِ عشاء پڑھ کر سو جائے پھر نصف شب سے پہلے اٹھ کر بارہ رکعت نماز دو دو رکعت کر کے پڑھے اور ہر رکعت میں سورۂ حمد کے بعد قرآن کی آخری مفصل سورتوں میں سے کوئی سورہ پڑھے (سورۂ محمدؐ سے لے کر سورۂ والناس تک) اور پھر سلام کے بعد سورۂ حمد، سورۂ فلق، سورۂ والناس، سورۂ توحید، سورۂ کافرون اور سورۂ قدر سات سات بار پڑھے نیز آیت الکرسی بھی سات بار پڑھے اور سب کے آخر میں یہ دعا پڑھے:

﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ یَکُنْ لَّہٗ شَرِیْکٌ فِی الْمُلْکِ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ وَلِیٌّ

حمد ہے اس خدا کے لیے جس نے کسی کو اپنا بیٹا نہیں بنایا اور نہ کوئی اس کی حکومت میں اس کا ساجھی ہے نہ وہ کمزور ہے کہ کوئی اس

مِّنَ الذُّلِّ وَ کَبِّرْہُ تَکْبِیْرًا اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِمَعَاقِدِ عِزِّکَ عَلٰی اَرْکَانِ عَرْشِکَ

کا حامی ہو اور تم اس کی بڑائی خوب بیان کرو اے معبود! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے عرش پر تیرے مقامات عزت کے واسطے سے

وَ مُنْتَهَی الرَّحْمَةِ مِنْ کِتَابِکَ وَ بِاسْمِکَ الْاَعْظَمِ الْاَعْظَمِ الْاَعْظَمِ

اور اس انتہائی رحمت کے واسطے سے جو تیرے قرآن میں ہے اور بواسطہ تیرے نام کے جو بہت بڑا بہت بڑا بہت ہی بڑا ہے

وَ ذِکْرِکَ الْاَعْلَی الْاَعْلَی الْاَعْلَی بِکَلِمَاتِکَ التَّآمَّاتِ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ

بواسطہ تیرے ذکر کے جو بلند تر بلند تر بہت ہی بلند تر ہے اور بواسطہ تیرے کامل کلمات کے سوالی ہوں کہ تو رحمت فرما حضرت محمدؐ اور

وَّ اٰلِہٖ وَ اَنْ تَفْعَلَ بِیْ مَآ اَنْتَ اَھْلُہٗ﴾۔

ان کی آل پر اور مجھ سے وہ سلوک فرما جو تیرے شایانِ شان ہے۔

اس کے بعد جو چاہے دعا پڑھے۔ (مصباح شیخ طوسیؒ)

(۲) اس رات اور اس دن حضرت امیر علیہ السلام کی مخصوص زیارت پڑھنا بڑی فضیلت رکھتا ہے۔ وہ زیارت باب الزیارات میں ذکر کی جائے گی انشاء اللہ۔

اگرچہ اس شب و روز کے لیے تین زیارتیں منقول ہیں مگر بہتر یہ ہے کہ زیارت رجبیہ پڑھی جائے جو ﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَشْھَدَنَا مَشْھَدَ اَوْلِیَآئِہٖ فِیْ رَجَبَ...﴾ سے شروع ہوتی ہے۔ اور وہ باب الزیارات میں مذکور ہے۔



(۳) ستائیس رجب کا دن عید کا دن ہے۔ اسی دن حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مبعوث بہ رسالت ہوئے اور اسی دن وحی نبوت کا آغاز ہوا۔ اس دن چند عمل مستحب ہیں:

(۱) غسل کرنا۔

(۲) روزہ رکھنا کہ یہ سال کے ان چار دنوں میں سے ایک دن ہے جن میں روزہ رکھنا ایک امتیازی شان رکھتا ہے۔ چنانچہ اس دن کا روزہ ستر سال کے روزہ کا ثواب رکھتا ہے۔ (مصباح)

(۳) حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت امیر المؤمنین علیہ السلام کی زیارت کرنا۔

(۴) بکثرت درود شریف پڑھنا۔ (مفاتیح الجنان)

(۵) اس دن اس دعا کا پڑھنا خصوصی فضیلت کا حامل ہے۔ مروی ہے کہ حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے بغداد جاتے ہوئے یہ دعا پڑھی تھی کیونکہ وہ ۲۷ رجب کا دن تھا۔ بہرحال وہ دعا یہ ہے:

﴿یَا مَنْ اَمَرَ بِالْعَفْوِ وَ التَّجَاوُزِ وَ ضَمَّنَ نَفْسَهُ الْعَفْوَ وَ التَّجَاوُزَ یَا مَنْ عَفٰی وَ تَجَاوَزَ

اے وہ جس نے عفو و درگزر کا حکم دیا ہے اور خود کو عفو و درگزر کا ضامن قرار دیا ہے اے وہ جس نے معاف کیا اور درگزر کی مجھے معاف کر دے

اُعْفُ عَنِّیْ وَ تَجَاوَزْ یَا کَرِیْمُ اَللّٰھُمَّ وَ قَدْ اَکْدَی الطَّلَبُ وَ اَعْیَتِ الْحِیْلَةُ وَ الْمَذْھَبُ

اور درگزر فرما اے بزرگوار اے معبود! طلب نے مجھے مشقت میں ڈال دیا چارہ سازی ختم اور راستہ بند ہو گیا آرزوئیں پرانی ہوئیں اور

وَ دَرَسَتِ الْاٰمَالُ وَ انْقَطَعَ الرَّجَآءُ اِلَّا مِنْکَ وَحْدَکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَجِدُ سُبُلَ

امید ٹوٹ گئی مگر تجھ سے نہیں ٹوٹی تو ہی یکتا ہے تیرا کوئی ساجھی نہیں اے معبود! میں اپنے مقاصد کے راستے تیری طرف ہوئے پاتا ہوں

الْمَطَالِبِ اِلَیْکَ مُشْرَعَةً وَّ مَنَاھِلَ الرَّجَآءِ لَدَیْکَ مُتْرَعَةً وَّ اَبْوَابَ الدُّعَآءِ لِمَنْ دَعَاکَ

اور امید کے سرچشمے تیری طرف لبالب بھرے ہوئے ہیں اور جو تجھ سے دعا کرے اس کیلئے دعا کے دروازے کھلے ہوئے ہیں تجھ سے مدد کے

مُفَتَّحَةً وَّ الْاِسْتِعَانَةَ لِمَنِ اسْتَعَانَ بِکَ مُبَاحَةً وَّ اَعْلَمُ اَنَّکَ لِدَاعِیْکَ بِمَوْضِعِ اِجَابَةٍ

دروازے کھلے ہوئے ہیں تجھ سے مدد مانگنے والے کے لیے تیری مدد عام ہے اور میں جانتا ہوں کہ بے شک تو پکارنے والے کیلئے مرکز قبولیت

وَّ لِلصَّارِخِ اِلَیْکَ بِمَرْصَدِ اِغَاثَةٍ وَّ اَنَّ فِی اللَّھْفِ اِلٰی جُوْدِکَ وَ الضَّمَانِ بِعِدَتِکَ عِوَضًا

ہے تو فریاد کرنے والے کیلئے دادرسی کا ٹھکانہ ہے اور یقیناً تیری عطا میں رغبت اور تیرے وعدے پر اعتماد ہی ہے جو کنجوسوں کی طرف سے

مِّنْ مَّنْعِ الْبَاخِلِیْنَ وَ مَنْدُوْحَةً عَمَّا فِیْ اَیْدِی الْمُسْتَاْثِرِیْنَ وَ اَنَّکَ لَا تَحْتَجِبُ عَنْ خَلْقِکَ

رکاوٹ کا مداوا اور مالداروں کے قبضے میں آئے ہوئے مال پر رنج سے بچانے والا ہے بے شک تو اپنی مخلوق سے اوجھل نہیں ہے مگر بات یہ ہے

اِلَّا اَنْ تَحْجُبَھُمُ الْاَعْمَالُ دُوْنَکَ وَ قَدْ عَلِمْتُ اَنَّ اَفْضَلَ زَادِ الرَّاحِلِ اِلَیْکَ عَزْمُ اِرَادَةٍ

کہ ان کے برے اعمال نے ان کی آنکھوں پر پردہ ڈالا ہوا ہے اور میں جانتا ہوں کہ تیری طرف سفر کرنے والے کا بہترین زادراہ تجھے پا

یَّخْتَارُکَ بِھَا وَ قَدْ نَاجَاکَ بِعَزْمِ الْاِرَادَةِ قَلْبِیْ وَ اَسْئَلُکَ بِکُلِّ دَعْوَةٍ دَعَاکَ بِھَا رَاجٍ

لینے کا پکا ارادہ ہی ہے بے شک یکسوئی کے ساتھ تیری یاد میں لگا ہوا ہے اور میں تجھ سے سوال کرتا ہوں ایسی دعا کے ذریعے جو کسی امیدوار نے

بَلَّغْتَهٗ اَمَلَهٗ اَوْ صَارِخٌ اِلَیْکَ اَغَثْتَ صَرْخَتَهٗ اَوْ مَلْھُوْفٌ مَکْرُوْبٌ فَرَّجْتَ کَرْبَهٗ اَوْ مُذْنِبٌ

کی اور قبول ہوئی یا ایسے فریادی کی سی فریاد جس کی تو نے دادرسی کی ہے یا اس رنجیدہ دکھی کی سی فریاد جس کی تکلیف تو نے دور کی ہے یا ایسے

خَاطِئٌ غَفَرْتَ لَهٗ اَوْ مُعَافًی اَتْمَمْتَ نِعْمَتَکَ عَلَیْهِ اَوْ فَقِیْرٌ اَھْدَیْتَ غِنَاکَ اِلَیْهِ وَ لِتِلْکَ

خطاکار گنہگار کی سی پکار جسے تو نے بخش دیا ہے یا ایسے با آرام جیسی دعا جسے تو نے سب نعمتیں عطا کی ہیں یا اس محتاج جیسی دعا جسے تو نے دولت

اَلدَّعْوَةَ عَلَيْکَ حَقٌّ وَّ عِنْدَکَ مَنْزِلَةٌ اِلَّا صَلَّيْتَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ قَضَيْتَ

عطا کی ہے اور ایسی دعا جس نے تجھ پر اپنا حق پیدا کیا اور تیرے حضور گرامی ہوئی وہ یہی ہے کہ تو رحمت نازل فرما محمدؐ و آل محمدؐ پر اور دنیا و

حَوَآئِجِیْ حَوَآئِجَ الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ وَ هٰذَا رَجَبٌ نِ الْمُرَجَّبُ الْمُكَرَّمُ الَّذِیْ اَكْرَمْتَنَا بِهٖ

آخرت میں میری تمام حاجات پوری فرما اور یہ ماہ رجب ہے کہ عزت و شان والا ہے جس سے تو نے ہمیں سرفراز کیا جو

اَوَّلُ اَشْهُرِ الْحُرُمِ اَكْرَمْتَنَا بِهٖ مِنْ م بَيْنِ الْاُمَمِ يَا ذَا الْجُوْدِ وَ الْكَرَمِ فَنَسْئَلُکَ بِهٖ

حرمت والے مہینوں میں پہلا ہے اس سے تو نے ہمیں امتوں میں سے ممتاز کیا ہے اے عطا و بخشش کے مالک پس میں سوالی ہوا اس کے

وَ بِاسْمِکَ الْاَعْظَمِ الْاَعْظَمِ الْاَعْظَمِ الْاَجَلِّ الْاَكْرَمِ الَّذِیْ خَلَقْتَهٗ فَاسْتَقَرَّ فِیْ ظِلِّکَ فَلَا

واسطے سے اور تیرے نام کے ذریعے جو بہت بڑا بہت بڑا بہت ہی بڑا ہے روشن تر اور بزرگی والا کہ جسے تو نے خلق کیا پس وہ تیرے بلند سایہ

يَخْرُجُ مِنْکَ اِلٰی غَيْرِکَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اَهْلِ بَيْتِهٖ وَ تَجْعَلَنَا مِنَ الْعَامِلِيْنَ فِيْهِ

میں ٹھہرا اور تیرے ہاں سے کسی اور کی طرف نہیں گیا میں سوالی ہوں کہ رحمت فرما محمدؐ پر اور ان کے پاکیزہ تر اہل بیت پر اور ہمیں اپنی

بِطَاعَتِکَ وَ الْاٰمِلِيْنَ فِيْهِ بِشَفَاعَتِکَ اَللّٰهُمَّ وَاهْدِنَا اِلٰی سَوَآءِ السَّبِيْلِ وَ اجْعَلْ مَقِيْلَنَا

فرمانبرداری پر کاربند اور اپنی شفاعت کا طلبگار اور امیدوار بنا دے اے معبود! ہمیں راہ راست کی طرف ہدایت فرما اور ہماری روزمرہ زندگی

عِنْدَکَ خَيْرَ مَقِيْلٍ فِیْ ظِلٍّ ظَلِيْلٍ فَاِنَّکَ حَسْبُنَا وَ نِعْمَ الْوَكِيْلُ وَ السَّلَامُ عَلٰی عِبَادِهِ

کو اپنی جناب سے بہترین زندگی قرار دے جو تیرے بلند ترین سایہ میں ہو پس تو ہمارے لیے کافی اور بہترین کام بنانے والا ہے اور سلام ہو

الْمُصْطَفَيْنَ وَ صَلَوٰتُهٗ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ اَللّٰهُمَّ وَ بَارِکْ لَنَا فِیْ يَوْمِنَا هٰذَا الَّذِیْ فَضَّلْتَهٗ

اس خدا کے چنے ہوئے افراد پر اور ان سبھوں پر اس کی رحمت نازل ہو اے معبود! آج کا دن ہمارے لیے مبارک فرما کہ جسے تو نے فضیلت

وَ بِكَرَامَتِکَ جَلَّلْتَهٗ وَ بِالْمَنْزِلِ الْعَظِيْمِ الْاَعْلٰی اَنْزَلْتَهٗ صَلِّ عَلٰی مَنْ فِيْهِ اِلٰی عِبَادِکَ

دی اور اپنی مہربانی سے اس کو زیبائش دی اور اسے بلند تر مقام پر اتارا ہے اس دن میں اس ذات پر رحمت فرما جسے تو نے اپنے بندوں کی

اَرْسَلْتَهٗ وَ بِالْمَحَلِّ الْكَرِيْمِ اَحْلَلْتَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْهِ صَلٰوةً دَآئِمَةً تَكُوْنُ لَکَ شُكْرًا وَّ لَنَا

طرف رسول بنا کر بھیجا اور اسے عزت والی جگہ پر اتارا ہے اے معبود! رحمت فرما آنحضرتؐ پر ہمیشہ کی رحمت کہ جو تیرے شکر کا موجب بنے

ذُخْرًا وَّ اجْعَلْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا يُسْرًا وَّ اخْتِمْ لَنَا بِالسَّعَادَةِ اِلٰی مُنْتَهٰی اٰجَالِنَا وَ قَدْ قَبِلْتَ

اور ہمارے لیے ذخیرہ ہو اور ہمارے کاموں میں آسانی و سہولت قرار دے اور ہماری زندگیوں کو سعادت مندی و نیک بختی کے ساتھ انجام پر

الْيَسِيْرَ مِنْ اَعْمَالِنَا وَ بَلَّغْتَنَا بِرَحْمَتِكَ اَفْضَلَ اٰمَالِنَآ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَّ صَلَّى

پہنچایا اور تو نے کمتر اعمال کو شرف قبولیت بخشا ہے اور اپنی رحمت سے ہمیں اپنے مقاصد میں کامیاب کیا ہے بے شک تو ہر چیز پر قدرت رکھتا

اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَسَلَّمَ ۔(کتاب الاقبال والمصباح)

ہے اور درود و سلام ہو محمدؐ اور ان کی پاک و پاکیزہ آل پر۔

## رجب کا آخری دن

اس دن غسل کرنا، روزہ رکھنا اور جناب سلمان محمدیؓ والی وہ مخصوص نماز پڑھنا جس کا تذکرہ وطریقہ یکم رجب کے اعمال میں کیا جا چکا ہے بڑی فضیلت رکھتا ہے۔ واللّٰہ الموفق۔

## دوسری فصل

# ماہِ شعبان المعظم کی فضیلت اور اس کے اعمال کا تذکرہ

(۱) ماہ شعبان بڑی عظمت وجلالت والا مہینہ ہے اور یہ حضرت پیغمبر اسلام ﷺ کا مخصوص مہینہ ہے۔ آپؐ نے فرمایا: جو شخص اس مقدس مہینہ میں ایک روزہ بھی رکھے گا تو اس کے لیے جنت واجب ہو جائے گی۔ (مفاتیح الجنان)

(۲) مروی ہے کہ جب شعبان کا چاند نظر آجاتا تھا تو حضرت رسول خدا ﷺ کا منادی ندا کرتا تھا: اے یثرب والو! یہ میرا مہینہ ہے خدا اس بندہ پر رحم فرمائے جو میرے اس مہینہ میں روزہ رکھ کر میری اعانت کرے۔ حضرت امیر علیہ السلام بیان کرتے ہیں کہ جب سے میں نے پیغمبر اسلام ﷺ کے منادی کی یہ ندا سنی ہے میں نے کبھی ماہ شعبان کا کوئی روزہ ترک نہیں کیا اور نہ ہی آئندہ ترک کرنے کا ارادہ ہے۔ (زاد المعاد وغیرہ)



(۳) حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام بیان کرتے ہیں کہ جب شعبان کا چاند نظر آجاتا تھا تو حضرت امام زین العابدین علیہ السلام اپنے اصحاب واحباب کو جمع کر کے فرمایا کرتے تھے کہ تم جانتے ہو کہ یہ کون سا مہینہ ہے؟ پھر اپنے آباء واجداد کے سلسلۂ سند سے حضرت رسول خدا ﷺ کا یہ ارشاد نقل فرماتے تھے کہ یہ میرا مہینہ ہے لہذا جو شخص میری محبت اور تقرب خدا کی نیت سے اس میں روزہ رکھے گا تو خدا اسے اپنا قرب عطا فرمائے گا اور قیامت کے دن اسے عزت وتوقیر ملے گی اور جاگیر جنت اس کے لیے واجب ہو جائے گی۔ (مصباح کفعمی)

(۴) پیغمبر اسلام ﷺ سے مروی ہے فرمایا کہ شعبان میرا خاص مہینہ ہے لہذا تم اس میں مجھ پر اور میری آل پر درود بھیجو۔ اسی لیے اس مقدس مہینہ کو شفاعت کا مہینہ بھی کہا جاتا ہے کیونکہ آنحضرت ﷺ کا ارشاد ہے کہ جو شخص اس مہینہ میں آپؐ پر اور آپ کی آل پر درود وسلام بھیجے گا تو آپؐ اس کی شفاعت فرمائیں گے۔

(مجمع الحسنات)

## ماہ شعبان کے اعمالِ مشترکہ کا بیان

رجب کی طرح اس مقدس مدینہ کے اعمال بھی دو قسم کے ہیں: (۱) مشترکہ اور (۲) مخصوصہ۔ تو یہاں پہلے اسکے چند اہم اعمال مشترکہ کا تذکرہ کیا جاتا ہے۔ بعد ازاں چند اہم اعمال مخصوصہ کا تذکرہ کیا جائیگا انشاءاللہ۔

(۱) اس ماہ میں بہترین عمل صدقہ دینا اور استغفار کرنا ہے چنانچہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ جو شخص اس مقدس مہینہ میں کچھ صدقہ دے تو خدا اس کی اس طرح نشوونما کرتا ہے جس طرح تم اپنے جانور کے بچہ کی کرتے ہو حتیٰ کہ جب قیامت کے دن صدقہ دینے والا اس سے دوچار ہوگا تو وہ کوہِ احد کی مانند ہو چکا ہوگا۔ (مصباح المتہجد و زاد المعاد)

(۲) دوسرا بہترین عمل استغفار کرنا ہے۔ چنانچہ مروی ہے کہ اس مہینہ میں ستر مرتبہ استغفار کرنا دوسرے عام مہینوں میں ستر ہزار بار استغفار کرنے کے برابر ہے اور پھر یہ استغفار دو طرح وارد ہے:

(۱) ﴿اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَ اَسْئَلُهُ التَّوْبَةَ﴾ ستر بار۔ (زاد المعاد)۔

(۲) ﴿اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ وَ اَتُوْبُ اِلَیْهِ﴾ ستر بار۔ (ایضاً)



(۳) اس پورے مہینہ میں ایک ہزار بار ﴿لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰـهُ وَلَا نَعْبُدُ اِلَّا اِیَّاهُ مُخْلِصِیْنَ لَهُ الدِّیْنَ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ﴾ پڑھنے کی بڑی فضیلت وارد ہوئی ہے یہاں تک وارد ہے کہ ہزار مہینہ کی عبادت کا ثواب اس کے نامۂ اعمال میں لکھا جائے گا اور ایک ہزار مہینہ کے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے انشاء اللہ۔ (ایضاً)

(۴) بروایت حضرت امیر علیہ السلام پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ سے مروی ہے کہ ماہ شعبان کی ہر جمعرات کو آسمان سجائے جاتے ہیں لہذا جو شخص اس دن اس طرح دو رکعت نماز پڑھے کہ ہر رکعت میں الحمد کے بعد ایک سو مرتبہ قل ھو اللہ احد پڑھے اور سلام کے بعد ایک سو مرتبہ درود شریف پڑھے تو خدا اس کی دینی اور دنیاوی سو حاجتیں پوری کرے گا۔ (ایضاً)

(۵) یہ دعا حضرت امام زین العابدین علیہ السلام سے مروی ہے اور ماہ شعبان میں ہر روز زوال کے وقت اور نیمۂ شعبان کی رات پڑھی جاتی ہے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ شَجَرَةِ النُّبُوَّةِ وَ مَوْضِعِ الرِّسَالَةِ وَ مُخْتَلَفِ

اے معبود! رحمت نازل فرما محمدؐ اور آل محمدؐ پر جو نبوت کا درخت رسالت کا مقام فرشتوں کی آمد و رفت کی جگہ علم کے خزانے اور خانہ وحی

الْمَلٰٓئِكَةِ وَ مَعْدِنِ الْعِلْمِ وَ اَهْلِ بَيْتِ الْوَحْيِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ

میں رہنے والے ہیں اے معبود! رحمت نازل فرما محمدؐ و آل محمدؐ پر جو بے پناہ بھنوروں میں چلتی ہوئی کشتی ہیں کہ بچ جائے گا جو اس میں

الْفُلْكِ الْجَارِيَةِ فِى اللُّجَجِ الْغَامِرَةِ يَاْمَنُ مَنْ رَّكِبَهَا وَ يَغْرَقُ مَنْ تَرَكَهَا الْمُتَقَدِّمُ لَهُمْ

سوار ہوا اور غرق ہو گا جو اسے چھوڑ دے ان سے آگے نکلنے والا دین سے خارج اور ان کے پیچھے رہ جانے والا نابود ہو جائے گا اور ان

مَارِقٌ وَّ الْمُتَاَخِّرُ عَنْهُمْ زَاهِقٌ وَّ اللَّازِمُ لَهُمْ لَاحِقٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ

کے ساتھ رہنے والا حق تک پہنچے گا اے معبود! رحمت نازل فرما محمدؐ و آل محمدؐ پر جو پائیدار جائے پناہ

الْكَهْفِ الْحَصِيْنِ وَ غِيَاثِ الْمُضْطَرِّ الْمُسْتَكِيْنِ وَ مَلْجَاِ الْهَارِبِيْنَ وَ عِصْمَةِ

اور پریشان و بے چارہ کی فریاد کو پہنچنے والے بھاگے ڈرتے کے لیے جائے امان اور ساتھ رہنے والوں

الْمُعْتَصِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ صَلٰوةً كَثِيْرَةً تَكُوْنُ لَهُمْ رِضًا وَّ لِحَقِّ



کے نگہدار ہیں اے معبود! رحمت نازل فرما محمدؐ و آل محمدؐ پر بہت بہت رحمت کہ جو ان کے لیے وجہ خوشنودی اور محمدؐ و آل

مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ اَدَآءً وَّ قَضَآءً بِحَوْلٍ مِّنْكَ وَ قُوَّةٍ يَّا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

محمدؐ کے واجب حق کی ادائیگی اور اس کے پورا ہونے کا موجب بنے تیری قوت و طاقت سے اے جہانوں کے پروردگار اے معبود!

مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ نِ الطَّيِّبِيْنَ الْاَبْرَارِ الْاَخْيَارِ الَّذِيْنَ اَوْجَبْتَ حُقُوْقَهُمْ وَ فَرَضْتَ

رحمت نازل فرما محمدؐ اور آل محمدؐ پر جو پاکیزہ تر خوش کردار نیکوکار ہیں جن کے حقوق تو نے واجب کیے اور تو نے ان کی اطاعت اور

طَاعَتَهُمْ وَ وِلَايَتَهُمْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاعْمُرْ قَلْبِىْ بِطَاعَتِكَ وَلَا

دوستی کو فرض قرار دیا ہے اے معبود! رحمت نازل فرما محمدؐ اور آل محمدؐ پر اور میرے دل کو اپنی اطاعت سے آباد فرما اپنی نافرمانی سے مجھے

تُخْزِنِىْ بِمَعْصِيَتِكَ وَارْزُقْنِىْ مُوَاسَاةَ مَنْ قَتَّرْتَ عَلَيْهِ مِنْ رِّزْقِكَ بِمَا وَسَّعْتَ عَلَيَّ مِنْ

رسوا و خوار نہ کر اور جس کے رزق میں تو نے تنگی کی ہے مجھے اس سے ہمدردی کرنے کی توفیق دے کیونکہ تو نے اپنے فضل سے میرے

فَضْلِكَ وَ نَشَرْتَ عَلَيَّ مِنْ عَدْلِكَ وَ اَحْيَيْتَنِىْ تَحْتَ ظِلِّكَ وَ هٰذَا شَهْرُ نَبِيِّكَ سَيِّدِ

رزق میں فراخی کی مجھ پر اپنے عدل کا چھتر پھیلایا اور مجھے اپنے سایہ تلے زندہ رکھا ہے اور یہ مہینہ تیرے نبی کا ہے

رُسُلِکَ شَعْبَانُ الَّذِیْ حَفَفْتَہٗ مِنْکَ بِالرَّحْمَۃِ وَ الرِّضْوَانِ الَّذِیْ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی

جو تیرے رسولوں کے سردار ہیں یہ ماہ شعبان جسے تو نے اپنی رحمت اور رضامندی کے ساتھ گھیرا ہوا ہے یہ وہی مہینہ ہے جس میں حضرت رسول صلی

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ اٰلِہٖ وَسَلَّمَ یَدْاَبُ فِیْ صِیَامِہٖ وَ قِیَامِہٖ فِیْ لَیَالِیْہِ وَ اَیَّامِہٖ بُخُوْعًا لَّکَ فِیْ اِکْرَامِہٖ

اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی فروتنی سے دنوں میں روزے رکھتے اور راتوں اور دنوں میں صلوۃ وقیام کیا کرتے تھے تیری فرمانبرداری اور اس مہینے کے مراتب

وَ اِعْظَامِہٖ اِلٰی مَحَلِّ حِمَامِہٖ اَللّٰھُمَّ فَاَعِنَّا عَلَی الْاِسْتِنَانِ بِسُنَّتِہٖ فِیْہِ وَ نَیْلِ الشَّفَاعَۃِ لَدَیْہِ

و درجات کے باعث وہ زندگی بھر ایسا ہی کرتے رہے اے معبود پس اس مہینے میں ہمیں ان کی سنت کی پیروی اور ان کی شفاعت کے حصول میں

اَللّٰھُمَّ وَاجْعَلْہُ لِیْ شَفِیْعًا مُّشَفَّعًا وَّ طَرِیْقًا اِلَیْکَ مَھْیَعًا وَّ اجْعَلْنِیْ لَہٗ مُتَّبِعًا حَتّٰی اَلْقَاکَ یَوْمَ

مدد عطا فرما اے معبود آنحضرت کو میرا شفیع بنا جن کی شفاعت مقبول ہے اور انہیں میرے لیے اپنی طرف کھلا راستہ قرار دے مجھے ان کا سچا

الْقِیٰمَۃِ عَنِّیْ رَاضِیًا وَّ عَنْ ذُنُوْبِیْ غَاضِیًا قَدْ اَوْجَبْتَ لِیْ مِنْکَ الرَّحْمَۃَ وَ الرِّضْوَانَ وَ

پیروکار بنا دے یہاں تک کہ میں روز قیامت تیرے حضور پیش ہوں جبکہ تو مجھ سے راضی ہو اور میرے گناہوں سے چشم پوشی کرے ایسے میں تو نے

اَنْزَلْتَنِیْ دَارَ الْقَرَارِ وَ مَحَلَّ الْاَخْیَارِ



میرے لیے اپنی رحمت اور خوشنودی لازم کر رکھی ہو اور مجھے دار القرار اور صالح لوگوں کے ساتھ قیام کرنے کی رعایت دے۔

# ماہ شعبان کے اعمال مخصوصہ کا بیان

## شعبان کی پہلی رات

(۱) ماہ شعبان کی پہلی رات میں پیغمبر اسلام ﷺ سے مخصوص طریقہ پر دو رکعت نماز پڑھنا وارد ہے کہ ہر رکعت میں الحمد ایک بار اور اس کے بعد سورہ قل ھو اللہ احد تیں بار پڑھے اور سلام کے بعد یہ کہے: ﴿اَللّٰھُمَّ ھٰذَا عَھْدِیْ عِنْدَکَ﴾ فرمایا: جو شخص یہ عمل کرے گا وہ شیطان اور اس کے انصار و اعوان کے شر سے محفوظ رہے گا اور اسے صدیقین کا اجر و ثواب عطا کیا جائے گا۔ (کتاب الدعا و الزیارہ)

## شعبان کی پہلی تاریخ

(۱) یکم ماہ شعبان کا روزہ رکھنے کی بڑی فضیلت وارد ہوئی ہے حتیٰ کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ اس شخص کے لیے جنت واجب ہے۔ (زاد المعاد)



کتاب مفاتیح الجنان میں محدث نوری کی کتاب کلمہ طیبہ کے حوالہ سے ایک طویل و عریض روایت نقل کی گئی ہے جو کہ پانچ صفحات پر مشتمل ہے جس میں اس دن نیکی کرنے، صدقہ دینے، خلق و خالق کا کوئی حق ادا کرنے کی بے حساب فضیلت اور اس دن کوئی برا کام کرنے کی بے حد رذیلت بیان کی گئی ہے یہاں اس کے نقل کرنے کی گنجائش نہیں ہے۔ شائقین تفصیل کتاب مذکور کی طرف رجوع کریں البتہ اہل ایمان کو چاہیئے کہ اس مبارک دن میں زیادہ سے زیادہ نیک عمل بجا لائیں اور اس دن ہر قسم کے برے کام کرنے سے اپنے آپ کو بچائیں۔ و اللہ الموفق۔

## تیسری یا پانچویں شعبان

بنا بر مشہور ۳ شعبان ۴ھ کو بمقام مدینہ منورہ حضرت امام حسین علیہ السلام کی ولادت باسعادت واقع ہوئی۔ (ارشاد شیخ مفیدؒ وغیرہ) مگر تحقیقی قول کے مطابق ۵ شعبان ۴ھ میں واقع ہوئی۔ (اصول کافی وغیرہ)

لہٰذا اس دن امام عالی مقام علیہ السلام کا جشن میلاد منانا چاہیئے اور یہ دعا بھی پڑھنی چاہیئے جو حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام کے وکیل قاسم بن علا ہمدانی کی طرف سے جاری ہوئی ہے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ بِحَقِّ الۡمَوۡلُوۡدِ فِیۡ هٰذَا الۡيَوۡمِ الۡمَوۡعُوۡدِ بِشَهَادَتِهٖ قَبۡلَ اسۡتِهۡلَالِهٖ وَ

اے معبود! بے شک میں تجھ سے سوال کرتا ہوں بواسطہ آج کے دن پیدا ہونے والے مولود کے کہ جس کے پیدا ہونے اور دنیا میں آنے سے

وِلَادَتِهٖ بَکَتۡهُ السَّمَآءُ وَ مَنۡ فِيۡهَا وَالۡاَرۡضُ وَمَنۡ عَلَيۡهَا وَلَمَّا يَطَاُ لَابَتَيۡهَا قَتِيۡلِ الۡعَبۡرَةِ وَ

پہلے اس سے شہادت کا وعدہ لیا گیا، رویا ہے اس پر آسمان اور جو کچھ اس میں ہے اور روئی زمین اور جو کچھ اس پر ہے جبکہ اس نے زمین مدینہ

سَيِّدِ الۡاُسۡرَةِ الۡمَمۡدُوۡدِ بِالنُّصۡرَةِ يَوۡمَ الۡکَرَّةِ الۡمُعَوَّضِ مِنۡ قَتۡلِهٖ اَنَّ الۡاَئِمَّةَ مِنۡ نَسۡلِهٖ وَ

پر قدم نہ رکھا تھا وہ گریہ والا شہید اور کامیاب و کامران خاندان کا سید و سردار ہے رجعت کے دن، یہ اس کی شہادت کا بدلہ ہے کہ پاک آئمہ

الشِّفَآءَ فِیۡ تُرۡبَتِهٖ وَالۡفَوۡزَ مَعَهٗ فِیۡ اَوۡبَتِهٖ وَالۡاَوۡصِيَآءَ مِنۡ عِتۡرَتِهٖ بَعۡدَ قَآئِمِهِمۡ وَ غَيۡبَتِهٖ حَتّٰی

اس کی اولاد میں سے ہوئے اس کی خاک قبر میں شفاء ہے اور اس کی بازگشت میں کامیابی اسی کیلئے ہے اور اوصیاء اسی کی اولاد میں ہیں

يُدۡرِکُوا الۡاَوۡتَارَ وَ يَثۡاَرُوا الثَّارَ وَيُرۡضُوا الۡجَبَّارَ وَيَکُوۡنُوۡا خَيۡرَ اَنۡصَارٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيۡهِمۡ

کہ ان میں سے قائم غیبت ختم ہونے کے بعد وہ اپنے خونوں کا بدلہ اور انتقام لے کر تلافی کرنے والے خدا کو راضی کریں گے اور

مَعَ اخۡتِلَافِ اللَّيۡلِ وَ النَّهَارِ اَللّٰهُمَّ فَبِحَقِّهِمۡ اِلَيۡکَ اَتَوَسَّلُ وَ اَسۡئَلُ سُؤَالَ مُقۡتَرِفٍ

بہترین مددگار ثابت ہوں گے درود ہو ان سب پر جب تک رات دن آتے جاتے رہیں گے اے معبود ان کے حق جو تجھ پر ہے اسے وسیلہ

مُعۡتَرِفٍ مُسِيۡءٍ اِلٰی نَفۡسِهٖ مِمَّا فَرَّطَ فِیۡ يَوۡمِهٖ وَ اَمۡسِهٖ يَسۡئَلُکَ الۡعِصۡمَةَ اِلٰی مَحَلِّ

بناتا ہوں اور سوال کرتا ہوں اپنا گناہ تسلیم کرنے والے کی طرح کہ جس نے اپنے نفس سے برائی کی ہے آج کے دن اور گزری ہوئی رات

رَمۡسِهٖ اَللّٰهُمَّ فَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عِتۡرَتِهٖ وَاحۡشُرۡنَا فِیۡ زُمۡرَتِهٖ وَ بَوِّئۡنَا مَعَهٗ دَارَ الۡکَرَامَةِ

میں تو وہ سوال کرتا ہے اپنی موت کے دن تک کیلئے اے معبود! پس رحمت فرما محمدؐ اور ان کے خاندان پر اور ہمیں ان کے گروہ میں محشور فرما اور

وَ مَحَلَّ الۡاِقَامَةِ اَللّٰهُمَّ وَ کَمَآ اَکۡرَمۡتَنَا بِمَعۡرِفَتِهٖ فَاَکۡرِمۡنَا بِزُلۡفَتِهٖ وَ ارۡزُقۡنَا مُرَافَقَتَهٗ وَ

ہمیں بزرگی والے گھر اور جائے قیام کے سلسلے میں ان کے ساتھ جگہ دے اے معبود جیسے تو نے انکی معرفت کے ساتھ ہمیں عزت دی اسی طرح ان

سَابِقَتَهٗ وَاجۡعَلۡنَا مِمَّنۡ يُّسَلِّمُ لِاَمۡرِهٖ وَ يُکۡثِرُ الصَّلٰوةَ عَلَيۡهِ عِنۡدَ ذِکۡرِهٖ وَ عَلٰی جَمِيۡعِ

کے تقرب سے بھی نواز اور ہمیں ان کی رہنمائی عطا کر اور ان کی ہمراہی نصیب فرما ہمیں ان لوگوں میں قرار دے جو ان کا حکم مانتے اور ان کے ذکر

اَوْصِیَآئِہٖ وَ اَھْلِ اَصْفِیَائِہِ الْمَمْدُوْدِیْنَ مِنْکَ بِالْعَدَدِ الْاِثْنَیْ عَشَرَ النُّجُوْمِ الزُّھْرِ وَ

کے وقت ان پر بکثرت درود بھیجتے ہیں نیز ان کے سارے جانشینوں پر اور برگزیدہ اہل خاندان پر جن کی تعداد تو نے بارہ تک پورا فرمایا ہے جو چمکتے

الْحُجَجِ عَلٰی جَمِیْعِ الْبَشَرِ اَللّٰھُمَّ وَھَبْ لَنَا فِیْ ھٰذَا الْیَوْمِ خَیْرَ مَوْھِبَۃٍ وَّ اَنْجِحْ لَنَا فِیْہِ

ہوئے ستارے ہیں اور وہ تمام انسانوں پر خدا کی حجتیں ہیں اے معبود! آج کے دن ہمیں بہترین عطاؤں سے سرفراز فرما اور ہماری بھی حاجات پوری

کُلَّ طَلِبَۃٍ کَمَا وَھَبْتَ الْحُسَیْنَ لِمُحَمَّدٍ جَدِّہٖ وَ عَاذَ فُطْرُسُ بِمَھْدِہٖ نَحْنُ عَآئِذُوْنَ

کردے جیسے تو نے حسینؑ کے نانا حضرت محمدؐ کو خود حسینؑ عطا فرمائے تھے اور فطرس نے ان کے گہوارے کی پناہ لی پس ہم ان کے روضہ کی پناہ

بِقَبْرِہٖ مِنْ م بَعْدِہٖ نَشْھَدُ تُرْبَتَہٗ وَ نَنْتَظِرُ اَوْبَتَہٗ اٰمِیْنَ رَبَّ الْعَالَمِیْنَ .

لیتے ہیں ان کے بعد ہم ان کے روضہ کی زیارت کرتے ہیں اور ان کی رجعت کے منتظر ہیں ایسا ہی ہو اے جہانوں کے پالنے والے۔

اس کے بعد وہ دعا پڑھی جائے جو حضرت امام حسین علیہ السلام نے میدانِ کربلا میں عاشوراء کے دن اس وقت پڑھی تھی جب آپ نرغۂ اعداء میں گھرے ہوئے تھے:

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ مُتَعَالِی الْمَکَانِ عَظِیْمُ الْجَبَرُوْتِ شَدِیْدُ الْمِحَالِ غَنِیٌّ عَنِ الْخَلَآئِقِ عَرِیْضُ

اے معبود! تو بلند تر منزلت رکھتا ہے تو بڑے ہی غلبے والا ہے زبردست طاقت والا مخلوقات سے بے نیاز بے حد حساب

الْکِبْرِیَآءِ قَادِرٌ عَلٰی مَا تَشَآءُ قَرِیْبُ الرَّحْمَۃِ صَادِقُ الْوَعْدِ سَابِغُ النِّعْمَۃِ حَسَنُ الْبَلَاءِ

بڑائی والا جو چاہے اس پر قادر رحمت کرنے میں قریب وعدے میں سچا کامل نعمتوں والا بہترین آزمائش کرنے والا تو قریب

قَرِیْبٌ اِذَا دُعِیْتَ مُحِیْطٌ بِمَا خَلَقْتَ قَابِلُ التَّوْبَۃِ لِمَنْ تَابَ اِلَیْکَ قَادِرٌ عَلٰی مَآ

ہے جب پکارا جائے جس کو پیدا کیا تو اسے گھیرے ہوئے ہوئے ہے تو اس کی توبہ قبول کرتا جو توبہ کرے تو جو ارادہ کرے اس پر

اَرَدْتَ وَ مُدْرِکٌ مَا طَلَبْتَ وَ شَکُوْرٌ اِذَا شُکِرْتَ وَ ذَکُوْرٌ اِذَا ذُکِرْتَ اَدْعُوْکَ

قادر ہے جسے تو طلب کرے اسے پالینے والا ہے اور جب تیرا شکر کیا جائے تو قدر کرتا ہے تجھے یاد کیا جائے تو بھی یاد کرتا ہے

مُحْتَاجًا وَّ اَرْغَبُ اِلَیْکَ فَقِیْرًا وَّ اَفْزَعُ اِلَیْکَ خَآئِفًا وَّ اَبْکِیْٓ اِلَیْکَ مَکْرُوْبًا

میں حاجت مندی میں تجھے پکارتا اور مفلسی میں تیری رغبت کرتا ہوں تیرے خوف سے گھبراتا ہوں مصیبت میں تیرے آگے روتا

وَّاَسْتَعِیْنُ بِکَ ضَعِیْفًا وَّ اَتَوَکَّلُ عَلَیْکَ کَافِیًا اُحْکُمْ بَیْنَنَا وَ بَیْنَ قَوْمِنَا فَاِنَّھُمْ غَرُّوْنَا

ہوں کمزوری کے باعث تجھ سے مدد مانگتا ہوں تجھے کافی جان کر توکل کرتا ہوں فیصلہ کردے ہمارے اور ہماری قوم کے بیچ کر

خَدَعُوْنَا وَ خَذَلُوْنَا وَ غَدَرُوْا بِنَا وَ قَتَلُوْنَا وَ نَحْنُ عِتْرَةُ نَبِیِّکَ وَ وَلَدُ حَبِیْبِکَ مُحَمَّدِ

انہوں نے ہمیں فریب دیا اور ہم سے دھوکا کیا ہمیں چھوڑ دیا اور بے وفائی کی اور ہمیں قتل کیا جبکہ ہم تیرے نبیؐ کا گھرانہ اور

بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ الَّذِیْ اصْطَفَیْتَہُ بِالرِّسَالَۃِ وَائْتَمَنْتَہُ عَلٰی وَحْیِکَ فَاجْعَلْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا

تیرے حبیب محمدؐ بن عبداللہ کی اولاد ہیں جن کو تو نے تبلیغ رسالت کے لئے چنا اور انہیں اپنی وحی کا امین بنایا پس اس معاملے میں

فَرَجًا وَّ مَخْرَجًا بِرَحْمَتِکَ یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

ہمیں کشادگی اور فراخی دے اپنی رحمت سے اے سب سے زیادہ رحم والے۔

## تیرہویں شعبان کی رات

یہ شعبان کی شب ہائے بیض (روشن راتوں) میں سے پہلی رات ہے اور ان راتوں میں پڑھی جانے والی نمازوں کی کیفیت رجب کی شب ہائے بیض میں گزر چکی ہے۔اس مقام کی طرف رجوع کر کے اس کے مطابق عمل کیا جائے۔



## نیمۂ شعبان کی رات

یہ رات بڑی متبرک ہے۔حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام اپنے والد ماجد علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں کہ آپؑ نے فرمایا: یہ رات لیلۃ القدر کے علاوہ باقی تمام راتوں سے افضل ہے۔لہٰذا اس رات میں عبادتِ خدا کر کے اس کا تقرب حاصل کرنا چاہیئے کیونکہ اس رات خداوند عالم اپنے بندوں پر اپنا خاص فضل و کرم فرماتا ہے۔ اور ان کے گناہ معاف فرماتا ہے اور بہت سی روایات میں وارد ہے کہ خدائے علیم و حکیم اس رات سال بھر میں ہونے والے واقعات لکھتا ہے۔جب کہ اکثر حدیثوں میں یہ وارد ہے کہ یہ واقعات لیلۃ القدر میں لکھے جاتے ہیں اور علماء محققین نے ان روایات میں اس طرح جمع کی ہے کہ سال بھر کے واقعات کا ابتدائی خاکہ اس رات تیار کیا جاتا ہے اور ان میں رنگ لیلۃ القدر میں بھرا جاتا ہے یعنی ان کی آخری منظوری لیلۃ القدر میں دی جاتی ہے۔بہر حال جس چیز نے اس رات کی عظمت و اہمیت کو مزید اجاگر کیا ہے اور اس کی جلالت قدر میں اضافہ کیا ہے وہ یہ ہے کہ اس رات کو آخری حجت خدا یعنی امام العصر و الزمان عجل اللہ تعالیٰ فرجہٗ الشریف کی ولادت باسعادت کا شرف حاصل ہے جو ۲۵۵ھ بوقت صبح صادق بمقام سامراء عراق میں واقع ہوئی۔

## اس رات کے مخصوص اعمال یہ ہیں

(۱) غسل کرنا جو کہ تخفیف گناہان کا ذریعہ ہے۔

(۲) اس رات کو جاگ کر نماز، دعا اور توبہ و استغفار میں گزارنا چنانچہ حضرت امام زین العابدین علیہ السلام سے مروی ہے کہ جو شخص یہ رات بیدار رہے گا تو اس کا دل اس (قیامت کے) دن نہیں مرے گا جبکہ عام لوگوں کے دل مر جائیں گے۔(زاد المعاد)

(۳) حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت کرنا جیسا کہ باب الزیارات میں اس رات کی مخصوص زیارت بیان کی جائے گی جو کہ بخشش گناہان کا ذریعہ ہے۔

(۴) اس رات وہ دعا پڑھنا جو حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے اسماعیل بن فضل ہاشمی کو تعلیم فرمائی تھی جو یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ الْخَالِقُ الرَّازِقُ الْمُحْیِی الْمُمِیْتُ الْبَدِیْءُ

اے معبود! تو زندہ و پائندہ وبلند تر بزرگ تر خلق کرنے والا رزق دینے والا زندہ کرنے موت دینے والا آغاز کرنے ایجاد کرنے

الْبَدِیْعُ لَکَ الْجَلَالُ وَ لَکَ الْفَضْلُ وَ لَکَ الْحَمْدُ وَ لَکَ الْمَنُّ وَ لَکَ الْجُوْدُ وَ

والا ہے تیرے لیے جلالت اور تیرے ہی لیے بزرگی ہے تیری ہی حمد ہے اور تو ہی احسان والا تو ہی سخاوت والا ہے تو ہی صاحب

لَکَ الْکَرَمُ وَ لَکَ الْاَمْرُ وَ لَکَ الْمَجْدُ وَ لَکَ الشُّکْرُ وَحْدَکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ

کرم اور تو ہی امر کا مالک ہے تو ہی شان والا اور تو ہی لائق شکر ہے تو یکتا ہے تیرا کوئی ساجھی نہیں ہے اے یکتا اے یگانہ اے بے

یَا وَاحِدُ یَآ اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا مَنْ لَّمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ صَلِّ عَلٰی

نیاز اے وہ جس نے نہ کسی کو جنا اور نہ وہ جنا گیا اور نہ کوئی اس کا ہمسر ہو سکتا ہے رحمت فرما حضرت محمدؐ اور آل محمدؐ پر اور مجھے بخش

مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ وَاکْفِنِیْ مَآ اَھَمَّنِیْ وَاقْضِ دَیْنِیْ وَ وَسِّعْ عَلَیَّ

دے مجھ پر رحمت فرما کٹھن کاموں میں میری کفایت فرما میرا قرض ادا کر دے میرے رزق میں کشائش فرما کر تو اسی رات میں ہر

فِیْ رِزْقِیْ فَاِنَّکَ فِیْ ھٰذِہِ اللَّیْلَۃِ کُلَّ اَمْرٍ حَکِیْمٍ تَفْرُقُ وَمَنْ تَشَآءُ مِنْ خَلْقِکَ تَرْزُقُ

حکمت والے کام کی تدبیر کرتا ہے اور اپنی مخلوق میں سے جسے چاہے رزق روزی دیتا ہے پس مجھے بھی رزق دے کیونکہ تو ہی سب

فَارْزُقْنِیْ وَ اَنْتَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ فَاِنَّکَ قُلْتَ وَ اَنْتَ خَیْرُ الْقَآئِلِیْنَ النَّاطِقِیْنَ وَاسْئَلُوا

سے بہتر رزق دینے والا ہے یقیناً یہ تیرا ہی فرمان ہے اور تو بہتر ہے سب کہنے والوں بولنے والوں میں کہ مانگو اللہ تعالیٰ سے اس

اَللّٰہَ مِنْ فَضْلِہٖ فَمِنْ فَضْلِکَ اَسْئَلُ وَ اِیَّاکَ قَصَدْتُ وَابْنَ نَبِیِّکَ اعْتَمَدْتُ وَلَکَ

کے فضل میں سے پس میں تیرے فضل کا سوال کرتا ہوں اور بس تیرا ہی ارادہ رکھتا ہوں تیرے نبی کے فرزند کو اپنا سہارا بناتا ہوں

رَجَوْتُ فَارْحَمْنِیْ یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

اور تجھی سے امید رکھتا ہوں پس رحم فرما مجھ پر اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

(۵) وہ دعا پڑھنا جو حضرت رسول خدا ﷺ پڑھتے تھے:

اَللّٰھُمَّ اقْسِمْ لَنَا مِنْ خَشْیَتِکَ مَا یَحُوْلُ بَیْنَنَا وَ بَیْنَ مَعْصِیَتِکَ وَ مِنْ

اے معبود! ہمیں اپنے خوف کا اتنا حصہ دے جو ہمارے اور ہماری طرف سے تیری نافرمانی کے درمیان رکاوٹ بن جائے اور

طَاعَتِکَ مَا تُبَلِّغُنَا بِہٖ رِضْوَانَکَ وَ مِنَ الْیَقِیْنِ مَا یَھُوْنُ عَلَیْنَا بِہٖ مُصِیْبَاتُ الدُّنْیَا

فرمانبرداری سے اتنا حصہ دے کہ اس سے ہم تیری خوشنودی حاصل کرسکیں اور اتنا یقین عطا کر کہ جس کی بدولت دنیا کی تکلیفیں

اَللّٰھُمَّ اَمْتِعْنَا بِاَسْمَاعِنَا وَ اَبْصَارِنَا وَ قُوَّتِنَا مَآ اَحْیَیْتَنَا وَ اجْعَلْہُ الْوَارِثَ مِنَّا

ہمیں سبک معلوم ہوں اے معبود! جب تک تو ہمیں زندہ رکھے ہمیں ہمارے کانوں، آنکھوں اور قوت سے مستفید فرما اور اس قائم کو

وَاجْعَلْ ثَارَنَا عَلٰی مَنْ ظَلَمَنَا وَانْصُرْنَا عَلٰی مَنْ عَادَانَا وَلَا تَجْعَلْ مُصِیْبَتَنَا

ہمارا وارث بنا اور ان سے بدلہ لینے والا قرار دے جنہوں نے ہم پر ظلم کیا ہمارے دشمنوں کے خلاف ہماری مدد فرما اور ہمارے دین

فِیْ دِیْنِنَا وَلَا تَجْعَلِ الدُّنْیَآ اَکْبَرَ ھَمِّنَا وَلَا مَبْلَغَ عِلْمِنَا وَلَا تُسَلِّطْ عَلَیْنَا

میں ہمارے لیے کوئی مصیبت نہ لا اور ہماری ہمت اور ہمارے علم کے لیے دنیا کو بڑا مقصد قرار نہ دے اور ہم پر اس شخص کو غالب نہ

مَنْ لَّا یَرْحَمُنَا بِرَحْمَتِکَ یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

کر جو ہم پر رحم نہ کرے واسطہ تیری رحمت کا اے سب سے زیادہ رحم والے۔

(۶) دعائے کمیل پڑھنا جس کا پڑھنا اس رات اور شب ہائے جمعہ میں خصوصی طور پر وارد ہے جو باب ۶ میں (صفحہ نمبر ۱۲۶ پر) ذکر کی جاچکی ہے لہٰذا اس مقام کی طرف رجوع کیا جائے۔

(۷) شیخ طوسی علیہ الرحمہ ابو یحییٰ سے روایت کرتے ہیں۔ موصوف کا بیان ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے دریافت کیا کہ شب نیمۂ شعبان میں بہترین عمل اور دعا کون سی ہے؟ فرمایا: نماز عشاء کے

بعد اس طرح دو رکعت نماز پڑھے، پہلی رکعت میں الحمد کے بعد سورۂ کافرون اور دوسری رکعت میں الحمد کے بعد سورۂ توحید پڑھے اور سلام کے بعد ٣٣ بار ﴿سُبْحَانَ اللّٰہِ﴾ ٣٣ بار ﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ﴾ اور ٣٤ بار ﴿اَللّٰہُ اَکْبَرُ﴾ اس کے بعد یہ دعا پڑھے:

یَا مَنْ اِلَیْهِ مَلْجَأُ الْعِبَادِ فِی الْمُهِمَّاتِ وَ اِلَیْهِ یَفْزَعُ الْخَلْقُ فِی الْمُلِمَّاتِ یَا عَالِمَ الْجَهْرِ وَ

اے وہ جو مشکل کاموں میں بندوں کی پناہ گاہ ہے اور جس کی طرف لوگ ہر مصیبت کے وقت فریادی ہوتے ہیں اے سب ظاہر اور چھپی

الْخَفِیَّاتِ یَا مَنْ لَا تَخْفٰی عَلَیْهِ خَوَاطِرُ الْاَوْهَامِ وَ تَصَرُّفُ الْخَطَرَاتِ یَا رَبَّ الْخَلَائِقِ وَ

ہوئی چیزوں کے جاننے والے اے وہ جس پر لوگوں کے وہم و خیال اور دلوں میں گردش کرنے والے اندیشے بھی پوشیدہ نہیں اے مخلوقات و

الْبَرِیَّاتِ یَا مَنْ بِیَدِهٖ مَلَکُوْتُ الْاَرَضِیْنَ وَ السَّمٰوٰتِ اَنْتَ اللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنْتَ اَمُتُّ

موجودات کے پروردگار اے وہ ذات کہ زمینوں و آسمانوں کی حکمرانی جس کے قبضۂ قدرت میں ہے تو ہی معبود ہے نہیں کوئی معبود سوائے

اِلَیْکَ بِلَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنْتَ فَیَا لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنْتَ اجْعَلْنِیْ فِیْ هٰذِهِ اللَّیْلَةِ مِمَّنْ نَظَرْتَ اِلَیْهِ

تیرے میں تیری طرف متوجہ ہوں اس لیے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں پس اے وہ کہ نہیں کوئی معبود مگر تو ہی ہے اس رات میں مجھے ان



فَرَحِمْتَهٗ وَ سَمِعْتَ دُعَائَهٗ فَاَجَبْتَهٗ وَ عَلِمْتَ اسْتِقَالَتَهٗ فَاَقَلْتَهٗ وَ تَجَاوَزْتَ عَنْ سَالِفِ

لوگوں میں قرار دے جن پر تو نے نظر فرمائی تو نے ان پر مہربانی کی ان کی دعا سنی تو نے اسے شرف قبولیت بخشا تو ان کی پشیمانی سے آگاہ ہوا

خَطِیْئَتِهٖ وَ عَظِیْمِ جَرِیْرَتِهٖ فَقَدِ اسْتَجَرْتُ بِکَ مِنْ ذُنُوْبِیْ وَ لَجَاْتُ اِلَیْکَ فِیْ سَتْرِ

تو انہیں معاف کر دیا اور ان کے سب پچھلے گناہوں اور بڑے بڑے جرائم پر عفو و درگزر سے کام لیا پس میں اپنے گناہوں سے تیری پناہ کا

عُیُوْبِیْ اَللّٰهُمَّ فَجُدْ عَلَیَّ بِکَرَمِکَ وَ فَضْلِکَ وَاحْطُطْ خَطَایَایَ بِحِلْمِکَ وَ عَفْوِکَ

طالب ہوں اور اپنے عیبوں کی پردہ پوشی کے لئے تجھ سے التجا کرتا ہوں اے معبود مجھ پر اپنے فضل اور کرم سے عطا و بخشش فرما اور اپنی نرم

وَ تَغَمَّدْنِیْ فِیْ هٰذِهِ اللَّیْلَةِ بِسَابِغِ کَرَامَتِکَ وَاجْعَلْنِیْ فِیْهَا مِنْ اَوْلِیَآئِکَ الَّذِیْنَ

خوئی اور درگزر کے ذریعے میری خطائیں بخش دے اس رات میں مجھ کو اپنے انتہائی کرم کے سائے تلے لے لے اور اس شب میں مجھے اپنے

اجْتَبَیْتَهُمْ لِطَاعَتِکَ وَاخْتَرْتَهُمْ لِعِبَادَتِکَ وَ جَعَلْتَهُمْ خَالِصَتَکَ وَ صِفْوَتَکَ اَللّٰهُمَّ

ان پیاروں میں قرار دے جن کو تو نے اپنی فرمانبرداری کیلئے پسند کیا اپنی عبادت کے لئے انتخاب کیا اور ان کو اپنے خاص الخاص اور برگزیدہ بنایا ہے اے

اجْعَلْنِیْ مِمَّنْ سَعَدَ جَدُّهٗ وَ تَوَفَّرَ مِنَ الْخَیْرَاتِ حَظُّهٗ وَ اجْعَلْنِیْ مِمَّنْ سَلِمَ فَنَعِمَ وَ فَازَ

معبودا! مجھے ان لوگوں میں قرار دے جن کا نصیبا اچھا اور نیک کاموں میں جن کا حصہ زیادہ ہے اور مجھے ان لوگوں میں رکھ جو تندرست نعمت

فَغَنِمَ وَاكْفِنِیْ شَرَّ مَآ اَسْلَفْتُ وَ اعْصِمْنِیْ مِنَ الْاِزْدِیَادِ فِیْ مَعْصِیَتِکَ وَ حَبِّبْ اِلَیَّ

یاب کامران فائدہ پانے والے ہیں اور جو کچھ میں نے کیا اس کے شر سے بچا مجھے اپنی نافرمانی میں بڑھ جانے سے محفوظ و مامون رکھ مجھے

طَاعَتَکَ وَمَا یُقَرِّبُنِیْ مِنْکَ وَ یُزْلِفُنِیْ عِنْدَکَ سَیِّدِیْ اِلَیْکَ یَلْجَاُ الْهَارِبُ وَ مِنْکَ

اپنی فرمانبرداری کا شوق دے اور اس کا جو مجھے تیرے قریب کرے اور مجھے تیرا پسندیدہ بنائے میرے سردار بھاگنے والا تیرے ہاں پناہ لیتا

یَلْتَمِسُ الطَّالِبُ وَ عَلٰی کَرَمِکَ یُعَوِّلُ الْمُسْتَقِیْلُ التَّآئِبُ اَدَّبْتَ عِبَادَکَ بِالتَّکَرُّمِ

ہے طلبگار تیرے حضور عرض کرتا ہوں اور پشیمان ہونے توبہ کرنے والا تیرے فضل و کرم پر بھروسہ کرتا ہے تو اپنی کریمی و مہربانی سے بندوں کی

اَنْتَ اَکْرَمُ الْاَکْرَمِیْنَ وَ اَمَرْتَ بِالْعَفْوِ عِبَادَکَ وَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ اَللّٰهُمَّ فَلَا

پرورش کرتا ہے اور تو سب سے زیادہ کرم کرنے والا ہے تو نے اپنے بندوں کو معاف کرنے کا حکم دیا اور تو بہت بخشنے والا رحم کرنے والا ہے

تَحْرِمْنِیْ مَا رَجَوْتُ مِنْ کَرَمِکَ وَلَا تُؤْیِسْنِیْ مِنْ سَابِغِ نِعَمِکَ وَلَا تُخَیِّبْنِیْ مِنْ

اے معبودا پس میں نے تیرے کرم کی جو امید لگا رکھی ہے اس سے محروم نہ کر مجھے اپنی کثیر نعمتوں سے ناامید نہ ہونے دے اور آج کی رات

جَزِیْلِ قِسَمِکَ فِیْ هٰذِهِ اللَّیْلَةِ لِاَهْلِ طَاعَتِکَ وَاجْعَلْنِیْ فِیْ جُنَّةٍ مِّنْ شِرَارِ بَرِیَّتِکَ

میں اس بیشتر عطا سے محروم نہ کر جو تو نے اپنے فرمانبرداروں کے لئے رکھی ہوئی ہے اور مجھے اپنی مخلوق کی اذیتوں سے امان میں قرار دے

رَبِّ اِنْ لَّمْ اَکُنْ مِّنْ اَهْلِ ذٰلِکَ فَاَنْتَ اَهْلُ الْکَرَمِ وَ الْعَفْوِ وَ الْمَغْفِرَةِ وَجُدْ عَلَیَّ بِمَآ

میرے پروردگارا اگر میں اس سلوک کے لائق نہیں پس تو مہربانی کرنے معافی دینے اور بخش دینے کا اہل ہے اور مجھ پر ایسی بخشائش فرما جو

اَنْتَ اَهْلُهٗ لَا بِمَآ اَسْتَحِقُّهٗ فَقَدْ حَسُنَ ظَنِّیْ بِکَ وَ تَحَقَّقَ رَجَآئِیْ لَکَ وَ عَلِقَتْ نَفْسِیْ

تیرے لائق ہے نہ وہ کہ جس کا میں حقدار ہوں پس میں تجھ سے اچھا گمان رکھتا ہوں میری امید تجھی سے لگی ہوئی ہے اور میرا نفس تیرے کرم

بِکَرَمِکَ فَاَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ وَ اَکْرَمُ الْاَکْرَمِیْنَ اَللّٰهُمَّ وَاخْصُصْنِیْ مِنْ کَرَمِکَ

سے تعلق جوڑے ہوئے ہے جبکہ تو سب سے زیادہ رحم کرنے والا اور سب سے بڑھ کر مہربانی کرنے والا ہے اے معبودا مجھے اپنی مہربانی و

بِجَزِیْلِ قِسَمِکَ وَ اَعُوْذُ بِعَفْوِکَ مِنْ عُقُوْبَتِکَ وَاغْفِرْلِیَ الذَّنْبَ الَّذِیْ یَحْبِسُ عَلَیَّ

بخشش سے زیادہ حصہ دینے میں خصوصیت عطا فرما اور میں تیرے عذاب سے تیرے عفو کی پناہ لیتا ہوں میرا وہ گناہ بخش دے کہ جس نے مجھ

الْخُلُقَ وَ يُضَيِّقُ عَلَىَّ الرِّزْقَ حَتّٰى اَقُوْمَ بِصَالِحِ رِضَاكَ وَ اَنْعِمْ بِجَزِيْلِ عَطَآئِكَ وَ

کو بدخلقی میں پھنسا دیا اور میری روزی میں تنگی کا باعث ہوا تا کہ میں تیری بہترین رضا حاصل کر سکوں تو اپنی مہربانی سے مجھے نعمتیں عنایت

اَسْعِدْ بِسَابِغِ نَعْمَآئِكَ فَقَدْ لُذْتُ بِحَرَمِكَ وَ تَعَرَّضْتُ لِكَرَمِكَ وَ اسْتَعَذْتُ

فرما اور اپنی کثیر نعمتوں سے مجھے بہرہ مند کر دے کیونکہ میں نے تیرے آستاں پر پناہ لی اور تیری بخشش کی امید لگائے ہوں اور میں تیرے

بِعَفْوِكَ مِنْ عُقُوْبَتِكَ وَ بِحِلْمِكَ مِنْ غَضَبِكَ فَجُدْ بِمَا سَئَلْتُكَ وَ اَنِلْ مَا

عذاب سے تیرے عفو کی پناہ لیتا ہوں اور تیرے غضب سے تیری نرم خوئی کی پناہ لیتا ہوں پس مجھے وہ دے جس کا تجھ سے سوال کیا اس میں

الْتَمَسْتُ مِنْكَ اَسْئَلُكَ بِكَ لاَ بِشَيْءٍ هُوَ اَعْظَمُ مِنْكَ

کامیاب کر جس کی تجھ سے خواہش کی ہے میں تجھ سے تیرے ہی ذریعے سوال کرتا ہوں کہ تجھ سے بزرگ تر کوئی چیز ہے ہی نہیں۔

پھر سجدے میں جا کر بیس مرتبہ کہے: ﴿یَا رَبِّ﴾، سات مرتبہ ﴿یَآ اَللّٰهُ﴾، سات مرتبہ ﴿لاَ حَوْلَ وَلاَ قُوَّةَ اِلاَّ بِاللّٰهِ﴾، دس مرتبہ ﴿مَاشَآءَ اللّٰهُ﴾ اور دس مرتبہ ﴿لاَ قُوَّةَ اِلاَّ بِاللّٰهِ﴾ کہے۔ (مصباح شیخ طوسیؒ)



نیز اس رات وہ مخصوص نماز بھی پڑھی جائے جس کا تذکرہ نیمہ رجب کی رات میں کیا جا چکا ہے۔ فراجع۔

(۸) جناب ابن بابویہ حضرت امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں، آپؑ نے فرمایا کہ ایک بار جناب جبرئیل امین علیہ السلام بارگاہِ رسالتؐ میں حاضر ہوئے اور کہا کہ اپنی امت کو حکم دیں کہ وہ نیمہ شعبان کی رات اس طرح دو رکعت نماز پڑھیں کہ ہر رکعت میں الحمد ایک بار اور سورہ قل ھو اللہ احد دس بار۔ اور سلام کے بعد سجدہ میں جا کر یہ ذکر کریں:

سَجَدَ لَكَ سَوَادِیْ وَ خَيَالِیْ وَ اٰمَنَ بِكَ فُؤَادِیْ هٰذِهٖ يَدَایَ وَ مَا جَنَيْتُهٗ عَلٰى

سجدہ کیا تیرے آگے میرے بدن اور میرے خیال نے اور ایمان لایا ہے تجھ پر میرا دل یہ ہیں میرے دونوں ہاتھ اور جو ستم میں نے

نَفْسِیْ يَا عَظِيْمُ تُرْجٰى لِكُلِّ عَظِيْمٍ اِغْفِرْلِیَ الْعَظِيْمَ فَاِنَّهٗ لاَ يَغْفِرُ الذَّنْبَ

خود پر کیا ہے اے بڑائی والے جس سے امید ہے بڑے کام کی تو میرے بڑے بڑے گناہ بخش دے کیونکہ بڑے گناہوں کو سوائے

الْعَظِيْمَ اِلاَّ الرَّبُّ الْعَظِيْمُ۔

بڑائی والے پروردگار کے کوئی بخش نہیں سکتا۔

پس جو ایسا کرے گا تو خدا اسے بہتر ہزار نیکیوں کا ثواب عطا کریگا اور بہتر ہزار گناہ معاف کریگا۔ (مجمع الحسنات)

## پندرہ شعبان کا دن

اس دن کے چند مخصوص عمل یہ ہیں:

(۱) یہ دن چونکہ آخری حجت خدا حضرت امام زمانہ عجل اللہ تعالیٰ فرجہٗ الشریف کی ولادت با سعادت کا دن ہے لہذا یہ محبانِ اہل بیت علیہم السلام کے لیے عید کا دن ہے لہذا اس میں امام زمانہ علیہ السلام کا جشن میلاد منانا چاہیئے اور اس طرح خوشی و مسرت کا اظہار کرنا چاہیئے جس طرح ہم نے اپنی کتاب "اصلاح الرسوم" میں بیان کیا ہے اور کوئی خلافِ شرع کام و اقدام نہیں کرنا چاہیئے۔

(۲) امام زمانہ علیہ السلام کی زیارت پڑھی جائے جو باب الزیارہ میں ذکر کی جائے گی انشاء اللہ۔

(۳) امام زمانہ علیہ السلام کے وجود مسعود کی سلامتی کے لیے صدقہ و خیرات دینا چاہیئے اور ان کی تعجیل ظہور کے لیے دعائیں مانگنی چاہیئں۔



## ماہِ شعبان کے آخری دنوں کے اعمال

(۱) حضرت امام رضا علیہ السلام سے مروی ہے، فرمایا: جو شخص شعبان کے آخری تین دنوں میں روزہ رکھے اور انہیں ماہِ رمضان کے روزوں کے ساتھ ملا دے تو خداوند عالم اسے مسلسل دو ماہ کے روزے رکھنے کا ثواب عطا فرمائے گا۔ (مصباح کفعمی وغیرہ)

(۲) ابو صلت بیان کرتے ہیں کہ میں ماہ شعبان کے آخری جمعہ کے دن حضرت امام رضا علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا۔ امام علیہ السلام نے مجھے دیکھ کر فرمایا: اے ابو صلت! ماہ شعبان کا زیادہ حصہ گزر گیا۔ تھوڑا باقی ہے۔ لہذا تم سے گزشتہ دنوں میں جو کوتاہیاں ہوئی ہیں ان کی ان باقیماندہ دنوں میں تلافی کرلو۔ اور وہ عمل کرو جو تمہارے لیے نافع و سودمند ہو جیسے قرآن مجید کی تلاوت کرنا، دعا و استغفار کرنا اور بارگاہ الٰہی میں اپنے گناہوں سے توبہ کرنا۔ تاکہ جب ماہِ رمضان کا مقدس مہینہ آئے تو تم اپنے آپ کو خدا کے لیے خالص کر چکے ہو۔ اور لوگوں کے حقوق ادا کر چکے ہو۔ اور اپنے دل میں کسی اہل ایمان کے بارے میں بغض و کینہ نہ رکھو اور گناہوں کو ترک کردو۔ اور اپنے ظاہر و باطن میں خدا پر توکل و اعتماد کرو اور ان باقیماندہ دنوں میں یہ دعا پڑھا کرو:

اَللّٰهُمَّ اِنْ لَمْ تَكُنْ غَفَرْتَ لَنَا فِيْمَا مَضٰى مِنْ شَعْبَانَ فَاغْفِرْ لَنَا فِيْمَا بَقِيَ مِنْهُ.

اے معبود! اگر تو نے ہمیں شعبان کے گزشتہ دنوں میں گناہوں کی معافی نہیں دی تو بھی اس کے باقی دنوں میں ہمیں بخشش عطا کر دے۔

(مصباح شیخ و زاد المعاد مجلسی)

## ماہِ شعبان کی آخری رات کی دعا

حضرت شیخ طوسی علیہ الرحمہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام ماہ شعبان کی آخری رات اور ماہ رمضان کی پہلی رات یہ دعا پڑھا کرتے تھے:

اَللّٰهُمَّ اِنَّ هٰذَا الشَّهْرَ الْمُبَارَكَ الَّذِيْ اُنْزِلَ فِيْهِ الْقُرْاٰنُ وَ جُعِلَ هُدًى لِّلنَّاسِ وَ بَيِّنَاتٍ

اے معبود! بے شک یہی وہ بابرکت مہینہ ہے کہ جس میں قرآن کریم نازل کیا گیا اور اسے انسانوں کا رہنما قرار دیا گیا کہ اس میں

مِّنَ الْهُدٰى وَ الْفُرْقَانِ قَدْ حَضَرَ فَسَلِّمْنَا فِيْهِ وَ سَلِّمْهُ لَنَا وَ تَسَلَّمْهُ مِنَّا فِيْ يُسْرٍ مِّنْكَ وَ

ہدایت کی دلیلیں اور حق و باطل کی تفریق ہے آپہنچا ہے ہمیں اس کے لئے اسے ہمارے لیے سلامت رکھ اور اس کو ہم سے

عَافِيَةٍ يَا مَنْ اَخَذَ الْقَلِيْلَ وَ شَكَرَ الْكَثِيْرَ اِقْبَلْ مِنِّي الْيَسِيْرَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ اَنْ

آسانی و امن کے ساتھ لے اے وہ جو تھوڑا لیتا اور زیادہ قدر دانی کرتا ہے مجھ سے یہ تھوڑا عمل قبول فرما اے معبود! میں سوال کرتا

تَجْعَلَ لِيْ اِلٰى كُلِّ خَيْرٍ سَبِيْلًا وَّمِنْ كُلِّ مَا لَا تُحِبُّ مَانِعًا يَّا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ يَا مَنْ عَفَا

ہوں تجھ سے کہ میرے لیے ہر نیکی کا راستہ بنا اور جو چیزیں تجھے ناپسند ہیں ان سے باز رکھ اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے

عَنِّيْ وَ عَمَّا خَلَوْتُ بِهٖ مِنَ السَّيِّئَاتِ يَا مَنْ لَّمْ يُؤَاخِذْنِيْ بِارْتِكَابِ الْمَعَاصِيْ عَفْوَكَ

اے وہ جس نے مجھے معاف کیا ان گناہوں پر جو میں نے تنہائی میں کیے اے وہ جس نے نافرمانیوں پر میری گرفت نہیں کی معاف

عَفْوَكَ عَفْوَكَ يَا كَرِيْمُ اِلٰهِيْ وَعَظْتَنِيْ فَلَمْ اَتَّعِظْ وَ زَجَرْتَنِيْ عَنْ مَّحَارِمِكَ فَلَمْ

کر دے معاف کر دے اے مہربان اے معبود! تو نے مجھے نصیحت کی میں نے پروا نہ کی تو نے حرام کاموں سے

اَنْزَجِرْ فَمَا عُذْرِيْ فَاعْفُ عَنِّيْ يَا كَرِيْمُ عَفْوَكَ عَفْوَكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ الرَّاحَةَ

روکا تو میں ان سے باز نہ آیا پس میرا کوئی عذر نہیں تو بھی مجھے معاف فرما اے مہربان معاف کر دے اے معبود!

عِنْدَ الْمَوْتِ وَ الْعَفْوَ عِنْدَ الْحِسَابِ عَظُمَ الذَّنْبُ مِنْ عَبْدِكَ فَلْيَحْسُنِ التَّجَاوُزُ مِنْ

میں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے موت کے وقت راحت حساب کتاب کے وقت درگزر کا سوال کرتا ہوں تیرے بندے کا گناہ بہت بڑا ہے پس تیری

عِنْدِکَ یَآ اَھْلَ التَّقْوٰی وَ یَآ اَھْلَ الْمَغْفِرَۃِ عَفْوَکَ عَفْوَکَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ عَبْدُکَ بْنُ

طرف سے بہترین درگزر ہونی چاہیے اے ڈھانپ لینے والے اور اے بخش دینے والے معاف کر دے معاف کر دے اے معبود!

عَبْدِکَ بْنُ اَمَتِکَ ضَعِیْفٌ فَقِیْرٌ اِلٰی رَحْمَتِکَ وَ اَنْتَ مُنْزِلُ الْغِنٰی وَ الْبَرَکَۃِ عَلَی

میں تیرا بندہ ہوں تیرے بندے اور تیری کنیز کا بیٹا ہوں کمزور ہوں تیری رحمت کا محتاج ہوں اور تُو اپنے بندوں پر ثروت و برکت

الْعِبَادِ قَاھِرٌ مُّقْتَدِرٌ اَحْصَیْتَ اَعْمَالَھُمْ وَ قَسَمْتَ اَرْزَاقَھُمْ وَ جَعَلْتَھُمْ مُخْتَلِفَۃً اَلْسِنَتُھُمْ

نازل کرنے والا زبردست با اختیار ہے تو ان کے اعمال کو شمار کرتا اور ان میں روزی بانٹتا ہے تُو نے انہیں مختلف زبانوں اور

وَ اَلْوَانُھُمْ خَلْقًا مِنْ ۢ بَعْدِ خَلْقٍ وَّلَا یَعْلَمُ الْعِبَادُ عِلْمَکَ وَلَا یَقْدِرُ الْعِبَادُ قَدْرَکَ وَ

رنگوں والے بنایا کہ ہر مخلوق کے بعد دوسری مخلوق ہے بندے تیرے علم کو نہیں جانتے اور نہ ہی بندے تیری قدرت کا اندازہ کر

کُلُّنَا فَقِیْرٌ اِلٰی رَحْمَتِکَ وَلَا تَصْرِفْ عَنِّیْ وَجْھَکَ وَاجْعَلْنِیْ مِنْ صَالِحِیْ خَلْقِکَ

سکتے ہیں ہم سب تیری رحمت کے محتاج ہیں پس ہم سے اپنی توجہ ہرگز نہ ہٹا مجھے عمل آرزو قسمت اور مقدر کے اعتبار سے اپنے صالح

فِی الْعَمَلِ وَ الْاَمَلِ وَ الْقَضَآءِ وَ الْقَدَرِ اَللّٰھُمَّ اَبْقِنِیْ خَیْرَ الْبَقَآءِ وَ اَفْنِنِیْ خَیْرَ الْفَنَآءِ عَلٰی



و نیکوکار بندوں میں سے قرار دے اے معبود! مجھے زندہ رکھ بہتر زندگی میں اور موت دے تو بہترین موت دے جو تیرے دوستوں

مُوَالَاۃِ اَوْلِیَآئِکَ وَ مُعَادَاتِ اَعْدَآئِکَ وَ الرَّغْبَۃِ اِلَیْکَ وَ الرَّھْبَۃِ مِنْکَ وَ الْخُشُوْعِ

کی دوستی اور تیرے دشمنوں سے دشمنی میں ہو نیز میری موت و حیات تیری رغبت تجھ سے خوف تیرے سامنے عاجزی وفاداری تیرا

وَالْوَفَاءِ وَ التَّسْلِیْمِ لَکَ وَ التَّصْدِیْقِ بِکِتَابِکَ وَ اتِّبَاعِ سُنَّۃِ رَسُوْلِکَ اَللّٰھُمَّ مَا کَانَ

حکم ماننے تیری کتاب کو سچی جاننے اور تیرے رسولؐ کی سنت کی پیروی میں ہو اے معبود! میرے دل میں جو بھی شک یا گمان یا

فِیْ قَلْبِیْ مِنْ شَکٍّ اَوْ رِیْبَۃٍ اَوْ جُحُوْدٍ اَوْ قُنُوْطٍ اَوْ فَرَحٍ اَوْ بَذَخٍ اَوْ بَطَرٍ اَوْ خُیَلَآءَ اَوْ

ضدیت یا نا اُمیدی یا سرمستی یا تکبر یا بے فکری یا خود بینی یا نمائش یا شہرت طلبی یا سنگدلی یا دو رنگی یا کفر یا بدعملی یا نافرمانی یا گھمنڈ یا

رِیَآءٍ اَوْ سُمْعَۃٍ اَوْ شِقَاقٍ اَوْ نِفَاقٍ اَوْ کُفْرٍ اَوْ فُسُوْقٍ اَوْ عِصْیَانٍ اَوْ عَظَمَۃٍ اَوْ شَیْءٍ لَّا

تیری کوئی ناپسندیدہ بات ہے تو تجھ سے سوال کرتا ہوں اے پروردگار کہ ان برائیوں کو مٹا کر ان کی جگہ میرے دل میں اپنے

تُحِبُّ فَاَسْئَلُکَ یَا رَبِّ اَنْ تُبَدِّلَنِیْ مَکَانَہٗ اِیْمَانًا بِوَعْدِکَ وَ وَفَآءً بِعَھْدِکَ وَ رِضًا

بِقَضَآئِکَ وَ زُهْدًا فِی الدُّنْیَا وَ رَغْبَةً فِیْمَا عِنْدَکَ وَ اَثَرَةً وَّ طُمَانِیْنَةً وَّ تَوْبَةً نَّصُوْحًا

حاضری دلجمی اور سچی توبہ کی توفیق دے میں تجھ سے یہی چاہتا ہوں اے جہانوں کے پالنے والے میرے معبود! تیری نرم خوئی کی

اَسْئَلُکَ ذٰلِکَ یَا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ اِلٰهِیْ مِنْ حِلْمِکَ تُعْصٰی وَمِنْ کَرَمِکَ وَ

وجہ سے تیری نافرمانی کی جاتی ہے اور تیری عطاو بخشائش سے تیری اطاعت کی جاتی ہے گویا تیری نافرمانی نہیں ہوتی تو بھی میرے

جُوْدِکَ تُطَاعُ فَکَاَنَّکَ لَمْ تُعْصَ وَ اَنَا وَمَنْ لَمْ یَعْصِکَ سُکَّانُ اَرْضِکَ فَکُنْ عَلَیْنَا

جیسا نافرمان اور جو تیری نافرمانی نہیں کرتے تیری ہی زمین پر رہتے پس ہمارے لیے اپنے فضل سے بہت عطا کرنے والا اور

بِالْفَضْلِ جَوَّادًا وَّ بِالْخَیْرِ عَوَّادًا یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ وَ صَلَّی اللّٰهُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ

بھلائی پر بھلائی کرنے والا ہوجا اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے رحمت ہو خدا کی حضرت محمدؐ اور ان کی آل پر ہمیشہ ہمیشہ کی

صَلٰوةً دَآئِمَةً لَّا تُحْصٰی وَلَا تُعَدُّ وَلَا یَقْدِرُ قَدْرَهَا غَیْرُکَ یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

رحمت جسے نہ جمع کیا جا سکے نہ شمار کیا جا سکے اور تیرے سوا کوئی اس کا اندازہ نہیں کر سکتا اے سب سے بڑھ کر رحم کرنے والے۔

(مصباح المتہجد شیخ طوسیؒ)

## تیسری فصل

# ماہِ رمضان کی فضیلت واہمیت کا تذکرہ

(۱) حضرت شیخ صدوق علیہ الرحمہ بسند معتبر حضرت امام رضاؑ سے اور وہ اپنے آباء واجداد طاہرین علیہم السلام کے سلسلۂ سند سے حضرت امیرؑ سے روایت کرتے ہیں کہ آپؑ نے فرمایا کہ ایک دن پیغمبر اسلامؐ نے خطبہ دیتے ہوئے فرمایا: ایہا الناس! تمہاری طرف رحمتوں اور برکتوں والا مہینہ آرہا ہے یہ وہ مہینہ ہے جس میں گناہ معاف ہوتے ہیں اور یہ وہ مہینہ ہے جو خدا کے نزدیک دوسرے سب مہینوں سے افضل ہے، جس کے دن دوسرے مہینوں کے دنوں سے افضل، جس کی راتیں دوسرے مہینوں کی راتوں سے افضل اور جس کی گھڑیاں دوسرے مہینوں کی گھڑیوں سے افضل ہیں۔ یہ وہ مہینہ ہے جس میں خدا اپنے بندوں کو اپنی مہمان نوازی کی طرف بلاتا ہے۔ فرمایا یہ وہ مقدس مہینہ ہے جس میں تمہارا سانس لینا تسبیح ہے اور سونا عبادت ہے۔ اس میں عمل قبول ہوتے ہیں اور دعائیں مستجاب ہوتی ہیں۔ پس تم خالص نیت اور پاک دل کے ساتھ خدا سے دعا کرو کہ وہ تمہیں اس میں روزے رکھنے اور قرآن پڑھنے کی توفیق دے کیونکہ جو شخص اس مقدس مہینے میں خدا کی بخشش سے محروم رہ گیا وہ بڑا ہی بدبخت ہوگا۔ اس ماہ کی بھوک و پیاس میں قیامت کی بھوک و پیاس کو یاد کرو اور غرباء ومساکین کو صدقہ دو۔ بڑوں کی تعظیم کرو، چھوٹوں پر شفقت کرو اور رشتہ داروں سے صلۂ رحمی کرو۔ ان کہی باتوں سے اپنی زبانوں کو بچاؤ، حرام چیزوں سے اپنی نگاہوں کو بچاؤ، جن چیزوں کا سننا جائز نہیں ہے ان سے اپنے کانوں کو بچاؤ، لوگوں کے یتیموں پر رحم کرو تاکہ تمہارے بعد تمہارے یتیموں پر بھی رحم کیا جائے۔ اپنے گناہوں سے توبہ کرو۔ نمازوں کے بعد ہاتھ اٹھا کر خدا سے دعا مانگو کیونکہ یہ بہترین وقت ہے جس میں خدا اپنے بندوں پر نظر رحمت کرتا ہے۔ خدا نے اپنی عزت وجلالت کی قسم کھائی ہے کہ وہ اس مہینہ میں نمازیں پڑھنے اور سجدے کرنے والوں کو عذاب نہیں کرے گا اور قیامت کے دن ان کو آتش دوزخ سے نہیں ڈرائے گا۔ ایہا الناس! جو شخص اس مقدس مہینہ میں کسی مؤمن کا روزہ افطار کرائے تو اسے گناہوں کی بخشش اور ایک غلام آزاد کرنے کا ثواب ملتا ہے۔ اس پر کسی نے عرض کیا کہ ہم میں سے ہر شخص روزہ افطار کرانے کی قدرت نہیں رکھتا

تو؟ فرمایا: تم افطاری میں آدھی کھجور کھلا کر اور پانی کا ایک گھونٹ پلا کر اپنے آپ کو آتش دوزخ سے بچاؤ۔ پھر فرمایا: جو شخص اس مہینہ میں اپنے اخلاق درست رکھے تو خدا تعالیٰ اسے بآسانی پل صراط سے گزارے گا، جو شخص اس مہینہ میں اپنے غلاموں اور کنیزوں سے کم خدمت لے تو خدا اس کا حساب بآسانی لے گا۔ جو اس مہینہ میں کسی یتیم کی عزت کرے تو خدا قیامت کے دن اسے عزت کی نگاہ سے دیکھے گا۔ جو شخص اس مہینہ میں اپنے رشتہ داروں سے صلہ رحمی اور نیک سلوک کرے تو خدا قیامت کے دن اسے اپنی رحمت سے نوازے گا۔ اور جو اس مہینہ میں اپنے رشتہ داروں سے بدسلوکی کرے گا تو خدا قیامت کے دن اسے اپنے سایۂ رحمت سے محروم رکھے گا۔ جو شخص اس مہینہ میں قرآن مجید کی ایک آیت پڑھے گا تو خدا اسے دوسرے مہینوں میں ختم قرآن کا ثواب عطا فرمائے گا۔ ایہا الناس! اس مقدس مہینہ میں تمہارے لیے جنت کے دروازے کھلے ہوئے ہیں۔ خدا سے دعا کرو کہ وہ انہیں تم پر کبھی بند نہ کرے اور جہنم کے دروازے بند ہیں۔ پس خدا سے سوال کرو کہ وہ انہیں تمہارے لیے کبھی نہ کھولے اور شیاطین کو اس مقدس مہینہ میں زنجیروں میں جکڑ دیا گیا ہے۔ خدا سے سوال کرو کہ وہ پھر کبھی ان کو تم پر مسلط نہ کرے۔ تا آخر روایت۔ (الفقیہ، الامالی، المصباح)



یہی وہ مقدس مہینہ ہے کہ جس میں ایک ایسی رات ہے کہ جس میں عبادت خدا کرنا ہزار مہینوں کی عبادت سے افضل ہے۔ یہ بخشش گناہان کا مخصوص مہینہ ہے۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جو شخص اس متبرک مہینہ میں نہ بخشا گیا وہ اگلے ماہ رمضان تک نہیں بخشا جائے گا۔ (جمال الاسبوع)

نیز فرمایا کہ صرف منہ اور شکم کو روزہ نہ رکھواؤ بلکہ جب روزہ رکھو تو اپنے کانوں، آنکھوں اور دوسرے اعضاء بدن کو بھی روزہ رکھواؤ۔ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام بیان کرتے ہیں کہ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص ماہ رمضان کے دنوں میں روزہ رکھے اور راتوں کے کچھ حصہ میں خدا کی عبادت کرے اور اپنے پیٹ اور شرم گاہ کو حرام سے بچائے اور اپنی زبان پر قابو رکھے تو وہ گناہوں سے پاک ہو جاتا ہے۔ راوی (جابر بن عبداللہ انصاریؓ) نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! آپؐ نے بہت اچھی حدیث ارشاد فرمائی ہے۔ آپؐ نے فرمایا: وہ شرطیں بھی تو بہت کڑی ہیں جو میں نے بیان کی ہیں۔ (زاد المعاد وغیرہ)

## ماہِ رمضان کے مشترکہ اعمال کا تذکرہ

اور یہ اعمال چار قسم کے ہیں:

## (۱) پہلی قسم:۔ ماہ رمضان کے تمام شب وروز کے اعمال

اور یہ چند امور ہیں:

(۱) ہر نماز فریضہ کے بعد وہ دعا پڑھی جائے جو حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام و امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے مروی ہے:

اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ حَجَّ بَیْتِکَ الْحَرَامِ فِیْ عَامِیْ ھٰذَا وَ فِیْ کُلِّ عَامٍ مَّآ اَبْقَیْتَنِیْ فِیْ یُسْرٍ

اے معبود! اس سال میں اور ہر سال میں مجھے اپنے حرمت والے گھر (کعبہ) کے حج کی توفیق ارزانی فرما جب تک تو مجھے

مِنْکَ وَ عَافِیَۃٍ وَ سَعَۃِ رِزْقٍ وَّلَا تُخْلِنِیْ مِنْ تِلْکَ الْمَوَاقِفِ الْکَرِیْمَۃِ وَ الْمَشَاھِدِ

زندہ رکھے اپنی طرف سے آسانی، آرام اور وسعت رزق نصیب فرما مجھے ان بزرگی و کرامت والے مقامات اور مقدس و

الشَّرِیْفَۃِ وَ زِیَارَۃِ قَبْرِ نَبِیِّکَ صَلَوٰاتُکَ عَلَیْہِ وَ اٰلِہٖ وَ فِیْ جَمِیْعِ حَوَآئِجِ الدُّنْیَا وَ

پاکیزہ مزارات اور اپنے نبی کریمؐ کے سبز گنبد کی زیارت کرنے سے محروم نہ رکھ تیری رحمت ہو ان پر اور ان کی آلؑ پر اور



الْاٰخِرَۃِ فَکُنْ لِّیْ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ فِیْمَا تَقْضِیْ وَ تُقَدِّرُ مِنَ الْاَمْرِ الْمَحْتُوْمِ فِیْ

دنیا و آخرت سے متعلق میری تمام حاجات پوری فرما دے اے معبود! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ شب قدر میں تو جو حتمی

لَیْلَۃِ الْقَدْرِ مِنَ الْقَضَآءِ الَّذِیْ لَا یُرَدُّ وَلَا یُبَدَّلُ اَنْ تَکْتُبَنِیْ مِنْ حُجَّاجِ بَیْتِکَ

امور طے فرماتا اور جو محکم فیصلے کرتا ہے کہ جن میں کسی قسم کی تبدیلی و پلٹ نہیں ہوتی ان میں میرا نام اپنے محترم گھر (کعبہ) کا

الْحَرَامِ الْمَبْرُوْرِ حَجُّھُمُ الْمَشْکُوْرِ سَعْیُھُمُ الْمَغْفُوْرِ ذُنُوْبُھُمُ الْمُکَفَّرِ عَنْھُمْ

حج کرنے والوں میں لکھ دے کہ جن کا حج تجھے منظور ہے اور ان کی سعی مقبول ہے ان کے گناہ بخشے گئے اور ان کی خطائیں مٹا

سَیِّئَاتُھُمْ وَاجْعَلْ فِیْمَا تَقْضِیْ وَ تُقَدِّرُ اَنْ تُطِیْلَ عُمْرِیْ وَ تُوَسِّعَ عَلَیَّ

دی گئیں ہیں اور اپنی بست و کشاد میں میری عمر طولانی میری روزی و رزق کشادہ فرما اور مجھے ہر امانت اور ہر قرض ادا

رِزْقِیْ وَ تُؤَدِّیَ عَنِّیْ اَمَانَتِیْ وَ دَیْنِیْ اٰمِیْنَ یَا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ۔

کرنے کی توفیق دے ایسا ہی ہو اے جہانوں کے پالنے والے۔

(۲) انہی دونوں بزرگواروں سے منقول ہے کہ ماہ رمضان میں ہر نماز فریضہ کے بعد یہ دعا پڑھی

جائے:

يَا عَلِيُّ يَا عَظِيمُ يَا غَفُورُ يَا رَحِيمُ اَنْتَ الرَّبُّ الْعَظِيمُ الَّذِىْ لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ وَ هُوَ

اے بلند تر اے بزرگی والے اے بخشنے والے اے مہربان تو ہی بڑائی والا پروردگار ہے کہ جس کے جیسی کوئی چیز نہیں ہے اور وہ سننے دیکھنے والا

السَّمِيعُ الْبَصِيرُ وَ هٰذَا شَهْرٌ عَظَّمْتَهُ وَ كَرَّمْتَهُ وَ شَرَّفْتَهُ وَ فَضَّلْتَهُ عَلَى الشُّهُورِ وَ هُوَ

ہے اور یہ وہ مہینہ ہے جسے تو نے بزرگی دی عزت عطا کی بلندی بخشی اور سبھی مہینوں پر فضیلت عنایت کی ہے اور یہ وہ مہینہ ہے جس کے

الشَّهْرُ الَّذِىْ فَرَضْتَ صِيَامَهُ عَلَيَّ وَ هُوَ شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِىْ اَنْزَلْتَ فِيهِ الْقُرْاٰنَ هُدًى

روزے تو نے مجھ پر فرض کیے ہیں اور وہ ماہ مبارک رمضان ہے کہ جس میں تو نے قرآن اتارا ہے جو لوگوں کے لئے رہبر ہے اس میں

لِلنَّاسِ وَ بَيِّنَاتٍ مِنَ الْهُدٰى وَ الْفُرْقَانِ وَ جَعَلْتَ فِيهِ لَيْلَةَ الْقَدْرِ وَ جَعَلْتَهَا خَيْرًا مِنْ اَلْفِ

ہدایت کی دلیلیں اور حق و باطل کی تفریق ہے تو نے اس مہینے میں شب قدر رکھی اور اسے ہزار مہینوں سے بہتر قرار دیا ہے پس اے احسان

شَهْرٍ فَيَاذَا الْمَنِّ وَلَا يُمَنُّ عَلَيْكَ مُنَّ عَلَيَّ بِفَكَاكِ رَقَبَتِي مِنَ النَّارِ فِيمَنْ تَمُنُّ عَلَيْهِ وَ

کرنے والے تجھ پر احسان نہیں کیا جا سکتا تو احسان فرما مجھ پر میری گردن آگ سے چھڑا کر ان کے ساتھ جن پر تو نے احسان کیا اور مجھے



اَدْخِلْنِي الْجَنَّةَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ.

داخل جنت فرما اپنی رحمت سے اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

**(۳)** حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے، فرمایا: ماہ رمضان میں ہر نماز فریضہ کے بعد یہ دعا پڑھی جائے:

اَللّٰهُمَّ اَدْخِلْ عَلٰى اَهْلِ الْقُبُورِ السُّرُورَ اَللّٰهُمَّ اَغْنِ كُلَّ فَقِيرٍ اَللّٰهُمَّ اَشْبِعْ كُلَّ جَائِعٍ

اے معبود! قبروں میں دفن شدہ لوگوں کو شادمانی عطا فرما اے معبود! ہر محتاج کو غنی بنا دے اے معبود! ہر بھوکے کو شکم سیر کر دے

اَللّٰهُمَّ اكْسُ كُلَّ عُرْيَانٍ اَللّٰهُمَّ اقْضِ دَيْنَ كُلِّ مَدِينٍ اَللّٰهُمَّ فَرِّجْ عَنْ كُلِّ مَكْرُوبٍ

اے معبود! ہر ننگے کو لباس پہنا دے اے معبود! ہر مقروض کا قرض ادا کرا دے اے معبود! ہر مصیبت زدہ کو آسودگی عطا فرما اے

اَللّٰهُمَّ رُدَّ كُلَّ غَرِيبٍ اَللّٰهُمَّ فُكَّ كُلَّ اَسِيرٍ اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ كُلَّ فَاسِدٍ مِنْ اُمُورِ

معبود! ہر مسافر کو وطن واپس لا اے معبود! ہر قیدی کو رہائی بخش دے اے معبود! مسلمانوں کے امور میں سے ہر بگاڑ کی اصلاح فرما

الْمُسْلِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اشْفِ كُلَّ مَرِيْضٍ اَللّٰهُمَّ سُدَّ فَقْرَنَا بِغِنَاكَ اَللّٰهُمَّ غَيِّرْ سُوْٓءَ حَالِنَا

دے اے معبود! ہر مریض کو شفا عطا فرما اے معبود! اپنی ثروت سے ہماری محتاجی ختم کر دے اے معبود! ہماری بدحالی کو خوشحالی

بِحُسْنِ حَالِكَ اَللّٰهُمَّ اقْضِ عَنَّا الدَّيْنَ وَ اَغْنِنَا مِنَ الْفَقْرِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

میں بدل دے اے معبود! ہمیں اپنے قرض ادا کرنے کی توفیق دے اور محتاجی سے بچا لے بے شک تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔

(۴) حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ ماہ رمضان میں نماز مغرب کے بعد یہ دعا پڑھی جائے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ بِكَ وَ مِنْكَ اَطْلُبُ حَاجَتِيْ وَمَنْ طَلَبَ حَاجَةً اِلَى النَّاسِ فَاِنِّيْ لَآ اَطْلُبُ

اے معبود! میں تیرے ہی ذریعے تجھ سے اپنی حاجت طلب کرتا ہوں جو کوئی لوگوں سے طلب حاجت کرتا ہے کیا کرے پس میں

حَاجَتِيْٓ اِلَّا مِنْكَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ وَ اَسْئَلُكَ بِفَضْلِكَ وَ رِضْوَانِكَ اَنْ

تیرے سوا کسی سے طلب حاجت نہیں کرتا تو یکتا ہے تیرا کوئی ساجھی نہیں اور سوال کرتا ہوں تجھ سے بواسطہ تیری عطا و مہربانی کے یہ

تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اَهْلِ بَيْتِهٖ وَ اَنْ تَجْعَلَ لِيْ فِيْ عَامِيْ هٰذَا اِلٰى بَيْتِكَ الْحَرَامِ

کہ رحمت نازل فرما حضرت محمدؐ اور ان کے اہل بیتؑ پر اور میرے لیے اسی سال میں اپنے محترم گھر کعبہ پہنچنے کا وسیلہ بنا دے وہاں

سَبِيْلًا حِجَّةً مَّبْرُوْرَةً مُّتَقَبَّلَةً زَاكِيَةً خَالِصَةً لَّكَ تَقَرُّبِهَا عَيْنِيْ وَ تَرْفَعُ بِهَا دَرَجَتِيْ وَ

مجھے حج نصیب کر جو درست مقبول پاکیزہ اور خاص تیرے ہی لیے ہو اس سے میری آنکھیں ٹھنڈی کر اور میرے درجے بلند فرما

تَرْزُقَنِيْٓ اَنْ اَغُضَّ بَصَرِيْ وَ اَنْ اَحْفَظَ فَرْجِيْ وَ اَنْ اَكُفَّ بِهَا عَنْ جَمِيْعِ مَحَارِمِكَ

مجھے توفیق دے کہ حیا سے آنکھیں نیچی رکھوں اپنی شرمگاہ کی حفاظت کروں اور تیری حرام کردہ ہر چیز سے بچ کے رہوں یہاں تک

حَتّٰى لَا يَكُوْنَ شَيْءٌ اٰثَرَ عِنْدِيْ مِنْ طَاعَتِكَ وَ خَشْيَتِكَ وَ الْعَمَلِ بِمَآ اَحْبَبْتَ

کہ میرے نزدیک تیری فرمانبرداری اور تیرے خوف سے عزیز تر کوئی چیز نہ ہو جس چیز کو تو پسند کرتا ہے اس پر عمل کروں اور جسے تو

التَّرْكِ لِمَا كَرِهْتَ وَ نَهَيْتَ عَنْهُ وَاجْعَلْ ذٰلِكَ فِيْ يُسْرٍ وَّ يَسَارٍ وَّ عَافِيَةٍ وَّمَآ اَنْعَمْتَ

نے ناپسند کیا اور اس سے روکا ہے اسے چھوڑ دوں اور یہ اس طرح ہو کہ اس میں آسانی فراوانی و تندرستی ہو اور اس کے ساتھ جو

بِهٖ عَلَيَّ وَ اَسْئَلُكَ اَنْ تَجْعَلَ وَفَاتِيْ قَتْلًا فِيْ سَبِيْلِكَ تَحْتَ رَايَةِ نَبِيِّكَ مَعَ

بھی نعمت تو مجھے عطا کرے اور تجھ سے سوالی ہوں کہ میری موت کو ایسا قرار دے گویا میں تیری راہ میں تیرے نبی کے جھنڈے تلے

اَوْلِیَآئِکَ وَ اَسْئَلُکَ اَنْ تَقْتُلَ بِاَعْدَآئِکَ وَ اَعْدَآءَ رَسُوْلِکَ وَ اَسْئَلُکَ اَنْ

قتل ہوا تیرے دوستوں کے ہمراہ اور سوال کرتا ہوں مجھے توفیق دے کہ میں تیرے اور تیرے رسولؐ کے دشمنوں کو قتل کروں اور

تُکْرِمَنِیْ بِھَوَانِ مَنْ شِئْتَ مِنْ خَلْقِکَ وَلَا تُھِنِّیْ بِکَرَامَۃِ اَحَدٍ مِّنْ اَوْلِیَآئِکَ

سوال کرتا ہوں کہ تو اپنی مخلوق میں سے جس کی خواری سے چاہے مجھے عزت دے لیکن اپنے پیاروں میں سے کسی کی عزت کے

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لِیْ مَعَ الرَّسُوْلِ سَبِیْلاً حَسْبِیَ اللّٰہُ مَاشَآءَ اللّٰہُ.

مقابل مجھے ذلیل نہ فرما اے معبود! حضرت رسولؐ کے ساتھ میرا رابطہ قائم فرما کافی ہے میرے لیے اللہ جو اللہ چاہے وہی ہوگا۔

## (۲) دوسری قسم:۔ ماہِ رمضان کی راتوں کے اعمال

اور یہ بھی چند امور ہیں:۔

(۱) نمازِ مغرب پڑھ کر روزہ افطار کیا جائے مگر یہ کہ سخت بھوک و پیاس ہو یا لوگ اس کے منتظر ہوں۔

(۲) حلال اور پاکیزہ چیز سے روزہ افطار کیا جائے اور حرام بلکہ مشتبہ چیز سے بھی پرہیز کیا جائے۔



(۳) افطاری کے وقت وہ دعائیں پڑھی جائیں جو سرکار محمد و آل محمد علیہم السلام سے مروی ہیں جیسے یہ دعا جو پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے منقول ہے، فرمایا: جو شخص افطاری کے وقت یہ دعا پڑھے وہ گناہوں سے اس طرح پاک ہو جاتا ہے جیسے اب شکم مادر سے متولد ہوا ہے:

یَا عَظِیْمُ یَا عَظِیْمُ اَنْتَ اِلٰھِیْ لَا اِلٰہَ لِیْ غَیْرُکَ اِغْفِرْ لِیَ الذَّنْبَ الْعَظِیْمَ

اے عظیم خدا تو ہی میرا معبود ہے تیرے سوا میرا کوئی الہ نہیں ہے میرے بڑے گناہ کو معاف فرما کیونکہ بڑے (خدا)

اِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذَّنْبَ الْعَظِیْمَ اِلَّا الْعَظِیْمُ.

کے سوا اور کوئی بڑے گناہ کو معاف نہیں کرتا۔ (المصباح)

(۴) جناب امام موسیٰ کاظم علیہ السلام اپنے آباء طاہرین علیہم السلام سے روایت کرتے ہیں کہ افطاری کے وقت یہ دعا پڑھی جائے:

اَللّٰھُمَّ لَکَ صُمْتُ وَ عَلٰی رِزْقِکَ اَفْطَرْتُ وَ عَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ

اے اللہ! تیرے لیے روزہ رکھتا ہوں تیرے رزق سے افطار کرتا ہوں اور تجھی پر میرا بھروسہ ہے۔

(۵) حضرت امیر علیہ السلام کے بارے میں منقول ہے کہ آپؑ افطاری کے وقت یہ دعا پڑھا کرتے تھے:

بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ لَکَ صُمْنَا وَ عَلٰی رِزْقِکَ اَفْطَرْنَا فَتَقَبَّلْ مِنَّا

خدا کے نام سے اے اللہ! ہم نے تیرے لیے روزہ رکھا تیرے رزق سے افطار کیا پس اسے ہماری طرف سے قبول فرما

اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔

بے شک تو سننے والا جاننے والا ہے۔

(۶) حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام اپنے آباء طاہرین علیہم السلام سے نقل کرتے ہیں کہ روزہ دار کو چاہیئے کہ افطاری کے وقت جب پہلا لقمہ اٹھائے تو یہ دعا پڑھے جس کی برکت سے اس کے گناہ بخشے جائیں گے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا وَاسِعَ الْمَغْفِرَۃِ اغْفِرْلِیْ۔

اے بڑی وسیع بخشش والے خدا! تو میری مغفرت فرما۔

(۷) سورۂ انا انزلناہ فی لیلۃ القدر کا پڑھنا۔ چنانچہ حضرت امام زین العابدین علیہ السلام سے مروی ہے، فرمایا: جو شخص سحری اور افطاری کے وقت سورۂ انا انزلناہ فی لیلۃ القدر کی تلاوت کرے وہ ایسا ہے جیسے اللہ کی راہ میں اپنے خون میں لوٹنے والا۔



بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

خدا کے نام سے شروع جو رحمٰن و رحیم ہے

اِنَّا اَنْزَلْنَاہُ فِیْ لَیْلَۃِ الْقَدْرِ (۱) وَمَآ اَدْرٰکَ مَا لَیْلَۃُ الْقَدْرِ (۲) لَیْلَۃُ الْقَدْرِ خَیْرٌ

بیشک ہم نے اسے شب قدر میں نازل کیا ہے۔ اور آپ کیا جانیں یہ شب قدر کیا چیز ہے۔ شب قدر ہزار مہینوں

مِّنْ اَلْفِ شَھْرٍ (۳) تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِکَۃُ وَ الرُّوْحُ فِیْھَا بِاِذْنِ رَبِّھِمْ مِّنْ کُلِّ اَمْرٍ (۴)

سے بہتر ہے۔ اس میں ملائکہ اور روح القدس اذن خدا کے ساتھ تمام امور کو لے کر نازل ہوتے ہیں۔

سَلٰمٌ۔ ھِیَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ (۵)

یہ رات طلوع فجر تک سلامتی ہی سلامتی ہے۔

(۸) اہل ایمان کو روزہ افطار کرانا کہ جس کا بے حد اجر و ثواب وارد ہوا ہے۔

دوستوں کو جو کچھ عطا کیا ہے اس میں سے مجھے زیادہ حصہ دے یعنی رحمت بخشش محبت قبولیت اور درگزر ہمیشہ کے لیے بخشش

اَوْلِيَآئَكَ الْمُقَرَّبِينَ مِنَ الرَّحْمَةِ وَ الْمَغْفِرَةِ وَالتَّحَنُّنِ وَالْاِجَابَةِ وَالْعَفْوِ وَالْمَغْفِرَةِ

آرام آسودگی آگ سے خلاصی جنت میں جانے کی کامیابی اور دنیا و آخرت کی بھلائی میں زیادہ حصہ دے اے معبود! رحمت

الدَّآئِمَةِ وَالْعَافِيَةِ وَالْمُعَافَاةِ وَالْعِتْقِ مِنَ النَّارِ وَ الْفَوْزِ بِالْجَنَّةِ وَ خَيْرِ الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ

فرما سر کار محمدؐ وآل محمدؐ پر اور اس مہینے میں میری دعا کو ایسا بنا کہ تجھ تک پہنچ جائے اور تیری رحمت اور بھلائی اس میں مجھ پر نازل

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاجْعَلْ دُعَآئِيْ فِيْهِ اِلَيْكَ وَاصِلًا وَّ رَحْمَتَكَ

ہو اور اس ماہ میں میرا عمل تجھے قبول میری کوشش تجھے پسند اور اس میں تو میرا گناہ بخش دے یہاں تک کہ اس ماہ میں میرا نصیبہ

خَيْرَكَ اِلَيَّ فِيْهِ نَازِلًا وَّ عَمَلِيْ فِيْهِ مَقْبُوْلًا وَّ سَعْيِيْ فِيْهِ مَشْكُوْرًا وَّ ذَنْبِيْ فِيْهِ مَغْفُوْرًا حَتّٰى

بڑھ جائے اور میرا حصہ زیادہ ہو جائے اے معبود! رحمت فرما سر کار محمدؐ وآل محمدؐ پر اور اس ماہ میں مجھے شب قدر سے بہرہ ور فرما

يَكُوْنَ نَصِيْبِيْ فِيْهِ الْاَكْثَرَ وَ حَظِّيْ فِيْهِ الْاَوْفَرَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ

اس بہترین صورت میں جسے تو پسند کرے کہ تیرے دوستوں میں سے ہر ایک اسی حال میں ہو جو تیرے لیے بہت پسندیدہ ہے

وَوَفِّقْنِيْ فِيْهِ لِلَيْلَةِ الْقَدْرِ عَلٰى اَفْضَلِ حَالٍ تُحِبُّ اَنْ يَّكُوْنَ عَلَيْهَآ اَحَدٌ مِّنْ اَوْلِيَآئِكَ وَ

پھر شب قدر کو میرے لیے ہزار مہینوں سے بہتر قرار دے اور اس میں وہ بہترین روزی دے جو تو نے کسی شخص کو دی اور وہ اس

اَرْضَاهَا لَكَ ثُمَّ اجْعَلْهَا لِيْ خَيْرًا مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ وَّ ارْزُقْنِيْ فِيْهَآ اَفْضَلَ مَا رَزَقْتَ اَحَدًا



تک پہنچائی اور یوں اس کو سرفراز کیا ہے مجھے اس میں جہنم سے آزاد کیے گئے لوگوں میں قرار دے کہ جو آگ سے خلاصی پا گئے

مِّمَّنْ بَلَّغْتَهٗ اِيَّاهَا وَ اَكْرَمْتَهٗ بِهَا وَاجْعَلْنِيْ فِيْهَا مِنْ عُتَقَآئِكَ مِنْ جَهَنَّمَ وَ طُلَقَآئِكَ مِنَ

اور تیری بخشش وخوشنودی کے ساتھ تیری مخلوق میں سے خوش بخت ہیں اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے اے معبود! رحمت

النَّارِ وَ سُعَدَآءِ خَلْقِكَ بِمَغْفِرَتِكَ وَ رِضْوَانِكَ يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

نازل فرما سر کار محمدؐ وآل محمدؐ پر اور ہمیں اس ماہ رمضان میں نصیب کر سعی کوشش طاقت جوش اور وہ چیز جسے تو چاہے اور پسند

مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ ارْزُقْنَا فِيْ شَهْرِنَا هٰذَا الْجِدَّ وَ الْاِجْتِهَادَ وَ الْقُوَّةَ وَ النَّشَاطَ وَمَا

کرے اے اللہ! اے ایک صبح اور دس راتوں اور شفع و وتر کے رب اور ماہ رمضان کے مالک اور اس قرآن کے مالک جو تو نے

تُحِبُّ وَ تَرْضٰى اَللّٰهُمَّ رَبَّ الْفَجْرِ وَ لَيَالٍ عَشْرٍ وَّ الشَّفْعِ وَالْوَتْرِ وَ رَبَّ شَهْرِ رَمَضَانَ

اس ماہ میں نازل کیا اور جبرائیل و میکائیل و اسرافیل و عزرائیل اور تمام مقرب فرشتوں کے رب اور اے حضرت ابراہیمؑ و

وَمَآ اَنْزَلْتَ فِيْهِ مِنَ الْقُرْاٰنِ وَ رَبَّ جَبْرَئِيْلَ وَ مِيْكَآئِيْلَ وَ اِسْرَافِيْلَ وَ عِزْرَآئِيْلَ وَ جَمِيْعِ

اسماعیلؑ و اسحاقؑ و یعقوبؑ کے رب اور حضرت موسیٰؑ و عیسیٰؑ اور سارے نبیوں اور رسولوں کے رب اور اے نبیوں کے خاتم

الْمَلٰٓئِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ وَ رَبَّ اِبْرَاهِيْمَ وَ اِسْمَاعِيْلَ وَ اِسْحٰقَ وَ يَعْقُوْبَ وَ رَبَّ مُوْسٰى وَ

حضرت محمدؐ کے رب تیری رحمتیں ہوں ان پر اور سب پہلے نبیوں پر میں سوال کرتا ہوں تجھ سے واسطہ تیرے حق کے جوان پر ہے

عِيْسٰى وَ جَمِيْعِ النَّبِيِّيْنَ وَ الْمُرْسَلِيْنَ وَ رَبَّ مُحَمَّدٍ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ صَلَوَاتُكَ عَلَيْهِ وَ

اور بواسطہ ان کے حق کے جو تجھ پر ہے اور تیرے بزرگ تر حق کے واسطے سے کہ ضرور رحمت کر ان پر اور ان کی آل پر اور ان

عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ وَ اَسْئَلُكَ بِحَقِّكَ عَلَيْهِمْ وَ بِحَقِّهِمْ عَلَيْكَ وَ بِحَقِّكَ الْعَظِيْمِ لَمَّا صَلَّيْتَ

سب پر رحمت کر اور مجھ پر ایسی نظر فرما جو مہربانی کی نظر ہو کہ تو مجھ سے ایسا راضی ہو جائے اور اس کے بعد کبھی ناراض نہ ہو اور

عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ وَ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ وَ نَظَرْتَ اِلَىَّ نَظْرَةً رَحِيْمَةً تَرْضٰى بِهَا عَنِّىْ رِضًى لَا

میری تمام مرادیں خواہشیں آرزوئیں اور ارادے پورے فرما وہ چیزیں مجھ سے دور کر دے جن سے میں اپنی جان کے لیے

سَخَطَ عَلَىَّ بَعْدَهٗ اَبَدًا وَّ اَعْطَيْتَنِىْ جَمِيْعَ سُؤْلِىْ وَ رَغْبَتِىْ وَ اُمْنِيَّتِىْ وَ اِرَادَتِىْ وَ صَرَفْتَ

ڈرتا اور خوف کھاتا ہوں اور خوف نہیں کھاتا اور انہیں میرے رشتہ داروں میرے مال میرے بھائیوں اور اولاد سے بھی دور

عَنِّىْ مَآ اَكْرَهُ وَ اَحْذَرُ وَ اَخَافُ عَلٰى نَفْسِىْ وَمَا لَا اَخَافُ وَ عَنْ اَهْلِىْ وَ مَالِىْ وَ اِخْوَانِىْ



فرما اے معبود! ہم اپنے گناہوں سے تیری طرف بھاگے ہیں ہمیں توبہ کرنے والوں کی سی پناہ دے اور توجہ کر کہ ہم بخشش کے

وَ ذُرِّيَّتِىْ اَللّٰهُمَّ اِلَيْكَ فَرَرْنَا مِنْ ذُنُوْبِنَا فَاٰوِنَا تَآئِبِيْنَ وَ تُبْ عَلَيْنَا مُسْتَغْفِرِيْنَ وَاغْفِرْلَنَا

طالب ہیں ہمیں بخشش دے پناہ دیتے ہوئے پناہ دے کہ طالب پناہ ہیں ہمیں پناہ میں لے کہ سرنگوں ہیں ہمیں رسوا نہ کر کہ

مُتَعَوِّذِيْنَ وَ اَعِذْنَا مُسْتَجِيْرِيْنَ وَ اَجِرْنَا مُسْتَسْلِمِيْنَ وَلَا تَخْذُلْنَا رَاهِبِيْنَ وَ اٰمِنَّا رَاغِبِيْنَ وَ

ڈرنے والے ہیں ہم خواہاں ہیں امان دے ہم سائل ہیں شفاعت قبول فرما اور حاجت پوری کر بے شک تو دعا سننے والا ہے

شَفِّعْنَا سَآئِلِيْنَ وَ اَعْطِنَآ اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ قَرِيْبٌ مُّجِيْبٌ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّىْ وَ اَنَا عَبْدُكَ

قریب تر قبول کرنے والا اے معبود! تو میرا پروردگار اور میں تیرا بندہ ہوں اور بندے کو زیادہ حق ہے کہ اپنے پروردگار سے

اَحَقُّ مَنْ سَئَلَ الْعَبْدُ رَبَّهٗ وَلَمْ يَسْئَلِ الْعِبَادُ مِثْلَكَ كَرَمًا وَّ جُوْدًا يَا مَوْضِعَ شَكْوَى

سوال کرے اور بندوں سے تیرے جیسے کرم و بخشش کا سوال نہیں کیا جا سکتا اے سائلوں کے لیے مرکز شکایت اور اے محتاجوں

السَّآئِلِيْنَ وَيَا مُنْتَهٰى حَاجَةِ الرَّاغِبِيْنَ وَيَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ وَيَا مُجِيْبَ دَعْوَةِ

کی حاجت برآری کی آخری امیدگاہ اے فریاد کرنے والوں کے فریادرس اے بے چاروں کی دعائیں قبول کرنے والے

الْمُضْطَرِّيْنَ وَ يَا مَلْجَأَ الْهَارِبِيْنَ وَ يَا صَرِيْخَ الْمُسْتَصْرِخِيْنَ وَ يَا رَبَّ الْمُسْتَضْعَفِيْنَ وَ يَآ

اے بھاگنے والوں کی جائے پناہ اے چیخ و پکار کرنے والوں کے مددگار اور اے دبائے گئے لوگوں کے پروردگار اے دکھی

كَاشِفَ كَرْبِ الْمَكْرُوْبِيْنَ وَ يَا فَارِجَ هَمِّ الْمَهْمُوْمِيْنَ وَ يَا كَاشِفَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ يَا

لوگوں کے دکھ دور کرنے والے اے پریشانوں کی پریشانی ہٹانے والے اور اے بڑی مصیبت کے دور کرنے والے یا اللہ اے

اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاغْفِرْلِيْ

رحم کرنے والے اے مہربان اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے رحمت نازل فرما سرکار محمدؐ و آل محمدؐ پر اور بخش دے میرے

ذُنُوْبِيْ وَ عُيُوْبِيْ وَ اِسَآئَتِيْ وَ ظُلْمِيْ وَ جُرْمِيْ وَ اِسْرَافِيْ عَلٰى نَفْسِيْ وَ ارْزُقْنِيْ مِنْ

گناہ میرے عیب میری برائیاں میری ناانصافی میرا جرم اور اپنے نفس پر میری زیادتی اور مجھ پر اپنا فضل و کرم اور رحمت فرما

فَضْلِكَ وَ رَحْمَتِكَ فَاِنَّهٗ لَا يَمْلِكُهَا غَيْرُكَ وَاعْفُ عَنِّيْ وَ اغْفِرْلِيْ كُلَّ مَا سَلَفَ مِنْ

کیونکہ تیرے سوا کسی کو یہ اختیار نہیں اور مجھے معاف فرما اور میرے گزشتہ گناہ معاف کردے اور بقایا زندگی میں مجھے گناہ سے

ذُنُوْبِيْ وَ اعْصِمْنِيْ فِيْمَا بَقِيَ مِنْ عُمْرِيْ وَ اسْتُرْ عَلَيَّ وَ عَلٰى وَالِدَيَّ وَ وَلَدِيْ وَ قَرَابَتِيْ



بچائے رکھ اور پردہ پوشی فرما میری میرے والدین کی میری اولاد اور عزیزوں کی میرے ملنے والوں کی اور مومنین و مومنات

وَ اَهْلِ حُزَانَتِيْ وَمَنْ كَانَ مِنِّيْ بِسَبِيْلٍ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ فِي الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ

میں سے جو میرے ہمقدم ہیں ان سب کی دنیا اور آخرت میں پردہ پوشی فرما کیونکہ یہ بات کلی طور پر تیرے اختیار میں ہے اور تو

فَاِنَّ ذٰلِكَ كُلَّهٗ بِيَدِكَ وَ اَنْتَ وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ وَلَا تُخَيِّبْنِيْ يَا سَيِّدِيْ وَلَا تَرُدَّ دُعَآئِيْ وَ لَا

بخشش دینے میں وسعت والا ہے پس ناامید نہ کر میرے آقا! میری دعا رد نہ کر اور میرا ہاتھ میرے سینے کی طرف نہ پلٹا حتیٰ کہ

يَدِيْ اِلٰى نَحْرِيْ حَتّٰى تَفْعَلَ ذٰلِكَ بِيْ وَ تَسْتَجِيْبَ لِيْ جَمِيْعَ مَا سَئَلْتُكَ وَ تَزِيْدَنِيْ مِنْ

مجھے وہ سب کچھ دے اور میری سب حاجتیں پوری کردے جو میں نے طلب کیں اور اپنے فضل سے مجھے کچھ زیادہ بھی دے کہ

فَضْلِكَ فَاِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَّ نَحْنُ اِلَيْكَ رَاغِبُوْنَ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى

بے شک تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے اور ہم تیری ہی طرف رغبت کرتے ہیں اے معبود! تیرے لیے اچھے اچھے نام ہیں اور بلند

وَ الْاَمْثَالُ الْعُلْيَا وَ الْكِبْرِيَآءُ وَ الْاٰلَآءُ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اِنْ

ترین شانیں ہیں بڑائیاں اور نعمتیں ہیں میں سوال کرتا ہوں تجھ سے بواسطہ تیرے نام (اللہ رحمن رحیم) کے اگر تو نے اس رات

كُنْتَ قَضَيْتَ فِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ تَنَزُّلَ الْمَلٰٓئِكَةِ وَ الرُّوْحِ فِيْهَآ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ

میں ملائکہ اور روح کو زمین پر اتارنے کا فیصلہ کر رکھا ہے تو اس رات رحمت فرما سرکار محمدؐ و آل محمدؐ پر اور یہ کہ میرا نام نیک بختوں

مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تَجْعَلَ اسْمِيْ فِي السُّعَدَآءِ وَ رُوْحِيْ مَعَ الشُّهَدَآءِ وَ اِحْسَانِيْ فِيْ عِلِّيِّيْنَ وَ

میں میری روح کو شہیدوں کے ساتھ میری نیکی کو درجہ علیین میں اور میرے گناہوں کو بخشے ہوئے قرار دے اور یہ کہ مجھے وہ

اِسَآئَتِيْ مَغْفُوْرَةً وَّ اَنْ تَهَبَ لِيْ يَقِيْنًا تُبَاشِرُ بِهٖ قَلْبِيْ وَ اِيْمَانًا لَّا يَشُوْبُهٗ شَكٌّ وَّ رِضًى بِمَا

یقین دے جو میرے دل میں جما رہے وہ ایمان عطا کر جسے شک کا خطرہ نہ ہو جو کچھ تو نے دیا اس پر راضی رکھ مجھے اس دنیا میں

قَسَمْتَ لِيْ وَ اٰتِنِيْ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّ فِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّ قِنِيْ عَذَابَ النَّارِ وَ اِنْ لَّمْ

نیکی اور آخرت میں خوشی نصیب فرما اور مجھے آگ کے عذاب سے بچائے رکھ اور اگر تو نے آج کی رات میں ملائکہ اور روح کو

تَكُنْ قَضَيْتَ فِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ تَنَزُّلَ الْمَلٰٓئِكَةِ وَ الرُّوْحِ فِيْهَا فَاَخِّرْنِيْٓ اِلٰى ذٰلِكَ وَارْزُقْنِيْ

نازل کرنے کا فیصلہ نہیں کیا تو پھر مجھ کو ایسی رات تک مہلت دے اور اس میں مجھے اپنے ذکر شکر فرمانبرداری اور بہترین عبادت

فِيْهَا ذِكْرَكَ وَ شُكْرَكَ وَ طَاعَتَكَ وَ حُسْنَ عِبَادَتِكَ وَ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ



کی توفیق دے اور رحمت نازل فرما سرکار محمدؐ و آل محمدؐ پر اپنی بہترین رحمتوں سے اے سب سے زیادہ رحم کرنے والا اے یگانہ

بِاَفْضَلِ صَلَوٰتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ يَآ اَحَدُ يَا صَمَدُ يَا رَبَّ مُحَمَّدٍ اِغْضَبِ الْيَوْمَ

اے بے نیاز اے رب محمدؐ! آج غضبناک ہو محمدؐ اور ان کے خاندان کے نیکوکاروں کی خاطر اور ان کے دشمنوں کے ٹکڑے

لِمُحَمَّدٍ وَّ لِاَبْرَارِ عِتْرَتِهٖ وَاقْتُلْ اَعْدَآئَهُمْ بَدَدًا وَّ اَحْصِهِمْ عَدَدًا وَّلَا تَدَعْ عَلٰى ظَهْرِ

ٹکڑے کر دے انہیں ایک ایک کر کے گن لے اور ان میں سے کسی کو روئے زمین پر زندہ نہ چھوڑ انہیں کبھی بھی معاف نہ فرما

الْاَرْضِ مِنْهُمْ اَحَدًا وَّلَا تَغْفِرْ لَهُمْ اَبَدًا يَا حَسَنَ الصُّحْبَةِ يَا خَلِيْفَةَ النَّبِيِّيْنَ اَنْتَ اَرْحَمُ

اے بہترین رفیق اے نبیوں کے بعد باقی رہنے والے تو سب سے زیادہ رحم کرنے والا ہے ایسا آغاز کرنے والا ہے پیدا

الرَّاحِمِيْنَ الْبَدِيْءُ الْبَدِيْعُ الَّذِيْ لَيْسَ كَمِثْلِكَ شَيْءٌ وَّ الدَّآئِمُ غَيْرُ الْغَافِلِ وَ الْحَيُّ

کرنے والا ہے کہ کوئی بھی چیز تیرے جیسی نہیں ہے اے ہمیشہ کے بیدار جو غافل نہیں ہوتا اور وہ زندہ جسے موت نہیں آتی تو وہ

الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ اَنْتَ كُلَّ يَوْمٍ فِيْ شَاْنٍ اَنْتَ خَلِيْفَةُ مُحَمَّدٍ وَّ نَاصِرُ مُحَمَّدٍ وَّ مُفَضِّلُ

ہے جو ہر روز نرالی شان رکھتا ہے تو حضرت محمدؐ کا پشت پناہ ان کا مددگار اور ان کو فضیلت دینے والا ہے میں سوالی ہوں تیرا کہ

مُحَمَّدٍ اَسْئَلُکَ اَنْ تَنْصُرَ وَصِیَّ مُحَمَّدٍ وَّ خَلِیْفَةَ مُحَمَّدٍ وَّ الْقَآئِمَ بِالْقِسْطِ مِنْ اَوْصِیَآءِ

حضرت محمدؐ کے وصی ان کے جانشین اور ان کے جانشینوں میں سے عدل و انصاف قائم کرنے والے کی مدد فرما تیری رحمتیں

مُحَمَّدٍ صَلَوٰاتُکَ عَلَیْهِ وَ عَلَیْهِمْ اِعْطِفْ عَلَیْهِمْ نَصْرَکَ یَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ بِحَقِّ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ

ہوں اس پر اور ان سب پر ان سبھوں کی مدد و نصرت فرما اے کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے بواسطہ نہیں کوئی معبود مگر تو رحمت

اَنْتَ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاجْعَلْنِیْ مَعَهُمْ فِی الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَةِ وَاجْعَلْ عَاقِبَةَ

فرما سرکار محمدؐ و آل محمدؐ پر اور مجھے دنیا اور آخرت میں انہی کے ساتھ قرار دے اور میری زندگی کو اپنی بخشش و رحمت کے شمول پر

اَمْرِیْ اِلٰی غُفْرَانِکَ وَ رَحْمَتِکَ یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ وَ کَذٰلِکَ نَسَبْتَ نَفْسَکَ یَا سَیِّدِیْ

ختم فرما اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے اور جیسا کہ اپنے آپ کو لطیف و مہربان کے نام سے موسوم کیا ہے میرے مالک

بِاللَّطِیْفِ بَلٰی اِنَّکَ لَطِیْفٌ فَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ الْطُفْ لِمَا تَشَآءُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

ہاں بے شک تو مہربان ہے پس رحمت فرما سرکار محمدؐ و آل محمدؐ پر اور جس پر چاہے لطف و کرم کر اے معبود! رحمت نازل کر سرکار محمدؐ

عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ ارْزُقْنِی الْحَجَّ وَ الْعُمْرَةَ فِیْ عَامِنَا هٰذَا وَ تَطَوَّلْ عَلَیَّ بِجَمِیْعِ



و آل محمدؐ پر اور نصیب فرما مجھے حج اور عمرہ کی ادائیگی اسی رواں سال میں اور مجھ پر عنایت کرتے ہوئے میری دنیا و آخرت کی

حَوَآئِجِیْ لِلْاٰخِرَةِ وَ الدُّنْیَا۔ پھر تین مرتبہ کہے: اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّیْ وَ اَتُوْبُ اِلَیْهِ اِنَّ رَبِّیْ قَرِیْبٌ

تمام حاجتیں پوری فرما۔ بخشش چاہتا ہوں خدا سے جو میرا رب ہے اور اس کے حضور توبہ کرتا ہوں

مُّجِیْبٌ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّیْ وَ اَتُوْبُ اِلَیْهِ اِنَّ رَبِّیْ رَحِیْمٌ وَّدُوْدٌ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّیْ وَ اَتُوْبُ

بیشک میرا رب نزدیک اور دعا قبول کرنے والا ہے بخشش چاہتا ہوں خدا سے جو میرا رب ہے اور اس کے حضور توبہ کرتا ہوں بے شک میرا رب مہربان محبت

اِلَیْهِ اِنَّهٗ کَانَ غَفَّارًا اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ اِنَّکَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ رَبِّ اِنِّیْ عَمِلْتُ سُوْٓءً وَ ظَلَمْتُ

والا ہے بخشش چاہتا ہوں خدا سے جو میرا رب ہے اور اس کے حضور توبہ کرتا ہوں کیونکہ وہ بہت بخشنے والا ہے اے معبود! مجھے بخش دے بے شک تو سب سے

نَفْسِیْ فَاغْفِرْلِیْ اِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ

زیادہ رحم کرنے والا ہے میرے رب میں نے برا عمل کیا اور اپنی جان پر ظلم کیا پس مجھے بخش دے کہ تیرے سوا کوئی گناہوں کا معاف کرنے والا نہیں بخشش

الْقَیُّوْمُ الْحَلِیْمُ الْعَظِیْمُ الْکَرِیْمُ الْغَفَّارُ لِلذَّنْبِ الْعَظِیْمِ وَ اَتُوْبُ اِلَیْهِ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ

چاہتا ہوں اللہ سے جس کے سوا کوئی معبود نہیں وہی زندہ و پائندہ بردبار بڑائی والا مہربان بڑے سے بڑے گناہ کو بخش دینے والا ہے میں اس کے حضور توبہ کرتا

كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا۔ پھر تین مرتبہ کہے: اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ اَنْ تُصَلِّیَ

| |
|---|
| ہوں اللہ سے بخشش چاہتا ہوں بے شک اللہ ہے بخش دینے والا مہربان اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ رحمت |

عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ اَنْ تَجْعَلَ فِيْمَا تَقْضِیْ وَ تُقَدِّرُ مِنَ الْاَمْرِ الْعَظِيْمِ الْمَحْتُوْمِ

| |
|---|
| نازل فرما سرکار محمدؐ و آل محمدؐ پر اور یہ کہ تو شب قدر میں جن بڑے اور یقینی امور کے بارے میں بست و کشاد کا حکم لگائے جو تیرے |

فِیْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ مِنَ الْقَضَآءِ الَّذِیْ لَا يُرَدُّ وَلَا يُبَدَّلُ اَنْ تَكْتُبَنِیْ مِنْ حُجَّاجِ بَيْتِكَ الْحَرَامِ

| |
|---|
| ایسے فیصلے ہوں جن میں کسی طرح کا التوا اور تبدیلی واقع نہیں ہوتی ان کے ضمن میں مجھے اپنے محترم گھر کعبہ کے ان حاجیوں میں لکھ |

الْمَبْرُوْرِ حَجُّهُمُ الْمَشْكُوْرِ سَعْيُهُمُ الْمَغْفُوْرِ ذُنُوْبُهُمُ الْمُكَفَّرِ عَنْ سَيِّئَاتِهِمْ وَ اَنْ تَجْعَلَ

| |
|---|
| دے جن کا حج قبول جن کی سعی پسندیدہ جن کے گناہ معاف شدہ اور جن کی خطائیں ان سے دور کردی گئی ہوں اور یہ کہ جن باتوں |

فِيْمَا تَقْضِیْ وَ تُقَدِّرُ اَنْ تُطِيْلَ عُمْرِیْ وَ تُوَسِّعَ رِزْقِیْ وَ تُؤَدِّیَ عَنِّیْ اَمَانَتِیْ وَ دَيْنِیْ اٰمِيْنَ

| |
|---|
| میں تو بست و کشاد کرے ان میں میری عمر کو طولانی میرے رزق میں فراوانی فرما اور میری طرف سے امانتیں اور قرضے ادا کردے ایسا |

رَبَّ الْعَالَمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ لِّیْ مِنْ اَمْرِیْ فَرَجًا وَّ مَخْرَجًا وَّارْزُقْنِیْ مِنْ حَيْثُ اَحْتَسِبُ وَ



| |
|---|
| ہی ہو اے جہانوں کے پالنے والے اے اللہ! میرے معاملوں میں کشادگی اور سہولت قرار دے اور مجھے رزق دے جہاں سے |

مِنْ حَيْثُ لَا اَحْتَسِبُ وَاحْرُسْنِیْ مِنْ حَيْثُ اَحْتَرِسُ وَ مِنْ حَيْثُ لَآ اَحْتَرِسُ وَ صَلِّ عَلٰى

| |
|---|
| مجھے توقع ہے اور جہاں سے مجھے اس کے ملنے کی توقع نہیں ہے اور میری حفاظت کر جہاں میں اپنی حفاظت کرسکوں اور جہاں اپنی |

مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ سَلِّمْ كَثِيْرًا.

| |
|---|
| حفاظت نہ کرسکوں اور رحمت نازل فرما محمدؐ و آل محمدؐ پر اور بہت زیادہ سلام۔ |

(۲) ہر روز یہ دعا پڑھی جائے جسے حضرت امام محمد تقی علیہ السلام ماہ رمضان کے شب و روز میں زیادہ سے زیادہ پڑھا کرتے تھے:

يَاذَا الَّذِیْ كَانَ قَبْلَ كُلِّ شَیْءٍ ثُمَّ خَلَقَ كُلَّ شَیْءٍ ثُمَّ يَبْقٰى وَيَفْنٰى كُلُّ شَیْءٍ يَا ذَا الَّذِیْ لَيْسَ

| |
|---|
| اے وہ جو ہر چیز سے پہلے موجود تھا پھر ہر ایک چیز کو پیدا کیا تو وہ جو باقی رہے گا اور ہر چیز فنا ہو جائے گی تو وہ جس کی مانند |

كَمِثْلِهٖ شَیْءٌ وَّيَا ذَا الَّذِیْ لَيْسَ فِی السَّمٰوٰتِ الْعُلٰى وَلَا فِی الْاَرَضِيْنَ السُّفْلٰى وَلَا

| |
|---|
| کوئی چیز نہیں اے وہ جو نہ بلند آسمانوں میں ہے اور نہ پست ترین زمینوں میں ہے اور نہ ان کے اوپر ہے نہ ان کے نیچے |

فَوْقَهُنَّ وَلَا تَحْتَهُنَّ وَلَا بَيْنَهُنَّ اِلٰهٌ يُعْبَدُ غَيْرُهٗ لَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا لَا يَقْوٰى عَلٰى اِحْصَائِهٖ

ہے اور نہ درمیان میں ہے وہ معبود جس کے سوا کوئی معبود نہیں تیرے لیے حمد ہے وہ حمد کہ کوئی اسے شمار نہ کر سکے سوائے

اِلَّا اَنْتَ فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ صَلٰوةً لَا يَقْوٰى عَلٰى اِحْصَائِهَآ اِلَّا اَنْتَ.

تیرے پس رحمت فرما حضرات محمدؐ و آل محمدؑ پر وہ رحمت کہ کوئی اسے شمار نہ کر سکے سوائے تیرے۔

(۳) جناب شیخ کفعمی نے جناب سید ابن باقی کے حوالہ سے اس دعا کا ماہ رمضان کے شب و روز میں پڑھنا درج کیا ہے اور یہ کہ اس کے پڑھنے سے چالیس سال کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں:

اَللّٰهُمَّ رَبَّ شَهْرِ رَمَضَانَ الَّذِيْٓ اَنْزَلْتَ فِيْهِ الْقُرْاٰنَ وَافْتَرَضْتَ عَلٰى عِبَادِكَ فِيْهِ الصِّيَامَ

اے معبود! اے ماہ رمضان کے پروردگار کہ جس میں تو نے قرآن نازل کیا اور تو نے اپنے بندوں پر اس کے روزے فرض کیے

اُرْزُقْنِيْ حَجَّ بَيْتِكَ الْحَرَامِ فِيْ هٰذَا الْعَامِ وَ فِيْ كُلِّ عَامٍ وَّاغْفِرْ لِيَ الذُّنُوْبَ الْعِظَامَ فَاِنَّهٗ

مجھے اپنے محترم گھر کعبہ کا حج نصیب فرما اس سال میں اور آیندہ سالوں میں اور میرے بڑے بڑے گناہ بخش دے کیونکہ تیرے

لَا يَغْفِرُهَا غَيْرُكَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَ الْاِكْرَامِ.



سوا کوئی انہیں بخش نہیں سکتا اے جلالت اور بزرگیوں والے۔

(۴) جناب شیخ مفید علیہ الرحمہ اپنی کتاب مقنعہ میں فرماتے ہیں کہ ماہ رمضان کی سنتوں میں سے ایک سنت یہ ہے کہ ہر روز کم از کم ایک سو بار درود شریف پڑھا جائے اور اگر زیادہ پڑھا جائے تو افضل ہے۔

## ماہ رمضان کے اعمال مخصوصہ کا تذکرہ

ماہ مبارک رمضان کے مشترکہ اعمال کا تذکرہ کرنے کے بعد جو کہ چار قسم کے اعمال تھے۔ اب ان مخصوص اعمال وعبادات کا تذکرہ کیا جاتا ہے جو اس مقدس مہینہ کے مخصوص شب و روز کے ساتھ مختص ہیں۔ اور وہ چند امور ہیں:

### (۱) ماہ رمضان کا چاند دیکھ کر پڑھنے کی دعا

(۱) ماہ رمضان کا چاند دیکھنے کی کوشش کی جائے جیسا کہ حضرت امیر المومنین علیہ السلام کیا کرتے تھے۔

(۲) جب چاند نظر آجائے تو قبلہ رو ہو کر یہ دعا پڑھی جائے جو کہ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پڑھا کرتے تھے:

اَللّٰھُمَّ اَھِلَّہُ عَلَیْنَا بِالْاَمْنِ وَ الْاِیْمَانِ وَ السَّلَامَۃِ وَ الْاِسْلَامِ وَ الْعَافِیَۃِ الْمُجَلِّلَۃِ وَ دِفَاعِ

اے معبود! اس چاند کو ہمارے لیے امن وامان اور سلامتی وسلامت روی کے ساتھ طلوع کر اور اس ماہ کو ہمارے لیے بہترین آسائش

الْاَسْقَامِ وَ الْعَوْنِ عَلَی الصَّلٰوۃِ وَ الصِّیَامِ وَ الْقِیَامِ وَ تِلَاوَۃِ الْقُرْاٰنِ اَللّٰھُمَّ سَلِّمْنَا لِشَھْرِ

بیماریوں سے بچاؤ نماز روزے اور نفلی عبادت بجالانے اور قرآن کی تلاوت کرنے میں مددگار بنا دے اے معبود! ہمیں ماہ رمضان

رَمَضَانَ وَ تَسَلَّمْہُ مِنَّا وَ سَلِّمْنَا فِیْہِ حَتّٰی یَنْقَضِیَ عَنَّا شَھْرُ رَمَضَانَ وَ قَدْ عَفَوْتَ عَنَّا وَ

میں سلامت رکھ اور یہ پورا مہینہ نصیب فرما ہمیں تندرست رکھ جب تک ماہ رمضان گزر نہ جائے اور تو نے اس میں ہمیں معاف کیا ہو

غَفَرْتَ لَنَا وَ رَحِمْتَنَا.

بخش دیا ہو اور ہم پر مہربانی فرمادی ہو۔

(۳) نیز رو بقبلہ ہو کر اور ہاتھ اٹھا کر یہ دعا پڑھی جائے جو حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے:

رَبِّیْ وَ رَبُّکَ اللّٰہُ رَبُّ الْعَالَمِیْنَ اَللّٰھُمَّ اَھِلَّہُ عَلَیْنَا بِالْاَمْنِ وَ الْاِیْمَانِ وَ السَّلَامَۃِ وَ



میرا پروردگار تیرا پروردگار اللہ ہے جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے اے معبود! اس چاند کو ہمارے لیے امن وامان وسلامتی وسلامت

الْاِسْلَامِ وَ الْمُسَارِعَۃِ اِلٰی مَا تُحِبُّ وَ تَرْضٰی اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْ شَھْرِنَا ھٰذَا وَ ارْزُقْنَا

روی کے ساتھ طلوع کر اور اپنی پسندیدہ چیزوں کی طرف جلدی کرنے کا ذریعہ بنا دے اے معبود! اس مہینے میں ہم پر خیر و برکت

خَیْرَہُ وَ عَوْنَہُ وَ اصْرِفْ عَنَّا ضُرَّہُ وَ شَرَّہُ وَ بَلَاءَہُ وَ فِتْنَتَہُ.

نازل فرما اور ہمیں خیر و بھلائی سے ہمکنار کر دے اس مہینے میں ہم سے نقصان تکلیف مصیبت اور آزمائش کو دور رکھ۔

(۴) ہو سکے تو صحیفہ سجادیہ والی دعائے ہلال (دعا نمبر ۴۳) پڑھے جو حضرت امام زین العابدین علیہ السلام پڑھا کرتے تھے: ﴿اَیُّھَا الْخَلْقُ الْمُطِیْعُ الدَّآئِبُ السَّرِیْعُ ....﴾ (صحیفہ سجادیہ، صفحہ ۲۰۶)

(۵) یہ دعا پڑھے جو حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے:

اَللّٰھُمَّ اَدْخِلْہُ عَلَیْنَا بِالسَّلَامَۃِ وَ الْاِسْلَامِ وَ الْیَقِیْنِ وَ الْاِیْمَانِ وَ الْبِرِّ وَ التَّوْفِیْقِ لِمَا تُحِبُّ وَ تَرْضٰی۔

اے اللہ تو اس مہینہ کو ہم پر سلامتی، اسلام، یقین وایمان ونیکی اور ان باتوں کی توفیق کے ساتھ داخل فرما جن کو تو پسند کرتا ہے۔ (کتاب الدعا والزیارہ)

(۱) پہلی رات غسل کیا جائے تا کہ آئندہ سال تک خارش سے محفوظ رہے اور باطنی پاکیزگی بھی حاصل ہو اور اگر ہو سکے تو نہر سے یہ غسل کیا جائے۔

(۲) اس رات وہ دعا پڑھی جائے جس کے شعبان کی آخری رات میں پڑھنے کا تذکرہ کیا جا چکا ہے۔

(۳) حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت کی جائے۔

(۴) ماہ رمضان میں پڑھی جانے والی ایک ہزار رکعت نماز کا اس رات سے آغاز کر دیا جائے جس کا قبل ازیں تذکرہ کیا جا چکا ہے۔

(۵) اس رات وہ دعا پڑھی جائے جو حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے:



اَللّٰهُمَّ قَدْ حَضَرَ شَهْرُ رَمَضَانَ وَ قَدِ افْتَرَضْتَ عَلَيْنَا صِيَامَهُ وَ اَنْزَلْتَ

اے معبود! ماہِ رمضان آ گیا اور تو نے ہم پر اس کے روزے فرض کیے ہیں تو نے اس میں قرآن اتارا کہ جس میں

فِيْهِ الْقُرْاٰنَ هُدًى لِلنَّاسِ وَ بَيِّنَاتٍ مِنَ الْهُدٰى وَ الْفُرْقَانِ اَللّٰهُمَّ اَعِنَّا عَلٰى صِيَامِهٖ

لوگوں کے لیے ہدایت اور ہدایت کی دلیلیں اور حق و باطل کا فرق ظاہر ہے اے معبود! روزے رکھنے میں ہماری مدد فرما اور

وَ تَقَبَّلْهُ مِنَّا وَ سَلِّمْنَا فِيْهِ وَ سَلِّمْنَا مِنْهُ وَ سَلِّمْهُ لَنَا فِيْ يُسْرٍ مِّنْكَ وَ عَافِيَةٍ

انہیں قبول کر ہمیں اس ماہ میں تندرست رکھ اس سے مستفید کر اس پورے مہینے میں ہمیں آسانی نصیب فرما اور آسائش دے

اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ.

بے شک تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے اے بڑے رحم والے اے مہربان۔

(۶) اس رات وہ دو رکعت نماز پڑھی جائے جو حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے مروی ہے تا کہ آدمی آئندہ سال تک اللہ کی حفظ و امان میں رہے۔ پہلی رکعت میں الحمد کے بعد سورۂ **انا فتحنا لک فتحاً مبینا** اور دوسری میں الحمد کے بعد جو سورہ چاہے پڑھے جو ایسا کرے گا تو خدا اسے اس سال ہر قسم کے شر و آفات

سے محفوظ رکھے گا۔ (زاد المعاد)

## ماہِ رمضان کے پہلے دن کے اعمال

اس دن کے بھی چند عمل ہیں:

(۱) آب جاری یعنی دریا یا نہر سے غسل کیا جائے۔

(۲) ہر ماہ کی پہلی تاریخ والی دو رکعت نماز پڑھ کر کچھ صدقہ دیا جائے۔

(۳) طلوع فجر کے بعد یہ دعا پڑھی جائے:

﴿اَللّٰهُمَّ قَدْ حَضَرَ شَهْرُ رَمَضَانَ وَ قَدِ افْتَرَضْتَ عَلَيْنَا صِيَامَهُ وَ اَنْزَلْتَ فِيْهِ الْقُرْاٰنَ هُدًى

اے معبود! ماہ رمضان آ گیا ہے اور تو نے اس کے روزے ہم پر فرض کیے ہیں اس میں تو نے قرآن اتارا ہے جو لوگوں کیلئے ہدایت

لِلنَّاسِ وَ بَيِّنَاتٍ مِنَ الْهُدٰى وَ الْفُرْقَانِ اَللّٰهُمَّ اَعِنَّا عَلٰى صِيَامِهِ وَ تَقَبَّلْهُ مِنَّا وَ تَسَلَّمْهُ مِنَّا وَ

اور ہدایت کی نشانیاں اور حق و باطل کا فرق کرتا ہے اے معبود! اس کے روزے رکھنے میں مدد کر اور وہ ہم سے قبول فرما اس کو ہم

سَلِّمْهُ لَنَا فِيْ يُسْرٍ مِنْكَ وَ عَافِيَةٍ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

سے پورا لے اور ہمارے لیے پورا فرما اپنی طرف سے آسانی و سہولت کے ساتھ بے شک تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔

(۴) یہ دعا پڑھی جائے جو کہ حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے منقول ہے تاکہ پورا سال ہر قسم کے فتنہ و فساد اور ہر ضرر رساں چیز کے ضرر سے محفوظ رہے:

﴿اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِيْ دَانَ لَهُ كُلُّ شَيْءٍ وَ بِرَحْمَتِكَ الَّتِيْ وَسِعَتْ كُلَّ

اے معبود! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے بواسطہ تیرے نام کے ہر چیز جس کی مطیع ہے اور بواسطہ تیری رحمت کے جو ہر چیز پر چھائی

شَيْءٍ وَ بِعَظَمَتِكَ الَّتِيْ تَوَاضَعَ لَهَا كُلُّ شَيْءٍ وَ بِعِزَّتِكَ الَّتِيْ قَهَرَتْ كُلَّ شَيْءٍ وَ بِقُوَّتِكَ

ہوئی ہے بواسطہ تیری بڑائی کے جس کے آگے ہر چیز جھکی ہوئی ہے بواسطہ تیری عزت کے جو ہر چیز پر حاوی ہے بواسطہ تیری قوت

الَّتِيْ خَضَعَ لَهَا كُلُّ شَيْءٍ وَ بِجَبَرُوْتِكَ الَّتِيْ غَلَبَتْ كُلَّ شَيْءٍ وَ بِعِلْمِكَ الَّذِيْ اَحَاطَ

کے جس کے آگے ہر چیز سرنگوں ہے بواسطہ تیرے اقتدار کے جو ہر چیز پر غالب ہے اور سوالی ہوں بواسطہ تیرے علم کے جو ہر چیز کو

بِكُلِّ شَيْءٍ يَا نُوْرُ يَا قُدُّوْسُ يَا اَوَّلُ قَبْلَ كُلِّ شَيْءٍ وَ يَا بَاقِيًا بَعْدَ كُلِّ شَيْءٍ يَا اَللّٰهُ

گھیرے ہوئے ہے اے نور اے پاکیزہ تر اے وہ اول جو ہر چیز سے پہلے تھا اے وہ باقی جو ہر چیز کے بعد رہے گا اے اللہ

يَا رَحْمٰنُ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاغْفِرْ لِيَ الذُّنُوْبَ الَّتِيْ تُغَيِّرُ النِّعَمَ وَاغْفِرْ لِيَ

اے رحمٰن رحمت فرما سرکار محمدؐ و آل محمدؐ پر اور میرے وہ گناہ معاف فرما جو نعمتوں کو پلٹا دیتے ہیں اور میرے وہ گناہ معاف فرما جو

الذُّنُوْبَ الَّتِيْ تُنْزِلُ النِّقَمَ وَاغْفِرْ لِيَ الذُّنُوْبَ الَّتِيْ تَقْطَعُ الرَّجَآءَ وَاغْفِرْلِيَ الذُّنُوْبَ الَّتِيْ

نزول عذاب کا باعث ہیں میرے وہ گناہ معاف فرما جو امید رحمت کو توڑتے ہیں میرے وہ گناہ معاف فرما جو مجھ پر دشمنوں کو چڑھا

تُدِيْلُ الْاَعْدَآءَ وَاغْفِرْلِيَ الذُّنُوْبَ الَّتِيْ تَرُدُّ الدُّعَآءَ وَاغْفِرْلِيَ الذُّنُوْبَ الَّتِيْ يُسْتَحَقُّ بِهَا

لاتے ہیں میرے وہ گناہ معاف فرما جو دعا قبول نہیں ہونے دیتے میرے وہ گناہ معاف فرما جن کے باعث مصیبت

نُزُوْلُ الْبَلَآءِ وَاغْفِرْلِيَ الذُّنُوْبَ الَّتِيْ تَحْبِسُ غَيْثَ السَّمَآءِ وَاغْفِرْلِيَ الذُّنُوْبَ الَّتِيْ

آن پڑتی ہے میرے وہ گناہ معاف فرما جو آسمان سے بارش کو روکتے ہیں میرے وہ گناہ معاف فرما جن سے

تَكْشِفُ الْغِطَآءَ وَاغْفِرْلِيَ الذُّنُوْبَ الَّتِيْ تُعَجِّلُ الْفَنَآءَ وَاغْفِرْلِيَ الذُّنُوْبَ الَّتِيْ تُوْرِثُ

پردہ دری ہوتی ہے میرے وہ گناہ معاف فرما جو جلد زندگی ختم کر دیتے ہیں میں تجھ سے سوالی ہوں میرے وہ گناہ معاف فرما جو وجہ



النَّدَمَ وَاغْفِرْلِيَ الذُّنُوْبَ الَّتِيْ تَهْتِكُ الْعِصَمَ وَ اَلْبِسْنِيْ دِرْعَكَ الْحَصِيْنَةَ الَّتِيْ لَا تُرَامُ

شرمندگی ہیں اور میرے وہ گناہ معاف فرما جو پردہ چاک کرتے ہیں اور مجھے اپنی وہ پائیدار زرہ پہنا دے جسے کوئی اتار نہ سکے

وَ عَافِنِيْ مِنْ شَرِّ مَآ اُحَاذِرُ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ فِيْ مُسْتَقْبَلِ سَنَتِيْ هٰذِهٖ اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ

مجھے اس آنے والے سال کے شب و روز میں جن چیزوں کا ڈر ہے ان کے شر سے حفاظت میں رکھ اے معبود! اے سات آسمانوں

السَّبْعِ وَ رَبَّ الْاَرَضِيْنَ السَّبْعِ وَمَا فِيْهِنَّ وَمَا بَيْنَهُنَّ وَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ وَ رَبَّ

اور سات زمینوں اور جو کچھ ان میں ہے اور جو کچھ ان کے درمیان ہے اس کے پروردگار اور عرش عظیم کے پروردگار اور دوبارہ نازل

السَّبْعِ الْمَثَانِيْ وَ الْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ وَ رَبَّ اِسْرَافِيْلَ وَ مِيْكَآئِيْلَ وَ جِبْرَئِيْلَ وَ رَبَّ

شدہ سات آیتوں اور قرآن عظیم کے پروردگار اور اسرافیل میکائیل و جبرائیل کے پروردگار اور حضرت

مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ اَسْئَلُكَ بِكَ وَ بِمَا سَمَّيْتَ

محمد صلی اللہ علیہ وآلہ کے پروردگار کہ جو رسولوں کے سردار اور نبیوں میں آخری ہیں تیرے واسطے سے تجھ سے سوالی ہوں اور

بِہٖ نَفْسَکَ یَا عَظِیْمُ اَنْتَ الَّذِیْ تَمُنُّ بِالْعَظِیْمِ وَ تَدْفَعُ کُلَّ مَحْذُوْرٍ وَّ تُعْطِیْ کُلَّ جَزِیْلٍ

بواسطہ اس کے جس سے تُو نے خود کو موسوم کیا اے بزرگتر تو وہ ہے جو بڑا احسان کرنے والا ہر خطرے کو دور کرنے والا بڑی بڑی

وَّ تُضَاعِفُ الْحَسَنَاتِ بِالْقَلِیْلِ وَ بِالْکَثِیْرِ وَ تَفْعَلُ مَا تَشَآءُ یَا قَدِیْرُ یَآ اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ

عطاؤں والا کم اور زیادہ نیکیوں کو دگنی کر دینے والا اور تو جو چاہے وہی کرنے والا ہے اے قدیر اے اللہ اے رحمٰن

صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اَھْلِ بَیْتِہٖ وَ اَلْبِسْنِیْ فِیْ مُسْتَقْبَلِ سَنَتِیْ ھٰذِہٖ سِتْرَکَ وَ نَضِّرْ وَجْھِیْ

رحمت فرما حضرت محمدؐ پر اور ان کے اہل بیت پر اور اس آنے والے سال میں اپنی طرف سے میری پردہ پوشی فرما میرے چہرے

بِنُوْرِکَ وَ اَحِبَّنِیْ بِمَحَبَّتِکَ وَ بَلِّغْنِیْ رِضْوَانَکَ وَ شَرِیْفَ کَرَامَتِکَ وَ جَسِیْمَ عَطَائِکَ

کو اپنے نور سے شاداں کر اپنی محبت سے مجھے محبوب فرما اپنی رضاء و خوشنودی اپنی بہترین بخشائشوں اپنی بڑی بڑی عطاؤں

وَ اَعْطِنِیْ مِنْ خَیْرِ مَا عِنْدَکَ وَمِنْ خَیْرِ مَآ اَنْتَ مُعْطِیْہِ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِکَ وَ اَلْبِسْنِیْ

سے حصہ دے اور مجھے اپنی طرف سے بھلائی عطا فرما اور اس بھلائی میں سے عطا فرما جو تو اپنی مخلوق میں سے کسی کو عطا فرمائے

مَعَ ذٰلِکَ عَافِیَتَکَ یَا مَوْضِعَ کُلِّ شَکْوٰی وَ یَا شَاھِدَ کُلِّ نَجْوٰی وَ یَا عَالِمَ کُلِّ خَفِیَّۃٍ



اور ان نوازشوں کے ساتھ ہی تندرستی بھی دے اے تمام شکایتوں کے سننے والے اے ہر روز کے گواہ اے ہر پوشیدہ چیز کے جاننے

وَّ یَا دَافِعَ مَا تَشَآءُ مِنْ بَلِیَّۃٍ یَا کَرِیْمَ الْعَفْوِ یَا حَسَنَ التَّجَاوُزِ تَوَفَّنِیْ عَلٰی مِلَّۃِ اِبْرَاھِیْمَ

والے اور جس کو چاہے دور کر دینے والے اے باعزت معاف کرنے والے اے بہترین درگزر والے مجھے ابراہیمؑ کے دین

وَ فِطْرَتِہٖ وَ عَلٰی دِیْنِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ اٰلِہٖ وَ سُنَّتِہٖ وَ عَلٰی خَیْرِ الْوَفَاۃِ فَتَوَفَّنِیْ

اور ان کی سیرت پر موت دے اور مجھے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ کے دین اور طریقے پر موت دے اور اچھے طریقے موت دے

مُوَالِیًا لِّاَوْلِیَآئِکَ وَ مُعَادِیًا لِّاَعْدَآئِکَ اَللّٰھُمَّ وَ جَنِّبْنِیْ فِیْ ھٰذِہِ السَّنَۃِ کُلَّ عَمَلٍ اَوْ قَوْلٍ

پس موت دے جبکہ میں تیرے دوستوں کا دوست اور تیرے دشمنوں کا دشمن ہوں اے معبود! اس سال میں مجھے ہر اس قول و فعل

اَوْ فِعْلٍ یُّبَاعِدُنِیْ مِنْکَ وَ اجْلِبْنِیْ اِلٰی کُلِّ عَمَلٍ اَوْ قَوْلٍ اَوْ فِعْلٍ یُّقَرِّبُنِیْ مِنْکَ فِیْ ھٰذِہِ

سے برکنار رکھ جو مجھے تجھ سے دور کر دینے والا ہے اور مجھے اس سال میں ہر ایسے قول اور عمل کی طرف لے جا جو مجھ کو تیری قربت

السَّنَۃِ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ وَامْنَعْنِیْ مِنْ کُلِّ عَمَلٍ اَوْ قَوْلٍ اَوْ فِعْلٍ یَکُوْنُ مِنِّیْ اَخَافُ

میں پہنچانے والا ہے اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے مجھے ہر ایسے قول یا عمل یا فعل سے دور رکھ جس کے نقصان اور

ضَرَرَ عَاقِبَتِهِ وَ اَخَافُ مَقْتَكَ اِيَّايَ عَلَيْهِ حِذَارَ اَنْ تَصْرِفَ وَجْهَكَ الْكَرِيْمَ

انجام سے میں ڈرتا ہوں اور خائف ہوں کہ تو اس کو پسند نہ کرے تو میری طرف سے اپنی پاکیزہ توجہ ہٹا لے گا

عَنِّيْ فَاَسْتَوْجِبَ بِهِ نَقْصًا مِنْ حَظٍّ لِيْ عِنْدَكَ يَا رَءُوْفُ يَا رَحِيْمُ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ

پس اس سے تیرے ہاں میرے حصے میں کمی ہو جائے گی اے محبت والے اے رحم والے اے معبود! اس سال میں مجھے

فِيْ مُسْتَقْبَلِ سَنَتِيْ هٰذِهِ فِيْ حِفْظِكَ وَفِيْ جِوَارِكَ وَفِيْ كَنَفِكَ وَ جَلِّلْنِيْ سِتْرَ عَافِيَتِكَ

اپنی حفاظت ونگہداری میں قرار دے اپنی پناہ میں اپنے آستاں پر رکھ اور مجھے اپنی حفاظت کا لباس پہنا مجھے اپنی طرف سے

وَهَبْ لِيْ كَرَامَتَكَ عَزَّ جَارُكَ وَ جَلَّ ثَنَاؤُكَ وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ تَابِعًا لِصَالِحِيْ

بزرگی دے تیرا قریبی باعزت ہے اور تیری تعریف بلند ہے اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں اے معبود! تیرے دوستوں میں جو نیکوکار

مَنْ مَضٰى مِنْ اَوْلِيَآئِكَ وَ اَلْحِقْنِيْ بِهِمْ وَاجْعَلْنِيْ مُسَلِّمًا لِمَنْ قَالَ بِالصِّدْقِ عَلَيْكَ مِنْهُمْ

گزرے ہیں مجھے ان میں شمار کر اور ان کے ساتھ ملا دے اور ان میں سے جس نے تیری طرف سے جو سچی بات کہی مجھے اس کا



وَ اَعُوْذُ بِكَ اَللّٰهُمَّ اَنْ تُحِيْطَ بِيْ خَطِيْئَتِيْ وَ ظُلْمِيْ وَ اِسْرَافِيْ عَلٰى نَفْسِيْ وَ اتِّبَاعِيْ

ماننے والا بنا اور اے معبود! میں تیری پناہ لیتا ہوں اس سے کہ گھیرے مجھ کو میری خطا میرا ظلم اور اپنے نفس پر میری زیادتی اور اپنی

لِهَوَايَ وَاشْتِغَالِيْ بِشَهَوَاتِيْ فَيَحُوْلُ ذٰلِكَ بَيْنِيْ وَ بَيْنَ رَحْمَتِكَ وَ رِضْوَانِكَ فَاَكُوْنَ

خواہش کی پیروی اور اپنی چاہت میں محویت کہ یہ چیزیں میرے اور تیری رحمت وخوشنودی کے درمیان حائل ہو جائیں پس میں

مَنْسِيًّا عِنْدَكَ مُتَعَرِّضًا لِسَخَطِكَ وَ نِقْمَتِكَ اَللّٰهُمَّ وَفِّقْنِيْ لِكُلِّ عَمَلٍ صَالِحٍ تَرْضٰى

تیرے ہاں فراموش ہو جاؤں اور تیری ناراضی وسختی میں پھنس جاؤں اے معبود! مجھے ہر اس نیک عمل کی توفیق دے جس سے تو مجھ

بِهِ عَنِّيْ وَ قَرِّبْنِيْ اِلَيْكَ زُلْفٰى اَللّٰهُمَّ كَمَا كَفَيْتَ نَبِيَّكَ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ هَوْلَ

سے خوش ہو اور مجھے بہ لحاظ مقام اپنے قریب کر لے اے معبود! جیسے تو نے مدد فرمائی اپنے نبی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خوف

عَدُوِّهٖ وَ فَرَّجْتَ هَمَّهٗ وَ كَشَفْتَ غَمَّهٗ وَ صَدَقْتَهٗ وَعْدَكَ وَ اَنْجَزْتَ لَهٗ عَهْدَكَ

دشمناں میں اور ان کی پریشانی دور کی اور ان کا رنج وغم ہٹا دیا اور تو نے اپنا وعدہ سچا کر دکھایا اور ان سے کیا ہوا پیمان پورا فرمایا تو

اَللّٰھُمَّ فَبِذَالِکَ فَاکْفِنِیْ ھَوْلَ ھٰذِہِ السَّنَۃِ وَ اٰفَاتِھَا وَ اَسْقَامَھَا وَ فِتَنَھَا وَ شُرُوْرَھَا

اے معبود! اسی طرح اس سال کے خوف میں میری مدد فرما اس کی مصیبتوں بیماریوں آزمائشوں تکلیفوں غموں اور اس میں

وَ اَحْزَانَھَا وَ ضِیْقَ الْمَعَاشِ فِیْھَا وَ بَلِّغْنِیْ بِرَحْمَتِکَ کَمَالَ الْعَافِیَۃِ بِتَمَامِ دَوَامِ

معاش کی تنگی وغیرہ پر اور مجھے اپنی رحمت سے بہترین آسائش دے مجھے تمام نعمتیں ملتی رہیں یہاں تک کہ میری موت

النِّعْمَۃِ عِنْدِیْ اِلٰی مُنْتَھٰی اَجَلِیْ اَسْئَلُکَ سُؤٰلَ مَنْ اَسَآءَ وَ ظَلَمَ وَاسْتَکَانَ وَاعْتَرَفَ

کا وقت آجائے میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اس کی طرح جس نے گناہ اور ظلم کیا اور وہ محتاج ہے گناہ کا اعتراف کرتا ہے

وَ اَسْئَلُکَ اَنْ تَغْفِرَلِیْ مَا مَضٰی مِنَ الذُّنُوْبِ الَّتِیْ حَصَرَتْھَا حَفَظَتُکَ وَ اَحْصَتْھَا

اور سوالی ہوں تجھ سے کہ میرے پچھلے گناہ معاف کر دے جن کو تیرے نگہبانوں نے لکھا ہے اور تیرے معزز

کِرَامُ مَلٰٓئِکَتِکَ عَلَیَّ اَنْ تَعْصِمَنِیْ اِلٰھِیْ مِنَ الذُّنُوْبِ فِیْمَا بَقِیَ مِنْ عُمْرِیْ اِلٰی

فرشتوں نے شمار کیا جو مجھ پر مقرر ہیں اور میرے اللہ! باقی ماندہ زندگی میں مجھے گناہوں سے بچا اس وقت تک کہ میری عمر

مُنْتَھٰی اَجَلِیْ یَآ اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اَھْلِ بَیْتِ مُحَمَّدٍ وَّ اٰتِنِیْ

تمام ہوجائے اے اللہ اے رحمان اے رحیم رحمت فرما حضرت محمدؐ اور ان کے اہل بیت پر اور مجھے وہ سب کچھ



کُلَّ مَا سَئَلْتُکَ وَ رَغِبْتُ اِلَیْکَ فِیْہِ فَاِنَّکَ اَمَرْتَنِیْ بِالدُّعَآءِ وَ تَکَفَّلْتَ لِیْ بِالْاِجَابَۃِ

عطا کر جو میں نے مانگا اور جس کی تجھ سے خواہش کی ہے پس تو نے دعا کرنے کا حکم دیا اور میری دعا قبول کرنے کی ذمہ داری لی

یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

ہے اے سب سے زیادہ رحم والے۔

## تیرہویں، چودہویں اور پندرہویں ماہ رمضان کے اعمال

(۱) لیالی اور ایام بیض میں سے پہلی تاریخ ہے۔ اس میں وہی مخصوص دو رکعت نماز پڑھی جائے جس کا تذکرہ رجب اور شعبان کی تیرہویں تاریخ میں کیا جا چکا ہے کہ ہر رکعت میں الحمد کے بعد سورۂ یٰسین، الملک اور توحید پڑھی جائے۔

(۲) اس رات میں وہ چار رکعت نماز بدو سلام پڑھی جائے جو حضرت امیر علیہ السلام سے مروی ہے کہ ہر

رکعت میں الحمد ایک بار اور سورۂ توحید پچیس بار کہ اس کا پڑھنے والا فردائے قیامت پل صراط سے اس طرح گزر جائے گا جس طرح بجلی کی رو گزر جاتی ہے۔ (المصباح)

(۳) چودھویں کی رات وہی مخصوص نماز پڑھی جائے جو چودہ رجب و شعبان میں گزر چکی ہے اور جس کا تذکرہ ابھی اوپر ہوا ہے یعنی چار رکعت پڑھی جائے۔

(۴) اور وہی چھ رکعت نماز جو پندرہویں رجب کی رات پڑھی جاتی ہے۔ پندرہویں ماہ رمضان کی رات چھ رکعت نماز پڑھی جائے۔

(۵) نیز پندرہ ماہ رمضان کو حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت کی جائے۔

## پندرہ ماہ رمضان کا دن

چونکہ نیمۂ ماہ رمضان ۳ھ بمقام مدینۂ منورہ حضرت امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام کی ولادت باسعادت کی تاریخ ہے اس لیے شیعیانِ حیدر کرار کے لیے یہ دن بڑی مسرت و شادمانی کا دن ہے لہٰذا اس دن امام حسن علیہ السلام کا جشن میلاد منایا جائے اور مفلوک الحال اہل اسلام و ایمان کی خدمت کی جائے اور خیرات و صدقہ دیا جائے اور اہل ایمان کو خوش کیا جائے۔



## شب ہائے قدر یعنی شب ۱۹، ۲۱ اور ۲۳ کے مشترکہ اعمال

واضح ہو کہ شب ہائے قدر یعنی ماہ رمضان کی انیسویں، اکیسویں اور تیئسویں شب کے اعمال دو قسم کے ہیں: ایک مشترکہ جو ان تینوں راتوں میں بجالائے جاتے ہیں اور دوسرے مخصوصہ جو ان میں سے ہر ایک رات میں بجالائے جاتے ہیں۔ تو ہم پہلے مشترکہ اعمال کا تذکرہ کرتے ہیں اور وہ چند امور ہیں:

(۱) غسل کرنا۔ بہتر ہے کہ یہ غسل غروب آفتاب کے وقت کیا جائے تاکہ نماز مغرب اسی غسل کے ساتھ پڑھی جائے۔

(۲) دو رکعت نماز اس طرح پڑھی جائے کہ ہر رکعت میں الحمد کے بعد سات مرتبہ سورۂ توحید پڑھی جائے۔ اور سلام کے بعد ستر بار

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَ اَتُوْبُ اِلَيْهِ

خدا سے بخشش چاہتا اور اس کے حضور توبہ کرتا ہوں

حضرت پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مروی ہے کہ یہ عمل کرنے والا اپنی جگہ سے نہیں اٹھے گا کہ اس کے اور اس کے والدین کے گناہ معاف ہو جائیں گے۔ (زاد المعاد)

(۳) قرآن مجید کھول کر اپنے سامنے رکھے اور کہے جیسا کہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے مروی ہے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِکِتَابِکَ الْمُنْزَلِ وَمَا فِیْهِ وَ فِیْهِ اسْمُکَ الْاَکْبَرُ

اے معبود! بے شک سوال کرتا ہوں بواسطہ تیری نازل کردہ کتاب کے اور جو کچھ اس میں ہے اور اس میں تیرا بزرگتر نام ہے

وَ اَسْمَآؤُکَ الْحُسْنٰی وَمَا یُخَافُ وَ یُرْجٰی اَنْ تَجْعَلَنِیْ مِنْ عُتَقَآئِکَ مِنَ النَّارِ

اور تیرے دیگر اچھے اچھے نام بھی ہیں اور وہ جو خوف وامید دلاتا ہے سوالی ہوں کہ مجھے ان میں قرار دے جن کو تو نے آگ سے آزاد کر دیا۔

اس کے بعد جو چاہے دعا کرے۔

(۴) اس کے بعد قرآن مجید سر پر رکھے اور یہ ذکر کرے جیسا کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے:



اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ هٰذَا الْقُرْاٰنِ وَ بِحَقِّ مَنْ اَرْسَلْتَهٗ بِهٖ وَ بِحَقِّ کُلِّ مُؤْمِنٍ

اے معبود! بواسطہ اس قرآن کے اور بواسطہ اس کے جسے تو نے اس کے ساتھ بھیجا اور بواسطہ ان مؤمنین کے

مَدَحْتَهٗ فِیْهِ وَ بِحَقِّکَ عَلَیْهِمْ فَلَآ اَحَدَ اَعْرَفُ بِحَقِّکَ مِنْکَ

جن کی تو نے اس میں مدح کی ہے اور ان پر تیرے حق کا واسطہ پس کوئی نہیں جانتا تیرے حق کو تجھ سے بڑھ کر

| | | | |
|---|---|---|---|
| دس مرتبہ کہے: | بِکَ یَآ اَللّٰهُ | دس مرتبہ کہے: | بِمُحَمَّدٍ |
| // | بِعَلِیٍّ | // | بِفَاطِمَةَ |
| // | بِالْحَسَنِ | // | بِالْحُسَیْنِ |
| // | بِعَلِیِّ بْنِ الْحُسَیْنِ | // | بِمُحَمَّدِ بْنِ عَلِیٍّ |
| // | بِجَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ | // | بِمُوْسَی بْنِ جَعْفَرٍ |
| // | بِعَلِیِّ بْنِ مُوْسٰی | // | بِمُحَمَّدِ بْنِ عَلِیٍّ |
| // | بِعَلِیِّ بْنِ مُحَمَّدٍ | // | بِالْحَسَنِ بْنِ عَلِیٍّ |

" بِالْحُجَّةِ عَلَیْہِ السَّلَامِ "

اس کے بعد خدا سے اپنی حاجت طلب کرے۔

(۵) حضرت امام حسین علیہ السلام کی وہ مخصوص زیارت پڑھی جائے جو لیالی قدر میں پڑھی جاتی ہے۔

(۶) ان راتوں میں عبادت خدا کرتے ہوئے شب بیداری کی جائے کیونکہ بنص قرآن اس ایک لیلۃ القدر میں عمل کرنا ایک ہزار مہینہ کے عمل سے بہتر و برتر ہے۔

(۷) ان راتوں میں ایک ایک سو رکعت نماز پڑھی جائے۔

(۸) ان راتوں میں حضرت امام زین العابدین علیہ السلام والی دعا پڑھی جائے جو آپؑ ان راتوں میں قیام وقعود اور رکوع وسجود کی حالت میں پڑھا کرتے تھے:

﴿اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَمْسَیْتُ لَکَ عَبْدًا دَاخِرًا لَآ اَمْلِکُ لِنَفْسِیْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا وَّلَا اَصْرِفُ عَنْھَا

اے معبود! بے شک میں نے شام کی اس حال میں کہ تیرا آستاں بوس بندہ ہوں نہ اپنے نفع کا مالک ہوں نہ اپنے نقصان کا اور نہ

سُوْٓأً اَشْھَدُ بِذَالِکَ عَلٰی نَفْسِیْ وَ اَعْتَرِفُ لَکَ بِضَعْفِ قُوَّتِیْ وَ قِلَّۃِ حِیْلَتِیْ فَصَلِّ عَلٰی

برائی کو اس سے دور کر سکتا ہوں میں اپنے نفس پر خود ہی گواہ ہوں اور تیرے سامنے اعتراف کرتا ہوں اپنی بے طاقتی اور بے چارگی

مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْجِزْ لِیْ مَا وَعَدْتَّنِیْ وَ جَمِیْعَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَ الْمُؤْمِنَاتِ مِنَ الْمَغْفِرَۃِ

و بے بسی کا پس رحمت نازل فرما سرکار محمدؐ و آل محمدؐ پر اور پورا فرما اپنا وعدۂ مغفرت اس رات میں میرے لیے اور تمام مومنین و

فِیْ ھٰذِہِ اللَّیْلَۃِ وَ اَتْمِمْ عَلَیَّ مَآ اٰتَیْتَنِیْ فَاِنِّیْ عَبْدُکَ الْمِسْکِیْنُ الْمُسْتَکِیْنُ الضَّعِیْفُ

مومنات کے لئے جو تو نے عمومی طور پر کر رکھا ہے اور مجھ پر اپنی عطاء و رحمت پوری فرما دے کہ بے شک میں تیرا بے کس ناچار

الْفَقِیْرُ الْمَھِیْنُ اَللّٰھُمَّ لَا تَجْعَلْنِیْ نَاسِیًا لِّذِکْرِکَ فِیْمَآ اَوْلَیْتَنِیْ وَلَا لِاِحْسَانِکَ فِیْمَا

بے طاقت محتاج اور پست ترین بندہ ہوں اے معبود! مجھے ایسا نہ بنا کہ تیری عطاؤں کا ذکر نہ کروں تیرے احسانات کو یاد نہ کروں

اَعْطَیْتَنِیْ وَلَا اٰیِسًا مِّنْ اِجَابَتِکَ وَّاِنْ اَبْطَاَتْ عَنِّیْ فِیْ سَرَّآءَ اَوْ ضَرَّآءَ اَوْ شِدَّۃٍ اَوْ رَخَآءٍ

اور تیری طرف سے قبول دعا کا امیدوار نہ رہوں اگرچہ میں غفلت شعار رہوں خوشی و غم میں یا سختی و آسودگی میں یا آسانی و تنگی میں

اَوْ عَافِیَۃٍ اَوْ بَلَاءٍ اَوْ بُؤْسٍ اَوْ نَعْمَآءَ اِنَّکَ سَمِیْعُ الدُّعَآءِ۔

یا محرومی و نعمت میں بے شک تو دعا کا سننے والا ہے۔

## شبہائے قدر کے مخصوص اعمال کا تذکرہ

اب ہم ذیل میں ان تین راتوں میں سے ہر ایک رات کے مخصوص اعمال کا ذکر کرتے ہیں اور وہ چند امور ہیں:

## انیسویں ماہ رمضان کی رات کے مخصوص اعمال

(۱) سو مرتبہ کہے: ﴿اَللّٰهُمَّ الْعَنْ قَتَلَةَ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ﴾۔

(۲) سو مرتبہ کہے: ﴿اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّیْ وَ اَتُوْبُ اِلَیْهِ﴾۔

(۳) وہ دعا پڑھے جو ماہ رمضان کے مشترکہ اعمال میں سے چوتھی قسم کے نمبر ۲ میں ذکر کی جا چکی ہے: ﴿یَاذَا الَّذِیْ کَانَ قَبْلَ کُلِّ شَیْءٍ ثُمَّ خَلَقَ کُلَّ شَیْءٍ.....﴾ فراجع۔

(۴) نیز ان راتوں میں وہ دعا پڑھے جو حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے منقول ہے:

﴿اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِیْمَا تَقْضِیْ وَ تُقَدِّرُ مِنَ الْاَمْرِ الْمَحْتُوْمِ وَ فِیْمَا تَفْرُقُ مِنَ الْاَمْرِ الْحَکِیْمِ

اے معبود! ایسا کر کہ شب قدر میں تو یقینی امور میں سے جن کی کشودگی اور بندش کا فیصلہ کرے اور جو بھی پُرحکمت حصہ و بخرہ

فِیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ وَ فِی الْقَضَآءِ الَّذِیْ لَا یُرَدُّ وَلَا یُبَدَّلُ اَنْ تَکْتُبَنِیْ مِنْ حُجَّاجِ بَیْتِکَ الْحَرَامِ

مقرر فرمائے اور ایسے جو فیصلے کرے جن میں کوئی ردوبدل نہیں ہو پاتا ان میں مجھے اپنے محترم گھر کعبہ کے حاجیوں میں لکھ دے

الْمَبْرُوْرِ حَجُّهُمُ الْمَشْکُوْرِ سَعْیُهُمُ الْمَغْفُوْرِ ذُنُوْبُهُمُ الْمُکَفَّرِ عَنْهُمْ سَیِّئَاتُهُمْ وَاجْعَلْ

کہ جن کا حج مقبول جن کی کوشش پسندیدہ جن کے گناہ بخش دیے گئے اور جن کی برائیاں مٹائی جا چکی ہوں اور ایسا کر کہ جن

فِیْمَا تَقْضِیْ وَ تُقَدِّرُ اَنْ تُطِیْلَ عُمْرِیْ وَ تُوَسِّعَ عَلَیَّ فِیْ رِزْقِیْ وَ تَفْعَلَ بِیْ کَذَا وَ کَذَا﴾

چیزوں میں تو نے بست و کشاد کی ہے ان میں میری عمر میں اضافہ اور میرے رزق میں فراخی قرار دے اور میری یہ یہ حاجتیں بر لا۔

(کذا و کذا کی بجائے اپنی حاجات کا نام لے)۔

## اکیسویں ماہ رمضان کی رات کے مخصوص اعمال

یہ رات فضیلت میں انیسویں سے بڑھ کر ہے اور بہت سی روایات سے مستفاد ہوتا ہے کہ لیلۃ القدر

انہی دو راتوں (۲۱ اور ۲۳) میں سے ایک ہے۔ بہر حال اس رات کے مخصوص اعمال یہ ہیں علاوہ ان مشترکہ اعمال کے جو اوپر ذکر کئے جا چکے ہیں۔

(۱) خدا توفیق دے تو دعائے جوشن کبیر پڑھی جائے اور اس رات شب بیداری کی تاکید زیادہ ہے اور وہ دعا مفاتیح الجنان وغیرہ کتابوں میں مذکور ہے۔

(۲) یہ دعا پڑھی جائے جو حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مروی ہے:

اَشْهَدُ اَنْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّداً عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ

میں گواہی دیتا ہوں اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ واحد لاشریک ہے اور میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمدؐ اس کے عبد خاص اور اس کے رسول

وَ اَشْهَدُ اَنَّ الْجَنَّةَ حَقٌّ وَالنَّارَ حَقٌّ وَ اَنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا وَ اَنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ مَنْ

ہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ جنت و دوزخ برحق ہیں اور قیامت یقیناً آنے والی ہے اس میں کوئی شک نہیں ہے اور بے شک اللہ قبر والوں

فِی الْقُبُوْرِ وَ اَشْهَدُ اَنَّ الرَّبَّ رَبِّیْ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَلَا وَلَدَ لَهٗ وَلَا وَالِدَ لَهٗ وَ اَشْهَدُ اَنَّهٗ

کو زندہ کرے گا۔ اور میں گواہی دیتا ہوں کہ میرا پروردگار ہی پروردگار ہے اس کا کوئی شریک نہیں ہے اس کی نہ کوئی اولاد ہے اور نہ کوئی

اَلْفَعَّالُ لِمَا يُرِيْدُ وَ الْقَادِرُ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ وَالصَّانِعُ لِمَا يُرِيْدُ۔ (کتاب الدعا)

ماں باپ اور میں گواہی دیتا ہوں کہ وہ جو چاہتا ہے کر گزرتا ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے اور جو چاہتا ہے وہ کرتا ہے۔

(۳) وہ دعا پڑھی جائے جو حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ ماہِ رمضان کے آخری عشرہ میں ہر رات پڑھی جائے:

يَا مُوْلِجَ اللَّيْلِ فِی النَّهَارِ وَ مُوْلِجَ النَّهَارِ فِی اللَّيْلِ وَ مُخْرِجَ الْحَيِّ مِنَ الْمَيِّتِ وَ مُخْرِجَ

اے رات کو دن میں داخل کرنے والے اور دن کو رات میں داخل کرنے والے اے زندہ کو مردہ میں سے نکالنے والے اور مردہ کو زندہ میں

الْمَيِّتِ مِنَ الْحَيِّ يَا رَازِقَ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ يَّآ اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَّآ اَللّٰهُ يَا رَحِيْمُ يَآ اَللّٰهُ

سے نکالنے والے اے جسے چاہے بغیر حساب کے رزق دینے والے اے اللہ اے رحمان اے اللہ اے رحیم اے اللہ اے اللہ

يَآ اَللّٰهُ يَآ اَللّٰهُ لَكَ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی وَالْاَمْثَالُ الْعُلْيَا وَ الْكِبْرِيَآءُ وَ الْاٰلَآءُ اَسْئَلُكَ اَنْ

تیرے ہی لیے ہیں اچھے اچھے نام بلند ترین نمونے اور تیرے لیے ہیں بڑائیاں اور مہربانیاں سوالی ہوں تیرا کہ رحمت نازل فرما

تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تَجْعَلَ اسْمِیْ فِیْ هٰذِهِ اللَّیْلَةِ فِی السُّعَدَآءِ

سرکار محمدؐ و آل محمدؑ پر اور یہ کہ آج کی رات میں میرا نام نیکوکاروں میں شمار کر میری روح کو شہیدوں کے ساتھ قرار دے میری اطاعت کو مقام

وَ رُوْحِیْ مَعَ الشُّهَدَآءِ وَ اِحْسَانِیْ فِیْ عِلِّیِّیْنَ وَ اِسَآئَتِیْ مَغْفُوْرَةً وَّاَنْ تَهَبَ لِیْ

علیین پر پہنچا دے میری بدی کو معاف شدہ قرار دے اور یہ کہ مجھے وہ یقین عطا کر جو میرے دل میں بسا ہو وہ ایمان دے کہ جو شک کو

یَقِیْنًا تُبَاشِرُ بِهٖ قَلْبِیْ وَ اِیْمَانًا یُّذْهِبُ الشَّکَّ عَنِّیْ وَ تُرْضِیَنِیْ بِمَا قَسَمْتَ لِیْ وَ اٰتِنَا

مجھ سے دور کر دے اور مجھے راضی بنا اس پر جو حصہ تو نے مجھے دیا ہے اور ہمیں دنیا میں بہترین زندگی دے آخرت میں

فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ الْحَرِیْقِ وَ ارْزُقْنِیْ فِیْهَا

خوش ترین اجر عطا کر اور ہمیں جلانے والی آگ کی سختی سے بچا اور اس مہینے میں مجھے ہمت دے کہ تیرا ذکر کروں

ذِکْرَکَ وَ شُکْرَکَ وَ الرَّغْبَةَ اِلَیْکَ وَ الْاِنَابَةَ وَ التَّوْفِیْقَ لِمَا وَفَّقْتَ لَهٗ

تیرا شکر کروں تیری طرف توجہ رکھوں اور تیرے حضور توبہ کروں اور مجھے توفیق دے اس عمل کی جس کی توفیق دی تو نے

مُحَمَّدًا وَّ اٰلَ مُحَمَّدٍ عَلَیْهِ وَ عَلَیْهِمُ السَّلَامُ



محمدؐ اور آل محمدؑ کو سلام ہو آنحضرتؐ پر اور ان کی آلؑ پر۔

(۴) وہ دعا پڑھی جائے جو حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام ماہ رمضان کے آخری عشرے میں ہر رات پڑھتے تھے:

اَعُوْذُ بِجَلَالِ وَجْهِکَ الْکَرِیْمِ اَنْ یَّنْقَضِیَ عَنِّیْ شَهْرُ رَمَضَانَ اَوْ یَطْلُعَ الْفَجْرُ

تیری ذات کریم کی پناہ لیتا ہوں اس سے کہ جب میرا ماہ رمضان اختتام پذیر ہو یا جب میری اس رات کی فجر طلوع کرے

مِنْ لَّیْلَتِیْ هٰذِهٖ وَلَکَ قِبَلِیْ ذَنْبٌ اَوْ تَبِعَةٌ تُعَذِّبُنِیْ عَلَیْهِ.

تو میرے ذمے کوئی گناہ یا اس پر گرفت باقی ہو جس پر تو مجھے عذاب دے۔

نیز یہ دعا پڑھے جو آنجنابؑ سے ہی منقول ہے:

اَللّٰهُمَّ اَدِّعَنَّا حَقَّ مَا مَضٰی مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ وَ اغْفِرْلَنَا تَقْصِیْرَنَا فِیْهِ وَ تَسَلَّمْهُ مِنَّا مَقْبُوْلاً

اے معبود! ماہ رمضان کا جو حق ہماری طرف رہ گیا ہو وہ ہماری جانب سے ادا کر دے ہمارا یہ قصور معاف فرما اور اسے ہم سے پورا فرما اس ماہ

وَلَا تُؤٰخِذْنَا بِاِسْرَافِنَا عَلٰی اَنْفُسِنَا وَاجْعَلْنَا مِنَ الْمَرْحُوْمِیْنَ وَلَا تَجْعَلْنَا مِنَ الْمَحْرُوْمِیْنَ

میں ہم نے اپنے نفس پر جو زیادتی کی اس پر ہمیں نہ پکڑ اور ہمیں ان لوگوں میں رکھ جن پر رحم ہو چکا اور ہمیں ناکام لوگوں میں قرار نہ دے۔

(۵) وہ دعا پڑھی جائے جو حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام ماہِ رمضان کے آخری عشرہ کی ہر رات پڑھا کرتے تھے:

اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ قُلْتَ فِیْ کِتَابِکَ الْمُنْزَلِ شَھْرُ رَمَضَانَ الَّذِیْ اُنْزِلَ فِیْهِ الْقُرْاٰنُ ھُدًی

اے معبود! تو نے اپنی نازل کردہ کتاب میں فرمایا ہے کہ رمضان وہ مہینہ ہے جس میں قرآن کریم نازل کیا گیا جو لوگوں کیلئے ہدایت

لِلنَّاسِ وَ بَیِّنَاتٍ مِّنَ الْھُدٰی وَ الْفُرْقَانِ فَعَظَّمْتَ حُرْمَةَ شَھْرِ رَمَضَانَ بِمَآ اَنْزَلْتَ فِیْهِ مِنَ

ہے اور اس میں ہدایت کی دلیلیں اور حق و باطل کا امتیاز ہے پس تو نے ماہ رمضان کو اس بات سے بڑائی دی کہ اس میں قرآن کریم کا

الْقُرْاٰنِ وَ خَصَصْتَهٗ بِلَیْلَةِ الْقَدْرِ وَ جَعَلْتَھَا خَیْرًا مِّنْ اَلْفِ شَھْرٍ اَللّٰھُمَّ وَھٰذِهٖ اَیَّامُ شَھْرِ

نزول فرمایا اور اسے شب قدر کیلئے خاص کیا اور اس رات کو ہزار مہینوں سے بہتر قرار دیا اے معبود! یہ ماہ رمضان المبارک کے دن ہیں

رَمَضَانَ قَدِ انْقَضَتْ وَ لَیَالِیْهِ قَدْ تَصَرَّمَتْ وَقَدْ صِرْتُ یَآ اِلٰھِیْ مِنْهُ اِلٰی مَآ اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ



کہ جو گزرے جا رہے ہیں اور اس کی راتیں ہیں جو بیت رہی ہیں اے میرے اللہ ان گزرے شب و روز میں میری جو حالت رہی تو

مِنِّیْ وَ اَحْصٰی لِعَدَدِهٖ مِنَ الْخَلْقِ اَجْمَعِیْنَ فَاَسْئَلُکَ بِمَا سَئَلَکَ بِهٖ مَلَآئِکَتُکَ

اسے مجھ سے زیادہ جانتا ہے اور تمام لوگوں سے بڑھ کر تو اس کا حساب رکھتا ہے پس سوال کرتا ہوں جس کے ذریعے تجھ سے تیرے

الْمُقَرَّبُوْنَ وَ اَنْبِیَآؤُکَ الْمُرْسَلُوْنَ وَ عِبَادُکَ الصَّالِحُوْنَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ

مقرب فرشتے سوال کرتے ہیں اور تیرے بھیجے ہوئے انبیاء اور تیرے نیک بندے سوال کرتے ہیں کہ رحمت نازل فرما سرکار محمدؐ و آل

مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تَفُکَّ رَقَبَتِیْ مِنَ النَّارِ وَ تُدْخِلَنِی الْجَنَّةَ بِرَحْمَتِکَ وَاَنْ تَتَفَضَّلَ عَلَیَّ

محمدؐ پر اور یہ کہ مجھے جہنم کی آگ سے رہائی عطا کر اور مجھے جنت میں داخل فرما اپنی رحمت سے نیز یہ کہ مجھ پر اپنی درگزر اور احسان سے

بِعَفْوِکَ وَ کَرَمِکَ وَ تَتَقَبَّلَ تَقَرُّبِیْ وَ تَسْتَجِیْبَ دُعَآئِیْ وَ تَمُنَّ عَلَیَّ بِالْاَمْنِ یَوْمَ

فضل کر میرے قرب حاصل کرنے کو قبول فرما اور میری دعا کو قبولیت بخش اور مجھ پر احسان کرتے ہوئے اس خوف کے دن ہر دہشت

الْخَوْفِ مِنْ کُلِّ ھَوْلٍ اَعْدَدْتَّهٗ لِیَوْمِ الْقِیَامَةِ اِلٰھِیْ وَ اَعُوْذُ بِوَجْھِکَ الْکَرِیْمِ وَ

سے محفوظ رکھ جو تو نے روز قیامت کے لیے تیار کی ہوئی ہے اے اللہ! میں پناہ لیتا ہوں تیری ذات کریم اور تیرے بزرگ تر جلال کی

بِجَلَالِكَ الْعَظِيْمِ اَنْ يَنْقَضِيَ اَيَّامُ شَهْرِ رَمَضَانَ وَ لَيَالِيْهِ وَلَكَ قِبَلِيْ تَبِعَةٌ اَوْ ذَنْبٌ

اس سے کہ جب ماہ رمضان المبارک کے دن اور راتیں گزر جائیں تو میرے ذمے کوئی جوابدہی ہو یا کوئی گناہ ہو جس پر تو میری

تُؤَاخِذُنِيْ بِهٖ اَوْ خَطِيْئَةٌ تُرِيْدُ اَنْ تَقْتَصَّهَا مِنِّيْ لَمْ تَغْفِرْهَا لِيْ سَيِّدِيْ سَيِّدِيْ سَيِّدِيْ

گرفت کرے یا کوئی لغزش ہو جس کی سزا تو مجھے دینا چاہتا ہو اور اس کی معافی نہ دی ہو میرے مالک میرے آقا میرے سردار میں

اَسْئَلُكَ يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اِذْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اِنْ كُنْتَ رَضِيْتَ عَنِّيْ فِيْ هٰذَا الشَّهْرِ

سوال کرتا ہوں اے کہ نہیں کوئی معبود مگر تو کیونکہ نہیں کوئی معبود مگر تو ہی ہے کہ اگر تو اس مہینے میں مجھ سے راضی ہو گیا ہے تو میرے

فَازْدَدْ عَنِّيْ رِضًا وَّاِنْ لَّمْ تَكُنْ رَّضِيْتَ عَنِّيْ فَمِنَ الْاٰنَ فَارْضَ عَنِّيْ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

لیے اپنی خوشنودی میں اضافہ فرما اور اگر تو مجھ سے راضی نہیں ہوا تو اب اس گھڑی مجھ سے راضی ہو جا اے سب سے زیادہ رحم کرنے

يَا اَللّٰهُ يَآ اَحَدُ يَا صَمَدُ يَا مَنْ لَّمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۔

والے اے اللہ اے یکتا اے بے نیاز اے وہ جس نے نہ جنا ہے اور نہ جنا گیا اور نہ کوئی اس کا ہمسر ہے۔



مخفی نہ رہے کہ انیسویں ماہ رمضان حضرت امیر علیہ السلام کی شب ضربت بھی ہے جبکہ اکیسویں آپ کی شہادتِ عظمیٰ کا دن ہے جس میں محبان اہل بیتؑ کے غم تازہ ہوتے ہیں لہٰذا اس دن میں حضرت امیر علیہ السلام کی شہادت کے طور پر مجلس عزا کا انعقاد کرنا چاہیئے اور جس قدر ہو سکے حزن وملال کا اظہار کرنا چاہیئے۔

## تیئسویں شب کے مخصوص اعمال

ان مشترکہ اعمال کے علاوہ جو لیالی قدر کے مشترکہ اعمال کے ضمن میں بیان کیے گئے اور آخری عشرہ کی ان دعاؤں کے علاوہ جو اکیسویں کی رات کے اعمال میں بیان کی گئی ہیں۔ ۲۳ کی رات کے خاص اعمال یہ ہیں:

(۱) یہ دعا پڑھی جائے جو اس رات کی مخصوص دعا ہے:

**يَا رَبَّ لَيْلَةِ الْقَدْرِ وَ جَاعِلَهَا خَيْرًا مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ وَّ رَبَّ اللَّيْلِ وَ النَّهَارِ وَ الْجِبَالِ وَ**

اے شب قدر کے پروردگار اور اس کو ہزار مہینوں سے بہتر قرار دینے والے اے رات اور دن کے رب اے پہاڑوں اور دریاؤں

**الْبِحَارِ وَ الظُّلَمِ وَ الْاَنْوَارِ وَ الْاَرْضِ وَ السَّمَآءِ يَا بَارِئُ يَا مُصَوِّرُ يَا حَنَّانُ يَآ مَنَّانُ يَا اَللّٰهُ**

تاریکیوں اور روشنیوں اور زمین اور آسمان کے رب اے پیدا کرنے والے اے صورت گر اے محبت والے اے احسان والے اللہ اللہ

**يَا رَحْمٰنُ يَا اَللّٰهُ يَا قَيُّوْمُ يَا اَللّٰهُ يَا بَدِيْعُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ لَكَ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى وَ**

اے رحمان اے اللہ اے نگہبان اے اللہ اے پیدا کرنے والے اے اللہ اے اللہ اے اللہ تیرے ہی لیے ہیں اچھے اچھے نام بلندترین

**الْاَمْثَالُ الْعُلْيَا وَ الْكِبْرِيَآءُ وَ الْاٰلَآءُ اَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ**

نمونے تیرے لیے ہیں بڑائیاں اور مہربانیاں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ رحمت نازل فرما سرکار محمدؐ و آل محمدؐ پر اور یہ کہ آج کی رات میں

**تَجْعَلَ اسْمِيْ فِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ فِي السُّعَدَآءِ وَ رُوْحِيْ مَعَ الشُّهَدَآءِ وَ اِحْسَانِيْ فِيْ عِلِّيِّيْنَ**

میرا نام نیکوکاروں میں شمار کر میری روح کو شہیدوں کے ساتھ قرار دے میری اطاعت کو مقام علیین میں پہنچا اور میری برائی کو معاف شدہ

**وَ اِسَآئَتِيْ مَغْفُوْرَةً وَّاَنْ تَهَبَ لِيْ يَقِيْنًا تُبَاشِرُ بِهٖ قَلْبِيْ وَ اِيْمَانًا يُذْهِبُ الشَّكَّ عَنِّيْ وَ**



قرار دے اور یہ کہ مجھے وہ یقین دے جو میرے دل میں بسا رہے اور وہ ایمان دے جو شک کو مجھ سے دور کر دے اور مجھے راضی بنا اس پر

**تُرْضِيَنِيْ بِمَا قَسَمْتَ لِيْ وَاٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ**

جو حصہ تو نے مجھے دیا اور ہمیں دنیا میں بہترین زندگی دے آخرت میں خوش ترین اجر عطا کر اور ہمیں جلانے والی آگ کے عذاب سے بچا

**الْحَرِيْقِ وَارْزُقْنِيْ فِيْهَا ذِكْرَكَ وَ شُكْرَكَ وَالرَّغْبَةَ اِلَيْكَ وَالْاِنَابَةَ وَالتَّوْبَةَ وَالتَّوْفِيْقَ لِمَا**

اور اس ماہ میں مجھے ہمت دے کہ تجھے یاد کروں تیرا شکر بجالاؤں تیری طرف توجہ رکھوں تیری طرف پلٹوں اور توبہ کروں اور توفیق دے

**وَفَّقْتَ لَهٗ مُحَمَّدًا وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ**

مجھے اس عمل کی جس کی توفیق دی تو نے محمدؐ و آل محمدؐ کو کہ ان سب پر سلام ہو۔

(۲) اس رات یہ تین سورتیں پڑھنی چاہئیں: (۱) سورۂ عنکبوت۔ (۲) سورۂ روم۔ اور (۳) سورۂ دخان جن کے پڑھنے کا بڑا ثواب وارد ہے۔

(۳) اس رات قیام وقعود اور رکوع وسجود غرضیکہ ہر حالت میں خدا کی کبریائی اور سرکار محمدؐ و آل محمد علیہم السلام پر درود و سلام کے بعد یہ دعا پڑھی جائے:

اَللّٰھُمَّ کُنْ لِوَلِیِّکَ الْحُجَّةِ بْنِ الْحَسَنِ صَلَوَاتُکَ عَلَیْهِ وَعَلٰی آبَائِهِ فِی هٰذِهِ السَّاعَةِ وَفِی

اے معبود! محافظ بن جا اپنے دوست حجت القائمؑ بن الحسنؑ کا تیری رحمت نازل ہو ان پر اور ان کے باپ داداؤں پر اس لمحہ میں اور

کُلِّ سَاعَةٍ وَلِیًّا وَّ حَافِظًا وَّ قَائِدًا وَّ نَاصِرًا وَّ دَلِیْلاً وَّ عَیْنًا حَتّٰی تُسْکِنَهُ اَرْضَکَ طَوْعًا وَّ

ہر آنے والے لمحہ میں بن جا ان کا مددگار نگہبان پیشوا حامی رہنما اور نگہدار یہاں تک کہ تو لوگوں کی چاہت سے انہیں زمین کی حکومت

تُمَتِّعَهُ فِیْهَا طَوِیْلاً۔

دے اور مدتوں اس پر برقرار رکھے۔

جیسا کہ صالحین سے مروی ہے۔ (کتاب الدعا و الزیارة)

(۴) نیز یہ دعا پڑھی جائے:

اَللّٰھُمَّ امْدُدْ لِیْ فِیْ عُمْرِیْ وَ اَوْسِعْ لِیْ فِیْ رِزْقِیْ وَ اَصِحَّ لِیْ جِسْمِیْ وَ بَلِّغْنِیْ اَمَلِیْ وَ

اے اللہ! میری عمر میں اضافہ کر دے میرے رزق میں وسعت دے میرے بدن کو تندرست رکھ اور میری آرزو پوری فرما اور اگر میں

اِنْ کُنْتُ مِنَ الْاَشْقِیَآءِ فَامْحُنِیْ مِنَ الْاَشْقِیَآءِ وَ اکْتُبْنِیْ مِنَ السُّعَدَآءِ فَاِنَّکَ قُلْتَ فِیْ

بدبختوں میں سے ہوں تو میرا نام بدبختوں میں سے کاٹ دے اور میرا نام خوش بختوں میں لکھ دے کیونکہ تو نے اپنی اس کتاب میں فرمایا

کِتَابِکَ الْمُنْزَلِ عَلٰی نَبِیِّکَ الْمُرْسَلِ صَلَوَاتُکَ عَلَیْهِ وَ اٰلِهٖ یَمْحُوا اللّٰهُ مَا یَشَآءُ وَ یُثْبِتُ وَ

ہے جو تو نے اپنے نبی مرسل پر نازل کی کہ تیری رحمت ہو ان پر اور ان کی آل پر یعنی خدا جو چاہے مٹا دیتا ہے اور جو چاہے لکھ دیتا ہے اور

عِنْدَهٗ اُمُّ الْکِتَابِ۔

اسی کے پاس ہے ام الکتاب۔

(۵) یہ دعا پڑھی جائے جو حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے:

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ فِیْمَا تَقْضِیْ وَ تُقَدِّرُ مِنَ الْاَمْرِ الْمَحْتُوْمِ وَ فِیْمَا تَفْرُقُ مِنَ الْاَمْرِ الْحَکِیْمِ فِیْ

اے معبود! ایسا کر کہ تو جن یقینی معاملوں کی بست و کشاد فرماتا ہے اور جن پر حکمت کاموں میں تو شب قدر میں امتیاز قائم

لَیْلَةِ الْقَدْرِ مِنَ الْقَضَآءِ الَّذِیْ لَا یُرَدُّ وَلَا یُبَدَّلُ اَنْ تَکْتُبَنِیْ مِنْ حُجَّاجِ بَیْتِکَ الْحَرَامِ فِیْ

کرتا ہے جو اس طرح کے فیصلے ہیں جن میں کوئی تغیر اور تبدیلی نہیں ہوتی ان کے ضمن میں میرا نام ان حاجیوں میں لکھ دے

عَامِیْ هٰذَا الْمَبْرُوْرِ حَجُّهُمْ الْمَشْکُوْرِ سَعْیُهُمْ الْمَغْفُوْرِ ذُنُوْبُهُمْ الْمُکَفَّرِ عَنْهُمْ سَیِّئَاتُهُمْ

جو اس سال حج کریں گے کہ جن کا حج مقبول جن کی کوشش پسندیدہ جن کے گناہ معاف شدہ جن کی برائیاں مٹادی گئی ہیں

وَاجْعَلْ فِیْمَا تَقْضِیْ وَ تُقَدِّرُ اَنْ تُطِیْلَ عُمْرِیْ وَ تُوَسِّعَ لِیْ فِیْ رِزْقِیْ۔

اور جن امور کی تو نے بست و کشاد کی ہے ان میں میری عمر طویل اور میرا رزق فراواں کردے۔

(۶) نیز حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس رات میں ایک ہزار مرتبہ سورہ انا انزلناہ کے پڑھنے کی بڑی فضیلت وارد ہوئی ہے۔

(۷) وارد ہے کہ جو لیلۃ القدر کو درک کرے وہ خدا سے عافیت طلب کرے۔

(۸) نیز اس رات دعائے مکارم الاخلاق اور دعائے توبہ وغیرہ مقدس ادعیہ جات کے خشوع و خضوع کے ساتھ پڑھنے کی کوشش کرے۔

## ماہ رمضان کے آخری عشرہ کی دعائیں



(۱) آخری عشرہ میں ہر رات یہ دعا پڑھی جائے جو حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام پڑھتے تھے: ﴿اَللّٰهُمَّ اِنَّکَ قُلْتَ فِیْ کِتَابِکَ الْمُنْزَلِ شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِیْ اُنْزِلَ...﴾۔ (نوٹ:۔ یہ دعا اکیسویں ماہ رمضان کی رات کے مخصوص اعمال کے ذیل میں نمبر ۱۵ از صفحہ نمبر ۲۸۲۔۔؟۔۔ پر ملاحظہ کیجیے)۔

(۲) ہر رات یہ دعا پڑھی جائے جو نبی حضرت سے مروی ہے: ﴿اَعُوْذُ بِجَلَالِ وَجْهِکَ الْکَرِیْمِ....﴾ (نوٹ:۔ یہ دعا بھی اکیسویں ماہ رمضان کی رات کے مخصوص اعمال کے ذیل میں نمبر ۱۲ از صفحہ نمبر ۲۸۱۔۔؟۔۔ پر ملاحظہ کیجیے)۔

(۳) ہر رات یہ دعا پڑھی جائے جو نبی حضرتؐ سے منقول ہے: ﴿اَللّٰهُمَّ اَدِّ عَنَّا حَقَّ مَا مَضٰی....﴾ (نوٹ:۔ یہ دعا بھی اکیسویں ماہ رمضان کی رات کے مخصوص اعمال کے ذیل میں نمبر ۱۴ از صفحہ نمبر ۲۸۲۔۔؟۔۔ پر ملاحظہ کیجیے)۔

(۴) ہر رات کی مخصوص دعا:۔

ہر رات کی مخصوص دعائیں یہ ہیں:

**اکیسویں شب کی دعا** يَا مُولِجَ اللَّيْلِ فِي النَّهَارِ وَ مُولِجَ النَّهَارِ فِي اللَّيْلِ وَ

اے رات کو دن میں داخل کرنے والے اور دن کو رات میں داخل کرنے والے اے

مُخْرِجَ الْحَيِّ مِنَ الْمَيِّتِ وَ مُخْرِجَ الْمَيِّتِ مِنَ الْحَيِّ يَا رَازِقَ مَنْ يَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ يَآ

زندہ کو مردہ میں سے نکالنے والے اور مردہ کو زندہ میں سے نکالنے والے اے جسے چاہے بغیر حساب کے رزق دینے والے اے اللہ اے

اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَآ اَللّٰهُ يَا رَحِيْمُ يَآ اَللّٰهُ يَآ اَللّٰهُ يَآ اَللّٰهُ لَكَ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى وَ الْاَمْثَالُ الْعُلْيَا

رحمان اے اللہ اے رحیم اے اللہ اے اللہ اے اللہ تیرے ہی لیے ہیں اچھے اچھے نام بلند ترین نمونے اور تیرے لیے ہیں بڑائیاں اور

وَ الْكِبْرِيَآءُ وَ الْاٰلَآءُ اَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تَجْعَلَ اسْمِيْ فِيْ

مہربانیاں سوالی ہوں تیرا کہ رحمت نازل فرما سرکار محمدؐ و آل محمدؐ پر اور یہ کہ آج کی رات میں میرا نام نیکوکاروں میں شمار کر میری روح کو

هٰذِهِ اللَّيْلَةِ فِي السُّعَدَآءِ وَ رُوْحِيْ مَعَ الشُّهَدَآءِ وَ اِحْسَانِيْ فِيْ عِلِّيِّيْنَ وَ اِسَآئَتِيْ مَغْفُوْرَةً

شہیدوں کے ساتھ قرار دے میری اطاعت کو مقام علیین پر پہنچا دے میری بدی کو معاف شدہ قرار دے اور یہ کہ مجھے وہ یقین عطا کر جو

وَّاَنْ تَهَبَ لِيْ يَقِيْنًا تُبَاشِرُ بِهٖ قَلْبِيْ وَ اِيْمَانًا يُذْهِبُ الشَّكَّ عَنِّيْ وَ تُرْضِيَنِيْ بِمَا قَسَمْتَ



میرے دل میں بسا ہو وہ ایمان دے کہ جو شک کو مجھ سے دور کر دے اور مجھے راضی بنا اس پر جو حصہ تو نے مجھے دیا ہے اور ہمیں دنیا میں

لِيْ وَ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ الْحَرِيْقِ وَارْزُقْنِيْ فِيْهَا

بہترین زندگی دے آخرت میں خوش ترین اجر عطا کر اور ہمیں جلانے والی آگ کی سختی سے بچا اور اس مہینے میں مجھے ہمت دے کہ تیرا ذکر

ذِكْرَكَ وَ شُكْرَكَ وَ الرَّغْبَةَ اِلَيْكَ وَ الْاِنَابَةَ وَ التَّوْفِيْقَ لِمَا وَفَّقْتَ لَهٗ مُحَمَّدًا وَّ اٰلَ مُحَمَّدٍ

کروں تیرا شکر کروں تیری طرف توجہ رکھوں اور تیرے حضور توبہ کروں اور مجھے توفیق دے اس عمل کی جس کی توفیق دی تو نے محمدؐ اور آل

عَلَيْهِ وَ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ۔

محمدؐ کو سلام ہو آنحضرتؐ پر اور ان کی آل پر۔

**بائیسویں شب کی دعا** يَا سَالِخَ النَّهَارِ مِنَ اللَّيْلِ فَاِذَا نَحْنُ مُظْلِمُوْنَ وَ مُجْرِيَ

اے وہ جو دن کو رات پر سے کھینچ لے جاتا ہے تو ہم تاریکی میں گھر جاتے ہیں اور تو اپنے

الشَّمْسِ لِمُسْتَقَرِّهَا بِتَقْدِيْرِكَ يَا عَزِيْزُ يَا عَلِيْمُ وَ مُقَدِّرَ الْقَمَرِ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ

اندازے سے سورج کو اس کے راستے پر چلا دیتا ہے اے زبردست اے دانا تو نے چاند کی منزلیں ٹھیرائیں کہ وہ گھٹتے گھٹتے کھجور کی پرانی

كَـالْعُرْجُوْنِ الْقَدِيْمِ يَا نُوْرَ كُلِّ نُوْرٍ وَّ مُنْتَهٰى كُلِّ رَغْبَةٍ وَّ وَلِيَّ كُلِّ نِعْمَةٍ يَآ اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ

سوکھی شاخ جیسا رہ جاتا ہے اے ہر روشنی کی روشنی اے ہر چاہت کے مرکز و محور اور ہر نعمت کے مالک اے اللہ اے رحمان اے اللہ اے

يَآ اَللّٰهُ يَا قُدُّوْسُ يَآ اَحَدُ يَا وَاحِدُ يَا فَرْدُ يَآ اَللّٰهُ يَآ اَللّٰهُ يَآ اَللّٰهُ لَكَ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى وَ

پاکیزہ اے یکتا اے یگانہ اے تنہا اے اللہ اے اللہ اے اللہ تیرے ہی لیے ہیں اچھے اچھے نام بلند ترین نمونے اور تیرے ہی لیے ہیں

الْاَمْثَالُ الْعُلْيَا وَ الْكِبْرِيَآءُ وَ الْاٰلَآءُ اَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اَهْلِ بَيْتِهٖ وَ اَنْ

بڑائیاں اور مہربانیاں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ رحمت نازل فرما محمدؐ اور ان کے اہل بیت پر اور یہ کہ آج کی رات میں میرا نام نیکوکاروں

تَجْعَلَ اسْمِيْ فِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ فِي السُّعَدَآءِ وَ رُوْحِيْ مَعَ الشُّهَدَآءِ وَ اِحْسَانِيْ فِيْ عِلِّيِّيْنَ

میں شمار کر میری روح کو شہیدوں کے ساتھ قرار دے میری اطاعت کو مقام علیین میں پہنچا اور میری برائی کو معاف شدہ قرار دے اور یہ کہ

وَ اِسَآئَتِيْ مَغْفُوْرَةً وَّ اَنْ تَهَبَ لِيْ يَقِيْنًا تُبَاشِرُ بِهٖ قَلْبِيْ وَ اِيْمَانًا يُّذْهِبُ الشَّكَّ عَنِّيْ وَ

مجھے وہ یقین عطا کر جو میرے دل میں بسا رہے اور وہ ایمان دے جو شک کو مجھ سے دور کر دے اور مجھے راضی بنا اس پر جو حصہ تو نے مجھے

تُرْضِيَنِيْ بِمَا قَسَمْتَ لِيْ وَ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّ فِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّ قِنَا عَذَابَ النَّارِ



دیا اور ہمیں دنیا میں بہترین زندگی دے آخرت میں خوش ترین اجر عطا کر اور ہمیں جلانے والی آگ کے عذاب سے بچا اور اس ماہ میں

الْحَرِيْقِ وَ ارْزُقْنِيْ فِيْهَا ذِكْرَكَ وَ شُكْرَكَ وَ الرَّغْبَةَ اِلَيْكَ وَ الْاِنَابَةَ وَ التَّوْفِيْقَ لِمَا وَفَّقْتَ

مجھے ہمت دے کہ تجھے یاد کروں تیرا شکر بجالاؤں تیری طرف توجہ رکھوں اور تیرے حضور توبہ کروں اور مجھے توفیق دے اس عمل کی جس کی

لَهٗ مُحَمَّدًا وَّ اٰلَ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ۔

توفیق دی تو نے محمدؐ و آل محمدؐ کو کہ ان سب پر سلام ہو۔

**﴿تیئسویں شب کی دعا﴾** يَا رَبَّ لَيْلَةِ الْقَدْرِ وَ جَاعِلَهَا خَيْرًا مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ وَّ رَبَّ

اے شب قدر کے پروردگار اور اس کو ہزار مہینوں سے بہتر قرار دینے والے اے رات

اللَّيْلِ وَ النَّهَارِ وَ الْجِبَالِ وَ الْبِحَارِ وَ الظُّلَمِ وَ الْاَنْوَارِ وَ الْاَرْضِ وَ السَّمَآءِ يَا بَارِئُ يَا

اور دن کے رب اے پہاڑوں اور دریاؤں تاریکیوں اور روشنیوں اور زمین اور آسمان کے رب اے پیدا کرنے والے اے صورت گر

مُصَوِّرُ يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا اَللّٰهُ يَا قَيُّوْمُ يَا اَللّٰهُ يَا بَدِيْعُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ

اے محبت والے اے احسان والے اے اللہ اے رحمان اے اللہ اے نگہبان اے اللہ اے پیدا کرنے والے اے اللہ اے اللہ

لَکَ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی وَ الْاَمْثَالُ الْعُلْیَا وَ الْکِبْرِیَآءُ وَ الْاٰلَآءُ اَسْئَلُکَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی

تیرے ہی لیے ہیں اچھے اچھے نام بلند ترین نمونے تیرے لیے ہیں بڑائیاں اور مہربانیاں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ رحمت نازل فرما سرکار

مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تَجْعَلَ اسْمِیْ فِیْ هٰذِهِ اللَّیْلَةِ فِی السُّعَدَآءِ وَ رُوْحِیْ مَعَ

محمدؐ و آل محمدؐ پر اور یہ کہ آج کی رات میں میرا نام نیکوکاروں میں شمار کر میری روح کو شہیدوں کے ساتھ قرار دے میری اطاعت کو مقام

الشُّهَدَآءِ وَ اِحْسَانِیْ فِیْ عِلِّیِّیْنَ وَ اِسَآئَتِیْ مَغْفُوْرَةً وَّاَنْ تَهَبَ لِیْ یَقِیْنًا تُبَاشِرُ بِهٖ قَلْبِیْ وَ

علیین میں پہنچا اور میری برائی کو معاف شدہ قرار دے اور یہ کہ مجھے وہ یقین دے جو میرے دل میں بسا رہے اور وہ ایمان دے جو شک کو

اِیْمَانًا یُّذْهِبُ الشَّکَّ عَنِّیْ وَ تُرْضِیَنِیْ بِمَا قَسَمْتَ لِیْ وَاٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی

مجھ سے دور کردے اور مجھے راضی بنا اس پر جو حصہ تو نے مجھے دیا اور ہمیں دنیا میں بہترین زندگی دے آخرت میں خوش ترین اجر عطا کر اور

الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ الْحَرِیْقِ وَارْزُقْنِیْ فِیْهَا ذِکْرَکَ وَ شُکْرَکَ وَالرَّغْبَةَ اِلَیْکَ

ہمیں جلانے والی آگ کے عذاب سے بچا اور اس ماہ میں مجھے ہمت دے کہ تجھے یاد کروں تیرا شکر بجالاؤں تیری طرف توجہ رکھوں تیری

وَالْاِنَابَةَ وَالتَّوْبَةَ وَالتَّوْفِیْقَ لِمَا وَفَّقْتَ لَهٗ مُحَمَّدًا وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ عَلَیْهِمُ السَّلَامُ

طرف پلٹوں اور توبہ کروں اور توفیق دے مجھے اس عمل کی جس کی توفیق دی تو نے محمدؐ و آل محمدؐ کو ان سب پر سلام ہو۔



**چوبیسویں شب کی دعا** یَا فَالِقَ الْاِصْبَاحِ وَ جَاعِلَ اللَّیْلِ سَکَنًا وَّ الشَّمْسَ

اے صبح کی سفیدی کو ظاہر کرنے والے اے رات کو وقت آرام بنانے والے اور

وَالْقَمَرَ حُسْبَانًا یَا عَزِیْزُ یَا عَلِیْمُ یَا ذَا الْمَنِّ وَ الطَّوْلِ وَالْقُوَّةِ وَ الْحَوْلِ وَالْفَضْلِ

سورج اور چاند کو رواں کرنے والے اے زبردست اے دانا اے احسان و نعمت والے اے قوت و حرکت کے مالک اے مہربانی و عطا

وَالْاِنْعَامِ وَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَا اَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ یَآ اَللّٰهُ یَا فَرْدُ یَا وِتْرُ یَآ اَللّٰهُ یَا ظَاهِرُ یَا

کرنے والے اے جلالت اور بزرگی والے اے اللہ اے رحمان اے اللہ اے تنہا اے یکتا اے اللہ اے ظاہر اے باطن اے زندہ کہ نہیں

بَاطِنُ یَا حَیُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ لَکَ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی وَالْاَمْثَالُ الْعُلْیَا وَالْکِبْرِیَآءُ وَ الْاٰلَآءُ

کوئی معبود مگر تو ہے تیرے لیے ہیں اچھے اچھے نام بلند ترین نمونے اور بڑائیاں اور مہربانیاں سوال کرتا ہوں تجھ سے کہ رحمت نازل فرما

اَسْئَلُکَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تَجْعَلَ اسْمِیْ فِیْ هٰذِهِ اللَّیْلَةِ فِی

سرکار محمدؐ و آل محمدؐ پر اور یہ کہ آج کی رات میں میرا نام نیکوکاروں کے زمرے میں شمار کر میری روح کو شہیدوں کے ساتھ قرار دے میری

السُّعَدَآءِ وَ رُوْحِیْ مَعَ الشُّهَدَآءِ وَ اِحْسَانِیْ فِیْ عِلِّیِّیْنَ وَ اِسَآئَتِیْ مَغْفُوْرَۃً وَّاَنْ تَهَبَ لِیْ

اطاعت کو مقام علیین میں پہنچا اور میری بدی کو معاف شدہ قرار دے اور یہ کہ مجھے وہ یقین دے جو میرے دل میں بسا رہے اور وہ ایمان

یَقِیْنًا تُبَاشِرُ بِهٖ قَلْبِیْ وَ اِیْمَانًا یُذْهِبُ بِالشَّکِّ عَنِّیْ وَ رَضِّیْ بِمَا قَسَمْتَ لِیْ وَ اٰتِنَا فِی

دے جو شک کو مجھ سے دور کر دے اور مجھے راضی بنا اس پر جو حصہ تو نے مجھے دیا اور ہمیں دنیا میں خوش ترین زندگی دے اور آخرت میں

الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ الْحَرِیْقِ وَ ارْزُقْنِیْ فِیْهَا ذِکْرَکَ وَ

بہترین اجر عطا کر اور ہمیں جلانے والی آگ کے عذاب سے بچا اور اس ماہ میں مجھے ہمت دے کہ تجھے یاد کروں تیرا شکر بجا لاؤں تیری

شُکْرَکَ وَ الرَّغْبَۃَ اِلَیْکَ وَالْاِنَابَۃَ وَالتَّوْبَۃَ وَالتَّوْفِیْقَ لِمَا وَفَّقْتَ لَهٗ مُحَمَّدًا وَّ اٰلَ مُحَمَّدٍ

طرف توجہ رکھوں تیری طرف پلٹوں اور توبہ کروں اور توفیق دے مجھے اس عمل کی جس کی توفیق دی تو نے محمدؐ و آل محمدؐ کو تیری رحمت ہو

صَلَوَاتُکَ عَلَیْهِ وَعَلَیْهِمْ

آنحضرتؐ پر اور ان کی آل پر۔

**پچیسویں شب کی دعا** یَا جَاعِلَ اللَّیْلِ لِبَاسًا وَّالنَّهَارِ مَعَاشًا وَّ الْاَرْضِ مِهَادًا

اے بنانے والے رات کو پردہ دن کو وقت کاروبار زمین کو جائے آرام اور پہاڑوں کو

وَّالْجِبَالِ اَوْتَادًا یَآ اَللّٰهُ یَا قَاهِرُ یَآ اَللّٰهُ یَا جَبَّارُ یَآ اَللّٰهُ یَا سَمِیْعُ یَآ اَللّٰهُ یَا قَرِیْبُ یَآ اَللّٰهُ یَا

میخیں اے اللہ اے غالب اے اللہ اے دبدبہ والے اے اللہ اے سننے والے اے اللہ اے نزدیک تر اے اللہ اے قبول کرنے والے

مُجِیْبُ یَآ اَللّٰهُ یَآ اَللّٰهُ یَآ اَللّٰهُ لَکَ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی وَ الْاَمْثَالُ الْعُلْیَا وَالْکِبْرِیَآءُ وَالْاٰلَآءُ

اے اللہ اے اللہ اے اللہ تیرے لیے ہیں اچھے اچھے نام بلند ترین نمونے اور بڑائیاں اور مہربانیاں سوال کرتا ہوں تجھ سے کہ رحمت

اَسْئَلُکَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تَجْعَلَ اسْمِیْ فِیْ هٰذِهِ اللَّیْلَۃِ فِی

نازل فرما سرکار محمدؐ و آل محمدؐ پر اور یہ کہ آج کی رات میں میرا نام نیکوکاروں کے زمرے میں شمار کر میری روح کو شہیدوں کے ساتھ قرار

السُّعَدَآءِ وَ رُوْحِیْ مَعَ الشُّهَدَآءِ وَ اِحْسَانِیْ فِیْ عِلِّیِّیْنَ وَ اِسَآئَتِیْ مَغْفُوْرَۃً وَّاَنْ تَهَبَ

دے میری اطاعت کو مقام علیین میں پہنچا اور میری بدی کو معاف شدہ قرار دے اور یہ کہ مجھے وہ یقین دے جو میرے دل میں بسا رہے

لِیْ یَقِیْنًا تُبَاشِرُ بِهٖ قَلْبِیْ وَ اِیْمَانًا یُذْهِبُ الشَّکَّ عَنِّیْ وَ رَضِّیْ بِمَا قَسَمْتَ لِیْ وَ اٰتِنَا فِی

اور وہ ایمان دے جو شک کو مجھ سے دور کر دے اور مجھے راضی بنا اس پر جو حصہ تو نے مجھے دیا اور ہمیں دنیا میں خوش ترین زندگی دے اور

الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ الْحَرِيْقِ وَ ارْزُقْنِيْ فِيْهَا ذِكْرَكَ وَ

آخرت میں بہترین اجر عطا کر اور ہمیں جلانے والی آگ کے عذاب سے بچا اور مجھے ہمت دے کہ اس ماہ میں تجھے یاد کروں تیرا شکر بجا

شُكْرَكَ وَ الرَّغْبَةَ اِلَيْكَ وَالْاِنَابَةَ وَالتَّوْبَةَ وَالتَّوْفِيْقَ لِمَا وَفَّقْتَ لَهٗ مُحَمَّدًا وَّ اٰلَ مُحَمَّدٍ

لاؤں تیری طرف توجہ رکھوں تیری طرف پلٹوں اور توبہ کروں اور توفیق دے مجھے اس عمل کی جس کی توفیق دی تو نے محمدؐ و آل محمدؐ کو تیری

عَلَيْهِمُ السَّلَامُ۔

رحمت نازل ہو ان سب ہستیوں پر۔

**چھبیسویں شب کی دعا** يَا جَاعِلَ اللَّيْلِ وَ النَّهَارِ اٰيَتَيْنِ يَا مَنْ مَّحَآ اٰيَةَ اللَّيْلِ

اے رات اور دن کو اپنی نشانیاں بنانے والے اے رات کی نشانی کو تاریک اور دن کی

وَجَعَلَ اٰيَةَ النَّهَارِ مُبْصِرَةً لِّتَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْهُ وَ رِضْوَانًا يَا مُفَصِّلَ كُلِّ شَيْءٍ تَفْصِيْلًا يَّا

نشانی کو روشن بنانے والے تاکہ لوگ اس میں تیرے فضل اور خوشنودی کی تلاش کریں اے ہر چیز کی حد اور فرق مقرر کرنے والے اے شان

مَاجِدُ يَا وَهَّابُ يَآ اَللّٰهُ يَا جَوَادُ يَآ اَللّٰهُ يَآ اَللّٰهُ يَآ اَللّٰهُ لَكَ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى وَالْاَمْثَالُ

والے اے بہت دینے والے اے اللہ اے عطا کرنے والے اے اللہ اے اللہ اے اللہ تیرے لیے ہیں اچھے اچھے نام بلند ترین نمونے اور

الْعُلْيَا وَ الْكِبْرِيَآءُ وَالْاٰلَآءُ اَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تَجْعَلَ اسْمِيْ

بڑائیاں اور مہربانیاں سوال کرتا ہوں تجھ سے کہ رحمت نازل فرما سرکار محمدؐ و آل محمدؐ پر اور یہ کہ آج کی رات میں میرا نام نیکوکاروں کے زمرے

فِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ فِي السُّعَدَآءِ وَ رُوْحِيْ مَعَ الشُّهَدَآءِ وَ اِحْسَانِيْ فِيْ عِلِّيِّيْنَ وَ اِسَآئَتِيْ

میں شمار کر میری روح کو شہیدوں کے ساتھ رکھ میری اطاعت کو مقام علیین میں پہنچا اور میری بدی کو معاف شدہ قرار دے اور یہ کہ مجھے وہ یقین

مَغْفُوْرَةً وَّ اَنْ تَهَبَ لِيْ يَقِيْنًا تُبَاشِرُ بِهٖ قَلْبِيْ وَ اِيْمَانًا يُّذْهِبُ الشَّكَّ عَنِّيْ وَ تُرْضِيَنِيْ بِمَا

دے جو میرے دل میں بس جائے اور وہ ایمان دے جو شک کو مجھ سے دور کر دے اور مجھے راضی بنا اس پر جو حصہ تو نے مجھے دیا اور ہمیں دنیا

قَسَمْتَ لِيْ وَ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ الْحَرِيْقِ وَ

میں خوش ترین زندگی دے اور آخرت میں بہترین اجر عطا کر اور ہمیں جلانے والی آگ کے عذاب سے بچا اور مجھے ہمت دے کہ اس ماہ میں

ارْزُقْنِيْ فِيْهَا ذِكْرَكَ وَ شُكْرَكَ وَ الرَّغْبَةَ اِلَيْكَ وَالْاِنَابَةَ وَالتَّوْبَةَ وَالتَّوْفِيْقَ لِمَا وَفَّقْتَ لَهٗ

تجھے یاد کروں تیرا شکر بجا لاؤں تیری طرف توجہ لگائے رکھوں تیری طرف پلٹوں اور توبہ کروں اور مجھے توفیق دے اس عمل کی جس کی توفیق دی

مُحَمَّدًا وَّ اٰلَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمْ.

توُنے سرکارِ محمدؐ اور آلِ محمدؐ کو خدا رحمت کرے آنحضرتؐ پہ اور ان کی آل پر۔

**ستائیسویں شب کی دعا** يَا مَادَّ الظِّلِّ وَلَوْ شِئْتَ لَجَعَلْتَهُ سَاكِنًا وَّ جَعَلْتَ

اے سایہ کو پھیلانے والے اور اگر تو چاہتا تو اس کو ایک جگہ ٹھیرا دیتا تو نے سورج کو

الشَّمْسَ عَلَيْهِ دَلِيْلًا ثُمَّ قَبَضْتَهُ قَبْضًا يَسِيْرًا يَاذَا الْجُوْدِ وَ الطَّوْلِ وَ الْكِبْرِيَآءِ وَالْاٰلَآءِ لَآ

سایہ کے لیے رہنما قرار دیا پھر اسے قابو میں کیا تو آسانی سے قابو کیا اے سخاوت وعطا والے اور بڑائیوں اور نعمتوں والے نہیں کوئی معبود مگر

اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ عَالِمُ الْغَيْبِ وَ الشَّهَادَةِ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ يَا قُدُّوْسُ يَا سَلَامُ يَا

تو کہ چھپی کھلی باتوں کا جاننے والا بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے نہیں کوئی معبود مگر تو ہے اے پاک ترین اے سلامتی والے اے امن دینے

مُؤْمِنُ يَا مُهَيْمِنُ يَا عَزِيْزُ يَا جَبَّارُ يَا مُتَكَبِّرُ يَآ اَللّٰهُ يَا خَالِقُ يَا بَارِئُ يَا مُصَوِّرُ يَآ اَللّٰهُ يَآ اَللّٰهُ

والے اے نگہدار اے زبردست اے غلبہ والے اے بڑائی والے اے اللہ اے خلق کرنے والے اے پیدا کرنے والے اے صورت بنانے

يَآ اَللّٰهُ لَكَ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى وَ الْاَمْثَالُ الْعُلْيَا وَ الْكِبْرِيَاءُ وَ الْاٰلَآءُ اَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ



والے اے اللہ اے اللہ تیرے لیے ہیں اچھے اچھے نام بلند ترین نمونے اور بڑائیاں اور مہربانیاں سوال کرتا ہوں تجھ سے کہ رحمت

عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تَجْعَلَ اسْمِيْ فِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ فِي السُّعَدَآءِ وَ رُوْحِيْ مَعَ

نازل فرما سرکار محمدؐ و آل محمدؐ پر اور یہ کہ آج کی رات میں مجھے نیکوکاروں کے زمرے میں شمار کر میری روح کو شہیدوں کے ساتھ کر دے میری

الشُّهَدَآءِ وَ اِحْسَانِيْ فِيْ عِلِّيِّيْنَ وَ اِسَآئَتِيْ مَغْفُوْرَةً وَّاَنْ تَهَبَ لِيْ يَقِيْنًا تُبَاشِرُ بِهٖ قَلْبِيْ

اطاعت کو مقام علیین میں پہنچا اور میری بدی کو معاف شدہ قرار دے اور یہ کہ مجھے وہ یقین عطا کر جو میرے دل میں بس جائے اور وہ ایمان

وَاِيْمَانًا يُّذْهِبُ الشَّكَّ عَنِّيْ وَ تُرْضِيَنِيْ بِمَا قَسَمْتَ لِيْ وَاٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي

دے جو شک کو مجھ سے دور کر دے اور مجھے راضی بنا اس پر جو حصہ تو نے دیا اور ہمیں دنیا میں خوش ترین زندگی دے اور آخرت میں بہترین

الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّ قِنَا عَذَابَ النَّارِ الْحَرِيْقِ وَ ارْزُقْنِيْ فِيْهَا ذِكْرَكَ وَشُكْرَكَ وَ الرَّغْ

اجر دے اور ہمیں جلانے والی آگ کے عذاب سے بچا اور مجھے ہمت دے کہ اس ماہ میں تجھے یاد کروں تیرا شکر بجا لاؤں تیری طرف توجہ

اِلَيْكَ وَالْاِنَابَةَ وَ التَّوْبَةَ وَالتَّوْفِيْقَ لِمَا وَفَّقْتَ لَهٗ مُحَمَّدًا وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ

رکھوں تیری طرف پلٹوں اور توبہ کروں اور مجھے توفیق دے اس عمل کی جس کی توفیق دی تو نے محمدؐ و آل محمدؐ کو خدا کی رحمت ہو آنحضرت اور

عَلَیۡهِمۡ۔

ان کی آل پر۔

**اٹھائیسویں شب کی دعا** یَا خَازِنَ اللَّیۡلِ فِی الۡهَوَآءِ وَ خَازِنَ النُّوۡرِ فِی السَّمَآءِ وَ

اے رات کو ہوا میں جگہ دینے والے اور اے روشنی کو آسمان میں جگہ دینے والے اور

مَانِعَ السَّمَآءِ اَنۡ تَقَعَ عَلَی الۡاَرۡضِ اِلَّا بِاِذۡنِهٖ وَحَابِسَهُمَا اَنۡ تَزُوۡلَا یَا عَلِیۡمُ یَا عَظِیۡمُ یَا

آسمان کو روکنے والے کہ وہ زمین پر نہ آپڑے لیکن اس کے حکم سے اور ان دونوں کے نگہدار کہ ٹوٹ نہ جائیں اے جاننے والے اے عظمت

غَفُوۡرُ یَا دَآئِمُ یَآ اَللّٰهُ یَا وَارِثُ یَا بَاعِثَ مَنۡ فِی الۡقُبُوۡرِ یَآ اَللّٰهُ یَآ اَللّٰهُ یَآ اَللّٰهُ لَکَ الۡاَسۡمَآءُ

والے اے بہت بخشنے والے اے ہمیشگی والے اے اللہ اے وارث والے اے قبروں سے اٹھا کھڑا کرنے والے اے اللہ اے اللہ اے اللہ

الۡحُسۡنٰی وَ الۡاَمۡثَالُ الۡعُلۡیَا وَالۡکِبۡرِیَاءُ وَ الۡاٰلَآءُ اَسۡئَلُکَ اَنۡ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ

تیرے لیے ہیں اچھے اچھے نام بلند ترین نمونے اور بڑائیاں اور مہربانیاں سوال کرتا ہوں تجھ سے کہ رحمت نازل فرما سرکار محمدؐ و آل محمدؐ پر اور

مُحَمَّدٍ وَّاَنۡ تَجۡعَلَ اسۡمِیۡ فِیۡ هٰذِهِ اللَّیۡلَةِ فِی السُّعَدَآءِ وَ رُوۡحِیۡ مَعَ الشُّهَدَآءِ وَ

یہ کہ آج کی رات میں مجھے نیکوکاروں کے زمرے میں شمار کر میری روح کو شہیدوں کے ساتھ کر دے اور میری اطاعت کو مقام علیین پر پہنچا

اِحۡسَانِیۡ فِیۡ عِلِّیِّیۡنَ وَ اِسَآئَتِیۡ مَغۡفُوۡرَةً وَّاَنۡ تَهَبَ لِیۡ یَقِیۡنًا تُبَاشِرُ بِهٖ قَلۡبِیۡ وَاِیۡمَانًا یُّذۡهِبُ

اور میری برائی کو معاف شدہ قرار دے اور یہ کہ مجھے وہ یقین دے جو میرے دل میں بس جائے اور وہ ایمان دے جو شک کو مجھ سے دور کر

الشَّکَّ عَنِّیۡ وَ تُرۡضِیَنِیۡ بِمَا قَسَمۡتَ لِیۡ وَاٰتِنَا فِی الدُّنۡیَا حَسَنَةً وَّفِی الۡاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا

دے اور مجھے راضی بنا اس پر جو حصہ تو نے دیا اور ہمیں دنیا میں خوش ترین زندگی دے اور آخرت میں بہترین اجر عطا کر اور ہمیں جلانے والی

عَذَابَ النَّارِ الۡحَرِیۡقِ وَارۡزُقۡنِیۡ فِیۡهَا ذِکۡرَکَ وَشُکۡرَکَ وَ الرَّغۡبَةَ اِلَیۡکَ وَالۡاِنَابَةَ وَ التَّوۡبَةَ

آگ کے عذاب سے بچا اور مجھے ہمت دے کہ اس ماہ میں تجھے یاد کروں تیرا شکر بجا لاؤں تیری طرف توجہ رکھوں تیری طرف پلٹوں اور

وَالتَّوۡفِیۡقَ لِمَا وَفَّقۡتَ لَهٗ مُحَمَّدًا وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیۡهِ وَعَلَیۡهِمۡ۔

توبہ کروں اور مجھے توفیق دے اس عمل کی جس کی توفیق دی تو نے محمدؐ و آل محمدؐ کو خدا رحمت کرے آنحضرتؐ پر اور ان پر۔

**انتیسویں شب کی دعا** یَا مُکَوِّرَ اللَّیۡلِ عَلَی النَّهَارِ وَ مُکَوِّرَ النَّهَارِ عَلَی اللَّیۡلِ یَا

اے رات کو دن پر لپیٹنے والے اور دن کو رات پر لپیٹ دینے والے اے دانا اے حکمت

عَلِيْمُ يَا حَكِيْمُ يَا رَبَّ الْاَرْبَابِ وَ سَيِّدَ السَّادَاتِ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ يَآ اَقْرَبَ اِلَىَّ مِنْ حَبْلِ

والے اے پالنے والوں کے پالنے والے اور سرداروں کے سردار نہیں کوئی معبود سوائے تیرے اے مجھ سے میری رگ جان سے زیادہ

الْوَرِيْدِ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ لَكَ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى وَ الْاَمْثَالُ الْعُلْيَا وَالْكِبْرِيَآءُ وَ الْاٰلَآءُ

قریب اے اللہ اے اللہ اے اللہ تیرے لیے ہیں اچھے اچھے نام بلند ترین نمونے اور بڑائیاں اور مہربانیاں سوال کرتا ہوں تجھ سے کہ رحمت

اَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تَجْعَلَ اسْمِيْ فِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ فِي

نازل فرما سرکار محمدؐ و آل محمدؐ پر اور یہ کہ آج کی رات میں میرا نام نیکوکاروں کی فہرست میں درج کر دے میری روح کو شہیدوں کے ساتھ

السُّعَدَآءِ وَ رُوْحِيْ مَعَ الشُّهَدَآءِ وَ اِحْسَانِيْ فِيْ عِلِّيِّيْنَ وَ اِسَآئَتِيْ مَغْفُوْرَةً وَّاَنْ تَهَبَ لِيْ

رکھ میری نیکی کو مقام علیین تک پہنچا اور میری برائی کو معاف شدہ قرار دے اور یہ کہ مجھے وہ یقین دے جو میرے دل میں بس جائے اور وہ

يَقِيْنًا تُبَاشِرُ بِهٖ قَلْبِيْ وَاِيْمَانًا يُّذْهِبُ الشَّكَّ عَنِّيْ وَ تُرْضِيَنِيْ بِمَا قَسَمْتَ لِيْ وَاٰتِنَا فِي

ایمان دے جو شک کو مجھ سے دور کر دے اور رضامند کر اس حصے پر جو تو نے دیا ہے اور ہمیں دنیا میں خوش ترین زندگی دے اور آخرت میں

الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ الْحَرِيْقِ وَارْزُقْنِيْ فِيْهَا ذِكْرَكَ



بہترین اجر عطا کر اور ہمیں جلانے والی آگ کے عذاب سے بچا اور مجھے ہمت دے کہ اس ماہ میں تجھے یاد کروں تیرا شکر بجالاؤں تیری

وَشُكْرَكَ وَ الرَّغْبَةَ اِلَيْكَ وَالْاِنَابَةَ وَ التَّوْبَةَ وَالتَّوْفِيْقَ لِمَا وَفَّقْتَ لَهٗ مُحَمَّدًا وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ

طرف توجہ کیے رہوں تیری طرف پلٹوں اور توبہ کروں اور مجھے توفیق دے اس عمل کی جس کی توفیق دی تو نے محمدؐ و آل محمدؐ کو خدا رحمت کرے

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمْ۔

آنحضرتؐ پر اور ان کی آلؑ پر۔

**تیسویں شب کی دعا** اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ لَا شَرِيْكَ لَهُ الْحَمْدُ لِلّٰهِ كَمَا يَنْبَغِيْ لِكَرَمِ وَجْهِهٖ

حمد ہے اس خدا کے لیے جس کا کوئی ساجھی نہیں حمد ہے خدا کیلئے وہ حمد جو اس کی بزرگ تر ذات

وَ عِزِّ جَلَالِهٖ وَكَمَا هُوَ اَهْلُهٗ يَا قُدُّوْسُ يَا نُوْرُ يَا نُوْرَ الْقُدْسِ يَا سُبُّوْحُ يَا مُنْتَهَى التَّسْبِيْحِ

اور عزت و جلال کے لائق ہے اور جس کا وہ اہل ہے اے پاکیزہ تر اے نور اے پاکیزہ تر نور اے بے عیب اے پاکیزگی کے مرکز اے بڑے

يَا رَحْمٰنُ يَا فَاعِلَ الرَّحْمَةِ يَآ اَللّٰهُ يَا عَلِيْمُ يَا كَبِيْرُ يَآ اَللّٰهُ يَا لَطِيْفُ يَا جَلِيْلُ يَآ اَللّٰهُ يَا

مہربان اے رحمت کے خالق اے اللہ اے دانا اے بزرگ تر اے اللہ اے باریک بین اے بڑی شان والے اے اللہ اے سننے والے اے

سَمِیْعُ یَا بَصِیْرُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ لَکَ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی وَ الْاَمْثَالُ الْعُلْیَا وَالْکِبْرِیَاءُ وَ

دیکھنے والے اے اللہ اے اللہ اے اللہ تیرے لیے ہیں اچھے اچھے نام بلند ترین نمونے اور بڑائیاں اور مہربانیاں سوال کرتا ہوں تجھ سے کہ

الْاٰلَآءُ اَسْئَلُکَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاَھْلِ بَیْتِہٖ وَاَنْ تَجْعَلَ اسْمِیْ فِیْ ھٰذِہِ اللَّیْلَۃِ فِی

رحمت نازل فرما حضرت محمدؐ اور ان کے اہل بیتؑ پر اور یہ کہ آج کی رات میں میرا نام نیکوکاروں کی فہرست میں درج کر دے میری روح کو

السُّعَدَآءِ وَ رُوْحِیْ مَعَ الشُّھَدَآءِ وَ اِحْسَانِیْ فِیْ عِلِّیِّیْنَ وَ اِسَآئَتِیْ مَغْفُوْرَۃً وَّاَنْ تَھَبَ لِیْ

شہیدوں کے ساتھ رکھ میری نیکی کو مقام علیین تک پہنچا اور میری بدی کو معاف شدہ قرار دے اور یہ کہ مجھے وہ یقین دے جو میرے دل میں بس

یَقِیْنًا تُبَاشِرُ بِہٖ قَلْبِیْ وَاِیْمَانًا یُذْھِبُ الشَّکَّ عَنِّیْ وَ تُرْضِیَنِیْ بِمَا قَسَمْتَ لِیْ وَاٰتِنَا فِی

جائے اور وہ ایمان دے جو شک کو مجھ سے دور کر دے اور مجھے راضی بنا اس پر جو حصہ تو نے دیا اور ہمیں دنیا میں خوش ترین زندگی دے اور

الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ الْحَرِیْقِ وَارْزُقْنِیْ فِیْھَا ذِکْرَکَ

آخرت میں بہترین اجر عطا فرما اور ہمیں جلانے والی آگ کے عذاب سے بچا اور مجھے ہمت دے کہ اس ماہ میں تجھے یاد کروں تیرا شکر بجا

وَشُکْرَکَ وَ الرَّغْبَۃَ اِلَیْکَ وَالْاِنَابَۃَ وَالتَّوْبَۃَ وَالتَّوْفِیْقَ لِمَا وَفَّقْتَ لَہٗ مُحَمَّدًا وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ



لاؤں تیری طرف توجہ کیے رہوں تیری طرف پلٹوں اور توبہ کروں اور مجھے توفیق دے اس عمل کی جس کی توفیق دی تو نے سرکار محمدؐ اور آل محمدؑ کو

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلَیْھِمْ۔

خدا رحمت کرے آنحضرتؐ پر اور ان کی آل پر۔

## ماہِ رمضان کی ستائیسویں کی رات

(۱) اس رات بھی خصوصی طور پر غسل کرنے کا حکم ہے۔

(۲) اور یہ دعا پڑھی جائے جسے حضرت امام زین العابدین علیہ السلام اس رات پہلے پہر سے لے کر پچھلے پہر تک برابر بار بار پڑھا کرتے تھے:

اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِی التَّجَافِیَ عَنْ دَارِ الْغُرُوْرِ وَ الْاِنَابَۃَ اِلٰی دَارِ الْخُلُوْدِ وَالْاِسْتِعْدَادَ لِلْمَوْتِ

اے معبود! مجھے نصیب کر فریب کے گھر سے دوری اختیار کرنا ہمیشہ کے مسکن کی طرف لوٹ کے جانا اور موت کے آنے سے پہلے

قَبْلَ حُلُوْلِ الْفَوْتِ۔

موت کے لیے تیار رہنا نصیب فرما۔

# ماہِ رمضان کی آخری رات

یہ بڑی بابرکت رات ہے اور اس رات میں چند عمل وارد ہیں:

(۱) غسل کرنا۔ (۲) حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت کرنا۔

(۳) سورۂ انعام، سورۂ کہف اور سورۂ یٰسین کی تلاوت کرنا اور سو بار استغفار کرنا:

﴿اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّیْ وَ اَتُوْبُ اِلَیْهِ﴾۔

(۴) وہ دعا پڑھنا جو حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے:

اَللّٰهُمَّ هٰذَا شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِیْ اَنْزَلْتَ فِیْهِ الْقُرْآنَ وَ قَدْ تَصَرَّمَ وَ اَعُوْذُ بِوَجْهِکَ الْکَرِیْمِ

اے معبود! یہ ماہ رمضان المبارک ہے جس میں تو نے قرآن کریم نازل فرمایا اور وہ گزر گیا ہے اور پناہ لیتا ہوں میں تیری ذات کریم

یَا رَبِّ اَنْ یَطْلُعَ الْفَجْرُ مِنْ لَیْلَتِیْ هٰذِهٖ اَوْ یَتَصَرَّمَ شَهْرُ رَمَضَانَ وَ لَکَ قِبَلِیْ تَبِعَةٌ اَوْ ذَنْبٌ

کی اے پروردگار اس سے کہ آج کی رات ختم ہو اور صبح ہو جائے یا رمضان المبارک کا مہینہ گزر جائے اور مجھ پر تیری کوئی سزا باقی ہو یا

تُرِیْدُ اَنْ تُعَذِّبَنِیْ بِهٖ یَوْمَ اَلْقَاکَ۔

کوئی گناہ ہو کہ تو مجھے اس پر عذاب دینا چاہتا ہو جس دن میں پیش ہوں گا۔



(۵) آخری جمعہ اور آخری رات میں ماہ رمضان کو الوداع کرنا چاہیئے اور اس سلسلہ میں سب سے بہتر دعا صحیفۂ کاملہ کی نمبر ۴۵ دعاء الوداع ہے یا پھر یہ مختصر دعاءِ وداع پڑھی جائے جو حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے:

اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْهُ اٰخِرَ الْعَهْدِ مِنْ صِیَامِیْ لِشَهْرِ رَمَضَانَ وَ اَعُوْذُ بِکَ اَنْ یَطْلُعَ فَجْرُ هٰذِهِ

اے اللہ! اس مہینے کو رمضان کے روزے رکھنے میں میرے لیے آخری قرار نہ دے اور میں پناہ لیتا ہوں تیری اس سے کہ اس رات کی

اللَّیْلَةِ اِلَّا وَقَدْ غَفَرْتَ لِیْ۔

صبح ہو جائے لیکن یہ کہ تو نے مجھے بخش دیا ہو۔

نیز یہ دعا پڑھی جائے: اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْهُ اٰخِرَ الْعَهْدِ مِنْ صِیَامِنَا اِیَّاهُ فَاِنْ جَعَلْتَهٗ فَاجْعَلْنِیْ

اے اللہ! رمضان کے اس مہینے کے روزے میرے لیے آخری روزے قرار نہ دے پس اگر تو ایسا ہی کرے تو

مَرْحُوْمًا وَّلَا تَجْعَلْنِیْ مَحْرُوْمًا۔

مجھے رحم کیا گیا قرار دے اور رحمت سے محروم کیا ہوا نہ بنا۔

## ماہِ رمضان کا آخری دن

اگر کسی وجہ سے وداعِ ماہ رمضان کی دعائیں آخری جمعہ یا آخری رات نہ پڑھی جاسکیں تو ماہ رمضان کے آخری دن بھی پڑھی جاسکتی ہیں۔ نیز چونکہ اکثر و بیشتر اہل ایمان اس دن قرآن ختم کرتے ہیں لہٰذا ختم قرآن کے بعد بہتر تو یہ ہے کہ صحیفۂ کاملہ کی بیالیسویں دعا پڑھی جائے اور اگر کسی وجہ سے وہ دعا نہ پڑھی جاسکے تو پھر حضرت امیر علیہ السلام والی اس مختصر دعا پر اکتفا کیا جاسکتا ہے جو یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ اشْرَحْ بِالْقُرْاٰنِ صَدْرِیْ وَ اسْتَعْمِلْ بِالْقُرْاٰنِ بَدَنِیْ وَ نَوِّرْ بِالْقُرْاٰنِ بَصَرِیْ

اے معبود! میرے سینے کو قرآن کیلئے کشادہ کردے میرے بدن کو قرآن پر عمل پیرا بنادے میری آنکھوں کو قرآن سے روشن کردے اور میری

وَ اَطْلِقْ بِالْقُرْاٰنِ لِسَانِیْ وَ اَعِنِّیْ عَلَیْهِ مَاۤ اَبْقَیْتَنِیْ فَاِنَّهٗ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِکَ.



زبان کو قرآن کیلئے رواں کردے اور جب تک مجھے زندہ رکھے اس میں میرا مددگار رہ کہ نہیں کوئی حرکت و قوت مگر جو تیری طرف سے ہے۔

نیز یہ دعا بھی پڑھے جو امیر المؤمنین علیہ السلام سے منقول ہے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُکَ اِخْبَاتَ الْمُخْبِتِیْنَ وَ اِخْلَاصَ الْمُوْقِنِیْنَ وَ مُرَافَقَةَ الْاَبْرَارِ

اے معبود! میں مانگتا ہوں تجھ سے دل لگانے والوں کی توجہ یقین رکھنے والوں کا خلوص نیکوکاروں کی ہمراہی ایمان کی

وَ اسْتِحْقَاقَ حَقَآئِقِ الْاِیْمَانِ وَ الْغَنِیْمَةَ مِنْ کُلِّ بِرٍّ وَّ السَّلَامَةَ مِنْ کُلِّ اِثْمٍ

حقیقتوں تک رسائی ہر نیکی میں اپنی حصے داری اور ہر گناہ سے بچے رہنے کی صلاحیت نیز اپنے لیے تیری رحمت کے

وَّ وُجُوْبَ رَحْمَتِکَ وَ عَزَآئِمَ مَغْفِرَتِکَ وَ الْفَوْزَ بِالْجَنَّةِ وَ النَّجَاةَ مِنَ النَّارِ

لازمی ہونے تیری طرف سے اپنی بخشش کے یقینی ہونے جنت میں داخل ہونے اور جہنم سے رہائی کا سوالی ہوں۔

## فصل چهارم

# ماہِ شوال کے اعمال کا تذکرہ

شوال المکرم کی پہلی رات جو کہ عید الفطر کی رات ہے۔ سال کی مقدس ومتبرک راتوں میں سے ایک ہے۔ اس میں چند اعمال کا بجالانا مستحب ہے: (۱) غروب کے وقت غسل کرنا۔ (۲) نماز، دعا، استغفار اور توبہ و انابہ کے ساتھ شب بیداری کرنا۔ (۳) نمازِ مغرب اور اس کے نوافل سے فارغ ہو کر ہاتھ بلند کر کے یہ دعا پڑھنا جو کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے:

**يَا ذَا الْمَنِّ وَ الطَّوْلِ يَا ذَا الْجُوْدِ يَا مُصْطَفِيَ مُحَمَّدٍ وَ نَاصِرَهُ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ**

اے فضل و احسان والے اے عطا کرنے والے اے حضرت محمدؐ کو منتخب کرنے والے اور ان کے حامی رحمت نازل فرما سرکار محمدؐ

**وَآلِ مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْلِي كُلَّ ذَنْبٍ اَحْصَيْتَهُ وَهُوَ عِنْدَكَ فِي كِتَابٍ مُّبِيْنٍ۔**

و آل محمدؐ پر اور میرے تمام گناہ بخش دے جو تیرے ہاں شمار ہو چکے ہیں کہ وہ اس کتاب واضح میں درج ہیں جو تیرے پاس ہے۔



اس کے بعد سجدے میں جا کر سو مرتبہ کہے: ﴿اَتُوْبُ اِلَى اللّٰهِ﴾ (توبہ کرتا ہوں پیش خدا)۔ پس اب خدا سے جو حاجت بھی طلب کرے انشاءاللہ وہ پوری ہوگی۔

(۴) حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت کرنا۔

(۵) نماز مغرب وعشا اور نماز صبح اور نمازِ عید کے بعد یہ تکبیریں کہنا:

**﴿اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَ لِلّٰهِ الْحَمْدُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى**

خدا بزرگتر ہے خدا بزرگتر ہے نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے خدا بزرگ تر ہے خدا بزرگتر ہے اور خدا کیلئے ہے حمد کہ حمد ہے خدا کیلئے

**مَا هَدٰينَا وَلَهُ الشُّكْرُ عَلٰى مَا اَوْلٰينَا﴾۔**

اس پر کہ ہمیں ہدایت دی اور شکر ہے اس پر جو کچھ اس نے ہمیں بخشا۔

(۶) حضرت امیر علیہ السلام سے مروی ہے، فرمایا: جو شخص عید الفطر کی رات اس طرح دو رکعت نماز پڑھے کہ پہلی رکعت میں الحمد کے بعد سو مرتبہ قل ھو اللہ احد اور دوسری رکعت میں الحمد کے بعد ایک مرتبہ قل ھو اللہ احد اور سلام

کے بعد سجدہ میں جا کر ایک سو بار کہے: ﴿اَتُوْبُ اِلَی اللّٰہِ﴾ ۔فرمایا: جو ایسا کریگا وہ خدا سے جو دعا مانگے گا خدا اسے عطا کرے گا اور اسکے گناہ معاف کر دیگا اگر چہ ٹیلۂ عالج کے برابر بھی ہوں گے۔(کتاب الدعا والزیارہ)

## شوال کی پہلی تاریخ کے اعمال

یہ عید الفطر کا دن ہے جو مسلمانوں کی دوسری بڑی عید سعید ہے۔مروی ہے کہ ایک بار عید الفطر کے دن حضرت امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام باہر تشریف لائے اور دیکھا کہ لوگ ہنس رہے ہیں۔فرمایا: خداوند عالم نے ماہ رمضان کو اپنے بندوں کے لیے کوئے سبقت لے جانے کا میدان قرار دیا ہے پس اطاعت کرنے والے کوئے سبقت لے گئے اور نافرمانی کرنے والے ناکام ہوگئے۔مجھے اس دن ہنسنے والے سے تعجب ہے جبکہ نیکوکار کامیاب اور بدکار خسارہ میں ہیں۔اگر پردہ ہٹا دیا جائے تو نیکوکار اپنی نیکی میں اس طرح مشغول ہوں گے اور بدکار اپنی برائی میں اس طرح مصروف ہوں گے کہ انہیں اپنے بالوں میں کنگھی کرنے کی بھی فرصت نہیں ہوگی۔(ایضاً)



بہر حال اس دن چند عمل مستحب ہیں:

(۱) غسل عید کرنا۔

(۲) نماز صبح اور نماز عید کے بعد وہ تکبیرات پڑھنا جن کا شب عید میں تذکرہ کیا جا چکا ہے۔

(۳) عید الفطر کی نماز پڑھنا۔

(۴) مگر اس سے پہلے گھر کے ہر چھوٹے بڑے کا فطرہ ادا کرنا۔جس کی تفصیل قوانین الشریعہ اور دیگر فقہی کتابوں میں مذکور ہے۔

(۵) ہو سکے تو غسل کرتے وقت یہ کہے:

﴿اَللّٰھُمَّ اِیْمَانًا بِکَ وَ تَصْدِیْقًا بِکِتَابِکَ وَاتِّبَاعَ سُنَّۃِ نَبِیِّکَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ اٰلِہٖ﴾

اے معبود! تجھ پر ایمان رکھتا ہوں تیری کتاب کی تصدیق کرتا ہوں اور تیرے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ کی سنت و روش کا پیروکار رہوں۔

اور غسل کے بعد کہے:

﴿اَللّٰھُمَّ اجْعَلْہُ کَفَّارَۃً لِّذُنُوْبِیْ وَ طَھِّرْ دِیْنِیْ اَللّٰھُمَّ اَذْھِبْ عَنِّی الدَّنَسَ﴾۔

اے معبود! اس غسل کو میرے گناہوں کا کفارہ بنا اور میرے دین کو پاک فرما اے معبود! مجھ سے ناپاکی کو دور کر دے۔

(۶) نمازِ عید الفطر، عید الاضحیٰ اور نمازِ جمعہ کی طرف جاتے وقت وہ دعا پڑھی جائے جو بروایت ابو حمزہ ثمالی حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے مروی ہے جو کہ یہ ہے:

﴿اَللّٰھُمَّ مَنْ تَھَیَّاَ فِیْ ھٰذَا الْیَوْمِ اَوْ تَعَبَّاَ اَوْ اَعَدَّ وَاسْتَعَدَّ لِوِفَادَۃٍ اِلٰی مَخْلُوْقٍ رَجَآءَ رِفْدِہٖ

اے معبود! جو شخص آمادہ ہے آج کے دن یا کمر بستہ ہے یا تیاری کرتا اور تیار رہتا ہے لوگوں کی طرف جانے کو اس امید سے کہ ان سے

وَ نَوَافِلِہٖ وَ فَوَاضِلِہٖ وَ عَطَایَاہُ فَاِنَّ اِلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ تَھْیِئَتِیْ وَ تَعْبِئَتِیْ وَ اِعْدَادِیْ وَ

نقدی چیزیں بخششیں اور عطائیں لے لیکن اے میرے آقا میری تیاری میری آمادگی اور میری ساری کوشش تیری طرف آنے میں

اسْتِعْدَادِیْ رَجَآءَ رِفْدِکَ وَ جَوَآئِزِکَ وَ نَوَافِلِکَ وَ فَوَاضِلِکَ وَ فَضَآئِلِکَ وَ عَطَایَاکَ وَ قَد

ہے کہ میں امیدوار رہوں تیری عطا تیرے انعام تیری عنایتوں تیرے احسانوں تیری مہربانیوں اور بخششوں کا اور آج صبح کی ہے میں

غَدَوْتُ اِلٰی عِیْدٍ مِنْ اَعْیَادِ اُمَّۃِ نَبِیِّکَ مُحَمَّدٍ صَلَوَاتُ اللّٰہِ عَلَیْہِ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَلَمْ اَفِدْ اِلَیْکَ

نے ایک عید کے دن جو ان عیدوں سے ہے جو مقرر کیں تیرے نبی محمدؐ نے کی کہ خدا کی رحمتیں ہوں ان پر اور ان کی آل پر اور میں

الْیَوْمَ بِعَمَلٍ صَالِحٍ اَثِقُ بِہٖ قَدَّمْتُہٗ وَلَا تَوَجَّھْتُ بِمَخْلُوْقٍ اَمَّلْتُہٗ وَلٰکِنْ اَتَیْتُکَ

آج تیرے حضور کوئی صالح عمل لے کر نہیں آیا ہوں جس کو یقینی طور پر پیش کروں نہ کسی مخلوق کی طرف توجہ اور امید رکھتا ہوں ہاں مگر

خَاضِعًا مُقِرًّا بِذُنُوْبِیْ وَ اِسَآئَتِیْ اِلٰی نَفْسِیْ فَیَا عَظِیْمُ یَا عَظِیْمُ یَا عَظِیْمُ اغْفِرْلِیَ

تیری جناب میں عاجز بن کر اپنے گناہوں اور خطاؤں کا اقراری ہو کر آیا ہوں تو اے عظمت والے اے عظمت والے اے عظمت والے

الْعَظِیْمَ مِنْ ذُنُوْبِیْ فَاِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ الْعِظَامَ اِلَّآ اَنْتَ یَا لَآ اِلٰہَ اِلَّآ

بخش دے میرے بڑے بڑے گناہوں کو کیونکہ تیرے سوا کوئی نہیں جو بڑے بڑے گناہوں کو بخشتا ہو اے وہ کہ نہیں کوئی معبود تیرے

اَنْتَ یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ﴾۔

سوا اے سب سے زیادہ رحم والے۔

(۷) حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت کی جائے یا کم از کم پڑھی جائے۔

(۸) بعض آثار میں دعائے ندبہ کا پڑھنا بھی وارد ہے اور یہ دعا باب الزیارات میں حضرت امام زمانہ علیہ السلام کی زیارت کے ضمن میں بیان کی جائے گی انشاء اللہ۔

(۹) صحیفۂ کاملہ کی وہ دعا پڑھی جائے جو حضرت امام زین العابدین علیہ السلام پڑھا کرتے تھے:

یَا مَنْ یَرْحَمُ مَنْ لاَ یَرْحَمُهُ الْعِبَادُ وَ یَا مَنْ یَقْبَلُ مَنْ لاَ تُقْبَلُهُ الْبِلاَدُ وَ یَا مَنْ لاَ یَحْتَقِرُ اَهْلَ

اے وہ جو ایسے شخص پر رحم کرتا ہے جس پر بندے رحم نہیں کرتے۔ اے وہ جو ایسے (گنہگار) کو قبول کرتا ہے جسے کوئی قطعۂ زمین (اس کے گناہوں کے باعث)

الْحَاجَةِ اِلَیْهِ وَ یَا مَنْ لاَ یُخَیِّبُ الْمُلِحِّیْنَ عَلَیْهِ وَ یَا مَنْ لاَ یَجْبَهُ بِالرَّدِّ اَهْلَ الدَّالَّةِ عَلَیْهِ وَ

قبول نہیں کرتا۔ اے وہ جو اپنے حاجتمند کو حقیر نہیں سمجھتا۔ اے وہ جو گڑگڑانے والوں کو ناکام نہیں پھیرتا۔ اے وہ جو نازش بے جا کرنے والوں کو ٹھکراتا نہیں۔ اے وہ

یَا مَنْ یَجْتَبِیْ صَغِیْرَ مَا یُتْحَفُ بِهٖ وَ یَشْکُرُ یَسِیْرَ مَا یُعْمَلُ لَهٗ وَ یَا مَنْ یَشْکُرُ عَلَی الْقَلِیْلِ

جو چھوٹے سے چھوٹے تحفہ کو بھی پسندیدگی کی نظروں سے دیکھتا ہے اور جو معمولی سے معمولی عمل اس کے لئے بجالایا گیا ہو اس کی جزا دیتا ہے۔ اے وہ جو اس سے

وَ یُجَازِیْ بِالْجَلِیْلِ وَ یَا مَنْ یَدْنُوْا اِلٰی مَنْ دَنَا مِنْهُ وَ یَا مَنْ یَدْعُوْ اِلٰی نَفْسِهٖ مَنْ اَدْبَرَ عَنْهُ

قریب ہو وہ اس سے قریب ہوتا ہے۔ اے وہ کہ جو اس سے روگردانی کرے اسے اپنی طرف بلاتا ہے۔ اور وہ جو نعمت کو بدلتا نہیں اور نہ سزا دینے میں جلدی کرتا

وَ یَا مَنْ لاَ یُغَیِّرُ النِّعْمَةَ وَلاَ یُبَادِرُ بِالنَّقِمَةِ وَ یَا مَنْ یُثْمِرُ الْحَسَنَةَ حَتّٰی یُنْمِیَهَا وَ یَتَجَاوَزُ

ہے۔ اے وہ جو نیکی کے نہال کو بارآور کرتا ہے تاکہ اسے بڑھادے اور گناہوں سے درگزر کرتا ہے تاکہ انہیں ناپید کردے۔ امیدیں تیری سرحد کرم کو چھونے سے



عَنِ السَّیِّئَةِ حَتّٰی یُعَفِّیَهَا انْصَرَفَتِ الْاٰمَالُ دُوْنَ مَدٰی کَرَمِکَ بِالْحَاجَاتِ وَ امْتَلَأَتْ

پہلے کامران ہوکر پلٹ آئیں اور طلب و آرزو کے ساغر تیرے فیضان جود سے چھلک اٹھے اور صفتیں تیرے کمال ذات کی منزل تک پہنچنے سے درماندہ ہوکر منتشر

بِفَیْضِ جُوْدِکَ اَوْعِیَةُ الطَّلِبَاتِ وَ تَفَسَّخَتْ دُوْنَ بُلُوْغِ نَعْتِکَ الصِّفَاتُ فَلَکَ الْعُلُوُّ

ہوگئیں اس لئے کہ بلند ترین رفعت جو ہر کنگرہ بلند سے بالاتر ہے اور بزرگ ترین عظمت جو ہر عظمت سے بلند تر ہے، تیرے لئے مخصوص ہے۔ ہر بزرگ تیری

الْاَعْلٰی فَوْقَ کُلِّ عَالٍ وَ الْجَلاَلُ الْاَمْجَدُ فَوْقَ کُلِّ جَلاَلٍ کُلُّ جَلِیْلٍ عِنْدَکَ صَغِیْرٌ وَ

بزرگی کے سامنے چھوٹا اور ہر ذی شرف تیرے شرف کے مقابلہ میں حقیر ہے۔ جنہوں نے تیرے غیر کا رخ کیا وہ ناکام ہوئے۔ جنہوں نے تیرے سوا دوسروں سے

کُلُّ شَرِیْفٍ فِیْ جَنْبِ شَرَفِکَ حَقِیْرٌ. خَابَ الْوَافِدُوْنَ عَلٰی غَیْرِکَ وَ خَسِرَ

طلب کیا وہ نقصان میں رہے۔ جنہوں نے تیرے سوا دوسروں کے ہاں منزل کی وہ تباہ ہوئے۔ جو تیرے فضل کے بجائے دوسروں سے رزق و نعمت کے طلب گار

الْمُتَعَرِّضُوْنَ اِلاَّ لَکَ وَ ضَاعَ الْمُلِمُّوْنَ اِلاَّ بِکَ وَ اَجْدَبَ الْمُنْتَجِعُوْنَ اِلاَّ مَنِ انْتَجَعَ

ہوئے وہ قحط و مصیبت سے دوچار ہوئے تیرا دروازہ طلبگاروں کے لئے وا ہے اور تیرا جود و کرم سائلوں کے لئے عام ہے۔ تیری فریاد رسی دادخواہوں سے نزدیک

فَضْلُکَ بَابُکَ مَفْتُوحٌ لِلرَّاغِبِینَ وَ جُودُکَ مُبَاحٌ لِلسَّآئِلِینَ وَ اِغَاثَتُکَ قَرِیبَۃٌ مِنَ

ہے۔ امیدوار تجھ سے محروم نہیں رہتے اور طلب گار تیری عطا و بخشش سے مایوس نہیں ہوتے، اور مغفرت چاہنے والے پر تیرے عذاب کی بدبختی نہیں آتی۔ تیرا شان

الْمُسْتَغِیثِینَ لَا یَخِیبُ مِنْکَ الْاٰمِلُونَ وَلَا یَیْئَسُ مِنْ عَطَآئِکَ الْمُتَعَرِّضُونَ وَ لَا

نعمت ان کے لئے بھی بچھا ہوا ہے جو تیری نافرمانی کرتے ہیں۔ اور تیری بردباری ان کے بھی آڑے آتی ہے جو تجھ سے دشمنی رکھتے ہیں۔ بروں سے نیکی کرنا تیری

یَشْقٰی بِنَقِمَتِکَ الْمُسْتَغْفِرُونَ رِزْقُکَ مَبْسُوطٌ لِمَنْ عَصَاکَ وَ حِلْمُکَ مُعْتَرِضٌ

روش، اور سرکشوں پر مہربانی کرنا تیرا طریقہ ہے۔ یہاں تک کہ نرمی و حلم نے انہیں (حق کی طرف) رجوع ہونے سے غافل کر دیا اور تیری دی ہوئی مہلت نے انہیں

لِمَنْ نَاوَاکَ عَادَتُکَ الْاِحْسَانُ اِلَی الْمُسِیئِینَ وَ سُنَّتُکَ الْاِبْقَاءُ عَلَی الْمُعْتَدِینَ

اجتناب معاصی سے روک دیا۔ حالانکہ تو نے ان سے نرمی اس لئے کی تھی کہ وہ تیرے فرمان کی طرف پلٹ آئیں اور مہلت اس لئے دی تھی کہ تجھے اپنے تسلط و

حَتّٰی لَقَدْ غَرَّتْهُمْ اَنَاتُکَ عَنِ الرُّجُوعِ وَ صَدَّهُمْ اِمْهَالُکَ عَنِ النُّزُوعِ وَ اِنَّمَا تَاَنَّیْتَ

اقتدار کے دوام پر اعتماد تھا (کہ جب چاہے انہیں اپنی گرفت میں لے سکتا ہے) اب جو خوش نصیب تھا، اس کا خاتمہ بھی خوش نصیبی پر کیا۔ اور جو بدنصیب تھا اسے

بِهِمْ لِیَفِیئُوا اِلٰی اَمْرِکَ وَ اَمْهَلْتَهُمْ ثِقَۃً بِدَوَامِ مُلْکِکَ فَمَنْ کَانَ مِنْ اَهْلِ السَّعَادَۃِ



ناکام رکھا۔ (وہ خوش نصیب ہوں یا بدنصیب) سب کے سب تیرے حکم کی طرف پلٹنے والے ہیں۔ اور ان کا مآل تیرے امر سے وابستہ ہے۔ ان کی طویل مدت

خَتَمْتَ لَهُ بِهَا وَ مَنْ کَانَ مِنْ اَهْلِ الشَّقَاوَۃِ خَذَلْتَهُ لَهَا کُلُّهُمْ صَآئِرُونَ اِلٰی حُکْمِکَ وَ

مہلت سے تیری دلیل و حجت میں کمزوری رونما نہیں ہوتی (جیسے اس شخص کی دلیل کمزور ہو جاتی ہے جو اپنے حق کے حاصل کرنے میں تاخیر کرے) اور فوری گرفت کو

اُمُورُهُمْ اٰئِلَۃٌ اِلٰی اَمْرِکَ لَمْ یَهِنْ عَلٰی طُولِ مُدَّتِهِمْ سُلْطَانُکَ وَلَمْ یَدْحَضْ لِتَرْکِ

نظر انداز کرنے سے تیری حجت و برہان باطل نہیں قرار پائی (کہ یہ کہا جائے کہ اگر اس کے پاس ان کے خلاف دلیل و برہان ہوتی تو وہ مہلت کیوں دیتا) تیری

مُعَاجَلَتِهِمْ بُرْهَانُکَ حُجَّتُکَ قَآئِمَۃٌ وَ سُلْطَانُکَ ثَابِتٌ لَا یَزُولُ فَالْوَیْلُ الدَّآئِمُ لِمَنْ

حجت برقرار ہے جو باطل نہیں ہو سکتی اور تیری دلیل محکم ہے جو زائل نہیں ہو سکتی۔ لہٰذا دائمی حسرت و اندوہ اسی شخص کے لئے ہے جو

جَنَحَ عَنْکَ وَ الْخَیْبَۃُ الْخَاذِلَۃُ لِمَنْ خَابَ مِنْکَ وَالشَّقَآءُ الْاَشْقٰی لِمَنِ اغْتَرَّ بِکَ مَا

تجھ سے روگرداں ہوا اور رسوا کن نامرادی اسی کے لئے ہے جو تیرے ہاں سے محروم رہا اور بدترین بدبختی اسی کے لئے ہے جس نے تیری (چشم

اَکْثَرَ تَصَرُّفَهُ فِی عَذَابِکَ وَمَا اَطْوَلَ تَرَدُّدَهُ فِی عِقَابِکَ وَ مَا اَبْعَدَ غَایَتَهُ مِنَ الْفَرَجِ

پوشی سے) فریب کھایا۔ ایسا شخص کس قدر تیرے عذاب میں الٹے پلٹے کھاتا اور کتنا طویل زمانہ تیرے عقاب میں گردش کرتا رہے گا اور اس کی رہائی کا مرحلہ کتنی دور

وَمَآ اَقْنَطَهُ مِنْ سُهُوْلَةِ الْمَخْرَجِ عَدْلاً مِنْ قَضَآئِكَ لَا تَجُوْرُ فِيْهِ وَ اِنْصَافًا مِنْ

اور یا سائی نجات حاصل کرنے سے کتنا مایوس ہوگا۔ یہ تیرا فیصلہ از روئے عدل ہے جس میں ذرا بھی ظلم نہیں کرتا۔ اور تیرا یہ حکم حق بر انصاف ہے جس میں اس پر

حُكْمِكَ لَا تَحِيْفُ عَلَيْهِ فَقَدْ ظَاهَرْتَ الْحُجَجَ وَ اَبْلَيْتَ الْاَعْذَارَ وَ قَدْ تَقَدَّمْتَ

زیادتی نہیں کرتا۔ اس لئے کہ تو نے پے در پے دلیلیں قائم اور قابل قبول حجتیں آشکارا کر دی ہیں اور پہلے سے ڈرانے والی چیزوں کے ذریعہ آگاہ کر دیا ہے اور لطف و

بِالْوَعِيْدِ وَ تَلَطَّفْتَ فِي التَّرْغِيْبِ وَ ضَرَبْتَ الْاَمْثَالَ وَ اَطَلْتَ الْاِمْهَالَ وَ اَخَّرْتَ وَ اَنْتَ

مہربانی سے (آخرت کی) ترغیب دلائی ہے اور طرح طرح کی مثالیں بیان کی ہیں۔ مہلت کی مدت بڑھا دی ہے اور (عذاب میں) تاخیر سے کام لیا ہے، حالانکہ تو

مُسْتَطِيْعٌ لِلْمُعَاجَلَةِ وَ تَاَنَّيْتَ وَ اَنْتَ مَلِيٌّ بِالْمُبَادَرَةِ لَمْ تَكُنْ اَنَاتُكَ عَجْزًا وَلَا

فوری گرفت پر اختیار رکھتا تھا۔ اور نرمی و مدارات سے کام لیا ہے، باوجودیکہ تو تعجیل کرنے پر قادر تھا۔ یہ نرم روی، عاجزی کی بنا پر اور مہلت دہی کمزوری کی وجہ سے نہ

اِمْهَالُكَ وَهْنًا وَلَا اِمْسَاكُكَ غَفْلَةً وَلَا انْتِظَارُكَ مُدَارَاةً بَلْ لِتَكُوْنَ حُجَّتُكَ اَبْلَغَ

تھی اور نہ عذاب میں توقف کرنا غفلت و بے خبری کے باعث اور نہ تاخیر کرنا نرمی و ملاطفت کی بنا پر تھا۔ بلکہ یہ اس لئے تھا کہ تیری حجت ہر طرح سے پوری ہو۔ تیرا

وَ كَرَمُكَ اَكْمَلَ وَاِحْسَانُكَ اَوْفٰى وَ نِعْمَتُكَ اَتَمَّ كُلُّ ذٰلِكَ كَانَ وَلَمْ تَزَلْ وَهُوَ

کرم کامل تر، تیرا احسان فراواں، اور تیری نعمت تمام تر ہو۔ یہ تمام چیزیں تھیں اور رہیں گی۔ درآنحالیکہ تو ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا۔ تیری حجت اس سے بالاتر

كَائِنٌ وَلَا تَزَالُ حُجَّتُكَ اَجَلُّ مِنْ اَنْ تُوْصَفَ بِكُلِّهَا وَ مَجْدُكَ اَرْفَعُ مِنْ اَنْ تُحَدَّ

ہے کہ اس کے تمام گوشوں کو پوری طرح بیان کیا جا سکے اور تیری عزت و بزرگی اس سے بلند تر ہے کہ اس کی کنہ و حقیقت کی حدیں قائم کی جا سکیں اور تیری نعمتیں اس

بِكُنْهِهٖ وَ نِعْمَتُكَ اَكْثَرُ مِنْ اَنْ تُحْصٰى بِاَسْرِهَا وَ اِحْسَانُكَ اَكْثَرُ مِنْ اَنْ تُشْكَرَ عَلٰى

سے فزوں تر ہیں کہ ان سب کا شمار ہو سکے اور تیرے احسانات اس سے کہیں زیادہ تر ہیں کہ ان میں کے ادنیٰ احسان پر بھی تیرا شکریہ ادا کیا جا سکے۔ (میں تیری حمد و

اَقَلِّهٖ وَ قَدْ قَصَّرَ بِيَ السُّكُوْتُ عَنْ تَحْمِيْدِكَ وَ فَهَّهَنِيَ الْاِمْسَاكُ عَنْ تَمْجِيْدِكَ وَ

ثنا سے عاجز اور درماندہ ہوں۔ گویا) خاموشی نے تیری پے در پے حمد و ثنا سے مجھے ناتواں کر دیا ہے اور توقف نے تیری تمجید و ستائش سے مجھے گنگ کر دیا

قُصَارَايَ الْاِقْرَارُ بِالْحُسُوْرِ لَا رَغْبَةً يَآ اِلٰهِيْ بَلْ عَجْزًا فَهَا اَنَا ذَا اَؤُمُّكَ بِالْوِفَادَةِ وَ

ہے۔ اور اس سلسلہ میں میری توانائی کی حد یہ ہے کہ اپنی درماندگی کا اعتراف کروں۔ یہ بے رغبتی کی وجہ سے نہیں ہے اے میرے معبود! بلکہ عجز و ناتوانی کی بنا پر

اَسْئَلُكَ حُسْنَ الرِّفَادَةِ فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَ اٰلِهٖ وَاسْمَعْ نَجْوَايَ وَاسْتَجِبْ دُعَآئِيْ

ہے۔ اچھا تو میں اب تیری بارگاہ میں حاضر ہونے کا قصد کرتا ہوں اور تجھ سے حسن اعانت کا خواستگار ہوں۔ تو محمدؐ اور ان کی آلؑ پر رحمت نازل فرما اور میری راز و

وَلَا تَخْتِمْ یَوْمِیْ بِخَیْبَتِیْ وَلَا تَجْبَهْنِیْ بِالرَّدِّ فِیْ مَسْئَلَتِیْ وَ اَکْرِمْ مِنْ عِنْدِکَ مُنْصَرَفِیْ

نیاز کی باتوں کو سن اور میری دعا کو شرف قبولیت بخش اور میرے دن کو ناکامی کے ساتھ ختم نہ کر اور میرے سوال میں مجھے ٹھکرا نہ دے، اور اپنی بارگاہ سے پلٹنے اور پھر

وَ اِلَیْکَ مُنْقَلَبِیْ اِنَّکَ غَیْرُ ضَآئِقٍ بِمَا تُرِیْدُ وَلَا عَاجِزٍ عَمَّا تُسْئَلُ وَ اَنْتَ عَلٰی کُلِّ

پلٹ کر آنے کو عزت و احترام سے ہمکنار فرما۔ اس لئے کہ تجھے تیرے ارادہ میں کوئی دشواری حائل نہیں ہوتی اور جو چیز تجھ سے طلب کی جائے اس کے دینے سے

شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَلَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ.

عاجز نہیں ہوتا۔ اور تو ہر چیز پر قادر ہے اور قوت و طاقت نہیں سوا اللہ کے سہارے کے جو بلند مرتبہ و عظیم ہے۔

(۱۰) لباس فاخرہ اور پاکیزہ زیب بدن کیا جائے اور فقراء و مساکین کو صدقہ دیا جائے اور ان کو بھی ان عید کی خوشیوں میں شامل کیا جائے۔

## ماہ شوال کی پچیسویں تاریخ



اگر چہ مشہور یہ ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی شہادت ۱۵ شوال ۱۴۸ھ میں واقع ہوئی مگر تحقیقی قول یہ ہے کہ ۲۵ شوال ۱۴۸ھ میں واقع ہوئی اس لیے یہ دن محبانِ اہل بیتؑ کے لیے حزن و ملال کا دن ہے لہٰذا اس میں مجالس عزا کا انعقاد کر کے جہاں رنج و غم کا اظہار کرنا چاہیئے وہاں آپؑ کے فضائل و مناقب اور حالاتِ زندگی اور آپؑ کے مصائب و آلام سے بھی اہل ایمان کو آگاہ کرنا چاہیئے۔

## فصل پنجم

# ذیقعدہ کے مہینہ کے اعمال کا تذکرہ

(۱) یہ مہینہ محترم مہینوں میں سے ہے۔ حضرت پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مروی ہے، فرمایا: جو شخص حرمت والے مہینوں میں سے کسی مہینہ میں جمعرات، جمعہ اور ہفتہ کے دن تین روزے رکھے تو خداوند عالم اسے سو سو سال کی عبادت کا ثواب عطا کرتا ہے۔ (کتب الدعا و الزیارہ)

(۲) نیز حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک بار ماہ ذی القعدہ میں اتوار کے دن بیت الشرف سے برآمد ہوئے اور فرمایا: ایہا الناس! تم میں سے کون توبہ کرنے کا ارادہ رکھتا ہے؟ حاضرین نے عرض کیا کہ یا رسول اللہؐ! ہم سب توبہ کرنا چاہتے ہیں! فرمایا: پھر سب غسل کرو اور وضو کرو اور چار رکعت نماز (بدو سلام) اس طرح پڑھو کہ ہر رکعت میں الحمد ایک بار اور سورہ قل ھو اللہ احد تین بار اور معوذتین ایک ایک بار اور بعد از سلام ستر بار استغفار کرو: ﴿اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّیْ وَ اَتُوْبُ اِلَیْهِ﴾۔ اس کے بعد کہو: ﴿لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ﴾۔ بعد ازاں یہ دعا پڑھو:

یَا عَزِیْزُ یَا غَفَّارُ اغْفِرْ لِیْ ذُنُوْبِیْ وَ ذُنُوْبَ جَمِیْعِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَ الْمُؤْمِنَاتِ فَاِنَّهُ لَا یَغْفِرُ

اے غالب اور اے بہت بخشنے والے خدا! میرے اور تمام مؤمنین و مؤمنات کے گناہ معاف فرما کیونکہ تیرے سوا اور کوئی

الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ۔ (ایضاً)

گناہ معاف نہیں کرتا۔

فرمایا: جو شخص یہ عمل بجا لاتا ہے اسے آسمان سے ندا دی جاتی ہے کہ اے بندۂ خدا! از سر نو عمل کر کہ تیری توبہ قبول ہے اور گناہ معاف ہیں اور ایک فرشتہ اسے ندا کرتا ہے کہ اے بندۂ خدا تجھ میں اور تیرے اہل و عیال میں برکت ہے۔ اور اسے ایک اور فرشتہ ندا دیتا ہے کہ تیرا خاتمہ ایمان پر ہوگا اور قیامت کے دن تیرے مخالف تجھ سے راضی ہوں گے۔ اور تیرے اور تیرے والدین اور اولاد کے گناہ معاف ہیں الخ۔۔۔ (ایضاً)

## گیارہویں ذی القعدہ کی تاریخ

اس تاریخ کو حضرت امام رضا علیہ السلام کی ۱۴۸ھ میں بمقام مدینہ منورہ ولادت باسعادت واقع ہوئی ہے اس لیے یہ دن شیعیانِ علیؑ کیلئے روحانی مسرت وشادمانی کا دن ہے لہٰذا اس میں اس امام عالیمقامؑ کا جشن میلاد منانا چاہیئے اور حدودِ شرع مقدس کے اندر رہتے ہوئے اپنی خوشی وخرمی کا اظہار کرنا چاہیئے کیونکہ قانون قدرت اور آئین فطرت یہ ہے کہ ہر محبّ صادق اپنے محبوب کی خوشی میں خوش اور اس کے غم میں غمناک ہوتا ہے۔

## تیئسویں (۲۳) ذی القعدہ کا دن

تحقیقی قول کے مطابق ۲۰۳ھ میں حضرت امام علی بن موسیٰ علیہ السلام کی شہادت واقع ہوئی ہے لہٰذا یہ دن محبانِ اہل بیتؑ کے لیے بڑے حزن وملال کا دن ہے اس لیے اس میں امام علیہ السلام کی زیارت پڑھنی چاہیئے اور مجالس عزا کا انعقاد کر کے اپنے قلبی رنج وغم کا اظہار کرنا چاہیئے اور اس مظلوم امامؑ کے مناقب ومصائب اور حالات زندگی بیان کر کے لوگوں کو ماجور ومثاب ہونے کا موقع فراہم کرنا چاہیئے۔

## ۲۵ ذی القعدہ کی رات اور اس کا دن



(۱) یہ رات اور دن دونوں بڑے متبرک ہیں۔ محمد بن عبداللہ الصیقل بیان کرتے ہیں کہ ایک بار ۲۵ ذی القعدہ کو حضرت امام رضا علیہ السلام بمقام مرو باہر تشریف لائے اور فرمایا: آج روزہ رکھو کیونکہ میں بھی آج روزہ سے ہوں۔ ہم نے عرض کیا: ہم آپؑ پر قربان ہو جائیں۔ یہ کون سا دن ہے؟ فرمایا: یہ وہ دن ہے جس میں رحمت الٰہی نشر ہوئی۔ زمین کا فرش بچھایا گیا۔ خانہ کعبہ نصب کیا گیا اور حضرت آدم علیہ السلام زمین پر اتارے گئے۔

(کتاب الدعا والزیارہ)

(۲) حضرت امیر المؤمنین علیہ السلام سے مروی ہے، فرمایا: جو شخص اس رات عبادت کرے اور اس دن روزہ رکھے تو اسے ایسے سو سال کی عبادت کا ثواب ملے گا جس کے دنوں میں روزہ رکھا جائے اور رات عبادت خدا میں بسر کی جائے۔۔۔ تا آخر روایت جو بڑے ثواب بے حساب پر مشتمل ہے۔ (ایضاً)

(۳) اس دن کا روزہ سال کے ان چار دنوں میں سے ایک ہے جس میں روزہ رکھنا ثواب میں ستر سال کے روزوں کے برابر ہے۔ (مفاتیح الجنان)

(۴) اس دن اس دعا کا پڑھنا بھی وارد ہے:

اَللّٰهُمَّ دَاحِيَ الْكَعْبَةِ وَ فَالِقَ الْحَبَّةِ وَ صَارِفَ اللَّزْبَةِ وَ كَاشِفَ كُلِّ كُرْبَةٍ اَسْئَلُكَ فِيْ

اے اللہ! اے زمین کعبہ کے بچھانے والے دانے کو شگافتہ کرنے والے سختی دور کرنے والے اور ہر تنگی سے نکالنے والے سوال کرتا

هٰذَا الْيَوْمِ مِنْ اَيَّامِكَ الَّتِيْ اَعْظَمْتَ حَقَّهَا وَ اَقْدَمْتَ سَبْقَهَا وَ جَعَلْتَهَا عِنْدَ الْمُؤْمِنِيْنَ

ہوں تجھ سے اس دن میں جو تیرے ان دنوں میں سے ہے تُو نے جن کا حق عظیم قرار دیا ان کے شرف کو بڑھایا اور انہیں مومنوں کے

وَدِيْعَةً وَّ اِلَيْكَ ذَرِيْعَةً وَّ بِرَحْمَتِكَ الْوَسِيْعَةِ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ الْمُنْتَجَبِ فِي

پاس اپنی امانت بنایا اور اپنی جانب ذریعہ ٹھہرایا اور بواسطہ تیری وسیع رحمت کے سوالی ہوں کہ رحمت نازل فرما اپنے بندہ محمدؐ پر جو

الْمِيْثَاقِ الْقَرِيْبِ يَوْمَ التَّلَاقِ فَاتِقِ كُلِّ رَتْقٍ وَّ دَاعٍ اِلٰى كُلِّ حَقٍّ وَّ عَلٰى اَهْلِ بَيْتِهِ

برگزیدہ ہیں اور میثاق میں تیرے نزدیک تر ہیں قیامت میں ہر گرفتار کو چھڑانے والے اور ہر حق کی طرف بلانے والے ہیں نیز رحمت

عَلٰی مُحَمَّدٍ وَ آلِ مُحَمَّدٍ وَ ابْعَثْنِیْ عَلَی الْاِیْمَانِ بِکَ وَ التَّصْدِیْقِ بِرَسُوْلِکَ

محمدؐ و آل محمدؐ پر اور اٹھا کھڑا کر مجھے جبکہ تجھ پر ایمان ہو اور تیرے رسولؐ کی تصدیق کروں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَ آلِ مُحَمَّدٍ وَ اَسْئَلُکَ خَیْرَ الْخَیْرِ رِضْوَانَکَ وَ الْجَنَّةَ

اے معبود! رحمت نازل فرما محمدؐ و آل محمدؐ پر اور طلب کرتا ہوں تجھ سے بہتر سے بہتر تیری خوشنودی اور جنت

وَ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ الشَّرِّ سَخَطِکَ وَ النَّارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَ آلِ مُحَمَّدٍ

اور پناہ لیتا ہوں تیری تیرے سخت سے سخت غضب اور جہنم سے اے معبود! رحمت نازل کر محمدؐ و آل محمدؐ پر

وَ احْفَظْنِیْ مِنْ کُلِّ مُصِیْبَةٍ وَ مِنْ کُلِّ بَلِیَّةٍ وَ مِنْ کُلِّ عُقُوْبَةٍ وَ مِنْ کُلِّ فِتْنَةٍ وَ مِنْ

اور میری حفاظت کر ہر ایک مصیبت سے ہر ایک مشکل سے ہر ایک سزا سے ہر ایک الجھن سے

كُلِّ بَلاءٍ وَ مِنْ كُلِّ شَرٍّ وَ مِنْ كُلِّ مَكْرُوهٍ وَ مِنْ كُلِّ مُصِيبَةٍ وَ مِنْ كُلِّ آفَةٍ

ہرایک تنگی سے ہرایک برائی سے ہرایک ناپسند امر سے ہرایک کٹھنائی سے اور ہر ایک آفت سے

نَزَلَتْ اَوْ تَنْزِلُ مِنَ السَّمَاءِ اِلَى الْاَرْضِ فِي هٰذِهِ السَّاعَةِ وَ فِي هٰذِهِ اللَّيْلَةِ

جو نازل ہوئی یا نازل ہو آسمان سے زمین کی طرف اس موجودہ گھڑی میں آج کی رات میں

وَ فِي هٰذَا الْيَوْمِ وَ فِي هٰذَا الشَّهْرِ وَ فِي هٰذِهِ السَّنَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَ

آج کے دن میں اوراس مہینے میں اوراس رواں سال میں اے معبود! رحمت نازل کر سرکار محمدؐ و

آلِ مُحَمَّدٍ وَاقْسِمْ لِي مِنْ كُلِّ سُرُورٍ وَ مِنْ كُلِّ بَهْجَةٍ وَ مِنْ كُلِّ اسْتِقَامَةٍ

آل محمدؐ پر اورنصیب کر مجھے ہرایک راحت ہرایک مسرت ہر طرح کی ثابت قدمی

وَكُلِّ فَرَجٍ وَمِنْ كُلِّ عَافِيَةٍ وَ مِنْ كُلِّ سَلامَةٍ وَ مِنْ كُلِّ كَرَامَةٍ وَ مِنْ كُلِّ

ہرایک کشادگی ہرایک آرام ہرطرح کی سلامتی ہرطرح کی عزت اور ہر قسم

رِزْقٍ وَاسِعٍ حَلالٍ طَيِّبٍ وَ مِنْ كُلِّ نِعْمَةٍ وَ مِنْ كُلِّ سَعَةٍ نَزَلَتْ اَوْتَنْزِلُ مِنَ

کی روزی وسیع حلال پاکیزہ ہر طرح کی نعمت اور ہر ایک وسعت جو نازل ہوئی یا نازل ہو



السَّمَاءِ اِلَى الْاَرْضِ فِي هٰذِهِ السَّاعَةِ وَ فِي هٰذِهِ اللَّيْلَةِ وَ فِي هٰذَا الْيَوْمِ

آسمان سے زمین کی طرف اس موجودہ گھڑی میں آج کی رات میں آج کے دن

وَ فِي هٰذَا الشَّهْرِ وَ فِي هٰذِهِ السَّنَةِ اَللّٰهُمَّ اِنْ كَانَتْ ذُنُوبِي

اس مہینے میں اوراس رواں سال میں اے معبود! اگر میرے گناہوں نے تیرے سامنے

قَدْ اَخْلَقَتْ وَجْهِي عِنْدَكَ وَحَالَتْ بَيْنِي وَ بَيْنَكَ وَ غَيَّرَتْ حَالِي عِنْدَكَ

میرا چہرہ پژمردہ کر دیا وہ میرے اور تیرے درمیان حائل ہوگئے اور تیرے سامنے میرا حال خراب کر دیا ہے

فَاِنِّي اَسْئَلُكَ بِنُورِ وَجْهِكَ الَّذِي لا يُطْفَأُ بِوَجْهِ مُحَمَّدٍ حَبِيبِكَ الْمُصْطَفٰى

تو بھی میں سوالی ہوں بواسطہ تیرے نور ذات کے جو بجھتا نہیں اور بواسطہ محمدؐ کی عزت کے جو تیرے چنے ہوئے دوست ہیں

وَ بِوَجْهِ وَلِيِّكَ عَلِيٍّ نِ الْمُرْتَضٰى وَ بِحَقِّ اَوْلِيَائِكَ الَّذِينَ انْتَجَبْتَهُمْ اَنْ

اور بواسطہ تیرے ولی علی مرتضیٰ کی عزت کے اور بوسیلہ تیرے دوستوں کے جن کو تو نے پسند کیا ہے یہ کہ تو

تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَ آلِ مُحَمَّدٍ وَ اَنْ تَغْفِرَلِیْ مَا مَضٰی مِنْ ذُنُوْبِیْ وَ اَنْ

رحمت نازل کر محمدؐ و آل محمدؐ پر اور یہ کہ میں جو گناہ پہلے کر چکا ہوں وہ معاف کر دے اور باقی

تَعْصِمَنِیْ فِیْمَا بَقِیَ مِنْ عُمْرِیْ وَ اَعُوْذُ بِکَ اَللّٰھُمَّ اَنْ اَعُوْدَ فِیْ شَیْءٍ مِنْ

زندگی میں مجھے گناہوں سے محفوظ رکھ اور تیری پناہ لیتا ہوں اے اللہ اس سے کہ تیری نافرمانی کے

مَعَاصِیْکَ اَبَدًا مَا اَبْقَیْتَنِیْ حَتّٰی تَتَوَفّٰنِیْ وَ اَنَا لَکَ مُطِیْعٌ وَ اَنْتَ عَنِّیْ رَاضٍ وَ اَنْ

کسی کام کی طرف پلٹوں جب تک تو مجھے زندہ رکھے یہاں تک کہ مجھے موت دے تو میں تیرا اطاعت گزار اور تو مجھ سے راضی ہو

تَخْتِمَ لِیْ عَمَلِیْ بِاَحْسَنِہٖ وَ تَجْعَلَ لِیْ ثَوَابَہُ الْجَنَّۃَ وَ اَنْ تَفْعَلَ

اور یہ کہ تو میرے اعمال نامے کو نیکی پر ختم کرے اور اس کے ثواب میں مجھے جنت عطا کرے نیز میرے ساتھ وہ سلوک کر

بِیْ مَا اَنْتَ اَھْلُہٗ یَا اَھْلَ التَّقْوٰی وَ یَا اَھْلَ الْمَغْفِرَۃِ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَ آلِ

جو تیرے شایاں ہے اے بچانے والے اور اے پردہ پوشی کرنے والے رحمت نازل کر سرکار محمدؐ و آل

مُحَمَّدٍ وَ ارْحَمْنِیْ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ



محمدؐ پر اور مجھ پر رحم فرما اپنی رحمت سے اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

(۳) حضرت امیر علیہ السلام کی تقلید و تاسی میں آج کے دن اہل ایمان کو چاہیئے کہ دل کھول کر صدقہ و خیرات کریں اور اہل ایمان کی اعانت کریں۔ (کتاب المصباح للشیخ و کتاب الاقبال لابن طاؤوسؒ)

## پچیسویں ذی الحجہ کا دن

یہ دن اس وجہ سے عظیم الشان دن ہے کہ بنا بر مشہور اسی دن خاندانِ رسالتؐ کو عظیم کارکردگی کی بنا پر خدائے تعالیٰ نے سورۂ دھر اہل بیت نبوتؑ کی شان میں نازل فرمائی تھی جسے اس خاندان کا خدائی قصیدہ کہا جاتا ہے۔

## آخر ذی الحجہ کا دن

یہ دن اسلامی سال کا آخری دن ہے۔ جناب سید ابن طاؤوسؒ نے روایت کی ہے کہ جو شخص اس دن

دو رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں الحمد ایک بار اور سورہ قل ھو اللہ احد دس بار اور آیت الکرسی دس بار۔ اور سلام کے بعد یہ دعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ مَا عَمِلْتُ فِيْ هٰذِهِ السَّنَةِ مِنْ عَمَلٍ نَهَيْتَنِيْ عَنْهُ وَلَمْ تَرْضَهُ وَ نَسِيْتُهُ وَلَمْ

اے معبود! اس سال میں جو ایسا عمل میں نے کیا ہے جس سے تو نے روکا ہے کہ وہ تجھے پسند نہیں۔ میں اسے بھول گیا ہوں لیکن تو اسے نہیں

تَنْسَهُ وَ دَعَوْتَنِيْ اِلَى التَّوْبَةِ بَعْدَ اجْتِرَائِيْ عَلَيْكَ اَللّٰهُمَّ فَاِنِّيْ اَسْتَغْفِرُكَ مِنْهُ فَاغْفِرْلِيْ

بھولا اور تو نے گناہ پر میری اس دلیری کے بعد مجھے توبہ کی طرف بلایا ہے اے معبود! میں تجھ سے اس گناہ کی معافی مانگتا ہوں پس مجھے بخش

وَمَا عَمِلْتُ مِنْ عَمَلٍ يُقَرِّبُنِيْ اِلَيْكَ فَاقْبَلْهُ مِنِّيْ وَلَا تَقْطَعْ رَجَائِيْ مِنْكَ يَا كَرِيْمُ

دے اور میرا جو عمل مجھ کو تیرے نزدیک لانے والا ہے پس اسے قبول فرما اور میں تجھ سے جو آس رکھتا ہوں اسے نہ توڑ اے مہربان۔

مروی ہے کہ جب کوئی بندہ یہ عمل کرتا ہے تو شیطان کہتا ہے کہ افسوس کہ میں نے اس شخص کو سال بھر گمراہ کرنے کی جو کوشش کی تھی وہ اس عمل کی وجہ سے ضائع ہوگئی اور اس کے سال کا انجام بخیر ہوگیا۔

(کتاب الاقبال)



اور ظاہر ہے کہ ع

کام وہ اچھا ہے جس کا کہ انجام اچھا ہے

## فصل ہفتم

# محرم الحرام کے اعمال کا بیان

یہ پورا مہینہ ہی خاندان نبوتؑ اور ان کے حبداروں کے لیے حزن وملال اور رنج وکلال کا مہینہ ہے۔

حضرت امام رضاؑ فرماتے ہیں کہ ماہ محرم وہ محترم مہینہ ہے جس کا جاہلی دور کے لوگ بھی احترام کرتے تھے اور اس میں قتل وقتال کو حرام سمجھتے تھے مگر اسی میں ہمارا خون بہایا گیا اور ہماری ہتک حرمت کی گئی۔ ہمارا سامان لوٹا گیا اور ہمارے خیام کو آگ لگائی گئی۔ فرمایا: امام حسینؑ کی مصیبت نے ہمارے آنسوؤں کو بہا دیا اور آنکھوں کو زخمی کر دیا۔ اور واقعۂ کربلا یوم لقاء تک ہمارے لیے کرب وبلا کا موجب بن گیا۔ حسینؑ جیسے مظلوم پر دنیا والوں کو رونا چاہیئے کیونکہ ان کے مصائب پر رونا بڑے بڑے گناہوں کی مغفرت کا سبب ہے۔ فرمایا: جب ہلال محرم نمودار ہو جاتا تھا تو میرے والد بزرگوار کو کوئی ہنستا ہوا نہیں دیکھتا تھا اور جوں جوں محرم کے دن گزرتے جاتے تھے آپؑ پر حزن وملال کا غلبہ ہوتا جاتا تھا یہاں تک کہ جب روز عاشوراء آ جاتا تو یہ ان کے گریہ وبکا اور مصیبت وعزا کا دن ہوتا تھا۔ اور فرماتے تھے کہ اسی دن امام حسینؑ کو شہید کیا گیا تھا۔ (امالی صدوق، عاشر بحار، نفس المہموم وغیرہ)

بہرحال اس ماہ کے اہم اعمال ذیل میں درج کیے جاتے ہیں۔

(۱) **پہلی محرم کی رات**:۔ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مروی ہے، فرمایا: ماہ محرم میں ایک شرافت والی رات ہے جو کہ اس ماہ کی پہلی رات ہے جس میں سو رکعت سورۃ الحمد اور سورۂ قل ھو اللہ احد کے ساتھ پڑھی جاتی ہے۔ (کتاب الاقبال)

(۲) اس رات مزید دو رکعت نماز مروی ہے۔ ہر رکعت میں الحمد ایک بار اور سورۂ توحید گیارہ بار۔ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مروی ہے کہ جو شخص محرم کی پہلی رات یہ دو رکعت پڑھے اور پہلی تاریخ کو روزہ رکھے تو وہ اس شخص کی مانند ہوگا جو سال بھر عمل خیر بجا لائے اور وہ سال بھر محفوظ رہے گا اور اگر مر گیا تو جنت میں داخل ہوگا۔ (ایضاً)

# محرم کی پہلی تاریخ

اس دن کے چند عمل ہیں:

(۱) روزہ رکھنا: حضرت امام رضاؑ سے مروی ہے کہ اس دن روزہ رکھ کر خدا سے جو دعا مانگی جائے تو وہ اسے قبول فرماتا ہے۔ (کتاب الاقبال والمصباح)

(۲) حضرت امام رضاؑ سے مروی ہے، فرمایا کہ حضرت رسول خداؐ محرم کی پہلی تاریخ کو دو رکعت نماز پڑھ کر اپنے ہاتھ آسمان کی طرف بلند کرتے تھے اور تین بار یہ دعا پڑھتے تھے:

﴿اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْاِلٰہُ الْقَدِیْمُ وَ ھٰذِہٖ سَنَۃٌ جَدِیْدَۃٌ فَاَسْئَلُکَ فِیْھَا الْعِصْمَۃَ مِنَ الشَّیْطَانِ

اے اللہ! تو قدیمی معبود ہے اور یہ نیا سال ہے جو اب آیا ہے پس اس سال کے دوران میں شیطان سے بچاؤ کا سوال کرتا ہوں

وَالْقُوَّۃَ عَلٰی ھٰذِہِ النَّفْسِ الْاَمَّارَۃِ بِالسُّوْٓءِ وَالْاِشْتِغَالَ بِمَا یُقَرِّبُنِیْٓ اِلَیْکَ یَا کَرِیْمُ

اس نفس پر غلبے کا سوال کرتا ہوں جو برائی پر آمادہ کرتا ہے اور یہ کہ مجھے ان کاموں میں لگا جو مجھے تیرے نزدیک کریں اے مہربان

یَا ذَالْجَلَالِ وَ الْاِکْرَامِ یَا عِمَادَ مَنْ لَّا عِمَادَ لَہٗ یَا ذَخِیْرَۃَ مَنْ لَّا ذَخِیْرَۃَ لَہٗ یَا حِرْزَ

اے جلالت اور بزرگی کے مالک اے بے سہاروں کے سہارے اے تہی دست لوگوں کے خزانے اے بے کس لوگوں کے نگہبان



مَنْ لَّا حِرْزَ لَہٗ یَا غِیَاثَ مَنْ لَّا غِیَاثَ لَہٗ یَا سَنَدَ مَنْ لَّا سَنَدَ لَہٗ یَا کَنْزَ مَنْ لَّا کَنْزَ

اے بے بس لوگوں کے فریادرس اے بے حیثیتوں کی حیثیت اے بے خزانہ لوگوں کے خزانے

لَہٗ یَا حَسَنَ الْبَلَآءِ یَا عَظِیْمَ الرَّجَآءِ یَا عِزَّ الضُّعَفَآءِ یَا مُنْقِذَ الْغَرْقٰی یَا مُنْجِیَ الْھَلْکٰی

اے بہتر آزمائش کرنے والے اے سب سے بڑی امید اے کمزوروں کی عزت اے ڈوبتوں کو تیرانے والے اے مرتوں کو بچانے والے

یَا مُنْعِمُ یَا مُجْمِلُ یَا مُفْضِلُ یَا مُحْسِنُ اَنْتَ الَّذِیْ سَجَدَ لَکَ سَوَادُ اللَّیْلِ

اے نعمت والے اے جمال والے اے فضل والے اے احسان والے تو وہ ہے جس کو سجدہ کرتے ہیں رات کے اندھیرے

وَ نُوْرُ النَّھَارِ وَ ضَوْءُ الْقَمَرِ وَ شُعَاعُ الشَّمْسِ وَ دَوِیُّ الْمَآءِ وَ حَفِیْفُ الشَّجَرِ

دن کے اجالے چاند کی چاندنیاں سورج کی کرنیں پانی روانیاں اور درختوں کی سرسراہٹیں

یَآ اَللّٰہُ لَا شَرِیْکَ لَکَ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنَا خَیْرًا مِّمَّا یَظُنُّوْنَ وَاغْفِرْلَنَا مَالَا یَعْلَمُوْنَ

اے اللہ تیرا کوئی ساجھی نہیں اے اللہ! ہمیں بنا جیسا لوگ ہم کو اچھا سمجھتے ہیں ہمارے وہ گناہ بخش جن کو وہ نہیں جانتے

وَلَا تُؤَاخِذْنَا بِمَا يَقُولُونَ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَ هُوَ

اور جو کچھ وہ ہمارے بارے میں کہتے ہیں اس پر ہماری گرفت نہ کر اللہ کافی ہے نہیں کوئی معبود سوائے اس کے میں اسی پر بھروسہ کرتا ہوں اور وہ

رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اٰمَنَّا بِهٖ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ رَبِّنَا وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّآ اُولُوا الْاَلْبَابِ

عرش عظیم کا پروردگار ہے ہمارا ایمان ہے کہ سب کچھ ہمارے رب کی طرف سے ہے اور صاحبان عقل کے سوا کوئی نصیحت نہیں پکڑتا

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ

اے ہمارے رب ہمارے دلوں کو ٹیڑھا نہ ہونے دے جبکہ ہمیں ہدایت دی ہے اور ہمیں اپنی طرف سے رحمت عطا کر بے شک تو بہت عطا کرنے والا ہے۔

واضح رہے کہ اس ماہ کے پہلے عشرہ کے نو دنوں میں روزہ رکھنے کی بڑی فضیلت وارد ہوئی ہے۔ ہاں البتہ دسویں محرم کو روزہ نہیں رکھنا چاہیئے بلکہ عصر تک امساک کرنا مستحب ہے۔ اس کے بعد کچھ سادہ غذا اور پانی استعمال کرنا چاہیئے۔ اسی طرح اس ماہ کی تیسری تاریخ کا روزہ رکھنے کی بھی تاکید وارد ہوئی ہے اور یہ کہ وہ قبولیت دعا کا باعث ہے۔

## تاسوعا یعنی نویں محرم کا دن



حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے، فرمایا: تاسوعا وہ دن ہے جس میں حضرت امام حسین علیہ السلام نرغۂ اعداء میں پوری طرح گھر گئے تھے۔ اور ابن زیاد و پسر سعد نے آپ کو ضعیف سمجھا تھا اور خیال کیا تھا کہ اب ان کی نصرت و مدد کے لیے کوئی نہیں آئے گا۔ فرمایا: میرے والد اس ضعیف پر قربان ہو جائیں۔

## دسویں محرم کی رات

یہ وہی قیامت خیز رات ہے جس کی امام حسین علیہ السلام نے بڑی کوشش کر کے مہلت لی تھی تا کہ اس میں دل کھول کر اللہ کی عبادت کر سکیں اور کربلا والوں نے یہ رات میدان کربلا میں اس طرح گزاری تھی کہ کوئی قرآن پڑھ رہا تھا تو کوئی نماز، کوئی قیام میں تھا تو کوئی قعود میں، کوئی رکوع میں تھا تو کوئی سجود میں۔ لہذا محبان اہل بیتؑ کو بھی یہ رات کربلا والوں کی تاسی میں عبادت خدا میں بسر کرنی چاہیئے۔ اس رات میں مختلف قسم کی نمازوں کا پڑھنا وارد ہے۔ منجملہ ان کے ایک سو رکعت نماز بھی ہے ہر رکعت میں الحمد ایک بار اور قل ھو اللہ احد تین بار اور پوری نماز سے فارغ ہو کر ستر بار یہ پڑھے:

﴿سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ

پاک تر ہے اللہ حمد اللہ ہی کے لیے ہے نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے اللہ بزرگتر ہے

وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ﴾۔

اور نہیں ہے کوئی حرکت و قوت مگر وہی جو خدائے بلند و برتر سے ملتی ہے

نیز اس رات کے آخری حصہ میں چار رکعت نماز مروی ہے۔ بدو سلام۔ ہر رکعت میں الحمد ایک بار۔ اور سورۂ حمد کے بعد دس بار آیۃ الکرسی، دس مرتبہ سورۂ اخلاص، دس مرتبہ سورۂ فلق اور دس بار سورۂ ناس اور سلام کے بعد سو مرتبہ سورۂ توحید پڑھی جائے۔ (کتاب الاقبال)

نیز اس رات چار رکعت نماز بدو سلام بھی بایں طور وارد ہوئی ہے کہ ہر رکعت میں الحمد ایک بار اور سورۂ قل ھو اللہ احد پچاس بار۔ اور اس کے بعد سرکار محمدؐ و آل محمدؑ پر بکثرت درود و سلام پڑھا جائے اور ان کے دشمنوں پر بکثرت لعنت کی جائے۔

## روز عاشوراء



یہ دن ساری دنیا کے دنوں میں سے بڑھ کر رنج و بلا اور گریہ و بکا کا دن ہے اور کائنات کا کوئی دوسرا دن شدت حزن و ملال اور حدت رنج و غم میں اس کے برابر نہیں ہے۔ لہٰذا اس روز دل کھول کر حضرت مظلوم کربلا علیہ السلام اور دوسرے شہداء کربلاؑ پر گریہ و بکاء کرنا چاہیئے اور مراسم عزا بجالانے چاہئیں۔ اس کے علاوہ اس دن چند عمل کرنے چاہئیں:

(۱) جب اہل ایمان و عزا ایک دوسرے سے ملیں تو یہ کہیں:

﴿اَعْظَمَ اللّٰهُ اُجُوْرَنَا بِمُصَابِنَا بِالْحُسَيْنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَ جَعَلَنَا وَ اِيَّاكُمْ مِنَ

اللہ زیادہ کرے ہمارے اجر و ثواب کو اس پر جو کچھ ہم امام حسین علیہ السلام کی سوگواری میں کرتے ہیں اور ہمیں تمھیں

الطَّالِبِيْنَ بِثَارِهٖ مَعَ وَلِيِّهِ الْاِمَامِ الْمَهْدِيِّ مِنْ اٰلِ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ﴾۔

امام حسینؑ کے خون کا بدلہ لینے والوں میں قرار دے اپنے ولی امام مہدیؑ کے ہمرکاب ہو کر جو آل محمد علیہم السلام میں سے ہیں۔

(۲) اس دن صحیح مجالس عزا کا انعقاد کیا جائے اور مظلوم کربلا کے مقصد شہادت کو پیش نگاہ رکھ کر رسم عزا منانے اور ان کے مصائب پر گریہ و بکا کرنے کا اہتمام کیا جائے۔

(۳) قاتلانِ امام پر بایں الفاظ بکثرت لعنت کی جائے:

﴿اَللّٰهُمَّ الْعَنْ قَتَلَةَ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ﴾

اے اللہ! امام حسین علیہ السلام کے قاتلوں پر لعنت کر۔

(۴) ایک ہزار بار سورۂ قل ھو اللہ احد پڑھا جائے۔

(۵) حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت کی جائے اور زیارتِ عاشوراء پڑھی جائے جوکہ باب الزیارات میں مذکور ہے۔

(٦) اس دن پورے دن کا روزہ رکھنا مکروہ ہے۔

(۷) اس دن دنیا کا کاروبار کرنا اور مال و دولت جمع کرنا سخت مکروہ ہے اور ایسا کرنے والوں کو خدا قیامت کے دن یزید لعین، پسر سعد لعین اور ابن زیاد لعین کے ہمراہ محشور کرے گا۔

(۸) روزِ عاشوراء آخری وقت شہداءِ کربلا کی زیارت پڑھی جائے اور حضرت رسول، امیر المومنین، خاتون قیامت اور حسن مجتبیٰ علیہم السلام پر درود و سلام بھیجتے ہوئے انہیں شہداءِ کربلا کا پرسہ دیا جائے اور یوں عرض کیا جائے:



﴿اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ آدَمَ صِفْوَةِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ نُوحٍ نَبِيِّ اللّٰهِ

سلام ہو آپ پر اے آدمؑ کے وارث جو برگزیدۂ خدا ہیں سلام ہو آپ پر اے نوحؑ کے وارث جو اللہ کے نبی ہیں

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ اِبْرَاهِيمَ خَلِيلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ مُوسٰى كَلِيمِ اللّٰهِ

سلام ہو آپ پر اے ابراہیم کے وارث جو اللہ کے دوست ہیں سلام ہو آپ پر اے موسیٰ کے وارث جو خدا کے کلیم ہیں

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ عِيسٰى رُوحِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ مُحَمَّدٍ حَبِيبِ اللّٰهِ

سلام ہو آپ پر اے عیسیٰ کے وارث جو خدا کی روح ہیں سلام ہو آپ پر اے محمدؐ کے وارث جو خدا کے حبیب ہیں

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ اَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ وَلِيِّ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ الْحَسَنِ

سلام ہو آپ پر اے علیؑ کے وارث جو مومنوں کے امیر اور دوست خدا ہیں سلام ہو آپ پر اے حسنؑ کے وارث جو

الشَّهِيدِ سِبْطِ رَسُولِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَابْنَ رَسُولِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَابْنَ الْبَشِيرِ

شہید ہیں اللہ کے رسول کے نواسے ہیں سلام ہو آپ پر اے خدا کے رسول کے فرزند سلام ہو آپ پر اے بشیر و

اَلنَّذِیرِ وَابْنَ سَیِّدِ الْوَصِیِّیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَابْنَ فَاطِمَةَ سَیِّدَةِ نِسَآءِ الْعَالَمِیْنَ

و نذیر اور وصیوں کے سردار کے فرزند سلام ہو آپ پر اے فرزند فاطمہ جو جہانوں کی عورتوں کی سردار ہیں

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَآ اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا خِیَرَةَ اللّٰهِ وَابْنَ خِیَرَتِهٖ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا

سلام ہو آپ پر اے ابو عبداللہ سلام ہو آپ پر اے خدا کے پسند کیے ہوئے اور پسندیدہ کے فرزند سلام ہو آپ پر اے

ثَارَ اللّٰهِ وَ ابْنَ ثَارِهٖ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّهَا الْوِتْرُ الْمَوْتُوْرُ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّهَا الْاِمَامُ الْهَادِی

شہید راہِ خدا اور شہید کے فرزند سلام ہو آپ پر اے وہ مقتول جس کے قاتل قتل ہوگئے سلام ہو آپ پر اے ہدایت و پاکیزگی والے امام

الزَّکِیُّ وَ عَلٰی اَرْوَاحٍ حَلَّتْ بِفِنَآئِکَ وَ اَقَامَتْ فِیْ جِوَارِکَ وَ وَفَدَتْ مَعَ زُوَّارِکَ

اور سلام ان روحوں پر جو آپ کے آستاں پر سوگئیں اور آپ کی قربت میں رہ رہی ہیں اور سلام ان پر جو آپ کے زائروں کے ہمراہ آئیں

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ مِنِّیْ مَا بَقِیْتُ وَ بَقِیَ اللَّیْلُ وَ النَّهَارُ فَلَقَدْ عَظُمَتْ بِکَ الرَّزِیَّةُ وَ جَلَّ

میرا سلام ہو آپ پر جب تک میں زندہ ہوں اور رات دن کا سلسلہ قائم ہے یقیناً آپ پر بہت بڑی مصیبت گزری ہے اور اس سے بہت

الْمُصَابُ فِی الْمُؤْمِنِیْنَ وَ الْمُسْلِمِیْنَ وَ فِیْ اَهْلِ السَّمٰوٰتِ اَجْمَعِیْنَ وَ فِیْ سُکَّانِ

زیادہ سوگواری ہے مومنوں اور مسلمانوں میں آسمانوں میں رہنے والی ساری مخلوق میں اور زمین میں رہنے والی



الْاَرَضِیْنَ فَاِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّآ اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ وَ صَلَوَاتُ اللّٰهِ وَ بَرَکَاتُهٗ وَ تَحِیَّاتُهٗ عَلَیْکَ وَ عَلٰی

خلقت میں پس اللہ ہی کے ہیں اور ہم اسی کی طرف لوٹ جائیں گے خدا کی رحمتیں ہوں اس کی برکتیں اور سلام آپ پر اور آپ کے

اٰبَآئِکَ الطَّاهِرِیْنَ الطَّیِّبِیْنَ الْمُنْتَجَبِیْنَ وَ عَلٰی ذَرَارِیْهِمُ الْهُدَاةِ الْمَهْدِیِّیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ

آباء و اجداد پر جو پاک نہاد نیک سیرت و برگزیدہ ہیں اور ان کی اولاد پر کہ جو ہدایت یافتہ پیشوا ہیں سلام ہو آپ پر اے

یَا مَوْلَایَ وَ عَلَیْهِمْ وَ عَلٰی رُوْحِکَ وَ عَلٰٓی اَرْوَاحِهِمْ وَ عَلٰی تُرْبَتِکَ وَ عَلٰی تُرْبَتِهِمْ

میرے آقا اور ان سب پر سلام ہو آپ کی روح پر اور ان کی روحوں پر اور سلام ہو آپ کے مزار پر اور ان کے مزاروں پر

اَللّٰهُمَّ لَقِّهِمْ رَحْمَةً وَّ رِضْوَانًا وَّ رَوْحًا وَّ رَیْحَانًا اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَوْلَایَ یَآ اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ

اے اللہ! ان سے پیش آ مہربانی خوشنودی مسرت اور خوش روئی کے ساتھ سلام ہو آپ پر اے میرے سردار اے ابو عبداللہ

یَابْنَ خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ وَ یَابْنَ سَیِّدِ الْوَصِیِّیْنَ وَ یَابْنَ سَیِّدَةِ نِسَآءِ الْعَالَمِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا

اے نبیوں کے خاتم کے فرزند اے اوصیاء کے سردار کے فرزند اور اے جہانوں کی عورتوں کی سردار کے فرزند سلام ہو آپ پر اے

شَهِیْدُ یَابْنَ الشَّهِیْدِ یَآ اَخَ الشَّهِیْدِ یَآ اَبَا الشُّهَدَآءِ اَللّٰهُمَّ بَلِّغْهُ عَنِّیْ فِیْ هٰذِهِ السَّاعَةِ

شہید اے فرزند شہید اے برادر شہید اے پدر شہیداں اے اللہ! پہنچا ان کو میری طرف سے اس گھڑی میں

وَ فِیْ هٰذَا الْیَوْمِ وَ فِیْ هٰذَا الْوَقْتِ وَفِیْ کُلِّ وَقْتٍ تَحِیَّةً کَثِیْرَةً وَّ سَلَامًا سَلَامُ اللّٰهِ

آج کے دن میں اور موجودہ وقت میں اور ہر ہر وقت میں بہت بہت درود اور سلام اللہ کا سلام ہو

عَلَیْکَ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَکَاتُهٗ یَابْنَ سَیِّدِ الْعَالَمِیْنَ وَ عَلَی الْمُسْتَشْهَدِیْنَ مَعَکَ سَلَامًا

آپ پر اللہ کی رحمت اور اس کی برکات اے جہانوں کے سردار کے فرزند اور ان پر جو آپ کے ساتھ شہید ہوئے سلام ہو لگاتار

مُّتَّصِلًا مَّا اتَّصَلَ اللَّیْلُ وَ النَّهَارُ اَلسَّلَامُ عَلَی الْحُسَیْنِ بْنِ عَلِیٍّ نِ الشَّهِیْدِ اَلسَّلَامُ عَلٰی

سلام جب تک رات دن باہم ملتے رہیں سلام ہو حسین ابن علی شہید پر سلام ہو

عَلِیِّ بْنِ الْحُسَیْنِ الشَّهِیْدِ اَلسَّلَامُ عَلَی الْعَبَّاسِ بْنِ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ الشَّهِیْدِ اَلسَّلَامُ عَلَی

علیؑ ابن حسینؑ شہید پر سلام ہو عباس ابن امیر المومنینؑ شہید پر سلام ہو ان

الشُّهَدَآءِ مِنْ وُّلْدِ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَی الشُّهَدَآءِ مِنْ وُّلْدِ الْحَسَنِ اَلسَّلَامُ عَلَی



شہیدوں پر جو امیر المومنینؑ کی اولاد سے ہیں سلام ہو ان شہیدوں پر جو اولاد حسنؑ سے ہیں سلام ہو ان

الشُّهَدَآءِ مِنْ وُّلْدِ الْحُسَیْنِ اَلسَّلَامُ عَلَی الشُّهَدَآءِ مِنْ وُّلْدِ جَعْفَرٍ وَّ عَقِیْلٍ اَلسَّلَامُ عَلٰی

شہیدوں پر جو اولاد حسینؑ سے ہیں سلام ہو ان شہیدوں پر جو جعفر اور عقیل کی اولاد سے ہیں سلام ہو

کُلِّ مُسْتَشْهَدٍ مَّعَهُمْ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ بَلِّغْهُمْ عَنِّیْ

مومنوں میں سے ان سب شہیدوں پر جو ان کے ساتھ شہید ہوئے اے اللہ! رحمت نازل کر محمدؐ و آل محمدؐ پر اور پہنچا ان کو میری طرف سے

تَحِیَّةً کَثِیْرَةً وَّ سَلَامًا اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَحْسَنَ اللّٰهُ لَکَ الْعَزَآءَ فِیْ وَلَدِکَ

بہت بہت درود اور سلام، سلام ہو آپ پر اے خدا کے رسول خدائے تعالیٰ آپ کے فرزند حسینؑ کے بارے میں آپ کے

الْحُسَیْنِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکِ یَا فَاطِمَةُ اَحْسَنَ اللّٰهُ لَکِ الْعَزَآءَ فِیْ وَلَدِکِ الْحُسَیْنِ

ساتھ بہترین تعزیت کرے سلام آپ پر اے فاطمہؑ! خدائے تعالیٰ آپ کے فرزند حسینؑ کے بارے میں آپ کے ساتھ بہترین تعزیت کرے

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَآ اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ اَحْسَنَ اللّٰهُ لَکَ الْعَزَآءَ فِیْ وَلَدِکَ الْحُسَیْنِ

سلام ہو آپ پر اے امیر المومنینؑ! خدائے تعالیٰ آپ کے فرزند حسینؑ کے بارے میں آپ کے ساتھ بہترین تعزیت کرے

اَلسَّلامُ عَلَیْکَ یَآ اَبَا مُحَمَّدِ الْحَسَنَ اَحْسَنَ اللّٰہُ لَکَ الْعَزَآءَ فِیْ اَخِیْکَ الْحُسَیْنِ

سلام ہو آپ پر اے ابو محمد حسن! اللہ تعالیٰ آپ کے بھائی حسینؑ کے بارے میں آپ کے ساتھ بہترین تعزیت کرے

یَا مَوْلَایَ یَآ اَبَا عَبْدِ اللّٰہِ اَنَا ضَیْفُ اللّٰہِ وَ ضَیْفُکَ وَ جَارُ اللّٰہِ وَ جَارُکَ وَلِکُلِّ ضَیْفٍ

اے میرے سردار اے ابو عبداللہ! میں اللہ کا مہمان اور آپ کا مہمان ہوں اور خدا کی پناہ اور آپ کی پناہ میں ہوں یہاں ہر مہمان

وَّ جَارٍ قِرًی وَّ قِرَایَ فِیْ ھٰذَا الْوَقْتِ اَنْ تَسْئَلَ اللّٰہَ سُبْحَانَہٗ وَ تَعَالٰی

اور پناہ گیر کی پذیرائی ہوتی ہے اور اس وقت میری پذیرائی یہی ہے کہ آپ سوال کریں اللہ سے جو پاک تر اور عالی قدر ہے

اَنْ یَّرْزُقَنِیْ فَکَاکَ رَقَبَتِیْ مِنَ النَّارِ اِنَّہٗ سَمِیْعُ الدُّعَآءِ قَرِیْبٌ مُّجِیْبٌ۔

یہ کہ وہ میری گردن کو عذابِ جہنم سے آزاد کر دے بے شک وہ دعا کا سننے والا ہے نزدیک تر قبول کرنے والا۔

(۹) مخصوص طریقہ پر آج کے دن چار رکعت نماز پڑھنا بھی وارد ہے۔ جسے توفیق ہو وہ کتاب الدعا و الزیارت کی طرف رجوع کرے۔

(۱۰) اہل عزا والی شکل وصورت بنائی جائے یعنی قمیص کے بٹن کھول دیے جائیں اور سر و ریش میں خاک ملائی جائے اور شہداءِ کربلا پر گریہ و بکا کیا جائے۔ وغیرہ وغیرہ۔



## پچیسویں محرم الحرام کا دن

اس دن ۹۵ھ میں حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کی شہادت واقع ہوئی ہے۔ اس لیے اس دن محبانِ اہل بیتؑ کے زخم تازہ ہوتے ہیں۔ لہٰذا اس دن اس امام مظلومؑ کی مجالس عزا منعقد کر کے مراسم حزن و ملال ادا کرنے چاہئیں اور اس امام علیہ السلام کی زیارت بھی پڑھنی چاہیے اور حضرت سید الشہداء علیہ السلام کے سب سے بڑے عزادار امامؑ پر دل کھول کر گریہ و بکا کرنا چاہیے۔ ﴿اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ﴾۔

## فصل ہشتم

# صفر المظفر کے مہینہ کے اعمال کا تذکرہ

نہ معلوم یہ بات لوگوں میں کیوں مشہور ہے کہ صفر کا مہینہ منحوس ہے جب کہ قرآن و سنت کی کوئی ایسی نص موجود نہیں ہے۔ بہر حال اس وہمی نحوست کے ازالہ کے لیے صدقہ دینے اور دعا کرنے سے بہتر کوئی چیز نہیں ہے۔ جناب محدث کاشانیؒ نے اس ماہ میں نازل ہونے والی بلاؤں اور مصیبتوں سے محفوظ رہنے کے لیے لکھا ہے کہ ہر روز درج ذیل دعا کو دس بار پڑھنا چاہیے۔ واللہ العالم۔

﴿یَا شَدِیْدَ الْقُوٰی وَ یَا شَدِیْدَ الْمِحَالِ یَا عَزِیْزُ یَا عَزِیْزُ یَا عَزِیْزُ ذَلَّتْ بِعَظَمَتِکَ

اے زبردست قوتوں والے اے سخت گرفت کرنے والے اے غالب اے غالب اے غالب تیری بڑائی کے آگے تیری ساری

جَمِیْعُ خَلْقِکَ فَاکْفِنِیْ شَرَّ خَلْقِکَ یَا مُحْسِنُ یَا مُجْمِلُ یَا مُنْعِمُ یَا مُفْضِلُ یَا لَآ اِلٰهَ

مخلوق پست ہے پس اپنی مخلوق کے شر سے بچائے رکھ اے احسان والے اے نیکی والے اے نعمت والے اے فضل والے اے کہ نہیں کوئی

اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَ نَجَّیْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ

معبود سوائے تیرے تو پاک تر ہے بے شک میں ظالموں میں سے ہوں پس ہم نے اس کی دعا قبول کی اسے غم سے نجات دے دی

وَ کَذٰلِکَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ وَ صَلَّی اللّٰهُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاهِرِیْنَ﴾۔

اور ہم مومنوں کو اسی طرح نجات دیتے ہیں اور خدا رحمت نازل کرے محمدؐ اور ان کی آلؑ پر جو پاک و پاکیزہ ہیں۔

## بیسویں صفر کا دن اور اس کے اعمال

یہ یوم الاربعین یعنی حضرت سید الشہداء علیہ السلام کی رسم چہلم کا دن ہے۔ یہی وہ دن ہے کہ جس میں آل محمدؐ کا لٹا ہوا قافلہ شام سے واپسی پر کربلا معلّٰی میں وارد ہوا اور وہاں جناب جابر بن عبد اللہ انصاریؓ اور بنی ہاشم کے ایک گروہ سے ملاقات ہوئی جو کہ مظلوم کربلا کی زیارت کے لیے مدینہ سے کربلا آیا ہوا تھا۔ پھر دونوں گروہوں نے باہم مل کر تین دن تک گریہ و بکا کیا اور دوسرے مراسم عزا انجام دیئے اور پھر وہاں سے روانہ ہو کر مدینہ

تشریف لے گئے۔اس دن حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت کرنا اور پڑھنا چاہیئے۔ چنانچہ حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام سے مروی ہے کہ مؤمن کی پانچ علامتیں ہیں: (۱) شب و روز میں فریضہ اور نافلہ ملا کر اکیاون رکعت نماز پڑھنا۔(۲) زیارت اربعین کرنا (اور پڑھنا)۔(۳) دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہننا۔(۴) سجدہ میں خاک پر پیشانی رکھنا۔(۵) اور نماز میں بالجہر ﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾ پڑھنا۔(خصال شیخ صدوق) وہ زیارت باب الزیارات میں بیان کی جائے گی انشاءاللہ۔جو ﴿السلام علی ولی اللہ و حبیبہ﴾ سے شروع ہوتی ہے جو حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے جو اس روز سورج بلند ہونے کے بعد پڑھی جاتی ہے اور اس کے بعد دو رکعت نماز زیارت پڑھ کر دعا کی جاتی ہے۔

(مصباح شیخ طوسی و زاد المعاد مجلسیؒ)

## اٹھائیسویں صفر کا دن

اس دن حضرت سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ۱۱ھ میں بمقام مدینہ منورہ بروز سوموار وفات حسرت آیات واقع ہوئی اور اسی دن ۵۰ھ میں آپ کے بڑے نواسے حضرت امام حسن مجتبیٰ علیہ افضل التحیۃ والثنا کی شہادت واقع ہوئی۔لہٰذا یہ دن عام مسلمانوں کے لیے بالعموم اور شیعیانِ حیدر کرارؑ کے لیے بالخصوص بڑے رنج والم اور حزن وغم کا دن ہے لہٰذا اس دن مجالس عزا کا انعقاد کر کے اپنے قلبی دکھ درد کا اظہار کرنا چاہیئے اور ان ذواتِ مقدسہ کی سیرت و کردار پر چلنے کا عزم بالجزم کر کے اپنی عقیدت و ارادت کا گلدستہ ان کی بارگاہ میں پیش کرنا چاہیئے۔

## فصل نہم

# ربیع الاول کے مہینہ کے اعمال کا تذکرہ

### ربیع الاول کی پہلی رات

جناب شیخ مفیدؒ اور دوسرے علماء اعلام کے بیان کے مطابق بعثت کے تیرہویں سال ربیع الاول کی پہلی رات کو پیغمبر اسلام ﷺ نے کفار و مشرکین مکہ کی ایذا رسانیوں سے تنگ آ کر بحکم خدا حیدر کرار علیہ السلام کو اپنے بستر پر سلا کر خود مدینہ کی طرف ہجرت فرمائی اور یہ رات غار ثور میں گزاری تھی اور یہ یکم ربیع الاول کی رات اور جمعرات تھی۔

### آٹھویں ربیع الاول کا دن



اس مہینہ کی آٹھویں تاریخ کو ۲۶۰ھ میں بمقام سامراء حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام کی شہادت واقع ہوئی لہٰذا یہ دن خاندانِ نبوت کے نام لیواؤں کے لیے حزن و ملال اور رنج و غم کا دن ہے۔ لہٰذا اس دن اس امام عالی مقام کے مراسم عزا بجا لانے چاہئیں۔

### نویں ربیع الاول

اس تاریخ کو ۲۶۰ھ میں حضرت حجۃ ابن الحسن علیہ السلام پانچ سال کی مختصر عمر میں ظاہری منصب امامت پر فائز ہوئے لہٰذا اس دن امام زمانہ عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف کا جشن تاجپوشی منانا چاہیئے اور حدود شرع انور کے اندر رہتے ہوئے اپنی روحانی مسرت و شادمانی کا اظہار کرنا چاہیئے۔

### سترہویں ربیع الاول کی رات

جناب سید ابن طاؤس اور دیگر اکثر علماء کرام کے قول کے مطابق ہجرت نبویؐ سے ایک سال پہلے یعنی بعثت کے بارہویں سال اسی رات کو پیغمبر اسلام ﷺ کو معراج جسمانی کی سعادت و شادمانی نصیب ہوئی لہٰذا یہ بڑی متبرک رات ہے۔

# سترہویں ربیع الاول کا دن

نیز اسی تاریخ یعنی سترہ ربیع الاول کی رات بوقت طلوع فجر عام الفیل بروز جمعۃ المبارک حضرت سید الانبیاء وخاتم الانبیاء محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس عالم آب وگل میں بمقام مکہ مکرمہ ولادت باسعادت واقع ہوئی اور یہ ظلمت کدہ بقعۂ نور وسرور بنا۔ اور جس چیز نے اس دن کی عظمت وجلالت میں مزید اضافہ کیا وہ یہ ہے کہ ۸۳ھ میں اسی تاریخ کو اقلیم امامت کے چھٹے تاجدار حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی بمقام مدینہ منورہ ولادت باسعادت واقع ہوئی۔ لہٰذا عام مسلمانوں کو بالعموم اور محبانِ اہل بیتؑ کو بالخصوص اس دن جشن میلاد منانے کا اہتمام کرنا چاہیے اور شرع شریف کے حدود کے اندر رہتے ہوئے اپنی روحانی مسرت و شادمانی کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔

اس دن دو عمل وارد ہوئے ہیں: ایک روزہ رکھنا جو کہ اجر وثواب میں ساٹھ سال کے روزوں کے برابر ہے۔ (الوسائل)۔ کیونکہ آج کا دن سال کے ان چار دنوں میں سے ایک ہے جن میں روزہ رکھنا خصوصی فضیلت کا حامل ہے۔ دوسرا حضرت رسول خدا ﷺ اور حضرت مرتضیٰ علیہ السلام کی زیارت پڑھنا جو کہ باب الزیارات میں ذکر کی جائے گی انشاء اللہ۔

# ربیع الثانی کے اعمال کا تذکرہ

اس ماہ کی دس تاریخ کو ۲۳۲ھ میں حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام کی ولادت باسعادت واقع ہوئی۔ لہٰذا یہ دن محبانِ اہل بیتؑ کے لیے انتہائی سرور اور خوشی کا دن ہے۔ لہٰذا اس میں امام یازدہم کا جشن میلاد منا کر اپنی مسرت اور خوشی کا اظہار کرنا چاہیے اور جناب شیخ مفیدؒ نے لکھا ہے کہ اگر شکرانہ نعمت کے طور پر اس دن روزہ رکھا جائے تو بہتر ہے۔ (الارشاد)

## جمادی الاولیٰ کے اعمال کا تذکرہ

مخدومۂ کائنات حضرت فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا کی وفات کے سلسلہ میں دو روایتیں ہیں ایک یہ کہ آپؑ اپنے عظیم والد ماجد کی وفات حسرت آیات کے بعد پچھتر دن دنیا میں زندہ رہیں اور چونکہ آنحضرت ﷺ کی وفات ۲۸ صفر ۱۱ھ کو واقع ہوئی ہے تو اس طرح پچھتر دن جمادی الاولیٰ کی تیرہویں یا چودہویں یا پندرہویں کو پورے ہوتے ہیں۔ بنابریں بی بیؑ کی شہادت ان تین دنوں میں سے کسی ایک دن میں واقع ہوئی ہے۔لہذا ان دنوں میں اس مخدومۂ مظلومہ بی بی کے مراسم عزا بھی بجالانے چاہئیں اور آپؑ کی زیارت بھی کرنی اور پڑھنی چاہیئے۔



### پندرہویں جمادی الاولیٰ کا دن

پندرہ جمادی الاولیٰ ۳۶ھ کو جنگ جمل میں بصرہ فتح ہوا اور ۳۶ھ میں اسی دن حضرت امام علی بن الحسین زین العابدین علیہ السلام کی ولادت باسعادت واقع ہوئی۔لہذا اس دن مراسم مسرت ادا کرنے چاہئیں اور بقول بعض علماء اس دن ان دونوں بزرگواروں کی زیارت کرنا اور پڑھنا مناسب وموزوں ہے۔

# فصل دوازدھم

## جمادی الثانیہ کے اعمال کا تذکرہ

جناب سید ابن طاؤسؒ نے واسطے سے ایک روایت نقل کی ہے کہ جو شخص اس مہینہ میں اس طرح چار رکعت نماز (بدو سلام) پڑھے کہ پہلی رکعت میں الحمد ایک بار اور اس کے بعد آیت الکرسی ایک بار اور سورہ قدر پچیس بار۔ دوسری رکعت میں الحمد ایک بار اور اس کے بعد سورہ الھاکم التکاثر ایک بار اور سورہ توحید پچیس بار۔ تیسری رکعت میں الحمد ایک بار اور اس کے بعد سورہ کافرون ایک بار اور سورہ فلق پچیس بار اور چوتھی رکعت میں الحمد ایک بار اور اس کے بعد سورہ نصر ایک بار اور سورہ والناس پچیس بار پڑھے اور سلام کے بعد تسبیحات اربعہ ﴿سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ﴾ ستر بار۔ اس کے بعد درود شریف

اللہ پاک تر ہے حمد اللہ ہی کے لیے ہے نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے اور اللہ بزرگ تر ہے۔

﴿اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ﴾ ستر بار۔ بعد ازاں تین مرتبہ کہے: ﴿اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ

اے معبود رحمت نازل فرما سرکار محمدؐ و آل محمدؐ پر — اے معبود! مومن

لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُؤْمِنَاتِ﴾ پھر سجدہ میں جائے اور تین بار کہے: ﴿يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا ذَا الْجَلَالِ

مردوں اور مومنہ عورتوں کو بخش دے — اے زندہ اے پائندہ اے جلالت اور بزرگی کے

وَالْاِكْرَامِ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ﴾۔ بعد ازاں اپنی حاجات طلب کرے۔

مالک اے اللہ اے بڑے رحم والے اے مہربان اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

مروی ہے کہ جو شخص یہ عمل کرے تو خداوند عالم آئندہ سال تک اسے اور اسکے خانوادہ کو اور اس کے مال اور اس کے دین و ایمان کو محفوظ فرمائے گا اور اگر وہ اس اثناء میں مر گیا تو شہادت کی موت مرے گا۔ (کتاب الاقبال)

## تیسری جمادی الثانیہ

چونکہ دوسری روایت یہ ہے کہ مخدومہ کائنات حضرت فاطمہ زہرا علیہا السلام اپنے عظیم والد کے بعد پچانویں دن زندہ رہیں اس کے بعد وفات پائی۔ بنابریں اس مخدومہ و مظلومہ بی بیؑ کی شہادت کیم، دو یا تین

جمادی الثانیہ کو واقع ہوئی ہے۔لہٰذا ان دنوں میں محبانِ اہل بیتؑ کو بی بی عالمؑ کی صف ماتم بچھا کر مراسم عزا ادا کرنے چاہئیں۔اور اس مخدومہ کی زیارت بھی کرنی اور پڑھنی چاہیئے اور جناب سید بن طاؤسؒ نے آج کے دن کی یہ زیارت نقل کی ہے:

﴿اَلسَّلَامُ عَلَیْکِ یَا سَیِّدَةَ نِسَآءِ الْعَالَمِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکِ یَا وَالِدَةَ الْحُجَجِ عَلَی

سلام ہو آپ پر اے جہانوں کی عورتوں کی سردار سلام ہو آپ پر اے ان کی والدہ جو لوگوں پر

النَّاسِ اَجْمَعِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکِ اَیَّتُهَا الْمَظْلُوْمَةُ الْمَمْنُوْعَةُ حَقُّهَا﴾۔پھر یہ کہے:

خدا کی حجتیں ہیں سلام ہو آپ پر اے وہ مظلومہ جس کا حق چھین لیا گیا

﴿اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی اَمَتِکَ وَابْنَةِ نَبِیِّکَ وَ زَوْجَةِ وَصِیِّ نَبِیِّکَ صَلٰوةً تُزْلِفُهَا فَوْقَ زُلْفٰی

اے معبود! رحمت نازل فرما اپنی کنیز اپنے نبی کی دختر اور اپنے نبی کے وصی کی شریکۂ حیات پر ایسی رحمت جو نزدیک کرے اس کو بڑھ کر

عِبَادِکَ الْمُکَرَّمِیْنَ مِنْ اَهْلِ السَّمٰوٰتِ وَ اَهْلِ الْاَرْضِیْنَ﴾۔(کتاب الاقبال)

تیرے عزت والے بندوں کی قربت سے جو آسمانوں میں رہنے والے اور زمین میں بسنے والے ہیں۔



## بیسویں جمادی الثانیہ کا دن

بعثت کے دوسرے یا پانچویں سال جمادی الثانیہ کی بیس تاریخ کو صدیقۂ کبریٰ طاہرہ مطہرہ حضرت فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا کی ولادت باسعادت بمقام مکہ مکرمہ واقع ہوئی ہے اور **انا اعطیناک الکوثر** کی پہلی عملی تفسیر ظاہر ہوئی ہے لہٰذا حدود شریعت کے اندر رہتے ہوئے اس دن اہل ایمان کو اسلامی و روحانی مسرت و شادمانی کے وظائف ادا کرنے چاہئیں جن میں سے اعلیٰ وظیفہ مستحق و حاجتمند اہل ایمان کی مالی اعانت اور ان کی ہر قسم کی حاجت برآری ہے۔واللّٰہ الموفق لکل خیر۔

## تتمہ بسلسلہ اسلامی بارہ مہینوں میں سے ہر ماہ کی پہلی تاریخ کے اعمال کے بیان میں

جب سال بھر کے اعمال شرعیہ کے مقدس تذکرہ سے ہم فارغ ہو چکے تو مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہاں ان چند اعمال کا تذکرہ کر دیا جائے جن کا تعلق ہر اسلامی قمری مہینہ کی پہلی تاریخ سے ہے۔اور وہ چند امور یہ ہیں: (۱) ہر نئے ماہ کا چاند دیکھتے وقت صحیفۂ کاملہ کی دعائے رؤیت ہلال پڑھی جائے جو کہ صحیفہ کی تینتالیسویں

دعا ہے ۔(۲) اس موقع پر سات بار سورۃ الحمد پڑھی جائے ۔(۳) ہر مہینہ کی پہلی تاریخ کو دو رکعت نماز بایں طور پڑھی جائے کہ پہلی رکعت میں الحمد کے بعد تیس بار سورۃ توحید اور دوسری رکعت میں الحمد کے بعد تیس مرتبہ سورۃ انا انزلناہ اور سلام کے بعد حسب توفیق کچھ صدقہ دیا جائے ۔ جو ایسا کرے گا تو گویا وہ خدا سے اس ماہ کی سلامتی خرید لے گا۔ اور ایک روایت کے مطابق اس نماز کے بعد ایک بار اس دعا کا پڑھنا بھی وارد ہے:

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا وَ يَعْلَمُ

خدا کے نام سے شروع جو رحمٰن و رحیم ہے اور نہیں زمین میں حرکت کرنے والی کوئی چیز مگر یہ کہ اس کی روزی خدا کے ذمہ ہے وہ اس کی

مُسْتَقَرَّهَا وَ مُسْتَوْدَعَهَا كُلٌّ فِيْ كِتَابٍ مُّبِيْنٍ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَ اِنْ يَّمْسَسْكَ

قیام گاہ اور مقام حرکت کو جانتا ہے یہ سب کچھ واضح کتاب میں درج ہے خدا کے نام سے جو رحمان و رحیم ہے اور اگر خدا کسی وجہ سے تجھے

اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗ اِلَّا هُوَ وَ اِنْ يُّرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِهٖ يُصِيْبُ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ

کوئی نقصان پہنچائے تو سوائے اس کے کوئی اسے دور نہیں کر سکتا اور اگر وہ تیری بھلائی کا ارادہ کرے تو کوئی اس کے فضل کو روک نہیں سکتا

مِنْ عِبَادِهٖ وَ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سَيَجْعَلُ اللّٰهُ بَعْدَ عُسْرٍ

وہ اپنے بندوں میں جسے چاہے نوازتا ہے اور وہ ہے بڑا معاف کرنے والا مہربان خدا کے نام سے شروع جو رحمٰن و رحیم ہے بہت جلد خدا تنگی

يُّسْرًا مَاشَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِيْلُ وَ اُفَوِّضُ اَمْرِيْٓ اِلَى اللّٰهِ اِنَّ

کے بعد آسانی عطا کرے گا جو اللہ چاہے گا وہ ہوگا نہیں کوئی قوت سوائے اللہ کے کافی ہے ہمارے لیے اللہ اور وہ بہترین کارساز ہے اور میں

اللّٰهَ بَصِيْرٌ م بِالْعِبَادِ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ

اپنا ہر کام خدا کے سپرد کرتا ہوں بے شک خدا اپنے بندوں کو خوب جانتا ہے نہیں کوئی معبود سوائے تیرے تو پاک تر ہے بے شک میں ہی

رَبِّ اِنِّيْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّ اَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ﴾۔

قصوروار تھا اے پروردگار تو مجھ کو جو بھی نعمت عطا کرے گا میں اس کی حاجت رکھتا ہوں میرے رب مجھ کو اکیلا نہ چھوڑ اور بہترین وارث تو ہی ہے

(مصباح شیخ و کفعمی و زاد المعاد و کتاب الاقبال وغیرہا)

## ﴿ باب دہم ﴾

# سرکارِ محمد و آلِ محمد علیہم السلام کی زیاراتِ مقدسہ کا تذکرہ

﴿ یہ باب بھی باب نہم کی طرح ایک مقدمہ اور چند فصول اور ایک خاتمہ پر مشتمل ہے ﴾

## مقدمہ جو آدابِ سفر اور آدابِ زیارت پر مشتمل ہے

(۱) عام حالات میں بھی سفر کرنا شرعاً ایک پسندیدہ امر ہے چہ جائیکہ جب وہ کسی واجب یا مستحب امر کی ادائیگی کے لیے کیا جائے کہ اس صورت میں وہ اور بھی زیادہ مرغوب ہو جاتا ہے۔

(۲) مگر ہر سفر کے کچھ آداب و مستحبات ہوتے ہیں جن کا مدنظر رکھنا بہتر ہوتا ہے۔ منجملہ ان کے ایک یہ ہے کہ کسی نحس دن میں سفر نہ کیا جائے جیسے قمر در عقرب وغیرہ۔



(۳) بہتر ہے کہ ہفتہ کے دن سفر کیا جائے کیونکہ روایت میں وارد ہے کہ اگر کوئی پتھر بھی ہفتہ کے دن پہاڑ سے جدا ہو تو اسے بھی خدا اپنی جگہ لوٹا دیتا ہے۔

(۴) سفر پر جاتے وقت وصیت کی جائے کیا معلوم یہ اس کی زندگی کا آخری سفر ہو۔

(۵) سفر پر جاتے وقت صدقہ دیا جائے چنانچہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے عبد الرحمٰن بن حجاج سے فرمایا کہ ﴿**تصدق و اخرج ایّ یوم شئت**﴾ کہ صدقہ دے دو پھر جس دن چاہو سفر کرو۔

(۶) پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مروی ہے کہ آدمی جب سفر کرنے کا ارادہ کرے تو دو رکعت نماز پڑھے اور اس کے بعد یہ دعا پڑھے:

﴿**اَللّٰهُمَّ اَسْتَوْدِعُکَ نَفْسِیْ وَ اَهْلِیْ وَ مَالِیْ وَ ذُرِّیَّتِیْ وَ دُنْیَایَ وَ اٰخِرَتِیْ**

اے اللہ! میں آج کے دن اپنی جان، اپنے اہل و عیال اور اپنا مال اور اپنی اولاد اور اپنی دنیا و آخرت

**وَ اَمَانَتِیْ وَ خَاتِمَةَ عَمَلِیْ**﴾

اور اپنے عمل کا خاتمہ تیرے سپرد کرتا ہوں۔

فرمایا: جو شخص ایسا کرے گا تو خدا اسے وہ سب کچھ عطا کرے گا جو وہ خدا سے طلب کرے گا۔

(کتاب الدعا و الزیارہ)

(۷) اچھے ساتھیوں کے ہمراہ سفر کیا جائے اور حتی الامکان تنہا سفر کرنے سے احتراز کیا جائے کیونکہ حضرت پیغمبر اسلامﷺ نے تنہا سفر کرنے، تنہا کھانا کھانے اور تنہا مکان میں سونے کی ممانعت فرمائی ہے۔

(۸) حضرت امام زین العابدینؑ والی دعا پڑھی جائے جس کے بارے میں امامؑ فرماتے ہیں کہ جب میں یہ دعا پڑھ لوں تو پھر مجھے کوئی پروا نہیں ہوتی اگرچہ مجھے ضرر پہنچانے کے لیے سب جن و انس ہی جمع کیوں نہ ہو جائیں، جو یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ وَ بِاللّٰهِ وَ مِنَ اللّٰهِ وَ اِلَى اللّٰهِ وَ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اِلَيْكَ اَسْلَمْتُ نَفْسِىْ

خدا کے نام سے خدا کی ذات سے خدا کے اذن سے خدا کی طرف اور خدا کی راہ میں اے معبود! میں نے اپنی جان تجھے سونپ دی

وَ اِلَيْكَ وَجَّهْتُ وَجْهِىْ وَ اِلَيْكَ فَوَّضْتُ اَمْرِىْ فَاحْفَظْنِىْ بِحِفْظِ الْاِيْمَانِ مِنْۢ بَيْنِ

اپنا رخ تیری جانب کر لیا اور اپنا معاملہ تیرے سپرد کر دیا ہے پس میری نگہداری کر ایمان کی حفاظت کر کے میرے آگے سے

يَدَىَّ وَ مِنْ خَلْفِىْ وَ عَنْ يَّمِيْنِىْ وَ عَنْ شِمَالِىْ وَ مِنْ فَوْقِىْ وَ مِنْ تَحْتِىْ وَ ادْفَعْ

میرے پیچھے سے میرے دائیں سے میرے بائیں سے میرے اوپر سے اور میرے نیچے سے اور اپنی بخشش و قوت سے میرا دفاع کرتا

عَنِّىْ بِحَوْلِكَ وَ قُوَّتِكَ فَاِنَّهٗ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِىِّ الْعَظِيْمِ

رہ کیونکہ نہیں کوئی حرکت و قوت مگر وہ جو بلند تر بزرگ تر خدا سے ہے۔

(۹) اگر بادام تلخ کی چھڑی ہاتھ میں ہو تو حفاظت سفر کے لیے مفید ہے۔

(۱۰) مسافر کو چاہیئے کہ سوئی دھاگہ تک ہر وہ چیز سفر میں اپنے ہمراہ لے جائے جس کی سفر میں عموماً ضرورت پڑتی ہے۔

(۱۱) تحت الحنک کے ساتھ پگڑی باندھ کر سفر کے لیے گھر سے روانہ ہونا چاہیئے تا کہ آدمی سفر میں چوری، ڈاکہ اور غرق و حرق سے محفوظ رہے۔

(۱۲) سفر میں عقیق بالخصوص زرد اور فیروزہ کی وہ انگوٹھی پہنی جائے جس کے ایک طرف یہ کندہ ہو: ﴿مَاشَاءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ﴾ ۔ اور دوسری طرف اسماءِ مبارکہ ﴿محمدؐ، علیؑ﴾ کندہ ہوں۔

(۱۳) راستہ میں لڑائی جھگڑے اور سب وشتم سے اجتناب کیا جائے۔

(۱۴) راستہ میں نمازہائے فریضہ کی ادائیگی میں کوتاہی نہ کی جائے۔

الی غیر ذلک من آداب السفر الکثیرۃ و اکتفینا بھذا القدر روماً للاختصار

## سرکار محمد وآل محمد علیہم السلام کی زیارات کے آداب

جب سفر زیارات کا تذکرہ ہو چکا تو اب ذیل میں اصل زیارات کے کچھ آداب کا تذکرہ کیا جاتا ہے۔

اور وہ چند امور ہیں:

(۱) غسل زیارت کیا جائے۔ اور بہتر ہے کہ اس کے بعد وہ دعا پڑھی جائے جو ثقفی نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے نقل کی ہے:

﴿اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ لِیْ نُوْرًا وَّطَهُوْرًا وَّ حِرْزًا وَّ كَافِيًا مِنْ كُلِّ دَاءٍ وَ سُقْمٍ وَمِنْ كُلِّ آفَةٍ وَ عَاهَةٍ وَ طَهِّرْ بِهٖ قَلْبِیْ وَ جَوَارِحِیْ وَلَحْمِیْ وَ دَمِیْ وَشَعْرِیْ وَ بَشَرِیْ وَ مُخِّیْ وَ عِظَامِیْ وَ عَصَبِیْ وَمَا اَقَلَّتِ الْاَرْضُ مِنِّیْ وَاجْعَلْهُ لِیْ شَاهِدًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَ يَوْمَ حَاجَتِیْ وَ فَقْرِیْ﴾۔ (کتاب الدعا والزیارہ)

(۲) زائر کو چاہیئے کہ جس بزرگوار کی زیارت کے لیے جائے ان کی قبر مقدس کی زیارت کرنے میں ان تمام آداب کو ملحوظ خاطر رکھے جو ان کے ظاہری حین حیات میں مدنظر رکھے جاتے تھے کیونکہ وہ اب بھی اپنے پروردگار کی بارگاہ میں زندہ ہیں اور اس سے رزق پاتے ہیں۔

(۳) ہر مشہد مقدس پر پہنچ کر خدا کے احسان پر کہ اس نے اسے زیارت کی توفیق عطا کی ہے خدا کے حضور سجدۂ شکر بجالائے۔ مگر وہ اس طرح کہ صاحب قبر کے جانب سر اور وہ بھی رو بقبلہ ہو کر بجالائے کہ کوئی یہ نہ سمجھے کہ یہ نبی یا امام کو سجدہ کر رہا ہے۔ کیونکہ شریعت اسلامیہ میں ہر قسم کا سجدہ تعظیمی ہو یا تعبدی خداوند عالم کی ذات

سے مختص ہے اور کسی بھی مخلوق کو کسی قسم کا سجدہ کرنا نہ صرف یہ کہ ناجائز اور حرام ہے بلکہ ناقابل معافی گناہِ کبیرہ ہے لہٰذا زائر کے لئے اس شرک جلی سے اجتناب کرنا واجب ہے اور عوام کالانعام کی طرح ہرگز سجدہ نہیں کرنا چاہیئے۔

(۴) ہر معصومؑ کی زیارت کے بعد جانب سر دو رکعت نماز زیارت پڑھی جائے۔

(۵) زائر کو چاہیئے کہ مشاہد مقدسہ میں جس قدر ہو سکے قرآن مجید کی تلاوت کرے اور اس عمل کا ثواب صاحب قبر کی بارگاہ میں ہدیہ کردے کہ ایسا کرنے سے ثواب دوچند ہو جاتا ہے۔

(۶) جو زائرین پہلے سے موجود ہوں ان کی اجازت کے بغیر ان کی جگہ پر قبضہ نہ کیا جائے۔

(۷) کھڑے ہو کر زیارت پڑھی جائے اور اگر کوئی عذر ہو تو پھر بیٹھ کر بھی پڑھی جا سکتی ہے۔ نیز زیارت پڑھتے وقت آواز کو بلند نہ کیا جائے بلکہ آہستہ آواز میں پڑھی جائے۔

(۸) اگر مردوں اور عورتوں کے لیے زیارت کے الگ الگ اوقات مقرر کئے جائیں مثلاً مردوں کے لئے دن اور عورتوں کے لیے رات تو بہت بہتر ہے اور اگر ایسا نہ ہو سکے تو پھر ان کے اکٹھے زیارت کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے بشرطیکہ عورتیں پردہ کی پابندی کریں اور اس طرح بن سنور کر وہاں نہ جائیں کہ مردوں کے دین و ایمان پر ڈاکہ زنی کی مرتکب قرار پائیں۔ ورنہ وہ نیکی برباد گناہ لازم کی مستوجب قرار پائیں گی۔



(۹) احوط یہ ہے کہ حدث اکبر و اصغر سے پاک ہو کر زیارت کی جائے۔

(۱۰) صرف وہ زیارات پڑھی جائیں جو خود ائمہ طاہرین علیہم السلام سے مروی ہوں اور خود ساختہ زیارتوں کے پڑھنے سے اجتناب کیا جائے جن میں مذکور ہے کہ حرم کے بیرونی دروازہ پر یہ پڑھے اور اندرونی پر یہ پڑھے۔ صحن کے باہر یہ پڑھے اور اندر یہ۔ قبہ کے دروازہ پر یہ پڑھے اور اندر یہ اور پھر ضریح مقدس کے سامنے یہ پڑھے اور پس پشت یہ وغیرہ وغیرہ۔ جبکہ ائمہ طاہرین علیہم السلام کے دور میں ان تمام چیزوں کا کوئی وجود ہی نہیں تھا۔

(۱۱) نماز زیارت ہو یا دوسری نمازیں وہ جانب سر پڑھی جائیں تو افضل و اولیٰ ہے جیسا کہ علامہ مجلسیؒ اور دوسرے علماء اعلام نے وضاحت وصراحت فرمائی ہے۔

(۱۲) ان مقامات مقدسہ میں لایعنی گفتگو سے احتراز کیا جائے اور دعا و استغفار اور توبہ و انابہ پر اکتفا کی

جائے تا کہ ایک زائر کی روش و رفتار اور سیرت و کردار میں زیارت سے پہلے اور اس کے بعد فرق نظر آئے۔

(۱۳) عام حالات اور عام مقامات کی طرح ان مشاہد مقدسہ پر بھی جو دعا مانگی جائے تو وہ خداوند عالم سے ہی مانگی جائے البتہ اس مرقد مقدس والے بزرگوار کا واسطہ دیا جائے اور ان کے وسیلے سے دعا کی جائے۔ ایسا نہ ہو کہ دوسرے مقامات پر تو ان ہستیوں کے وسیلہ سے خدا سے دعا کی جائے اور مشاہد مقدسہ پر خود ان سے دعا کی جائے کہ یہ شرک ہے۔

(۱۴) جب زیارت سے فارغ ہو تو صاحب مرقد سے الوداع کرے۔

(۱۵) زائرین کو چاہیے کہ سفر زیارت میں جس مشہد مقدس پر جائیں تو وہاں کے علماءِ اعلام کی خدمت میں حاضری دیں اور ان سے علمی استفادہ کریں اور ان سے اپنے عقائد و اعمال کی اصلاح کرائیں۔ نیز وہاں کے غریب علماء و طلبہ اور محتاج مؤمنین کی کچھ مالی امداد بھی کریں۔

**الی غیر ذلک من الآداب الکثیرۃ و قد اکتفینا منھا بھذہ الآداب الیسیرہ.**

**افادۂ جدیدہ=**



ہم نے جس قدر احادیث اہل بیتؑ کا تتبع و تفحص کیا ہے ہمیں اذن دخول کے بارے میں کوئی حدیث نہیں ملی۔ ویسے بھی اذن دخول کسی کے مکان میں داخل ہوتے وقت طلب کیا جاتا ہے اور مقابر کا مکانات پر قیاس کرنا قیاس مع الفارق ہے جسے قیاس کو جائز جاننے والے بھی ناجائز جانتے ہیں۔ علاوہ بریں ان حضرات کے ظاہری حین حیات میں ملنے والے کوئی اذن دخول طلب نہیں کیا کرتے تھے۔ مگر اس کے باوجود اگر کسی بھی معصومؑ کی زیارت سے پہلے وہ اذن دخول بہ جاء مطلوبیت پڑھ لیا جائے جسے شیخ کفعمی نے ذکر کیا ہے تو اچھا ہی ہوگا:

﴿اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ قَدْ وَقَفْتُ عَلٰی بَابٍ مِنْ اَبْوَابِ بُیُوْتِ نَبِیِّکَ صَلَوَاتُکَ عَلَیْهِ وَ آلِهٖ وَ قَدْ

اے معبود! میں حاضر ہوں ایک دروازے پر جو تیرے نبی کے گھروں کے دروازوں میں سے ہے تیری رحمت نازل ہو ان پر اور ان کی آل پر

مَنَعْتَ النَّاسَ اَنْ یَدْخُلُوْا اِلَّا بِاِذْنِهٖ فَقُلْتَ: ﴿یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ آمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُیُوْتَ

اور تو نے منع کیا ہے لوگوں کو ان گھروں میں داخلے سے مگر آنحضرت کی اجازت سے پس تو نے فرمایا ہے اے ایمان والو داخل نہ ہوا کرو نبیؐ

**اَلنَّبِیِّ اِلَّا اَنْ یُؤْذَنَ لَكُمْ﴾ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعْتَقِدُ حُرْمَةَ صَاحِبِ ھٰذَا الْمَشْھَدِ الشَّرِیْفِ**

کے گھروں میں مگر اس وقت جب تمہیں اجازت مل جائے اے اللہ بے شک میں اس حرم شریف میں مدفون ہستی کا

**فِیْ غَیْبَتِهٖ كَمَا اَعْتَقِدُھَا فِیْ حَضْرَتِهٖ وَ اَعْلَمُ اَنَّ رَسُوْلَكَ وَ خُلَفَائَكَ عَلَیْھِمُ السَّلَامُ**

ان کی غیبت میں معتقد ہوں جیسے میں ان کے ظہور میں ان کا معتقد تھا اور میں جانتا ہوں کہ تیرا رسول اور تیرے خلفاء کہ ان سب پر سلام ہو

**اَحْیَاءٌ عِنْدَكَ یُرْزَقُوْنَ یَرَوْنَ مَقَامِیْ وَ یَسْمَعُوْنَ كَلَامِیْ وَ یَرُدُّوْنَ سَلَامِیْ وَ اَنَّكَ**

وہ زندہ ہیں اور تیرے ہاں رزق پاتے ہیں وہ مجھے دیکھ رہے ہیں میری معروضات سن رہے ہیں اور میرے سلام کا جواب دے رہے ہیں اور

**حَجَبْتَ عَنْ سَمْعِیْ كَلَامَھُمْ وَ فَتَحْتَ بَابَ فَھْمِیْ بِلَذِیْذِ مُنَاجَاتِھِمْ وَ اِنِّیْ**

بے شک تو نے میرے کانوں کو ان کا کلام سننے سے روکا ہے اور ان سے راز و نیاز کرنے میں میرے فہم کو کھول رکھا ہے اور اے میرے

**اَسْتَاْذِنُكَ یَا رَبِّ اَوَّلًا وَ اَسْتَاْذِنُ رَسُوْلَكَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ آلِهٖ ثَانِیًا**

رب پہلے میں تجھ سے اجازت مانگتا ہوں پھر تیرے رسول سے اجازت مانگتا ہوں کہ خدا رحمت کرے ان پر اور ان کی آل پر

**وَ اَسْتَاْذِنُ خَلِیْفَتَكَ الْاِمَامَ الْمَفْرُوْضَ عَلَیَّ طَاعَتُهٗ (فُلَانَ بْنَ فُلَانٍ)**



اور اجازت مانگتا ہوں تیرے خلیفہ و امام سے جن کی اطاعت مجھ پر واجب ہے۔ (فلاں بن فلاں)

فلاں بن فلاں کی بجائے ان امام کا نام مع ان کے والد بزرگوار کے اسم گرامی کے زبان پر لائے کہ جن کی زیارت کررہا ہے مثلاً:

**﴿اَلْحُسَیْنَ بْنَ عَلِیٍّ عَلَیْهِ السَّلَامُ﴾ اور ﴿عَلِیَّ بْنَ مُوْسَی الرِّضَا عَلَیْهِ السَّلَامُ﴾** اور پھر یہ

حسین بن علی علیہ السلام — علی بن موسیٰ الرضا علیہ السلام

پڑھے: **﴿وَالْمَلَآئِكَةَ الْمُوَكَّلِیْنَ بِھٰذِهِ الْبُقْعَةِ الْمُبَارَكَةِ ثَالِثًا ءَ اَدْخُلُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ**

اور وہ فرشتے جو اس بارگاہ کے نگہبان ہیں جو پُربرکت ہے بار سوم آیا میں اندر آجاؤں اے اللہ کے رسولؐ

**ءَ اَدْخُلُ یَا حُجَّةَ اللّٰهِ ءَ اَدْخُلُ یَا مَلَآئِكَةَ اللّٰهِ الْمُقَرَّبِیْنَ الْمُقِیْمِیْنَ فِیْ ھٰذَا**

آیا میں اندر آجاؤں اے خدا کی حجت آیا میں اندر آجاؤں اے خدا کے مقرب فرشتو کہ جو اس بارگاہ عالی میں رہنے والے ہو

**الْمَشْھَدِ فَاْذَنْ لِیْ یَا مَوْلَایَ فِی الدُّخُوْلِ اَفْضَلَ مَآ اَذِنْتَ لِاَحَدٍ مِنْ اَوْلِیَائِكَ**

پس اے میرے مولا مجھے اندر آنے کی اجازت دیجیے اس سے بہترین کہ جیسی اجازت آپ نے اپنے دوستوں میں کسی کو دی ہو

فَاِنْ لَمْ اَکُنْ اَھْلاً لِّذٰلِکَ فَاَنْتَ اَھْلٌ لِّذٰلِکَ

پس اگر میں اس کے لائق نہیں ہوں تو بھی آپ ایسا کرنے کے اہل ہیں۔

پھر اس کے بعد یہ دعا پڑھتے ہوئے اندر جائے:

﴿بِسْمِ اللّٰہِ وَفِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَعَلٰی مِلَّۃِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہِ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ

خدا کے نام سے خدا کی ذات سے خدا کی راہ میں اور حضرت رسول کی ملت پر کہ رحمت کرے اللہ ان پر اور ان کی آل پر

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ﴾۔

اے معبود! مجھے بخش دے مجھ پر رحم فرما اور میری توبہ قبول کر کہ بے شک تو بڑا توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔

## فصل اول

# حضرت سید الانبیاء والمرسلین وخاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت، اس کی فضیلت اور کیفیت کا بیان

واضح ہو کہ عام اہل اسلام کے لیے عموماً اور حجاج بیت اللہ کے لیے خصوصاً حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کرنا سنت مؤکدہ ہے۔

(۱) چنانچہ ابن ابی نجران حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے سوال کرتے ہیں کہ جو شخص پیغمبر اسلام ﷺ کی زیارت کرے اس کے لیے کیا ثواب ہے؟ فرمایا: اس کے لیے جنت ہے۔ (بحار الانوار، کتاب المزار)

(۲) پیغمبر اسلام ﷺ سے مروی ہے، فرمایا: جو شخص میری حیات میں یا میری ممات کے بعد میری زیارت کرے گا میں اس کی بروز قیامت شفاعت کروں گا۔ دوسری روایت میں یوں وارد ہے کہ فرمایا: وہ قیامت کے دن میرے جوار میں ہوگا۔ (ایضاً)



(۳) اسلمی حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں کہ آپؑ نے فرمایا: حضرت رسول خدا ﷺ کا ارشاد ہے کہ جو شخص (حج کے لیے) مکہ آئے مگر مدینہ میں میری زیارت نہ کرے (تو اس نے گویا مجھ پر ظلم کیا ہے اور جو مجھ پر ظلم کرے گا تو) میں بھی قیامت کے دن اس سے بے توجہی برتوں گا۔ اور جو میری زیارت کے لیے آئے گا تو اس کی شفاعت کرنا مجھ پر لازم ہو جائے گی اور جس کی شفاعت مجھ پر لازم ہوگئی تو وہ جنت کا مستحق قرار پائے گا۔ (ایضاً)

### ایضاح

مخفی نہ رہے کہ یہ زیارت دور و نزدیک سے ہر طرح اور ہر وقت نہ صرف پڑھنا جائز ہے بلکہ مستحب ہے بالخصوص شب و روز جمعہ میں اور دوسرے متبرک دنوں اور راتوں میں۔ چنانچہ حضرت رسول خدا ﷺ سے مروی ہے، فرمایا: جو شخص میری وفات کے بعد میری قبر کی زیارت کرے گا تو وہ اس شخص کی مانند ہوگا جو میری زندگی میں میری طرف ہجرت کرکے آجائے پھر فرمایا: اور اگر تم خود نہ آسکو تو تم میری طرف سلام تو بھیج دیا کرو

کہ وہ مجھ تک پہنچ جاتا ہے۔ (ایضاً)

چنانچہ متعدد روایات میں وارد ہے کہ ﴿ان للّٰہ ملائکۃ سیاحین فی الارض یبلغون عن امتی السلام﴾ یعنی اللہ کے زمین میں گشت کرنے والے کچھ ایسے فرشتے موجود ہیں جو میری امت کا سلام مجھے پہنچاتے ہیں۔ (زادالمعاد بحوالہ امالی صدوق)

(۲) نیز یہ بات متعدد ومعتبر روایات میں وارد ہے کہ آپ فرماتے ہیں کہ جو شخص میری قبر کے نزدیک سے مجھ پر سلام کرے تو میں خود سنتا ہوں اور جو دور سے کرے تو وہ مجھ تک پہنچ جاتا ہے۔ (کامل الزیارات)

(۳) حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ تم آنحضرت ﷺ کی قبر کے پاس آپ پر صلوات بھیجو۔ اگرچہ اہل ایمان جہاں کہیں بھی ہوں ان کی صلوات آپ تک پہنچ جاتی ہے۔ (الکافی)

## حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مختلف زیارات اور ان کی کیفیت کا بیان

واضح رہے کہ حضرات ائمہ طاہرین علیہم السلام سے حضرت رسول خدا ﷺ کی مختلف زیارات منقول ہیں۔ ہم ان میں سے چند زیارات کے ذکر کرنے کی سعادت حاصل کرتے ہیں۔



(۱) ابن ابی نصر بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت امام رضا علیہ السلام کی خدمت میں عرض کیا کہ ہم کس طرح حضرت رسول خدا ﷺ پر درود وسلام بھیجیں (یعنی کس طرح زیارت کریں)۔ فرمایا: کہو

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہُ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا

یا رسول اللہ! آپ پر (خدا کا) سلام اور اس کی رحمت اور اس کی برکتیں نازل ہوں۔ یا محمد بن

مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا خِیَرَۃَ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا حَبِیْبَ اللّٰہِ

عبداللہ! آپ پر اللہ کا سلام اے اللہ کے برگزیدہ نبیؐ آپ پر اللہ کا سلام اے اللہ کے حبیب آپ پر اللہ کا سلام

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا صِفْوَۃَ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا اَمِیْنَ اللّٰہِ اَشْھَدُ اَنَّکَ رَسُوْلُ اللّٰہِ

اور اے اللہ کے منتخب بندے آپ پر اللہ کا سلام اے اللہ کے امین آپ پر اللہ کا سلام، میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ اللہ کے پیغامبر ہیں

وَ اَشْھَدُ اَنَّکَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ وَ اَشْھَدُ اَنَّکَ قَدْ نَصَحْتَ لِاُمَّتِکَ

اور میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ محمد بن عبداللہ ہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ نے اپنی امت کو نصیحت کی ہے

وَ جَاهَدْتَ فِي سَبِيلِ رَبِّكَ وَ عَبَدْتَهُ حَتَّى أَتَاكَ الْيَقِينُ فَجَزَاكَ اللّٰهُ

اور اپنے پروردگار کے راستہ میں جہاد کیا ہے اور اپنی موت کے آنے تک اس کی عبادت کی ہے یا رسول اللہ! اللہ آپ کو بہترین جزا دے

يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَفْضَلَ مَا جَزَى نَبِيًّا عَنْ أُمَّتِهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ

جو وہ کسی نبی کو اس کی امت کی طرف سے دیتا ہے اے اللہ سرکار محمدؐ و آل محمدؐ پر درود و سلام

وَ آلِ مُحَمَّدٍ أَفْضَلَ مَا صَلَّيْتَ عَلَى اِبْرَاهِيمَ وَ آلِ اِبْرَاهِيمَ اِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ۔

نازل فرما افضل ترین درود وسلام جو تو نے جناب ابراہیمؑ اور ان کی آل پر نازل فرمایا ہے بے شک تو حمید و مجید ہے۔

(۲) وہ زیارت پڑھی جائے جو بروایت ابن عمار حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ اس ستون کے پاس قبلہ رخ اس طرح کھڑا ہو کر جو قبر مقدس کے دائیں طرف ہے کہ اس کا دایاں کندھا منبر کی طرف اور بایاں کندھا قبر مقدس کی طرف ہو جو کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ کے سر اقدس کا مقام ہے۔ زیارت یہ ہے:

﴿اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ وَ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَ رَسُولُهُ



میں گواہی دیتا ہوں کہ نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے وہ یکتا ہے کوئی اس کا ساجھی نہیں گواہی دیتا ہوں کہ محمدؐ اس کے بندے و رسول ہیں

وَ اَشْهَدُ اَنَّكَ رَسُولُ اللّٰهِ وَ اَنَّكَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ وَ اَشْهَدُ اَنَّكَ قَدْ بَلَّغْتَ رِسَالَاتِ

اور گواہی دیتا ہوں کہ آپ اللہ کے رسول ہیں اور آپ محمدؐ بن عبداللہ ہیں گواہی دیتا ہوں کہ آپ نے اپنے رب کے احکام

رَبِّكَ وَ نَصَحْتَ لِاُمَّتِكَ وَ جَاهَدْتَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَ عَبَدْتَ اللّٰهَ حَتّٰى اَتَاكَ الْيَقِينُ

لوگوں تک پہنچائے اپنی امت کو نصیحت فرمائی آپ نے خدا کی راہ میں اچھی طرح جہاد کیا اور اللہ تعالیٰ کی عبادت کی یہاں تک کہ آپ کو

بِالْحِكْمَةِ وَ الْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَ اَدَّيْتَ الَّذِي عَلَيْكَ مِنَ الْحَقِّ وَ اَنَّكَ قَدْ رَؤُفْتَ

اپنی پُر حکمت تبلیغ اور بہترین پند و نصیحت پر اطمینان ہوگیا اور حق سے متعلق اپنی ہر ذمہ داری نبھائی بے شک آپ مومنوں کے

بِالْمُؤْمِنِينَ وَ غَلُظْتَ عَلَى الْكَافِرِينَ فَبَلَّغَ اللّٰهُ بِكَ اَفْضَلَ شَرَفِ مَحَلِّ الْمُكَرَّمِينَ

ساتھ نرم خو اور کافروں کے لیے سخت و شدید رہے پس خدا نے آپ کو عزت تکریم کے بلند مقام پر پہنچا دیا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي اسْتَنْقَذَنَا بِكَ مِنَ الشِّرْكِ وَ الضَّلَالَةِ اَللّٰهُمَّ فَاجْعَلْ

حمد ہے اس خدا کی جس نے ہم لوگوں کو آپ کے وسیلے سے شرک اور گمراہی سے بچایا ہے اے معبود! قرار دے

صَلَوَاتِکَ وَ صَلَوَاتِ مَلَائِکَتِکَ الْمُقَرَّبِیْنَ وَ اَنْبِیَائِکَ الْمُرْسَلِیْنَ وَ عِبَادِکَ الصَّالِحِیْنَ

اپنی رحمتیں اور اپنے تمام مقرب فرشتوں اپنے بھیجے ہوئے سارے نبیوں اپنے سارے نیک بندوں

وَ اَهْلِ السَّمٰوَاتِ وَ الْاَرَضِیْنَ وَ مَنْ سَبَّحَ لَکَ یَا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ مِنَ الْاَوَّلِیْنَ وَالْآخِرِیْنَ

کہ جو آسمان والوں اور زمین والوں میں ہیں اور جو تیری تسبیح کرتے ہیں اے جہانوں کے رب پہلوں اور پچھلوں میں

عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَ رَسُوْلِکَ وَ نَبِیِّکَ وَ اَمِیْنِکَ وَ نَجِیْبِکَ وَ حَبِیْبِکَ

سب کی طرف سے درود قرار دے محمدؐ پر جو تیرے بندہ و رسول تیرے نبی تیرے امانتدار تیرے رازدار تیرے دوست

وَ صَفِیِّکَ وَ خَاصَّتِکَ وَ صِفْوَتِکَ وَ خِیَرَتِکَ مِنْ خَلْقِکَ اَللّٰهُمَّ اَعْطِهِ الدَّرَجَةَ

تیرے چنے ہوئے تیرے خاص کردہ تیرے منتخب اور تیری مخلوق میں تیرے پسندیدہ ہیں اے معبود! آنحضرتؐ کو اونچا درجہ

الرَّفِیْعَةَ وَ آتِهِ الْوَسِیْلَةَ مِنَ الْجَنَّةِ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَحْمُوْدًا یَغْبِطُهُ بِهِ الْاَوَّلُوْنَ وَ الْآخِرُوْنَ

عطا فرما ان کو جنت کی طرف وسیلہ بنا اور انہیں مقام محمود پر فائز فرما کہ جس پر سبھی پہلے اور پچھلے رشک کریں

اَللّٰهُمَّ اِنَّکَ قُلْتَ ﴿وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَلَمُوْا اَنْفُسَهُمْ جَاؤُکَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ



اے معبود! یقینا تو نے کہا ہے اور اگر وہ خود پر ستم کر بیٹھے تھے تو تیرے پاس آتے پھر وہ اللہ تعالیٰ سے بخشش طلب کرتے

وَ اسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَحِیْمًا﴾ وَ اِنِّیْ اَتَیْتُکَ مُسْتَغْفِرًا

اور رسول بھی ان کے لیے بخشش طلب کرتا تو ضرور وہ اللہ کو توبہ قبول کرنے والا مہربان پاتے ہمیں آپ کے حضور بخشش کا سوالی ہو کر آیا ہوں

تَائِبًا مِنْ ذُنُوْبِیْ وَ اِنِّیْ اَتَوَجَّهُ بِکَ اِلَی اللّٰهِ رَبِّیْ وَ رَبِّکَ لِیَغْفِرَلِیْ ذُنُوْبِیْ

گناہوں سے توبہ کرتا ہوا بے شک میں آپ کے ذریعے اپنے اور آپ کے پروردگار کے سامنے آیا ہوں تا کہ وہ میرے گناہ بخش دے۔

اگر زائر کوئی حاجت طلب کرنا چاہے تو اس طرح قبلہ رخ ہو کر کہ قبر مبارک اس کے کندھے کے پیچھے ہو ہاتھ بلند کر کے طلب کرے کہ پوری ہوگی انشاء اللہ۔ (مصباح شیخ طوسیؒ)

(۳) ابراہیم بن ابو البلاد بیان کرتے ہیں کہ حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے مجھ سے فرمایا کہ تم حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ کی زیارت کس طرح کرتے ہو؟ راوی نے عرض کیا کہ جو کچھ میں جانتا ہوں اور جس طرح ہم تک روایت پہنچی ہے! فرمایا: کیا میں تمہیں وہ طریقہ تعلیم نہ دوں جو اس سب سے بہتر ہے؟ عرض کیا: ضرور! پس

امام علیہ السلام نے اپنے خط مبارک سے مجھے یہ زیارت لکھ کر دی کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قبر مقدس کے پاس جاؤ تو کہو:

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰـهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَـهٗ وَ اَشْهَـدُ اَنَّكَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی الہ نہیں ہے وہ واحد ہے اس کا کوئی شریک نہیں ہے اور میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ محمد بن عبداللہ ہیں

وَ اَشْهَـدُ اَنَّكَ خَـاتَـمُ الـنَّبِيِّيْـنَ وَ اَشْهَـدُ اَنَّكَ قَـدْ بَـلَّـغْـتَ رِسَـالَـتَـهٗ رَبِّكَ

اور میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ تمام نبیوں کے ختم کرنے والے ہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ نے اپنے پروردگار کا پیغام پہنچا دیا ہے

وَ نَصَحْتَ لِاُمَّتِكَ وَ جَاهَدْتَ فِيْ سَبِيْلِ رَبِّكَ وَ عَبَدْتَهٗ حَتّٰى اَتَاكَ الْيَقِيْنُ وَ اَدَّيْتَ الَّذِيْ

اور اپنی امت کو نصیحت کی ہے اور اپنے پروردگار کے راستہ میں جہاد کیا ہے اور اپنی موت کے آنے تک اس کی عبادت کی ہے اور آپ کے

عَلَيْكَ مِنَ الْحَقِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ رَسُوْلِكَ وَ نَجِيْبِكَ وَ اَمِيْنِكَ

ذمہ جو حق تھا وہ آپ نے ادا کر دیا ہے اے اللہ! اپنے بندۂ خاص، اپنے رسول، اپنے نجیب، اپنے امین

وَ صَفِيِّكَ وَ خِيَرَتِكَ مِنْ خَلْقِكَ اَفْضَلَ مَا صَلَّيْتَ عَلٰى اَحَدٍ مِنْ اَنْبِيَائِكَ وَ رُسُلِكَ



اور ساری مخلوق سے برگزیدہ شخصیت حضرت محمدؐ پر درود و سلام بھیج افضل ترین درود و سلام جو تو اپنے انبیاء و مرسلین پر بھیجتا ہے

اَللّٰهُمَّ سَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَ اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا سَلَّمْتَ عَلٰى نُوْحٍ فِي الْعَالَمِيْنَ وَامْنُنْ عَلٰى

اے اللہ! حضرت محمدؐ اور ان کی آل پر اس طرح سلام بھیج جس طرح تو نے عالمین میں سے جناب نوحؑ پر بھیجا ہے اور حضرت محمدؐ اور

مُحَمَّدٍ وَ اٰلِ مُحَـمَّـدٍ كَمَا مَنَنْتَ عَلٰى مُوْسٰى وَ هَارُوْنَ وَ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَ اٰلِ

ان کی آلؑ پر اس طرح احسان کر جس طرح تو نے جناب موسیٰؑ و ہارونؑ پر احسان کیا تھا اور اے اللہ! حضرت محمدؐ اور ان کی آلؑ پر

مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَ اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

اس طرح برکت نازل کر جس طرح تو نے جناب ابراہیمؑ اور ان کی آل پر برکت نازل کی بے شک تو حمید و مجید ہے اے اللہ! محمدؐ و آل محمدؐ

عَلٰى وَ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَ تَرَحَّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَ اٰلِ مُحَمَّدٍ اَللّٰهُمَّ رَبَّ الْبَيْتِ الْحَرَامِ

پر درود و سلام بھیج اور ان پر رحمت نازل فرما اے اللہ! اے بیت الحرام

وَ رَبَّ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَ رَبَّ الرُّكْنِ وَ الْمَقَامِ وَ رَبَّ الْبَلَدِ الْحَرَامِ

اور مسجد الحرام کے پروردگار، رکن و مقام کے پروردگار، بلد الحرام کے پروردگار

وَ رَبَّ الْحِلِّ وَ الْحَرَامِ بَلِّغْ رُوْحَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ مِنِّی السَّلَامَ

اور حل و حرام کے پروردگار! حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ کی روح کو میری طرف سے سلام پہنچا۔

(۴) وہ زیارت پڑھی جائے جو بزنطی نے حضرت امام رضاؑ سے نقل کی ہے کہ پیغمبر اسلام ﷺ کی قبر اقدس کے پاس پڑھی جائے:

﴿اَلسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اٰلِهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَکَاتُهُ

حضرت رسول اللہؐ پر درود و سلام ہو۔ آپ پر درود و سلام اور اس کی رحمت اور برکتیں ہوں

اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ يَا مُحَمَّدُ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ

اے رسول خدا! آپ پر درود و سلام! یا محمد بن عبداللہؑ! آپ پر درود و سلام

يَا خِيَرَةَ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ يَا حَبِيْبَ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ يَا صَفْوَةَ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ

اے اللہ کے برگزیدہ نبی آپ پر درود و سلام، اے حبیب خدا آپ پر درود و سلام، اے اللہ کے منتخب بندے آپ پر درود و سلام



يَا اَمِيْنَ اللّٰهِ اَشْهَدُ اَنَّکَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَ اَشْهَدُ اَنَّکَ مُحَمَّدُ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ وَ اَشْهَدُ اَنَّکَ

اے اللہ کے امین آپ پر اللہ کا سلام، میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ اللہ کے رسول ہیں اور گواہی دیتا ہوں کہ آپ محمد بن عبداللہ ہیں اور گواہی

قَدْ نَصَحْتَ لِاُمَّتِکَ وَ جَاهَدْتَ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ عَبَدْتَهُ مُخْلِصًا حَتّٰی اَتَاکَ

دیتا ہوں کہ آپ نے اپنی امت کو نصیحت کی ہے اور اللہ کی راہ میں جہاد کیا ہے اور اخلاص کے ساتھ اللہ کی عبادت کی ہے یہاں تک کہ آپ کو

الْيَقِيْنُ فَجَزَاکَ اللّٰهُ اَفْضَلَ مَا جَزٰی نَبِيًّا عَنْ اُمَّتِهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَ اٰلِ مُحَمَّدٍ

موت آگئی ہے پس اللہ آپ کو وہ بہترین جزا دے جو کسی نبی کو اس کی امت کی طرف سے دیتا ہے اے اللہ سرکار محمدؐ و آل محمدؐ پر افضل ترین

اَفْضَلَ مَا صَلَّيْتَ عَلٰی اِبْرَاهِيْمَ وَ اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّکَ حَمِيْدٌ مَجِيْدٌ﴾ (کتاب الدعا والزیارہ)

درود و سلام نازل کر جو تو نے جناب ابراہیمؑ اور ان کی آل پر نازل کیا ہے بے شک تو حمید و مجید ہے۔

## پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے الوداع کی دعا

یونس نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ میں جب حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے وداع کرنا چاہوں تو کیا کہوں؟ فرمایا: یوں کہہ:

﴿اَللّٰھُمَّ لاَ تَجْعَلْہُ آخِرَ الْعَھْدِ مِنْ زِیَارَۃِ قَبْرِ نَبِیِّکَ فَاِنْ تَوَفَّیْتَنِیْ

اے اللہ اس زیارت کو اپنے نبی کی قبر مقدس کی آخری زیارت قرار نہ دے اور اگر تو نے مجھے اس سے پہلے وفات

قَبْلَ ذٰلِکَ فَاِنِّیْ اَشْھَدُ فِیْ مَمَاتِیْ عَلٰی مَا اَشْھَدُ عَلَیْہِ فِیْ حَیَاتِیْ اَنْ لاَ اِلٰہَ اِلاَّ اَنْتَ

دے دی تو میں مر کر بھی وہی گواہی دوں گا جو زندگی میں دیتا رہا ہوں کہ تیرے سوا اور خدا کوئی نہیں ہے

وَ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُکَ وَ رَسُوْلُکَ﴾ (ایضاً)

اور حضرت محمدؐ تیرے عبد خاص اور رسول ہیں۔

## فصل دوم

# صدیقۂ کبریٰ انسیہ حوراء حضرت فاطمہ زہرا علیہا السلام کی زیارت کی فضیلت اور اس کی کیفیت کا بیان

(۱) حضرت سیدہ نساء العالمین علیہا السلام کی زیارت کی بڑی فضیلت وارد ہوئی ہے چنانچہ عبد الملک اپنے باپ سے اور وہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں۔ ان کا بیان ہے کہ ایک بار میں حضرت سیدہ عالمؑ کی بارگاہ میں حاضر ہوا تو بی بیؑ نے سلام کرنے میں پہل فرمائی اور مجھ سے آنے کا سبب پوچھا؟ عرض کیا کہ خیر و برکت کی طلب کے لیے حاضر ہوا ہوں! اس پر مخدومہ نے فرمایا کہ میں نے اپنے والد ماجد سے سنا ہے کہ فرما رہے تھے کہ جو شخص تین دن تک مجھ پر اور تجھ پر سلام کرے خدا اس کے لیے جنت کو واجب قرار دے دیتا ہے۔ راوی نے عرض کیا کہ آیا یہ بات آنحضرتؐ اور آپؑ کی زندگی تک ہے یا بعد میں بھی ہے؟ فرمایا: بلکہ ہماری موت کے بعد بھی ہے۔ (کتاب الدعاء والزیارہ للشیرازیؒ)

(۲) حضرت امیرؑ بیان کرتے ہیں کہ حضرت فاطمہ زہرا علیہا السلام نے فرمایا کہ میرے والد حضرت رسول خداؐ نے مجھ سے فرمایا: ﴿**یا فاطمہ من صلی علیک غفر اللّٰہ لہ و الحقہ بی حیث کنت من الجنۃ**﴾ اے فاطمہ! جو شخص تم پر درود و سلام بھیجے گا خدا اسے بخش دے گا اور اسے میرے ساتھ جنت میں شامل کرے گا میں جنت میں جہاں بھی ہوں گا۔ (ایضاً) یہاں مخدومۂ کائناتؑ کی دو زیارتیں پیش کی جاتی ہیں:

(۱) ایک وہ زیارت ہے جو حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے اپنے اصحاب کو تعلیم دی تھی کہ جب اس معصومہ و مظلومہؑ کے مزار پر جاؤ تو یوں کہو:

﴿**یَا مُمْتَحَنَةُ امْتَحَنَكِ اللّٰهِ الَّذِي خَلَقَكِ قَبْلَ اَنْ يَخْلُقَكِ فَوَجَدَكِ لِمَا امْتَحَنَكِ صَابِرَةً**

اے آزمائی گئیں تجھے آزمایا اس اپنے جس نے آپ کو پیدا کیا اس سے پہلے کہ آپ کو ظاہر کرتا پس اس نے آپ کو آزمائش میں صبر کرنے

وَ زَعَمْنَا اَنَّا لَکِ اَوْلِیَاءُ وَ مُصَدِّقُوْنَ وَ صَابِرُوْنَ لِکُلِّ مَا اَتَانَا بِهِ اَبُوکِ

والی پایا اور ہم سمجھتے ہیں کہ ہم آپ کے محبّ ماننے والے اور معتقد ہیں ہر اس تعلیم میں جو آپ کے بابا جان صلی اللہ علیہ

صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ آلِهِ وَ سَلَّمَ وَ اَتَیٰ بِهِ وَصِیُّهُ، فَاِنَّا نَسْأَلُکِ اِنْ کُنَّا صَدَّقْنَاکِ

وآلہ اور ان کے وصی سے ہمیں ملی خدا کی رحمت ہو ان پر اور ان کی آل پر پس ہم سوال کرتے ہیں آپ سے کہ اگر ہم آپ کے مخلص ہیں تو

اِلَّا اَلْحَقْتِنَا بِتَصْدِیْقِنَا لَهُمَا لِنُبَشِّرَ اَنْفُسَنَا بِاَنَّا قَدْ طَهُرْنَا بِوِلَایَتِکِ۔ (مصباح شیخ طوسی)

ہمارے اسی اعتقاد کے ساتھ ہمیں ان دونوں تک پہنچا ئیں تا کہ ہم خوش ہوں کہ آپ کی ولایت کے ذریعے ہم پاک ہو گئے۔

(۲) جناب شیخ طوسیؒ نے مخدومہ کی یہ زیارت بھی درج کی ہے:

اَلسَّلَامُ عَلَیْکِ یَا بِنْتَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکِ یَا بِنْتَ نَبِیِّ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکِ یَا

سلام ہو آپ پر اے خدا کے رسولؐ کی دختر سلام ہو آپ پر اے اللہ کے نبی کی بیٹی سلام ہو آپ پر اے

بِنْتَ حَبِیْبِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکِ یَا بِنْتَ خَلِیْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکِ یَا بِنْتَ صَفِیِّ اللّٰهِ

اللہ کے حبیب کی دختر سلام ہو آپ پر اے خدا کے دوست کی دختر سلام ہو آپ پر اے خدا کے برگزیدہ کی دختر

اَلسَّلَامُ عَلَیْکِ یَا بِنْتَ اَمِیْنِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکِ یَا بِنْتَ خَیْرِ الْخَلْقِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکِ

سلام ہو آپ پر اے اللہ کی وحی کے امین کی دختر سلام ہو آپ پر اے مخلوق میں بہترین کی دختر سلام ہو آپ پر

یَا بِنْتَ اَفْضَلِ اَنْبِیَاءِ اللّٰهِ وَ رُسُلِهِ وَ مَلَائِکَتِهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکِ یَا بِنْتَ خَیْرِ الْبَرِیَّةِ

اے نبیوں رسولوں اور فرشتوں سے برتر ہستی کی دختر سلام ہو آپ پر اے خلق میں بہترین کی دختر

اَلسَّلَامُ عَلَیْکِ یَا سَیِّدَةَ نِسَاءِ الْعَالَمِیْنَ مِنَ الْاَوَّلِیْنَ وَ الْاٰخِرِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکِ یَا زَوْجَةَ

سلام ہو آپ پر اے جہان میں پہلی پچھلی سبھی عورتوں کی سیدہ و سردار سلام ہو آپ پر اے خدا کے ولی

وَلِیِّ اللّٰهِ وَ خَیْرِ الْخَلْقِ بَعْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکِ یَا اُمَّ الْحَسَنِ وَ الْحُسَیْنِ سَیِّدَیْ

کی زوجہ جو رسولؐ کے بعد ساری مخلوق میں بہترین ہیں سلام ہو آپ پر اے اے حسنؑ و حسینؑ کی والدہ جو

شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکِ اَیَّتُهَا الصِّدِّیْقَةُ الشَّهِیْدَةُ اَلسَّلَامُ عَلَیْکِ اَیَّتُهَا

جنت کے جوانوں کے سردار ہیں سلام ہو آپ پر کہ آپ صدیقہ و شہیدہ ہیں سلام ہو آپ پر کہ آپ

اَلرَّضِيَّةُ الْمَرْضِيَّةُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ اَيَّتُهَا الْفَاضِلَةُ الزَّكِيَّةُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ اَيَّتُهَا

خدا سے راضی خدا آپ سے راضی ہے سلام ہو آپ پر کہ آپ فضیلت والی پاکیزہ ہیں سلام ہو آپ پر کہ آپ

الْحُوْرَآءُ الْاِنْسِيَّةُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ اَيَّتُهَا التَّقِيَّةُ النَّقِيَّةُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ اَيَّتُهَا

نوع انسانی میں حور صفت ہیں سلام ہو آپ پر اے پرہیزگار پاکباز سلام ہو آپ پر اے

الْمُحَدَّثَةُ الْعَلِيْمَةُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ اَيَّتُهَا الْمَظْلُوْمَةُ الْمَغْصُوْبَةُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ

وحی کی رازداں علم و دانش والی سلام ہو آپ پر اے بی بی جس پر ظلم ہوا جس کا حق چھینا گیا سلام ہو آپ پر

اَيَّتُهَا الْمُضْطَهَدَةُ الْمَقْهُوْرَةُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا فَاطِمَةُ بِنْتَ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ

کہ آپ نے تنگی پائی حاکموں کا قہر دیکھا سلام ہو آپ پر اے اللہ کے رسولؐ کی دختر فاطمہ زہراؑ آپ پر اللہ کی رحمت و

وَ بَرَكَاتُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكِ وَ عَلٰى رُوْحِكِ وَ بَدَنِكِ اَشْهَدُ اَنَّكِ مَضَيْتِ عَلٰى بَيِّنَةٍ

برکات ہوں خدا رحمت فرمائے آپ پر اور آپ کی روح اور آپ کے جسم پر گواہی دیتا ہوں کہ آپ خدا کی طرف روشن دلیل پر

مِنْ رَبِّكِ وَ اَنَّ مَنْ سَرَّكِ فَقَدْ سَرَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ وَ مَنْ جَفَاكِ فَقَدْ جَفَا

گزری ہیں گواہی دیتا ہوں جس نے آپ کو خوش کیا اس نے خوش کیا رسول اللہؐ کو خدا رحمت کرے ان پر اور ان کی آل پر اور جس نے آپ

رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ وَ مَنْ اٰذَاكِ فَقَدْ اٰذٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ

پر ستم کیا اس نے ستم کیا رسول اللہ پر اور خدا رحمت کرے ان پر اور ان کی آل پر اور جس نے آپ کو ستایا اس نے رسول اللہ کو ستایا خدا کی رحمت

وَ مَنْ وَصَلَكِ فَقَدْ وَصَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ وَ مَنْ قَطَعَكِ فَقَدْ

ہو ان پر جو آپ کے ساتھ ہوا وہ رسول اللہ کے ساتھ ہوا خدا کی رحمت ہو ان پر اور ان کی آل پر اور جو آپ سے کترایا وہ رسول اللہؐ سے کترایا

قَطَعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ لِاَنَّكِ بِضْعَةٌ مِّنْهُ وَ رُوْحُهُ الَّذِىْ بَيْنَ جَنْبَيْهِ

خدا کی رحمت ہو ان پر اور ان کی آل پر اس لیے کہ آپ ان کی گوشۂ جگر اور ان کی روح ہیں جو ان کے بدن میں ہے گواہ کرتا ہوں اللہ کو اس

اُشْهِدُ اللّٰهَ وَ رُسُلَهُ وَ مَلٰٓئِكَتَهُ اَنِّىْ رَاضٍ عَمَّنْ رَضِيْتِ عَنْهُ سَاخِطٌ عَلٰى مَنْ

کے رسولوں اور فرشتوں کو کہ میں خوش ہوں اس سے جس سے آپ خوش ہیں اور خفا ہوں اس سے جس سے آپ خفا ہیں الگ ہوں اس سے

سَخِطْتِ عَلَيْهِ مُتَبَرِّءٌ مِّمَّنْ تَبَرَّأْتِ مِنْهُ مُوَالٍ لِّمَنْ وَالَيْتِ مُعَادٍ لِّمَنْ عَادَيْتِ مُبْغِضٌ

جس سے آپ الگ ہیں ساتھی ہوں اس کا آپ جس کے ساتھ ہوں دشمن ہوں اس کا جو آپ کا دشمن ہے نفرت کرتا ہوں اس سے جس سے

لِمَنْ اَبْغَضْتِ مُحِبٌّ لِمَنْ اَحْبَبْتِ وَ کَفٰی بِاللّٰہِ شَہِیْدًا وَّ حَسِیْبًا وَ جَازِیًا وَ مُثِیْبًا﴾۔

آپ کو نفرت ہے چاہتا ہوں اسے جس کو آپ چاہتی ہیں اور کافی ہے اللہ گواہی میں جو حساب لینے والا اور سزا دینے والا اور جزا دینے والا ہے

اس کے بعد سرکار محمد و آل محمد علیہم السلام پر درود و سلام بھیجے۔ (ایضاً)

## حضرت سیدہؑ کی قبر مقدس کی تعیین کا معاملہ؟

یہ بات قدیم الایام سے معرکۃ الآراء چلی آرہی ہے کہ مخدومہ کائنات کی قبر مبارک کہاں ہے؟

(۱) جو قول عوام میں مشہور ہے وہ یہ ہے کہ بی بیؑ جنت البقیع میں دفن ہیں۔ حالانکہ یہ بات درست نہیں ہے۔ وہاں جو مزار ہے وہ حضرت فاطمہ بنت اسد والدہ حضرت امیر علیہ السلام کا ہے۔

(۲) دوسرا قول یہ ہے کہ بی بیؑ روضۂ رسولؐ اور منبر کے درمیان دفن ہیں جبکہ اس قول کی بھی کوئی سند نہیں ہے۔

(۳) تیسرا اور مستند قول یہ ہے کہ بی بیؑ اپنے گھر میں دفن ہیں جبکہ پیغمبر اسلام ﷺ اپنے حجرہ میں مدفون ہیں جو کہ باہم قریب تھے۔ اور جب روضۂ رسولؐ کی توسیع کی گئی تو بی بیؑ کی قبر بھی روضۂ رسولؐ میں داخل ہوگئی۔ لہٰذا تحقیقی قول یہ ہے کہ اس وقت بی بیؑ کی قبر روضۂ رسولؐ کے اندر ہی ہے لہٰذا وہیں آپؑ کی زیارت کرنی اور پڑھنی چاہیے واللہ العالم و العاصم۔

## فصل سیوم و چهارم و پنجم و ششم

## ائمہ بقیع یعنی حضرت امام حسن مجتبیٰ و حضرت امام علی زین العابدین و حضرت امام محمد باقر اور حضرت امام جعفر صادق علیہم السلام کی زیارات مقدسہ کی فضیلت اور اس کی کیفیت کا بیان

(۱) وشاء حضرت امام رضا علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں، فرمایا: ہر امامؑ کا اپنے دوستوں اور شیعوں کی گردن پر ایک عہد و پیمان ہوتا ہے اور اس عہد و پیمان کی تکمیل ان کے قبورِ مقدسہ کی زیارت کرنے سے ہوتی ہے تو جو بندۂ مؤمن خلوص نیت کے ساتھ ان کی زیارت کرے گا تو ائمہ اطہار علیہم السلام قیامت کے دن اس کے شفیع ہوں گے۔ (کتاب الدعا و الزیارہ)



(۲) ابو شہاب روایت کرتے ہیں کہ حضرت امام حسین علیہ السلام نے اپنے جد امجد حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا: بابا جان! جو شخص آپ کی زیارت کرے اس کے لیے کیا اجر و ثواب ہے؟ فرمایا: جو شخص میری حیات میں یا میری ممات کے بعد میری زیارت کرے یا تمہارے باپ یا بھائی یا تمہاری زیارت کرے گا تو مجھ پر لازم ہوگا کہ قیامت کے دن میں اس کی زیارت کروں اور اس کے گناہوں سے اس کی گلوخلاصی کراؤں۔ (ایضاً)

(۳) جناب شیخ مفید علیہ الرحمہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں، فرمایا: جو شخص کسی امام مفترض الطاعہ کی زیارت کرے اور ان کے پاس چار رکعت (بدو سلام) پڑھے تو اسے حج و عمرہ کا ثواب ملتا ہے۔ (ایضاً)

## ان ائمہ اربعہؑ کی زیارت کی کیفیت کا بیان

ان ذوات مقدسہ کی دو زیارتیں منقول ہیں جو ذیل میں درج کی جاتی ہیں:

(۱) عمرو بن ہاشم بعض معصومین علیہم السلام سے نقل کرتے ہیں، فرمایا: جب ائمہ بقیع کی قبور مقدسہ کی زیارت کے لیے جاؤ تو یوں کہو:

﴿اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ آئِمَّةَ الْهُدٰى اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَهْلَ التَّقْوٰى اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَيُّهَا

سلام ہو آپ پر اے ہدایت دینے والے ائمہ سلام ہو آپ پر اے صاحبانِ تقویٰ سلام ہو آپ پر جو دنیا والوں

الْحُجَجُ عَلٰى اَهْلِ الدُّنْيَا اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَيُّهَا الْقُوَّامُ فِي الْبَرِيَّةِ بِالْقِسْطِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ

کے لیے خدا کی حجتیں اور دلیلیں ہو سلام ہو آپ پر جو مخلوقات میں عدل و انصاف قائم کرنے والے ہو سلام ہو آپ پر اے

اَهْلَ الصَّفْوَةِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اٰلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَهْلَ النَّجْوٰى اَشْهَدُ اَنَّكُمْ

صاحبانِ صفا سلام ہو آپ پر جو رسول اللہ کی آل پاک ہو سلام ہو آپ پر جو خدا کے رازداں ہو میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ

قَدْ بَلَّغْتُمْ وَ نَصَحْتُمْ وَ صَبَرْتُمْ فِيْ ذَاتِ اللّٰهِ وَ كُذِّبْتُمْ وَ اُسِيْءَ اِلَيْكُمْ فَغَفَرْتُمْ وَ اَشْهَدُ

سب نے بہترین تبلیغ کی اور نصیحت فرمائی آپ نے خدا کی راہ میں صبر کیا جب آپ کو جھٹلایا گیا اور آپ نے درگزر کی جب آپ کی توہین

اَنَّكُمُ الْاَئِمَّةُ الرَّاشِدُوْنَ الْمُهْتَدُوْنَ وَ اَنَّ طَاعَتَكُمْ مَفْرُوْضَةٌ وَّ اَنَّ قَوْلَكُمُ الصِّدْقُ

کی گئی اور میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ سب ہدایت یافتہ و ہدایت دینے والے امام ہیں یقیناً آپ کی اطاعت واجب ہے اور آپ کا قول

وَ اَنَّكُمْ دَعَوْتُمْ فَلَمْ تُجَابُوْا وَ اَمَرْتُمْ فَلَمْ تُطَاعُوْا وَ اَنَّكُمْ دَعَآئِمُ الدِّيْنِ وَ اَرْكَانُ الْاَرْضِ

مبنی برحق ہے بے شک آپ نے پکارا لوگوں نے اطاعت نہ کی اور آپ نے حکم دیا انہوں نے عمل نہ کیا بہ تحقیق آپ سب دین کے ستون اور

لَمْ تَزَالُوْا بِعَيْنِ اللّٰهِ يَنْسَخُكُمْ مِّنْ اَصْلَابِ كُلِّ مُطَهَّرٍ وَّ يَنْقُلُكُمْ مِّنْ اَرْحَامِ الْمُطَهَّرَاتِ

زمین کے پائے ہیں خدا کی نگہداری میں آپ سب پاک و طاہر پشتوں سے پاک و پاکیزہ رحموں کے سوا کہیں منتقل نہیں ہوئے ہیں

لَمْ تُدَنِّسْكُمُ الْجَاهِلِيَّةُ الْجَهْلَآءُ وَلَمْ تَشْرَكْ فِيْكُمْ فِتَنُ الْاَهْوَآءِ طِبْتُمْ وَ طَابَ مَنْبَتُكُمْ

آپ جاہلوں کی جاہلیت سے آلودہ نہیں ہوئے اور خواہشوں کے فتنے آپ پر اثر نہیں ڈال سکے آپ پاک آپ کی اصل پاک

مَنَّ بِكُمْ عَلَيْنَا دَيَّانُ الدِّيْنِ فَجَعَلَكُمْ فِيْ بُيُوْتٍ اَذِنَ اللّٰهُ اَنْ تُرْفَعَ وَ يُذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ

جزا دینے والے نے آپ کے ذریعے ہم پر احسان کیا پس اس نے آپ کو ان گھروں میں بھیجا جن کو خدا نے بلند کیا ان میں اس کا ذکر ہوتا

وَ جَعَلَ صَلٰوتَنَا عَلَيْكُمْ رَحْمَةً لَّنَا وَ كَفَّارَةً لِّذُنُوْبِنَآ اِذِ اخْتَارَكُمُ اللّٰهُ لَنَا وَ طَيَّبَ خَلْقَنَا

ہے اور ہمارا درود آپ کے لیے قرار دیا جو ہمارے لیے رحمت ہے اور ہمارے گناہوں کا کفارہ ہے کہ خدا نے آپ کو ہمارے لیے چنا آپ کی

بِمَا مَنَّ عَلَيْنَا مِنْ وِّلَايَتِكُمْ وَ كُنَّا عِنْدَهٗ مُسَمِّيْنَ بِعِلْمِكُمْ مُعْتَرِفِيْنَ بِتَصْدِيْقِنَآ اِيَّاكُمْ وَ

ولایت سے ہماری پیدائش کو پاک کیا اور ہم پر احسان کیا ہے آپ کے علم کا اعتراف اور تصدیق کرنے سے ہم اس کے ہاں قابلِ ذکر ہوگئے

هٰذَا مَقَامُ مَنْ اَسْرَفَ وَ اَخْطَاَ وَاسْتَكَانَ وَ اَقَرَّ بِمَا جَنٰى وَ رَجٰى بِمَقَامِهِ الْخَلَاصَ وَ اَنْ

ہیں اور اب اس حرم میں وہ شخص آیا کھڑا ہے جو گنہگار خطا کار اور مسکین ہے اپنے گناہوں کا اقراری ہے اس جگہ اپنی نجات کا امیدوار ہے اور

يَسْتَنْقِذَهُ بِكُمْ مُسْتَنْقِذُ الْهَلْكٰى مِنَ الرَّدٰى فَكُوْنُوْا لِيْ شُفَعَآءَ فَقَدْ وَفَدْتُ اِلَيْكُمْ اِذْ

چاہتا ہے کہ آپ کی شفاعت سے خدا اس کو ہلاکت و بربادی سے بچائے پس آپ سب میرے شفیع بن جائیں میں آپ کی بارگاہ میں اس

رَغِبَ عَنْكُمْ اَهْلُ الدُّنْيَا وَ اتَّخَذُوْٓا اٰيَاتِ اللّٰهِ هُزُوًا وَّاسْتَكْبَرُوْا عَنْهَا يَا مَنْ هُوَ قَآئِمٌ لَّا

وقت آیا ہوں جب دنیا والے آپ سے منہ موڑ گئے انہوں نے آیاتِ الٰہی کا مذاق اڑایا اور ان کے آگے اکڑ گئے اے وہ ذات جو قائم ہے

يَسْهُوْ وَ دَآئِمٌ لَّا يَلْهُوْ وَ مُحِيْطٌ بِكُلِّ شَيْءٍ لَّكَ الْمَنُّ بِمَا وَفَّقْتَنِيْ وَ عَرَّفْتَنِيْ بِمَآ

جسے بھول نہیں پڑتی اور وہ دائم جو غافل نہیں ہوتا اور ہر چیز کو گھیرے ہوئے ہے تیرا احسان ہے کہ تو نے مجھے توفیق دی زیارت کی معرفت بخشی

اَقَمْتَنِيْ عَلَيْهِ اِذْ صَدَّ عَنْهُ عِبَادُكَ وَ جَهِلُوْا مَعْرِفَتَهٗ وَاسْتَخَفُّوْا بِحَقِّهٖ وَ مَالُوْا اِلٰى سِوَاهُ

کہ مجھے یہاں کھڑا کیا ہے جب تیرے بندے اس سے منحرف ہو گئے اس کی پہچان نہ کر پائے اس کے حق کو سبک سمجھ لیا اور غیر کی طرف

فَكَانَتِ الْمِنَّةُ مِنْكَ عَلَيَّ مَعَ اَقْوَامٍ خَصَصْتَهُمْ بِمَا خَصَصْتَنِيْ بِهٖ فَلَكَ الْحَمْدُ اِذْ كُنْتُ

مائل ہو گئے پھر مجھ پر تیرا فضل و کرم ہوا اور تو نے مجھ کو ان گروہوں کے ساتھ ملا دیا جن کو تو نے اپنے خاص قرار دیا ہے پس حمد ہے تیرے لیے

عِنْدَكَ فِيْ مَقَامِيْ هٰذَا مَذْكُوْرًا مَّكْتُوْبًا فَلَا تَحْرِمْنِيْ مَا رَجَوْتُ وَلَا تُخَيِّبْنِيْ فِيْمَا دَعَوْتُ

جب میں اس حرم میں ہوں مجھے تیرے ہاں یاد کیا گیا اور میرا نام لکھا گیا ہے پس مجھے میری آرزو سے محروم نہ فرما جو مانگتا ہوں اس میں ناکام

بِحُرْمَةِ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهِ الطَّاهِرِيْنَ وَ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ﴾۔

نہ کر واسطہ ہے تجھے حضرت محمدؐ اور ان کی آل پاکؑ کا اور رحمت کرے اللہ سرکار محمدؐ و آل محمدؑ پر۔

(۲) دوسری زیارت جو مصباح کفعمی میں مذکور ہے کہ قبور مقدسہ کی طرف رخ کر کے یہ زیارت پڑھے:

﴿اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا خُزَّانَ عِلْمِ اللّٰهِ وَ حَفَظَةَ سِرِّهٖ وَ تَرَاجِمَةَ وَحْيِهٖ اَتَيْتُكُمْ يَا بَنِيْ

اے علم خدا کے خزینہ دارو اور اس کے رازوں کے رازدارو اور اس کی وحی کے ترجمانو تم پر سلام اے اولاد رسول!

رَسُوْلِ اللّٰهِ عَارِفًا بِحَقِّكُمْ مُسْتَبْصِرًا بِشَاْنِكُمْ مُعَادِيًا لِاَعْدَآئِكُمْ

میں اپنے حق کی معرفت رکھتے ہوئے آپ کی شان کو پہچانتے ہوئے اور آپ کے دشمنوں سے دشمنی کرتے ہوئے حاضر ہوا ہوں

بِاَبِیْ اَنْتُمْ وَ اُمِّیْ صَلَّی اللّٰهُ عَلٰی اَرْوَاحِکُمْ وَ اَبْدَانِکُمْ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَتَوَلّٰی آخِرَهُمْ کَمَا

میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں خدا آپ کے ارواح و ابدان پر درود و سلام بھیجے اے اللہ میں ان کے اول و آخر سے محبت کرتا ہوں

تَوَلَّیْتُ اَوَّلَهُمْ وَ اَبْرَأُ مِنْ کُلِّ وَلِیْجَةٍ دُوْنَهُمْ آمَنْتُ بِاللّٰهِ وَ کَفَرْتُ بِالْجِبْتِ

اور ان کے دشمنوں سے بیزار ہوں

وَ الطَّاغُوْتِ وَ اللَّاتِ وَالْعُزّٰی وَ کُلِّ نِدٍّ یُدْعٰی مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ﴾۔

## ائمہ بقیع سے الوداع کرنے کی دعا

اور جب زائر زیارت سے فارغ ہو جائے اور الوداع کرنا چاہے تو یوں کہے:

﴿اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ اَئِمَّةَ الْهُدٰی وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَکَاتُهٗ اَسْتَوْدِعُکُمُ اللّٰهَ وَ اَقْرَءُ

سلام ہو آپ سب پر اے ہدایت کے ائمہ اور اس کی رحمت ہو اور اس کی برکتیں آپ کو وداع کہتا اور سپرد خدا



عَلَیْکُمُ السَّلَامَ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَ بِالرَّسُوْلِ وَ بِمَا جِئْتُمْ بِهٖ وَ دَلَلْتُمْ عَلَیْهِ

کرتا ہوں اور آپ پر سلام بھیجتا ہوں ایمان رکھتا ہوں خدا اور اس کے رسولؐ پر اور جو آپ لائے اور جس کی طرف آپ نے رہنمائی فرمائی

اَللّٰهُمَّ فَاکْتُبْنَا مَعَ الشَّاهِدِیْنَ﴾۔

اے معبود! ہمیں یہ گواہی دینے والوں میں لکھ دے۔

## حضرت رسول خداؐ و حضرت فاطمہ زہراؑ اور حضرت امیر المؤمنینؑ اور دوسرے ائمہ بقیع یا دیگر ائمہ طاہرینؑ کی دور سے زیارت کرنے کا طریقہ؟

(۱) جناب علامہ مجلسیؒ بیان کرتے ہیں کہ بسند معتبر حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے، فرمایا: جو شخص حضرت رسول خدا، امیر المؤمنین و فاطمہ زہرا، امام حسن اور امام حسین علیہم السلام اور دوسرے حجج اللہ کی قبور مقدسہ کی اپنے شہر سے زیارت کرنا چاہے تو اسے چاہیئے کہ جمعہ کے دن غسل (زیارت) کرے اور دو صاف ستھرے کپڑے زیب بدن کرے اور کسی صحراء کی طرف نکل جائے (اور دوسری روایت کے مطابق اپنے مکان کی

چھت پر جا کر) چار رکعت نماز (بدو سلام) جس سورہ سے چاہے پڑھے پھر رو بقبلہ ہو کر یہ زیارت پڑھے:

﴿اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّهَا النَّبِیُّ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَکَاتُهُ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّهَا النَّبِیُّ الْمُرْسَلُ

سلام ہو آپ پر اے پیغمبر رحمت ہو اللہ کی اور اس کی برکتیں ہوں سلام ہو آپ پر اے خدا کے بھیجے ہوئے پیغمبر

وَ الْوَصِیُّ الْمُرْتَضٰی وَ السَّیِّدَةُ الزَّهْرَآءُ وَ السِّبْطَانِ الْمُنْتَجَبَانِ وَ الْاَوْلَادُ الْاَعْلَامُ

اور سلام ہو آپ کے پسندیدہ وصی پر سلام ہو بی بی خدیجہ کبریٰ، اور بی بی فاطمہ زہرا پر سلام ہو آپ کے نواسوں حسنؑ و حسینؑ پر اور ان کے

وَ الْاُمَنَآءُ الْمُنْتَجَعُوْنَ جِئْتُ انْقِطَاعًا اِلَیْکَ وَ اِلٰی آبَآئِکُمْ وَ وَلَدِکُمُ الْخَلَفِ عَلٰی

فرزندوں پر جو دین کی نشانیاں اور اس کے امین ہیں میں حاضر ہوا ہوں آپ کے آپ کے آباء اور آپ کے فرزند قائمؑ کے حضور جو برکت

بَرَکَةِ الْحَقِّ فَقَلْبِیْ لَکُمْ مُسَلِّمٌ وَ نُصْرَتِیْ لَکُمْ مُعَدَّةٌ حَتّٰی یَحْکُمَ اللّٰهُ لِدِیْنِهِ

پا رہے ہیں پس میرا دل آپ کے لیے جھکا ہوا اور میری نصرت آپ کے لیے آمادہ ہے یہاں تک کہ خدا ظہور قائم کا حکم فرمائے پس آپ

فَمَعَکُمْ مَعَکُمْ لَا مَعَ عَدُوِّکُمْ اِنِّیْ لَمِنَ الْقَآئِلِیْنَ بِفَضْلِکُمْ مُقِرٌّ بِرَجْعَتِکُمْ لَا

کے ساتھ، آپ کے ساتھ ہوں نہ آپ کے دشمن کے ساتھ بے شک آپ کی بزرگی کا قائل اور آپ کی رجعت کا اقرار کرتا ہوں



اُنْکِرُ لِلّٰهِ قُدْرَةً وَلَا اَزْعَمُ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ سُبْحَانَ اللّٰهِ ذِی الْمُلْکِ وَالْمَلَکُوْتِ

خدا کی قدرت کا انکار نہیں کرتا ہوں اور وہی اعتقاد رکھتا ہوں جو خدا چاہتا ہے پاک ہے اللہ کہ جو کائنات کا مالک اور حکمران ہے

یُسَبِّحُ اللّٰهَ بِاَسْمَائِهِ جَمِیْعُ خَلْقِهِ وَ السَّلَامُ عَلٰی اَرْوَاحِکُمْ وَ اَجْسَادِکُمْ

اللہ کی ساری مخلوق اس کے ناموں کی تسبیح کرتی ہے اور سلام ہو آپ کی روحوں پر اور آپ کے جسموں پر

وَالسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَکَاتُهُ﴾۔ (زادالمعاد)

سلام ہو آپ پر خدا کی رحمت ہو اور اس کی برکتیں ہوں۔

## فصل هفتم

## مدینہ منورہ اور اس کے اردگرد میں دیگر بعض متبرک قبور کی زیارت کا بیان

مخفی نہ رہے کہ مدینہ منورہ میں بعض سادات کرام اور مخدرات کے مزارات ہیں جیسے:

(۱) پیغمبر اسلام ﷺ کے والد ماجد جناب عبد اللہ بن عبد المطلب۔ (۲) جناب عباس بن عبدالمطلب۔ (۳) جناب عقیل بن ابی طالب۔ (۴) جناب عبد اللہ بن جعفر طیار۔ (۵) جناب محمد بن حنفیہ۔ (۶) جناب ابراہیم بن رسول اللہؐ، (۷) حضرت فاطمہ بنت اسد والدۂ امیر المؤمنینؑ، (۸) جناب فاطمہ ام البنین زوجہ حضرت امیر المؤمنینؑ اور (۹) جناب صفیہ بنت عبدالمطلب، (۱۰) جناب حلیمہ سعدیہ، (۱۱) جناب زینب عالیہ بنابر تحقیق الی غیر ذلک من القبواور جناب حمزہ سید الشہداء عم رسولؐ جن کے بارے میں بعض علماء نے پیغمبر اسلام ﷺ سے یہ روایت نقل کی ہے۔ فرمایا کہ جو شخص میری زیارت کرے مگر میرے عم بزرگوار حمزہ کی نہ کرے تو اس نے مجھ پر جفا کی ہے۔ (کتاب الدعاء) ۔ (۱۲) ازواج النبیؐ اور (۱۳) دوسرے شہداء رضوان اللہ علیہم اجمعین لہٰذا ان کے قبور کی زیارت کی جائے اور ان پر سلام کیا جائے: ﴿اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا اَھْلَ الدِّیَارِ اَنْتُمْ لَنَا فَرَطٌ وَ اِنَّا بِکُمْ لَاحِقُوْنَ﴾ ۔ (کتاب الدعا والزیارہ) ان کیلئے قرآن خوانی کی جائے، نماز پڑھی جائے اور ان اعمال کا ثواب ان کے ارواح مقدسہ کو ہدیہ کیا جائے۔ ویسے ان حضرات میں سے بعض کی زیارات بھی وارد ہوئی ہیں جیسا کہ مفاتیح وغیرہ میں مذکور ہیں جیسے جناب حمزہؑ کی یہ زیارت:

﴿اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا عَمَّ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَ خَیْرَ الشُّھَدَاءِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ

سلام ہو آپ پر اے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے چچا اور اے شہداء میں بہترین سلام ہو آپ پر

یَا اَسَدَ اللّٰہِ وَ اَسَدَ رَسُوْلِہٖ اَشْھَدُ اَنَّکَ قَدْ جَاھَدْتَ فِی اللّٰہِ وَ نَصَحْتَ رَسُوْلَ اللّٰہِ

اے اللہ کے شیر اور اس کے رسول کے شیر میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ نے راہ خدا میں جہاد کیا خدا کے رسول کی خیر خواہی فرمائی

وَ جُدْتَ بِنَفْسِکَ وَ طَلَبْتَ مَا عِنْدَ اللّٰہِ وَ رَغِبْتَ فِیْمَا وَعَدَ اللّٰہُ﴾ ۔ (کتاب الدعاء)

اپنی جان کی قربانی پیش کی

## مدینہ منورہ کی بعض متبرک مساجد اور ان میں نماز پڑھنے کی فضیلت کا تذکرہ

مدینہ منورہ میں بعض بڑی عظمت و بزرگی والی مساجد موجود ہیں جیسے:

(۱) مسجد نبوی:۔ جس میں مستند روایات کے مطابق ایک نماز پڑھنے کا ثواب دس ہزار نمازوں کے برابر ہے۔

(۲) مسجد قبا:۔ جس کا تذکرہ قرآن مجید میں موجود ہے کہ اس کی بنیاد تقویٰ و پرہیز گاری پر رکھی گئی ہے اس میں دو رکعت نماز پڑھنے پر عمرہ کا ثواب ملتا ہے لہٰذا اس میں کم از کم دو رکعت نماز تحیہ مسجد ہی پڑھی جائے۔

(۳) مسجد فضیخ:۔ جسے مسجد "ردشمس" بھی کہا جاتا ہے جو مسجد قبا کے قریب ہی ہے اس میں بھی کم از کم دو رکعت تحیہ مسجد ہی پڑھی جائے۔

(۴) مسجد فتح:۔ اسی مسجد کو مسجد احزاب بھی کہا جاتا ہے۔ یہیں جنگ احزاب کامیابی سے ہمکنار ہوئی تھی اس میں بھی دو رکعت نماز پڑھی جائے اور اس سے فراغت کے بعد یہ دعا پڑھی جائے:



﴿یَا صَرِیْخَ الْمَکْرُوْبِیْنَ وَ یَا مُجِیْبَ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِیْنَ وَ یَا مُغِیْثَ الْمَهْمُوْمِیْنَ اِکْشِفْ

اے دکھی لوگوں کی فریاد کو پہنچنے والے اے بے قراروں کی دعا قبول کرنے والے اور اے غم کے ماروں کی مدد کرنے والا۔ میری سختی،

عَنِّیْ ضُرِّیْ وَ هَمِّیْ وَ کَرْبِیْ وَ غَمِّیْ کَمَا کَشَفْتَ عَنْ نَبِیِّکَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ اٰلِهٖ هَمَّهٗ

تنگی، پریشانی، تکلیف اور رنج و غم دور کر دے جیسا کہ تو نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پریشانی دور فرمائی

وَ کَفَیْتَهٗ هَوْلَ عَدُوِّهٖ وَ اکْفِنِیْ مَآ اَهَمَّنِیْ مِنْ اَمْرِ الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَةِ یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ﴾

اور دشمن سے خوف میں ان کا مددگار ہوا دنیا و آخرت کی پریشانیوں میں میری کفایت فرما اور مدد کر اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

کیونکہ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان مساجد میں نمازیں پڑھی ہیں۔ بعض علماء نے ان مساجد کے علاوہ بھی بعض مساجد و امکنہ کا تذکرہ کیا ہے۔

(۵) جیسے مسجد سلمان محمدیؓ۔

(۶) مسجد الغدیر جو کہ جحفہ کے قریب ہے۔

(۷) مسجد مباہلہ۔

(۸) مسجد امیر المؤمنینؑ جو جناب حمزہؓ کی قبر کے بالمقابل ہے۔

(۹) حضرت امام زین العابدین علیہ السلام۔

(۱۰) اور حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کے مکانات اور ان مقامات مقدسہ میں نمازیں پڑھنے کا ذکر بھی کیا ہے۔

نمعلوم اب یہ تمام مساجد اور یہ مکانات مقدسہ موجود بھی ہیں۔ یا انہیں منہدم کر دیا گیا ہے۔ و الی اللہ المشتکی و اللہ العالم۔

## فصل ہشتم

## امیر المؤمنین وامام المتقین حضرت علی علیہ السلام کی زیارت کی فضیلت اور کیفیت کا بیان

(۱) ابو شعیب نے حضرت امام رضا علیہ السلام کی خدمت میں عرض کیا کہ آیا حضرت امیر علیہ السلام کی زیارت کرنا افضل ہے یا حضرت امام حسین علیہ السلام کی؟ امامؑ نے فرمایا: چونکہ حضرت امام حسین علیہ السلام رنج و کرب کی حالت میں شہید ہوئے لہٰذا خدا کے شایانِ شان یہ ہے کہ جو بھی رنج و کرب زدہ آدمی آپ کی زیارت کرے تو خدا اس کے کرب کو دور فرمائے اور جہاں تک فضیلت کا تعلق ہے تو جو فضیلت حضرت امیر علیہ السلام کو حضرت امام حسین علیہ السلام پر ہے وہی فضیلت آپ کی زیارت کو امام حسین علیہ السلام کی زیارت پر ہے۔ (کتاب الدعا والزیارہ)

(۲) محمد بن مسلم حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں، فرمایا: جو شخص حضرت امیر علیہ السلام کے حق کی معرفت رکھتے ہوئے آپؑ کی زیارت کرے نہ متجبر ہو اور نہ متکبر تو خدا اسے ایک شہید کے برابر اجر عطا فرماتا ہے اور خدا اس کے اگلے پچھلے گناہ معاف کر دیتا ہے اور وہ بروز قیامت امن کی حالت میں محشور ہوگا۔ اور اس کا حساب و کتاب آسان ہوگا اور ملائکہ اس کا استقبال کریں گے الخ۔۔۔ (ایضاً)

(۳) ابن مارد نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں عرض کیا کہ جو شخص آپ کے جد امجد حضرت امیر علیہ السلام کی زیارت کرے اس کے لیے کیا اجر و ثواب ہے؟ فرمایا: اے فرزند مارد! جو شخص میرے جد نامدار کے حق کی معرفت رکھتے ہوئے آپ کی زیارت کرے تو خدا اسے ہر ہر قدم پر حج مقبول اور عمرۂ مبرورہ کا ثواب عطا فرماتا ہے۔ پھر فرمایا: اے پسر مارد! بخدا دوزخ کی آگ کبھی اس قدم کو نہیں جلائے گی جس کا رنگ حضرت امیر علیہ السلام کی پیادہ یا سواری پر سفر زیارت کرتے ہوئے متغیر ہوا ہوگا۔ (ایضاً)

### حضرت امیر علیہ السلام کی زیارات دو قسم کی ہیں:

### (۱) ایک مطلقہ جو کسی خاص وقت سے مختص نہیں ہے۔

### (۲) دوسری مخصوصہ جو کسی خاص وقت سے مختص ہیں۔

تو ہم پہلے جنابؑ کی بعض اہم زیارات مطلقہ کا تذکرہ کرتے ہیں اور اس کے بعد زیارات مخصوصہ کا

تذکرہ کیا جائے گا انشاء اللہ۔

## پہلی زیارت مطلقہ

﴿جو زیارت امین اللہ کے نام سے مشہور ہے﴾

مخفی نہ رہے کہ حضرت امیر علیہ السلام کی زیارات مطلقہ بکثرت ہیں جن میں چند اہم زیارات کا ہم تذکرہ کرتے ہیں:

(۱) حضرت امام رضا علیہ السلام اپنے اب وجد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت امام زین العابدین علیہ السلام نے حضرت امیر المومنین علیہ السلام کی قبر مقدس کی یوں زیارت کی کہ قبر مقدس کے قریب کھڑے ہوکر روئے اور (روتے ہوئے) یوں زیارت پڑھی:

﴿اَلسَّلامُ عَلَیْکَ یَا اَمِیْنَ اللّٰهِ فِیْ اَرْضِهٖ وَ حُجَّتَهٗ عَلٰی عِبَادِهٖ اَلسَّلامُ عَلَیْکَ

سلام ہو آپ پر اے خدا کی زمین میں اس کے امین اور اس کے بندوں پر اس کی حجت سلام ہو آپ پر

یَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ اَشْهَدُ اَنَّکَ جَاهَدْتَ فِی اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ وَ عَمِلْتَ بِکِتَابِهٖ وَ اتَّبَعْتَ

اے مومنوں کے سردار میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ نے خدا کی راہ میں جہاد کا حق ادا کیا اس کی کتاب پر عمل کیا اور اس کے

سُنَنَ نَبِیِّهٖ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ اٰلِهٖ حَتّٰی دَعَاکَ اللّٰهُ اِلٰی جِوَارِهٖ فَقَبَضَکَ اِلَیْهِ بِاخْتِیَارِهٖ وَ اَلْزَمَ

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنتوں کی پیروی کی خدا رحمت کرے ان پر اور ان کی آل پر پھر خدا نے آپ کو اپنے پاس بلالیا اپنے اختیار سے

اَعْدَائَکَ الْحُجَّةَ مَعَ مَا لَکَ مِنَ الْحُجَجِ الْبَالِغَةِ عَلٰی جَمِیْعِ خَلْقِهٖ اَللّٰهُمَّ فَاجْعَلْ نَفْسِیْ

آپ کی جان قبض کرلی اور آپ کے دشمنوں پر حجت قائم کی جبکہ تمام مخلوق کے لیے آپ کے وجود میں بہت سی کامل حجتیں ہیں اے اللہ!

مُطْمَئِنَّةً بِقَدَرِکَ رَاضِیَةً بِقَضَائِکَ مُوْلَعَةً بِذِکْرِکَ وَ دُعَائِکَ مُحِبَّةً لِصَفْوَةِ اَوْلِیَائِکَ

میرے نفس کو ایسا بنا کہ تیری تقدیر پر مطمئن ہو تیرے فیصلے پر راضی وخوش رہے تیرے ذکر کا مشتاق اور دعا میں حریص ہو تیرے برگزیدہ

مَحْبُوْبَةً فِیْ اَرْضِکَ وَ سَمَائِکَ صَابِرَةً عَلٰی نُزُوْلِ بَلَائِکَ شَاکِرَةً لِفَوَاضِلِ نَعْمَائِکَ

دوستوں سے محبت کرنے والا تیری زمین وآسمان میں محبوب ومنظور ہو تیری طرف سے مصائب کی آمد پر صبر کرنے والا ہو تیری بہترین نعمتوں

ذَاکِرَةً لِسَوَابِغِ اٰلَائِکَ مُشْتَاقَةً اِلٰی فَرْحَةِ لِقَائِکَ مُتَزَوِّدَةً التَّقْوٰی لِیَوْمِ جَزَائِکَ مُسْتَنَّةً

پر شکر کرنے والا تیری کثیر مہربانیوں کو یاد کرنے والا ہو تیری ملاقات کی خوشی کا خواہاں یوم جزاء کے لیے تقویٰ کو زاد راہ بنانے والا ہو تیرے

بِسُنَنِ اَوْلِيَآئِكَ مُفَارِقَةً لِاَخْلاقِ اَعْدَآئِكَ مَشْغُوْلَةً عَنِ الدُّنْيَا بِحَمْدِكَ وَ ثَنَآئِكَ

دوستوں کے نقش قدم پر چلنے والا تیرے دشمنوں کے طور طریقوں سے نفور و دور اور دنیا سے بچ بچا کر تیری حمد و ثناء میں مشغول رہنے والا ہو۔

پھر آپ نے اپنا رخسار قبر مبارک پر رکھا اور فرمایا:

﴿اَللّٰهُمَّ اِنَّ قُلُوْبَ الْمُخْبِتِيْنَ اِلَيْكَ وَالِهَةٌ وَ سُبُلَ الرَّاغِبِيْنَ اِلَيْكَ شَارِعَةٌ وَ اَعْلامَ

اے معبود! بے شک ڈرنے والوں کے دل تیرے لیے بے تاب ہیں شوق رکھنے والوں کے لیے راستے کھلے ہوئے ہیں تیری طرف

الْقَاصِدِيْنَ اِلَيْكَ وَاضِحَةٌ وَ اَفْئِدَةَ الْعَارِفِيْنَ مِنْكَ فَازِعَةٌ وَ اَصْوَاتَ الدَّاعِيْنَ اِلَيْكَ

بڑھنے والوں کے جھنڈے بہت اونچے ہیں معرفت رکھنے والوں کے دل تجھ سے کانپتے ہیں تیری بارگاہ میں دعا کرنے والوں کی آوازیں

صَاعِدَةٌ وَ اَبْوَابَ الْاِجَابَةِ لَهُمْ مُفَتَّحَةٌ وَ دَعْوَةَ مَنْ نَاجَاكَ مُسْتَجَابَةٌ وَ تَوْبَةَ مَنْ اَنَابَ

بہت ہیں اور ان کے لیے قبول دعا کے دروازے کھلے ہیں تجھ سے راز و نیاز کرنے والوں کی دعا قبول ہوتی ہے جو تیری طرف پلٹ آئے

اِلَيْكَ مَقْبُوْلَةٌ وَ عَبْرَةَ مَنْ بَكٰى مِنْ خَوْفِكَ مَرْحُوْمَةٌ وَ الْاِغَاثَةَ لِمَنِ اسْتَغَاثَ بِكَ

اس کی توبہ مقبول و منظور ہے تیرے خوف میں رونے والے کے آنسوؤں پر رحمت ہوتی ہے جو تجھ سے فریاد کرے اس کے لیے دادرسی



مَوْجُوْدَةٌ وَ الْاِعَانَةَ لِمَنِ اسْتَعَانَ بِكَ مَبْذُوْلَةٌ وَ عِدَاتِكَ لِعِبَادِكَ مُنْجَزَةٌ وَ زَلَلَ مَنِ

موجود ہے جو تجھ سے مدد طلب کرے اس کو مدد ملتی ہے اپنے بندوں سے کیے گئے تیرے وعدے پورے ہوتے ہیں تیرے ہاں

اسْتَقَالَكَ مُقَالَةٌ وَ اَعْمَالَ الْعَامِلِيْنَ لَدَيْكَ مَحْفُوْظَةٌ وَ اَرْزَاقَكَ اِلَى الْخَلَائِقِ مِنْ لَدُنْكَ

عذر خواہوں کی خطائیں معاف اور عمل کرنے والوں کے اعمال تیرے حضور محفوظ ہوتے ہیں مخلوقات کے رزق و روزیاں تیری جناب سے

نَازِلَةٌ وَ عَوَآئِدَ الْمَزِيْدِ اِلَيْهِمْ وَاصِلَةٌ وَ ذُنُوْبَ الْمُسْتَغْفِرِيْنَ مَغْفُوْرَةٌ وَ حَوَآئِجَ خَلْقِكَ

ہی آتی ہیں اور ان کو مزید عطائیں حاصل ہوتی ہیں طالبان بخشش کے گناہ بخش دیے جاتے ہیں ساری مخلوق کی حاجتیں تیرے ہاں سے پوری

عِنْدَكَ مَقْضِيَّةٌ وَ جَوَآئِزَ السَّآئِلِيْنَ عِنْدَكَ مُوَفَّرَةٌ وَ عَوَآئِدَ الْمَزِيْدِ مُتَوَاتِرَةٌ وَ مَوَآئِدَ

ہوتی ہیں تجھ سے سوال کرنے والوں کو بہت زیادہ ملتا ہے اور پے در پے عطائیں ہوتی ہیں کھانے والوں کے لیے دسترخوان

الْمُسْتَطْعِمِيْنَ مُعَدَّةٌ وَ مَنَاهِلَ الظِّمَآءِ مُتْرَعَةٌ اَللّٰهُمَّ فَاسْتَجِبْ دُعَآئِيْ وَاقْبَلْ ثَنَآئِيْ

تیار ہے اور پیاسوں کی خاطر چشمے بھرے ہوئے ہیں اے معبود! میری دعائیں قبول کر لے اس ثناء کو پسند

وَ اجْمَعْ بَيْنِيْ وَ بَيْنَ اَوْلِيَآئِيْ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَ عَلِيٍّ وَ فَاطِمَةَ وَ الْحَسَنِ وَ الْحُسَيْنِ

فرما مجھے اپنے دوستوں کے ساتھ کر دے کر واسطہ دیتا ہوں محمدؐ و علیؑ و فاطمہؑ و حسنؑ و حسینؑ کا

اِنَّکَ وَلِيُّ نَعْمَآئِيْ وَ مُنْتَهٰى مُنَايَ وَ غَايَةُ رَجَآئِيْ فِيْ مُنْقَلَبِيْ وَ مَثْوَايَ۔

بے شک تو مجھے نعمتیں دینے والا میری آرزوؤں کی انتہا میری امیدوں کا مرکز ہے سفر اور حضر میں۔

کامل الزیارات میں اس زیارت کے بعد یہ فقرات بھی ہیں:

﴿اَنْتَ اِلٰهِيْ وَ سَيِّدِيْ وَ مَوْلَايَ اغْفِرْ لِاَوْلِيَآئِنَا وَ كُفَّ عَنَّا اَعْدَآئَنَا وَاشْغَلْهُمْ

تو میرا معبود میرا آقا اور میرا مالک ہے ہمارے دوستوں کو معاف فرما دشمنوں کو ہم سے دور کر ان کو ہمیں

عَنْ اَذَانَا وَ اَظْهِرْ كَلِمَةَ الْحَقِّ وَاجْعَلْهَا الْعُلْيَا وَ اَدْحِضْ كَلِمَةَ الْبَاطِلِ

ایذا دینے سے باز رکھ کلمۂ حق کو ظہور میں لا اور اسے بلند قرار دے کلمۂ باطل کو دبا دے

وَاجْعَلْهَا السُّفْلٰى اِنَّکَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

اوراس کو پست قرار دے کر بے شک تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔



بعض روایات کے مطابق جناب جابر حضرت امام محمد باقرؑ سے روایت کرتے ہیں فرمایا کہ ہمارے شیعوں میں سے جو شخص حضرت امیرؑ کی قبر مبارک یا دوسرے ائمہ طاہرین علیہم السلام کی قبور مقدسہ کے پاس یہ زیارت پڑھے اور دعا کرے تو وہ زیارت و دعا ایک نورانی نوشتہ میں عالم بالا کی طرف لے جائی جاتی ہے اور اس پر حضرت رسول خداؐ کی مہر ثبت کی جاتی ہے اور حضرت قائم آل محمدؐ کے ظہور تک اسے محفوظ رکھا جائے گا یہاں تک کہ اسے ان کے حوالے کیا جائے گا۔ اور وہ جناب جنت کی بشارت، سلام خاص اور عزت و توقیر کے ساتھ زائر سے ملاقات کریں گے انشاء اللہ تعالیٰ۔ (مصباح طوسی)

بنابریں یہ زیارت جہاں مطلقہ ہے وہاں زیارت جامعہ بھی ہے۔ نیز یہ غدیر کے دن بھی پڑھی جاتی ہے۔ (ایضاً)

## جناب امیرؑ کی دوسری زیارت مطلقہ

صفوان جمال بیان کرتے ہیں کہ حضرت امام جعفر صادقؑ منصور دوانقی عباسی کے پاس تشریف لے جاتے وقت جب کوفہ میں وارد ہوئے جبکہ میں بھی آپؑ کے ہمراہ تھا تو فرمایا: اے صفوان! یہاں اونٹ بٹھا

دو کہ یہاں میرے جد نامدار حضرت امیر علیہ السلام کا مزار ہے۔ چنانچہ آپؑ اونٹ سے اترے، غسل کیا اور لباس تبدیل فرمایا اور برہنہ پا ہو گئے اور مجھ سے فرمایا: جس طرح میں کرتا جاؤں تو بھی اسی طرح کرتا جا پھر ذکوہ (نجف) کی طرف روانہ ہوئے اور مجھ سے فرمایا کہ چھوٹے قدم اٹھاؤ اور چہرہ زمین کی طرف جھکا کے چلو تا کہ تمہارے نامۂ اعمال میں ایک لاکھ نیکیاں لکھی جائیں اور ایک لاکھ برائیاں مٹائی جائیں اور ایک لاکھ درجے بلند ہوں، اور ایک لاکھ حاجتیں برلائی جائیں اور ہر صدیق وشہید کے برابر ثواب لکھا جائے پھر آپ اور میں سکینہ و وقار کے ساتھ خدا کی تسبیح و تقدیس اور تہلیل کرتے ہوئے مقام ذکوات (نجف) تک پہنچے اور آپؑ نے وہاں رک کر دائیں بائیں نگاہ دوڑائی اور پھر اپنی چھڑی سے زمین پر لکیر کھینچی اور مجھ سے فرمایا کہ تلاش کرو۔ چنانچہ جب میں نے وہاں جستجو کی تو مجھے ایک قبر کا نشان نظر آیا۔ یہ منظر دیکھ کر آپؑ کے رخساروں پر آنسو جاری ہو گئے اور فرمایا: ﴿اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ﴾۔ اس کے بعد یہ زیارت پڑھی:

ہم اللہ ہی کیلئے ہیں اور اسی کی طرف پلٹنے والے ہیں۔

﴿اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّهَا الْوَصِیُّ الْبَرُّ التَّقِیُّ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّهَا النَّبَاُ الْعَظِیْمُ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ



سلام ہو آپ پر اے وصی نیکوکار و پرہیزگار سلام ہو آپ پر اے بہت بڑی خبر سلام ہو آپ پر

اَیُّهَا الصِّدِّیْقُ الرَّشِیْدُ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّهَا الْبَرُّ الزَّکِیُّ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا وَصِیَّ رَسُوْلِ

اے صاحب صدق و ہدایت یافتہ سلام ہو آپ پر اے نیکوکار پاکباز سلام ہو آپ پر اے جہانوں کے رب کے رسول کے وصی و

رَبِّ الْعَالَمِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا خِیَرَةَ اللّٰهِ عَلَی الْخَلْقِ اَجْمَعِیْنَ اَشْهَدُ اَنَّکَ حَبِیْبُ اللّٰهِ

جانشین سلام ہو آپ پر اے ساری مخلوق پر خدا کی طرف سے بااختیار میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ خدا کے دوست اس کے

وَ خَاصَّةُ اللّٰهِ وَ خَالِصَتُهُ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا وَلِیَّ اللّٰهِ وَ مَوْضِعَ سِرِّهٖ وَ عَیْبَةَ عِلْمِهٖ

بندۂ خاص اور مخلص ہیں سلام ہو آپ پر اے خدا کے ولی اسرار الٰہی کے امین اس کے علم گنجینہ اور اس

وَ خَازِنَ وَحْیِهٖ﴾۔ پھر آپ قبر اطہر سے لپٹ گئے اور فرمایا: ﴿بِاَبِیْ اَنْتُمْ وَ اُمِّیْ یَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ

کی وحی کے خزینہ دار۔ قربان ہوں آپ پر میرے ماں باپ اے امیرالمومنینؑ

بِاَبِیْ اَنْتُمْ وَ اُمِّیْ یَا حُجَّةَ الْخِصَامِ بِاَبِیْ اَنْتُمْ وَ اُمِّیْ یَا بَابَ الْمَقَامِ بِاَبِیْ اَنْتُمْ وَ اُمِّیْ

قربان ہوں آپ پر میرے ماں باپ اے دشمنوں پر حجت قربان ہوں آپ پر میرے ماں باپ اے راہ ہر مقصد قربان ہوں آپ پر میرے

یَا نُوْرَ اللّٰہِ التَّامَّ اَشْھَدُ اَنَّکَ قَدْ بَلَّغْتَ عَنِ اللّٰہِ وَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ

ماں باپ اے خدا کے کامل نور میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ نے خدا اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وہ احکام

وَ اٰلِہٖ مَا حُمِّلْتَ وَ رَعَیْتَ مَا اسْتُحْفِظْتَ وَ حَفِظْتَ مَااسْتُوْدِعْتَ وَ حَلَّلْتَ

لوگوں تک پہنچائے جو آپ نے حاصل کیے جو علوم ملے ان کی نگہبانی کی جو امور آپ کے سپرد ہوئے انہیں فراموش نہیں کیا اور آپ نے

حَلَالَ اللّٰہِ وَ حَرَّمْتَ حَرَامَ اللّٰہِ وَ اَقَمْتَ اَحْکَامَ اللّٰہِ وَلَمْ تَتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰہِ

حلال خدا کو حلال اور حرام خدا کو حرام ٹھہرایا آپ نے احکام الٰہی کو نافذ کیا خدا کی حدوں سے تجاوز نہیں کیا اور

وَ عَبَدْتَّ اللّٰہَ مُخْلِصًا حَتّٰی اَتٰکَ الْیَقِیْنُ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْکَ وَ عَلَی الْاَئِمَّةِ مِنْ بَعْدِکَ

خدا کی خالص بندگی کرتے رہے یہاں تک کہ آپ شہادت پا گئے خدا رحمت کرے آپ پر اور آپ کے جانشین ائمہؑ پر۔

اس کے بعد امام علیہ السلام نے جانب سر کھڑے ہو کر چند رکعت نماز پڑھی اور فرمایا: اے صفوان! جو شخص حضرت امیر علیہ السلام کی یہ زیارت اس طرح پڑھے تو جب وہ لوٹ کر اپنے گھر جائے گا تو اس کے گناہ معاف ہو چکے ہوں گے اور اس کی سعی مشکور ہوگی اور اس کے نامۂ اعمال میں وہ ثواب لکھا جائے گا جو زیارت کرنے والے فرشتوں کو ملتا ہے۔ اس کے بعد آپ یہ کہتے ہوئے الٹے پاؤں واپس ہوئے:

﴿یَا جَدَّاہُ یَا سَیِّدَاہُ یَا طَیِّبَاہُ یَا طَاھِرَاہُ لَا جَعَلَہُ اللّٰہُ اٰخِرَ الْعَھْدِ مِنْکَ

اے میرے دادا اے میرے سردار اے خوش کردار اے پاکیزہ تر خدا آپ کی اس زیارت کو میرے لیے آخری نہ بنائے

وَ رَزَقَنِی الْعَوْدَ اِلَیْکَ وَ الْمَقَامَ فِیْ حَرَمِکَ وَ الْکَوْنَ مَعَکَ وَ مَعَ الْاَبْرَارِ

اور مجھے دوبارہ حاضر ہونا اور آپ کے حرم میں ٹھہرنا نصیب کرے آپ کی خدمت میں آنے اور آپ کی پاک اولاد

مِنْ وُلْدِکَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْکَ وَ عَلَی الْمَلَآئِکَةِ الْمُحْدِقِیْنَ بِکَ

کے حضور حاضری کی توفیق دے خدا رحمت کرے آپ پر اور ان ملائکہ پر جو آپ کی قبر کا طواف کرتے ہیں۔

صفوان بیان کرتے ہیں کہ میں نے امام علیہ السلام کی خدمت میں عرض کیا کہ آپ مجھے اجازت دیں کہ میں کوفہ کے برادرانِ ایمانی کو اس واقعہ کی اطلاع دوں۔ امامؑ نے اجازت بھی دی اور قبر مبارک کی اصلاح اور مرمت کے لیے کچھ درہم بھی عطا فرمائے۔ (فرحتہ الغری سید عبدالکریم بن طاؤس و کتاب الدعا و الزیارہ)

## تیسری زیارت مطلقہ

حسن بن ولید بیان کرتے ہیں کہ حضرت امام علی نقی علیہ السلام حضرت امیر علیہ السلام کی اس طرح زیارت پڑھا کرتے تھے:

﴿اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَلِيَّ اللّٰهِ اَنْتَ اَوَّلُ مَظْلُوْمٍ وَ اَوَّلُ مَنْ غُصِبَ حَقُّهُ صَبَرْتَ

سلام ہو آپ پر اے خدا کے ولی کہ آپ پہلے مظلوم ہیں اور پہلے مومن ہیں جن کا حق چھینا گیا اس پر آپ نے صبر کیا اور حوصلے سے

وَ احْتَسَبْتَ حَتّٰى اَتَاكَ الْيَقِيْنُ فَاَشْهَدُ اَنَّكَ لَقِيْتَ اللّٰهَ وَ اَنْتَ شَهِيْدٌ عَذَّبَ اللّٰهُ قَاتِلَكَ

کام لیا یہاں تک کہ آپ کی شہادت ہوگئی میں گواہ ہوں کہ آپ خدا سے جا ملے اور آپ وہ شہید ہیں کہ آپ کے قاتل کو خدا نے طرح طرح

بِاَنْوَاعِ الْعَذَابِ وَ جَدَّدَ عَلَيْهِ الْعَذَابَ جِئْتُكَ عَارِفًا بِحَقِّكَ مُسْتَبْصِرًا بِشَأْنِكَ مُعَادِيًا

کے عذاب دیے اور وہ اسے ایک پر دوسرا عذاب دیتا ہے میں حاضر ہوں آپ کے حق کو پہچانتے ہوئے آپ کے مرتبے کو جانتے ہوئے میں

لِاَعْدَآئِكَ وَ مَنْ ظَلَمَكَ اَلْقٰى عَلٰى ذٰلِكَ رَبِّيْ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ يَا وَلِيَّ اللّٰهِ اِنَّ لِيْ ذُنُوْبًا كَثِيْرَةً

دشمن ہوں آپ کے دشمنوں کا اور جنہوں نے آپ پر ظلم کیا انشاءاللہ میں اسی عقیدے پر اپنے رب کے حضور جاؤں گا اے ولی خدا بے شک

فَاشْفَعْ لِيْ اِلٰى رَبِّكَ فَاِنَّ لَكَ عِنْدَ اللّٰهِ مَقَامًا مَعْلُوْمًا وَ اِنَّ لَكَ عِنْدَ اللّٰهِ جَاهًا وَ شَفَاعَةً

میرے گناہ بہت زیادہ ہیں پس اپنے رب کے ہاں میری سفارش کریں کہ بے شک آپ خدا کی جناب میں نمایاں مقام رکھتے ہیں خدا کے

وَ قَدْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَلَا يَشْفَعُوْنَ اِلَّا لِمَنِ ارْتَضٰى﴾۔ (الکافی و کتاب الدعاء)

ہاں آپ بڑی عزت اور شفاعت کا حق ہے اور یقیناً اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے اور شفاعت نہیں کریں گے مگر وہ جو خدا کے پسندیدہ ہیں۔

## چوتھی زیارت مطلقہ

مستدرک میں مزار سے نقل کیا گیا ہے کہ ہمارے مولا حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے مروی ہے کہ فرمایا: میں اپنے والد بزرگوار کے ساتھ اپنے دادا امیر المومنین علیہ السلام کی زیارت قبر کے لیے نجف اشرف گیا۔ پس وہاں میرے والد قبر کے نزدیک کھڑے ہو کر روئے اور یوں گویا ہوئے:

﴿اَلسَّلَامُ عَلٰى اَبِي الْاَئِمَّةِ وَ خَلِيْلِ النُّبُوَّةِ وَ الْمَخْصُوْصِ بِالْاُخُوَّةِ اَلسَّلَامُ عَلٰى

سلام ہو ائمہ کے پدر بزرگوار پر نبوت کے خلیل اور حضرت رسولؐ کے برادر خاص پر سلام ہو

يَعْسُوْبِ الْاِيْمَانِ وَ مِيْزَانِ الْاَعْمَالِ وَ سَيْفِ ذِى الْجَلَالِ اَلسَّلَامُ عَلٰى

اسلام و ایمان کے سردار اعمال کے معیار و میزان اور صاحب جلال خدا کی تلوار پر سلام ہو سب سے

صَالِحِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ وَارِثِ عِلْمِ النَّبِيِّيْنَ الْحَاكِمِ فِىْ يَوْمِ الدِّيْنِ اَلسَّلَامُ عَلٰى

سب سے بہترین مومن پر جو نبیوں کے علوم کے وارث اور روز جزا میں حکم کرنے والے ہیں سلام ہو

شَجَرَةِ التَّقْوٰى اَلسَّلَامُ عَلٰى حُجَّةِ اللّٰهِ الْبَالِغَةِ وَ نِعْمَتِهِ السَّابِغَةِ وَ نِقْمَتِهِ الدَّامِغَةِ

ان پر جو تقویٰ کی بنیاد ہیں سلام ہو خدا کی کامل ترین حجت پر جو اس کی نعمت واسعہ اور اس کی طرف سے سزا دینے والے ہیں

اَلسَّلَامُ عَلَى الصِّرَاطِ الْوَاضِحِ وَ النَّجْمِ اللَّائِحِ وَالْاِمَامِ النَّاصِحِ

سلام ہو ان پر جو خدا کا واضح راستہ چمکتا ہوا ستارہ اور شفقت کرنے والے امام ہیں

وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهٗ ﴾۔اس کے بعد فرمایا: ﴿اَنْتَ وَسِيْلَتِىْ اِلَى اللّٰهِ وَ ذَرِيْعَتِىْ وَلِىْ حَقُّ

ان پر رحمت ہو خدا کی اور برکتیں۔ آپ ہیں خدا کے حضور میرا وسیلہ اور میرا ذریعہ بوجہ دوست داری

مُوَالَاتِىْ وَ تَامِيْلِىْ فَكُنْ لِىْ شَفِيْعِىْ اِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فِى الْوُقُوْفِ عَلٰى قَضَاءِ



مجھے حق ہے کہ آپ سے امید کروں پس خدائے عزوجل کے ہاں میرے سفارشی بنئے میری حاجت برآری کے لیے اور وہ ہے

حَاجَتِىْ وَهِىَ فَكَاكُ رَقَبَتِىْ مِنَ النَّارِ وَ اصْرِفْنِىْ فِىْ مَوْقِفِىْ هٰذَا بِالنُّجْحِ وَ بِمَا سَئَلْتُهٗ

میری گردن کی آگ سے خلاصی اس جگہ سے مجھے کامیاب کرا کے لوٹایئے اور وہ سب کچھ دلوایئے جو بواسطہ اس کی

كُلِّهٖ بِرَحْمَتِهٖ وَ قُدْرَتِهٖ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِىْ عَقْلًا كَامِلًا وَّ لُبًّا رَاجِحًا وَّ قَلْبًا زَكِيًّا وَّ عَمَلًا كَثِيْرًا

رحمت و قدرت کے مانگا ہے اے معبود! مجھے عطا فرما عقل کامل بہترین دماغ پاکیزہ قلب کثرت عمل اور بلند تر

وَّ اَدَبًا بَارِعًا وَّاجْعَلْ ذٰلِكَ كُلَّهٗ لِىْ وَلَا تَجْعَلْهُ عَلَىَّ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

اخلاق اور یہ سب نعمتیں میرے لیے مفید قرار دے اور ان کو باعث ضرر نہ بنا بواسطہ اپنی رحمت کے اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

(بحوالہ مفاتیح الجنان)

## حضرت امیر علیہ السلام کی زیارت کی دعائے الوداع

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے، فرمایا کہ جب کسی امام کی زیارت کر چکو اور الوداع کرنا

چاہو تو یوں کہو:

اَلسَّلامُ عَلَيْکَ اَيُّهَا الْاِمَامُ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَکَاتُهُ اَسْتَوْدِعُکَ اللّٰهَ وَ عَلَيْکَ

اے امام برحق آپ پر اللہ کا سلام اور رحمت ہو ہم رسول پر اور جو کچھ آپ (منجانب اللہ) لائے

السَّلامُ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَکَاتُهُ آمَنَّا بِالرَّسُوْلِ وَ بِمَا جِئْتُمْ بِهِ وَ دَعَوْتُمْ اِلَيْهِ اَللّٰهُمَّ

ہیں اور جس کی طرف دعوت دے رہے ہیں پر ایمان لائے ہیں اے اللہ! میری اس زیارت

لَا تَجْعَلْهُ آخِرَ الْعَهْدِ مِنْ زِيَارَتِيْ وَلِيَّکَ اَللّٰهُمَّ لَا تَحْرِمْنِيْ ثَوَابَ مَزَارِهِ الَّذِيْ

کو آخری زیارت قرار نہ دے اے اللہ! مجھے اس ہستی کے مزار کی زیارت سے محروم نہ کر

اَوْجَبْتَهُ لَهُ وَ يَسِّرْ لَنَا الْعَوْدَ اِلَيْهِ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ تَعَالٰی

اور مجھے دوبارہ آنے کی توفیق ارزانی فرما۔

## حضرت امیر علیہ السلام کی زیاراتِ مخصوصہ جو معین اور مقرر اوقات کے ساتھ مخصوص ہیں



اور یہ زیارات بھی بکثرت ہیں جن میں سے ہم چند اہم زیارات کا تذکرہ کرتے ہیں:

(۱) چنانچہ حضرت امیر علیہ السلام کی پہلی وہ مخصوص زیارت ہے جو کہ شب و روز مبعث النبیؐ یعنی ۲۷ رجب المرجب کی رات اور اس کے دن میں پڑھی جاتی ہے۔ اگرچہ اس شب و روز میں کئی زیارتیں منقول ہیں مگر بعید نہیں ہے کہ وہ زیارت رجبیہ پڑھنا اولیٰ ہو جو رجب کے مشترکہ اعمال میں مذکور ہے جو یہ ہے:

﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَشْهَدَنَا مَشْهَدَ اَوْلِيَآئِهِ فِيْ رَجَبٍ وَ اَوْجَبَ عَلَيْنَا مِنْ حَقِّهِمْ

حمد خدا ہی کے لیے ہے جس نے ہمیں رجب میں اپنے اولیاء کی زیارت گاہوں پر حاضر کیا اور ان کا حق ہم پر واجب کیا جو ہونا چاہیے

مَا قَدْ وَجَبَ وَ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ الْمُنْتَجَبِ وَ عَلٰى اَوْصِيَآئِهِ الْحُجُبِ

تھا اور رحمت خدا ہو عالی نسب محمدؐ پر اور ان کے اوصیاء پر جو صاحب حجاب ہیں

اَللّٰهُمَّ فَكَمَآ اَشْهَدْتَنَا مَشْهَدَهُمْ فَاَنْجِزْ لَنَا مَوْعِدَهُمْ وَ اَوْرِدْنَا مَوْرِدَهُمْ غَيْرَ مُحَلَّئِيْنَ

اے معبود! پس جیسے تو نے ہمیں ان کی زیارت کی توفیق دی ویسے ہی ہمارے لیے ان کا وعدہ پورا فرما اور ہمیں ان کی جائے ورود پر وارد فرما

عَنْ وِرْدٍ فِیْ دَارِ الْمُقَامَةِ وَ الْخُلْدِ وَ السَّلَامُ عَلَیْكُمْ اِنِّیْ قَصَدْتُكُمْ وَاعْتَمَدْتُكُمْ

بغیر کسی روک ٹوک کے جائے اقامت اور خلد بریں میں پہنچا دے اور سلام ہو آپ پر کہ میں آپ کی طرف آیا اور آپ پر بھروسہ کیا

بِمَسْئَلَتِیْ وَ حَاجَتِیْ وَ هِیَ فَكَاكُ رَقَبَتِیْ مِنَ النَّارِ وَ الْمَقَرُّ مَعَكُمْ فِیْ دَارِ الْقَرَارِ مَعَ

اپنے سوال اور حاجت کے لیے اور وہ یہ ہے کہ میری گردن آگ سے آزاد ہو اور میرا ٹھکانہ آپ کے ساتھ اور آپ کے نیکوکار

شِیْعَتِكُمُ الْاَبْرَارِ وَ السَّلَامُ عَلَیْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ اَنَا سَآئِلُكُمْ وَ اٰمِلُكُمْ

شیعوں کے ساتھ ہو اور سلام ہو آپ پر کہ آپ نے صبر کیا پس آپ کا کیا ہی اچھا انجام ہے میں آپ کا سائل اور امیدوار ہوں

فِیْمَآ اِلَیْكُمُ التَّفْوِیْضُ وَ عَلَیْكُمُ التَّعْوِیْضُ فَبِكُمْ یُجْبَرُ الْمَهِیْضُ وَ یُشْفَى الْمَرِیْضُ

ان چیزوں کے لیے جو آپ کے اختیار میں ہیں اور یہ آپ کی ذمہ داری ہے آپ کے ذریعے شکستگی کی تلافی اور بیمار کو شفا ملتی ہے

وَمَا تَزْدَادُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَغِیْضُ اِنِّیْ بِسِرِّكُمْ مُؤْمِنٌ وَ لِقَوْلِكُمْ مُسَلِّمٌ وَ عَلَى اللّٰهِ

اور جو کچھ رحموں میں بڑھتا اور گھٹتا ہے بے شک میں آپ کی قوت باطنی کا معتقد اور آپ کے قول کو تسلیم کرتا ہوں میں خدا کو آپ کی

بِكُمْ مُقْسِمٌ فِیْ رَجْعِیْ بِحَوَآئِجِیْ وَ قَضَآئِهَا وَ اِمْضَآئِهَا وَ اِنْجَاحِهَا وَ اِبْرَاحِهَا



قسم دیتا ہوں کہ وہ میری حاجتوں پر توجہ دے انہیں پورے کرے ان کا اجرا کرے کامیاب کرے یا ناکام کرے اور

وَ بِشُئُوْنِیْ لَدَیْكُمْ وَ صَلَاحِهَا وَالسَّلَامُ عَلَیْكُمْ سَلَامَ مُوَدِّعٍ وَّلَكُمْ حَوَآئِجَهٗ

جو کام میں نے آپ کے سپرد کیے ہیں ان میں بہتری کرے اور سلام ہو آپ پر وداع کرنے والے کا سلام جو اپنی حاجتیں آپ کے

مُوْدِعٍ یَّسْئَلُ اللّٰهَ اِلَیْكُمُ الْمَرْجِعَ وَ سَعْیَهٗ اِلَیْكُمْ غَیْرَ مُنْقَطِعٍ وَّ اَنْ یَّرْجِعَنِیْ

سپرد کر رہا ہے وہ خدا سے سوال کرتا ہے کہ آپ کے ہاں واپس آئے اور اس کا آپ کی بارگاہ میں آنا چھوٹنے نہ پائے وہ چاہتا ہے

مِنْ حَضْرَتِكُمْ خَیْرَ مَرْجِعٍ اِلٰى جَنَابٍ مُمْرِعٍ وَّ خَفْضٍ مُوَسَّعٍ وَّ دَعَةٍ وَّ مَهَلٍ

کہ آپ کے حضور سے جائے تو پھر آپ کی خدمت میں حاضری دے تو یہ جگہ ہموار و سرسبز اور وسیع ہو چکی ہو کہ تا دم آخر وہ یہاں

اِلٰى حِیْنِ الْاَجَلِ وَ خَیْرِ مَصِیْرٍ وَّ مَحَلٍّ فِی النَّعِیْمِ الْاَزَلِ وَالْعَیْشِ الْمُقْتَبَلِ

رہے اور اس کا انجام بخیر ہو ہمیشہ کی نعمتیں نصیب ہوں آئندہ زندگی خوشگوار ہو

وَ دَوَامِ الْاُكُلِ وَ شُرْبِ الرَّحِیْقِ وَ السَّلْسَلِ وَّ عَلٍّ وَّ نَهَلٍ لَا سَاَمَ مِنْهُ وَلَا مَلَلَ

ہمیشہ بہترین غذائیں اور پاک شراب ملے اور آب شیریں اور یہ مہینہ بار بار آئے جس میں نہ تنگی آئے نہ رنج ہو

وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهُ وَ تَحِيَّاتُهُ عَلَيْكُمْ حَتَّى الْعَوْدِ اِلٰى حَضْرَتِكُمْ وَ الْفَوْزِ

اور خدا کی رحمت، برکتیں اور درود و سلام ہو آپ پر جب تک کہ میں دوبارہ حاضر بارگاہ ہوں آپ کی رجعت

فِىْ كَرَّتِكُمْ وَالْحَشْرِ فِىْ زُمْرَتِكُمْ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهُ عَلَيْكُمْ وَ صَلَوَاتُهُ

میں کامیاب رہوں حشر میں آپ کے گروہ میں اٹھوں اور خدا کی رحمت اور برکتیں ہوں آپ پر اور اس کی نوازشیں

وَ تَحِيَّاتُهُ وَ هُوَ حَسْبُنَا وَ نِعْمَ الْوَكِيْلُ﴾۔

اور سلامتیاں اور وہ ہمارے لیے کافی اور بہترین کارساز ہے۔

زائر کو چاہیئے کہ بعد ازاں دو رکعت نماز زیارت پڑھے پھر جو چاہے دعا مانگے۔

(۲) **عید غدیر کے دن کی مخصوص زیارت**:۔ اس متبرک دن میں پڑھی جانے والی کئی زیارتیں کتب زیارات میں مذکور ہیں جن میں سے ایک وہی زیارت ہے جو زیارت امین اللہ کے نام سے مشہور ہے۔ دوسری وہ زیارت ہے جو حضرت امام علی نقی علیہ السلام سے مروی ہے جو بہت طویل ہے جو ﴿السلام علی رسول اللہ خاتم النبیین﴾ سے شروع ہوتی ہے اور ﴿ولاھم یحزنون﴾ پر ختم ہوتی ہے۔



اور تیسری زیارت وہ ہے جو بروایت صفوان جمال حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے جو قریب وبعید یعنی نجف اشرف میں اور دوسرے شہروں میں بھی پڑھی جاسکتی ہے۔ پس اگر آدمی نجف اشرف میں قبر مقدس کے نزدیک ہو تو دو رکعت نماز زیارت کے بعد جس میں پہلی رکعت میں الحمد کے بعد سورۂ قدر اور دوسری میں الحمد کے بعد سورۂ توحید پڑھی جائے۔ یہ زیارت پڑھے اور اگر کسی دور دراز شہر میں ہو تو قبر مطہر کی طرف اشارہ کر کے یہ زیارت پڑھے:

﴿اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى وَلِيِّكَ وَ اَخِىْ نَبِيِّكَ وَ وَزِيْرِهٖ وَ حَبِيْبِهٖ وَ خَلِيْلِهٖ وَ مَوْضِعِ سِرِّهٖ

اے معبود! رحمت نازل فرما اپنے ولی پر جو تیرے نبیؐ کے برادر ان کے وزیر ان کے دوست ان کے خلیل اور ان کے رازدار ہیں

وَ خِيَرَتِهٖ مِنْ اُسْرَتِهٖ وَ وَصِيِّهٖ وَ صَفْوَتِهٖ وَ خَالِصَتِهٖ وَ اَمِيْنِهٖ وَ وَلِيِّهٖ وَ اَشْرَفِ عِتْرَتِهِ الَّذِيْنَ

وہ ان کے خاندان میں سے ان کے پسندیدہ ان کے وصی ان کے چنے ہوئے ان کے خاص وخالص ان کے امانتدار ان کے دوستدار اور ان

اٰمَنُوْا بِهٖ وَ اَبِىْ ذُرِّيَّتِهٖ وَ بَابِ حِكْمَتِهٖ وَ النَّاطِقِ بِحُجَّتِهٖ وَ الدَّاعِىْ اِلٰى شَرِيْعَتِهٖ وَالْمَاضِىْ

کی عزت میں بلندتر ہیں کہ وہ نبی اکرمؐ پر ایمان لائے اور ان کی اولاد کے باپ ہیں وہ ان کی حکمت کے دروازہ ان کی حجت کے بیان کرنے

عَلٰی سُنَّتِهٖ وَ خَلِیْفَتِهٖ عَلٰی اُمَّتِهٖ سَیِّدِ الْمُسْلِمِیْنَ وَ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَ قَآئِدِ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِیْنَ

والے ان کی شریعت کی طرف بلانے والے ان کی سنت واضح پر عمل کرنے والے ان کی امت میں ان کے جانشین مسلمانوں کے سردار

اَفْضَلَ مَا صَلَّیْتَ عَلٰی اَحَدٍ مِّنْ خَلْقِکَ وَ اَصْفِیَآئِکَ وَ اَوْصِیَآءِ اَنْبِیَآئِکَ اَللّٰهُمَّ

اور مومنوں کے امیر ہیں وہ چمکتے چہرہ والوں کے پیشرو ہیں ان پر وہ بہترین رحمت فرما کر جو تو نے اپنی مخلوق میں سے کسی پر اور اپنے برگزیدوں

اِنِّیْٓ اَشْهَدُ اَنَّهٗ قَدْ بَلَّغَ عَنْ نَّبِیِّکَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ اٰلِهٖ مَا حُمِّلَ وَ رَعٰی مَا اسْتُحْفِظَ

میں سے اور اپنے نبیوں کے اوصیاء میں کسی پر کی ہو اے اللہ میں گواہ ہوں کہ انہوں نے وہ احکام لوگوں تک پہنچائے جو تیرے نبی صلی اللہ علیہ

وَ حَفِظَ مَا اسْتُوْدِعَ وَ حَلَّلَ حَلَالَکَ وَ حَرَّمَ حَرَامَکَ وَ اَقَامَ اَحْکَامَکَ وَ دَعَآ اِلٰی

وآلہ سے حاصل کیے وہ یاد رکھا جو یاد رکھنا چاہیے تھا جو کچھ ان کے سپرد ہوا اس کی نگہداری کی تیرے حلال کو حلال اور تیرے حرام کو حرام قرار

سَبِیْلِکَ وَ وَالَی اَوْلِیَآئَکَ وَ عَادٰی اَعْدَآئَکَ وَ جَاهَدَ النَّاکِثِیْنَ عَنْ سَبِیْلِکَ وَ الْقَاسِطِیْنَ

دیا اور تیرے احکام جاری کیے تیری راہ کی طرف بلاتے رہے تیرے دوستوں سے محبت رکھی اور تیرے دشمنوں کے دشمن رہے انہوں نے تیری

وَ الْمَارِقِیْنَ عَنْ اَمْرِکَ صَابِرًا مُّحْتَسِبًا مُّقْبِلًا غَیْرَ مُدْبِرٍ لَا تَاْخُذُهٗ فِی اللّٰهِ لَوْمَةُ



راہ چھوڑ جانے والوں تفرقہ ڈالنے والوں اور تیرے حکم کو نہ ماننے والوں کے ساتھ صبر اور خیر خواہی سے جہاد کیا کہ بڑھتے تو پیچھے نہ ہٹتے تھے خدا

لَآئِمٍ حَتّٰی بَلَغَ فِیْ ذٰلِکَ الرِّضَا وَ سَلَّمَ اِلَیْکَ الْقَضَآءَ وَ عَبَدَکَ

کے معاملے میں وہ کسی کی ملامت کی پروا نہیں کرتے تھے حتیٰ کہ اسی عمل میں تیری رضا تک پہنچے اور تیرے فیصلے کو قبول کر لیا انہوں نے تیری

مُخْلِصًا وَّ نَصَحَ لَکَ مُجْتَهِدًا حَتّٰٓی اَتٰهُ الْیَقِیْنُ فَقَبَضْتَهٗٓ اِلَیْکَ شَهِیْدًا سَعِیْدًا وَّلِیًّا

خالص عبادت کی اور تیری خاطر نصیحت کرتے رہے حتیٰ کہ ان کی شہادت واقع ہوئی تو نے ان کی جان قبض کر لی جب وہ شہید نیک بخت ولی

تَقِیًّا رَّضِیًّا زَکِیًّا هَادِیًا مَّهْدِیًّا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلَیْهِ اَفْضَلَ مَا صَلَّیْتَ عَلٰی اَحَدٍ

پرہیزگار پسندیدہ پاکباز رہبر و رہنما اور ہدایت یافتہ تھے اے اللہ رحمت فرما حضرت محمدؐ پر اور ان (علیؑ) پر وہ بہترین رحمت جو تو نے اپنے

مِّنْ اَنْبِیَآئِکَ وَ اَصْفِیَآئِکَ یَا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ (کتاب الاقبال سید ابن طاؤس و زاد المعاد مجلسی وغیرہ)

نبیوں اور اپنے برگزیدوں میں سے کسی پر کی ہو اے جہانوں کے پروردگار۔

(۳) **۱۷ ربیع الاول کے موقع پر حضرت امیر علیہ السلام کی مخصوص زیارت**:۔ یہ وہ زیارت ہے جو

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے اپنے جلیل القدر صحابی محمد بن مسلم ثقفی کو تعلیم دی تھی کہ جب حضرت امیر علیہ السلام کی زیارت کرنا چاہو تو غسل کرو۔ اور صاف ستھرا لباس زیب بدن کرو اور خوشبو لگاؤ (جو کہ ہر معصومؑ کی زیارت کے وقت مستحسن ہے سوائے سید الشہداءؑ کی زیارت کے) اور سکینہ و وقار کے ساتھ ساتھ چلتے ہوئے روضۂ اقدس کے دروازہ پر پہنچو جہاں سے ضریح مقدس نظر آتی ہے تو رو بقبلہ کھڑے ہو پہلے تیں مرتبہ ﴿اَللّٰهُ اَكْبَرُ﴾ کہو بعد ازاں یہ زیارت پڑھو:

﴿اَلسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلٰى خِيَرَةِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَى الْبَشِيْرِ النَّذِيْرِ السِّرَاجِ

سلام ہو خدا کے رسولؐ پر سلام ہو خدا کے چنے ہوئے پر سلام ہو خوشخبری دینے ڈرانے والے پر جو نورانی

الْمُنِيْرِ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَى الطُّهْرِ الطَّاهِرِ اَلسَّلَامُ عَلَى الْعَلَمِ الزَّاهِرِ

چراغ ہے خدا کی رحمت ہو اور اس کی برکتیں سلام ہو پاک و پاکیزہ پر سلام ہو چمکتے ہوئے پرچم پر

اَلسَّلَامُ عَلَى الْمَنْصُوْرِ الْمُؤَيَّدِ اَلسَّلَامُ عَلٰى اَبِى الْقَاسِمِ مُحَمَّدٍ وَّ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهٗ

سلام ہو مدد دیے گئے تائید شدہ پر سلام ہو ابو القاسم حضرت محمدؐ پر خدا کی رحمت ہو اور اس کی برکتیں



اَلسَّلَامُ عَلٰى اَنْبِيَآءِ اللّٰهِ الْمُرْسَلِيْنَ وَ عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلٰى مَلٰٓئِكَةِ اللّٰهِ

سلام ہو خدا کے بھیجے ہوئے سبھی نبیوں پر اور اس کے نیک بندوں پر سلام ہو خدا کے ان فرشتوں پر جو

الْحَآفِّيْنَ بِهٰذَا الْحَرَمِ وَ بِهٰذَا الضَّرِيْحِ اللَّآئِذِيْنَ بِهٖ﴾ ۔ پس قبر کے نزدیک جائے اور کہے:

اس حرم کے گرد کھڑے ہیں اور انہوں نے اس ضریح کی پناہ لے رکھی ہے۔

﴿اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَصِىَّ الْاَوْصِيَآءِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا سَيِّدَ الشُّهَدَآءِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ

سلام ہو آپ پر اے سب اوصیاء کے وصی سلام ہو آپ پر اے پرہیزگاروں کے ستون سلام ہو آپ پر اے اولیاء کے

اٰيَةَ اللّٰهِ الْعُظْمٰى اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خَامِسَ اَهْلِ الْعَبَآءِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا قَآئِدَ الْغُرِّ

سرپرست سلام ہو آپ پر اے شہیدوں کے سالار سلام ہو آپ پر اے خدا کی عظیم نشانی سلام ہو آپ پر اے اہل عبا میں پانچویں فرد سلام ہو

الْمُحَجَّلِيْنَ الْاَتْقِيَآءِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا عِصْمَةَ الْاَوْلِيَآءِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا زَيْنَ الْمُوَحِّدِيْنَ

آپ پر اے چمکتے چہروں والے نیکوکاروں کے سردار سلام ہو آپ پر اے اولیاء کی ڈھال سلام ہو آپ پر اے صاحب شرف توحید پرستوں

النُّجَبَآءِ اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ يَا خَالِصَ الْاَخِلَّاءِ اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ يَا وَالِدَ الْاَئِمَّةِ الْاُمَنَآءِ اَلسَّلَامُ

کی زینت سلام ہو آپ پر اے دوستانِ خدا میں خالص سلام ہو آپ پر اے امانتدار اماموں کے باپ سلام ہو آپ

عَلَيْکَ يَا صَاحِبَ الْحَوْضِ وَ حَامِلَ اللِّوَآءِ اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ يَا قَسِيْمَ الْجَنَّةِ وَ لَظٰى

پر اے ساقی حوض کوثر اور لواء الحمد کے اٹھانے والے سلام ہو آپ پر اے جنت و جہنم میں بھیجنے والے

اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ يَا مَنْ شُرِّفَتْ بِهٖ مَکَّةُ وَ مِنٰى اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ يَا بَحْرَ الْعُلُوْمِ وَ کَنَفَ

سلام ہو آپ پر اے وہ جس سے مکہ و منیٰ نے عزت پائی سلام ہو آپ پر اے علوم کے سمندر اور محتاجوں کی

الْفُقَرَآءِ اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ يَا مَنْ وُّلِدَ فِى الْکَعْبَةِ وَ زُوِّجَ فِى السَّمَآءِ بِسَيِّدَةِ النِّسَآءِ

امیدگاہ سلام ہو آپ پر اے وہ جو کعبے میں پیدا ہوا جس کا آسمان میں سیدہ زہراؑ سے نکاح ہوا

شُهُوْدُهَا الْمَلَآئِکَةُ الْاَصْفِيَآءُ اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ يَا مِصْبَاحَ الضِّيَآءِ اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ يَا مَنْ

اور منتخب فرشتے اس میں گواہ بنے سلام ہو آپ پر اے روشنی دینے والے چراغ سلام ہو آپ پر اے وہ جسے

خَصَّهُ النَّبِیُّ بِجَزِيْلِ الْحِبَآءِ اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ يَا مَنْ بَاتَ عَلٰى فِرَاشِ خَاتَمِ الْاَنْبِيَآءِ وَ وَقَاهُ



پیغمبر نے بڑی عطا کے لیے مخصوص فرمایا سلام ہو آپ پر اے وہ جو نبیوں میں آخری کے بستر پر سویا اور اپنی جان

بِنَفْسِهٖ شَرَّ الْاَعْدَآءِ اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ يَا مَنْ رُدَّتْ لَهُ الشَّمْسُ فَسَامٰى شَمْعُوْنَ الصَّفَا

کے عوض انہیں دشمنوں سے بچایا سلام ہو آپ پر اے وہ جس کے لیے سورج پلٹ آیا تو وہ شمعون ثانی قرار پایا

اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ يَا مَنْ اَنْجَى اللّٰهُ سَفِيْنَةَ نُوْحٍ بِاسْمِهٖ وَاسْمِ اَخِيْهِ حَيْثُ الْتَطَمَ الْمَآءُ

سلام ہو آپ پر اے وہ کہ خدا نے کشتی نوح کو اس کے نام اور اس کے بھائی کے نام پر بچایا جب وہ گرداب میں

حَوْلَهَا وَ طَمٰى اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ يَا مَنْ تَابَ اللّٰهُ بِهٖ وَ بِاَخِيْهِ عَلٰى اٰدَمَ اِذْ غَوٰى اَلسَّلَامُ

گھری ڈول رہی تھی سلام ہو آپ پر اے وہ کہ خدا نے اس کے اور اس کے بھائی کے نام پر آدمؑ کی توبہ قبول کی جب وہ بہک گئے سلام ہو

عَلَيْکَ يَا فُلْکَ النَّجَاةِ الَّذِىْ مَنْ رَکِبَهُ نَجٰى وَمَنْ تَاَخَّرَ عَنْهُ هَوٰى اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ يَا مَنْ

آپ پر اے وہ کشتی نجات کہ جو اس پر سوار بچ گیا اور جو ہٹا رہا وہ ہلاک ہوگیا سلام ہو آپ پر اے وہ جس نے

خَاطَبَ الثُّعْبَانَ وَ ذِئْبَ الْفَلَا اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَکَاتُهٗ

اژدہا اور بیابانی بھیڑیے سے خطاب کیا سلام ہو آپ پر اے مومنوں کے امیر خدا کی رحمت ہو اور اس کی برکات

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا حُجَّةَ اللّٰهِ عَلٰی مَنْ کَفَرَ وَ اَنَابَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَآ اِمَامَ ذَوِی الْاَلْبَابِ

سلام ہو آپ پر اے خدا کی حجت اس پر جس نے کفر کیا اور پلٹ آیا سلام ہو آپ پر اے صاحبانِ عقل کے امام

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَعْدِنَ الْحِکْمَةِ وَ فَصْلَ الْخِطَابِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَنْ عِنْدَهٗ عِلْمُ

سلام ہو آپ پر اے علم و حکمت اور فیصلہ دینے کے خزینہ دار سلام ہو آپ پر اے وہ جس کے پاس علم

الْکِتَابِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مِیْزَانَ یَوْمِ الْحِسَابِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا فَاصِلَ الْحُکْمِ النَّاطِقِ

کتاب ہے سلام ہو آپ پر اے یوم حساب میں میزانِ عمل سلام ہو آپ پر اے واضح تر اور بہترین فیصلہ

بِالصَّوَابِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا اَیُّهَا الْمُتَصَدِّقُ بِالْخَاتَمِ فِی الْمِحْرَابِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَنْ

دینے والے سلام ہو آپ پر کہ آپ نے محراب عبادت میں انگشتری صدقہ کی سلام ہو آپ پر اے وہ جس کے

کَفَی اللّٰهُ الْمُؤْمِنِیْنَ الْقِتَالَ بِهٖ یَوْمَ الْاَحْزَابِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَنْ اَخْلَصَ لِلّٰهِ الْوَحْدَانِیَّةِ

ذریعے خدا نے مومنوں کو احزاب کے دن مدد دی سلام ہو آپ پر اے وہ جس نے خلوص سے خدا کو ایک مانا اور

وَ اَنَابَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا قَاتِلَ خَیْبَرَ وَ قَالِعَ الْبَابِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَنْ دَعَاهُ خَیْرُ الْاَنَامِ

متوجہ رہے سلام ہو آپ پر اے اہل خیبر کو قتل کرنے اور دروازہ اکھاڑنے والے سلام ہو آپ پر اے وہ جسے بہترین خلائق نے اپنے بستر

لِلْمَبِیْتِ عَلٰی فِرَاشِهٖ فَاَسْلَمَ نَفْسَهٗ لِلْمَنِیَّةِ وَ اَجَابَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَنْ لَهٗ طُوْبٰی وَ

پر سونے کے لیے بلایا تو اس نے حکم مانا اور خود کو موت کے منہ میں دے دیا سلام ہو آپ پر اے وہ جس کے لیے خوشخبری اور

حُسْنُ مَاٰبٍ وَّ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَکَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا وَلِیَّ عِصْمَةِ الدِّیْنِ وَ یَا سَیِّدَ

بہترین مقام ہے خدا کی رحمت ہے اور اس کی برکات ہو آپ پر اے دین کی حفاظت کے ذمہ دار اور سرداروں کے

السَّادَاتِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا صَاحِبَ الْمُعْجِزَاتِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَنْ نَّزَلَتْ فِیْ فَضْلِهٖ

سردار سلام ہو آپ پر اے معجزوں کے مالک سلام ہو آپ پر اے وہ جس کی فضیلت میں سورۂ عادیات

سُوْرَةُ الْعَادِیَاتِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَنْ کُتِبَ اسْمُهٗ فِی السَّمَآءِ عَلَی السُّرَادِقَاتِ اَلسَّلَامُ

نازل ہوا سلام ہو آپ پر اے وہ جس کا نام آسمانوں میں واقع خیام پر لکھا ہوا ہے سلام ہو

عَلَیْکَ یَا مُظْهِرَ الْعَجَآئِبِ وَالْاٰیَاتِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَآ اَمِیْرَ الْغَزَوَاتِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا

آپ پر اے عجیب امور اور نشانیاں ظاہر کرنے والے سلام ہو آپ پر اے جنگوں کے سپہ سالار سلام ہو آپ پر اے

مُخبِرًا بِمَا غَبَرَ وَ بِمَا هُوَاتٍ اَلسَّلامُ عَلَيكَ يَا مُخَاطِبَ ذِئْبِ الْفَلَوَاتِ اَلسَّلامُ عَلَيكَ يَا

خبر دینے والے اس کی جو ہو چکا اور جو ہوگا سلام ہو آپ پر اے بیابانی بھیڑیے سے خطاب کرنے والے سلام ہو آپ پر اے

خَاتِمَ الْحَصٰى وَ مُبَيِّنَ الْمُشْكِلاتِ اَلسَّلامُ عَلَيكَ يَا مَنْ عَجِبَتْ مِنْ حَمَلاتِهِ فِي الْوَغَا

پتھروں پر نقش کرنے والے اور مشکلیں حل کر دینے والے سلام ہو آپ پر اے وہ کہ جنگ میں جس کے حملوں سے آسمانوں کے فرشتے

مَلآئِكَةُ السَّمٰوَاتِ اَلسَّلامُ عَلَيكَ يَا مَنْ نَاجَى الرَّسُوْلَ فَقَدَّمَ بَيْنَ يَدَيْ نَجْوٰهُ الصَّدَقَاتِ

حیران ہوئے سلام ہو آپ پر اے وہ جس نے حضرت رسولؐ سے سرگوشی کی اور سرگوشی کے وقت صدقات پیش کیے

اَلسَّلامُ عَلَيكَ يَا وَالِدَ الْاَئِمَّةِ الْبَرَرَةِ السَّادَاتِ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهُ اَلسَّلامُ عَلَيكَ يَا

سلام ہو آپ پر اے ان اماموں کے باپ جو نیکوکار سردار ہیں خدا کی رحمت ہو اور اس کی برکات سلام ہو آپ پر اے

تَالِيَ الْمَبْعُوْثِ اَلسَّلامُ عَلَيكَ يَا وَارِثَ عِلْمِ خَيْرِ مَوْرُوْثٍ وَّ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهُ

رسولؐ کے قائمقام سلام ہو آپ پر اے علم کے ورثہ دار جو بہترین ورثہ ہے خدا کی رحمت ہو اور اس کی برکات

اَلسَّلامُ عَلَيكَ يَا سَيِّدَ الْوَصِيِّيْنَ اَلسَّلامُ عَلَيكَ يَا اِمَامَ الْمُتَّقِيْنَ اَلسَّلامُ عَلَيكَ يَا غِيَاثَ



سلام ہو آپ پر اے اوصیاء کے سردار سلام ہو آپ پر اے پرہیزگاروں کے امام سلام ہو آپ پر اے دکھی لوگوں

الْمَكْرُوْبِيْنَ اَلسَّلامُ عَلَيكَ يَا عِصْمَةَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَلسَّلامُ عَلَيكَ يَا مُظْهِرَ الْبَرَاهِيْنِ

کے فریاد رس سلام ہو آپ پر اے مومنوں کے نگہدار سلام ہو آپ پر اے دلیل و برہان ظاہر کرنے والے

اَلسَّلامُ عَلَيكَ يَا طٰهٰ وَ يٰسٓ اَلسَّلامُ عَلَيكَ يَا حَبْلَ اللّٰهِ الْمَتِيْنَ اَلسَّلامُ عَلَيكَ يَا مَنْ

سلام ہو آپ پر اے طاہا اور یاسین سلام ہو آپ پر اے اللہ کی مضبوط رسی سلام ہو آپ پر اے وہ جس

تَصَدَّقَ فِيْ صَلٰوتِهٖ بِخَاتِمِهٖ عَلَى الْمِسْكِيْنِ اَلسَّلامُ عَلَيكَ يَا قَالِعَ الصَّخْرَةِ عَنْ فَمِ

نے حالت نماز میں اپنی انگشتری ایک مسکین کو صدقہ میں دی سلام ہو آپ پر اے کنوئیں پر سے پتھر کی سل ہٹا کر

الْقَلِيْبِ وَ مُظْهِرَ الْمَآءِ الْمَعِيْنِ اَلسَّلامُ عَلَيكَ يَا عَيْنَ اللّٰهِ النَّاظِرَةَ وَ يَدَهُ الْبَاسِطَةَ

ٹھنڈا میٹھا پانی کھولنے والے سلام ہو آپ پر اے خدا کی دیکھنے والی آنکھ اس کا کھلا ہوا ہاتھ اور اس کی ساری

وَ لِسَانَهُ الْمُعَبِّرَ عَنْهُ فِيْ بَرِيَّتِهٖ اَجْمَعِيْنَ اَلسَّلامُ عَلَيكَ يَا وَارِثَ عِلْمِ النَّبِيِّيْنَ

مخلوق کو اس کی خبر دینے والی زبان سلام ہو آپ پر اے نبیوں کے علم کے ورثہ دار

وَ مُسْتَوْدَعِ عِلْمِ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ وَ صَاحِبِ لِوَآءِ الْحَمْدِ وَ سَاقِيْ اَوْلِيَآئِهٖ مِنْ حَوْضِ

پہلوں پچھلوں کے علم کے امانتدار لواء حمد کے اٹھانے والے اور آخری پیغمبرؐ کے حوض کوثر سے ان کے دوستوں

خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا يَعْسُوْبَ الدِّيْنِ وَ قَآئِدَ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ وَ وَالِدَ الْاَئِمَّةِ

کو سیراب کرنے والے سلام ہو آپ پر اے دین کے سردار چمکتے چہروں والوں کے پیشوا اور پسند کیے ہوئے اماموں کے باپ

الْمَرْضِيِّيْنَ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلٰى اسْمِ اللّٰهِ الرَّضِيِّ وَ وَجْهِهِ الْمُضِيْءِ

خدا کی رحمت ہو اور اس کی برکات سلام ہو خدا کے پسندیدہ نام پر اس کے تابندہ جلوے

وَ جَنْبِهِ الْقَوِيِّ وَ صِرَاطِهِ السَّوِيِّ اَلسَّلَامُ عَلَى الْاِمَامِ التَّقِيِّ الْمُخْلِصِ الصَّفِيِّ اَلسَّلَامُ

اس کے توانا طرفدار اور اس کے راہ راست پر سلام سلام ہو اس امام پر جو پرہیزگار اخلاص کار پسندیدہ ہے سلام ہو

عَلَى الْكَوْكَبِ الدُّرِّيِّ اَلسَّلَامُ عَلَى الْاِمَامِ اَبِي الْحَسَنِ عَلِيٍّ وَّ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهٗ

چمکتے ہوئے ستارے پر سلام ہو ابوالحسن امام علی مرتضیٰ پر خدا کی رحمت ہو اور اس کی برکات

اَلسَّلَامُ عَلٰى اَئِمَّةِ الْهُدٰى وَ مَصَابِيْحِ الدُّجٰى وَ اَعْلَامِ التُّقٰى وَ مَنَارِ الْهُدٰى وَ ذَوِي



سلام ہو ہدایت یافتہ اماموں پر جو تاریکی کے چراغ پرہیزگاری کے نشان ہدایت کے مینار صاحبان عقل و خرد مخلوق

النُّهٰى وَ كَهْفِ الْوَرٰى وَ الْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى وَ الْحُجَّةِ عَلٰى اَهْلِ الدُّنْيَا وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ

کی جائے پناہ مضبوط تر رسی اور دنیا والوں پر خدا کی حجتوں پر سلام خدا کی رحمت ہو اور

وَ بَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلٰى نُوْرِ الْاَنْوَارِ وَ حُجَّةِ الْجَبَّارِ وَ وَالِدِ الْاَئِمَّةِ الْاَطْهَارِ وَ قَسِيْمِ

اس کی برکات سلام ہو انوار کے نور پر جو خدا نے جبار کی حجت پاک اماموں کا باپ

الْجَنَّةِ وَ النَّارِ الْمُخْبِرِ عَنِ الْاٰثَارِ الْمُدَمِّرِ عَلَى الْكُفَّارِ مُسْتَنْقِذِ الشِّيْعَةِ الْمُخْلِصِيْنَ مِنْ

جنت و جہنم میں بھیجنے والا قدیم خبریں دینے والا کافروں کو ہلاک کرنے والا اور خالص و مخلص شیعوں کو گناہوں کے بوجھ تلے سے

عَظِيْمِ الْاَوْزَارِ اَلسَّلَامُ عَلَى الْمَخْصُوْصِ بِالطَّاهِرَةِ التَّقِيَّةِ ابْنَةِ الْمُخْتَارِ الْمَوْلُوْدِ فِي

نکالنے والا ہے سلام ہو اس پر جو خاص کیا گیا پاکیزہ باتقویٰ دختر نبیؐ کے لیے جو پیدا ہوا پردوں والے

الْبَيْتِ ذِي الْاَسْتَارِ الْمُزَوَّجِ فِي السَّمَآءِ بِالْبَرَّةِ الطَّاهِرَةِ الرَّضِيَّةِ الْمَرْضِيَّةِ وَالِدَةِ الْاَئِمَّةِ

گھر (کعبہ) میں جس کا نکاح ہوا آسمان میں نیکوکار پاکیزہ بی بی سے جو راضی شدہ راضی کی گئی پاک اماموں کی ماں ہے

الْاَطْهَارِ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهُ اَلسَّلَامُ عَلَى النَّبَاِ الْعَظِيْمِ الَّذِىْ هُمْ فِيْهِ مُخْتَلِفُوْنَ

خدا کی رحمت ہو اور اس کی برکات سلام ہو اس بڑی خبر پر کہ جس میں وہ لوگ اختلاف کرتے اس پر معترض

وَ عَلَيْهِ يُعْرَضُوْنَ وَ عَنْهُ يُسْئَلُوْنَ اَلسَّلَامُ عَلٰى نُوْرِ اللّٰهِ الْاَنْوَارِ وَ ضِيَآئِهِ الْاَزْهَرِ وَ رَحْمَةُ

ہوتے اور اس کے متعلق پوچھتے ہیں سلام ہو خدا کے روشن تر نور اور اس کی چمک دمک پر خدا کی رحمت

اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَلِيَّ اللّٰهِ وَ حُجَّتَهُ وَ خَالِصَةَ اللّٰهِ وَ خَآصَّتَهُ اَشْهَدُ اَنَّكَ

ہو اور اس کی برکات سلام ہو آپ پر اے دوست خدا اور اس کی حجت، خدا کے مخلص اور اس کے خاص کردہ میں گواہ ہوں

يَا وَلِيَّ اللّٰهِ لَقَدْ جَاهَدْتَ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهِ وَ اتَّبَعْتَ مِنْهَاجَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى

اے ولی خدا کہ آپ نے جہاد کیا خدا کی راہ میں جو جہاد کرنے کا حق ہے اور آپ نے حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ کے راستے کی پیروی کی

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اٰلِهِ وَ حَلَّلْتَ حَلَالَ اللّٰهِ وَ حَرَّمْتَ حَرَامَ اللّٰهِ وَ شَرَعْتَ اَحْكَامَهُ وَ اَقَمْتَ

خدا رحمت کرے ان پر اور ان کی آل پر، آپ نے حلال خدا کو حلال رکھا حرام خدا کو حرام قرار دیا اس کے احکام جاری کیے آپ نے

الصَّلٰوةَ وَ اٰتَيْتَ الزَّكٰوةَ وَ اَمَرْتَ بِالْمَعْرُوْفِ وَ نَهَيْتَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَ جَاهَدْتَ فِىْ سَبِيْلِ

نماز قائم رکھی اور زکوۃ دیتے رہے آپ نے نیک کاموں کا حکم دیا اور برے کاموں سے روکتے رہے آپ نے راہ خدا میں

اللّٰهِ صَابِرًا نَاصِحًا مُجْتَهِدًا مُحْتَسِبًا عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمَ الْاَجْرِ حَتّٰى اَتٰيكَ الْيَقِيْنُ فَلَعَنَ اللّٰهُ

جہاد کیا جم کر خیر خواہی میں کوشاں رہے اور اس پر خدا کے ہاں سے اجر کی امید رکھی یہاں تک کہ آپ شہید ہوگئے پس خدا لعنت کرے

مَنْ دَفَعَكَ عَنْ حَقِّكَ وَ اَزَالَكَ عَنْ مَقَامِكَ وَ لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ بَلَغَهُ ذٰلِكَ فَرَضِىَ بِهٖ

اسے جس نے آپ کو حق سے محروم کیا اور آپ کے مقام سے ہٹایا اور خدا لعنت کرے اسے جو یہ اطلاع پا کر خوش ہوا

اُشْهِدُ اللّٰهَ وَ مَلٰٓئِكَتَهُ وَ اَنْبِيَآئَهُ وَ رُسُلَهُ اَنِّىْ وَلِىٌّ لِمَنْ وَالَاكَ وَ عَدُوٌّ لِمَنْ عَادَاكَ

گواہ بناتا ہوں خدا کو اس کے فرشتوں اس کے نبیوں اور رسولوں کو اس پر کہ میں آپ کے دوست کا دوست اور آپ کے دشمن کا دشمن ہوں

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهُ۔

سلام ہو آپ پر خدا کی رحمت ہو اور اس کی برکات۔

اب خود کو قبر شریف سے لپٹائے اسے بوسہ دے اور کہے: ﴿اَشْهَدُ اَنَّكَ تَسْمَعُ كَلَامِىْ وَ تَشْهَدُ

میں گواہ ہوں کہ میرا کلام سنتے اور میرے کھڑے ہونے

مَقَامِیْ وَ اَشْهَدُ لَکَ یَا وَلِیَّ اللّٰهِ بِالْبَلَاغِ وَ الْاَدَآءِ یَا مَوْلَایَ یَا حُجَّةَ اللّٰهِ یَآ اَمِیْنَ اللّٰهِ

کی جگہ دیکھتے ہیں اور آپ کا گواہ ہوں اے ولی خدا کہ آپ نے پیغام دیا اور فرض نبھایا اے میرے آقا اے حجت خدا اے خدا کے امین

یَا وَلِیَّ اللّٰهِ اِنَّ بَیْنِیْ وَ بَیْنَ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ ذُنُوْبًا قَدْ اَثْقَلَتْ ظَهْرِیْ وَ مَنَعَتْنِیْ مِنَ الرُّقَادِ

اے خدا کے دوست بے شک میرے اور خدا کے درمیان میرے گناہ حائل ہیں جن کا بوجھ میری کمر پر ہے انہوں نے میری نیند اڑا دی ہے

وَ ذِکْرُهَا یُقَلْقِلُ اَحْشَائِیْ وَ قَدْ هَرَبْتُ اِلَی اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ وَ اِلَیْکَ فَبِحَقِّ مَنِ ائْتَمَنَکَ عَلٰی

ان کی یاد سے میرا دل گھبراتا ہے اور میں بھاگ کے آیا ہوں خدائے عزوجل کی طرف اور آپ کی طرف پس بواسطہ اس کے جس نے آپ کو

سِرِّهٖ وَ اسْتَرْعَاکَ اَمْرَ خَلْقِهٖ وَ قَرَنَ طَاعَتَکَ بِطَاعَتِهٖ وَ مُوَالَاتَکَ بِمُوَالَاتِهٖ کُنْ لِیْ

اپنا راز دار بنایا اپنی مخلوق کا معاملہ آپ کو سونپا اس نے آپ کی اطاعت اپنی اطاعت کے ساتھ اور آپ کی محبت اپنی محبت کے ساتھ رکھی آپ

اِلَی اللّٰهِ شَفِیْعًا وَّ مِنَ النَّارِ مُجِیْرًا وَّ عَلَی الدَّهْرِ ظَهِیْرًا۔ پس بار دیگر خود کو قبر مبارک سے لپٹائے

خدا کے ہاں میرے سفارشی بنیں جہنم سے پناہ دیں اور حالات میں میرے مددگار رہوں۔

اسے بوسہ دے اور کہے: یَا وَلِیَّ اللّٰهِ یَا حُجَّةَ اللّٰهِ یَا بَابَ حِطَّةِ اللّٰهِ وَلِیُّکَ وَ زَائِرُکَ

اے دوست خدا اے حجت خدا اے خدا کے باب حطہ! آپ کا محبّ آپ کا زائر

وَاللَّائِذُ بِقَبْرِکَ وَالنَّازِلُ بِفِنَآئِکَ وَ الْمُنِیْخُ رَحْلَهٗ فِیْ جِوَارِکَ یَسْئَلُکَ اَنْ تَشْفَعَ لَهٗ

آپ کی قبر کی پناہ لینے والا آپ کی درگاہ پر آنے والا اور آپ کے جوار میں آ رہنے والا سوال کرتا ہے کہ آپ خدا کے ہاں اس کی سفارش

اِلَی اللّٰهِ فِیْ قَضَآءِ حَاجَتِهٖ وَ نُجْحِ طَلِبَتِهٖ فِی الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَةِ فَاِنَّ لَکَ عِنْدَ اللّٰهِ الْجَاهَ الْعَظِیْمَ

کریں کہ اس کی حاجت پوری ہو اور مقصد حاصل ہو دنیا اور آخرت میں کیونکہ خدا کے حضور آپ کی بڑی عزت ہے اور

وَ الشَّفَاعَةَ الْمَقْبُوْلَةَ فَاجْعَلْنِیْ یَا مَوْلَایَ مِنْ هَمِّکَ وَ اَدْخِلْنِیْ فِیْ حِزْبِکَ

آپ کی شفاعت قبول شدہ ہے پس قرار دیں اے میرے آقا مجھے اپنے زیر نگاہ اور داخل کریں اپنے گروہ میں

وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ وَ عَلٰی ضَجِیْعَیْکَ اٰدَمَ وَ نُوْحٍ وَّ السَّلَامُ عَلَیْکَ وَ عَلٰی وَلَدَیْکَ الْحَسَنِ

سلام ہو آپ پر اور آپ کے ہر دو ساتھیوں آدمؑ و نوحؑ پر سلام ہو آپ پر اور آپ کے ہر دو فرزندوں حسنؑ و

وَ الْحُسَیْنِ وَ عَلَی الْاَئِمَّةِ الطَّاهِرِیْنَ مِنْ ذُرِّیَّتِکَ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَکَاتُهٗ۔

حسینؑ پر اور سلام ہو آپ کی اولاد میں سے پاک اماموں پر خدا کی رحمت ہو اور اس کی برکات۔

اس کے بعد چھ رکعت نماز زیارت پڑھو یعنی دو رکعت حضرت امیرؑ کی زیارت کے لیے اور دو دو رکعت حضرت آدم و نوح علیہما السلام کی زیارت کے لیے۔ (شیخ مفید، ابن طاؤس، مجلسی، قمی وغیرھم)

(۴) مروی ہے کہ جس دن حضرت امیرؑ شہید ہوئے اور لوگ رونے دھونے میں مشغول تھے تو ایک بزرگوار روتے ہوئے اور ﴿اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ﴾ پڑھتے ہوئے آئے اور آنجنابؑ کے مکان کے دروازہ پر چند مدحیہ کلمات کہے:

﴿رَحِمَکَ اللّٰہُ یَا اَبَا الْحَسَنِ کُنْتَ اَوَّلَ الْقَوْمِ اِسْلَامًا وَ اَخْلَصَھُمْ اِیْمَانًا

اے ابوالحسن! اللہ آپ پر رحم فرمائے آپ اظہار اسلام میں سب سے اول تھے اور ایمان میں سب سے زیادہ مخلص تھے اور یقین میں سب سے

وَ اَشَدَّھُمْ یَقِیْنًا وَ اَخْوَفَھُمْ لِلّٰہِ﴾۔

زیادہ سخت! اور سب سے زیادہ خوف خدا رکھنے والے تھے۔

اس قسم کے حضرت امیرؑ کے بہت سے فضائل و مناقب بیان کیے اور حاضرین کو رلایا۔ اس کے بعد غائب ہو گئے۔ علامہ مجلسی بحار الانوار میں فرماتے ہیں کہ کتاب اکمال الدین سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ بزرگ حضرت خضرؑ تھے چنانچہ بعض علماء نے انہی کلمات کے ساتھ حضرت امیرؑ کی شہادت کے دن آپؑ کی زیارت پڑھنے کو مستحسن قرار دیا ہے۔ (مفاتیح الجنان و کتاب الدعاء)



## مسجد کوفہ، مسجد سہلہ و مسجد صعصعہ وغیرہ کی عظمت

## اور ان مساجد میں عبادت کرنے کی فضیلت

مسجد کوفہ دنیا کے ان چار مقدس مقامات میں سے ایک مقام ہے جہاں مسافر کو نماز کے قصر اور تمام پڑھنے کا حق حاصل ہے اور باقی تین مقامات یہ ہیں: (۱) مسجد الحرام، (۲) مسجد نبویؐ، (۳) اور حائر حسینیؑ۔ (متفق علیہ)

مسجد کوفہ کی فضیلت میں بہت سی روایات وارد ہوئی ہیں۔ بعض میں وارد ہے کہ مسجد کوفہ وہ عظیم الشان مسجد ہے جہاں ایک ہزار نبی اور ایک ہزار وصی نے نماز پڑھی ہے۔ خود پیغمبر اسلام ﷺ نے شب معراج یہاں سے گزرتے ہوئے خدا سے اجازت حاصل کر کے دو رکعت نماز پڑھی تھی۔ یہاں ایک نماز فریضہ پڑھنا ایک ہزار نمازوں کے برابر ہے۔ یہاں ایک نماز فریضہ ایک حج اور ایک نافلہ ایک عمرہ کے برابر ہے۔ اور یہ مسجد جنت کے

باغوں میں سے ایک باغ ہے۔

یہ سب کچھ بجا ہے مگر اس کے اعمال کے سلسلہ میں جو ترتیب چلتی ہے کہ اس مسجد میں داخل ہوتے وقت یہ دعا پڑھی جائے، چوتھے ستون کے پاس یہ دعا اور ساتویں ستون کے پاس یہ عمل کیا جائے۔ دکۃ القضا کے پاس یہ عمل بجالایا جائے اور بیت الطشت وغیرہ کے پاس یوں کیا جائے۔ بعض علماء نے صراحت کی ہے کہ اس کے بارے میں کوئی حدیث وارد نہیں ہوئی۔ (ملاحظہ ہو: بحارالانوار اور فاضل شیرازی کی کتاب الدعا و الزیارہ) لہٰذا ہم بھی وہ اعمال ذکر کرنے کی ضرورت محسوس نہیں کرتے جو ائمہ طاہرین علیہم السلام نے نہیں بتائے ہیں البتہ یہ عرض کریں گے کہ اس مقدس مقام پر جس قدر ہو سکے واجبی اور سنّتی نمازیں پڑھی جائیں۔ قرآن خوانی کی جائے اور بکثرت دعا و استغفار کی جائے اور لمحات فرصت کو غنیمت سمجھا جائے۔

## مساجد میں داخل ہونے کی دعا

ہاں البتہ عام مساجد میں داخل ہونے کی جو دعائیں منقول ہیں وہ یہاں بھی پڑھی جائیں تو بہتر ہے



چنانچہ ایک دعا یہ ہے جو کہ امام حسن عسکری علیہ السلام سے مروی ہے:

﴿بِسْمِ اللّٰهِ وَ بِاللّٰهِ وَ مِنَ اللّٰهِ وَ اِلَى اللّٰهِ وَ خَيْرُ الْاَسْمَآءِ كُلُّهَا لِلّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى

اللّٰهِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَافْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ

رَحْمَتِكَ وَ تَوْبَتِكَ وَ اَغْلِقْ عَلَيَّ اَبْوَابَ مَعْصِيَتِكَ وَ اجْعَلْنِيْ مِنْ زُوَّارِكَ

وَ عُمَّارِ مَسَاجِدِكَ وَ مِمَّنْ يُنَاجِيْكَ بِاللَّيْلِ وَ النَّهَارِ وَ مِنَ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ

صَلٰوتِهِمْ خَاشِعُوْنَ وَ مِنَ الَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلٰوتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ وَ اَعُوْذُ بِكَ

عَنِ الشَّيطَانِ الرَّجِيمِ وَ جُنُودِ اِبلِيسَ اَجمَعِينَ﴾۔

دوسری وہ دعا ہے جو پیغمبر اسلام ﷺ سے مروی ہے:

﴿بِسمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَالِ مُحَمَّدٍ وَاغفِرلِی ذُنُوبِی

وَافتَح لِی اَبوَابَ رَحمَتِکَ﴾۔(ایضاً)

## مسجد کوفہ میں دو رکعت نمازِ حاجت

البتہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جس شخص کو کوئی حاجت درپیش ہو وہ مسجد کوفہ میں دو رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں الحمد کے بعد سورۂ فلق، سورۂ ناس، سورۂ اخلاص، سورۂ کافرون، سورۂ نصر، سورۂ قدر اور سورۂ اعلیٰ پڑھے اور سلام کے بعد جناب سیدہؑ کی تسبیح پڑھے اور اس کے بعد اپنی حاجت خدا سے طلب کرے۔ خداوند عالم اس کی حاجت پوری فرمائے گا۔ (مصباح الزائر ابن طاؤس و کتاب الدعاء)



## مسجد سہلہ

مسجد کوفہ کے بعد فضیلت میں کوئی مسجد مسجد سہلہ کے برابر نہیں ہے۔ بعض اخبار و آثار کے مطابق یہ مسجد جناب ادریسؑ و ابراہیمؑ کا گھر ہے اور جناب خضرؑ کی آمد کا مقام ہے اور حضرت مہدی علیہ السلام کا مسکن ہے اور اس مسجد میں نماز پڑھنا بڑی فضیلت رکھتا ہے لہٰذا اس مسجد میں نماز تحیۂ مسجد اور دوسری نمازیں پڑھنے اور دل کھول کر عبادتِ خدا کرنے میں غفلت نہیں کرنی چاہیئے۔ اسی طرح مسجد زید بن صوحان اور مسجد صعصعہ بن صوحان کی بھی فضیلت وارد ہوئی ہے جو کہ حضرت امیر علیہ السلام کے خاص صحابی تھے جو اسی مسجد سہلہ کے قرب و جوار میں واقع ہیں۔ لہٰذا ان میں بھی نماز پڑھنے کی سعادت حاصل کرنی چاہیئے۔ باقی رہے ان مساجد کے مخصوص اعمال و اوراد تو چونکہ وہ احادیث میں وارد نہیں ہوئے لہٰذا ہم ان کا تذکرہ نہ کرنے میں معذور ہیں۔ ع

والعذر عند کرام الناس مقبول

یہی وجہ ہے کہ مصباح متہجد، مصباح کفعمی اور زاد المعاد وغیرہ کتب معتمدہ میں یہ اعمال مذکور نہیں ہیں ہاں البتہ اگر کوئی صاحب بلا دلیل صرف مشہور طریقہ کار پر عمل کرنے پر مصر ہوں تو وہ مفاتیح الجنان کے مطابق عمل کر سکتا ہے۔ فتدبر۔

## جناب مسلم بن عقیلؑ اور جناب ہانی بن عروہؓ کی زیارات کا بیان

افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ کتب ادعیہ و زیارات میں ان دونوں حضرات کی کوئی ایسی زیارت نظر قاصر سے نہیں گزری جو کسی معصومؑ سے منقول ہو۔ اور یہ وہ حقیقت ہے جس کا اعتراف آقائے سید محمد شیرازی مرحوم نے بھی اپنی کتاب الدعاء والزیارہ میں ان الفاظ کے ساتھ کیا ہے: ﴿**ولم اجد فی زیارتی مسلمؑ و هانیؓ زیارة واردة**﴾ کہ "مجھے ان دونوں بزرگواروں کی کوئی منقولہ زیارت نہیں مل سکی" مگر ان حضرات کی جلالت قدر اور ادلۂ سنن میں تسامح کا تقاضا ہے کہ وہ زیارت پڑھ لی جائے جو علماء نے ذکر کی ہے اگرچہ وہ مروی نہیں ہے لہٰذا اسی بنا پر ہم بھی طویل اذن دخول کو ترک کرکے اصل زیارت کو نقل کرتے ہیں۔ زائر کو چاہئے کہ جناب مسلمؑ کی قبر کے قریب کھڑے ہو کر یہ زیارت پڑھے:



﴿اَلسَّلاَمُ عَلَیْکَ اَیُّهَا الْعَبْدُ الصَّالِحُ الْمُطِیْعُ لِلّٰهِ وَ لِرَسُوْلِهٖ وَ لِاَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ

سلام ہو آپ پر اے بندۂ نیکوکار کہ آپ اطاعت گزار ہیں اللہ اور اس کے رسولؐ کے اور تابع ہیں امیر المومنینؑ کے

وَالْحَسَنِ وَ الْحُسَیْنِ عَلَیْهِمُ السَّلاَمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَ سَلاَمٌ عَلٰی عِبَادِهِ الَّذِیْنَ

اور حسنؑ و حسینؑ کے ان سب پر سلام ہو حمد ہے خدا کے لیے اور سلام ہو اس کے بندوں پر جو چنے ہوئے

اصْطَفٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَالسَّلاَمُ عَلَیْکُمْ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَکَاتُهٗ وَ مَغْفِرَتُهٗ وَ عَلٰی رُوْحِکَ

ہیں اور وہ ہیں محمدؐ اور ان کی آل سلام ہو آپ پر خدا کی رحمت ہو اس کی برکات اور اس کی طرف سے بخشش سلام ہو آپ کی روح اور

وَ بَدَنِکَ اَشْهَدُ اَنَّکَ مَضَیْتَ عَلٰی مَا مَضٰی عَلَیْهِ الْبَدْرِیُّوْنَ الْمُجَاهِدُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ

آپ کے بدن پر میں گواہ ہوں کہ آپ اس عقیدے پر گزرے جس پر اصحاب بدر دنیا سے گزرے کہ جو خدا کی راہ میں جہاد کرنے والے

الْمُبَالِغُوْنَ فِیْ جِهَادِ اَعْدَآئِهٖ وَ نُصْرَةِ اَوْلِیَآئِهٖ فَجَزَاکَ اللّٰهُ اَفْضَلَ الْجَزَآءِ وَ اَکْثَرَ

اس کے دشمنوں سے لڑنے والے اور اس کے دوستوں کی مدد کرنے والے تھے پس خدا جزا دے آپ کو بہترین جزا بہت زیادہ

الْجَزَآءِ وَ اَوْفَرَ جَزَآءِ اَحَدٍ مِّمَّنْ وَفٰى بِبَيْعَتِهٖ وَ اسْتَجَابَ لَهٗ دَعْوَتَهٗ وَ اَطَاعَ وُلَاةَ اَمْرِهٖ

جزا اور وہ بے حساب جزا جو اس کو دی کہ جس نے اس کی بیعت کا حق ادا کیا اس کی پکار پر حاضر ہوا اور اس کے مقرر کردہ حاکموں کی اطاعت

اَشْهَدُ اَنَّكَ قَدْ بَالَغْتَ فِي النَّصِيْحَةِ وَ اَعْطَيْتَ غَايَةَ الْمَجْهُوْدِ حَتّٰى بَعَثَكَ اللّٰهُ

کی میں گواہ ہوں کہ آپ نے ان کی بہت خیر خواہی کی اور ان کے حق میں جان کی بازی لگائی حتی کہ خدا نے آپ کو شہیدوں میں

فِي الشُّهَدَآءِ وَ جَعَلَ رُوْحَكَ مَعَ اَرْوَاحِ السُّعَدَآءِ وَ اَعْطَاكَ مِنْ جِنَانِهٖ اَفْسَحَهَا مَنْزِلًا

شامل کر دیا اور آپ کی روح کو خوش بختوں کی روحوں میں جگہ دی اس نے آپ کو اپنی جنت میں

وَ اَفْضَلَهَا غُرَفًا وَ رَفَعَ ذِكْرَكَ فِي الْعِلِّيِّيْنَ وَ حَشَرَكَ مَعَ النَّبِيِّيْنَ وَ الصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ

کشادہ محل اور بڑا اونچا بالاخانہ عطا فرمایا مقام علیین میں آپ کا چرچا کیا آپ کا حشر کیا ہے نبیوں کے ساتھ اور صدیقوں شہیدوں

وَ الصَّالِحِيْنَ وَ حَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا اَشْهَدُ اَنَّكَ لَمْ تَهِنْ وَلَمْ تَنْكُلْ وَ اَنَّكَ قَدْ مَضَيْتَ

اور نیکوکاروں کے ساتھ اور یہ لوگ کتنے اچھے ہمدم ہیں میں گواہ ہوں کہ آپ نے نہ سستی دکھائی نہ منہ موڑا بے شک آپ دنیا سے گزرے

عَلٰى بَصِيْرَةٍ مِّنْ اَمْرِكَ مُقْتَدِيًا بِالصَّالِحِيْنَ وَ مُتَّبِعًا لِّلنَّبِيِّيْنَ فَجَمَعَ اللّٰهُ بَيْنَنَا وَ بَيْنَكَ

تو اپنے عمل کا شعور رکھتے ہوئے نیکوکاروں کی پیروی اور نبیوں کی اتباع کر رہے تھے پس خدا یکجا کرے ہمیں اور آپ کو اپنے

وَ بَيْنَ رَسُوْلِهٖ وَ اَوْلِيَآئِهٖ فِيْ مَنَازِلِ الْمُخْبِتِيْنَ فَاِنَّهٗ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ﴾۔

رسولؐ اور اپنے دوستوں کے ساتھ خدا سے محبت رکھنے والوں کے مقامات پر کہ یقیناً وہ سب سے زیادہ رحم والا ہے۔

اس کے بعد دو رکعت نماز پڑھے اور اس کا ثواب جناب مسلمؑ کی روح مقدس کو ہدیہ کرے۔ علاوہ بریں ان کے درجات کی بلندی کے لیے دعا و قرآن خوانی کرے اور اس سب عمل خیر کا ثواب صاحب قبر کو ہدیہ کرے نیز اپنی بخشش اور قضائے حاجات کے لیے خدا سے دعا کرے۔

## جناب ہانی بن عروہؓ کی زیارت

اسی طرح جناب ہانی بن عروہ کی یہ زیارت بھی بعض علماء نے ذکر کی ہے۔ اگر چہ کسی معصومؑ سے مروی نہیں ہے۔

﴿سَلَامُ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَ صَلَوٰتُهٗ عَلَيْكَ يَا هَانِيَ بْنَ عُرْوَةَ السَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا

سلام ہو عظمت والے خدا کا اور اس کی رحمتیں ہوں آپ پر اے ہانی بن عروہ سلام ہو آپ پر اے

اَلْعَبْدُ الصَّالِحُ النَّاصِحُ لِلّٰهِ وَ لِرَسُوْلِهٖ وَ لِاَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْحَسَنِ وَ الْحُسَيْنِ

بندۂ نیکوکار خدا اور اس کے رسولؐ کے لیے خیرخواہ اور خیرخواہ امیر المومنینؑ کے لیے اور حسنؑ و حسینؑ علیہم السلام

عَلَيْهِمُ السَّلَامُ اَشْهَدُ اَنَّكَ قُتِلْتَ مَظْلُوْمًا فَلَعَنَ اللّٰهُ مَنْ قَتَلَكَ وَ اسْتَحَلَّ دَمَكَ

کے لیے سلام ہو ان سب پر میں گواہ ہوں کہ آپ کو ظلم کے ساتھ قتل کیا گیا پس خدا لعنت کرے اس پر جس نے آپ کو قتل کیا اور آپ کے

وَ حَشٰى قُبُوْرَهُمْ نَارًا اَشْهَدُ اَنَّكَ لَقِيْتَ اللّٰهَ وَ هُوَ رَاضٍ عَنْكَ بِمَا فَعَلْتَ وَ نَصَحْتَ

خون کو مباح جانا، خدا ظالموں کی قبروں کو آگ سے بھرے میں گواہ ہوں کہ آپ نے خدا سے ملاقات کی تو وہ آپ سے راضی تھا کیونکہ آپ

وَ اَشْهَدُ اَنَّكَ قَدْ بَلَغْتَ دَرَجَةَ الشُّهَدَآءِ وَ جُعِلَ رُوْحُكَ مَعَ اَرْوَاحِ السُّعَدَآءِ

نے اچھا عمل اور خیر خواہی کی میں گواہ ہوں کہ آپ شہیدوں کے زمرے میں داخل ہوئے اور آپ کی روح خوش بختوں کی روحوں کے ساتھ

بِمَا نَصَحْتَ لِلّٰهِ وَ لِرَسُوْلِهٖ مُجْتَهِدًا وَّ بَذَلْتَ نَفْسَكَ فِيْ ذَاتِ اللّٰهِ

رکھی گئی کیونکہ آپ خدا و رسولؐ کی خیر خواہی میں پوری طرح کوشاں ہوئے اور آپ نے جان قربان کر دی ذات خدا اور اس

وَ مَرْضَاتِهٖ فَرَحِمَكَ اللّٰهُ وَ رَضِيَ عَنْكَ حَشَرَكَ مَعَ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهِ الطَّاهِرِيْنَ



کی رضاؤں میں خدا آپ پر رحمت کرے آپ سے راضی رہے اور آپ کو حضرت محمدؐ اور ان کی پاکیزہ آل کے ساتھ اٹھائے

وَ جَمَعَنَا وَ اِيَّاكُمْ مَعَهُمْ فِيْ دَارِ النَّعِيْمِ وَ سَلَامٌ عَلَيْكَ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهٗ۔

وہ اکٹھا کرے ہمیں اور آپ کو ان کے ساتھ نعمت بھرے گھر میں سلام ہو آپ پر خدا کی رحمت ہو اور اس کی برکات۔

اس کے بعد جانب سر دو رکعت نماز پڑھ کر اس کا ثواب جناب ہانیؓ کی روح کو ہدیہ کرے۔ نیز ان کی بلندیٔ درجات کے لیے دعا و قرآن خوانی کرے اور ان سب کارہائے خیر کا ثواب جناب ہانیؓ کی روح پُرفتوح کو ہدیہ کرے۔

## فصل نہم

# خامس آل عباء سید الشہداء حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت کی خصوصی فضیلت اور اس کی کیفیت کا بیان

(۱) واضح رہے کہ حضرت سید الشہداء علیہ السلام کی زیارت کی اس قدر فضیلت وارد ہوئی ہے کہ حیطۂ تحریر سے باہر ہے۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام اپنے خاص صحابی محمد بن مسلم سے فرماتے ہیں کہ ہمارے شیعوں کو حکم دو کہ وہ حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت کیا کریں کیونکہ آپؑ کی زیارت دیوار کے نیچے آنے، پانی میں ڈوبنے، آگ سے جلنے اور درندوں کے کھا جانے سے محفوظ رکھتی ہے۔ (کامل الزیارہ، مصباح الزائر)

(۲) محمد بن مروان بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا کہ فرما رہے تھے کہ حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت کرو اگرچہ سال میں ایک بار ہی کرو کیونکہ جو شخص ان کے حق کی معرفت رکھتے ہوئے ان کی زیارت کرے اور انکار نہ کرے تو اس کا معاوضہ جنت کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔ نیز خدا اسے رزق وسیع عطا فرمائے گا۔۔۔ تا آخر روایت۔ (ایضاً)

(۳) حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے اپنے خاص صحابی سدیر سے دریافت کیا کہ آیا تم ہر روز حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت کرتے ہو؟ عرض کیا: نہیں۔ فرمایا: آیا ہر جمعہ کے دن کرتے ہو؟ عرض کیا: نہیں۔ فرمایا: آیا ہر ماہ کرتے ہو؟ عرض کیا: نہیں۔ فرمایا: آیا ہر سال کرتے ہو؟ عرض کیا: ہاں کبھی کبھی۔ فرمایا: تم کس قدر حضرتؑ پر جفا کرتے ہو؟ پھر فرمایا: کیا تمہیں معلوم نہیں ہے کہ امام حسین علیہ السلام کی قبر پر ایک ہزار فرشتے پراگندہ مو اور خاک آلودہ گریہ و بکا کرتے ہیں اور مرثیہ پڑھتے ہیں اور ان کے اس عمل کا ثواب امام حسین علیہ السلام کے زائر کو دیا جاتا ہے۔ (ایضاً)

(۴) نیز کئی روایات میں وارد ہے کہ آپؑ کی زیارت کا ثواب کئی حج و عمرہ کے برابر ہے۔

(۵) بروایت معاویہ بن وھب حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت

کرنے کا ثواب عظیم مروی ہے۔نیز آنجناب کا امام حسین علیہ السلام کے زائروں کی جان و مال اور ناموس کے لیے اور ان کی بخشش گناہان کے لیے دعائیں کرنا بھی منقول ہے۔(الکافی، کامل الزیارہ، مصباح الزائر)

**ایضاح**:۔مخفی نہ رہے کہ ان آداب کے علاوہ جو ہم اوپر سفر زیارت کے بیان میں کر آئے ہیں جناب سید الشہداء علیہ السلام کی زیارت کے کچھ مزید آداب بھی ہیں جیسے یہ کہ سفر زیارت میں کوئی لذیذ غذا نہ کھائی جائے بلکہ سادہ غذا پر اکتفا کی جائے، زیارت کے وقت خوشبو استعمال نہ کی جائے بلکہ پراگندہ مو اور گرد آلود ہو کر اور بھوک و پیاس کی حالت میں زیارت کی جائے اور عاجزی و انکساری کے ساتھ سفر کیا جائے اور امام عالی مقامؑ کے زائروں کی حتی الامکان خدمت کی جائے وغیرہ وغیرہ۔

## حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت دو قسم کی ہیں: مطلقہ اور مخصوصہ

چنانچہ پہلے زیارات مطلقہ پیش کی جاتی ہیں۔

اگر چہ زیارات مطلقہ جو کہ کسی خاص وقت کے ساتھ مختص نہیں ہیں بکثرت ہیں مگر ہم ان میں سے صرف چند اہم زیارات کے بیان کرنے کی سعادت حاصل کرتے ہیں۔



## پہلی زیارتِ مطلقہ

حسین بن ثویر ایک طویل حدیث کے ضمن میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں جس میں مذکور ہے کہ یونس بن ظبیان نے عرض کیا کہ میں جب حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت کو جاؤں تو وہاں کیا کروں؟ اور کیا پڑھوں؟ امامؑ نے فرمایا: پہلے نہر فرات سے غسل کرو اور صاف ستھرا لباس زیب بدن کرو پھر ننگے پاؤں حرم کی طرف روانہ ہو اور راہ میں

﴿اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ سُبْحَانَ اللّٰهِ﴾

خدا بزرگتر ہے اور نہیں کوئی معبود سوائے خدا کے اور خدا پاک ترین ہے۔

پڑھتے جاؤ۔نیز درود شریف پڑھتے جاؤ یہاں تک کہ حرم حسینیؑ کے دروازے پر پہنچ جاؤ۔پس اس وقت کہو:

﴿اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا حُجَّةَ اللّٰهِ وَابْنَ حُجَّتِهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا مَلَآئِكَةَ اللّٰهِ وَ زُوَّارَ

سلام ہو آپ پر اے حجت خدا اور حجت خدا کے فرزند سلام ہو تم پر اے خدا کے فرشتو اور نبیؐ خدا کے فرزند کے

قَبْرِ ابْنِ نَبِيِّ اللّٰهِ﴾ ۔بعد ازاں دس قدم چل کر رک جاؤ اور تیس مرتبہ کہو: ﴿اَللّٰهُ اَكْبَرُ﴾ ۔پھر قبر مقدس کی

قبر پر حاضری دینے والو۔ خدا بزرگ تر ہے۔

طرف بڑھو اور آپ کے چہرۂ اقدس کے بالمقابل کھڑے ہو کر یہ زیارت پڑھو:

﴿اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا حُجَّةَ اللّٰهِ وَابْنَ حُجَّتِهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا قَتِيلَ اللّٰهِ وَابْنَ قَتِيلِهِ

سلام ہو آپ پر اے حجت خدا اور حجت خدا کے فرزند سلام ہو آپ پر اے کشتۂ راہ خدا اور کشتۂ راہ خدا کے فرزند

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ثَارَ اللّٰهِ وَ ابْنَ ثَارِهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وِتْرَ اللّٰهِ الْمَوْتُورَ فِي السَّمٰوٰتِ

سلام ہو آپ پر جن کے خون کا بدلہ خدا لے گا اور ایسے خون والے کے فرزند سلام ہو آپ پر اے مقتول راہ خدا کہ آپ کا خون آسمانوں

وَالْاَرْضِ اَشْهَدُ اَنَّ دَمَكَ سَكَنَ فِي الْخُلْدِ وَ اقْشَعَرَّتْ لَهُ اَظِلَّةُ الْعَرْشِ وَ بَكٰى لَهُ

اور زمین پر برسا میں گواہ ہوں کہ آپ کا خون بہشت میں ٹھہرا جس سے عرش کے پردے لرزنے لگے اس خون پر

جَمِيعُ الْخَلَائِقِ وَ بَكَتْ لَهُ السَّمٰوٰتُ السَّبْعُ وَالْاَرَضُونَ السَّبْعُ وَمَا فِيهِنَّ وَمَا بَيْنَهُنَّ

کائنات روئی اور اس پر ساتوں آسمان ساتوں زمینیں روئیں اور روئیا جو کچھ ان میں ہے اور جو ان کے درمیان ہے

وَ مَنْ يَتَقَلَّبُ فِي الْجَنَّةِ وَ النَّارِ مِنْ خَلْقِ رَبِّنَا وَمَا يُرٰى وَمَا لَا يُرٰى اَشْهَدُ اَنَّكَ حُجَّةُ اللّٰهِ

اور جو کچھ جنت وجہنم میں حرکت کرتا ہے ہمارے رب کی مخلوق سے وہ نظر آتا ہے یا نظر نہیں آتا میں گواہ ہوں کہ آپ حجت خدا

وَابْنُ حُجَّتِهِ وَ اَشْهَدُ اَنَّكَ قَتِيلُ اللّٰهِ وَابْنُ قَتِيلِهِ وَ اَشْهَدُ اَنَّكَ ثَارُ اللّٰهِ وَابْنُ ثَارِهِ

اور حجت خدا کے فرزند ہیں میں گواہ ہوں کہ آپ کشتۂ راہ خدا و کشتۂ راہ خدا کے فرزند ہیں میں گواہ ہوں خدا آپ کے اور آپ کے والد کے

وَ اَشْهَدُ اَنَّكَ وِتْرُ اللّٰهِ الْمَوْتُورُ فِي السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ اَشْهَدُ اَنَّكَ قَدْ

خون کا بدلہ لے گا میں گواہ ہوں آپ وہ مقتول راہ خدا ہیں جس کا خون آسمانوں اور زمین میں برسا میں گواہ ہوں کہ آپ نے

بَلَّغْتَ وَ نَصَحْتَ وَ وَفَيْتَ وَ اَوْفَيْتَ وَ جَاهَدْتَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَ مَضَيْتَ لِلَّذِي

تبلیغ فرمائی خیر اندیشی کی آپ نے وفا نبھائی حق ادا کیا اور خدا کی راہ میں پوری طرح جہاد کیا آپ اس عقیدے پر گزرے

كُنْتَ عَلَيْهِ شَهِيدًا وَ مُسْتَشْهِدًا وَ شَاهِدًا وَ مَشْهُودًا وَ اَنَا عَبْدُ اللّٰهِ وَ مَوْلَاكَ

کہ جس کے آپ گواہ رہے اس پر گواہی لیتے رہے اس کے گواہ ہیں اور گواہ بھی رکھتے ہیں میں خدا کا بندہ ہوں آپ کا دوستدار ہوں

وَ فِیْ طَاعَتِکَ وَالْوَافِدُ اِلَیْکَ اَلْتَمِسُ کَمَالَ الْمَنْزِلَةِ عِنْدَ اللّٰهِ وَ ثَبَاتَ الْقَدَمِ فِی

آپ کی خدمت میں حاضر ہوں اور اس لیے آیا ہوں کہ میں خدا کے ہاں بلند مرتبے کی خواہش رکھتا ہوں آپ کی طرف سفر کرنے میں

الْهِجْرَةِ اِلَیْکَ وَ السَّبِیْلَ الَّذِیْ لَا یَخْتَلِجُ دُوْنَکَ مِنَ الدُّخُوْلِ فِیْ کِفَالَتِکَ الَّتِیْ اُمِرْتُ

ثابت قدمی چاہتا ہوں اور وہ راستہ پانا چاہتا ہوں جس میں آپ کی قربت اور کفالت کے حصول میں رکاوٹ نہ ہو جس کا آپ نے مجھے حکم

بِهَا مَنْ اَرَادَ اللّٰهَ بَدَءَ بِکُمْ بِکُمْ یُبَیِّنُ اللّٰهُ الْکَذِبَ وَ بِکُمْ یُبَاعِدُ اللّٰهُ الزَّمَانَ

فرمایا کہ خدا اپنا ارادہ آپ کے ذریعے ظاہر کرتا ہے آپ کے ذریعے دروغ کو آشکار کرتا ہے آپ کے وسیلے سے خدا نے برے وقت

الْکَلِبَ وَ بِکُمْ فَتَحَ اللّٰهُ وَ بِکُمْ یَخْتِمُ اللّٰهُ وَ بِکُمْ یَمْحُوْا مَا یَشَآءُ وَ یُثْبِتُ وَ بِکُمْ

سے نجات دی خدا نے آپ کے ذریعے ہدایت شروع کی اور آپ ہی پر اسے تمام کیا آپ کے ذریعے جو چاہے لکھتا اور مٹاتا ہے

یَفُکُّ الذُّلَّ مِنْ رِقَابِنَا وَ بِکُمْ یُدْرِکُ اللّٰهُ تِرَةَ کُلِّ مُؤْمِنٍ یُطْلَبُ بِهَا وَ بِکُمْ تُنْبِتُ

اور آپ کے ذریعے ہمیں ذلت سے نکالتا ہے اور آپ کے ذریعے ہی خدا ہر مومن کے خون ناحق کا بدلہ لیتا ہے اور آپ کے ذریعے

الْاَرْضُ اَشْجَارَهَا وَ بِکُمْ تُخْرِجُ الْاَرْضُ ثِمَارَهَا وَ بِکُمْ تُنْزِلُ السَّمَآءُ قَطْرَهَا

زمین درختوں کو اگاتی ہے آپ ہی کے ذریعے زمین اپنے خزانے ظاہر کرتی ہے آپ کے وسیلے آسمان سے بارش

وَ رِزْقَهَا وَ بِکُمْ یَکْشِفُ اللّٰهُ الْکَرْبَ وَ بِکُمْ یُنَزِّلُ اللّٰهُ الْغَیْثَ وَ بِکُمْ تُسَبِّحُ

اور رزق نازل ہوتا ہے آپ کے ذریعے خدا مصیبت دور کرتا ہے آپ کے ذریعے مینہ برساتا ہے اور آپ کے ذریعے وہ زمین تسبیح

الْاَرْضُ الَّتِیْ تَحْمِلُ اَبْدَانَکُمْ وَ تَسْتَقِرُّ جِبَالُهَا عَنْ مَرَاسِیْهَآ اِرَادَةُ الرَّبِّ فِیْ

کرتی ہے جس نے آپ کے بدن اٹھا رکھے ہیں آپ کے ذریعے پہاڑ خدا کے ارادے سے اپنے لنگروں پر قائم ہیں اس کی تقدیریں

مَقَادِیْرِ اُمُوْرِهٖ تَهْبِطُ اِلَیْکُمْ وَ تَصْدُرُ مِنْ بُیُوْتِکُمْ وَالصَّادِرُ عَمَّا فُصِّلَ مِنْ

آپ کے دلوں میں ڈالی جاتی ہیں وہ آپ کے گھروں سے جاری ہوتی ہیں اور وہ فیصلے نافذ ہوتے ہیں جو خدا بندوں کے بارے میں کرتا

اَحْکَامِ الْعِبَادِ لُعِنَتْ اُمَّةٌ قَتَلَتْکُمْ وَ اُمَّةٌ خَالَفَتْکُمْ وَ اُمَّةٌ جَحَدَتْ وِلَایَتَکُمْ وَ اُمَّةٌ

ہے لعنت اس گروہ پر جس نے آپ کو قتل کیا لعنت اس گروہ پر جو آپ کا مخالف ہوا لعنت اس گروہ پر جس نے آپ کی ولایت کو نہ مانا

ظَاهَرَتْ عَلَیْکُمْ وَ اُمَّةٌ شَهِدَتْ وَلَمْ تُسْتَشْهَدْ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ جَعَلَ النَّارَ مَاْوٰیهُمْ

لعنت اس گروہ پر جو آپ کے دشمن کا معاون بنا لعنت اس گروہ پر جو وہاں موجود تھا اور آپ کے ساتھ شہید نہ ہوا حمد ہے خدا کے لیے جس نے

وَ بِئْسَ وِرْدُ الْوَارِدِيْنَ وَ بِئْسَ الْوِرْدُ الْمَوْرُوْدُ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ﴾۔

جہنم میں ان کا ٹھکانا بنایا اور وہ آنے والوں کیلئے کتنی بری جگہ ہے اور وہاں آنا کتنا برا آنا ہے پس حمد ہے خدا کے لیے جو جہانوں کا رب ہے۔

پھر تین مرتبہ کہو: ﴿صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ﴾

اے ابوعبداللہ! خدا آپ پر درود وسلام بھیجے۔

اس کے بعد تین بار کہو: ﴿اَنَا اِلَى اللّٰهِ مِمَّنْ خَالَفَكَ بَرِيْئٌ﴾۔

میں آپ کے مخالفوں سے بیزار ہوں۔

پھر آپ کی پائنتی کی طرف جاؤ جہاں شاہزادہ علی اکبرؑ کی قبر ہے اور وہاں یہ زیارت پڑھو:

﴿اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَابْنَ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ

سلام ہو آپ پر اے رسولِ خدا کے فرزند سلام ہو آپ پر اے امیر المومنینؑ کے فرزند سلام ہو آپ پر

يَابْنَ الْحَسَنِ وَ الْحُسَيْنِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَابْنَ خَدِيْجَةَ وَ فَاطِمَةَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ صَلَّى

اے حضرات حسنؑ وحسینؑ کے فرزند سلام ہو آپ پر اے خدیجۃ الکبریٰ وفاطمہ زہراؑ کے فرزند خدا رحمت کرے آپ پر

اللّٰهُ عَلَيْكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ قَتَلَكَ لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ قَتَلَكَ لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ

خدا رحمت کرے آپ پر خدا رحمت کرے آپ پر خدا لعنت کرے آپ کے قاتل پر خدا لعنت کرے آپ کے قاتل پر خدا لعنت کرے آپ

قَتَلَكَ﴾۔ بعد ازاں تین بار کہو: ﴿اَنَا اِلَى اللّٰهِ مِنْهُمْ بَرِيْئٌ﴾۔

کے قاتل پر　　　میں خدا کے سامنے ان سے بری ہوں۔

بعد ازاں گنج شہداء کی طرف اشارہ کر کے ان کی زیارت پڑھو:

﴿اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ فُزْتُمْ وَاللّٰهِ فُزْتُمْ وَاللّٰهِ

سلام ہو تم پر سلام ہو تم سب پر سلام ہو تم پر کہ تم کامیاب ہوئے بخدا تم کامیاب ہوئے بخدا تم کامیاب ہو بخدا کہ میں

فَلَيْتَ اِنِّيْ مَعَكُمْ فَاَفُوْزَ فَوْزًا عَظِيْمًا﴾۔

بھی تمہارے ساتھ ہوتا تو بڑی کامیابی لے کر کامیاب ہوتا۔

بعد ازاں ضریح کی پشت کی جانب چھ رکعت نمازِ زیارت پڑھو یعنی دو رکعت نماز زیارت امام

حسین علیہ السلام اور دو رکعت نماز زیارت علی اکبرؑ اور دو رکعت نماز زیارت شہداء کربلا۔ بس زیارت مکمل ہے۔ خواہ چلے جاؤ اور خواہ مزید قیام کرو۔ (کافی، تہذیب الاحکام، الفقیہ وغیرہ)

شیخ صدوق علیہ الرحمہ نے یہ زیارت ذکر کر کے فرمایا ہے کہ امام علیہ السلام کی زیارتیں تو اور بھی منقول ہیں مگر سند کے اعتبار سے یہ ان سب سے زیادہ معتبر ہے اور میں اسے کافی و وافی جانتا ہوں۔ (الفقیہ)

## دوسری زیارتِ مطلقہ

یہ وہ زیارت ہے جو حضرت امام علی نقی علیہ السلام سے مروی ہے، فرمایا کہ جب حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت کے لیے جاؤ تو یہ زیارت پڑھو:

﴿اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَآ اَبَا عَبْدِ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا حُجَّةَ اللّٰہِ فِیْ اَرْضِہٖ وَ شَاھِدَہٗ عَلٰی

سلام ہو آپ پر اے ابو عبداللہ سلام ہو آپ پر اے خدا کی زمین میں اس کی حجت اور اس کی مخلوق پر اس

خَلْقِہٖ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَابْنَ رَسُوْلِ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَابْنَ عَلِیٍّ الْمُرْتَضٰی اَلسَّلَامُ

کے گواہ سلام ہو آپ پر رسولِ خداؐ کے فرزند سلام ہو آپ پر اے علی مرتضیٰؑ کے فرزند سلام ہو

عَلَیْکَ یَابْنَ فَاطِمَةَ الزَّھْرَآءِ اَشْھَدُ اَنَّکَ قَدْ اَقَمْتَ الصَّلٰوةَ وَ اٰتَیْتَ الزَّکٰوةَ وَ اَمَرْتَ

آپ پر اے فاطمہ زہراؑ کے فرزند میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ نے نماز قائم رکھی زکوۃ دیتے رہے نیک کاموں کا

بِالْمَعْرُوْفِ وَ نَھَیْتَ عَنِ الْمُنْکَرِ وَ جَاھَدْتَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ حَتّٰی اَتٰیکَ الْیَقِیْنُ فَصَلَّی

حکم دیا اور برے کاموں سے روکتے رہے آپ خدا کی راہ میں مصروف جہاد رہے یہاں تک کہ آپ شہید ہوگئے پس خدا رحمت کرے

اللّٰہُ عَلَیْکَ حَیًّا وَّ مَیِّتًا﴾۔ پھر زائر کو چاہیئے کہ قبر مبارک پر اپنا دایاں رخسار رکھے اور کہے: ﴿اَشْھَدُ اَنَّکَ

آپ پر دوران زندگی اور بعد موت۔ میں گواہ ہوں کہ آپ اپنی روش میں اپنے رب کی روشن

عَلٰی بَیِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّکَ جِئْتُ مُقِرًّا بِالذُّنُوْبِ لِتَشْفَعَ لِیْ عِنْدَ رَبِّکَ یَابْنَ رَسُوْلِ اللّٰہِ﴾۔

دلیل پر ہیں میں اپنے گناہوں کا اقرار کرتے ہوئے حاضر ہوں کہ آپ اپنے رب کے حضور میری سفارش کریں اے رسول خدا کے فرزند

اب تمام ائمہ علیہم السلام میں سے ہر ایک کا نام لے اور پھر کہے: ﴿اَشْھَدُ اَنَّکُمْ حُجَجُ اللّٰہِ﴾ اس کے بعد

میں گواہ ہوں کہ آپ سب حجت ہائے خدا ہیں

کہے: ﴿اُكْتُبْ لِيْ عِنْدَكَ مِيْثَاقًا وَّ عَهْدًا اِنِّيْ اَتَيْتُكَ مُجَدِّدًا لِّلْمِيْثَاقِ فَاشْهَدْ لِيْ عِنْدَ

آپ میرے لیے اپنے ہاں اقرار و پیمان لکھیں کہ میں حاضر ہوا ہوں پیمان تازہ کرنے کے لیے پس آپ اپنے رب کے

رَبِّكَ اِنَّكَ اَنْتَ الشَّاهِدُ﴾ (الکافی، مصباح الزائر و مفاتیح)

حضور میرے گواہ بنیں کیونکہ آپ ہی میرے گواہ ہیں۔

## تیسری زیارت مطلقہ

جو بروایت جابر جعفی حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے اور جس میں حضرت سید الشہداء علیہ السلام کی زیارت کا ثواب بے حساب مروی ہے کہ زائر امامؑ کے روضہ اقدس کے دروازہ پر کھڑے ہو کر یوں زیارت کرے:

﴿اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ اٰدَمَ صِفْوَةِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ نُوْحٍ نَّبِيِّ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ

سلام ہو آپ پر اے آدمؑ کے وارث جو خدا کے چنے ہوئے ہیں سلام ہو آپ پر اے نوحؑ کے وارث جو خدا کے نبی ہیں سلام ہو

عَلَيْكَ يَا وَارِثَ اِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ مُوْسٰى كَلِيْمِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ

آپ پر اے ابراہیمؑ کے وارث جو خدا کے خلیل ہیں سلام ہو آپ پر اے موسیٰ کے وارث جو خدا کے کلیم ہیں سلام ہو

عَلَيْكَ يَا وَارِثَ عِيْسٰى رُوْحِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ رُسُلِ اللّٰهِ

آپ پر اے عیسیٰؑ کے وارث جو خدا کی ایک روح ہیں سلام ہو آپ پر اے محمدؐ کے وارث جو خدا کے رسولوں کے سردار ہیں

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ عَلِيٍّ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ خَيْرِ الْوَصِيِّيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ

سلام ہو آپ پر اے علیؑ کے وارث جو مومنوں کے امیر اور اوصیاء میں سب سے بہتر ہیں سلام ہو آپ پر اے

الْحَسَنِ الرَّضِيِّ الطَّاهِرِ الرَّاضِي الْمَرْضِيِّ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الصِّدِّيْقُ الْاَكْبَرُ اَلسَّلَامُ

حسنؑ کے وارث جو پسندیدہ پاک راضی شدہ پسندیدہ ہیں سلام ہو آپ پر کہ آپ ہی صدیق اکبر ہیں سلام ہو

عَلَيْكَ اَيُّهَا الْوَصِيُّ الْبَرُّ التَّقِيُّ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَ عَلَى الْاَرْوَاحِ الَّتِيْ حَلَّتْ بِفِنَائِكَ

آپ پر اے وصی جو نیک کردار پرہیزگار ہیں سلام ہو آپ پر اور ان جانوں پر جو آپ کے آستان پر حاضر ہوتی ہیں اور

وَ اَنَاخَتْ بِرَحْلِكَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَ عَلَى الْمَلَائِكَةِ الْحَافِّيْنَ بِكَ اَشْهَدُ اَنَّكَ قَدْ اَقَمْتَ

یہاں اپنی سواریاں کھڑی کرتی ہیں سلام ہو آپ پر اور ان فرشتوں پر جو آپ کے چوگرد رہتے ہیں میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ نے نماز قائم

الصَّلٰوةَ وَ اٰتَیْتَ الزَّکٰوةَ وَ اَمَرْتَ بِالْمَعْرُوْفِ وَ نَهَیْتَ عَنِ الْمُنْکَرِ وَ جَاهَدْتَ

رکھی زکوۃ ادا کرتے رہے نیک کاموں کا حکم فرمایا اور برے کاموں سے منع کیا آپ نے بے دینوں سے جہاد کیا

الْمُلْحِدِیْنَ وَ عَبَدْتَ اللّٰهَ حَتّٰی اَتٰیکَ الْیَقِیْنُ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَکَاتُهٗ

اور خدا کی بندگی میں رہے یہاں تک کہ آپ شہید ہوگئے سلام ہو آپ پر خدا کی رحمت ہو اور اس کی برکات۔

بعد ازاں ضریح مقدس کی طرف قدم بڑھائے کہ ہر ہر قدم پر اسے شہید راہ خدا کا ثواب ملے گا جب ضریح کے قریب پہنچ جائے تو اپنا ہاتھ اس سے مس کرتے ہوئے کہے:

﴿اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا حُجَّةَ اللّٰهِ فِیْ اَرْضِه﴾

سلام ہو آپ پر اے خدا کی زمین میں اس کی حجت۔

بعد ازاں نماز پڑھے (کہ جانب سر افضل ہے)۔ کیونکہ وہاں نماز پڑھنے کی بڑی فضیلت وارد ہوئی ہے اور یہ کہ اس زیارت کا ثواب کئی حج و عمرہ کے برابر ہے۔

مخفی نہ رہے کہ یہ زیارت بروایت مفضل بن عمر بھی حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے۔ (مصباح الزائر، تحیۃ الزائر وغیرہ)



## چوتھی زیارتِ مطلقہ

ابن عمار نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں عرض کیا کہ میں جب حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت کے لیے جاؤں تو وہاں کیا پڑھوں؟ فرمایا: پڑھو

﴿اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْکَ یَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ رَحِمَکَ اللّٰهُ

سلام ہو آپ پر اے ابو عبداللہ خدا درود بھیجے آپ پر اے ابو عبداللہ خدا رحمت

یَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ قَتَلَکَ وَ لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ شَرِکَ فِیْ دَمِکَ وَ لَعَنَ اللّٰهُ

فرمائے آپ پر، خدا لعنت کرے اس پر جس نے آپ کو قتل کیا خدا لعنت کرے اس پر جو آپ کا خون بہانے میں شریک ہوا خدا لعنت کرے

مَنْ بَلَغَهٗ ذٰلِکَ فَرَضِیَ بِهٖ اَنَا اِلَی اللّٰهِ مِنْ ذٰلِکَ بَرِیْٓءٌ﴾۔ (ایضاً)

اس پر جسے یہ خبر پہنچی تو وہ اس پر خوش ہوا میں خدا کے سامنے اس جرم سے برائت کرتا ہوں۔

## پانچویں زیارت مطلقہ

معتبر سند کے ساتھ منقول ہے کہ حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے اپنے صحابی ابراہیم بن ابی البلاد سے پوچھا کہ تم جب حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت کے لیے جاتے ہو تو وہاں کیا پڑھتے ہو؟ ابراہیم نے عرض کیا کہ میں یہ پڑھتا ہوں:

﴿اَلسَّلامُ عَلَیْکَ یَا اَبَا عَبْدِ اللّٰہِ اَلسَّلامُ عَلَیْکَ یَابْنَ رَسُوْلِ اللّٰہِ اَشْھَدُ اَنَّکَ

سلام ہو آپ پر اے ابوعبداللہ سلام ہو آپ پر اے رسول خداؐ کے فرزند میں گواہ ہوں کہ آپ نے

قَدْ اَقَمْتَ الصَّلٰوۃَ وَ اٰتَیْتَ الزَّکٰوۃَ وَ اَمَرْتَ بِالْمَعْرُوْفِ وَ نَھَیْتَ عَنِ الْمُنْکَرِ وَ دَعَوْتَ

نماز قائم رکھی زکوۃ ادا کرتے رہے آپ نے نیک کاموں کا حکم دیا اور برائیوں سے منع فرمایا آپ نے لوگوں کو اپنے رب کے

اِلٰی سَبِیْلِ رَبِّکَ بِالْحِکْمَۃِ وَالْمَوْعِظَۃِ الْحَسَنَۃِ وَ اَشْھَدُ اَنَّ الَّذِیْنَ سَفَکُوْا

راستے کی طرف بلایا دانشمندی اور بہترین نصیحت کے ساتھ میں گواہ ہوں یقیناً ان لوگوں نے آپ کا خون بہایا

دَمَکَ وَ اسْتَحَلُّوْا حُرْمَتَکَ مَلْعُوْنُوْنَ مُعَذَّبُوْنَ عَلٰی لِسَانِ دَاوٗدَ وَ عِیْسَی بْنِ مَرْیَمَ

اور آپ کی بے احترامی کی وہ لعنتی اور عذاب شدہ ہیں جیسے داؤدؑ اور عیسیٰؑ بن مریمؑ نے یہ خبر دی اس کی وجہ

ذٰلِکَ بِمَا عَصَوْا وَّ کَانُوْا یَعْتَدُوْنَ﴾۔

یہ ہے کہ انہوں نے بے حکمی کی اور حد سے بڑھ گئے۔

امام علیہ السلام نے اس کی تصدیق کرتے ہوئے فرمایا کہ ہاں، یہ ٹھیک ہے۔ (ایضاً)

اگرچہ زیارات اور بھی ہیں حتیٰ کہ صاحب کتاب الدعا و الزیارہ نے انیس (۱۹) عدد چھوٹی بڑی زیارتیں نقل کی ہیں مگر اختصار کے پیش نظر ہم سمجھتے ہیں کہ یہاں یہی پانچ زیارات کافی ہیں۔

## سید الشہداء علیہ السلام سے الوداع کی دعا

کناسی حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں، فرمایا: جب حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت کر چکو اور الوداع کرنا چاہو تو کہو:

﴿اَلسَّلامُ عَلَیْکَ وَ رَحْمَۃُ اللّٰہِ وَ بَرَکَاتُہٗ اَسْتَوْدِعُکَ اللّٰہَ وَ اَقْرَءُ عَلَیْکَ السَّلامَ اٰمَنَّا بِاللّٰہِ

وَ بِالرَّسُوْلِ وَ بِمَا جِئْتَ بِهٖ وَ دَلَلْتَ عَلَيْهِ وَ اتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشَّاهِدِيْنَ

اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْهُ اٰخِرَ الْعَهْدِ مِنَّا وَ مِنْهُ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ اَنْ تَنْفَعَنَا بِحُبِّهٖ اَللّٰهُمَّ ابْعَثْهُ مَقَامًا

مَحْمُوْدًا تَنْصُرُ بِهٖ دِيْنَكَ وَ تَقْتُلُ بِهٖ عَدُوَّكَ وَ تُبِيْدُ بِهٖ مَنْ نَصَبَ حَرْبًا لِاٰلِ مُحَمَّدٍ فَاِنَّكَ

وَعَدْتَهُ ذٰلِكَ وَ اَنْتَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهُ اَشْهَدُ

اَنَّكُمْ شُهَدَآءُ نُجَبَآءُ جَاهَدْتُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ قُتِلْتُمْ عَلٰى مِنْهَاجِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ وَابْنِ رَسُوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ اَنْتُمُ السَّابِقُوْنَ وَ الْمُهَاجِرُوْنَ وَ الْاَنْصَارُ



اَشْهَدُ اَنَّكُمْ اَنْصَارُ اللّٰهِ وَ اَنْصَارُ رَسُوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ فَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ

صَدَقَكُمْ وَعْدَهُ وَ اَرٰيكُمْ مَا تُحِبُّوْنَ وَ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ

وَ بَرَكَاتُهُ اَللّٰهُمَّ لَا تَشْغَلْنِيْ فِي الدُّنْيَا عَنْ ذِكْرِ نِعْمَتِكَ لَا بِاِكْثَارٍ تُلْهِيْنِيْ عَجَآئِبُ

بَهْجَتِهَا وَ تَفْتِنِّيْ زَهَرَاتُ زِيْنَتِهَا وَلَا بِاِقْلَالٍ يُضِرُّ بِعَمَلِيْ كَدُّهُ وَ يَمْلَأُ صَدْرِيْ هَمُّهُ

اَعْطِنِيْ مِنْ ذٰلِكَ غِنًى عَنْ شِرَارِ خَلْقِكَ وَ بَلَاغًا اَنَالُ بِهٖ رِضَاكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

وَ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ وَ عَلٰى اَهْلِ بَيْتِهِ الطَّيِّبِيْنَ الْاَخْيَارِ وَ

رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهٗ﴾۔ (کتاب الدعا)

## حضرت ابوالفضل العباس علیہ السلام کی زیارت

کتاب کامل الزیارہ میں بروایت جابر جعفی حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے، فرمایا کہ جب جناب عباس بن امیر المومنین علیہ السلام کی زیارت کرنا چاہو جو دریائے فرات کے کنارے اور حائر حسینی کے بالمقابل واقع ہے تو روضۂ مبارکہ کے دروازہ پر کھڑے ہو کر یوں کہو:

﴿سَلَامُ اللّٰهِ وَ سَلَامُ مَلَائِكَتِهِ الْمُقَرَّبِيْنَ وَ اَنْبِيَآئِهِ الْمُرْسَلِيْنَ وَ عِبَادِهِ الصَّالِحِيْنَ

سلام ہو خدا کا اور سلام ہو اس کے مقرب فرشتوں کا اس کے بھیجے ہوئے نبیوں کا اس کے نیکوکار بندوں کا

وَ جَمِيْعِ الشُّهَدَآءِ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَ الزَّاكِيَاتُ الطَّيِّبَاتُ فِيْمَا يَغْتَدِيْ وَ تَرُوْحُ عَلَيْكَ يَابْنَ

اور تمام شہیدوں اور صدیقوں کا سلام ہو اور بہترین رحمتیں ہوں ہر صبح اور ہر شام آپ پر اے امیر المومنین کے

اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ اَشْهَدُ لَكَ بِالتَّسْلِيْمِ وَالتَّصْدِيْقِ وَالْوَفَآءِ وَ النَّصِيْحَةِ لِخَلَفِ النَّبِيِّ صَلَّى

نور چشم میں گواہ ہوں آپ کا اس اطاعت تائید وفاداری اور خیر خواہی پر جو آپ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اٰلِهِ الْمُرْسَلِ وَالسِّبْطِ الْمُنْتَجَبِ وَ الدَّلِيْلِ الْعَالِمِ وَلْوَصِيِّ الْمُبَلِّغِ وَالْمَظْلُوْمِ

کے جانشین سے کی کہ جو نیک اصل نواسے صاحب علم رہبر تبلیغ کرنے والے قائمقام اور وہ ستم دیدہ ہیں

الْمُهْتَضَمِ فَجَزَاكَ اللّٰهُ عَنْ رَسُوْلِهٖ وَ عَنْ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ عَنِ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ

جن کو ہضم کیا گیا پس خدا جزا دے آپ کو اپنے رسولؐ کی طرف سے امیر المومنینؑ کی طرف سے اور حسنؑ و حسینؑ کی طرف سے

صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَفْضَلَ الْجَزَآءِ بِمَا صَبَرْتَ وَ احْتَسَبْتَ وَ اَعَنْتَ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ

خدا کی رحمتیں ہوں ان سب پر آپ کو بہترین جزا دے کہ آپ نے صبر کیا خیر خواہی کی اور مدد و نصرت کی تو کیا ہی اچھا ہے آپ کا انجام

لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ قَتَلَکَ وَ لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ جَهِلَ حَقَّکَ وَاسْتَخَفَّ بِحُرْمَتِکَ وَ لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ حَالَ

خدا لعنت کرے آپ کے قاتل پر خدا لعنت کرے اس پر جس نے آپ کا حق نہ پہچانا اور آپ کی بے احترامی کی خدا لعنت کرے اس پر جو

بَیْنَکَ وَ بَیْنَ مَآءِ الْفُرَاتِ اَشْهَدُ اَنَّکَ قُتِلْتَ مَظْلُوْمًا وَّ اَنَّ اللّٰهَ مُنْجِزٌ لَّکُمْ مَّا وَعَدَکُمْ

آپ کے اور فرات کے پانی کے درمیان رکاوٹ بنا میں گواہ ہوں کہ آپ مظلومی میں قتل ہوئے اور خدا آپ کو وہ جزا دے گا جس کا آپ

جِئْتُکَ یَابْنَ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَافِدًا اِلَیْکُمْ وَ قَلْبِیْ مُسَلِّمٌ لَّکُمْ وَ تَابِعٌ وَّ اَنَا لَکُمْ تَابِعٌ

لوگوں سے وعدہ ہے، آپ کے ہاں آیا ہوں اے امیر المومنینؑ کے فرزند آپ کا مہمان ہوں میرا دل آپ کے حوالے اور تابع ہے اور میں

وَّ نُصْرَتِیْ لَکُمْ مُّعَدَّةٌ حَتّٰی یَحْکُمَ اللّٰهُ وَ هُوَ خَیْرُ الْحَاکِمِیْنَ فَمَعَکُمْ مَّعَکُمْ لَا

آپ کا پیرو ہوں میں آپ کی نصرت پر آمادہ ہوں یہاں تک کہ خدا حکم کرے اور وہ بہترین حکم کرنے والا ہے آپ کے ساتھ ہوں آپ کے

مَعَ عَدُوِّکُمْ اِنِّیْ بِکُمْ وَ بِاِیَابِکُمْ مِّنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَ بِمَنْ خَالَفَکُمْ وَ قَتَلَکُمْ مِّنَ

ساتھ نہ کہ آپ کے دشمن کے ساتھ بے شک میں آپ کا اور آپ کی بر گشت کو مانتا ہوں اور آپ کے مخالف اور آپ کے قاتل سے میرا کوئی

الْکَافِرِیْنَ قَتَلَ اللّٰهُ اُمَّةً قَتَلَتْکُمْ بِالْاَیْدِیْ وَ الْاَلْسُنِ۔



تعلق نہیں خدا قتل کرے اس گروہ کو جس نے ہاتھوں اور زبانوں سے آپ کے ساتھ جنگ کی۔

بعد ازاں اندر داخل ہو کر اور قبر مبارک سے لپٹ کر پڑھو:

﴿اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّهَا الْعَبْدُ الصَّالِحُ الْمُطِیْعُ لِلّٰهِ وَ لِرَسُوْلِهٖ وَ لِاَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْحَسَنِ

سلام ہو آپ پر کہ آپ خدا کے پارسا بندے ہیں آپ اطاعت گزار ہیں خدا کے اس کے رسولؐ کے امیر المومنینؑ کے اور حسنؑ

وَ الْحُسَیْنِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِمْ وَ سَلَّمَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَکَاتُهٗ وَ مَغْفِرَتُهٗ

و حسینؑ کے خدا رحمت کرے ان پر اور درود بھیجے سلام ہو آپ پر خدا کی رحمت ہو اور اس کی برکتیں اس کی بخشش

وَ رِضْوَانُهٗ وَ عَلٰی رُوْحِکَ وَ بَدَنِکَ اَشْهَدُ وَ اُشْهِدُ اللّٰهَ اَنَّکَ مَضَیْتَ عَلٰی مَا مَضٰی

اور خوشنودی حاصل ہو آپ کی روح اور بدن پر رحمت ہو میں گواہ ہوں اور خدا کو گواہ کرتا ہوں کہ آپ نے اس مقصد کے لیے جان دی

بِهِ الْبَدْرِیُّوْنَ وَ الْمُجَاهِدُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ الْمُنَاصِحُوْنَ لَهٗ فِیْ جِهَادِ اَعْدَآئِهِ الْمُبَالِغُوْنَ

جس کے لیے شہدائے بدر اور خدا کی راہ میں جہاد کرنے والے مجاہدوں نے جانیں دیں وہ اس کے دشمنوں سے لڑنے میں مخلص اس کے

فِيْ نُصْرَةِ اَوْلِيَآئِهِ الذَّآبُّوْنَ عَنْ اَحِبَّآئِهِ فَجَزَاكَ اللّٰهُ اَفْضَلَ الْجَزَآءِ وَ اَكْثَرَ الْجَزَآءِ

حامیوں کی مدد کرنے میں آگے اور اس کے دوستوں کا دفاع کرتے تھے پس خدا آپ کو جزا دے بہترین جزا بہت زیادہ جزا

وَ اَوْفَرَ الْجَزَآءِ وَ اَوْفٰى جَزَآءِ اَحَدٍ مِّمَّنْ وَّفٰى بِبَيْعَتِهِ وَ اسْتَجَابَ لَهُ دَعْوَتَهُ وَ اَطَاعَ

فراواں تر جزا اور کامل تر جزا دے جو اس شخص کو دی جس نے اس کی بیعت کا حق ادا کیا اس کے بلاوے پر حاضر ہوا اور اس کے

وُلَاةَ اَمْرِهِ اَشْهَدُ اَنَّكَ قَدْ بَالَغْتَ فِي النَّصِيْحَةِ وَ اَعْطَيْتَ غَايَةَ الْمَجْهُوْدِ فَبَعَثَكَ اللّٰهُ فِي

والیانِ امر کی اطاعت کی میں گواہ ہوں کہ آپ نے دلی طور پر پوری طرح خیر خواہی کی اور اس میں اپنی انتہائی کوشش سے کام لیا لہٰذا

الشُّهَدَآءِ وَ جَعَلَ رُوْحَكَ مَعَ اَرْوَاحِ السُّعَدَآءِ وَ اَعْطَاكَ مِنْ جِنَانِهِ اَفْسَحَهَا مَنْزِلًا

خدا نے آپ کو شہیدوں میں جگہ دی آپ کی روح کو خوش بختوں کی روحوں کے ساتھ رکھا اور عطا کیا آپ کو اپنی جنت میں سب سے بڑا محل

وَّ اَفْضَلَهَا غُرَفًا وَّ رَفَعَ ذِكْرَكَ فِيْ عِلِّيِّيْنَ وَ حَشَرَكَ مَعَ النَّبِيِّيْنَ وَ الصِّدِّيْقِيْنَ وَ الشُّهَدَآءِ

اور بلند تر بالا خانہ نیز اس نے مقام علیین میں آپ کو شہرت بخشی اور میدانِ حشر میں آپ کو نبیوں صدیقوں شہیدوں

وَ الصَّالِحِيْنَ وَ حَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا اَشْهَدُ اَنَّكَ لَمْ تَهِنْ وَلَمْ تَنْكُلْ وَ اَنَّكَ مَضَيْتَ

اور نیکوکاروں کے ساتھ رکھے گا اور وہ لوگ کیا ہی اچھے ساتھی ہیں میں گواہ ہوں کہ آپ نے نہ ہمت ہاری نہ پیٹھ دکھائی اور بے شک آپ

عَلٰى بَصِيْرَةٍ مِّنْ اَمْرِكَ مُقْتَدِيًا بِالصَّالِحِيْنَ وَ مُتَّبِعًا لِّلنَّبِيِّيْنَ فَجَمَعَ اللّٰهُ بَيْنَنَا وَ بَيْنَكَ

اپنے عمل کا شعور رکھتے ہوئے گامزن رہے اس میں آپ نیکوکاروں کی پیروی اور نبیوں کی اتباع کر رہے تھے پس خدا ہمیں آپ کے ساتھ اور

وَ بَيْنَ رَسُوْلِهِ وَ اَوْلِيَآئِهِ فِيْ مَنَازِلِ الْمُخْبِتِيْنَ فَاِنَّهُ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ ۔

اپنے رسولؐ اور اپنے دوستوں کے ساتھ جمع کرے اہل حق کی منزلوں میں کہ وہ سب سے زیادہ رحم والا ہے۔

بہتر ہے کہ بعد ازاں نمازِ زیارت پڑھی جائے، قرآن خوانی کی جائے، درود و سلام پڑھا جائے اور ان سب اعمال کا ثواب حضرت ابوالفضل علیہ السلام کی روح مقدس کو ہدیہ کیا جائے۔

## جناب عباس علیہ السلام سے الوداع کی دعا

اور جب زائر جنابؑ کی زیارت سے فارغ ہو جائے اور الوداع کرنا چاہے تو وہی الوداع کہے جو جناب جابر جعفیؒ کی روایت میں مروی ہے:

اَسْتَوْدِعُکَ اللّٰهَ وَ اَسْتَرْعِیْکَ وَ اَقْرَءُ عَلَیْکَ السَّلَامَ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَ بِرَسُوْلِهٖ وَ بِکِتَابِهٖ

آپ کو سپرد خدا کرتا ہوں آپ کا التفات چاہتا ہوں اور آپ کو سلام کہتا ہوں ہمارا ایمان ہے خدا پر اس کے رسولؐ پر اس کی کتاب پر

وَ بِمَا جَآءَ بِهٖ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ فَاکْتُبْنَا مَعَ الشَّاهِدِیْنَ اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْهُ اٰخِرَ الْعَهْدِ

اور جو کچھ خدا کی طرف سے ان پر نازل ہوا پس اے معبود! ہمیں گواہی دینے والوں میں لکھ دے اے معبود! میری اس زیارت کو آخری

مِنْ زِیَارَتِیْ قَبْرَ ابْنِ اَخِیْ رَسُوْلِکَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ اٰلِهٖ وَارْزُقْنِیْ زِیَارَتَهٗ اَبَدًا مَّآ اَبْقَیْتَنِیْ

زیارت قرار نہ دے جو میں نے تیرے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ کے بھائی کے فرزند کی قبر پر کی ہے جب تک تو مجھے زندہ رکھے

وَاحْشُرْنِیْ مَعَهٗ وَ مَعَ اٰبَآئِهٖ فِی الْجِنَانِ وَ عَرِّفْ بَیْنِیْ وَ بَیْنَهٗ وَ بَیْنَ رَسُوْلِکَ وَ

اس قبر کی زیارت نصیب کرتے رہنا اور مجھے ان کے اور ان کے بزرگوں کے ساتھ جنت میں رکھنا میرے اور ان کے درمیان اور اپنے رسولؐ

اَوْلِیَآئِکَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ تَوَفَّنِیْ عَلَی الْاِیْمَانِ بِکَ وَ التَّصْدِیْقِ

اور اپنے دوستوں کے درمیان جان پہچان کرا دینا اے معبود! رحمت فرما محمدؐ و آل محمدؐ پر اور مجھے موت دینا جب کہ تجھ پر ایمان ہو اور

بِرَسُوْلِکَ وَالْوِلَایَةِ لِعَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ وَّ الْاَئِمَّةِ مِنْ وُّلْدِهٖ عَلَیْهِمُ السَّلَامُ وَالْبَرَآئَةِ

تیرے رسولؐ پر عقیدہ ہو اور میرا یقین ہو علیؑ بن ابی طالبؑ کی ولایت اور ان کی اولاد میں سے اماموں کی ولایت پر ان سب پر سلام ہو

مِنْ عَدُوِّهِمْ فَاِنِّیْ قَدْ رَضِیْتُ یَا رَبِّیْ بِذٰلِکَ وَ صَلَّی اللّٰهُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ۔

اور ان کے دشمنوں سے میرا کوئی واسطہ نہ ہو پس میں یقیناً راضی ہوں اے میرے رب اس صورت میں اور خدا رحمت فرمائے محمدؐ و آل محمدؐ پر۔

## حضرت امام حسین علیہ السلام کی مخصوص زیارات کا بیان

یعنی آنجنابؑ کی وہ زیارات جو مخصوص اوقات کے ساتھ مختص ہیں اور وہ چند زیارات ہیں جن کا ہم بڑے اختصار کے ساتھ ترتیب وار یہاں تذکرہ کرتے ہیں۔

## حضرت امام حسین علیہ السلام کی پہلی مخصوص زیارت

حضرت امام حسین علیہ السلام کی پہلی مخصوص زیارت جو یکم رجب اور نیمۂ رجب کے ساتھ مخصوص ہے۔

(۱) واضح رہے کہ یکم رجب المرجب اور نیمۂ رجب کی شب و روز میں حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت کرنے کی احادیث میں فضیلت تو وارد ہوئی ہے مگر کتب معتبرہ میں کوئی ایسی مخصوص زیارت نہیں ملتی جو اس موقع

پر پڑھی جائے۔ لہٰذا اس موقع پر اگر زیارات مطلقہ میں سے کوئی زیارت پڑھ لی جائے تو مناسب ہے۔ (کما افاد السید ابن طاؤوسؒ و السید الشیرازیؒ فی کتبھما)۔

(۲) **نیمۂ شعبان کی زیارت**:۔ اس شب و روز کی زیارت کی بڑی فضیلت وارد ہوئی ہے اور اس شب و روز کی ایک مخصوص زیارت جناب شیخ کفعمی نے اپنی کتاب مصباح میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے نقل کی ہے، جو یہ ہے:

﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ وَ السَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الْعَبْدُ الصَّالِحُ الزَّكِيُّ اُوْدِعُكَ

حمد ہے خدا کے لیے جو بلند و بزرگ ہے اور سلام ہو آپ پر اے خدا کے بندۂ خوش کردار پاکیزہ میں اپنی طرف سے

شَهَادَةً مِنِّيْ لَكَ تُقَرِّبُنِيْ اِلَيْكَ فِيْ يَوْمِ شَفَاعَتِكَ اَشْهَدُ اَنَّكَ قُتِلْتَ وَلَمْ تَمُتْ بَلْ

ایک گواہی آپ کے سپرد کرتا ہوں تا کہ وہ مجھے آپ کے قریب کرے جس دن آپ شفاعت کرتے ہوں گے میں گواہ ہوں کہ آپ قتل ہوئے

بِرَجَآءِ حَيٰوتِكَ حَيِيَتْ قُلُوْبُ شِيْعَتِكَ وَ بِضِيَآءِ نُوْرِكَ اهْتَدَى الطَّالِبُوْنَ اِلَيْكَ وَ اَشْهَدُ

تو آپ مرے نہیں بلکہ آپ کے زندہ ہونے کے تصور سے آپ کے پیروکاروں کے دل زندہ ہیں اور آپ کی روشنی کی کرنوں کے ذریعے

اَنَّكَ نُوْرُ اللّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يُطْفَاْ وَلَا يُطْفَاُ اَبَدًا وَ اَنَّكَ وَجْهُ اللّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَهْلِكْ وَلَا

چاہنے والے آپ تک پہنچتے ہیں میں گواہ ہوں کہ آپ خدا کا وہ نور ہیں جو مٹا نہیں اور نہ ہی یہ کبھی مٹے گا اور بے شک آپ خدا کا وہ جلوہ ہیں

يُهْلَكُ اَبَدًا وَ اَشْهَدُ اَنَّ هٰذِهِ التُّرْبَةَ تُرْبَتُكَ وَ هٰذَا الْحَرَمَ حَرَمُكَ وَ هٰذَا

جو ختم نہیں ہوتا اور نہ ہی یہ کبھی ختم ہوگا میں گواہ ہوں کہ یہ قبر آپ کی قبر ہے یہ روضہ آپ کا روضہ ہے اور یہ قتل گاہ

الْمَصْرَعَ مَصْرَعُ بَدَنِكَ لَا ذَلِيْلَ وَاللّٰهُ مُعِزُّكَ وَلَا مَغْلُوْبَ وَاللّٰهِ نَاصِرُكَ هٰذِهِ شَهَادَةٌ

آپ کے بدن کی قتل گاہ ہے آپ پست نہیں کہ خدا نے آپ کو عزت دی اور آپ ہارے نہیں کہ خدا نے آپ کی مدد فرمائی یہ ہے آپ کے

لِيْ عِنْدَكَ اِلٰى يَوْمِ قَبْضِ رُوْحِيْ بِحَضْرَتِكَ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهٗ

سامنے میری گواہی اس دن تک جب آپ کی موجودگی میں میری روح قبض ہوگی اور سلام ہو آپ پر خدا کی رحمت ہو اور اس کی برکات۔

(۳) **شب ہائے قدر میں حضرت امام حسین علیہ السلام کی مخصوص زیارت**:۔ ماہ رمضان کی شب ہائے قدر میں حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت کرنے کی بڑی فضیلت وارد ہوئی ہے۔ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے

یہاں تک منقول ہے کہ جو شخص ۲۳ ماہ رمضان کی رات حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت کرے اس سے ہزاروں انبیاءؑ اور ملائکہ مصافحہ کرتے ہیں جو اس رات آنجنابؑ کی زیارت کے لیے تشریف لاتے ہیں۔ اور حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے یہاں تک مروی ہے کہ شب قدر میں ساتویں آسمان پر ایک منادی منجانب اللہ ندا دیتا ہے کہ خداوند عالم نے آج رات امام حسین علیہ السلام کی زیارت کے لیے آنے والوں کو بخش دیا ہے۔

(کامل الزیارہ ابن قولویہ وغیرہ)

مخفی نہ رہے کہ کتب مزار میں شب ہائے قدر اور شب ہائے عیدین میں ایک ہی زیارت حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے، فرمایا: جب اس موقع پر حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت کرنا چاہو۔ تو پہلے غسل کرو پھر پاکیزہ لباس زیب بدن کرو۔ بعد ازاں ضریح مبارک کے پاس جاؤ۔ اور اس طرح قبر مبارک کی طرف رخ کر کے کھڑے ہو کہ قبلہ تمہارے دونوں کندھوں کے درمیان ہو اور کہو:

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَابْنَ رَسُوْلِ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَابْنَ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ

سلام ہو آپ پر اے رسول خدا کے فرزند سلام ہو آپ پر اے امیر المومنینؑ کے فرزند



اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَابْنَ الصِّدِّیْقَةِ الطَّاهِرَةِ فَاطِمَةَ سَیِّدَةِ نِسَآءِ الْعَالَمِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ

سلام ہو آپ پر اے فاطمہؑ کے فرزند جو بہت سچی پاکیزہ اور تمام جہانوں کی عورتوں کی سردار ہیں سلام ہو آپ پر

یَا مَوْلَایَ یَآ اَبَا عَبْدِ اللّٰہِ وَ رَحْمَةُ اللّٰہِ وَ بَرَکَاتُهٗ اَشْهَدُ اَنَّکَ قَدْ اَقَمْتَ الصَّلٰوةَ

اے میرے مولا اے ابا عبداللہ خدا کی رحمت ہو اور اس کی برکات میں گواہ ہوں کہ آپ نے نماز کو قائم رکھا

الصَّلٰوةَ وَ اٰتَیْتَ الزَّکٰوةَ وَ اَمَرْتَ بِالْمَعْرُوْفِ وَ نَهَیْتَ عَنِ الْمُنْکَرِ وَتَلَوْتَ الْکِتَابَ حَقَّ

اور زکوٰۃ دیتے رہے آپ نے نیک کاموں کا حکم دیا اور برے کاموں سے منع کیا آپ نے تلاوت قرآن کی

تِلَاوَتِهٖ وَ جَاهَدْتَ فِی اللّٰہِ حَقَّ جِهَادِهٖ وَ صَبَرْتَ عَلَی الْاَذٰی فِیْ جَنْبِهٖ مُحْتَسِبًا حَتّٰی

کہ جو تلاوت کا حق ہے آپ نے خدا کی راہ میں جہاد کیا کہ جو جہاد کا حق ہے اور آپ نے خدا کی خاطر دکھوں پر صبر

اَتٰیکَ الْیَقِیْنُ اَشْهَدُ اَنَّ الَّذِیْنَ خَالَفُوْکَ وَ حَارَبُوْکَ وَ الَّذِیْنَ خَذَلُوْکَ

کیا امید اجر میں حتیٰ کہ آپ نے شہادت پائی میں گواہ ہوں کہ جنہوں نے آپ کی مخالفت کی اور آپ سے لڑے نیز جنہوں نے

وَالَّذِیْنَ قَتَلُوْکَ مَلْعُوْنُوْنَ عَلٰی لِسَانِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَ قَدْ خَابَ مَنِ افْتَرٰی

آپ کا ساتھ نہ دیا اور جنہوں نے آپ کو قتل کیا وہ سب لعنت کیے گئے نبی امی کی زبان سے یقیناً وہ ناکام رہا جس نے

لَعَنَ اللّٰہُ الظَّالِمِیْنَ لَکُمْ مِنَ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ وَ ضَاعَفَ عَلَیْھِمُ الْعَذَابَ الْاَلِیْمَ

جھوٹا دعویٰ کیا خدا کی لعنت ہو ان پر جنہوں نے آپ پر ظلم کیا ہے پہلوں اور پچھلوں میں سے اور دگنا ہو ان پر دردناک عذاب

اَتَیْتُکَ یَا مَوْلَایَ یَابْنَ رَسُوْلِ اللّٰہِ زَآئِرًا عَارِفًا بِحَقِّکَ مُوَالِیًا لِاَوْلِیَآئِکَ

میں آیا آپ کے ہاں اے میرے مولا اے رسول خداؐ کے فرزند زیارت کرنے آپ کا حق پہچانتے ہوئے آپ کے دوستوں سے دوستی

مُعَادِیًا لِاَعْدَآئِکَ مُسْتَبْصِرًا بِالْھُدٰی الَّذِیْ اَنْتَ عَلَیْہِ عَارِفًا بِضَلَالَۃِ مَنْ

آپ کے دشمنوں سے دشمنی رکھتے ہوئے اس راستے کو درست جانتے ہوئے جس پر آپ چلے اسے گمراہ سمجھتے ہوئے جس نے آپ سے

خَالَفَکَ فَاشْفَعْ لِیْ عِنْدَ رَبِّکَ

مخالفت کی پس اپنے رب کے ہاں میری سفارش کریں۔

اس کے بعد زائر خود کو قبر مبارک سے لپٹائے اور اپنا منہ اس پر رکھے پھر سرہانے کی طرف جائے اور کہے:



اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا حُجَّۃَ اللّٰہِ فِیْ اَرْضِہٖ وَ سَمَآئِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی رُوْحِکَ الطَّیِّبِ

سلام ہو آپ پر اے خدا کی حجت اس کی زمین اور اس کے آسمان میں خدا رحمت کرے آپ کی شفاف روح پر

وَ جَسَدِکَ الطَّاھِرِ وَ عَلَیْکَ السَّلَامُ یَا مَوْلَایَ وَ رَحْمَۃُ اللّٰہِ وَ بَرَکَاتُہٗ

اور آپ کے جسم پاک پر اور آپ پر سلام ہو اے میرے مولا خدا کی رحمت ہو اور اس کی برکات۔

اب پھر سے خود کو قبر شریف سے لپٹائے اسے بوسہ دے اور اپنا چہرہ اس پر رکھ دے، اس کے بعد سرہانے کی طرف چلا جائے اور دو رکعت نماز زیارت ادا کرے، بعدۂ وہاں مزید جتنی چاہے نماز پڑھے۔ پھر قبر مبارک کی پائنتی کی طرف جائے اور حضرت علی اکبرؑ کی زیارت کرے۔ اور کہے:

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَوْلَایَ وَابْنَ مَوْلَایَ وَ رَحْمَۃُ اللّٰہِ وَ بَرَکَاتُہٗ لَعَنَ اللّٰہُ مَنْ

سلام ہو آپ پر اے میرے مولا اور میرے مولا کے فرزند خدا کی رحمت ہو اور اس کی برکات خدا لعنت کرے اسے

ظَلَمَکَ وَ لَعَنَ اللّٰہُ مَنْ قَتَلَکَ وَ ضَاعَفَ عَلَیْھِمُ الْعَذَابَ الْاَلِیْمَ

جس نے آپ پر ظلم کیا اور خدا لعنت کرے جس نے آپ کو قتل کیا نیز ان پر دردناک عذاب میں دگنا اضافہ کرے۔

اب جو دعا چاہے مانگے اور پھر دیگر شہداء کی طرف متوجہ ہو جب کہ قبر کی پائنتی سے قبلہ کی طرف مائل ہو۔ پس یوں کہے:

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَيُّهَا الصِّدِّيْقُوْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَيُّهَا الشُّهَدَآءُ الصَّابِرُوْنَ اَشْهَدُ اَنَّكُمْ

سلام ہو تم سب پر اے راستگویان با ایمان سلام ہو تم پر اے شہیدو جو بہت صبر کرنے والے ہو میں گواہ ہوں کہ یقیناً تم نے

جَاهَدْتُمْ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ صَبَرْتُمْ عَلَى الْاَذٰى فِىْ جَنْبِ اللّٰهِ وَ نَصَحْتُمْ لِلّٰهِ وَ لِرَسُوْلِهٖ

خدا کی راہ میں جہاد کیا اور خدا کی خاطر دکھ تکلیف پر صبر سے کام لیا تم نے خدا و رسول سے خلوص برتا حتیٰ کہ تم دنیا سے گزر گئے

حَتّٰى اَتٰيكُمُ الْيَقِيْنُ اَشْهَدُ اَنَّكُمْ اَحْيَآءٌ عِنْدَ رَبِّكُمْ تُرْزَقُوْنَ فَجَزَاكُمُ اللّٰهُ عَنِ الْاِسْلَامِ

میں گواہ ہوں کہ ضرور تم اپنے رب کے ہاں زندہ ہو رزق پاتے ہو پس خدا تمہیں جزا دے اسلام اور اہل اسلام کی

وَ اَهْلِهٖ اَفْضَلَ جَزَآءِ الْمُحْسِنِيْنَ وَ جَمَعَ بَيْنَنَا وَ بَيْنَكُمْ فِىْ مَحَلِّ النَّعِيْمِ

طرف سے بہترین جزا جو نیکوکاروں کے لیے ہے اور یکجا کرے ہمیں تمہیں نعمتوں والی جنت کے مکانوں میں۔

اب حضرت عباسؑ ابن امیر المومنینؑ کی زیارت کے لیے جائے اور جب وہاں پہنچے تو حضرت کی ضریح مبارک کے پاس کھڑے ہو کر کہے:



اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَابْنَ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الْعَبْدُ الصَّالِحُ الْمُطِيْعُ لِلّٰهِ

سلام ہو آپ پر اے امیر المومنینؑ کے فرزند سلام ہو آپ پر اے بندۂ خوش کردار خدا اور اس کے رسولؐ کے اطاعت گزار

وَ لِرَسُوْلِهٖ اَشْهَدُ اَنَّكَ قَدْ جَاهَدْتَ وَ نَصَحْتَ وَ صَبَرْتَ حَتّٰى اَتٰيكَ الْيَقِيْنُ

میں گواہ ہوں کہ ضرور آپ نے جہاد کیا خیر اندیشی کی اور صبر سے کام لیا حتیٰ کہ آپ دنیا سے چل بسے

لَعَنَ اللّٰهُ الظَّالِمِيْنَ لَكُمْ مِنَ الْاَوَّلِيْنَ وَ الْاٰخِرِيْنَ وَ اَلْحَقَهُمْ بِدَرْكِ الْجَحِيْمِ

خدا کی لعنت ان پر جنہوں نے آپ پر ظلم ڈھایا پہلوں اور پچھلوں میں سے اور خدا ان کو جہنم کے نچلے درجے میں پھینکے۔

پھر حضرت کی مسجد میں جس قدر چاہے مستحبی نماز ادا کرے اور باہر آجائے۔

**(۴) شبہائے عیدین یعنی عید الفطر اور عید الاضحیٰ کے شب و روز میں زیارت امام حسینؑ:۔**

عیدین کی راتوں بلکہ دنوں میں بھی حضرت امام حسینؑ کی زیارت کرنے کی خاص فضیلت وارد

ہوئی ہے۔ چنانچہ بسند معتبر حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے، فرمایا: جو شخص تین راتوں میں سے کسی ایک رات میں حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت کرے تو اس کے اگلے پچھلے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں۔ فرمایا: وہ تین راتیں یہ ہیں: عید الفطر کی رات، عید الاضحیٰ کی رات اور نیمۂ شعبان کی رات۔ (تمام کتب مزار)۔ واضح رہے کہ اس موقع پر منقول زیارت وہی ہے جو اوپر شب ہائے قدر میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے نقل کی جا چکی ہے۔ لہٰذا ان راتوں اور دنوں میں وہی زیارت پڑھی جائے۔

(۵) **شب و روز عرفہ میں زیارت امام حسین علیہ السلام**:۔ شب و روز عرفہ میں بالخصوص عرفہ کے دن حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت کرنے کے کتب مزار میں بے پایاں اجر و ثواب بیان کیے گئے ہیں اور عرفہ اور عید کے دن آنجنابؑ کی زیارت کرنے پر نہ صرف بیسیوں حج و عمرہ بلکہ سینکڑوں حج و عمرہ کے برابر ثواب مذکور ہیں۔ اور اگرچہ بعض بزرگ علماء کرام جیسے جناب شیخ مفید، جناب سید ابن طاؤس جناب شہید اول اور دوسرے بزرگوں نے اس موقع پر ایک طویل زیارت درج بھی کی ہے جو کہ مفاتیح الجنان وغیرہ کتابوں میں مذکور ہے۔ مگر وہ مخصوص زیارت چونکہ اس موقع کے لیے کسی معصوم ہستی سے منقول نہیں ہے۔ اور یہی وجہ ہے کہ حضرت شیرازی مرحوم نے اپنی کتاب الدعا والزیارہ میں وہ زیارت نقل کرنے کے بعد لکھا ہے کہ ﴿**ذکرنا هذه الزیارة تسامحا**﴾ کہ ''ہم نے از باب تسامح اس زیارت کا تذکرہ کیا ہے۔'' (کتاب الدعا، صفحہ ۶۶۸، طبع ایران)

بنابریں انسب یہ ہے کہ اس موقع پر آپ کی زیارات مطلقہ میں سے کوئی زیارت پڑھ لی جائے جو پہلے ذکر کی جا چکی ہیں۔ یا پھر زیارات جامعہ میں سے کوئی زیارت جامعہ پڑھ لی جائے جیسے یہ زیارت جامعہ جسے حضرت شیخ صدوق علیہ الرحمہ نے الفقیہ میں اور شیخ کفعمی نے بحوالہ مزار شیخ مفید نقل کیا ہے جو یہ ہے:

**اَلسَّلَامُ عَلٰی اَوْلِیَآءِ اللّٰهِ وَ اَصْفِیَآئِهٖ اَلسَّلَامُ عَلٰی اُمَنَاءِ اللّٰهِ وَ اَحِبَّآئِهٖ اَلسَّلَامُ عَلٰی**

سلام ہو دوستان خدا اور اس کے برگزیدوں پر سلام ہو خدا کے امانتداروں اور اس کے پیاروں پر سلام ہو

**اَنْصَارِ اللّٰهِ وَ خُلَفَآئِهٖ اَلسَّلَامُ عَلٰی مَحَآلِّ مَعْرِفَةِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلٰی مَسَاكِنِ ذِكْرِ اللّٰهِ**

خدا کے ناصروں پر اور اس کے نائبوں پر سلام ہو خدا کی معرفت کے نشانوں پر سلام ہو ذکر الٰہی کے وظیفہ داروں پر

**اَلسَّلَامُ عَلٰی مُظْهِرِ اَمْرِ اللّٰهِ وَ نَهْیِهٖ اَلسَّلَامُ عَلَی الدُّعَاةِ اِلَی اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلٰی**

سلام ہو خدا کے امر و نہی کے ترجمانوں پر سلام ہو خدا کی طرف بلانے والوں پر سلام ہو خدا کی رضاؤں میں رہنے والوں پر

اَلْمُسْتَقِرِّیْنَ فِیْ مَرْضَاتِ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَی الْمُخْلِصِیْنَ فِیْ طَاعَۃِ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَی

سلام ہو خدا کے سچے اطاعت گزاروں پر سلام ہو خدا کی طرف رہنمائی کرنے والوں پر سلام ہو ان پر کہ جو ان سے محبت کرے تو خدا اس

الْاَدِلَّآءِ عَلَی اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَی الَّذِیْنَ مَنْ وَّالَاھُمْ فَقَدْ وَالَی اللّٰہَ وَ مَنْ عَادَاھُمْ فَقَدْ

سے محبت کرتا ہے اور جو ان سے دشمنی رکھے خدا اس سے دشمنی رکھتا ہے سلام ہو ان پر کہ جو ان کو پہچان لے وہ خدا کو پہچان لیتا ہے اور جو

عَادَی اللّٰہَ وَ مَنْ عَرَفَھُمْ فَقَدْ عَرَفَ اللّٰہَ وَ مَنْ جَھِلَھُمْ فَقَدْ جَھِلَ اللّٰہَ وَ مَنِ اعْتَصَمَ

ان سے ناواقف ہو وہ خدا سے ناواقف ہوتا ہے جو ان سے تعلق رکھے وہ خدا سے تعلق رکھتا ہے اور جو ان سے الگ رہے وہ خدا سے الگ رہ

بِھِمْ فَقَدِ اعْتَصَمَ بِاللّٰہِ وَمَنْ تَخَلّٰی مِنْھُمْ فَقَدْ تَخَلّٰی مِنَ اللّٰہِ عَزَّ وَ جَلَّ وَ اُشْھِدُ اللّٰہَ

جاتا ہے میں خدا کو گواہ کرتا ہوں کہ میری صلح ہے اس سے جس سے آپ کی صلح ہو اور میری جنگ ہے اس سے

اَنِّیْ سِلْمٌ لِّمَنْ سَالَمْتُمْ وَ حَرْبٌ لِّمَنْ حَارَبْتُمْ مُؤْمِنٌ بِسِرِّکُمْ وَ عَلَانِیَتِکُمْ مُفَوِّضٌ

جس سے آپ کی جنگ ہو میں آپ کے ظاہر و باطن پر ایمان رکھتا ہوں اس بارے میں خود کو آپ کے سپرد کرتا ہوں

فِیْ ذٰلِکَ کُلِّہٖ اِلَیْکُمْ لَعَنَ اللّٰہُ عَدُوَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ مِّنَ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ وَ اَبْرَءُ اِلَی اللّٰہِ



خدا لعنت کرے آل محمدؐ کے دشمنوں پر جو جن و انس میں سے ہیں میں خدا کے سامنے ان سے

مِنْھُمْ وَ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ۔

بری ہوں اور خدا رحمت کرے محمدؐ اور ان کی آل پر۔

## (۶) روزِ عاشوراء زیارتِ امام حسین علیہ السلام:۔

جو شخص روز عاشوراء کربلا معلّٰی میں موجود ہو اور حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت کرے اس کے لیے کئی ہزار حج و عمرہ اور جہاد کا ثواب مروی ہے۔ راوی (عقبہ) نے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام کی خدمت میں عرض کیا کہ جو شخص دور دراز شہروں میں موجود ہو اور روز عاشوراء کربلا معلّٰی نہ پہنچ سکے تو وہ کیا کرے؟ فرمایا: وہ صحراء میں جائے یا اپنے مکان کی چھت پر چڑھ جائے اور حضرت امام حسین علیہ السلام کی قبر مقدس کی طرف اشارہ کر کے پہلے یہ زیارت پڑھے۔ پھر آپؑ کے قاتلوں پر لعنت کرے بعد ازاں دو رکعت نماز زیارت پڑھے۔ اور یہ سب کچھ روزِ عاشوراء زوال سے پہلے یعنی دن کے پہلے حصے میں کرے تو اسے بھی یہی ثواب ملے گا۔ پھر مظلوم کربلا

پر گریہ و بکاء کرے اور اپنے اہل خانہ کو بھی آپ پر گریہ و بکا کرنے کا حکم دے اور وہ سب اس طرح ایک دوسرے کو تعزیت پیش کریں:

اَعْظَمَ اللّٰہُ اُجُوْرَنَا بِمُصَابِنَا بِالْحُسَیْنِ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَ جَعَلَنَا وَ اِیَّاکُمْ مِنَ

خدا ہماری جزاؤں میں اضافہ کرے اس سوگواری پر جو ہم نے امام حسین علیہ السلام کے لیے کی اور ہمیں تمھیں ان کے خون کا بدلہ لینے والوں

الطَّالِبِیْنَ بِثَارِہٖ مَعَ وَلِیِّہٖ الْاِمَامِ الْمَھْدِیِّ مِنْ اٰلِ مُحَمَّدٍ عَلَیْھِمُ السَّلَامُ۔

اور ہمیں تمھیں ان کے خون کا بدلہ لینے والوں میں قرار دے ان کے وارث امام مہدیؑ کی ہمراہی میں جو آل محمد علیہم السلام میں سے ہیں۔

اور وہ زیارت عاشوراء یہ ہے:

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَآ اَبَا عَبْدِ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَابْنَ رَسُوْلِ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَابْنَ اَمِیْرِ

سلام ہو آپ پر اے ابا عبداللہ سلام ہو آپ پر اے رسول خداؐ کے فرزند سلام ہو آپ پر اے امیر المومنینؑ کے فرزند اور اوصیا کے سردار

الْمُؤْمِنِیْنَ وَابْنَ سَیِّدِ الْوَصِیِّیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَابْنَ فَاطِمَۃَ سَیِّدَۃِ نِسَآءِ الْعَالَمِیْنَ اَلسَّلَامُ

کے فرزند سلام ہو آپ پر اے فرزند فاطمہ جو جہانوں کی عورتوں کی سردار ہیں سلام ہو آپ پر اے قربان خدا اور قربان خدا کے فرزند اور

عَلَیْکَ یَا ثَارَ اللّٰہِ وَابْنَ ثَارِہٖ وَالْوِتْرَ الْمَوْتُوْرِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ وَ عَلَی الْاَرْوَاحِ الَّتِیْ حَلَّتْ

وہ خون جس کا بدلہ لیا جانا ہے سلام ہو آپ پر اور ان روحوں پر جو آپ کے آستان میں مدفون ہیں آپ سب پر میری طرف سے خدا کا

بِفِنَآئِکَ عَلَیْکُمْ مِنِّیْ جَمِیْعًا سَلَامُ اللّٰہِ اَبَدًا مَا بَقِیْتُ وَ بَقِیَ اللَّیْلُ وَالنَّھَارُ یَآ اَبَا عَبْدِ اللّٰہِ

سلام ہمیشہ جب تک میں باقی ہوں اور رات دن باقی ہیں اے ابا عبداللہ آپ کا سوگ بہت بھاری اور بہت بڑا ہے اور آپ کی مصیبت

لَقَدْ عَظُمَتِ الرَّزِیَّۃُ وَ جَلَّتْ وَ عَظُمَتِ الْمُصِیْبَۃُ بِکَ عَلَیْنَا وَ عَلٰی جَمِیْعِ اَھْلِ الْاِسْلَامِ

بہت بڑی ہے ہمارے لیے اور تمام اہل اسلام کے لیے اور بہت بڑی اور بھاری ہے آپ کی مصیبت آسمانوں میں تمام آسمان والوں

وَ جَلَّتْ وَ عَظُمَتْ مُصِیْبَتُکَ فِی السَّمٰوَاتِ عَلٰی جَمِیْعِ اَھْلِ السَّمٰوَاتِ فَلَعَنَ اللّٰہُ اُمَّۃً

کے لیے پس خدا کی لعنت اس گروہ پر جس نے بنیاد ڈالی آپ پر ظلم و ستم کرنے کی اے اہل بیت اور خدا کی لعنت اس گروہ پر جس نے

اَسَّسَتْ اَسَاسَ الظُّلْمِ وَ الْجَوْرِ عَلَیْکُمْ اَھْلَ الْبَیْتِ وَ لَعَنَ اللّٰہُ اُمَّۃً دَفَعَتْکُمْ عَنْ مَقَامِکُمْ

آپ کو آپ کے مقام سے ہٹایا اور آپ کو اس مرتبے سے گرایا جو خدا نے اس مقام میں آپ کو دیا خدا کی لعنت اس گروہ پر جس نے

وَ اَزَالَتْكُمْ عَنْ مَرَاتِبِكُمُ الَّتِيْ رَتَّبَكُمُ اللّٰهُ فِيْهَا وَ لَعَنَ اللّٰهُ اُمَّةً قَتَلَتْكُمْ وَ لَعَنَ اللّٰهُ

آپ کو قتل کیا اور خدا کی لعنت ان پر جنہوں نے ان کو آپ کے ساتھ جنگ کرنے کی قوت فراہم کی میں بری ہوں خدا کے اور آپ کے

الْمُمَهِّدِيْنَ لَهُمْ بِالتَّمْكِيْنِ مِنْ قِتَالِكُمْ بَرِئْتُ اِلَى اللّٰهِ وَ اِلَيْكُمْ مِنْهُمْ وَ مِنْ اَشْيَاعِهِمْ

سامنے ان سے ان کے مددگاروں سے ان کے پیروکاروں اور ان کے دوستوں سے اے ابا عبداللہ میری صلح ہے آپ سے صلح کرنے

وَ اَوْلِيَآئِهِمْ يَآ اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ اِنِّيْ سِلْمٌ لِمَنْ سَالَمَكُمْ وَ حَرْبٌ لِمَنْ حَارَبَكُمْ اِلٰى يَوْمِ

والے سے اور میری جنگ ہے آپ سے جنگ کرنے والے سے روز قیامت تک اور خدا لعنت کرے اولاد زیاد اور اولاد مروان پر خدا

الْقِيٰمَةِ وَ لَعَنَ اللّٰهُ اٰلَ زِيَادٍ وَّ اٰلَ مَرْوَانَ وَ لَعَنَ اللّٰهُ بَنِيْ اُمَيَّةَ قَاطِبَةً وَّ لَعَنَ اللّٰهُ ابْنَ

اظہار بیزاری کرے بنی امیہ سے ہر صورت میں خدا لعنت کرے ابن مرجانہ پر خدا لعنت کرے عمر بن سعد پر خدا لعنت کرے شمر پر اور خدا

مَرْجَانَةَ وَ لَعَنَ اللّٰهُ عُمَرَ بْنَ سَعْدٍ وَّ لَعَنَ اللّٰهُ شِمْرًا وَّ لَعَنَ اللّٰهُ اُمَّةً اَسْرَجَتْ وَ اَلْجَمَتْ

لعنت کرے جنہوں نے زین کسی لگام دی گھوڑوں کو اور لوگوں کو للکارا آپ سے لڑنے کے لیے میرے ماں باپ آپ پر قربان یقیناً آپ

وَ تَنَقَّبَتْ لِقِتَالِكَ بِاَبِيْ اَنْتَ وَ اُمِّيْ لَقَدْ عَظُمَ مُصَابِيْ بِكَ فَاَسْئَلُ اللّٰهَ الَّذِيْ اَكْرَمَ



کی خاطر میرا غم بڑھ گیا ہے پس سوال کرتا ہوں خدا سے جس نے آپ کو شان عطا کی اور آپ کے ذریعے مجھے عزت دی یہ کہ وہ مجھے

مَقَامَكَ وَ اَكْرَمَنِيْ بِكَ وَ اَنْ يَّرْزُقَنِيْ طَلَبَ ثَارِكَ مَعَ اِمَامٍ مَّنْصُوْرٍ مِّنْ اَهْلِ بَيْتِ مُحَمَّدٍ

آپ کے خون کا بدلہ لینے کا موقع دے ان امام منصور کی ہمراہی میں جو ہوں گے اہل بیت محمد صلی اللہ علیہ و آلہ میں سے اے معبود! مجھ کو

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ عِنْدَكَ وَجِيْهًا بِالْحُسَيْنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِي الدُّنْيَا

اپنے ہاں آبرومند بنا بواسطہ حسین علیہ السلام کے دنیا اور آخرت میں اے ابا عبداللہ بے شک میں قرب چاہتا ہوں خدا کا اس کے رسولؐ

وَ الْاٰخِرَةِ يَآ اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ اِنِّيْ اَتَقَرَّبُ اِلَى اللّٰهِ وَ اِلٰى رَسُوْلِهٖ وَ اِلٰى اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ اِلٰى

کا امیر المومنینؑ کا فاطمہ زہراؑ کا حسن مجتبیٰ کا اور آپ کا قرب آپ کی حبداری سے اور اس سے بیزاری کے ذریعے کر جس نے ایسی بنیاد

فَاطِمَةَ وَ اِلَى الْحَسَنِ وَ اِلَيْكَ بِمُوَالَاتِكَ وَ بِالْبَرَآئَةِ مِمَّنْ اَسَّسَ اَسَاسَ ذٰلِكَ وَ بَنٰى

قائم کی اس پر عمارت اٹھائی اور پھر ظلم و ستم کرنا شروع کیا آپ پر اور آپ کے پیروکاروں پر میں بیزاری ظاہر کرتا ہوں خدا کے اور آپ

عَلَيْهِ بُنْيَانَهٗ وَ جَرٰى فِيْ ظُلْمِهٖ وَ جَوْرِهٖ عَلَيْكُمْ وَ عَلٰى اَشْيَاعِكُمْ بَرِئْتُ اِلَى اللّٰهِ وَ اِلَيْكُمْ

کے سامنے ان ظالموں سے اور قرب چاہتا ہوں خدا کا پھر آپ کا آپ سے دوستی اور آپ کے دوستوں اور دوستی کے ذریعے آپ کے

مِنْهُمْ وَ اَتَقَرَّبُ اِلَى اللّٰهِ ثُمَّ اِلَيْكُمْ بِمُوَالاتِكُمْ وَ مُوَالاةِ وَلِيِّكُمْ وَ بِالْبَرَآئَةِ مِنْ

دشمنوں اور آپ کے خلاف جنگ برپا کرنے والوں سے بیزاری کے ذریعے اور ان کے طرفداروں اور پیروکاروں سے بیزاری کے

اَعْدَآئِكُمْ وَ النَّاصِبِيْنَ لَكُمُ الْحَرْبَ وَ بِالْبَرَآئَةِ مِنْ اَشْيَاعِهِمْ وَ اَتْبَاعِهِمْ اِنِّيْ سِلْمٌ لِمَنْ

ذریعے میری صلح ہے آپ سے صلح کرنے والے سے اور میری جنگ ہے آپ سے جنگ کرنے والے سے میں آپ کے دوست کا

سَالَمَكُمْ وَ حَرْبٌ لِمَنْ حَارَبَكُمْ وَ وَلِيٌّ لِمَنْ وَالاكُمْ وَ عَدُوٌّ لِمَنْ عَادَاكُمْ فَاَسْئَلُ اللّٰهَ

دوست اور آپ کے دشمن کا دشمن ہوں پس سوال کرتا ہوں خدا سے جس نے عزت دی مجھے آپ کی پہچان اور آپ کے دوستوں کی پہچان

الَّذِيْ اَكْرَمَنِيْ بِمَعْرِفَتِكُمْ وَ مَعْرِفَةِ اَوْلِيَآئِكُمْ وَ رَزَقَنِي الْبَرَآئَةَ مِنْ اَعْدَآئِكُمْ اَنْ يَّجْعَلَنِيْ

کے ذریعے اور مجھے آپ کے دشمنوں سے بیزاری کی توفیق دی یہ کہ وہ مجھے آپ کے ساتھ رکھے دنیا اور آخرت میں اور یہ کہ مجھے آپ

مَعَكُمْ فِي الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ وَ اَنْ يُّثَبِّتَ لِيْ عِنْدَكُمْ قَدَمَ صِدْقٍ فِي الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ وَ

کے حضور سچائی کے ساتھ ثابت قدم رکھے دنیا اور آخرت میں اور اس سے سوال کرتا ہوں کہ مجھے بھی خدا کے ہاں آپ کے لیے پسندیدہ

اَسْئَلُهُ اَنْ يُّبَلِّغَنِيَ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ لَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ وَ اَنْ يَّرْزُقَنِيْ طَلَبَ ثَارِيْ كُمْ مَعَ اِمَامٍ



مقام پر پہنچائے نیز مجھے نصیب کرے آپ کے خون کا بدلہ لینا آپ میں سے اس امام کے ساتھ جو ہے مددگار رہبر حق بات زبان پر

هُدًى ظَاهِرٍ نَاطِقٍ بِالْحَقِّ مِنْكُمْ وَ اَسْئَلُ اللّٰهَ بِحَقِّكُمْ وَ بِالشَّاْنِ الَّذِيْ لَكُمْ عِنْدَهٗ اَنْ

لانے والا اور سوال کرتا ہوں خدا سے بواسطہ آپ کے حق اور آپ کی شان کے جو آپ اس کے ہاں رکھتے ہیں یہ کہ وہ عطا کرے مجھ کو

يُّعْطِيَنِيْ بِمُصَابِيْ بِكُمْ اَفْضَلَ مَا يُعْطِيْ مُصَابًا بِمُصِيْبَتِهٖ مُصِيْبَةً مَّا اَعْظَمَهَا وَ اَعْظَمَ

آپ کی سوگواری پر وہ بہترین اجر جو اس نے آپ کے کسی سوگوار کو دیا اس مصیبت پر کہ جو بہت بڑی مصیبت اور اس کا رنج و غم بہت

رَزِيَّتَهَا فِي الْاِسْلَامِ وَفِيْ جَمِيْعِ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ فِيْ مَقَامِيْ هٰذَا مِمَّنْ

زیادہ ہے اسلام میں اور تمام آسمانوں میں اور اس زمین میں اے معبود قرار دے مجھے اس جگہ پر ان افراد میں سے جن کو نصیب ہوئیں

تَنَالُهٗ مِنْكَ صَلَوَاتٌ وَّ رَحْمَةٌ وَّ مَغْفِرَةٌ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ مَحْيَايَ مَحْيَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ

تیری مہربانیاں تیری رحمت اور بخشش اے معبود قرار دے میری زندگی کو محمدؐ و آل محمدؐ کی زندگی جیسی اور میری موت کو محمدؐ و آل محمد

وَ مَمَاتِيْ مَمَاتَ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ اَللّٰهُمَّ اِنَّ هٰذَا يَوْمٌ تَبَرَّكَتْ بِهٖ بَنُوْ اُمَيَّةَ وَابْنُ اٰكِلَةِ

کی موت کی مانند بنا اے معبود بے شک یہ وہ دن ہے کہ جس کو بنی امیہ اور کلیجے کھانے والی کا بیٹا بابرکت جانتا

الْاَکْبَادِ اللَّعِیْنُ ابْنُ اللَّعِیْنِ عَلٰی لِسَانِکَ وَ لِسَانِ نَبِیِّکَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ اٰلِہٖ فِیْ

تھا جو لعنت شدہ کا فرزند لعنت شدہ ہے تیری زبان پر اور تیرے نبی صلی اللہ علیہ و آلہ کی زبان پر ہر شہر میں جہاں رہے اور ہر جگہ کہ جہاں

کُلِّ مَوْطِنٍ وَّ مَوْقِفٍ وَّقَفَ فِیْہِ نَبِیُّکَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ اٰلِہٖ اَللّٰھُمَّ الْعَنْ اَبَا سُفْیَانَ

ٹھیرے ہیں تیرے نبی اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ اے معبود! اظہار بیزاری کر ابو سفیان اور معاویہ اور یزید بن معاویہ سے کہ ان

وَ مُعٰوِیَۃَ وَ یَزِیْدَ بْنَ مُعٰوِیَۃَ عَلَیْھِمْ مِنْکَ اللَّعْنَۃُ اَبَدَ الْاٰبِدِیْنَ وَ ھٰذَا یَوْمٌ فَرِحَتْ بِہٖ اٰلُ زِیَادٍ

سے اظہار بیزاری ہو تیری طرف سے ہمیشہ ہمیشہ اور ہمیشہ اور یہ وہ دن ہے جس میں خوش ہوئی اولاد زیاد اور اولاد مروان

وَّ اٰلُ مَرْوَانَ بِقَتْلِھِمُ الْحُسَیْنَ صَلَوَاتُ اللّٰہِ عَلَیْہِ اَللّٰھُمَّ فَضَاعِفْ عَلَیْھِمُ اللَّعْنَ مِنْکَ

کہ انہوں نے قتل کیا حسین صلوات اللہ علیہ کو اے معبود پس تو دوچند کر دے ان پر اپنی طرف سے لعنت اور عذاب کو اے معبود بے شک

وَ الْعَذَابَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَتَقَرَّبُ اِلَیْکَ فِیْ ھٰذَا الْیَوْمِ وَفِیْ مَوْقِفِیْ ھٰذَا وَ اَیَّامِ حَیٰوتِیْ

میں تیرا قرب چاہتا ہوں آج کے دن میں اس جگہ پر جہاں کھڑا ہوں اور اپنی زندگی کے دنوں میں بذریعہ ان سے بیزاری کرنے اور

بِالْبَرَآئَۃِ مِنْھُمْ وَاللَّعْنَۃِ عَلَیْھِمْ وَ بِالْمُوَالاۃِ لِنَبِیِّکَ وَ اٰلِ نَبِیِّکَ عَلَیْہِ وَ عَلَیْھِمُ السَّلَامُ

ان پر نفرین بھیجنے کے اور بوسیلہ اس دوستی کے جو مجھے تیرے نبیؐ اور تیرے نبیؐ کی آل سے ہے سلام ہو تیرے نبیؐ پر اور ان کی آل پر۔



پھر سو مرتبہ کہے:

اَللّٰھُمَّ الْعَنْ اَوَّلَ ظَالِمٍ ظَلَمَ حَقَّ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ اٰخِرَ تَابِعٍ لَّہٗ عَلٰی ذٰلِکَ

اے معبود! محروم کر اپنی رحمت سے اس پہلے ظالم کو جس نے ضائع کیا حق محمدؐ اور آل محمدؐ کا اور اس کو بھی جس نے آخر میں اس کی پیروی کی

اَللّٰھُمَّ الْعَنِ الْعِصَابَۃَ الَّتِیْ جَاھَدَتِ الْحُسَیْنَ وَ شَایَعَتْ وَ بَایَعَتْ وَ تَابَعَتْ

اے معبود لعنت کر اس جماعت پر جنہوں نے جنگ کی حسینؑ سے نیز ان پر بھی جو قتل حسینؑ میں ان کے ساتھی ہمراہی

عَلٰی قَتْلِہٖ اَللّٰھُمَّ الْعَنْھُمْ جَمِیْعًا۔

اور ہم رائے تھے اے معبود ان سب پر لعنت بھیج۔

اب سو مرتبہ کہے:

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَآ اَبَا عَبْدِ اللّٰہِ وَ عَلَی الْاَرْوَاحِ الَّتِیْ حَلَّتْ بِفِنَآئِکَ عَلَیْکَ مِنِّیْ سَلَامُ اللّٰہِ

سلام ہو آپ پر اے ابا عبد اللہ اور سلام ان روحوں پر جو آپ کے آستان پر آئی ہیں آپ پر میری طرف سے خدا کا سلام ہو

اَبَدًا مَا بَقِیتُ وَ بَقِیَ اللَّیْلُ وَالنَّهَارُ وَلاَ جَعَلَهُ اللّٰهُ اٰخِرَ الْعَهْدِ مِنِّیْ لِزِیَارَتِکُمْ

ہمیشہ جب تک زندہ ہوں اور جب تک رات دن باقی ہیں اور خدا قرار نہ دے اس کو میرے لیے آپ کی زیارت کا آخری موقع

اَلسَّلاَمُ عَلَی الْحُسَیْنِ وَ عَلٰی عَلِیِّ بْنِ الْحُسَیْنِ وَ عَلٰی اَوْلاَدِ الْحُسَیْنِ وَ عَلٰی

سلام ہو حسینؑ پر اور شہزادہ علی اکبر فرزند حسینؑ پر سلام ہو حسینؑ کی اولاد اور

اَصْحَابِ الْحُسَیْنِ.

حسینؑ کے اصحاب پر

پھر کہے:

اَللّٰهُمَّ خُصَّ اَنْتَ اَوَّلَ ظَالِمٍ بِاللَّعْنِ مِنِّیْ وَابْدَأْ بِهٖ اَوَّلاً ثُمَّ الْعَنِ الثَّانِیَ وَ الثَّالِثَ

اے معبود! خاص کیا ہے تو نے پہلے ظالم کو میری طرف سے بیزاری میں تو اب اسی سے بیزاری کا آغاز فرما پھر اظہار بیزاری کر دوسرے اور

وَ الرَّابِعَ اَللّٰهُمَّ الْعَنْ یَزِیْدَ خَامِسًا وَّ الْعَنْ عُبَیْدَ اللّٰهِ بْنَ زِیَادٍ وَّ ابْنَ مَرْجَانَةَ وَ عُمَرَ

تیسرے اور پھر چوتھے سے اے معبود! لعنت کر یزید جو پانچواں ہے اور لعنت کر عبید اللہ فرزند زیاد پر، فرزند مرجانہ پر، عمر

بْنَ سَعْدٍ وَّ شِمْرًا وَّ اٰلَ اَبِیْ سُفْیَانَ وَ اٰلَ زِیَادٍ وَّ اٰلَ مَرْوَانَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ.

فرزند سعد پر اور شمر پر اور رحمت سے دور کر اولاد ابوسفیان کو اور اولاد زیاد کو اور اولاد مروان کو قیامت کے دن تک۔

اس کے بعد سجدے میں جائے اور کہے:

اَللّٰهُمَّ لَکَ الْحَمْدُ حَمْدَ الشَّاکِرِیْنَ لَکَ عَلٰی مُصَابِهِمْ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی عَظِیْمِ رَزِیَّتِیْ

اے معبود! تیرے لیے ہے حمد وہ حمد جو عزاداری پر تیرا شکر بجا لانے والے کرتے ہیں حمد ہے خدا کیلئے جس نے مجھے عزاداری نصیب کی

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِیْ شَفَاعَةَ الْحُسَیْنِ یَوْمَ الْوُرُوْدِ وَ ثَبِّتْ لِیْ قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَکَ مَعَ الْحُسَیْنِ

اے معبود حشر میں آنے کے دن مجھے حسینؑ کی شفاعت سے بہرہ مند فرما اور میرے قدم کو سیدھا اور پکا بنا جب میں تیرے پاس آؤں حسینؑ کے ساتھ

وَ اَصْحَابِ الْحُسَیْنِ الَّذِیْنَ بَذَلُوْا مُهَجَهُمْ دُوْنَ الْحُسَیْنِ عَلَیْهِ السَّلاَمُ.

اور اصحاب حسینؑ کے ساتھ جنہوں نے حسین علیہ السلام کے لیے اپنی جانیں قربان کر دیں۔

# زیارتِ عاشوراء کے بعد پڑھی جانے والی دعا

صفوان بیان کرتے ہیں کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے حضرت امیر علیہ السلام کے جانب سر زیارتِ عاشوراء کو پڑھنے کے بعد یہ دعا پڑھی:

يَآ اَللّٰهُ يَآ اَللّٰهُ يَآ اَللّٰهُ يَا مُجِيْبَ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّيْنَ يَا كَاشِفَ كُرَبِ الْمَكْرُوْبِيْنَ يَا غِيَاثَ

اے اللہ اے اللہ اے اللہ اے بے چاروں کی دعا قبول کرنے والے اے مشکلوں والوں کی مشکلیں حل کرنے والے اے دادخواہوں کی

الْمُسْتَغِيْثِيْنَ يَا صَرِيْخَ الْمُسْتَصْرِخِيْنَ وَ يَا مَنْ هُوَ اَقْرَبُ اِلَيَّ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ وَ يَا مَنْ

دادرسی کرنے والے اے فریادیوں کی فریاد کو پہنچنے والے اور اے وہ جو شہ رگ سے بھی زیادہ میرے قریب ہے اے وہ جو مرد اور اس

يَحُوْلُ بَيْنَ الْمَرْءِ وَ قَلْبِهٖ وَ يَا مَنْ هُوَ بِالْمَنْظَرِ الْاَعْلٰى وَ بِالْاُفُقِ الْمُبِيْنِ وَ يَا مَنْ هُوَ

کے دل کے درمیان حائل ہو جاتا ہے اے وہ جو نظر سے بالاتر جگہ اور روشن تر کنارے میں ہے اے وہ جو بڑا مہربان نہایت رحم والا

الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى وَ يَا مَنْ يَعْلَمُ خَآئِنَةَ الْاَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُوْرُ

عرش پر حاوی ہے اے وہ جو آنکھوں کی ناروا حرکت اور دلوں کی باتوں کو جانتا ہے اے وہ جس پر کوئی راز پوشیدہ نہیں اے وہ جس کو

وَ يَا مَنْ لَّا يَخْفٰى عَلَيْهِ خَافِيَةٌ يَّا مَنْ لَّا تَشْتَبِهُ عَلَيْهِ الْاَصْوَاتُ وَ يَا مَنْ لَّا تُغَلِّطُهُ

آوازوں میں غلط فہمی نہیں ہوتی اے وہ جس کو حاجتوں میں بھول نہیں پڑتی اے وہ جس کو مانگنے والوں کا اصرار بیزار نہیں کرتا اے ہر

الْحَاجَاتُ وَ يَا مَنْ لَّا يُبْرِمُهٗ اِلْحَاحُ الْمُلِحِّيْنَ يَا مُدْرِكَ كُلِّ فَوْتٍ وَّيَا جَامِعَ كُلِّ شَمْلٍ

گمشدہ کو پا لینے والے اے بکھروں کو اکٹھا کرنے والے اور اے لوگوں کو بعد از موت زندہ کرنے والے اے وہ ہر روز جس کی نئی شان

وَّيَا بَارِئَ النُّفُوْسِ بَعْدَ الْمَوْتِ يَا مَنْ هُوَ كُلَّ يَوْمٍ فِيْ شَاْنٍ يَّا قَاضِيَ الْحَاجَاتِ يَا

ہے اے حاجتوں کے پورا کرنے والے اے مصیبتیں دور کرنے والے اے سوالوں کے پورا کرنے والے اے خواہشوں پر مختار اے

مُنَفِّسَ الْكُرُبَاتِ يَا مُعْطِيَ السُّؤُلَاتِ يَا وَلِيَّ الرَّغَبَاتِ يَا كَافِيَ الْمُهِمَّاتِ يَا مَنْ يَّكْفِيْ

مشکلوں میں مددگار اے وہ جو ہر امر میں مددگار ہے اور جس کے سوا زمین اور آسمانوں میں کوئی چیز مدد نہیں کرتی سوال کرتا ہوں تجھ

مِنْ كُلِّ شَيْءٍ وَّلَا يَكْفِيْ مِنْهُ شَيْءٌ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ خَاتَمِ

سے بواسطہ نبیوں کے خاتم محمدؐ اور بواسطہ مومنوں کے امیر علی مرتضیٰؑ کے بواسطہ تیرے نبی کی دختر فاطمہؑ کے اور بواسطہ حسنؑ و حسینؑ کے

النَّبِيِّينَ وَ عَلِيٍّ اَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ وَ بِحَقِّ فَاطِمَةَ بِنْتِ نَبِيِّكَ وَ بِحَقِّ الْحَسَنِ وَ الْحُسَيْنِ

کیونکہ میں نے انہی کے وسیلے تیری طرف رخ کیا اس جگہ جہاں کھڑا ہوں ان کو اپنا وسیلہ بنایا انہی کو تیرے ہاں سفارشی بنایا اور بواسطہ

فَاِنِّي بِهِمْ اَتَوَجَّهُ اِلَيْكَ فِي مَقَامِي هٰذَا وَ بِهِمْ اَتَوَسَّلُ وَ بِهِمْ اَتَشَفَّعُ اِلَيْكَ وَ بِحَقِّهِمْ

ان کے حق کے تیرا سوالی ہوں اسی کی قسم دیتا ہوں اور تجھ سے طلب رکھتا ہوں واسطہ ان کی شان کا جو وہ تیرے ہاں رکھتے ہیں واسطہ

اَسْئَلُكَ وَ اُقْسِمُ وَ اَعْزِمُ عَلَيْكَ وَ بِالشَّانِ الَّذِي لَهُمْ عِنْدَكَ وَ بِالْقَدْرِ الَّذِي لَهُمْ

اس مرتبے کا جو وہ تیرے حضور رکھتے ہیں کہ جس سے تو نے ان کو جہانوں میں بڑائی دی اور واسطہ تیرے اس نام کا جو تو نے ان کے

عِنْدَكَ وَ بِالَّذِي فَضَّلْتَهُمْ عَلَى الْعَالَمِينَ وَ بِاسْمِكَ الَّذِي جَعَلْتَهُ عِنْدَهُمْ وَ بِهِ

ہاں قرار دیا اور اس کے ذریعے ان کو جہانوں میں خصوصیت عطا فرمائی ان کو ممتاز کیا اور ان کی بڑائی کو جہانوں میں سب سے بڑھا دیا

خَصَصْتَهُمْ دُونَ الْعَالَمِينَ وَ بِهِ اَبَنْتَهُمْ وَ اَبَنْتَ فَضْلَهُمْ مِنْ فَضْلِ الْعَالَمِينَ حَتّٰى فَاقَ

یہاں تک کہ ان کی بڑائی تمام جہانوں میں سب سے زیادہ ہوگئی سوال کرتا ہوں تجھ سے کہ رحمت نازل کر محمدؐ و آل محمدؐ پر اور یہ کہ دور

فَضْلُهُمْ فَضْلَ الْعَالَمِينَ جَمِيعًا اَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ اَنْ



فرما دے میرا ہر غم ہر اندیشہ اور ہر دکھ اور میری مدد کر ہر دشوار کام میں میرا قرضہ ادا کر دے پناہ دے مجھ کو تنگدستی سے بچا مجھ کو ناداری

تَكْشِفَ عَنِّي غَمِّي وَ هَمِّي وَ كَرْبِي وَ تَكْفِيَنِي الْمُهِمَّ مِنْ اُمُورِي وَ تَقْضِيَ عَنِّي دَيْنِي

سے اور بے نیاز کر دے مجھ کو لوگوں کے آگے ہاتھ پھیلانے سے اور میری مدد فرما اس اندیشے میں جس سے ڈرتا ہوں اور اس تنگی میں

وَ تُجِيرَنِي مِنَ الْفَقْرِ وَ تُجِيرَنِي مِنَ الْفَاقَةِ وَ تُغْنِيَنِي عَنِ الْمَسْئَلَةِ اِلَى الْمَخْلُوقِينَ وَ

جس سے پریشان ہوں اس غم میں جس سے گھبراتا ہوں اس تکلیف میں جس سے خوف کھاتا ہوں اس بری تدبیر میں جس سے دبا رہتا

تَكْفِيَنِي هَمَّ مَنْ اَخَافُ هَمَّهُ وَ عُسْرَ مَنْ اَخَافُ عُسْرَهُ وَ حُزُونَةَ مَنْ اَخَافُ حُزُونَتَهُ وَ

ہوں اس ظلم میں جس سے سہا ہوا ہوں اس بے داد میں جس سے ترساں ہوں اس کے قابو پانے میں جس کے قابو پانے سے ہراساں

شَرَّ مَنْ اَخَافُ شَرَّهُ وَ مَكْرَ مَنْ اَخَافُ مَكْرَهُ وَ بَغْيَ مَنْ اَخَافُ بَغْيَهُ وَ جَوْرَ مَنْ اَخَافُ

ہوں اس فریب میں جس سے خائف ہوں اس کی قوت میں جس کے خود پر قوت پانے سے ڈرتا ہوں دور کر مجھ سے چال والوں کے

جَوْرَهُ وَ سُلْطَانَ مَنْ اَخَافُ سُلْطَانَهُ وَ كَيْدَ مَنْ اَخَافُ كَيْدَهُ وَ مَقْدُرَةَ مَنْ اَخَافُ

چال اور فریب کاروں کے فریب کو اے معبود جو میرے لیے میرا قصد کرے تو اس کا قصد کر جو مجھے دھوکہ دے تو اسے دھوکہ دے اور

مَقْدُرَتَهُ عَلَيَّ وَ تَرُدَّ عَنِّيْ كَيْدَ الْكَيْدَةِ وَ مَكْرَ الْمَكْرَةِ اَللّٰهُمَّ مَنْ اَرَادَنِيْ فَارِدْهُ وَ مَنْ

دور کر دے مجھ سے اس کے دھوکے فریب سختی اور اس کی بد اندیشی کو روک دے اسے مجھ سے جس طرح تو چاہے اور جہاں تو چاہے

كَادَنِيْ فَكِدْهُ وَاصْرِفْ عَنِّيْ كَيْدَهُ وَ مَكْرَهُ وَ بَاْسَهُ وَ اَمَانِيَّهُ وَ امْنَعْهُ عَنِّيْ كَيْفَ شِئْتَ وَ

اے معبود! اس کو میرا خیال بھلا دے ایسی نا داری سے جو دور نہ ہو ایسی مصیبت سے جسے تو نہ ٹالے ایسی تنگدستی سے جسے تو نہ ہٹائے

اَنّٰى شِئْتَ اَللّٰهُمَّ اشْغَلْهُ عَنِّيْ بِفَقْرٍ لَّا تَجْبُرُهُ وَ بِبَلَآءٍ لَّا تَسْتُرُهُ وَ بِفَاقَةٍ لَّا تَسُدُّهَا وَ

ایسی بیماری سے جس سے تو نہ بچائے ایسی ذلت سے جس میں تو عزت نہ دے اور ایسی بے کسی سے جسے تو دور نہ کرے اے معبود!

بِسُقْمٍ لَّا تُعَافِيْهِ وَ ذُلٍّ لَّا تُعِزُّهُ وَ بِمَسْكَنَةٍ لَّا تَجْبُرُهَا اَللّٰهُمَّ اضْرِبْ بِالذُّلِّ نَصْبَ عَيْنَيْهِ

میرے دشمن کی خواری اس کے سامنے ظاہر کر دے اس کے گھر میں فقر و فاقہ کو داخل کر دے اور اس کے بدن میں دکھ اور بیماری پیدا کر

وَ اَدْخِلْ عَلَيْهِ الْفَقْرَ فِيْ مَنْزِلِهٖ وَ الْعِلَّةَ وَ السُّقْمَ فِيْ بَدَنِهٖ حَتّٰى تَشْغَلَهُ عَنِّيْ بِشُغْلٍ شَاغِلٍ

دے یہاں تک کہ مجھے بھول کر اسے اپنی ہی پڑ جائے کہ اسے برائی کا موقع نہ ملے اسے میری یاد بھلا دے جیسے اس نے تیری یاد بھلا

لَّا فَرَاغَ لَهُ وَ اَنْسِهٖ ذِكْرِيْ كَمَآ اَنْسَيْتَهُ ذِكْرَكَ وَ خُذْ عَنِّيْ بِسَمْعِهٖ وَ بَصَرِهٖ وَ لِسَانِهٖ وَ

رکھی ہے اور میری طرف سے اس کے کان اس کی آنکھیں اس کی زبان اس کے ہاتھ اس کے پاؤں اس کا دل اور اس کے تمام اعضاء

يَدِهٖ وَ رِجْلِهٖ وَ قَلْبِهٖ وَ جَمِيْعِ جَوَارِحِهٖ وَ اَدْخِلْ عَلَيْهِ فِيْ جَمِيْعِ ذٰلِكَ السُّقْمَ وَلَا تَشْفِهٖ

کو روک دے اور وارد کر دے ان سب پر بیماری اور اس سے اسے شفا نہ دے یہاں تک کہ بنا دے اس سے اس کے لیے ایسی سختی جس

حَتّٰى تَجْعَلَ ذٰلِكَ لَهُ شُغْلًا شَاغِلًا بِهٖ عَنِّيْ وَ عَنْ ذِكْرِيْ وَ اكْفِنِيْ يَا كَافِيَ مَا لَا

میں وہ پڑا رہے کہ مجھ سے اور میری یاد سے غافل ہو جائے اور میری مدد کر اے مددگار کہ تیرے سوا کوئی مددگار نہیں کیونکہ تو میرے لیے

يَكْفِيْ سِوَاكَ فَاِنَّكَ الْكَافِيْ لَا كَافِيَ سِوَاكَ وَ مُفَرِّجٌ لَّا مُفَرِّجَ سِوَاكَ وَ مُغِيْثٌ لَّا

کافی ہے تیرے سوا کوئی کافی نہیں تو کشائش کرنے والا ہے تیرے سوا کشائش کرنے والا نہیں تو فریادرس ہے تیرے سوا فریادرس نہیں تو

مُغِيْثَ سِوَاكَ وَ جَارٌ لَّا جَارَ سِوَاكَ خَابَ مَنْ كَانَ جَارُهُ سِوَاكَ وَ مُغِيْثُهُ سِوَاكَ وَ

پناہ دینے والا ہے کوئی اور نہیں نا امید ہوا جس کا تو پناہ دینے والا نہیں جس کا فریادرس تو نہیں جو بجز تیرے کسی سے فریاد کرے جو سوائے

مَفْزَعُهُ اِلٰى سِوَاكَ وَ مَهْرَبُهُ اِلٰى سِوَاكَ وَ مَلْجَاُهُ اِلٰى غَيْرِكَ وَ مَنْجَاهُ مِنْ مَّخْلُوْقٍ

تیرے کسی کی طرف بھاگے جو سوائے تیرے کسی کی پناہ لے اور جسے بچانے والا سوائے تیرے کوئی اور ہو کیونکہ تو ہی میرا سہارا میری

غَیْرِکَ فَاَنْتَ ثِقَتِیْ وَ رَجَآئِیْ وَ مَفْزَعِیْ وَ مَهْرَبِیْ وَ مَلْجَایْ وَ مَنْجَایَ فَبِکَ اَسْتَفْتِحُ

امیدگاہ میری جائے فریاد میرے قرار کی جگہ اور میری پناہ گاہ ہے تو مجھے نجات دینے والا ہے نجات کا طالب ہوں اور کامیابی چاہتا ہوں

وَ بِکَ اَسْتَنْجِحُ وَ بِمُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ اَتَوَجَّهُ اِلَیْکَ وَ اَتَوَسَّلُ وَ اَتَشَفَّعُ فَاَسْئَلُکَ

میں محمدؐ و آل محمدؐ کے ذریعے تیری طرف آیا اور انہیں وسیلہ بناتا اور شفاعت چاہتا ہوں پس سوال ہے تجھ سے اے اللہ اے اللہ اے اللہ

یَآ اَللّٰهُ یَآ اَللّٰهُ یَآ اَللّٰهُ فَلَکَ الْحَمْدُ وَ لَکَ الشُّکْرُ وَ اِلَیْکَ الْمُشْتَکٰی وَ اَنْتَ

پس حمد اور شکر تیرے ہی لیے ہے تجھی سے شکایت کی جاتی ہے اور تو ہے مدد کرنے والا پس سوال کرتا ہوں تجھ سے اے اللہ اے اللہ

الْمُسْتَعَانُ فَاَسْئَلُکَ یَآ اَللّٰهُ یَآ اَللّٰهُ یَآ اَللّٰهُ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی

اے اللہ بواسطہ محمدؐ و آل محمدؐ کے یہ کہ رحمت نازل فرما سرکار محمدؐ و آل محمدؐ پر اور دور کردے تو میرا غم میرا اندیشہ اور میرا دکھ اس جگہ جہاں

مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ اَنْ تَکْشِفَ عَنِّیْ غَمِّیْ وَ هَمِّیْ وَ کَرْبِیْ فِیْ مَقَامِیْ هٰذَا کَمَا

کھڑا ہوں جیسے تو نے دور کیا تھا اپنے نبیؐ کا اندیشہ ان کا غم اور ان کی تنگی اور دشمن سے خوف میں ان کی مدد فرمائی پس دور کر میری مشکل

کَشَفْتَ عَنْ نَّبِیِّکَ هَمَّهٗ وَ غَمَّهٗ وَ کَرْبَهٗ وَ کَفَیْتَهٗ هَوْلَ عَدُوِّهٖ فَاکْشِفْ عَنِّیْ کَمَا

جیسے ان کی مشکل دور کی اور کشائش دے مجھ کو جیسے ان کو کشائش دی تھی اور میری مدد کر جیسے ان کی مدد فرمائی میرا خوف دور کر جیسے ان کا

کَشَفْتَ عَنْهُ وَ فَرِّجْ عَنِّیْ کَمَا فَرَّجْتَ عَنْهُ وَاکْفِنِیْ کَمَا کَفَیْتَهٗ وَاصْرِفْ عَنِّیْ هَوْلَ مَآ

خوف دور فرمایا میری تکلیف دور کر جیسے ان کی تکلیف دور فرمائی اور وہ اندیشہ مٹا جس سے ڈرتا ہوں بغیر اس کے کہ اس سے مجھے کوئی

اَخَافُ هَوْلَهٗ وَ مَؤُنَةَ مَآ اَخَافُ مَؤُنَتَهٗ وَ هَمَّ مَآ اَخَافُ هَمَّهٗ بِلَا مَؤُنَةٍ عَلٰی نَفْسِیْ مِنْ

زحمت اٹھانی پڑے مجھے پلٹا جبکہ میری حاجتیں پوری ہو جائیں جس امر کا اندیشہ ہے اس میں مدد دے میرے دنیا و آخرت کے تمام تر

ذٰلِکَ وَاصْرِفْنِیْ بِقَضَآءِ حَوَآئِجِیْ وَ کِفَایَةِ مَآ اَهَمَّنِیْ هَمُّهٗ مِنْ اَمْرِ اٰخِرَتِیْ وَ دُنْیَایَ یَآ

معاملات میں اے مومنوں کے امیر اور اے ابا عبداللہ آپ پر میری طرف سے خدا کا سلام ہمیشہ ہمیشہ جب تک زندہ ہوں اور رات

اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَ یَآ اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ عَلَیْکَ مِنِّیْ سَلَامُ اللّٰهِ اَبَدًا مَّا بَقِیْتُ وَ بَقِیَ اللَّیْلُ وَ

دن باقی ہیں اور خدا میری اس زیارت کو آپ دونوں کے لیے میری آخری زیارت نہ بنائے اور میرے اور آپ کے درمیان جدائی نہ

النَّهَارُ وَلَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اٰخِرَ الْعَهْدِ مِنْ زِیَارَتِکُمَا وَلَا فَرَّقَ اللّٰهُ بَیْنِیْ وَ بَیْنَکُمَا اَللّٰهُمَّ

ڈالے اے معبود مجھے زندہ رکھ محمدؐ اور ان کی اولاد کی طرح مجھے انہی جیسی موت دے مجھے ان کی روش پر وفات دے مجھے ان کے گروہ

اَحْیِنِیْ حَیٰوۃَ مُحَمَّدٍ وَّ ذُرِّیَّتِہٖ وَ اَمِتْنِیْ مَمَاتَہُمْ وَ تَوَفَّنِیْ عَلٰی مِلَّتِہِمْ وَاحْشُرْنِیْ فِیْ

میں محشور فرما اور مجھ میں ان میں جدائی نہ ڈال ایک پل کی کبھی بھی دنیا اور آخرت میں اے امیر المؤمنینؑ اور اے ابا عبداللہ میں آپ

زُمْرَتِہِمْ وَلَا تُفَرِّقْ بَیْنِیْ وَ بَیْنَہُمْ طَرْفَۃَ عَیْنٍ اَبَدًا فِی الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَۃِ یَآ اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ

دونوں کی زیارت کو آیا کہ اس کو خدا کے ہاں وسیلہ بناؤں جو میرا اور آپ کا رب ہے میں آپ کے ذریعے اس کی طرف متوجہ ہوا اور

وَ یَآ اَبَا عَبْدِ اللّٰہِ اَتَیْتُکُمَا زَائِرًا وَّ مُتَوَسِّلًا اِلَی اللّٰہِ رَبِّیْ وَ رَبِّکُمَا وَ مُتَوَجِّھًا اِلَیْہِ بِکُمَا وَ

آپ دونوں کو خدا کے ہاں سفارشی بناتا ہوں اپنی حاجت کے بارے میں پس میری سفارش کریں کہ آپ دونوں خدا کے حضور پسندیدہ

مُسْتَشْفِعًا ، بِکُمَا اِلَی اللّٰہِ فِیْ حَاجَتِیْ ھٰذِہٖ فَاشْفَعَا لِیْ فَاِنَّ لَکُمَا عِنْدَ اللّٰہِ الْمَقَامَ

مقام بہت زیادہ آبرو بہت اونچا مرتبہ اور محکم تعلق رکھتے ہیں بے شک میں پلٹ رہا ہوں آپ دونوں کے ہاں سے اس انتظار میں کہ

الْمَحْمُوْدَ وَ الْجَاہَ الْوَجِیْہَ وَ الْمَنْزِلَ الرَّفِیْعَ وَ الْوَسِیْلَۃَ اِنِّیْٓ اَنْقَلِبُ عَنْکُمَا مُنْتَظِرًا

میری حاجت روا ہو پوری ہو اور مراد بر آئے خدا کے ہاں سے آپ کی شفاعت کے ذریعے جو میرے حق میں آپ خدا کے ہاں ندا

لِتَنَجُّزِ الْحَاجَۃِ وَ قَضَآئِہَا وَ نَجَاحِہَا مِنَ اللّٰہِ بِشَفَاعَتِکُمَا لِیْٓ اِلَی اللّٰہِ فِیْ ذٰلِکَ فَلَآ



کریں گے لہٰذا میں مایوس نہیں اور نہ میری واپسی ایسی واپسی ہے جس میں ناامیدی و ناکامی ہو بلکہ میری واپسی ایسی ہے جو بہترین نفع

اَخِیْبُ وَلَا یَکُوْنُ مُنْقَلَبِیْ مُنْقَلَبًا خَآئِبًا خَاسِرًا ، بَلْ یَکُوْنُ مُنْقَلَبِیْ مُنْقَلَبًا رَّاجِحًا مُّفْلِحًا

مند کامیاب قبول دعا کی حامل میری تمام حاجتیں پوری ہونے کے ساتھ ہے جبکہ آپ خدا کے ہاں میرے سفارشی ہیں میں پلٹ رہا

مُّنْجِحًا مُّسْتَجَابًا ، بِقَضَآءِ جَمِیْعِ حَوَآئِجِیْ وَ تَشَفَّعَا لِیْٓ اِلَی اللّٰہِ اِنْقَلَبْتُ عَلٰی مَا شَآءَ

ہوں اس امر پر جو خدا چاہے اور نہیں حرکت و قوت مگر جو خدا سے ملتی ہے میں نے اپنا معاملہ خدا کے سپرد کر دیا اس کا آسرا لے کر خدا

اللّٰہُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ مُفَوِّضًا اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰہِ مُلْجِأً ظَہْرِیْٓ اِلَی اللّٰہِ مُتَوَکِّلًا

پر ہی بھروسہ رکھتا ہوں اور کہتا ہوں خدا میرا ذمہ دار اور مجھے کافی ہے خدا سنتا ہے جو اسے پکارے میرا کوئی ٹھکانا نہیں سوائے خدا کے

عَلَی اللّٰہِ وَ اَقُوْلُ حَسْبِیَ اللّٰہُ وَ کَفٰی سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ دَعٰی لَیْسَ لِیْ وَرَآءَ اللّٰہِ وَ

اور سوائے آپ کے اے میرے سردارو جو میرا رب چاہے وہ ہوتا ہے اور جو وہ نہ چاہے نہیں ہوتا اور نہیں ہے حرکت و قوت مگر جو خدا

وَرَآئَکُمْ یَا سَادَتِیْ مُنْتَہٰی مَاشَآءَ رَبِّیْ کَانَ وَمَا لَمْ یَشَأْ لَمْ یَکُنْ وَّلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا

سے ملتی ہے میں آپ دونوں کو سپرد خدا کرتا ہوں اور خدا اس کو آپ کے ہاں میری آخری حاضری قرار نہ دے میں واپس جاتا ہوں

بِاللّٰهِ اَسْتَوْدِعُكُمَا اللّٰهُ وَ لَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اٰخِرَ الْعَهْدِ مِنِّىْ اِلَيْكُمَا انْصَرَفْتُ يَآ سَيِّدِىْ يَآ اَمِيْرَ

اے میرے آقا اے مؤمنوں کے امیر اور میرے مددگار اور آپ ہیں اے ابا عبداللہ اے میرے سردار میرا سلام ہو آپ دونوں پر

الْمُؤْمِنِيْنَ وَ مَوْلَاىَ وَ اَنْتَ يَآ اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ يَا سَيِّدِىْ وَ سَلَامِىْ عَلَيْكُمَا مُتَّصِلٌ مَّا اتَّصَلَ

متواتر جب تک جڑوااں ہیں رات اور دن یہ سلام آپ دونوں کو پہنچتا رہے کبھی رکنے نہ پائے آپ پر میرا یہ سلام اگر خدا چاہے اور

اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ وَاصِلٌ ذٰلِكَ اِلَيْكُمَا غَيْرُ مَحْجُوْبٍ عَنْكُمَا سَلَامِىْ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ وَ اَسْئَلُهُ

سوال کرتا ہوں اس سے بواسطہ آپ کے کہ وہ یہی چاہے اور یہی کرے کیونکہ وہ ہے حمد والا بزرگی والا میں آپ کے ہاں سے جاتا

بِحَقِّكُمَآ اَنْ يَّشَآءَ ذٰلِكَ وَ يَفْعَلَ فَاِنَّهُ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اِنْقَلَبْتُ يَا سَيِّدَىَّ عَنْكُمَا تَآئِبًا

ہوں اے میرے سردارو خدا سے توبہ کرتا اس کی حمد کرتا ہوا شکر کرتا ہوا قبولیت کا امیدوار نہ کرتا امید و مایوس پھر آنے آپ کی زیارت

حَامِدًا لِلّٰهِ شَاكِرًا رَّاجِيًا لِّلْاِجَابَةِ غَيْرَ اٰيِسٍ وَّلَا قَانِطٍ اٰئِبًا عَآئِدًا رَّاجِعًا اِلٰى زِيَارَتِكُمَا

کرنے کے ارادے سے نہ آپ سے اور نہ آپ کی زیارت سے منہ موڑے ہوئے بلکہ دوبارہ آنے کے لیے اگر خدا چاہے اور نہیں

غَيْرَ رَاغِبٍ عَنْكُمَا وَلَا مِنْ زِيَارَتِكُمَا بَلْ رَاجِعٌ عَآئِدٌ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا



حرکت و قوت مگر جو خدا سے ملتی ہے اے میرے سردارو میں شائق ہوں آپ کا اور آپ کی زیارت کا جبکہ بے رغبت ہوگئے آپ سے

بِاللّٰهِ يَا سَادَتِىْ رَغِبْتُ اِلَيْكُمَا وَ اِلٰى زِيَارَتِكُمَا بَعْدَ اَنْ زَهِدَ فِيْكُمَا وَ فِىْ زِيَارَتِكُمَآ اَهْلُ

اور آپ دونوں کی زیارت کرنے سے یہ دنیا والے پس نہ کرے خدا مجھے نا امید اس سے جس کی امید و آرزو رکھتا ہوں بذریعہ آپ کی

الدُّنْيَا فَلَا خَيَّبَنِىَ اللّٰهُ مَا رَجَوْتُ وَمَآ اَمَّلْتُ فِىْ زِيَارَتِكُمَآ اِنَّهُ قَرِيْبٌ مُّجِيْبٌ.

زیارت بے شک وہ نزدیک تر ہے قبول کرنے والا۔

(۷) **اربعین کے دن (۲۰ صفر کو) زیارت امام حسین علیہ السلام:۔** حضرت امام حسین علیہ السلام سے مروی ہے، فرمایا: مؤمن کی پانچ علامتیں ہیں: (۱) شب و روز میں اکاون رکعت نماز پڑھنا (جس سے نماز ہائے پنجگانہ، ان کے مقررہ نوافل اور نمازِ تہجد مراد ہے)۔ (۲) دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہننا۔ (۳) سجدہ کے وقت پیشانی خاک پر رکھنا۔ (۴) نماز میں بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بالجبر پڑھنا۔ (۵) اور زیارتِ اربعین کا پڑھنا۔ (تہذیب الاحکام و مصباح المتہجد) اور یہ زیارت جو بروایت صفوان جمال حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے یہ ہے جو اس وقت پڑھی جاتی ہے جب ۲۰ صفر کو سورج بلند ہو جائے۔

اَلسَّلَامُ عَلٰی وَلِیِّ اللّٰہِ وَ حَبِیْبِہٖ اَلسَّلَامُ عَلٰی خَلِیْلِ اللّٰہِ وَ نَجِیْبِہٖ اَلسَّلَامُ عَلٰی صَفِیِّ اللّٰہِ

سلام ہو خدا کے دوست اور اس کے پیارے پر سلام ہو خدا کے سچے دوست اور چنے ہوئے پر سلام ہو خدا کے پسندیدہ اور اس کے

وَابْنِ صَفِیِّہٖ اَلسَّلَامُ عَلَی الْحُسَیْنِ الْمَظْلُوْمِ الشَّہِیْدِ اَلسَّلَامُ عَلٰی اَسِیْرِ الْکُرُبَاتِ وَ

پسندیدہ کے فرزند پر سلام ہو حسینؑ پر جو ستم دیدہ شہید ہیں سلام ہو حسینؑ پر جو مشکلوں میں پڑے اور ان کی شہادت پر آنسو بہے اے معبود

قَتِیْلِ الْعَبَرَاتِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَشْھَدُ اَنَّہٗ وَلِیُّکَ وَ ابْنُ وَلِیِّکَ وَ صَفِیُّکَ وَابْنُ صَفِیِّکَ الْفَآئِزُ

میں گواہ ہوں کہ وہ تیرے دوست اور تیرے دوست کے فرزند تیرے پسندیدہ اور تیرے پسندیدہ کے فرزند ہیں جنہوں نے تجھ سے عزت

بِکَرَامَتِکَ اَکْرَمْتَہٗ بِالشَّھَادَۃِ وَ حَبَوْتَہٗ بِالسَّعَادَۃِ وَاجْتَبَیْتَہٗ بِطِیْبِ الْوِلَادَۃِ وَ جَعَلْتَہٗ سَیِّدًا

پائی تو نے انہیں شہادت کی عزت دی ان کو خوش بختی نصیب کی اور انہیں پاک گھرانے میں پیدائش کی خوبی دی تو نے قرار دیا انہیں

مِنَ السَّادَۃِ وَ قَآئِدًا مِّنَ الْقَادَۃِ وَ ذَآئِدًا مِّنَ الذَّادَۃِ وَ اَعْطَیْتَہٗ مَوَارِیْثَ الْاَنْبِیَآءِ وَ جَعَلْتَہٗ

سرداروں میں سردار پیشواؤں میں پیشوا مجاہدوں میں مجاہد اور انہیں نبیوں کے ورثے عنایت کیے تو نے قرار دیا ان کو اوصیاء میں سے اپنی

حُجَّۃً عَلٰی خَلْقِکَ مِنَ الْاَوْصِیَآءِ فَاَعْذَرَ فِی الدُّعَآءِ وَ مَنَحَ النُّصْحَ وَ بَذَلَ مُھْجَتَہٗ فِیْکَ

مخلوقات پر حجت پس انہوں نے تبلیغ کا حق ادا کیا بہترین خیر خواہی کی اور تیری خاطر اپنی جان قربان کی تا کہ تیرے بندوں کو نجات

لِیَسْتَنْقِذَ عِبَادَکَ مِنَ الْجَھَالَۃِ وَ حَیْرَۃِ الضَّلَالَۃِ وَ قَدْ تَوَازَرَ عَلَیْہِ مَنْ غَرَّتْہُ الدُّنْیَا وَ بَاعَ

دلائیں نادانی و گمراہی کی پریشانیوں سے جب کہ ان پر چڑھ آئے وہ جو دنیا پر ریجھ گئے انہوں نے اپنی جانیں معمولی چیز کے بدلے بیچ

حَظَّہٗ بِالْاَرْذَلِ الْاَدْنٰی وَ شَرٰی اٰخِرَتَہٗ بِالثَّمَنِ الْاَوْکَسِ وَ تَغَطْرَسَ وَ تَرَدّٰی فِیْ ھَوَاہُ

دیں اور اپنی آخرت کے لیے گھاٹے کا سودا خریدا انہوں نے سرکشی کی اور لالچ کے پیچھے چل پڑے انہوں نے تجھے غضبناک اور

وَ اَسْخَطَکَ وَ اَسْخَطَ نَبِیَّکَ وَ اَطَاعَ مِنْ عِبَادِکَ اَھْلَ الشِّقَاقِ وَ النِّفَاقِ وَ حَمَلَۃَ الْاَوْزَارِ

تیرے نبی کو ناراض کیا انہوں نے تیرے بندوں میں سے ان کی مانی جو ضدی اور بے ایمان تھے کہ اپنے گناہوں کا بوجھ لے کر جہنم کی

الْمُسْتَوْجِبِیْنَ النَّارِ فَجَاھَدَھُمْ فِیْکَ صَابِرًا مُّحْتَسِبًا حَتّٰی سُفِکَ فِیْ طَاعَتِکَ دَمُہٗ

طرف چلے گئے پس حسینؑ ان سے تیرے لیے لڑے جم کر ہوشمندی کے ساتھ یہاں تک کہ تیری فرمانبرداری کرنے پر ان کا خون بہایا گیا

وَ اسْتُبِیْحَ حَرِیْمُہٗ اَللّٰھُمَّ فَالْعَنْھُمْ لَعْنًا وَّبِیْلًا وَّ عَذِّبْھُمْ عَذَابًا اَلِیْمًا اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَابْنَ

اور ان کے اہل حرم کو لوٹا گیا اے معبود لعنت کر ان ظالموں پر سختی کے ساتھ اور عذاب دے ان کو دردناک عذاب سلام ہو آپ پر اے

رَسُوْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ يَابْنَ سَيِّدِ الْاَوْصِيَآءِ اَشْهَدُ اَنَّکَ اَمِيْنُ اللّٰهِ وَابْنُ اَمِيْنِهٖ عِشْتَ

رسول خدا کے فرزند سلام ہو آپ پر اے سردار اوصیاء کے فرزند میں گواہ ہوں کہ آپ خدا کے امین اور اس کے امین کے فرزند ہیں آپ

سَعِيْدًا وَّ مَضَيْتَ حَمِيْدًا وَّ مُتَّ فَقِيْدًا مَّظْلُوْمًا شَهِيْدًا وَ اَشْهَدُ اَنَّ اللّٰهَ مُنْجِزٌ مَّا وَعَدَکَ

نیک بختی میں زندہ رہے قابل تعریف حال میں گزرے اور وفات پائی وطن سے دور کہ آپ ستم رسیدہ شہید ہیں میں گواہ ہوں کہ خدا آپ

وَ مُهْلِکٌ مَّنْ خَذَلَکَ وَ مُعَذِّبٌ مَنْ قَتَلَکَ وَ اَشْهَدُ اَنَّکَ وَفَيْتَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَ جَاهَدْتَ فِيْ

کو جزا دے گا جس کا اس نے وعدہ کیا تباہ ہوگا وہ جس نے آپ کا ساتھ چھوڑا اور عذاب ہوگا اسے جس نے آپ کو قتل کیا میں گواہ ہوں

سَبِيْلِهٖ حَتّٰى اَتٰيکَ الْيَقِيْنُ فَلَعَنَ اللّٰهُ مَنْ قَتَلَکَ وَ لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ ظَلَمَکَ وَ لَعَنَ اللّٰهُ اُمَّةً

کہ آپ نے خدا کی دی ہوئی ذمہ داری نبھائی آپ نے اس کی راہ میں جہاد کیا حتیٰ کہ آپ شہید ہوگئے پس خدا لعنت کرے جس نے

سَمِعَتْ بِذٰلِکَ فَرَضِيَتْ بِهٖ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اُشْهِدُکَ اَنِّيْ وَلِيٌّ لِّمَنْ وَّالَاهُ وَ عَدُوٌّ لِّمَنْ عَادَاهُ

آپ کو قتل کیا خدا لعنت کرے جس نے آپ پر ظلم کیا اور خدا لعنت کرے اس قوم پر جس نے یہ واقعہ شہادت سنا تو اس پر خوشی ظاہر کی اے

بِاَبِيْ اَنْتَ وَ اُمِّيْ يَابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اَشْهَدُ اَنَّکَ کُنْتَ نُوْرًا فِي الْاَصْلَابِ الشَّامِخَةِ

معبود میں تجھے گواہ بناتا ہوں کہ ان کے دوست کا دوست اور ان کے دشمن کا دشمن ہوں میرے ماں باپ قربان آپ پر اے فرزند رسول

وَ الْاَرْحَامِ الْمُطَهَّرَةِ لَمْ تُنَجِّسْکَ الْجَاهِلِيَّةُ بِاَنْجَاسِهَا وَلَمْ تُلْبِسْکَ الْمُدْلَهِمَّاتُ مِنْ

خدا میں گواہ ہوں کہ آپ رہے نور کی شکل میں عزت دار پشتوں اور پاک تر رحموں میں کہ جاہلیت کی نجاستوں نے آپ کو آلودہ کیا اور نہ

ثِيَابِهَا وَ اَشْهَدُ اَنَّکَ مِنْ دَعَآئِمِ الدِّيْنِ وَ اَرْکَانِ الْمُسْلِمِيْنَ وَ مَعْقِلِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ اَشْهَدُ

ہی اس نے اپنے بے ہنگم لباس آپ کو پہنائے ہیں میں گواہ ہوں کہ آپ پایہ ہائے دین میں سے ہیں مسلمانوں کے سرداروں میں ہیں

اَنَّکَ الْاِمَامُ الْبَرُّ التَّقِيُّ الرَّضِيُّ الزَّکِيُّ الْهَادِيُ الْمَهْدِيُّ وَ اَشْهَدُ اَنَّ الْاَئِمَّةَ مِنْ

اور مومنوں کی پناہ گاہ ہیں میں گواہ ہوں کہ آپ امام ہیں نیک پرہیزگار پسندیدہ پاک رہبر راہ یافتہ اور میں گواہ ہوں کہ جو امام آپ کی

وُلْدِکَ کَلِمَةُ التَّقْوٰى وَ اَعْلَامُ الْهُدٰى وَ الْعُرْوَةُ الْوُثْقٰى وَ الْحُجَّةُ عَلٰى اَهْلِ الدُّنْيَا

اولاد میں سے ہوئے ہیں وہ پرہیزگاری کے ترجمان ہدایت کے نشان محکم تر سلسلہ اور دنیا والوں پر خدا کی دلیل و حجت ہیں میں گواہ ہوں

وَ اَشْهَدُ اَنِّيْ بِکُمْ مُؤْمِنٌ وَّ بِاِيَابِکُمْ مُوْقِنٌ م بِشَرَايِعِ دِيْنِيْ وَ خَوَاتِيْمِ عَمَلِيْ وَ قَلْبِيْ

کہ آپ کا اور آپ کے بزرگوں کا ماننے والا اپنے دینی احکام اور عمل کی جزا پر یقین رکھنے والا ہوں میرا دل آپ کے دل کے ساتھ

لِقَلْبِكُمْ سِلْمٌ وَ اَمْرِیْ لِاَمْرِكُمْ مُتَّبِعٌ وَ نُصْرَتِیْ لَكُمْ مُعَدَّةٌ حَتّٰی یَاْذَنَ اللّٰهُ لَكُمْ فَمَعَكُمْ

پیوستہ میرا معاملہ آپ کے معاملے کے تابع اور میری مدد آپ کے لیے حاضر ہے حتیٰ کہ خدا آپ کو اذن قیام دے پس آپ کے ساتھ

مَعَكُمْ لَا مَعَ عَدُوِّكُمْ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَ عَلٰی اَرْوَاحِكُمْ وَ اَجْسَادِكُمْ وَ شَاهِدِكُمْ

ہوں آپ کے ساتھ نہ آپ کے دشمن کے ساتھ خدا کی رحمتیں ہوں آپ پر آپ کی پاک روحوں پر آپ کے جسموں پر آپ کے حاضر پر

وَ غَآئِبِكُمْ وَ ظَاهِرِكُمْ وَ بَاطِنِكُمْ اٰمِیْنَ یَا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ۔

آپ کے غائب پر آپ کے ظاہر پر اور آپ کے باطن پر ایسا ہی ہو جہانوں کے پروردگار۔

اس کے بعد دو رکعت نمازِ زیارت پڑھی جائے اور پھر خدا سے اپنی حاجات طلب کی جائیں۔

﴿فصل دھم﴾

# حضرات امامین کاظمین علیہما السلام کی زیارت کی فضیلت اور اس کی کیفیت کا بیان

(۱) مخفی نہ رہے کہ ان دادا اور پوتے یعنی حضرت امام موسیٰ کاظمؑ اور حضرت امام محمد تقیؑ کی زیارت کرنے کے بڑے اجر وثواب وارد ہوئے ہیں حتیٰ کہ واسطی حضرت امام رضاؑ سے سوال کرتے ہیں کہ جو شخص آپ کے والد ماجد کی زیارت کرے اس کے لیے کیا اجر ہے؟ فرمایا: اس کے لیے وہی اجر وثواب ہے جو حضرت رسول خداؐ کی زیارت کرنے والے کے لئے ہے۔ (ہدیۃ الزائرین)



(۲) وشاء نے حضرت امام رضاؑ سے سوال کیا کہ کسی ایک امامؑ کی زیارت کرنے والے کا کیا اجر وثواب ہے؟ فرمایا: اس کے لیے وہی اجر وثواب ہے جو حضرت امام حسینؑ کی زیارت کرنے والے کے لئے ہے۔ (ایضاً وتحیۃ الزائر)

(۳) عبدالرحمٰن بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت امام محمد تقیؑ سے پوچھا کہ حضرت رسول خداؐ کی زیارت کرنے والے کے لیے کیا اجر ہے؟ فرمایا: اس کے لیے جنت ہے۔ پھر فرمایا کہ حضرت امام حسینؑ کی زیارت کرنے والے کے لیے بھی جنت ہے۔ (کتاب الدعا والزیارہ)۔ بنابریں دوسرے ائمہ طاہرین علیہم السلام کی زیارت کرنے والے کے لیے بھی جنت ہوگی۔

(۴) ابراہیم بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت امام علی نقیؑ کی خدمت میں ایک عریضہ لکھا جس میں حضرت امام حسینؑ اور حضرت امام موسیٰ کاظمؑ اور امام محمد تقیؑ کی زیارت کے بارے میں سوال کیا تھا۔ آپ نے جواب میں لکھا کہ حضرت امام حسینؑ کی زیارت مقدم ہے مگر اجر وثواب میں کاظمین کی زیارت کا ثواب بھی بہت زیادہ ہے۔ (ایضاً)

## امامین کاظمین علیہما السلام کی کیفیت؟

واضح رہے کہ ان دونوں اماموں کی زیارات دوطرح کی ہیں ایک مخصوصہ جو کہ ہر امامؑ کی علیٰحدہ علیحدہ ہے اور دوسری مشترکہ جو دونوں حضرات کی زیارت میں پڑھی جاسکتی ہے۔

(۱) **حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی پہلی زیارت**:۔ حضرت امام رضا اور حضرت امام علی نقی علیہما السلام سے مروی ہے، فرمایا: جب حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی زیارت کرنے کا ارادہ کرو تو پہلے غسل کرو اور پھر پاک پاکیزہ کپڑے پہنو۔ اور پھر امامؑ کی بارگاہ میں حاضر ہو کر اور امامؑ کے چہرۂ انور کے سامنے کھڑے ہو کر یہ زیارت پڑھو:

**اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا وَلِیَّ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا حُجَّۃَ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا نُوْرَ اللّٰہِ**

سلام ہو آپ پر اے دوست خدا سلام ہو آپ پر اے حجت خدا سلام ہو آپ پر اے زمین کی تاریکیوں میں خدا کے نور

**فِیْ ظُلُمَاتِ الْاَرْضِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَنْ بَدَا لِلّٰہِ فِیْ شَانِہٖ اَتَیْتُکَ زَآئِرًا عَارِفًا**



سلام ہو آپ پر اے وہ جس کی شان خدا نے ظاہر فرمائی آیا ہوں آپ کی زیارت کو آپ کے حق سے واقف

**بِحَقِّکَ مُعَادِیًا لِاَعْدَآئِکَ مُوَالِیًا لِاَوْلِیَآئِکَ فَاشْفَعْ لِیْ عِنْدَ رَبِّکَ یَا مَوْلَایَ۔**

آپ کے دشمنوں کا دشمن آپ کے دوستوں کا دوست پس میری شفاعت کریں اپنے رب کے حضور اے میرے آقا۔

پھر خدا سے دعا کرو اور اپنی حاجات طلب کرو۔

(۲) **حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی دوسری زیارت**:۔ یہ زیارت بھی حضرت امام رضا علیہ السلام سے مروی ہے کہ جب حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام یا کسی دوسرے امام عالیمقامؑ کی زیارت کرنا چاہو تو یوں کہو:

**﴿السلام علی اولیاء اللّٰہ و اصفیائہ.....الخ﴾**

مخفی نہ رہے کہ یہ وہی زیارت جامعہ ہے جو شب و روز عرفہ میں حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت کے سلسلے میں کفعمی سے نقل کی جاچکی ہے۔ اس مقام کی طرف رجوع کیا جائے اور وہی زیارت یہاں پڑھی جائے۔

(۱) **حضرت امام محمد تقی علیہ السلام کی پہلی زیارت**:۔ یہی اوپر والی دو زیارات جو حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی زیارت کے سلسلہ میں حضرت امام رضا علیہ السلام سے مروی ہیں ان میں سے پہلی زیارت بعینہٖ حضرت

امام علی نقی علیہ السلام سے حضرت امام محمد تقی علیہ السلام کی زیارت کے سلسلہ میں مروی ہے۔

(۲) **حضرت امام محمد تقی علیہ السلام کی دوسری زیارت**:۔ حضرت امام محمد تقی علیہ السلام کی یہ زیارت بھی حضرت امام رضا علیہ السلام سے مروی ہے کہ امام محمد تقی علیہ السلام کی زیارت کے سلسلہ میں یوں کہو:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ بْنِ عَلِیٍّ ن الْاِمَامِ التَّقِیِّ النَّقِیِّ الرَّضِیِّ الْمَرْضِیِّ وَ حُجَّتِکَ

اے معبود! رحمت فرما محمدؐ ابن علیؐ پر جو امام ہیں پرہیزگار برگزیدہ پسندیدہ پسند شدہ اور تیری حجت

عَلٰی مَنْ فَوْقَ الْاَرْضِ وَ مَنْ تَحْتَ الثَّرٰی صَلٰوۃً کَثِیْرَۃً نَامِیَۃً زَاکِیَۃً مُبَارَکَۃً مُتَوَاصِلَۃً

ان سب پر جو زمین کے اوپر اور زمین کے نیچے رہتے ہیں آپ پر رحمت فرما بہت زیادہ بڑھنے والی پاک تر برکت والی لگاتار

مُتَرَادِفَۃً مُتَوَاتِرَۃً کَاَفْضَلِ مَا صَلَّیْتَ عَلٰی اَحَدٍ مِّنْ اَوْلِیَآئِکَ وَ السَّلَامُ عَلَیْکَ یَا وَلِیَّ

مسلسل متواتر جس طرح بہترین رحمت کی ہو تو نے اپنے دوستوں میں سے کسی ایک پر اور سلام ہو آپ پر اے دوست خدا

اللّٰہِ وَ السَّلَامُ عَلَیْکَ یَا نُوْرَ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا حُجَّۃَ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ

سلام ہو آپ پر اے نور خدا سلام ہو آپ پر اے حجت خدا سلام ہو آپ پر اے مومنوں کے امام نبیوں کے



یَآ اِمَامَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَ وَارِثَ عِلْمِ النَّبِیِّیْنَ وَ سُلَالَۃَ الْوَصِیِّیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا نُوْرَ اللّٰہِ

علوم کے وارث اور اوصیاء کے فرزند ہیں سلام ہو آپ پر کہ آپ زمین کی تاریکیوں میں خدا کا نور ہیں

فِیْ ظُلُمَاتِ الْاَرْضِ اَتَیْتُکَ زَآئِرًا عَارِفًا بِحَقِّکَ مُعَادِیًا لِاَعْدَآئِکَ مُوَالِیًا

میں آیا آپ کی زیارت کرنے آپ کے حق سے واقف آپ کے دشمنوں کا دشمن آپ کے دوستوں کا دوست ہوں

لِاَوْلِیَآئِکَ فَاشْفَعْ لِیْ عِنْدَ رَبِّکَ۔

پس اپنے رب کے حضور میری شفاعت کریں۔

**ایضاح**:۔ حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی ایک مفصل زیارت بعض علماء کرام جیسے شیخ مفید، شہید، ابن طاؤس اور صاحب مزار کبیر وغیرہ نے درج کی ہے جو مفاتیح الجنان میں مذکور ہے جس میں مذکور ہے کہ پہلے غسل کرے پھر حرم کی طرف روانہ ہو۔ اور جب وہاں پہنچے تو پہلے اذن دخول پڑھے۔ پھر حرم کے اندر داخل ہوتے وقت یہ پڑھے اور زیارت میں وہ پڑھے۔ پھر اپنے آپ کو قبر مقدس پر گرائے اور اسے بوسہ دے اور اپنے دونوں رخساروں کو اس پر رکھے اور یوں کہے وغیرہ وغیرہ۔ مگر چونکہ انہوں نے اس زیارت کی نسبت کسی معصومؑ

کی طرف نہیں دی ہے اس لیے ہم نے اسے نقل نہیں کیا۔ کیونکہ ہم نے اپنی ہر کتاب میں عموماً اور اس کتاب میں خصوصاً یہ التزام کیا ہے کہ اس میں صرف وہی عمل یا صرف وہی زیارت درج کریں گے جو بنابر تسامح دراولۂ سنن اگرچہ مستند نہ بھی ہو تا ہم کم از کم کسی معصومؑ سے منقول تو ہو۔ ﴿**لان کلما لم یخرج من ھذ البیت فھو زخرف**﴾ کیونکہ جو چیز اس خانودۂ عصمت کے گھر سے نہ نکلے وہ باطل ہے۔

## ان دو اماموںؑ سے الوداع

محدث قمیؒ نے لکھا ہے کہ جب زائر ان دو اماموں کے شہر سے جانا چاہے تو اسے ان بزرگواروں سے الوداع کرنا چاہیے جیسا کہ شیخ طوسیؒ نے تہذیب الاحکام میں فرمایا ہے کہ جب زائر امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے وداع کرنا چاہے تو قبر مبارک کے قریب کھڑے ہو کر یوں کہے:

**اَلسَّلامُ عَلَیْکَ یا مَوْلایَ یآ اَبَا الْحَسَنِ وَ رَحْمَۃُ اللّٰہِ وَ بَرَکاتُہٗ اَسْتَوْدِعُکَ اللّٰہَ**

سلام ہو آپ پر اے میرے آقا اے ابو الحسنؑ خدا کی رحمت ہو اور اس کی برکات میں آپ کو حوالۂ خدا کرتا ہوں

**وَ اَقْرَءُ عَلَیْکَ السَّلامَ اٰمَنّا بِاللّٰہِ وَ بِالرَّسُوْلِ وَ بِما جِئْتَ بِہٖ وَ دَلَلْتَ عَلَیْہِ اَللّٰھُمَّ**

اور آپ کو سلام پیش کرتا ہوں ایمان رکھتا ہوں خدا و رسول پر اور اس پر جو آپ لائے اور جس کی طرف رہنمائی فرمائی اے معبود ہمیں

**اکْتُبْنا مَعَ الشّاھِدِیْنَ۔**

یہ گواہی دینے والوں میں لکھ دے۔

حضرت امام محمد تقی علیہ السلام سے وداع کرتے ہوئے یہ کہے: **اَلسَّلامُ عَلَیْکَ یا مَوْلایَ یَابْنَ رَسُوْلِ اللّٰہِ**

سلام ہو آپ پر اے میرے آقا اے رسولؐ خدا کے فرزند

**وَ رَحْمَۃُ اللّٰہِ وَ بَرَکاتُہٗ اَسْتَوْدِعُکَ اللّٰہَ وَ اَقْرَءُ عَلَیْکَ السَّلامَ اٰمَنّا بِاللّٰہِ وَ بِرَسُوْلِہٖ**

خدا کی رحمت اور اس کی برکات میں آپ کو حوالۂ خدا کرتا ہوں اور آپ کو سلام پیش کرتا ہوں ایمان رکھتا ہوں خدا اور اس کے رسولؐ پر

**وَ بِما جِئْتَ بِہٖ وَ دَلَلْتَ عَلَیْہِ اَللّٰھُمَّ اکْتُبْنا مَعَ الشّاھِدِیْنَ۔**

اور اس پر جو آپ لائے اور اس کی طرف رہنمائی کی ہے اے معبود ہمیں یہ گواہی دینے والوں میں لکھ دے۔

اس کے بعد حق تعالیٰ سے دعا مانگے کہ اس کا کاظمین میں آخری الوداع نہ ہو اور خدا اسے دوبارہ یہاں آنے کی توفیق مرحمت فرمائے۔

## مسجد براثا کی زیارت اور اس میں نماز پڑھنے کی فضیلت

بغداد اور کاظمین کے درمیان زائرین کے راستہ پر یہ بابرکت مسجد واقع ہے جس کی بڑی فضیلت وارد ہوئی ہے لہذا زائرین کو اس کی زیارت اور وہاں نماز پڑھنے کی سعادت سے اپنے آپ کو محروم نہیں کرنا چاہیئے۔

## بغداد میں نواب اربعہ کی زیارت

وہ چار حضرات جو امام العصر والزمان علیہ السلام کی غیبت صغریٰ کے ستر سالہ دور میں امام العصر علیہ السلام اور ان کے شیعوں کے درمیان سفارت و نیابت خاصہ کے فرائض ادا کرتے رہے ہیں یعنی (۱) ابو عمر عثمان بن سعید اسدی، (۲) ابو جعفر محمد بن عثمان اسدی، (۳) ابو القاسم حسین بن روح نوبختی۔ (۴) اور شیخ ابو الحسن علی بن محمد سمری رضوان اللہ علیہم اجمعین جو کہ بغداد میں مدفون ہیں۔ ان کی عظمت وجلالت کا یہ تقاضا ہے کہ زائرین کرام اور مؤمنین عظام انکی زیارت کے شرف سے اپنے آپ کو مشرف فرمائیں اور انکے مزاراتِ عالیہ پر حاضری کی سعادت حاصل کریں۔

## حضرت شیخ کلینیؒ و دیگر چند علماءِ اعلام کی زیارات

چونکہ بغداد اور کاظمین میں بعض وہ چند علماءِ اعلام اور ارکانِ اسلام مدفون ہیں جن کے علمی فیوض و برکات کے سب اہل اسلام بالعموم اور شیعیان حیدر کرار بالخصوص ممنون احسان ہیں جیسے حضرت شیخ کلینی، حضرت شیخ مفید، حضرت محقق طوسی، حضرت سید مرتضیٰ وحضرت سید رضی و امثالہم رضوان اللہ علیہم اجمعین اور علماءِ متاخرین میں آقائے سید صدر، آقائے خالصی بزرگ وخورد اور آقائے سید ھبۃ اللہ شہرستانی وغیرھم۔ لہذا زائرین کرام اور مؤمنین عظام کو ان علماء اعلام کی قبور عالیہ کی زیارت کا شرف بھی ضرور حاصل کرنا چاہیئے۔

## سلمان محمدی کی زیارت

حضرت سلمان محمدیؓ جو مدائن میں مدفون ہیں جو کہ بغداد سے کچھ زیادہ دور نہیں ہے۔ ان کی عظمت شان اور رفعت مکان کا یہ تقاضا ہے کہ زائرین کرام مدائن جا کر ان کی زیارت کا شرف حاصل کریں اور پیغمبر اسلامؐ و امیر مؤمنان کی خوشنودی کا پروانہ حاصل کریں۔ یہی وہ سلمان ہیں جن کے حق میں پیغمبر برحق صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا کہ ﴿سلمان منا اھل البیت﴾ یہی وہ سلمان محمدی ہیں کہ جب ان کی مدائن میں وفات ہوئی تو حضرت امیر علیہ السلام مدینہ میں تشریف فرما تھے مگر باعجازِ امامت وہاں سے مدائن تشریف لے گئے اور اپنے مقدس ہاتھوں سے ان کے غسل وکفن ودفن کا اہتمام کیا اور خود ان کی نماز جنازہ پڑھائی اور پھر اسی وقت واپس مدینہ تشریف لے گئے ع یہ رتبۂ بلند ملا جس کو مل گیا

فصل یاز دھم

# ثامن الائمۃ حضرت امام رضا علیہ السلام کی زیارت کی فضیلت اور اس کی کیفیت کا بیان

ثامن الائمۃ حضرت امام علی رضا علیہ افضل التحیۃ والثناء کی زیارت کے بے شمار فضائل اور بے حساب اجر و ثواب وارد ہوئے ہیں۔

(۱) حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام اپنے آباء طاہرین علیہم السلام کے سلسلہ سند سے حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں فرمایا: عنقریب میرے جسم کا ایک ٹکڑا سرزمین خراسان میں دفن کیا جائے گا، جو مومن ان کی زیارت کرے گا تو خداوند عالم اس کے لیے جنت کو واجب قرار دے گا اور اس کے جسم کو جہنم پر حرام قرار دے گا۔ (عیون الاخبار، بحار الانوار و کتاب المزار)



(۲) حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے ایک طویل حدیث کے ضمن میں منقول ہے فرمایا: جو شخص میرے فرزند علی رضا علیہ السلام کی زیارت کرے گا تو خداوند عالم اس کے نامۂ اعمال میں ستر حج مقبول کا ثواب لکھے گا۔۔۔ الخ۔ (ایضاً)

(۳) خود حضرت امام رضا علیہ السلام سے منقول ہے فرمایا: خراسان میں ایک ایسا قبہ ہے کہ جہاں صور اسرافیل کے پھونکے جانے تک ملائکہ کی آمد و رفت کا سلسلہ جاری رہے گا۔ پوچھا گیا کہ فرزند رسولؐ! وہ کون سا قبہ ہے؟ فرمایا: وہ سرزمین طوس میں ہوگا جو جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہوگا پس جو شخص وہاں میری زیارت کرے گا وہ ایسا ہوگا جیسے اس نے حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کی ہو گی الخ۔۔۔۔ (ایضاً)

(۴) نیز آنجنابؑ ہی سے منقول ہے فرمایا: جو شخص مسافت کی دوری کے باوجود میری زیارت کرے گا تو قیامت کے دن تین مشکل مقامات پر میں اس سے ملاقات کروں گا اور اسے شدائد قیامت سے بچاؤں گا۔ (۱) جب لوگوں کے نامہ ہائے اعمال ان کے دائیں بائیں ہاتھ میں پکڑوائے جائیں گے۔ (۲) جب لوگ پل

صراط سے گزر رہے ہوں گے۔(۳) اور جب لوگوں کے اعمال کا وزن کیا جائے گا۔(ایضاً)

(۵) حضرت امام محمد تقی علیہ السلام سے مروی ہے فرمایا: طوس کے دو پہاڑوں کے درمیان زمین کا ایک ایسا ٹکڑا موجود ہے جو جنت سے لایا گیا ہے جو شخص اس زمین میں داخل ہو جائے گا تو وہ قیامت کے دن آتش دوزخ سے آزاد ہو جائے گا۔ نیز آپؑ ہی سے منقول ہے، فرمایا: جو شخص طوس جا کر میرے والد ماجد کی زیارت کرے اور آپؑ کو امام برحق تسلیم کرے تو میں خدا کی طرف سے اس کی جنت کا ضامن ہوں۔(ایضاً)

## حضرت امام رضا علیہ السلام کی زیارت کی کیفیت اور پہلی زیارت

(۱) حضرت شیخ صدوق علیہ الرحمہ کی الفقیہ، اور ابن قولویہ کی کتاب المزار وغیرہ کتابوں سے مستفاد ہوتا ہے کہ یہ زیارت ائمہ علیہم السلام سے مروی ہے۔ واللہ العالم۔ بہر حال من لا یحضرہ الفقیہ کے مطابق اس کی کیفیت یہ ہے کہ آدمی جب امام رضا علیہ السلام کی زیارت پر جانے کا ارادہ کرے تو گھر سے نکلنے سے پہلے غسل کرے اور یہ دعا پڑھے:



﴿اَللّٰهُمَّ طَهِّرْنِیْ وَ طَهِّرْ لِیْ قَلْبِیْ وَاشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ وَ اَجْرِ عَلٰی لِسَانِیْ مِدْحَتَکَ

اے معبود! مجھے پاک کر دے میرا دل پاک کر دے اور میرے سینے کو کھول دے میری زبان پر اپنی مدح و ستائش جاری

وَ الثَّنَآءَ عَلَیْکَ فَاِنَّهٗ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِکَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ لِیْ طَهُوْرًا وَّ شِفَآءً﴾

کر دے کیونکہ نہیں ہے قوت مگر تجھی سے ہے اے معبود اس غسل کو میرے لیے پاکیزگی و شفا کا ذریعہ بنا۔

جب گھر سے سفر زیارت پر روانہ ہو تو یہ کہے:

﴿بِسْمِ اللّٰهِ وَ بِاللّٰهِ وَ اِلَی اللّٰهِ وَ اِلَی ابْنِ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَسْبِیَ اللّٰهُ تَوَكَّلْتُ عَلَی اللّٰهِ

خدا کے نام سے خدا کی ذات سے چلا ہوں خدا کی طرف اور رسول خدا کے فرزند کی طرف میرے لیے خدا کافی ہے بھروسہ کیا ہے میں نے خدا

اَللّٰهُمَّ اِلَیْکَ تَوَجَّهْتُ وَ اِلَیْکَ قَصَدْتُ وَمَا عِنْدَکَ اَرَدْتُ﴾

پر اے معبود! میں نے تیری طرف رخ کیا اور تیری طرف چلا اور جو کچھ تیرے ہاں ہے اس کی خواہش رکھتا ہوں۔

بعد ازاں اپنے اہل وعیال کو یوں الوداع کرے:

﴿اَللّٰھُمَّ اِلَیْکَ وَجَّھْتُ وَجْھِیْ وَ عَلَیْکَ خَلَّفْتُ اَھْلِیْ وَ مَالِیْ وَمَا خَوَّلْتَنِیْ وَ بِکَ وَثِقْتُ

اے معبود! میں نے اپنا رخ تیری طرف کیا اور میں نے اپنا مال اپنا کنبہ اور جو کچھ تو نے دیا ہے سب کچھ تیرے سپرد کیا اور تجھ پر بھروسہ کیا

فَلَا تُخَیِّبْنِیْ یَا مَنْ لَا یُخَیِّبُ مَنْ اَرَادَهٗ وَلَا یُضَیِّعُ مَنْ حَفِظَهٗ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ

ہے پس تجھی دست نہ کیجیو اے وہ جو تہی دست نہیں کرتا جو اس کی طرف آئے وہ گم نہیں ہوتا جس کی وہ حفاظت کرے رحمت فرما حضرت محمدؐ اور

مُحَمَّدٍ وَّ احْفَظْنِیْ بِحِفْظِکَ فَاِنَّهٗ لَا یَضِیْعُ مَنْ حَفِظْتَ﴾۔

آل محمدؐ پر اور مجھ کو اپنی نگرانی میں رکھ کیونکہ جو تیری حفاظت میں ہو وہ ضائع نہیں ہوتا۔

اور جب خیریت کے ساتھ مشہد مقدس پہنچ جائے اور جب وہاں زیارت کرنے کا قصد کرے تو پہلے غسل کرے اور اس وقت یہ پڑھے:

﴿اَللّٰھُمَّ طَھِّرْنِیْ وَ طَھِّرْ لِیْ قَلْبِیْ وَاشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ وَ اَجْرِ عَلٰی لِسَانِیْ مِدْحَتَکَ وَ

اے معبود! مجھے پاک کر دے میرا دل پاک کر دے اور میرے سینے کو کھول دے میری زبان پر اپنی ستائش

مَحَبَّتَکَ وَ الثَّنَآءَ عَلَیْکَ فَاِنَّهٗ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِکَ وَ قَدْ عَلِمْتُ اَنَّ قِوَامَ دِیْنِی التَّسْلِیْمُ

اپنی محبت اور تعریف جاری فرمادے کہ یقیناً نہیں کوئی قوت مگر جو تجھ سے ملتی ہے اور میں جانتا ہوں کہ میرے دین کی اصل تیرے حکم کا ماننا

لِاَمْرِکَ وَالْاِتِّبَاعُ لِسُنَّةِ نَبِیِّکَ وَالشَّھَادَةُ عَلٰی جَمِیْعِ خَلْقِکَ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْهُ لِیْ شِفَآءً

تیرے نبیؐ کی سنت کی پیروی کرنا اور تیری مخلوقات پر گواہ بننا ہے اے معبود! اس غسل کو میرے لیے شفا و

نُوْرًا اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ﴾۔

روشنی کا ذریعہ بنا کیونکہ تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔

اس کے بعد پاک و پاکیزہ لباس پہنے اور ننگے پاؤں خدا کی یاد کرتے ہوئے آرام سے حرم مبارک کی طرف چلے اور یہ پڑھتا جائے:

﴿اَللّٰهُ اَکْبَرُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ﴾۔

خدا بزرگتر ہے نہیں کوئی معبود سوائے خدا کے خدا پاک تر ہے اور ہر تعریف خدا کے لیے ہے۔

چلتے ہوئے چھوٹے چھوٹے قدم اٹھائے اور جب روضۂ اقدس میں داخل ہوتو یہ پڑھے:

﴿بِسْمِ اللّٰهِ وَ بِاللّٰهِ عَلٰى مِلَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

خدا کے نام سے خدا کی ذات سے اور رسولؐ خدا کے طریقے پر خدا رحمت کرے ان پر اور ان کی آلؑ پر میں گواہ ہوں کہ نہیں کوئی معبود سوائے

وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ وَ اَنَّ عَلِيًّا وَّلِيُّ اللّٰهِ﴾

اللہ کے جو یکتا ہے کوئی اس کا ساجھی نہیں میں گواہ ہوں کہ محمدؐ اس کے بندہ اور رسول ہیں اور یہ کہ علیؑ خدا کے دوست ہیں۔

پھر ضریح پاک کے قریب جائے اور پشت بہ قبلہ ہو کر حضرت امام علیہ السلام کی طرف رخ کرے اور کہے:

﴿اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ وَ اَنَّهٗ

میں گواہ ہوں کہ نہیں کوئی معبود سوائے خدا کے وہ یکتا ہے اس کا کوئی ساجھی نہیں اور میں گواہ ہوں کہ محمدؐ اس کے بندہ اور رسول ہیں وہ سردار

سَيِّدُ الْاَوَّلِيْنَ وَ الْاٰخِرِيْنَ وَ اَنَّهٗ سَيِّدُ الْاَنْبِيَآءِ وَ الْمُرْسَلِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ

ہیں پہلوں کے اور پچھلوں کے اور وہ سردار ہیں سب نبیوں اور رسولوں کے اے معبود رحمت کر حضرت محمدؐ پر جو تیرے بندہ

وَ رَسُوْلِكَ وَ نَبِيِّكَ وَ سَيِّدِ خَلْقِكَ اَجْمَعِيْنَ صَلٰوةً لَّا يَقْوٰى عَلٰٓى اِحْصَآئِهَا غَيْرُكَ اَللّٰهُمَّ

تیرے رسول تیرے نبی اور تیری ساری مخلوق کے سردار ہیں ان پر ایسی رحمت فرما جس کا حساب تیرے سوا کوئی نہ لگا سکے۔ اے معبود!

صَلِّ عَلٰٓى اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ عَبْدِكَ وَ اَخِيْ رَسُوْلِكَ الَّذِي انْتَجَبْتَهٗ

رحمت فرما حضرت امیر المؤمنین علی بن ابی طالبؑ پر جو تیرے بندہ اور رسول کے بھائی ہیں کہ انہیں خاص کیا تو نے

بِعِلْمِكَ وَ جَعَلْتَهٗ هَادِيًا لِّمَنْ شِئْتَ مِنْ خَلْقِكَ وَ الدَّلِيْلَ عَلٰى مَنْ بَعَثْتَهٗ بِرِسَالَاتِكَ وَ

علم دے کر اور بنایا ان کو رہبر اس کے لیے جسے تو نے اپنی مخلوق میں سے چاہا اور رہنما بنایا اس کی طرف جس کو تو نے اپنا پیغام دے کر بھیجا اور

دَيَّانَ الدِّيْنِ بِعَدْلِكَ وَ فَصْلِ قَضَآئِكَ بَيْنَ خَلْقِكَ وَ الْمُهَيْمِنَ عَلٰى ذٰلِكَ كُلِّهٖ وَ السَّلَامُ

ان کو مقرر کیا کہ تیرے عدل کے مطابق جزائے عمل دیں اور تیری مخلوق میں تیری مرضی سے فیصلے دیں اور وہ ان تمام کاموں کے ذمہ دار ہیں

عَلَيْهِ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى فَاطِمَةَ بِنْتِ نَبِيِّكَ وَ زَوْجَةِ وَلِيِّكَ

سلام ہو ان پر خدا کی رحمت ہو اور اس کی برکات اے معبود رحمت نازل کر فاطمہؑ پر جو تیرے نبی کی دختر اور تیرے ولی کی زوجہ ہیں

وَ اُمِّ السِّبْطَيْنِ الْحَسَنِ وَ الْحُسَيْنِ سَيِّدَيْ شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ الطُّهْرَةِ الطَّاهِرَةِ الْمُطَهَّرَةِ

نیز وہ ماں ہیں نبی کے دو نواسوں حسنؑ و حسینؑ کی کہ وہ دونوں جوانانِ جنت کے سردار ہیں وہ بی بی پاک پاکیزہ پاک شدہ

التَّقِيَّةِ النَّقِيَّةِ الرَّضِيَّةِ الزَّكِيَّةِ سَيِّدَةِ نِسَآءِ اَهْلِ الْجَنَّةِ اَجْمَعِيْنَ صَلٰوةً لَّا يَقْوٰى عَلٰى

پرہیزگار باصفا پسندیدہ بے عیب نیز جنت میں تمام عورتوں کی سردار ہیں ان پر اتنی رحمت فرما کہ کوئی شمار

اِحْصَآئِهَا غَيْرُكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى الْحَسَنِ وَ الْحُسَيْنِ سِبْطَيْ نَبِيِّكَ وَ سَيِّدَيْ شَبَابِ اَهْلِ

نہ کر سکتا ہو اے معبود! رحمت فرما دونوں بھائیوں حسنؑ اور حسینؑ پر جو تیرے نبیؐ کے دو نواسے اور جوانان جنت کے سید و سردار ہیں

الْجَنَّةِ الْقَآئِمَيْنِ فِيْ خَلْقِكَ وَ الدَّلِيْلَيْنِ عَلٰى مَنْ بَعَثْتَ بِرِسَالَاتِكَ وَ دَيَّانَيِ الدِّيْنِ

تیری مخلوق میں قائم و نگران ہیں اور رہنمائی کرتے ہیں اس ذات کی طرف جسے تو نے پیغمبر بنا کے بھیجا وہ تیرے عدل کے تحت

بِعَدْلِكَ وَ فَصْلَيْ قَضَآئِكَ بَيْنَ خَلْقِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عَبْدِكَ الْقَآئِمِ

اعمال کی جزا دینے والے اور تیری مخلوق میں تیرے احکام کے مطابق فیصلے دینے والے ہیں اے معبود! رحمت فرما علیؑ بن الحسینؑ پر جو تیرے

فِيْ خَلْقِكَ وَ الدَّلِيْلِ عَلٰى مَنْ بَعَثْتَ بِرِسَالَاتِكَ وَ دَيَّانِ الدِّيْنِ بِعَدْلِكَ وَ فَصْلِ قَضَآئِكَ

بندہ ہیں تیری مخلوق میں نگہدار اور رہنمائی کرتے ہیں اس ذات کی طرف جسے تو نے پیغمبر بنا کے بھیجا وہ تیرے عدل کے تحت اعمال کی جزا

بَيْنَ خَلْقِكَ سَيِّدِ الْعَابِدِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ عَبْدِكَ وَ خَلِيْفَتِكَ فِيْ

دینے والے اور تیری مخلوق میں تیری مرضی سے فیصلے دینے والے عبادت گزاروں کے سردار ہیں اے معبود! رحمت فرما محمدؑ بن علیؑ پر جو تیرے



اَرْضِكَ بَاقِرِ عِلْمِ النَّبِيِّيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ الصَّادِقِ عَبْدِكَ وَ وَلِيِّ

بندہ اور تیری زمین میں تیرے نائب ہیں نبیوں کے علوم کی اشاعت کرنے والے اے معبود! رحمت فرما جعفرؑ صادق بن محمدؑ پر کہ جو تیرے بندہ

دِيْنِكَ وَ حُجَّتِكَ عَلٰى خَلْقِكَ اَجْمَعِيْنَ الصَّادِقِ الْبَآرِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُوْسَى بْنِ جَعْفَرٍ

ہیں تیرے دین کے مددگار اور تیری مخلوق پر تیری طرف سے حجت ہیں وہ صاحب صدق میں نیکوکار اے معبود! رحمت فرما موسیٰؑ بن جعفرؑ پر جو

عَبْدِكَ الصَّالِحِ وَ لِسَانِكَ فِيْ خَلْقِكَ النَّاطِقِ بِحُكْمِكَ وَ الْحُجَّةِ عَلٰى بَرِيَّتِكَ اَللّٰهُمَّ

تیرے نیکوکار بندے اور تیری مخلوق میں تیرے حکم سے بولنے والی زبان ہیں اور تیری مخلوقات پر تیری حجت ہیں اے معبود!

صَلِّ عَلٰى عَلِيِّ بْنِ مُوْسَى الرِّضَا الْمُرْتَضٰى عَبْدِكَ وَ وَلِيِّ دِيْنِكَ الْقَآئِمِ بِعَدْلِكَ وَ

رحمت فرما علیؑ بن موسیٰؑ پر کہ جو تجھ سے راضی ہیں تیرے پسندیدہ بندے ہیں تیرے دین کے مددگار تیرے عدل پر کاربند اور

الدَّاعِيْ اِلٰى دِيْنِكَ وَ دِيْنِ اٰبَآئِهِ الصَّادِقِيْنَ صَلٰوةً لَّا يَقْوٰى عَلٰى اِحْصَآئِهَا غَيْرُكَ اَللّٰهُمَّ

تیرے دین کی طرف بلانے والے ہیں جو ان کے صاحب صدق بزرگوں کا دین ہے ان پر اتنی رحمت کر جس کا شمار سوائے تیرے کوئی نہ کر

صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ بْنِ عَلِیٍّ عَبْدِکَ وَ وَلِیِّکَ الْقَآئِمِ بِاَمْرِکَ وَ الدَّاعِیْ اِلٰی سَبِیْلِکَ اَللّٰھُمَّ

سکتا ہوا اے معبود رحمت فرما محمدؑ بن علیؑ پر جو تیرے بندہ اور تیرے دوستدار ہیں تیرا حکم پہنچانے والے اور تیرے راستے کی طرف بلانے والے

صَلِّ عَلٰی عَلِیِّ بْنِ مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَ وَلِیِّ دِیْنِکَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَی الْحَسَنِ بْنِ عَلِیٍّ

اے معبود رحمت نازل کر علیؑ بن محمدؑ پر جو تیرے بندہ اور تیرے دین کے مددگار ہیں اے معبود رحمت نازل فرما حسنؑ بن علیؑ پر جو تیرے

الْعَامِلِ بِاَمْرِکَ الْقَآئِمِ فِیْ خَلْقِکَ وَ حُجَّتِکَ الْمُؤَدِّیْ عَنْ نَبِیِّکَ وَ شَاھِدِکَ عَلٰی خَلْقِکَ

حکم پر عمل کرنے والے تیری مخلوق میں نگران تیرے نبی کی طرف حجت پیش کرنے والے تیری مخلوق پر تیرے گواہ

الْمَخْصُوْصِ بِکَرَامَتِکَ الدَّاعِیْ اِلٰی طَاعَتِکَ وَ طَاعَةِ رَسُوْلِکَ صَلَوٰتُکَ عَلَیْھِمْ اَجْمَعِیْنَ

تیری طرف سے بزرگی میں خاص کردہ تیری اطاعت اور تیرے رسولؐ کی فرمانبرداری کا حکم دینے والے تیری رحمتیں ہوں ان سب پر

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی حُجَّتِکَ وَ وَلِیِّکَ الْقَآئِمِ فِیْ خَلْقِکَ صَلٰوةً تَآمَّةً نَامِیَةً بَاقِیَةً تُعَجِّلُ بِھَا

اے معبود رحمت نازل فرما اپنی حجت اور اپنے دوست پر جو تیری مخلوق میں نگہبان ہیں وہ رحمت جو کامل ترقی پذیر باقی رہنے والی ہے اس سے

فَرَجَهٗ وَ تَنْصُرُهٗ بِھَا وَ تَجْعَلُنَا مَعَهٗ فِی الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَةِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَتَقَرَّبُ اِلَیْکَ بِحُبِّھِمْ

انہیں کشادگی دے اور ان کی مدد فرما اور رکھ ہمیں ان کے ساتھ دنیا اور آخرت میں اے معبود! میں تیرا قرب چاہتا ہوں بواسطہ ان کی محبت کے

وَ اُوَالِیْ وَلِیَّھُمْ وَ اُعَادِیْ عَدُوَّھُمْ فَارْزُقْنِیْ بِھِمْ خَیْرَ الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَةِ وَ اصْرِفْ

میں ان کے دوستوں کا دوست اور ان کے دشمنوں کا دشمن ہوں پس عطا کر ان کے طفیل دنیا کی بھلائی اور آخرت کی فلاح اور بواسطہ ان کے

عَنِّیْ بِھِمْ شَرَّ الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَةِ وَ اَھْوَالَ یَوْمِ الْقِیَامَةِ ۔

دنیا و آخرت کی تنگی سے مجھے بچائے رکھ اور قیامت میں ہر خوف سے محفوظ فرما۔

پھر حضرت کے سرہانے کی طرف بیٹھ جائے اور کہے:

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا وَلِیَّ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا حُجَّةَ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا نُوْرَ اللّٰهِ فِیْ

سلام ہو آپ پر اے خدا کے دوستدار سلام ہو آپ پر اے حجت خدا سلام ہو آپ پر اے وہ جو زمین کی

ظُلُمَاتِ الْاَرْضِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا عَمُوْدَ الدِّیْنِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا وَارِثَ اٰدَمَ صِفْوَةِ اللّٰهِ

تاریکیوں میں نور خدا ہیں سلام ہو آپ پر اے دین کے ستون سلام ہو آپ پر اے آدمؑ کے وارث جو خدا کے برگزیدہ ہیں

اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ يَا وَارِثَ نُوْحٍ نَبِيِّ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ يَا وَارِثَ اِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلِ اللّٰهِ

سلام ہو آپ پر اے نوحؑ کے وارث جو نبیٔ خدا ہیں سلام ہو آپ پر اے ابراہیمؑ کے وارث جو خدا کے خلیل ہیں

اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ يَا وَارِثَ اِسْمٰعِيْلَ ذَبِيْحِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ يَا وَارِثَ مُوْسٰى کَلِيْمِ اللّٰهِ

سلام ہو آپ پر اے اسماعیلؑ کے وارث جو ذبیح خدا ہیں سلام ہو آپ پر اے موسیٰؑ کے وارث جو خدا کے کلیم ہیں

اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ يَا وَارِثَ عِيْسٰى رُوْحِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ يَا وَارِثَ مُحَمَّدٍ رَسُوْلِ اللّٰهِ

سلام ہو آپ پر اے عیسیٰؑ کے وارث جو خدا کی روح ہیں سلام ہو آپ پر اے محمدؐ کے وارث جو خدا کے رسول ہیں

اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ يَا وَارِثَ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلِيٍّ وَلِيِّ اللّٰهِ وَ وَصِيِّ رَسُوْلِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ

سلام ہو آپ پر اے امیر المومنین علیؑ کے وارث جو خدا کے دوست اور رب کائنات کے رسول کے جانشین ہیں

اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ يَا وَارِثَ فَاطِمَةَ الزَّهْرَآءِ اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ يَا وَارِثَ الْحَسَنِ وَ الْحُسَيْنِ

سلام ہو آپ پر اے فاطمہ زہراؑ کے وارث سلام ہو آپ پر اے وارث حسنؑ و حسینؑ جو

سَيِّدَيْ شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ يَا وَارِثَ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ زَيْنِ الْعَابِدِيْنَ



جوانانِ جنت کے سید و سردار ہیں سلام ہو آپ پر اے علیؑ بن الحسینؑ کے وارث جو عبادت گزاروں کی زینت ہیں

اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ يَا وَارِثَ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ بَاقِرِ عِلْمِ الْاَوَّلِيْنَ وَ الْاٰخِرِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ

سلام ہو آپ پر اے محمدؑ بن علیؑ کے وارث جو ظاہر کرنے والے ہیں پہلوں پچھلوں کے علم کو سلام ہو آپ پر

يَا وَارِثَ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدِنِ الصَّادِقِ الْبَآرِّ اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ يَا وَارِثَ مُوْسٰى بْنِ جَعْفَرٍ

اے جعفرؑ بن محمدؑ کے وارث جو صاحب صدق ہیں نیکوکار سلام ہو آپ پر اے وارث موسیٰؑ بن جعفرؑ

اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ اَيُّهَا الصِّدِّيْقُ الشَّهِيْدُ اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ اَيُّهَا الْوَصِيُّ الْبَآرُّ التَّقِيُّ اَشْهَدُ اَنَّکَ

سلام ہو آپ پر اے صاحب صدق شہید سلام ہو آپ پر اے وصی نیکوکار و پرہیزگار میں گواہ ہوں کہ آپ نے

قَدْ اَقَمْتَ الصَّلٰوةَ وَ اٰتَيْتَ الزَّکٰوةَ وَ اَمَرْتَ بِالْمَعْرُوْفِ وَ نَهَيْتَ عَنِ الْمُنْکَرِ وَ عَبَدْتَ

نماز قائم رکھی اور زکوٰۃ دیتے رہے آپ نے نیکیوں کا حکم دیا اور برائیوں سے منع کیا آپ خدا کی بندگی

اللّٰهَ حَتّٰى اَتٰيکَ الْيَقِيْنُ اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ يَآ اَبَا الْحَسَنِ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَکَاتُهٗ

کرتے رہے تا آنکہ آپ شہید ہو گئے سلام ہو آپ پر اے ابوالحسنؑ خدا کی رحمت اور اس کی برکات۔

پھر خود کو ضریح پاک سے لپٹائے اور کہے:

﴿اَللّٰھُمَّ اِلَیْکَ صَمَدْتُ مِنْ اَرْضِیْ وَ قَطَعْتُ الْبِلَادَ رَجَآءَ رَحْمَتِکَ فَلَا تُخَیِّبْنِیْ

اے معبود! میں تیری طرف آیا ہوں اپنا وطن چھوڑ کر اور کئی شہروں سے گزر کر تیری رحمت کی آرزو میں پس مجھے ناامید نہ کر

وَلَا تَرُدَّنِیْ بِغَیْرِ قَضَآءِ حَاجَتِیْ وَ ارْحَمْ تَقَلُّبِیْ عَلٰی قَبْرِ ابْنِ اَخِیْ رَسُوْلِکَ صَلَوٰتُکَ عَلَیْہِ

اور مجھے نہ پلٹا میری حاجت روائی کے بغیر اور رحم فرما جبکہ میں تیرے رسولؐ کے بھائی کے فرزند کی قبر پر پڑا تڑپتا ہوں تیری رحمتیں ہوں

وَ اٰلِہٖ بِاَبِیْٓ اَنْتَ وَ اُمِّیْ یَا مَوْلَایَ اَتَیْتُکَ زَآئِرًا وَّافِدًا عَآئِذًا مِّمَّا جَنَیْتُ عَلٰی نَفْسِیْ

ان پر اور ان کی آل پر قربان آپ پر میرے باپ اے میرے آقا آیا ہوں آپ کی زیارت کرنے حاضر ہوا ہوں پناہ لینے اس جرم سے جو میں

وَ احْتَطَبْتُ عَلٰی ظَھْرِیْ فَکُنْ لِّیْ شَافِعًا اِلَی اللّٰہِ یَوْمَ فَقْرِیْ وَ فَاقَتِیْ فَلَکَ عِنْدَ اللّٰہِ

نے اپنی جان پر کیا اور اس کا بار میری گردن پر ہے پس بن جائیں میری حمایتی خدا کے سامنے میری غربت و ناداری کے دن کیونکہ آپ خدا

مَقَامٌ مَّحْمُوْدٌ وَّ اَنْتَ عِنْدَہٗ وَجِیْہٌ﴾۔

کے ہاں بلند مرتبہ رکھتے ہیں اور اس کے نزدیک آپ باعزت ہیں۔



پس اپنا دایاں ہاتھ بلند کرے بایاں ہاتھ قبر مبارک پر رکھے اور یہ کہے:

﴿اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَتَقَرَّبُ اِلَیْکَ بِحُبِّھِمْ وَ بِوِلَایَتِھِمْ اَتَوَلّٰٓی اٰخِرَھُمْ بِمَا تَوَلَّیْتُ بِہٖٓ اَوَّلَھُمْ وَ اَبْرَءُ

اے معبود! میں تیرا قرب چاہتا ہوں ان کی دوستی اور ان کی ولایت کے ذریعے محب ہوں ان میں سے آخری کا جیسے محب تھا ان میں سے

مِنْ کُلِّ وَلِیْجَۃٍ دُوْنَھُمْ اَللّٰھُمَّ الْعَنِ الَّذِیْنَ بَدَّلُوْا نِعْمَتَکَ وَ اتَّھَمُوْا نَبِیَّکَ وَ جَحَدُوْا

اولین کا اور بیزار ہوں ہر گروہ سے سوائے ان کے اے معبود لعنت بھیج کر ان لوگوں پر جنہوں نے تیری نعمت کو جگہ سے ہٹایا یا تیرے پیغمبر کو

بِاٰیَاتِکَ وَ سَخِرُوْا بِاِمَامِکَ وَ حَمَلُوا النَّاسَ عَلٰٓی اَکْتَافِ اٰلِ مُحَمَّدٍ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَتَقَرَّبُ

الزام دیا تیری آیتوں کا انکار کیا تیرے مقرر کردہ امام کی ہنسی اڑائی اور دوسرے لوگوں کو آل محمدؐ پر حاکم و مختار بنایا اے معبود میں تیرا قرب

اِلَیْکَ بِاللَّعْنَۃِ عَلَیْھِمْ وَ الْبَرَآئَۃِ مِنْھُمْ فِی الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَۃِ یَا رَحْمٰنُ﴾۔

چاہتا ہوں ان ظالموں پر لعنت کرکے اور ان سے بیزاری کرتے ہوئے دنیا اور آخرت میں اے بہت رحم والے۔

پھر حضرت کی پائنتی کی طرف جائے اور کہے:

﴿صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْکَ یَآ اَبَا الْحَسَنِ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی رُوْحِکَ وَ بَدَنِکَ صَبَرْتَ وَ اَنْتَ

خدا رحمت کرے آپ پر اے ابوالحسنؑ خدا رحمت فرمائے آپ کی روح پر اور آپ کے بدن پر کہ آپ نے صبر کیا اور آپ

الصَّادِقُ الْمُصَدَّقُ قَتَلَ اللّٰہُ مَنْ قَتَلَکَ بِالْاَیْدِیْ وَ الْاَلْسُنِ﴾۔

ہیں تصدیق شدہ خدا قتل کرے اسے جس نے آپ کے قتل میں ہاتھ اور زبان سے کام لیا۔

اس کے بعد بہت گریہ و زاری کرے اور امیر المؤمنین علیہ السلام، امام حسن علیہ السلام، امام حسین علیہ السلام اور دیگر افرادِ اہل بیتؑ کے قاتلوں پر بے شمار لعنت کرے۔ پھر حضرت کے سرہانے کی طرف ہو کر دو رکعت نماز زیارت بجا لائے کہ پہلی رکعت میں سورۂ حمد کے بعد سورۂ یٰسین اور دوسری رکعت میں سورۂ حمد کے بعد سورۂ رحمٰن کی تلاوت کرے۔ جب نماز سے فارغ ہو جائے تو خدا کے حضور نالہ و زاری کرتے ہوئے اپنے لیے اپنے والدین اور تمام مومنوں کے لیے زیادہ سے زیادہ دعائیں مانگے اور اس کے بعد جب تک چاہے وہاں ذکر الٰہی میں مشغول رہے اور مناسب ہوگا کہ اپنی واجب نمازیں بھی حضرت علیہ السلام کے روضہ مبارک کے نزدیک ہی بجا لائے۔



**(۲) حضرت امام رضا علیہ السلام کی دوسری زیارت:** ۔ جناب ابن قولویہ نے حضرات ائمہ سے روایت کی ہے کہ جب زائر حضرت امام رضا علیہ السلام کی قبر مقدس کے پاس قریب جائے تو یہ زیارت پڑھے:

﴿اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی عَلِیِّ ابْنِ مُوْسَی الرِّضَا الْمُرْتَضَی الْاِمَامِ التَّقِیِّ النَّقِیِّ وَ حُجَّتِکَ

اے معبود رحمت نازل کر علیؑ بن موسیٰؑ پر جو صاحب رضا پسندیدہ اور امام ہیں پارسا پاکیزہ اور تیری حجت ہیں

عَلٰی مَنْ فَوْقَ الْاَرْضِ وَمَنْ تَحْتَ الثَّرٰی الصِّدِّیْقِ الشَّھِیْدِ صَلٰوۃً کَثِیْرَۃً تَآمَّۃً

اس پر جو زمین پر اور زیر زمین ہے وہ صاحب صدق شہید ہیں ان پر رحمت کر بہت زیادہ کامل

زَاکِیَۃً مُّتَوَاصِلَۃً مُّتَوَاتِرَۃً مُّتَرَادِفَۃً کَاَفْضَلِ مَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اَحَدٍ مِّنْ اَوْلِیَآئِکَ﴾۔

پاکیزہ پے بہ پے لگاتار مسلسل جیسی تو نے بہترین رحمت کی ہو اپنے دوستوں میں سے کسی ایک پر۔

**(۳) حضرت امام رضا علیہ السلام کی تیسری زیارت:** ۔ جسے جناب شیخ مفید نے اپنی کتاب مقنعہ میں نقل

فرمایا ہے۔ اور کہا ہے کہ زائر کو چاہئے کہ غسل کرنے اور پاکیزہ لباس زیب بدن کرنے کے بعد امام علیہ السلام کی قبر اقدس کے پاس کھڑے ہو کر یہ زیارت پڑھے:

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا وَلِیَّ اللّٰہِ وَابْنَ وَلِیِّہٖ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا حُجَّةَ اللّٰہِ وَ ابْنَ حُجَّتِہٖ

سلام ہو آپ پر اے دوست خدا و دوست خدا کے فرزند سلام ہو آپ پر اے حجت خدا و حجت خدا کے فرزند

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَآ اِمَامَ الْھُدٰی وَ الْعُرْوَةَ الْوُثْقٰی وَ رَحْمَةُ اللّٰہِ وَ بَرَکَاتُہٗ اَشْھَدُ اَنَّکَ

سلام ہو آپ پر اے ہدایت والے امام اور سلسلہ محکم خدا کی رحمت ہو اور اس کی برکات میں گواہ ہوں کہ آپ اسی عقیدے پر

مَضَیْتَ عَلٰی مَا مَضٰی عَلَیْہِ اٰبَآؤُکَ الطَّاھِرُوْنَ صَلَوٰاتُ اللّٰہِ عَلَیْھِمْ لَمْ تُؤْثِرْ عَمًی عَلٰی

دنیا سے گئے جس پر آپ کے پاک شدہ بزرگ رخصت ہوئے خدا کی رحمتیں ہوں ان پر آپ نے گمراہی کو نور ہدایت پر

ھُدًی وَّ لَمْ تَمِلْ مِنْ حَقٍّ اِلٰی بَاطِلٍ وَّ اَنَّکَ نَصَحْتَ لِلّٰہِ وَ لِرَسُوْلِہٖ وَ اَدَّیْتَ الْاَمَانَةَ

ترجیح نہ دی اور حق سے باطل کی طرف نہ پھرے بلکہ آپ خدا اور اس کے رسولؐ کے خیر اندیش رہے اور امانتداری کا حق ادا کیا

فَجَزَاکَ اللّٰہُ عَنِ الْاِسْلَامِ وَ اَھْلِہٖ خَیْرَ الْجَزَآءِ اَتَیْتُکَ بِاَبِیْ وَ اُمِّیْ زَآئِرًا عَارِفًا

پس خدا جزا دے آپ کو اسلام و اہل اسلام کی طرف سے بہترین جزا میں آیا ہوں قربان میرے ماں باپ آپ کی زیارت کرنے آپ کے

بِحَقِّکَ مُوَالِیًا لِّاَوْلِیَآئِکَ مُعَادِیًا لِّاَعْدَآئِکَ فَاشْفَعْ لِیْ عِنْدَ رَبِّکَ

حق سے واقف آپ کے دوستوں کا دوست آپ کے دشمنوں کا دشمن ہوں پس اپنے رب کے ہاں میری سفارش کریں۔

پھر خود کو قبر شریف سے لپٹائے اس کو بوسہ دے اپنے دونوں رخسار باری باری اس پر رکھے اور پھر سرہانے کی طرف مڑے اور کہے:

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَوْلَایَ یَابْنَ رَسُوْلِ اللّٰہِ وَ رَحْمَةُ اللّٰہِ وَ بَرَکَاتُہٗ اَشْھَدُ اَنَّکَ الْاِمَامُ

سلام ہو آپ پر اے میرے آقا اے رسولؐ خدا کے فرزند خدا کی رحمت ہو اور اس کی برکات میں گواہ ہوں کہ آپ ہیں امام

الْھَادِیْ وَالْوَلِیُّ الْمُرْشِدُ اَبْرَءُ اِلَی اللّٰہِ مِنْ اَعْدَآئِکَ وَ اَتَقَرَّبُ اِلَی اللّٰہِ بِوِلَایَتِکَ

رہبر سرپرست رہنما میں خدا کے سامنے آپ کے دشمنوں سے بیزاری کرتا ہوں اور آپ کی دوستداری سے اس کا قرب چاہتا ہوں

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْکَ وَ رَحْمَةُ اللّٰہِ وَ بَرَکَاتُہٗ۔

خدا درود بھیجے آپ پر خدا کی رحمت ہو اور اس کی برکات۔

اس کے بعد دو رکعت نماز زیارت بجالائے اور اس کے علاوہ جو نمازیں چاہے وہاں ادا کرلے۔ پھر حضرت کی پائنتی کی طرف آجائے اور جس قدر چاہے خدا سے دعائیں مانگے۔

## امام رضا علیہ السلام سے الوداع کا بیان

زائر جب حضرت امام رضا علیہ السلام سے الوداع کر کے واپس جانا چاہے تو وہی الوداع پڑھے جو پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے الوداع کرتے وقت پڑھا جاتا ہے:

﴿صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ لَا جَعَلَهُ اللّٰهُ آخِرَ تَسْلِيْمِي عَلَيْكَ﴾......

خدا درود بھیجے آپ پر سلام ہو آپ پر خدا اسے آپ پر میرا آخری سلام قرار نہ دے۔

اور اگر چاہے تو یہ الوداع بھی پڑھ سکتا ہے:

﴿اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَلِيَّ اللّٰهِ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهُ اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْهُ آخِرَ الْعَهْدِ مِنْ

سلام ہو آپ پر اے دوست خدا رحمت خدا ہو اور اس کی برکات اے معبود اس کو میرے لیے آخری موقع قرار نہ دے

زِيَارَتِيِ ابْنَ نَبِيِّكَ وَ حُجَّتِكَ عَلٰى خَلْقِكَ وَ اجْمَعْنِيْ وَ اِيَّاهُ فِيْ جَنَّتِكَ وَاحْشُرْنِيْ مَعَهُ

جو زیارت کی میں نے تیرے نبی کے فرزند اور تیری مخلوق پر تیری حجت کی مجھے اور انہیں اپنی جنت میں یکجا کردے مجھے اٹھا ان کے ساتھ

وَفِيْ حِزْبِهِ مَعَ الشُّهَدَآءِ وَ الصَّالِحِيْنَ وَ حَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا وَّ اَسْتَوْدِعُكَ اللّٰهَ

ان کے گروہ میں شہیدوں اور نیکوکاروں کے ساتھ اور یہ کتنے اچھے ہم نشین ہیں آپ کے سپرد کرتا ہوں

وَ اَسْتَرْعِيْكَ وَ اَقْرَءُ عَلَيْكَ السَّلَامَ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَ بِالرَّسُوْلِ وَ بِمَا جِئْتَ بِهٖ وَ دَلَلْتَ

آپ کی توجہ چاہتا ہوں اور آپ کو سلام پیش کرتا ہوں ہم ایمان رکھتے ہیں خدا و رسول پر اور اس پر جو آپ لائے اور اس کی طرف رہبری کی

عَلَيْهِ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشَّاهِدِيْنَ﴾۔

پس اے خدا ہمیں گواہوں میں لکھ دے۔

## فصل دواز دہم

# امامین عسکریین یعنی حضرت امام علی نقی اور حضرت امام حسن عسکری علیہما السلام کی زیارت کی فضیلت اور اس کی کیفیت کا بیان؟

(۱) جعفری بیان کرتے ہیں کہ حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام نے مجھ سے فرمایا کہ میری قبر جو سر من رائی میں ہوگی اس کے دونوں جانب کے لوگوں کے لیے باعث امن وامان ہوگی۔ (کتاب الدعا والزیارہ)

(۲) زید شحام نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے سوال کیا کہ جو شخص آپ ائمہ اہل بیت علیہم السلام میں سے کسی امام علیہ السلام کی زیارت کرے تو اس کے لیے کیا اجر وثواب ہے؟ فرمایا: اس شخص کا ثواب اس شخص کی مانند ہے جو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کرے۔ (ایضاً)



## ان دونوں اماموں کی مشترکہ زیارت

(۱) یہ زیارت بعض ائمہؑ سے منقول ہے۔ جسے ابن قولویہ نے کامل الزیارات میں نقل کیا ہے اور جسے شیخ مفید وشہید اور شیخ محمد بن المشہدی نے اپنی کتب مزار میں نقل کیا ہے۔ اس کی کیفیت یہ ہے کہ زائر کو چاہیے کہ پہلے غسل کرے پھر پاکیزہ لباس زیب تن کرکے اور سکینہ ووقار کے ساتھ چل کر حرم مبارک تک پہنچے اور وہاں پہنچ کر پہلے عام اذن دخول پڑھے جو قبل ازیں بیان کیا جا چکا ہے۔ بعد ازاں حرم شریف کے اندر داخل ہو کر دونوں اماموں کی یہ مشترکہ زیارت پڑھے:

﴿اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمَا يَا وَلِيَّيِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمَا يَا حُجَّتَيِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمَا يَا نُوْرَيِ

سلام آپ دونوں پر اے دوستانِ خدا سلام آپ دونوں پر اے حجتانِ خدا سلام آپ دونوں پر کہ زمین کی تاریکیوں میں

اللّٰهِ فِيْ ظُلُمَاتِ الْاَرْضِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمَا يَا مَنْ بَدَا لِلّٰهِ فِيْ شَاْنِكُمَا اَتَيْتُكُمَا زَائِرًا

خدا کے دو نور ہیں سلام آپ دونوں پر کہ خدا نے آپ کی شان ظاہر فرمائی آیا ہوں آپ کی زیارت کرنے آپ کا حق پہچانتا ہوں

عَارِفًا بِحَقِّكُمَا مُعَادِيًا لِاَعْدَآئِكُمَا مُوَالِيًا لِاَوْلِيَآئِكُمَا مُؤْمِنًا بِمَآ اٰمَنْتُمْ بِهٖ كَافِرًا بِمَا

آپ دونوں کے دشمنوں کا دشمن آپ کے دوستوں کا دوست ہوں ایمان رکھتا ہوں جس پر آپ کا ایمان ہے انکار کرتا ہوں جس کا

كَفَرْتُمَا بِهٖ مُحَقِّقًا لِمَا حَقَّقْتُمَا مُبْطِلاً لِمَآ اَبْطَلْتُمَآ اَسْئَلُ اللّٰهَ رَبِّىْ وَ رَبَّكُمَآ اَنْ يَّجْعَلَ

آپ انکار کرتے ہیں حق سمجھتا ہوں جسے آپ کا حق سمجھا جھٹلاتا ہوں جسے آپ نے جھٹلایا سوال کرتا ہوں اللہ سے جو میرا آپ کا رب ہے

حَظِّىْ مِنْ زِيَارَتِكُمَا الصَّلٰوةَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَ اَنْ يَّرْزُقَنِىْ مُرَافَقَتَكُمَا فِى الْجِنَانِ مَعَ

یہ کہ وہ قرار دے آپ کی زیارت میں میرا حصہ محمدؐ اور ان کی آل پر درود اور یہ کہ مجھے نصیب کرے آپ دونوں کی رفاقت جنت میں کہ جہاں

اٰبَآئِكُمَا الصَّالِحِيْنَ وَ اَسْئَلُهٗٓ اَنْ يُّعْتِقَ رَقَبَتِىْ مِنَ النَّارِ وَ يَرْزُقَنِىْ شَفَاعَتَكُمَا

آپ کے خوش کردار بزرگان بھی ہوں گے نیز اسے سوال کرتا ہوں کہ وہ میری گردن آگ سے آزاد کردے مجھے آپ دونوں کی شفاعت

وَ مُصَاحَبَتَكُمَا وَ يُعَرِّفَ بَيْنِىْ وَ بَيْنَكُمَا وَلاَ يَسْلُبَنِىْ حُبَّكُمَا وَ حُبَّ اٰبَآئِكُمَا الصَّالِحِيْنَ

اور ہم نشینی عطا فرمائے اور میرے آپ کے درمیان آشنائی پیدا کرے نیز مجھ سے آپ دونوں کی اور آپ کے خوش کردار بزرگوں کی محبت

وَ اَنْ لَّا يَجْعَلَهٗ اٰخِرَ الْعَهْدِ مِنْ زِيَارَتِكُمَا وَ يَحْشُرَنِىْ مَعَكُمَا فِى الْجَنَّةِ بِرَحْمَتِهٖ



واپس نہ لے اس زیارت کو میرے آپ دونوں کی آخری زیارت نہ بنائے مجھ کو جنت میں آپ دونوں کے ساتھ ٹھیرائے اپنی رحمت سے

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِىْ حُبَّهُمَا وَ تَوَفَّنِىْ عَلٰى مِلَّتِهِمَا اَللّٰهُمَّ الْعَنْ ظَالِمِىْ اٰلِ مُحَمَّدٍ حَقَّهُمْ وَ انْتَقِمْ

اے معبود مجھے ان دونوں کی محبت عطا کر اور ان کے دین پر وفات دے اے معبود لعنت کر جنہوں نے آل محمدؐ کا حق مارا اور ان سے اس ظلم کا

مِنْهُمْ اَللّٰهُمَّ الْعَنِ الْاَوَّلِيْنَ مِنْهُمْ وَ الْاٰخِرِيْنَ وَ ضَاعِفْ عَلَيْهِمُ الْعَذَابَ وَ ابْلُغْ بِهِمْ

بدلہ لے اے معبود لعنت کر ان میں سے پہلے اور آخری ظالم پر اور دوچند کر دے ان پر اپنا عذاب اور پہنچا ان کو ان کے ساتھیوں کو

وَ بِاَشْيَاعِهِمْ وَ مُحِبِّيْهِمْ وَ مُتَّبِعِيْهِمْ اَسْفَلَ دَرْكٍ مِّنَ الْجَحِيْمِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ

ان کے دوستوں کو اور ان کے پیروکاروں کو دوزخ کے سب سے گہرے گڑھے میں کہ یقیناً تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے

اَللّٰهُمَّ عَجِّلْ فَرَجَ وَلِيِّكَ وَابْنِ وَلِيِّكَ وَاجْعَلْ فَرَجَنَا مَعَ فَرَجِهِمْ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

اے معبود! تیرا دوست جو تیرے دوست کا فرزند ہے اسے جلد کشائش دے اس کی کشائش میں ہماری بھی کشائش فرما اے سب سے زیادہ رحم والے۔

اس کے بعد اپنے لیے، اپنے والدین کے لیے، اپنے بھائی بہنوں کے لیے اور تمام مومنین و مومنات کے لیے جو بھی جائز دعائیں چاہے مانگے، اس کے علاوہ جس قدر رہو سکے وہاں دعائیں اور مناجات کرے۔ اگر

ممکن ہو تو ان ضریحوں کے قریب دو رکعت نماز زیارت ادا کرے ورنہ قریبی مسجد میں جا کر یہ نماز پڑھے۔ بعد میں جو دعا بھی مانگے گا وہ قبول کی جائے گی۔ وہ مسجد ان ہر دو اماموں یعنی امام علی نقی علیہ السلام اور امام حسن عسکری علیہ السلام کے گھر کے قریب ہے جس میں وہ نماز پڑھا کرتے تھے۔

(۲) جناب سید ابن طاؤس نے ان دو اماموں میں سے ہر ایک امامؑ کی علیحدہ علیحدہ زیارت بھی ذکر کی ہے اور اسی کے حوالہ سے محدث قمی نے بھی مفاتیح میں دو الگ الگ زیارتیں نقل کی ہیں مگر چونکہ وہ ائمہ طاہرین علیہم السلام سے منقول نہیں ہیں۔ اس لیے ہم نے انہیں یہاں درج نہیں کیا۔ البتہ زیاراتِ جامعہ میں سے کوئی زیارت جامعہ یہاں پڑھی جا سکتی ہے۔ بالخصوص وہ زیارت جامعۂ کبیرہ جو خود حضرت امام علی نقی علیہ السلام سے منقول ہے جسے حضرت شیخ صدوق نے الفقیہ میں درج کیا ہے اور ہم بھی اسی باب کے آخر میں زیاراتِ جامعہ کے ضمن میں اسے بیان کریں گے انشاءاللہ۔

## امامین عسکریین علیہما السلام سے الوداع



جب زائر امامین عسکریین سے الوداع ہونے لگے تو اسی طرح ان کو الوداع کرے جس طرح دوسرے ائمہ طاہرین علیہم السلام سے الوداع کیا جاتا ہے یعنی امامینؑ کی ضریح مقدس کے پاس کھڑے ہو کر یوں کہے:

﴿اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمَا يَا وَلِيَّيِ اللّٰهِ اَسْتَوْدِعُكُمَا اللّٰهَ وَ اَقْرَءُ عَلَيْكُمَا السَّلَامَ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ

سلام ہو آپ دونوں پر اے دوستانِ خدا میں نے آپ دونوں کو حوالۂ خدا کیا اور آپ کو سلام کہتا ہوں ہم ایمان رکھتے ہیں خدا

وَ بِالرَّسُوْلِ وَ بِمَا جِئْتُمَا بِهٖ وَ دَلَلْتُمَا عَلَيْهِ اَللّٰهُمَّ اكْتُبْنَا مَعَ الشَّاهِدِيْنَ اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْهُ

و رسول پر اور جو کچھ آپ لائے اور اس کی طرف رہبری کی اے معبود ہمیں اس بات کے گواہوں میں مرقوم فرما اے معبود اس کو ان دونوں

اٰخِرَ الْعَهْدِ مِنْ زِيَارَتِيْ اِيَّاهُمَا وَ ارْزُقْنِي الْعَوْدَ اِلَيْهِمَا وَ احْشُرْنِيْ مَعَهُمَا وَ مَعَ اٰبَآئِهِمَا

کے لیے میری آخری زیارت قرار نہ دے مجھے بار دیگر ان کے ہاں حاضر ہونے کا موقع دے مجھے ان دونوں اور ان کے پاک بزرگان

الطَّاهِرِيْنَ وَ الْقَآئِمِ الْحُجَّةِ مِنْ ذُرِّيَّتِهِمَا يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ﴾۔

کے ساتھ اور ان کی اولاد میں سے حجت قائمؑ کے ساتھ اٹھانا اے سب سے زیادہ رحم والے۔

# فصل دوازدہم کا تتمہ مہمہ

## در بیان زیارت خاتم الائمہ یعنی حضرت حجۃ ابن الحسن علیہ السلام کی زیارت اور سرداب کے آداب کا بیان؟

(۱) واضح رہے کہ سامرہ میں جو سرداب ہے یہ تہہ خانہ یا سرداب حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام کے گھر میں تھا جہاں سے امام صاحب العصر والزمان علیہ السلام غائب ہوئے تھے۔موجودہ عمارت کی تعمیر سے پہلے اس تک رسائی کا راستہ اسی گھر کے اندر سے ہی جاتا تھا۔لہٰذا زائر کو چاہیئے کہ سرداب کے اندر جانے سے پہلے کوئی عام سا اذنِ دخول پڑھ لے جس کا تذکرہ اس باب الزیارات کے آغاز میں کیا جاچکا ہے۔بعد ازاں سرداب کے اندر جا کر امام العصر والزمان علیہ السلام کی یہ زیارت پڑھے جو امام زمانہ علیہ السلام سے ہی منقول ہے۔(احتجاج طبری)

﴿سَلَامٌ عَلٰی اٰلِ یٰسٓ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا دَاعِیَ اللّٰہِ وَ رَبَّانِیَّ اٰیَاتِہٖ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا بَابَ

سلام ہو اولادِ پیغمبرؐ پر سلام ہو آپ پر اے خدا کے داعی اور اس کے کلام کے نگہبان سلام ہو آپ پر اے خدا کے

اللّٰہِ وَ دَیَّانَ دِیْنِہٖ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا خَلِیْفَۃَ اللّٰہِ وَ نَاصِرَ حَقِّہٖ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا حُجَّۃَ اللّٰہِ

باب اور اس کے دین کی حفاظت کرنے والے سلام ہو آپ پر اے خدا کے نائب اور حق کے مددگار سلام ہو آپ پر اے خدا کی حجت

وَ دَلِیْلَ اِرَادَتِہٖ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا تَالِیَ کِتَابِ اللّٰہِ وَ تَرْجُمَانَہٗ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ فِیْ اٰنَآءِ

اور اس کے ارادہ کے مظہر سلام ہو آپ پر اے قرآن کے قاری اور اس کی تشریح کرنے والے سلام ہو آپ پر رات

لَیْلِکَ وَ اَطْرَافِ نَہَارِکَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا بَقِیَّۃَ اللّٰہِ فِیْ اَرْضِہٖ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مِیْثَاقَ اللّٰہِ

کے وقت اور دن کی ہر گھڑی میں سلام ہو آپ پر اے خدا کی زمین میں اس کے نمائندہ سلام ہو آپ پر اے خدا کے وہ عہد جو

الَّذِیْ اَخَذَہٗ وَ وَکَّدَہٗ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا وَعْدَ اللّٰہِ الَّذِیْ ضَمِنَہٗ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا الْعَلَمُ

اس نے باندھا اور پکا کیا سلام ہو آپ پر اے خدا کے وعدہ جس کا وہ ضامن ہے سلام ہو آپ پر کہ آپ ہیں گاڑا

الْمَنْصُوْبُ وَ الْعِلْمُ الْمَصْبُوْبُ وَ الْغَوْثُ وَ الرَّحْمَۃُ الْوَاسِعَۃُ وَعْدًا غَیْرَ مَکْذُوْبٍ

ہوا علم سپرد شدہ دانش دادرس کشادہ تر رحمت اور وہ وعدہ جو جھوٹا نہیں

اَلسَّلامُ عَلَیْکَ حِیْنَ تَقُوْمُ اَلسَّلامُ عَلَیْکَ حِیْنَ تَقْعُدُ اَلسَّلامُ عَلَیْکَ حِیْنَ تَقْرءُ وَ تُبَیِّنُ

سلام ہو آپ پر جب آپ قیام کریں گے سلام ہو آپ پر جب منتظر بیٹھے ہیں سلام ہو آپ پر جب قرآن پڑھیں اور تفسیر کریں

اَلسَّلامُ عَلَیْکَ حِیْنَ تُصَلِّیْ وَ تَقْنُتُ اَلسَّلامُ عَلَیْکَ حِیْنَ تَرْکَعُ وَ تَسْجُدُ اَلسَّلامُ عَلَیْکَ

سلام ہو آپ پر جب نماز گزاریں اور قنوت پڑھیں سلام ہو آپ پر جب رکوع و سجدہ کریں سلام ہو آپ پر

حِیْنَ تُهَلِّلُ وَ تُکَبِّرُ اَلسَّلامُ عَلَیْکَ حِیْنَ تَحْمَدُ وَ تَسْتَغْفِرُ اَلسَّلامُ عَلَیْکَ حِیْنَ تُصْبِحُ

جب ذکر الٰہی کریں سلام ہو آپ پر جب حمد و استغفار کریں جب آپ صبح اور

وَ تُمْسِیْ اَلسَّلامُ عَلَیْکَ فِی اللَّیْلِ اِذَا یَغْشٰی وَ النَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰی اَلسَّلامُ عَلَیْکَ اَیُّهَا

شام کریں سلام ہو آپ پر رات میں جب وہ چھا جائے اور دن میں جب روشن ہو جائے سلام ہو آپ پر اے

الْاِمَامُ الْمَاْمُوْنُ اَلسَّلامُ عَلَیْکَ اَیُّهَا الْمُقَدَّمُ الْمَاْمُوْلُ اَلسَّلامُ عَلَیْکَ بِجَوَامِعِ السَّلامِ

امن یافتہ امام سلام ہو آپ پر اے آپ کے آنے کی آرزو ہے سلام ہو آپ پر ہر طرف سے سلام

اُشْهِدُکَ یَا مَوْلَایَ اَنِّیْ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْکَ لَهٗ وَ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ

میں گواہ کرتا ہوں آپ کو اے میرے آقا میں گواہی دیتا ہوں کہ نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے وہ یگانہ ہے اس کا کوئی ساجھی نہیں اور یہ کہ

وَ رَسُوْلُهٗ لَا حَبِیْبَ اِلَّا هُوَ وَ اَهْلُهٗ وَ اُشْهِدُکَ یَا مَوْلَایَ اَنَّ عَلِیًّا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ حُجَّتُهٗ

حضرت محمدؐ اس کے بندہ و رسول ہیں نہیں کوئی حبیب سوائے ان کے اور ان کے اہل بیتؑ کے آپ کو گواہ بناتا ہوں اے میرے آقا اس پر کہ

وَ الْحَسَنَ حُجَّتُهٗ وَ الْحُسَیْنَ حُجَّتُهٗ وَ عَلِیَّ بْنَ الْحُسَیْنِ حُجَّتُهٗ وَ مُحَمَّدَ بْنَ عَلِیٍّ حُجَّتُهٗ

علی امیرالمومنینؑ اور اس کی حجت ہیں حسنؑ اس کی حجت ہیں حسینؑ اس کی حجت ہیں علی بن الحسینؑ اس کی حجت ہیں محمد بن علیؑ اس کی حجت

وَ جَعْفَرَ بْنَ مُحَمَّدٍ حُجَّتُهٗ وَ مُوْسَی بْنَ جَعْفَرٍ حُجَّتُهٗ وَ عَلِیَّ بْنَ مُوْسٰی حُجَّتُهٗ وَ مُحَمَّدَ

ہیں جعفرؑ بن محمدؑ اس کی حجت ہیں موسیٰؑ بن جعفرؑ اس کی حجت ہیں علیؑ بن موسیٰؑ اس کی حجت ہیں محمد بن

بْنَ عَلِیٍّ حُجَّتُهٗ وَ عَلِیَّ بْنَ مُحَمَّدٍ حُجَّتُهٗ وَ الْحَسَنَ بْنَ عَلِیٍّ حُجَّتُهٗ وَ اَشْهَدُ اَنَّکَ حُجَّةُ

علی اس کی حجت ہیں علیؑ بن محمدؑ اس کی حجت ہیں حسنؑ بن علیؑ اس کی حجت ہیں اور میں گواہ ہوں کہ آپ خدا کی حجت ہیں

اللّٰهِ اَنْتُمُ الْاَوَّلُ وَ الْاٰخِرُ وَ اَنَّ رَجْعَتَکُمْ حَقٌّ لَّا رَیْبَ فِیْهَا یَوْمَ لَا یَنْفَعُ نَفْسًا اِیْمَانُهَا لَمْ

آپ ہی ہیں اول و آخر اور آپ کی رجعت حق ہے اس میں کوئی شک نہیں اس دن ایمان لانے کو کچھ نفع نہ ہوگا

تَكُنْ اٰمَنَتْ مِنْ قَبْلُ اَوْ كَسَبَتْ فِيْٓ اِيْمَانِهَا خَيْرًا وَّ اَنَّ الْمَوْتَ حَقٌّ وَّ اَنَّ نَاكِرًا وَّ نَكِيْرًا

جو اس سے پہلے ایمان نہ لایا ہو یا ایمان کے تحت نیکی کے کام نہ کیے ہوں اور یقیناً موت حق ہے بے شک منکر ونکیر

حَقٌّ وَّ اَشْهَدُ اَنَّ النَّشْرَ حَقٌّ وَّ الْبَعْثَ حَقٌّ وَّ اَنَّ الصِّرَاطَ حَقٌّ وَّ الْمِرْصَادَ حَقٌّ وَّ الْمِيْزَانَ

وَ اُولُوا الْعِلْمِ مِنْ خَلْقِہٖ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ وَ اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ

ہوں کہ حضرت محمدؐ اس کے برگزیدہ بندے اور اس کے پسند کردہ رسولؐ ہیں جن کو اس نے ہدایت اور سچے دین کے ساتھ بھیجا تاکہ وہ

الْمُنْتَجَبُ وَ رَسُوْلُہُ الْمُرْتَضٰی اَرْسَلَہٗ بِالْھُدٰی وَ دِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْھِرَہٗ عَلَی الدِّیْنِ کُلِّہٖ



اسے تمام دینوں پر غالب کر دیں اگرچہ مشرک پسند نہ بھی کریں اور میں گواہ ہوں کہ آپ امام ہیں ہدایت والے سنورے ہوئے گناہ سے

وَ لَوْ کَرِہَ الْمُشْرِکُوْنَ وَ اَشْھَدُ اَنَّکُمُ الْاَئِمَّۃُ الرَّاشِدُوْنَ الْمَھْدِیُّوْنَ الْمَعْصُوْمُوْنَ

بچائے ہوئے بزرگیوں والے اس سے نزدیک تر پرہیز گار صدق والے چنے ہوئے خدا کے اطاعت گزار اس کے حکم پر کمربستہ اس کے

الْمُکَرَّمُوْنَ الْمُقَرَّبُوْنَ الْمُتَّقُوْنَ الصَّادِقُوْنَ الْمُصْطَفُوْنَ الْمُطِیْعُوْنَ لِلّٰہِ الْقَوَّامُوْنَ بِاَمْرِہٖ

ارادے پر عمل کرنے والے اور اس کی مہربانی سے کامیاب ہیں کہ اس نے اپنے علم کے لیے آپ کو چنا اپنے غیب کے لیے آپ کو پسند کیا

الْعَامِلُوْنَ بِاِرَادَتِہٖ الْفَائِزُوْنَ بِکَرَامَتِہٖ اصْطَفَاکُمْ بِعِلْمِہٖ وَ ارْتَضَاکُمْ لِغَیْبِہٖ وَ اخْتَارَکُمْ

اپنے راز کے لیے آپ کو منتخب کیا اپنی قدرت سے آپ کو اپنا بنایا اپنی ہدایت سے عزت دی اور اپنی دلیل کے لیے خاص کیا اس نے آپ

لِسِرِّہٖ وَ اجْتَبَاکُمْ بِقُدْرَتِہٖ وَ اَعَزَّکُمْ بِھُدَاہُ وَ خَصَّکُمْ بِبُرْھَانِہٖ وَ انْتَجَبَکُمْ لِنُوْرِہٖ وَ اَیَّدَکُمْ

کو اپنے نور کے لیے چنا روح القدس سے آپ کو قوت دی اپنی زمین میں آپ کو اپنے نائب قرار دیا اپنی مخلوق پر اپنی حجتیں بنایا اپنے دین

بِرُوْحِہٖ وَ رَضِیَکُمْ خُلَفَاءَ فِیْ اَرْضِہٖ وَ حُجَجًا عَلٰی بَرِیَّتِہٖ وَ اَنْصَارًا لِدِیْنِہٖ وَ حَفَظَۃً لِسِرِّہٖ

کے ناصر اور اپنے راز کے نگہدار اور اپنے علم کے خزینہ دار بنایا اپنی حکمت ان کے سپرد کی آپ کو اپنی وحی کے ترجمان اور اپنی توحید کے

وَ خَزَنَةً لِعِلْمِهِ وَ مُسْتَوْدَعًا لِحِكْمَتِهِ وَ تَرَاجِمَةً لِوَحْيِهِ وَ اَرْكَانًا لِتَوْحِيْدِهِ وَ شُهَدَآءَ

مبلغ بنایا اس نے آپ کو اپنی مخلوق پر گواہ قرار دیا اپنے بندوں کے لیے نشان منزل اپنے شہروں کی روشنی اور اپنے راستے کے رہبر قرار دیا

عَلٰی خَلْقِهِ وَ اَعْلَامًا لِعِبَادِهِ وَ مَنَارًا فِیْ بِلَادِهِ وَ اَدِلَّآءَ عَلٰی صِرَاطِهِ عَصَمَكُمُ اللّٰهُ مِنَ

خدا نے آپ کو خطاؤں سے بچایا جھگڑوں سے محفوظ کیا اور ہر آلودگی سے صاف رکھا آلائش آپ سے دور کر دی اور آپ کو پاک رکھا

الزَّلَلِ وَ اٰمَنَكُمْ مِنَ الْفِتَنِ وَ طَهَّرَكُمْ مِنَ الدَّنَسِ وَ اَذْهَبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ وَ طَهَّرَكُمْ

بہت پاک پس آپ نے اس کے جلال کی بڑائی کی اس کے مقام کو بلند جانا اس کی بزرگی کی توصیف کی اس کے ذکر کو جاری رکھا اس کے

تَطْهِيْرًا فَعَظَّمْتُمْ جَلَالَهٗ وَ اَكْبَرْتُمْ شَاْنَهٗ وَ مَجَّدْتُمْ كَرَمَهٗ وَ اَدَمْتُمْ ذِكْرَهٗ وَ وَكَّدْتُمْ مِيْثَاقَهٗ

عہد کو پختہ کیا اس کی فرمانبرداری کے عقیدے کو محکم بنایا آپ نے پوشیدہ و ظاہر اس کا ساتھ دیا اور اس کے سیدھے راستے کی طرف

وَ اَحْكَمْتُمْ عَقْدَ طَاعَتِهِ وَ نَصَحْتُمْ لَهٗ فِی السِّرِّ وَ الْعَلَانِيَةِ وَ دَعَوْتُمْ اِلٰی سَبِيْلِهِ بِالْحِكْمَةِ

لوگوں کو دانشمندی اور بہترین گفتگو کے ذریعے بلایا آپ نے اس کی رضا کے لیے اپنی جانیں قربان کیں اور اس کی راہ میں آپ کو جو دکھ

وَ الْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَ بَذَلْتُمْ اَنْفُسَكُمْ فِیْ مَرْضَاتِهِ وَ صَبَرْتُمْ عَلٰی مَا اَصَابَكُمْ فِیْ جَنْبِهِ



پہنچے ان کو صبر سے جھیلا آپ نے نماز قائم رکھی اور زکوٰۃ دیتے رہے آپ نے نیک کاموں کا حکم دیا برے کاموں سے منع فرمایا اور خدا کی

وَ اَقَمْتُمُ الصَّلٰوةَ وَ اٰتَيْتُمُ الزَّكٰوةَ وَ اَمَرْتُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَ نَهَيْتُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ وَ جَاهَدْتُمْ

راہ میں جہاد کا حق ادا کیا چنانچہ آپ نے اس کا پیغام عام کیا اس کے عائد کردہ فرائض بتائے اور اس کی مقررہ حدیں جاری کیں آپ

فِی اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهِ حَتّٰی اَعْلَنْتُمْ دَعْوَتَهٗ وَ بَيَّنْتُمْ فَرَائِضَهٗ وَ اَقَمْتُمْ حُدُوْدَهٗ وَ نَشَرْتُمْ

نے اس کے احکام بیان کیے اس کے طریقے رائج کیے اور اس میں آپ اس کی رضا کے طالب ہوئے آپ نے اس کے ہر فیصلے کو تسلیم کیا

شَرَايِعَ اَحْكَامِهِ وَ سَنَنْتُمْ سُنَّتَهٗ وَ صِرْتُمْ فِیْ ذٰلِكَ مِنْهُ اِلَی الرِّضَا وَ سَلَّمْتُمْ لَهُ الْقَضَآءَ

اور آپ نے اس کے گزشتہ پیغمبروں کی تصدیق کی پس آپ سے ہٹنے والا دین سے نکل گیا آپ کا ہمراہی دیندار رہا اور آپ کے حق کو

وَ صَدَّقْتُمْ مِنْ رُسُلِهِ مَنْ مَضٰی فَالرَّاغِبُ عَنْكُمْ مَارِقٌ وَ اللَّازِمُ لَكُمْ لَاحِقٌ وَ الْمُقَصِّرُ فِیْ

کمتر سمجھنے والا نابود ہوا حق آپ کے ساتھ ہے آپ میں ہے آپ کی طرف سے ہے آپ کی طرف آیا ہے آپ حق والے ہیں اور مرکز حق

حَقِّكُمْ زَاهِقٌ وَ الْحَقُّ مَعَكُمْ وَ فِيْكُمْ وَ مِنْكُمْ وَ اِلَيْكُمْ وَ اَنْتُمْ اَهْلُهٗ وَ مَعْدِنُهٗ وَ مِيْرَاثُ

ہیں نبوت کا ترکہ آپ کے پاس ہے لوگوں کی واپسی آپ کی طرف اور ان کا حساب آپ کو لینا ہے آپ حق و باطل کا فیصلہ کرنے والے

النُّبُوَّةِ عِنْدَكُمْ وَ اِيَابُ الْخَلْقِ اِلَيْكُمْ وَ حِسَابُهُمْ عَلَيْكُمْ وَ فَصْلُ الْخِطَابِ عِنْدَكُمْ

ہیں خدا کی آیتیں اور اس کے ارادے آپ کے دلوں میں ہیں اس کا نور اور محکم دلیل آپ کے پاس ہے اور اس کا حکم آپ کی طرف آیا

وَ آيَاتُ اللّٰهِ لَدَيْكُمْ وَ عَزَائِمُهُ فِيْكُمْ وَ نُوْرُهُ وَ بُرْهَانُهُ عِنْدَكُمْ وَ اَمْرُهُ اِلَيْكُمْ مَنْ وَالَا

ہے آپ کا دوست خدا کا دوست اور جو آپ کا دشمن ہے وہ خدا کا دشمن ہے جس نے آپ سے محبت کی اس نے خدا سے محبت کی اور جس

كُمْ فَقَدْ وَالَى اللّٰهِ وَ مَنْ عَادَاكُمْ فَقَدْ عَادَ اللّٰهَ وَ مَنْ اَحَبَّكُمْ فَقَدْ اَحَبَّ اللّٰهَ وَ مَنْ

نے آپ سے نفرت کی اس نے خدا سے نفرت کی اور جو آپ سے وابستہ ہوا وہ خدا سے وابستہ ہوا کیونکہ آپ سیدھا راستہ دنیا میں لوگوں

اَبْغَضَكُمْ فَقَدْ اَبْغَضَ اللّٰهَ وَ مَنِ اعْتَصَمَ بِكُمْ فَقَدِ اعْتَصَمَ بِاللّٰهِ اَنْتُمُ الصِّرَاطُ الْاَقْوَمُ

پر شاہد و گواہ اور آخرت میں شفاعت کرنے والے ہیں آپ ختم نہ ہونے والی رحمت محفوظ شدہ آیت سنبھالی ہوئی امانت اور وہ راستہ ہیں

وَ شُهَدَاءُ دَارِ الْفَنَاءِ وَ شُفَعَآءُ دَارِ الْبَقَاءِ وَ الرَّحْمَةُ الْمَوْصُوْلَةُ وَالْآيَةُ الْمَخْزُوْنَةُ

جس سے لوگ آزمائے جاتے ہیں جو آپ کے پاس آیا نجات پا گیا اور جو ہٹا رہا وہ تباہ ہو گیا آپ خدا کی طرف بلانے والے اور اس کی

وَ الْاَمَانَةُ الْمَحْفُوْظَةُ وَ الْبَابُ الْمُبْتَلٰى بِهِ النَّاسُ مَنْ اَتَاكُمْ نَجٰى وَ مَنْ لَمْ يَاْتِكُمْ هَلَكَ



طرف رہبری کرنے والے ہیں آپ اس پر ایمان رکھتے اور اس کے فرمانبردار ہیں آپ اس کا حکم ماننے والے اس کے راستے کی طرف

اِلَى اللّٰهِ تَدْعُوْنَ وَ عَلَيْهِ تَدُلُّوْنَ وَ بِهِ تُؤْمِنُوْنَ وَلَهُ تُسَلِّمُوْنَ وَ بِاَمْرِهِ تَعْمَلُوْنَ وَ اِلٰى سَبِيْلِهِ

لے جانے والے اور اس کے حکم سے فیصلہ دینے والے ہیں کامیاب ہوا جو آپ کا دوست ہے ہلاک ہوا جو آپ کا دشمن ہے اور خوار ہوا

تُرْشِدُوْنَ وَ بِقَوْلِهِ تَحْكُمُوْنَ سَعَدَ مَنْ وَالَاكُمْ وَ هَلَكَ مَنْ عَادَاكُمْ وَ خَابَ مَنْ

جس نے آپ کا انکار کیا گمراہ ہوا جو آپ سے جدا ہوا اور بامراد ہوا جو آپ کے ہمراہ رہا اور اسے امن ملا جس نے آپ کی پناہ لی

جَحَدَكُمْ وَ ضَلَّ مَنْ فَارَقَكُمْ وَ فَازَ مَنْ تَمَسَّكَ بِكُمْ وَ اَمِنَ مَنْ لَجَاَ اِلَيْكُمْ وَ سَلِمَ مَنْ

سلامت رہا جس نے آپ کی تصدیق کی اور ہدایت پا گیا جس نے آپ کا دامن پکڑا جس نے آپ کی اتباع کی اس کا مقام جنت ہے

صَدَّقَكُمْ وَ هُدِىَ مَنِ اعْتَصَمَ بِكُمْ مَنِ اتَّبَعَكُمْ فَالْجَنَّةُ مَاْوٰيهُ وَ مَنْ خَالَفَكُمْ فَالنَّارُ مَثْوٰيهُ

اور جس نے آپ کی نافرمانی کی اس کا ٹھکانا جہنم ہے جس نے آپ کا انکار کیا وہ کافر ہے جس نے آپ سے جنگ کی وہ مشرک ہے اور

وَ مَنْ جَحَدَكُمْ كَافِرٌ وَّ مَنْ حَارَبَكُمْ مُشْرِكٌ وَّ مَنْ رَدَّ عَلَيْكُمْ فِىْ اَسْفَلِ دَرْكٍ مِّ

جس نے آپ کو غلط قرار دیا وہ جہنم کے سب سے نچلے طبقے میں ہوگا میں گواہ ہوں کہ یہ مقام آپ کو گزشتہ زمانے میں حاصل تھا اور آئندہ

الْجَحِيْمِ اَشْهَدُ اَنَّ هٰذَا سَابِقٌ لَّكُمْ فِيْمَا مَضٰى وَ جَارٍ لَّكُمْ فِيْمَا بَقِىَ وَ اَنَّ اَرْوَاحَكُمْ

زمانے میں بھی حاصل رہے گا بے شک آپ سب کی روحیں آپ کے نور اور آپ کی اصل ایک ہے جو خوش آیند اور پاکیزہ ہے کہ آپ

وَ نُوْرَكُمْ وَ طِيْنَتَكُمْ وَاحِدَةٌ طَابَتْ وَ طَهُرَتْ بَعْضُهَا مِنْ بَعْضٍ خَلَقَكُمُ اللّٰهُ اَنْوَارًا

میں سے بعض بعض کی اولاد ہیں خدا نے آپ کو بشکل نور پیدا کیا پھر آپ سب کو اپنے عرش کے چوگرد رکھا حتیٰ کہ ہم پر احسان کیا اور

فَجَعَلَكُمْ بِعَرْشِهٖ مُحْدِقِيْنَ حَتّٰى مَنَّ عَلَيْنَا بِكُمْ فَجَعَلَكُمْ فِىْ بُيُوْتٍ اَذِنَ اللّٰهُ اَنْ تُرْفَعَ

آپ کو بھیجا پس آپ کو ان گھروں میں رکھا جن کو خدا نے بلند کیا اور ان میں اس کا نام لیا جاتا ہے اس نے قرار دی آپ پر ہماری صلوات

وَ يُذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ وَ جَعَلَ صَلَاتَنَا عَلَيْكُمْ وَ مَا خَصَّنَا بِهٖ مِنْ وِّلَايَتِكُمْ طِيْبًا لِّخَلْقِنَا

اس سے ہمیں آپ کی ولایت میں خصوصیت دی اسے ہماری پاکیزہ پیدائش ہمارے نفسوں کی صفائی ہمارے باطن کی درستی کا ذریعہ اور

وَ طَهَارَةً لِّاَنْفُسِنَا وَ تَزْكِيَةً لَّنَا وَ كَفَّارَةً لِّذُنُوْبِنَا فَكُنَّا عِنْدَهٗ مُسَلِّمِيْنَ بِفَضْلِكُمْ

گناہوں کا کفارہ بنایا پس ہم اس کے حضور آپ کی فضیلت کو ماننے والے اور آپ کی تصدیق کرنے والے قرار پا گئے ہیں ہاں خدا آپ

وَ مَعْرُوْفِيْنَ بِتَصْدِيْقِنَا اِيَّاكُمْ فَبَلَغَ اللّٰهُ بِكُمْ اَشْرَفَ مَحَلِّ الْمُكَرَّمِيْنَ وَ اَعْلٰى مَنَازِلَ

کو صاحبانِ عظمت کے بلند مقام پر پہنچائے اپنے مقربوں کی بلند منزلوں تک لے جائے اور اپنے پیغمبروں کے اونچے مراتب عطا کرے

الْمُقَرَّبِيْنَ وَ اَرْفَعَ دَرَجَاتِ الْمُرْسَلِيْنَ حَيْثُ لَا يَلْحَقُهٗ لَاحِقٌ وَّلَا يَفُوْقُهٗ فَائِقٌ وَّ لَا يَسْبِقُهٗ

اس طرح کہ پیچھے والا وہاں نہ پہنچ سکے کوئی اوپر والا اس مقام سے بلند نہ ہو اور کوئی آگے والا آگے نہ بڑھے اور کوئی طمع کرنے والا اس مقام

سَابِقٌ وَّلَا يَطْمَعُ فِىْ اِدْرَاكِهٖ طَامِعٌ حَتّٰى لَا يَبْقٰى مَلَكٌ مُّقَرَّبٌ وَّ لَا نَبِىٌّ مُّرْسَلٌ وَّ لَا

کی طمع نہ کرے یہاں تک کہ باقی نہ رہے کوئی مقرب فرشتہ نہ کوئی نبی و پیغمبر نہ کوئی صدیق اور نہ شہید نہ کوئی عالم اور نہ جاہل نہ کوئی پست

صِدِّيْقٌ وَّلَا شَهِيْدٌ وَّلَا عَالِمٌ وَّلَا جَاهِلٌ وَّلَا دَنِىٌّ وَّلَا فَاضِلٌ وَّلَا مُؤْمِنٌ صَالِحٌ وَّلَا فَاجِرٌ

اور نہ بافضیلت نہ کوئی نیکوکار مومن اور نہ بدکار بداطوار نہ کوئی ضدی سرکش اور نہ کوئی مغرور شیطان اور نہ کوئی اور مخلوق گواہی دے سوائے

طَالِحٌ وَّلَا جَبَّارٌ عَنِيْدٌ وَّلَا شَيْطَانٌ مَّرِيْدٌ وَّلَا خَلْقٌ فِيْمَا بَيْنَ ذٰلِكَ شَهِيْدٌ اِلَّا عَرَّفَهُمْ

اس کے کہ وہ ان کو آپ کی شان سے آگاہ کرے آپ کے مقام کی بلندی آپ کی شان کی بڑائی آپ کے نور کی کاملیت آپ کے

جَلَالَةَ اَمْرِكُمْ وَ عِظَمَ خَطَرِكُمْ وَ كِبَرَ شَاْنِكُمْ وَ تَمَامَ نُوْرِكُمْ وَ صِدْقَ مَقَاعِدِكُمْ

درست درجات آپ کے مراتب کی ہمیشگی آپ کے خاندان کی بزرگی اس کے ہاں آپ کے مقام اس کے سامنے آپ کی بزرگواری اس

وَ ثَبَاتَ مَقَامِكُمْ وَ شَرَفَ مَحَلِّكُمْ وَ مَنْزِلَتِكُمْ عِنْدَهُ وَ كَرَامَتَكُمْ عَلَيْهِ وَ خَاصَّتَكُمْ لَدَيْهِ

کے ساتھ آپ کی خصوصیت اور اس سے آپ کے مقام کے قرب کی گواہی دے میرے ماں باپ میرے گھر میرا مال اور میرا خاندان

وَ قُرْبَ مَنْزِلَتِكُمْ مِنْهُ بِأَبِيْ أَنْتُمْ وَ أُمِّيْ وَ أَهْلِيْ وَ مَالِيْ وَ أُسْرَتِيْ أُشْهِدُ اللّٰهَ وَ أُشْهِدُكُمْ

آپ پر قربان میں گواہ بناتا ہوں خدا کو اور آپ کو اس پر میں ایمان رکھتا ہوں جس پر آپ ایمان رکھتے ہیں منکر ہوں آپ کے دشمن کا اور

أَنِّيْ مُؤْمِنٌ بِكُمْ وَ بِمَا آمَنْتُمْ بِهٖ كَافِرٌ بِعَدُوِّكُمْ وَ بِمَا كَفَرْتُمْ بِهٖ مُسْتَبْصِرٌ بِشَأْنِكُمْ

جس چیز کا آپ انکار کرتے ہیں آپ کی شان کو جانتا ہوں اور آپ کے مخالف کی گمراہی کو سمجھتا ہوں محبت رکھتا ہوں آپ سے اور آپ

وَ بِضَلَالَةِ مَنْ خَالَفَكُمْ مُوَالٍ لَكُمْ وَ لِأَوْلِيَائِكُمْ مُبْغِضٌ لِأَعْدَائِكُمْ وَ مُعَادٍ لَهُمْ سِلْمٌ

کے دوستوں سے نفرت کرتا ہوں آپ کے دشمنوں سے اور ان کا دشمن ہوں میری صلح ہے اس سے جو آپ سے صلح رکھے اور جنگ ہے

لِمَنْ سَالَمَكُمْ وَ حَرْبٌ لِمَنْ حَارَبَكُمْ مُحَقِّقٌ لِمَا حَقَّقْتُمْ مُبْطِلٌ لِمَا أَبْطَلْتُمْ مُطِيعٌ لَكُمْ

اس سے جو آپ سے جنگ کرے حق کہتا ہوں اسے جس کو آپ حق کہیں باطل کہتا ہوں اسے جس کو آپ باطل کہیں آپ کا فرمانبردار

عَارِفٌ بِحَقِّكُمْ مُقِرٌّ بِفَضْلِكُمْ مُحْتَمِلٌ لِعِلْمِكُمْ مُحْتَجِبٌ بِذِمَّتِكُمْ مُعْتَرِفٌ بِكُمْ



ہوں آپ کے حق کو پہچانتا ہوں آپ کی بڑائی کو مانتا ہوں آپ کے علم کا معتقد ہوں آپ کی ولایت میں پناہ گزین ہوں آپ کی ذات کا

مُؤْمِنٌ بِإِيَابِكُمْ مُصَدِّقٌ بِرَجْعَتِكُمْ مُنْتَظِرٌ لِأَمْرِكُمْ مُرْتَقِبٌ لِدَوْلَتِكُمْ آخِذٌ بِقَوْلِكُمْ

اقرار کرتا ہوں آپ کے بزرگان کا معتقد ہوں آپ کی رجعت کی تصدیق کرتا ہوں آپ کے دور کا منتظر ہوں آپ کی حکومت کا انتظار

عَامِلٌ بِأَمْرِكُمْ مُسْتَجِيرٌ بِكُمْ زَائِرٌ لَكُمْ لَائِذٌ عَائِذٌ بِقُبُورِكُمْ مُسْتَشْفِعٌ إِلَى اللّٰهِ

کرتا ہوں آپ کا قول قبول کرتا ہوں آپ کے حکم پر عمل کرتا ہوں آپ کی پناہ میں ہوں آپ کی زیارت کو آیا ہوں آپ کی قبور میں

عَزَّ وَ جَلَّ بِكُمْ وَ مُتَقَرِّبٌ بِكُمْ إِلَيْهِ وَ مُقَدِّمُكُمْ أَمَامَ طَلِبَتِيْ وَ حَوَائِجِيْ وَ إِرَادَتِيْ فِيْ

پوشیدہ ہو کر پناہ لی ہے خدا کے حضور آپ کو اپنا سفارشی بناتا ہوں آپ کے ذریعے اس کا قرب چاہتا ہوں آپ کو اپنی ضرورتوں حاجتوں

كُلِّ أَحْوَالِيْ وَ أُمُوْرِيْ مُؤْمِنٌ بِسِرِّكُمْ وَ عَلَانِيَتِكُمْ وَ شَاهِدِكُمْ وَ غَائِبِكُمْ وَ أَوَّلِكُمْ

اور اراووں کا وسیلہ بناتا ہوں اپنے ہر حال اور ہر کام میں اور ایمان رکھتا ہوں آپ میں سے نہاں اور عیاں پر آپ میں سے ظاہر اور

وَ آخِرِكُمْ وَ مُفَوِّضٌ فِيْ ذٰلِكَ كُلِّهٖ إِلَيْكُمْ وَ مُسَلِّمٌ فِيْهِ مَعَكُمْ وَ قَلْبِيْ لَكُمْ مُسَلِّمٌ

پوشیدہ پر آپ میں سے اول اور آخر پر ان تمام امور کے ساتھ خود کو آپ کے سپرد کرتا ہوں ان میں آپ کو رہبر مانتا ہوں میرا دل آپ کا

وَ رَأْيِي لَكُمْ تَبَعٌ وَ نُصْرَتِي لَكُمْ مُعَدَّةٌ حَتّٰى يُحْيِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى دِيْنَهُ بِكُمْ وَ يَرُدَّكُمْ فِي

معتقد ہے میرا ارادہ آپ کے تابع ہے میری مدد و نصرت آپ کے لیے حاضر ہے یہاں تک کہ خدا آپ کے ہاتھوں اپنے دین کو زندہ

اَيَّامِهٖ وَ يُظْهِرَكُمْ لِعَدْلِهٖ وَ يُمَكِّنَكُمْ فِي اَرْضِهٖ فَمَعَكُمْ مَعَكُمْ لَا مَعَ غَيْرِكُمْ آمَنْتُ بِكُمْ

کرے آپ کو اس زمانے میں لے جائے قیام عدل میں آپ کی مدد کرے اور آپ کو اپنی زمین میں اقتدار دے پس میں صرف آپ

وَ تَوَلَّيْتُ آخِرَكُمْ بِمَا تَوَلَّيْتُ بِهٖ اَوَّلَكُمْ وَ بَرِئْتُ اِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَ جَلَّ مِنْ اَعْدَائِكُمْ وَ مِنَ

کے ساتھ ہوں آپ کے غیر کے ساتھ نہیں آپ کا معتقد ہوں اور آپ میں سے آخری کا محب ہوں جیسے آپ میں سے اول کا محب ہوں

الْجِبْتِ وَالطَّاغُوْتِ وَالشَّيَاطِيْنِ وَ حِزْبِهِمُ الظَّالِمِيْنَ لَكُمُ الْجَاحِدِيْنَ لِحَقِّكُمْ

میں خدائے عزوجل کے سامنے آپ کے دشمنوں سے بیزاری کرتا ہوں اور بیزار ہوں بتوں سے سرکشوں سے شیطانوں سے اور ان کے

وَالْمَارِقِيْنَ مِنْ وِلَايَتِكُمْ وَالْغَاصِبِيْنَ لِاِرْثِكُمُ الشَّاكِّيْنَ فِيْكُمُ الْمُنْحَرِفِيْنَ عَنْكُمْ وَ مِنْ

گروہ سے جو آپ پر ظلم کرنے والے آپ کے حق کا انکار کرنے والے آپ کی ولایت سے نکل جانے والے آپ کی وراثت غصب

كُلِّ وَلِيْجَةٍ دُوْنَكُمْ وَ مِنْ كُلِّ مُطَاعٍ سِوَاكُمْ وَ مِنَ الْاَئِمَّةِ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ اِلَى النَّارِ



کرنے والے آپ پر شک لانے والے آپ سے پھر جانے والے ہیں اور بیزار ہوں میں آپ کے سوا ہر جماعت سے آپ کے سوا ہر

فَثَبَّتَنِيَ اللّٰهُ اَبَدًا مَا حَيِيْتُ عَلٰى مُوَالَاتِكُمْ وَ مَحَبَّتِكُمْ وَ دِيْنِكُمْ وَ وَفَّقَنِيْ لِطَاعَتِكُمْ

اطاعت کرانے والے سے اور ان پیشواؤں سے بیزار ہوں جو جہنم میں لے جانے والے ہیں پس خدا مجھے قائم رکھے جب تک زندہ ہوں

وَ رَزَقَنِيْ شَفَاعَتَكُمْ وَ جَعَلَنِيْ مِنْ خِيَارِ مَوَالِيْكُمُ التَّابِعِيْنَ لِمَا دَعَوْتُمْ اِلَيْهِ وَ جَعَلَنِيْ مِمَّنْ

آپ کی دوستی پر آپ کی محبت پر آپ کے دین پر اور توفیق دے آپ کی پیروی کی کرتے ہیں جس کی اور آپ کی شفاعت نصیب کرے

يَقْتَصُّ آثَارَكُمْ وَ يَسْلُكُ سَبِيْلَكُمْ وَ يَهْتَدِيْ بِهُدٰيكُمْ وَ يُحْشَرُ فِيْ زُمْرَتِكُمْ وَ يَكِرُّ فِيْ

خدا مجھ کو آپ کے بہترین دوستوں میں رکھے جو اس چیز کی پیروی آپ نے دعوت دی اور رکھے مجھ کو ان میں جو آپ کے اقوال نقل

رَجْعَتِكُمْ وَ يُمَلَّكُ فِيْ دَوْلَتِكُمْ وَ يُشَرَّفُ فِيْ عَافِيَتِكُمْ وَ يُمَكَّنُ فِيْ اَيَّامِكُمْ وَ تَقَرُّ عَيْنُهٗ

کرتے ہیں مجھے آپ کی راہ پر چلائے آپ کی ہدایت سے بہرہ ور کرے آپ کے گروہ میں اٹھائے آپ کی رجعت میں مجھے بھی لوٹائے

غَدًا بِرُؤْيَتِكُمْ بِاَبِيْ اَنْتُمْ وَ اُمِّيْ وَ نَفْسِيْ وَ اَهْلِيْ وَ مَالِيْ مَنْ اَرَادَ اللّٰهَ بَدَءَ بِكُمْ وَ مَنْ

آپ کی حکومت میں آپ کی رعایا بنائے آپ کے دامن میں عزت دے آپ کے عہد میں اعلیٰ مقام دے اور ان میں رکھے جو کل آپ

وَحَّدَهُ قَبِلَ عَنْكُمْ وَمَنْ قَصَدَهُ تَوَجَّهَ بِكُمْ مَوَالِيَّ لَا اُحْصِيْ

کے مدارے آنکھیں ٹھنڈی کریں گے میرے ماں باپ میری جان میرا خاندان اور مال آپ پر قربان جو خدا کو چاہے وہ آپ سے ملتا

ثَنَائَكُمْ وَلَا اَبْلُغُ مِنَ الْمَدْحِ كُنْهَكُمْ وَمِنَ الْوَصْفِ قَدْرَكُمْ وَاَنْتُمْ

ہے جو اسے یکتا سمجھے وہ آپ کی بات مانتا ہے جو اس کی طرف بڑھے وہ آپ کا رخ کرتا ہے میرے سردارو میں آپ کی تعریف کا اندازہ

نُوْرُ الْاَخْيَارِ وَهُدَاةُ الْاَبْرَارِ وَحُجَجُ الْجَبَّارِ بِكُمْ فَتَحَ اللّٰهُ وَبِكُمْ يَخْتِمُ

نہیں کرسکتا نہ آپ کی مدح کی حقیقت کو سمجھ سکتا ہوں اور نہ آپ کی شان کا تصور کرسکتا ہوں آپ شرفاء کا نور نیکوکاروں کے رہبر اور

وَبِكُمْ يُنَزِّلُ الْغَيْثَ وَبِكُمْ يُمْسِكُ السَّمَاءَ اَنْ تَقَعَ عَلَى الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِهِ وَبِكُمْ

خدائے قادر کی حجتیں ہیں خدا نے آپ سے آغاز وانجام کیا ہے وہ آپ کے ذریعے مینہ برساتا ہے آپ کے ذریعے آسمان کو تھامتا ہے

يُنَفِّسُ الْهَمَّ وَيَكْشِفُ الضُّرَّ وَعِنْدَكُمْ مَا نَزَلَتْ بِهِ رُسُلُهُ وَهَبَطَتْ بِهِ

کہ مبادا زمین پر آگرے مگر اس کے حکم سے وہ آپ کے ذریعے غم دور کرتا اور سختی ہٹاتا ہے وہ پیغام آپ کے پاس ہے جو اس کے رسول

مَلَائِكَتُهُ وَاِلٰى جَدِّكُمْ (اگر حضرت علی علیہ السلام کی زیارت ہے تو: ﴿اِلٰى جَدِّكُمْ﴾

لائے اور فرشتے جس کو لے کر اترے اور آپ کے نانا کی طرف۔ اور آپ کے نانا کی طرف

کی بجائے کہے ﴿اِلٰى اَخِيْكَ﴾) بُعِثَ الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ آتَاكُمُ اللّٰهُ مَا لَمْ يُؤْتِ اَحَدًا مِنَ

اور آپ کے بھائی کے پاس آیا روح الامین خدا نے آپ کو وہ نعمت دی جو جہانوں میں کسی کو نہ

الْعَالَمِيْنَ طَأْطَأَ كُلُّ شَرِيْفٍ لِشَرَفِكُمْ وَبَخَعَ كُلُّ مُتَكَبِّرٍ لِطَاعَتِكُمْ وَخَضَعَ كُلُّ جَبَّارٍ

دی ہر بڑائی والا آپ کی بڑائی کے آگے جھکتا ہے ہر مغرور آپ کا حکم مانتا ہے ہر زبردست آپ کی فضیلت کے سامنے خم ہوتا ہے ہر چیز

لِفَضْلِكُمْ وَذَلَّ كُلُّ شَيْءٍ لَكُمْ وَاَشْرَقَتِ الْاَرْضُ بِنُوْرِكُمْ وَفَازَ الْفَائِزُوْنَ بِوِلَايَتِكُمْ

آپ کے آگے پست ہے زمین آپ کے نور سے چمکتی ہے کامیابی پانے والے آپ کی ولایت سے کامیابی پاتے ہیں کہ آپ کے ذریعے

بِكُمْ يُسْلَكُ اِلَى الرِّضْوَانِ وَعَلٰى مَنْ جَحَدَ وِلَايَتَكُمْ غَضَبُ الرَّحْمٰنِ بِاَبِيْ اَنْتُمْ وَاُمِّيْ

رضاء الٰہی حاصل کرتے ہیں اور جو آپ کی ولایت کے منکر ہیں ان پر خدا کا غضب آتا ہے میرے ماں باپ میری جان میرا خاندان اور

وَنَفْسِيْ وَاَهْلِيْ وَمَالِيْ ذِكْرُكُمْ فِي الذَّاكِرِيْنَ وَاَسْمَاؤُكُمْ فِي الْاَسْمَاءِ وَاَجْسَادُكُمْ

مال آپ پر قربان آپ کا ذکر ہے ذکر کرنے والوں میں آپ کے نام خاص ہیں ناموں میں آپ کے جسم اعلیٰ ہیں جسموں میں آپ کی

فِی الْاَجْسَادِ وَ اَرْوَاحُکُمْ فِی الْاَرْوَاحِ وَ اَنْفُسُکُمْ فِی النُّفُوْسِ وَ آثَارُکُمْ فِی الْآثَارِ

روحیں بہترین ہیں روحوں میں آپ کے دل پاکیزہ ہیں دلوں میں آپ کے نشان عمدہ ہیں نشانوں میں اور آپ کی قبریں پاک ہیں قبروں

وَ قُبُوْرُکُمْ فِی الْقُبُوْرِ فَمَا اَحْلٰی اَسْمَآئَکُمْ وَ اَکْرَمَ اَنْفُسَکُمْ وَ اَعْظَمَ شَأْنَکُمْ وَ اَجَلَّ

میں پس کتنے پیارے ہیں آپ کے نام کتنے گرامی ہیں آپ کے نفوس آپ کی شان بلند ہے آپ کا مقام عظیم ہے آپ کا پیمان پورا

خَطَرَکُمْ وَ اَوْفٰی عَهْدَکُمْ وَ اَصْدَقَ وَعْدَکُمْ کَلَامُکُمْ نُوْرٌ وَّ اَمْرُکُمْ رُشْدٌ وَّ وَصِیَّتُکُمُ

ہونے والا اور آپ کا وعدہ سچا ہے آپ کا کلام روشن آپ کے حکم میں ہدایت آپ کی وصیت پرہیزگاری آپ کا فعل عمدہ آپ کی عادت

التَّقْوٰی وَ فِعْلُکُمُ الْخَیْرُ وَ عَادَتُکُمُ الْاِحْسَانُ وَ سَجِیَّتُکُمُ الْکَرَمُ وَ شَأْنُکُمُ الْحَقُّ

پسندیدہ آپ کے اطوار میں بزرگواری آپ کی شان سچائی راستی اور ملائمت ہے آپ کا قول مضبوط و یقینی ہے آپ کی رائے میں علم نرمی

وَالصِّدْقُ وَالرِّفْقُ وَ قَوْلُکُمْ حُکْمٌ وَّ حَتْمٌ وَّ رَأْیُکُمْ عِلْمٌ وَّ حِلْمٌ وَّ حَزْمٌ اِنْ ذُکِرَ الْخَیْرُ

اور پختگی ہے اگر نیکی کا ذکر ہو تو آپ اس میں اول اس کی جڑ اس کی شاخ اس کا مرکز اس کا ٹھکانا اور اس کی انتہا ہیں قربان آپ پر

کُنْتُمْ اَوَّلَهٗ وَ اَصْلَهٗ وَ فَرْعَهٗ وَ مَعْدِنَهٗ وَ مَأْوٰیهُ وَ مُنْتَهَاهُ بِاَبِیْ اَنْتُمْ وَ اُمِّیْ وَ نَفْسِیْ کَیْفَ

میرے ماں باپ اور میری جان کس طرح میں آپ کی زیبا تعریف و توصیف کروں اور آپ کی بہترین آزمائش کا تصور کروں کہ خدا نے

اَصِفُ حُسْنَ ثَنَائِکُمْ وَ اُحْصِیْ جَمِیْلَ بَلَائِکُمْ وَ بِکُمْ اَخْرَجَنَا اللّٰهُ مِنَ الذُّلِّ وَ فَرَّجَ عَنَّا

آپ کے ذریعے ہمیں خواری سے بچایا ہمارے رنج و غم کو دور فرمایا اور ہمیں تباہی کی وادی سے نکالا اور جہنم کی آگ سے آزاد کیا میرے

غَمَرَاتِ الْکُرُوْبِ وَاَنْقَذَنَا مِنْ شَفَا جُرُفِ الْهَلَکَاتِ وَ مِنَ النَّارِ بِاَبِیْ اَنْتُمْ وَ اُمِّیْ

ماں باپ اور میری جان آپ پر قربان آپ کی دوستی کے وسیلے خدا نے ہمیں دینی تعلیمات عطا کیں اور ہماری دنیا کے بگڑے کام سنوار

وَ نَفْسِیْ بِمُوَالَاتِکُمْ عَلَّمَنَا اللّٰهُ مَعَالِمَ دِیْنِنَا وَ اَصْلَحَ مَا کَانَ فَسَدَ مِنْ دُنْیَانَا

دیے آپ کی ولایت کی بدولت کلمہ مکمل ہوا نعمتیں بڑھ گئیں اور آپس کی دوریاں ہٹ گئیں آپ کی دوستی کے باعث اطاعت واجبہ قبول

وَ بِمُوَالَاتِکُمْ تَمَّتِ الْکَلِمَةُ وَ عَظُمَتِ النِّعْمَةُ وَ ائْتَلَفَتِ الْفُرْقَةُ وَ بِمُوَالَاتِکُمْ تُقْبَلُ

ہوتی ہے آپ سے محبت رکھنا واجب ہے خدائے عزوجل کے ہاں آپ کے لیے بلند درجے پسندیدہ مقام اور اونچا مرتبہ ہے نیز اس کے

الطَّاعَةُ الْمُفْتَرَضَةُ وَ لَکُمُ الْمَوَدَّةُ الْوَاجِبَةُ وَالدَّرَجَاتُ الرَّفِیْعَةُ وَالْمَقَامُ الْمَحْمُوْدُ

حضور آپ کی بڑی عزت ہے بہت اونچی شان ہے اور آپ کی شفاعت قبول شدہ ہے اے ہمارے رب ہم ایمان لائے اس پر جو تو نے

وَ الْمَکَانُ الْمَعْلُوْمُ عِنْدَ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ وَ الْجَاهُ الْعَظِیْمُ وَالشَّأْنُ الْکَبِیْرُ وَالشَّفَاعَةُ

نازل کیا اور ہم نے رسول کی پیروی کی پس ہمیں گواہی دینے والوں میں لکھ لے اے ہمارے رب ہمارے دل ٹیڑھے نہ ہونے دے

الْمَفْبُوْلَهُ رَبَّنَا آمَنَّا بِمَا اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشَّاهِدِيْنَ رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا

جبکہ تو نے ہمیں ہدایت دی اور عطا کر ہم کو اپنی طرف سے رحمت بے شک تو بہت عطا کرنے والا ہے پاک تر ہے ہمارا رب بالضرور

بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَ هَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ سُبْحَانَ رَبِّنَا اِنْ كَانَ وَعْدُ

ہمارے رب کا وعدہ پورا ہوگا اے دوست خدا بے شک میرے اور خدائے عزوجل کے درمیان گناہ حائل ہیں جو آپ چاہیں تو معاف ہو

رَبِّنَا لَمَفْعُوْلاً يَا وَلِيَّ اللّٰهِ اِنَّ بَيْنِيْ وَ بَيْنَ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ ذُنُوْبًا لَا يَاْتِيْ عَلَيْهَا اِلَّا رِضَاكُمْ

سکتے ہیں پس واسطہ اس کا جس نے آپ کو اپنا رازداں بنایا اپنی مخلوق کا معاملہ آپ کو سونپا آپ کی اطاعت اپنی اطاعت کے ساتھ واجب

فَبِحَقِّ مَنِ ائْتَمَنَكُمْ عَلٰى سِرِّهٖ وَ اسْتَرْعَاكُمْ اَمْرَ خَلْقِهٖ وَ قَرَنَ طَاعَتَكُمْ بِطَاعَتِهٖ

ٹھیرائی آپ میرے گناہ معاف کروائیں اور میرے سفارشی بن جائیں کہ یقیناً میں آپ کا پیرو ہوں جس نے آپ کی پیروی کی تو اس

لَمَّا اسْتَوْهَبْتُمْ ذُنُوْبِيْ وَ كُنْتُمْ شُفَعَآئِيْ فَاِنِّيْ لَكُمْ مُطِيْعٌ مَنْ اَطَاعَكُمْ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ

نے خدا کی فرمانبرداری کی اور جس نے آپ کی نافرمانی کی گویا خدا کی نافرمانی کی جس نے آپ سے محبت کی تو اس نے خدا سے محبت کی

وَ مَنْ عَصَاكُمْ فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ وَ مَنْ اَحَبَّكُمْ فَقَدْ اَحَبَّ اللّٰهَ وَ مَنْ اَبْغَضَكُمْ فَقَدْ اَبْغَضَ

اور جس نے آپ سے دشمنی کی گویا اس نے خدا سے دشمنی کی اے معبود یقیناً جب میں نے ایسے سفارشی پالیے ہیں جو تیرے مقرب ہیں



اللّٰهَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ لَوْ وَجَدْتُ شُفَعَاءَ اَقْرَبَ اِلَيْكَ مِنْ مُحَمَّدٍ وَ اَهْلِ بَيْتِهِ الْاَخْيَارِ الْاَئِمَّةِ

یعنی حضرت محمدؐ اور ان کے اہل بیتؑ جو نیکوکار اور خوش کرداروں کے امام ہیں ضرور میں نے انہیں اپنے سفارشی بنایا ہے پس بواسطہ ان

الْاَبْرَارِ لَجَعَلْتُهُمْ شُفَعَآئِيْ فَبِحَقِّهِمُ الَّذِيْ اَوْجَبْتَ لَهُمْ عَلَيْكَ اَسْئَلُكَ اَنْ تُدْخِلَنِيْ فِيْ

کے حق کے جو تو نے خود پر لازم کر رکھا ہے تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ مجھے ان لوگوں میں داخل فرما جو ان کی اور ان کے

جُمْلَةِ الْعَارِفِيْنَ بِهِمْ وَ بِحَقِّهِمْ وَ فِيْ زُمْرَةِ الْمَرْحُوْمِيْنَ بِشَفَاعَتِهِمْ اِنَّكَ اَرْحَمُ

حق کی معرفت رکھتے ہیں اور مجھے اس گروہ میں رکھ جس پر ان کی سفارش سے رحم کیا گیا ہے بے شک تو سب سے زیادہ رحم کرنے والا ہے

الرَّاحِمِيْنَ وَ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ آلِهِ الطَّاهِرِيْنَ وَ سَلَّمَ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا وَّ حَسْبُنَا اللّٰهُ

اور خدا درود بھیجے حضرت محمدؐ پر اور ان کی پاکیزہ آلؑ پر اور بھیجے سلام بہت بہت سلام اور کافی ہے ہمارے لیے خدا

وَ نِعْمَ الْوَكِيْلُ۔

جو بہترین کارساز ہے۔

**(۳) تیسری زیارت جامعہ** :۔ اور یہ وہی زیارت امین اللہ ہے جسے ہم نے حضرت امیرؑ کی زیاراتِ مطلقہ میں سے پہلی زیارت قرار دے کر بیان کیا ہے فراجع۔

## فصل چہار دہم

# خاتمۃ الکتاب

## بعض انبیاء عظام، بعض امام زادگان اور بعض شہزادیان یثرب اور مخلص اہل ایمان کی قبور کی زیارت کا بیان

### (۱) بعض انبیاء کرام علیہم السلام کی زیارت کا اجمالی بیان

انبیاء و مرسلین علیہم السلام کی تکریم و تعظیم عقلاً و شرعاً واجب و لازم ہے اور ان کی قبور مقدسہ کی زیارت کرنا مستحب مؤکد ہے یہ الگ بات ہے کہ ان ذواتِ مقدسہ کی تعداد بہت زیادہ ہے اور ہمیں اکثر حضرات کی قبور مقدسہ کے محل وقوع کا علم نہیں ہے۔ ہاں البتہ بنابر مشہور بعض ذواتِ مقدسہ کی قبور بایں تفصیل ہیں:



(۱) (۲) جناب آدم و نوح علیہما السلام کی قبریں نجف اشرف عراق میں حضرت امیر علیہ السلام کے روضۂ اقدس کے اندر ہیں۔ (۳) جناب ابراہیم علیہ السلام کی قبر مقدس قدس خلیل میں ہے اور وہیں ان کی زوجہ محترمہ جناب سارہؑ کی بھی قبر ہے۔ (۴) و (۵) جناب یعقوب و جناب یوسف علیہما السلام کی قبورِ مبارکہ بھی وہیں ہیں۔ (۶) و (۷) جناب اسماعیل علیہ السلام اور ان کی والدہ ماجدہ جناب ہاجرہؑ کی قبریں مسجد الحرام میں حجر اسود کے قریب ہے۔

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے مروی ہے، فرمایا: رکن و مقام کے درمیان والا مقام انبیاءؑ کی قبور سے بھرا ہوا ہے۔ اور حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے، فرمایا: رکن یمانی اور حجر اسود کے درمیان ستر نبی مدفون ہیں۔ (۸ و ۹) جناب داؤد اور جناب سلیمان علیہما السلام بیت المقدس میں دفن ہیں۔ (۱۰) جناب زکریا علیہ السلام کی قبر حلب میں موجود ہے۔ (۱۱) جناب یونس علیہ السلام کی قبر کوفہ میں نہر کے کنارے موجود ہے۔ (۱۲) و (۱۳) جناب ہود و جناب صالح علیہما السلام کی قبریں نجف اشرف کی وادی السلام میں موجود ہے۔ (۱۴) جناب ذوالکفل علیہ السلام کی قبر کوفہ کے قریب بمقام ذوالکفل مشہور ہے۔ (۱۵) موصل شہر میں جناب جرجیس علیہ السلام اور شہر

کے باہر (۱۶) جناب شیث علیہ السلام کی قبر موجود ہے۔ (۱۷) بمقام شوش جناب دانیال علیہ السلام کی قبر موجود ہے۔ (۱۸) اور کاظمین میں مسجد براثا کے قریب جناب یوشع علیہ السلام دفن ہیں۔

**ایضاح**:۔اگر چہ ان حضرات کیلئے کوئی مخصوص زیارت منقولہ موجود نہیں ہے مگر بعض اہل تحقیق کے بیان کے مطابق اگر ان مقدس مقامات پر زیارات جامعہ میں سے پہلی زیارت جامعہ پڑھ لی جائے تو انسب واولی ہے۔

## (۲) بعض امام زادگان اور خاندانِ نبوت سے وابستہ بعض محترم خواتین کی قبور کی زیارت کا بیان

بے شک خاندانِ نبوت کے چشم و چراغ امام زادگان کی زیارت کرنا باعث اجر وثواب ہے اور خدائی فیض و برکت حاصل کرنے کا وسیلہ ہے۔مگر ان کی زیارت کے لیے جانے سے پہلے دو چیزوں کی تحقیق ضروری ہے۔ایک یہ کہ اس امام زادہ کی نسبی منقبت کے ساتھ ساتھ آیا اس کی کوئی حسبی یعنی ذاتی کردار اور ذاتی اخلاق و اطوار کی بھی کوئی فضیلت ہے یا نہ؟؟

دوسرے یہ کہ وہ قبر تحقیقی طور پر اسی امام زادہ کی ہے بھی یا نہ؟ مگر یہ حقیقت نا قابل انکار ہے کہ یہ دونوں چیزیں بہت کم ہی جمع ہوتی ہیں ورنہ اکثر و بیشتر ہوتا یہ ہے کہ اگر کسی امام زادہ کی نسبی منقبت ثابت ہے تو حسبی عظمت کا فقدان ہوتا ہے اور اگر یہ چیز موجود ہو تو پھر قبر جعلی ہوتی ہے جیسا کہ مشاہدہ شاہد ہے کہ مختلف قریٰ و امصار میں بہت سے جعلی مزارات موجود ہیں اور عوام ان کو اصلی مزارات سمجھ کر ان کی زیارات کرتے ہیں۔ بہر حال ہم ذیل میں بعض شہزادگان اور بعض شہزادیوں کی قبور اور ان کی زیارت کا تذکرہ کرتے ہیں۔

(۱) **امام زادہ سید محمد**:۔ یہ حضرت امام علی نقی علیہ السلام کے بڑے صاحبزادے ہیں اور بڑے صاحب تقویٰ و طہارت بزرگوار تھے۔ان کا مزار بغداد و سامراء کے درمیان بمقام بلد موجود ہے اور زیارت گاہ خواص وعوام ہے۔آپ مدینہ سے سامراء اپنے والد بزرگوار کو ملنے آئے تھے اور واپسی پر راستہ میں بیمار ہوئے اور پھر انتقال ہو گیا اور وہیں دفن ہوئے رضوان اللہ علیہ۔

(۲) **امام زادہ سید حسین**:۔ یہ شاہزادہ بھی حضرت امام علی نقی علیہ السلام کے فرزند ارجمند ہیں۔ یہ بڑے عابد و زاہد سید زادہ تھے۔ سامراء میں انتقال ہوا۔اور وہین دفن ہوئے۔ امامین عسکریین علیہما السلام کے قبور مقدسہ کے قریب بہت سے سادات کرام کے مزارات ہیں وہیں ان جناب کی مرقد بھی ہے۔

(۳) **شاہزادہ عبدالعظیم:**۔اس شاہزادہ کا سلسلۂ نسب چار واسطوں سے حضرت امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام تک پہنچتا ہے یعنی آپ حسنی سید زادہ ہیں یعنی عبدالعظیم بن عبداللہ بن محسن بن زید بن الحسن بن علی ابن ابی طالب علیہم السلام۔آپ خاندانی شرافت کے علاوہ علم وفضل اور زہد وتقویٰ کے زیور سے بھی آراستہ تھے۔اور ان کو حضرت امام محمد تقی وحضرت امام علی نقی علیہما السلام کے چچیرے بھائی ہونے کے علاوہ ان کی صحابیت کا شرف بھی حاصل تھا۔اورانہوں نے ان سے بہت سی احادیث روایت کی ہیں۔یہی وہ بزرگوار ہیں جنھوں نے اپنے عقائد حضرت امام علی نقی علیہ السلام کی خدمت میں پیش کیے تھے اور امام علیہ السلام نے ان کی تائید وتصدیق کرتے ہوئے فرمایا تھا: ﴿**ھذا دین اللّٰہ الذی ارتضاہ لعبادہ فاثبت علیہ**﴾ یعنی یہی وہ دین ہے جو خدا نے اپنے بندوں کے لیے مقرر کیا ہے اس پر ثابت قدم رہو اور بعض اہل ایمان کے عقائد سن کر ہذا دینی اور دین آبائی یعنی یہی میرا اور میرے آباء واجداد کا دین ہے ہم نے اپنی کتاب اصول الشریعہ میں اسی حدیث کو بنیاد قرار دے کر یہ کتاب لکھی ہے۔

بہر حال ان کا مرقد مبارک طہران کے محلّہ رے میں ہے جسے آج کل شاہ عبدالعظیم کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے اور ان کا مزار عوام وخواص کی زیارت گاہ ہے۔



(۴) **امام زادہ حمزہ:**۔یہ شہزادہ حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی اولاد میں سے ہے۔بعض آثار سے واضح ہوتا ہے کہ جن دنوں شاہزادہ عبدالعظیم حسنی رے میں مقیم تھے تو آپ کو جب موقع ملتا تو ان کی قبر کی زیارت کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ یہ امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی اولاد میں سے ایک بزرگ سید کی قبر ہے۔بہر حال یہ قبر جناب شاہ عبدالعظیم کی قبر کے بالمقابل موجود ہے۔

## (۳) بعض ان علماء اعلام کے قبور کی زیارت کا بیان جو دیار ائمۂ اطہارؑ میں مدفون ہیں:۔

واضح رہے کہ شاہزادہ حمزہ کے صحن میں مشہور عالم دین شیخ ابوالفتوح رازی کی قبر ہے جو مشہور تفسیر قرآن ابوالفتوح رازی کے مؤلف ہیں اور محلّہ شاہ عبدالعظیم میں ہی رئیس المحدثین حضرت شیخ صدوق ” کا مزار ہے۔

اسی طرح نجف اشرف میں سینکڑوں علماء اعلام دفن ہیں جیسے حضرت شیخ طوسی علیہ الرحمہ مؤسس حوزۂ علمیہ نجف اشرف، جناب سید بحر العلوم، جناب شیخ جعفر کاشف الغطاء، آقائے حکیم، آقائے خوئی، شیخ انصاری،

شیخ کاشف الغطاء، آقائے سید یزدی اور آقائے بزرگ طہرانی وامثالھم اور کربلا معلّیٰ میں بھی سیکڑوں اعلام مدفون ہیں جیسے شیخ یوسف بحرانی، آقائے وحید بہبہانی، آقائے سید مہدی شیرازی، اور کاظمین میں مدفون بعض اعلام کا تذکرہ زیارتِ کاظمین کے ضمن میں کیا جا چکا ہے۔ اسی طرح سامراء میں بھی بعض اکابر علماء کرام مدفون ہیں جیسے آقای شیرازی بزرگ، آقائے نجم الدین العسکری و امثالھم.... اور اسی طرح مشہد مقدس کو بھی بڑے بڑے علماء کرام کا مدفن ہونے کا شرف حاصل ہے جیسے شیخ بہائی، شیخ حر عاملی وامثالھم اور قم مقدسہ کو بھی بعض اعلام شیعہ کے مدفن ہونے کی سعادت حاصل ہے جیسے مؤسس حوزۂ شیخ عبد الکریم حائری، آقائے بروجردی، آقائے مرعشی، آقائے گلپایگانی اور آقائے طباطبائی و امثالھم رضوان اللہ علیھم اجمعین۔ لہٰذا زائرین کرام کو چاہیئے کہ ان علماء اعلام کے مزارات مقدسہ پر بھی حاضری کی سعادت حاصل کریں اور ان کے ایصال ثواب ورفع درجات کے لیے دعا وقرآن خوانی کریں اور اپنے آپ کو اس سعادت ابدی سے ہرگز محروم نہ کریں واللہ الموفق۔



## (۴) بعض مخدرات کے قبور کی زیارت کا بیان

اس سلسلہ میں بہت سی بانوانِ اسلام کا نام لیا جا سکتا ہے مگر بنظر اختصار ہم صرف چند ذواتِ قادسہ کے تذکرہ پر اکتفا کرتے ہیں۔

(۱) **معصومۂ قمؑ کی زیارت:** ۔ ان محترمہ کا نام نامی جناب فاطمہ بنت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام ہے جو کہ حضرت امام رضا علیہ السلام کی ہمشیرۂ محترمہ ہیں ان کی زیارت کی بڑی فضیلت وارد ہوئی ہے۔ شیخ صدوق علیہ الرحمہ نے عیون الاخبار میں سعد بن جعفر سے روایت کی ہے کہ حضرت امام رضا علیہ السلام سے اس بی بیؑ کی زیارت کے بارے میں پوچھا گیا تو آپؑ نے فرمایا کہ جو شخص اس معصومہؑ کی زیارت کرنے کے لیے آئے اس کے لیے جنت ہے۔ اسی قسم کی ایک روایت حضرت امام محمد تقی علیہ السلام سے بھی مروی ہے۔ ایک اور حدیث کے ضمن میں جو کہ حضرت امام رضا علیہ السلام سے منقول ہے جسے علامہ مجلسیؒ نے نقل کیا ہے۔ اس مخدرہ کی زیارت یوں مروی ہے: فرمایا: جب تم ان کی قبر پر جاؤ تو جانب سر قبلہ رو ہو کر پہلے چونتیس مرتبہ ﴿اَللّٰہُ اَکْبَرُ﴾، تینتیس مرتبہ

﴿سُبْحَانَ اللّٰهِ﴾ اور تینتیس مرتبہ ﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ﴾ کہو اور بعد ازاں یہ زیارت پڑھو:

﴿اَلسَّلَامُ عَلٰى اٰدَمَ صِفْوَةِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلٰى نُوْحٍ نَّبِيِّ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلِ

سلام ہو آدمؑ پر جو خدا کے برگزیدہ ہیں سلام ہو نوحؑ پر جو خدا کے نبی ہیں سلام ہو ابراہیم پر جو خدا کے

اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلٰى مُوْسٰى كَلِيْمِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلٰى عِيْسٰى رُوْحِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ

دوست خاص ہیں سلام ہو موسیٰؑ پر جو خدا کے کلیم ہیں سلام ہو عیسیٰؑ پر جو روح خدا ہیں سلام ہو آپ پر

يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خَيْرَ خَلْقِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا صَفِيَّ اللّٰهِ

اے خدا کے رسول سلام ہو آپ پر کہ آپ خلق خدا میں بہترین ہیں سلام ہو آپ پر اے خدا کے پسند کردہ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ خَاتَمَ النَّبِيِّيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلِيَّ

سلام ہو آپ پر اے محمدؐ بن عبداللہ کہ آپ نبیوں کے خاتم ہیں سلام ہو آپ پر اے مومنوں کے امیر علیؑ

بْنَ اَبِيْ طَالِبٍ وَصِيَّ رَسُوْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا فَاطِمَةُ سَيِّدَةَ نِسَاءِ الْعَالَمِيْنَ

ابن ابی طالبؑ کہ آپ رسول خدا کے قائمقام ہیں سلام ہو آپ پر اے فاطمہؑ کہ آپ زنانِ عالم کی سردار ہیں



اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمَا يَا سِبْطَيْ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ وَ سَيِّدَيْ شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ

سلام ہو آپ دونوں پر کہ آپ نبی رحمت کے دو نواسے اور جوانانِ اہل جنت کے دو سید و سردار ہیں سلام ہو آپ پر

يَا عَلِيَّ بْنَ الْحُسَيْنِ سَيِّدَ الْعَابِدِيْنَ وَ قُرَّةَ عَيْنِ النَّاظِرِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مُحَمَّدَ بْنَ

اے علی بن الحسینؑ کہ آپ عبادت گزاروں کے سردار اور دیکھنے والوں کی خنکی چشم ہیں سلام ہو آپ پر اے محمدؐ بن

عَلِيٍّ بَاقِرَ الْعِلْمِ بَعْدَ النَّبِيِّ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا جَعْفَرَ بْنَ مُحَمَّدٍ الصَّادِقَ الْبَارَّ الْاَمِيْنَ

علیؑ کہ آپ بعد از نبی علم پھیلانے والے ہیں سلام ہو آپ پر اے جعفرؑ بن محمدؐ کہ آپ راستگو خوش کردار امانتدار ہیں

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مُوْسَى ابْنَ جَعْفَرٍ الطَّاهِرَ الطُّهْرَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا عَلِيَّ بْنَ مُوْسَى

سلام ہو آپ پر اے موسیٰؑ بن جعفرؑ کہ آپ پاک ہیں پاک شدہ سلام ہو آپ پر اے علیؑ بن موسیٰؑ

الرِّضَا الْمُرْتَضٰى اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مُحَمَّدَ بْنَ عَلِيٍّ التَّقِيَّ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا عَلِيَّ بْنَ

کہ آپ ہیں رضا والے پسندیدہ سلام ہو آپ پر اے محمدؐ بن علیؑ کہ آپ پرہیزگار ہیں سلام ہو آپ پر اے علیؑ بن

مُحَمَّدٍ النَّقِيَّ النَّاصِحِ الْاَمِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ يَا حَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ اَلسَّلَامُ عَلَى الْوَصِيِّ

محمدؐ کہ آپ باصفا خیر خواہ امانتدار ہیں سلام ہو آپ پر اے حسنؑ بن علیؑ اور سلام ہو ان امام پر جو ان کے قائمقام ہوئے

مِنْ بَعْدِهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى نُوْرِکَ وَ سِرَاجِکَ وَ وَلِيِّ وَلِيِّکَ وَ وَصِيِّ وَصِيِّکَ وَ حُجَّتِکَ

اے معبود! رحمت فرما اپنے نور پر جو تیرا چراغ تیرے ولی کے وارث تیرے وصی کے جانشین اور تیری مخلوق پر حجت ہیں

عَلٰى خَلْقِکَ اَلسَّلَامُ عَلَيْکِ يَا بِنْتَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْکِ يَا بِنْتَ فَاطِمَةَ وَ خَدِيْجَةَ

سلام ہو آپ پر اے رسولؐ خداؐ کی دختر سلام ہو آپ پر اے فاطمہ زہراؑ و خدیجہ الکبریٰ ؑ کی دختر

اَلسَّلَامُ عَلَيْکِ يَا بِنْتَ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْکِ يَا بِنْتَ الْحَسَنِ وَ الْحُسَيْنِ

سلام ہو آپ پر اے مومنوں کے امیر کی دختر سلام ہو آپ پر اے حسنؑ و حسینؑ کی دختر

اَلسَّلَامُ عَلَيْکِ يَا بِنْتَ وَلِيِّ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْکِ يَا اُخْتَ وَلِيِّ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْکِ يَا عَمَّةَ

سلام ہو آپ پر اے دوست خدا کی دختر سلام ہو آپ پر اے دوست خدا کی ہمشیرہ سلام ہو آپ پر اے دوست خدا کی

وَلِيِّ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْکِ يَا بِنْتَ مُوْسَى بْنِ جَعْفَرٍ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَکَاتُهُ اَلسَّلَامُ عَلَيْکِ



پھوپھی سلام ہو آپ پر اے موسیٰؑ بن جعفرؑ کی دختر خدا کی رحمت ہو اور اس کی برکات سلام ہو آپ پر کہ

عَرَّفَ اللّٰهُ بَيْنَنَا وَ بَيْنَکُمْ فِي الْجَنَّةِ وَ حَشَرَنَا فِيْ زُمْرَتِکُمْ وَ اَوْرَدَنَا حَوْضَ نَبِيِّکُمْ

خدا جنت میں ہمارے آپ کے درمیان شناسائی کرائے ہمیں آپ کے گروہ میں اٹھائے ہمیں آپ کے نبی کے حوض کوثر پر وارد کرے

وَ سَقَانَا بِکَاْسِ جَدِّکُمْ مِنْ يَدِ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْکُمْ اَسْئَلُ اللّٰهَ

اورہمیں آپ کے نانا کے جام کے ساتھ علیؑ بن ابی طالبؑ کے ہاتھوں سیراب فرمائے خدا کی رحمتیں ہوں آپ پر خدا سے سوال کرتا ہوں کہ

اَنْ يُرِيَنَا فِيْکُمُ السُّرُوْرَ وَ الْفَرَجَ وَ اَنْ يَجْمَعَنَا وَ اِيَّاکُمْ فِيْ زُمْرَةِ جَدِّکُمْ مُحَمَّدٍ صَلَّى

وہ ہمیں آپ لوگوں میں مسرت و خوشحالی دکھائے اور یہ کہ ہمیں اور آپ کو آپ کے نانا حضرت محمد صلی اللہ علیہ و آلہ کے گروہ میں اکٹھا کرے

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اٰلِهِ وَ اَنْ لَا يَسْلُبَنَا مَعْرِفَتَکُمْ اِنَّهُ وَلِيٌّ قَدِيْرٌ اَتَقَرَّبُ اِلَى اللّٰهِ بِحُبِّکُمْ وَ الْبَرَاءَةِ

اور ہم سے آپ کی معرفت واپس نہ لے کہ وہ حاکم ہے قدرت والا میں قرب الٰہی چاہتا ہوں بواسطہ آپ کی محبت آپ کے دشمنوں

مِنْ اَعْدَآئِکُمْ وَ التَّسْلِيْمِ اِلَى اللّٰهِ رَاضِيًا بِهِ غَيْرَ مُنْکِرٍ وَ لَا مُسْتَکْبِرٍ وَ عَلٰى يَقِيْنِ مَا اَتٰى

سے بیزاری کے ہم خدا کی رضا پر راضی رہ کر بغیر دل تنگ ہونے اور اکڑنے کے اور اس چیز پر یقین ہے جو محمدؐ لائے

بِہٖ مُحَمَّدٌ وَّ بِہٖ رَاضٍ نَطْلُبُ بِذٰلِکَ وَجْھَکَ یَا سَیِّدِیْ اَللّٰھُمَّ وَ رِضَاکَ وَالدَّارَ الْاٰخِرَۃَ

اوراس پرخوش رہ کراس طرح ہم تیری توجہ چاہتے ہیں اے ہمارے خدا اے معبود! میں تیری رضا اور آخرت کی بہتری چاہتا ہوں

یَا فَاطِمَۃُ اُشْفَعِیْ لِیْ فِی الْجَنَّۃِ فَاِنَّ لَکِ عِنْدَ اللّٰہِ شَاْنًا مِّنَ الشَّاْنِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ

اے فاطمہ جنت میں میری سفارش کریں کیونکہ آپ خدا کے ہاں بڑی عزت و شان رکھتی ہیں اے معبود! میں

اَسْئَلُکَ اَنْ تَخْتِمَ لِیْ بِالسَّعَادَۃِ فَلَا تَسْلُبْ مِنِّیْ مَآ اَنَا فِیْہِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

سوال کرتا ہوں تجھ سے کہ میرا انجام خوش بختی پر فرمائیں جس گروہ میں ہوں اسی میں رہنے دے نہیں کوئی حرکت وقوت مگر جو خدائے بلند و

الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اَللّٰھُمَّ اسْتَجِبْ لَنَا وَ تَقَبَّلْہُ بِکَرَمِکَ وَ عِزَّتِکَ وَ بِرَحْمَتِکَ وَ عَافِیَتِکَ

بزرگ سے ملتی ہے اے معبود! ہماری دعائیں منظور و قبول فرما بواسطہ اپنی بزرگی اپنی عزت اپنی رحمت اور اپنی پناہ کے

وَ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ وَ سَلَّمَ تَسْلِیْمًا یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ﴾۔

خدا درود بھیجے حضرت محمدؐ اور ان کی ساری آلؑ پر اور سلام بھیجے بہت بہت سلام اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔



**(۲) شریکۃ الحسین حضرت زینبؑ کی زیارت**: اس بات کو تاریخ اسلام کا المیہ ہی کہا جا سکتا ہے کہ وہ معظمہ بی بی جو عظمت میں عالمہ غیر معلّمہ ہے اور جو اسلام بچانے اور پھیلانے میں شریکۃ الحسینؑ ہے اور جو اس سلسلہ میں مصائب و شدائد برداشت کرنے میں ام المصائب ہے۔ کتب زیارات میں نہ ان کی زیارت کی کوئی فضیلت ملتی ہے اور نہ ہی زیارت کی کوئی کیفیت نظر آتی ہے؟ ع

بسوخت عقل ز حیرت که این چه بو العجبی است؟

بہر حال ان کی قبر مقدس پر اگر یہی معصومہ قم والی زیارت پڑھ دی جائے ہاں البتہ صرف جہاں ﴿اَلسَّلَامُ عَلَیْکِ یا بنت موسی بن جعفر﴾ ہے وہاں اس کی بجائے ﴿اَلسَّلَامُ عَلَیْکِ یَا بنت علی بن ابی طالب﴾ کہہ دیا جائے۔ تو بعید نہیں ہے کہ مناسب و موزوں ہو واللہ العالم۔

**ایضاح**: ۔چونکہ اس مخدومہ بی بی کے مدفن میں سخت اختلاف ہے چنانچہ عوام میں مشہور شام ہے، مورخین میں مشہور مصر ہے اور محققین میں مشہور جنت البقیع مدینہ ہے لہٰذا اگر خدا توفیق دے تو ان تینوں مقامات پر اس مظلومہ کربلا کی زیارت کی جائے اور پڑھی جائے۔ واللہ الموفق۔

**(۳) امام زمانہؑ کی والدۂ ماجدہ نرجس خاتونؑ کی زیارت** :۔اس معظمہ کی قبر شریف حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام کی ضریح مقدس کی پشت کی جانب واقع ہے۔اگرچہ اس معظمہ کی بھی کسی معصومؑ سے منقول زیارت تو نظر قاصر سے نہیں گزری ہاں البتہ یہاں وہ زیارت پڑھی جاسکتی ہے جسے سید ابن طاؤوسؒ نے خاندانِ نبوتؑ کی بانوان کے لیے درج کیا ہے اور جسے سید شیرازی نے بھی از باب تسامح اپنی کتاب الدعاء والزیارۃ میں نقل کیا ہے۔جو یہ ہے:

﴿اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ اَيَّتُهَا السَّيِّدَةُ الزَّكِيَّةُ الطَّاهِرَةُ الْوَلِيَّةُ وَ الدَّاعِيَةُ الْحَفِيَّةُ اَشْهَدُ اَنَّكِ

اے میری سردارہ پاک پاکیزہ، ولیہ اور داعیۂ حق آپ پر سلامتی ہو! میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ نے

قُلْتِ حَقًّا وَ نَطَقْتِ صِدْقًا وَ دَعَوْتِ اِلٰى مَوْلَایَ وَ مَوْلَاكِ عَلَانِيَةً وَ سِرًّا فَازَ مُتَّبِعُكِ

حق بات کہی اور سچ بولا اور میرے اور اپنے مولا امام برحق کی طرف خفیہ اور علانیہ دعوت دی آپ کی پیروی کرنے والا

وَ نَجَا مُصَدِّقُكِ وَ خَابَ وَ خَسِرَ مُكَذِّبُكِ وَ الْمُتَخَلِّفُ عَنْكِ اِشْهَدِیْ لِیْ بِهٰذِهِ

کامیاب ہوا اور آپ کی تصدیق کرنے والا نجات پا گیا اور آپ کو جھٹلانے والا خائب و خاسر ہوا

الشَّهَادَةِ لِاَكُوْنَ مِنَ الْفَائِزِيْنَ بِمَعْرِفَتِكِ وَ طَاعَتِكِ وَ تَصْدِيْقِكِ وَ اتِّبَاعِكِ

آپ میری اس گواہی کی گواہ رہنا تاکہ میں آپ کی معرفت اور پیروی کرنے کی وجہ سے کامیاب لوگوں میں شامل ہو سکوں

وَالسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا سَيِّدَتِیْ وَابْنَةَ سَيِّدَتِیْ اَنْتِ بَابُ اللّٰهِ الْمُؤْتٰى مِنْهُ وَ الْمَاْخُوْذُ عَنْهُ

اور آپ پر سلام ہو اے میری سردار کی بیٹی میں آپ کا زائر بن کر آیا ہوں

اَتَيْتُكِ زَائِرًا وَ حَاجَاتِیْ لَكِ مُسْتَوْدَعَةٌ وَهَا اَنَا ذَا اَسْتَوْدِعُكِ دِيْنِیْ وَ اَمَانَتِیْ وَ خَوَاتِيْمَ

اور اپنا دین و ایمان آپ کے سپرد کرتا ہوں

عَمَلِیْ وَ جَوَامِعَ اَمَلِیْ اِلٰى مُنْتَهٰى اَجَلِیْ وَ السَّلَامُ عَلَيْكِ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهٗ﴾

آپ اللہ کا دروازہ ہیں اور آپ پر سلام ہو اور اللہ کی رحمتیں اور برکاتیں۔

**(۴) جناب حکیمہ خاتونؑ کی زیارت**:۔

یہ مخدرہ حضرت امام محمد تقی علیہ السلام کی دختر نیک اختر حضرت امام علی نقی علیہ السلام کی ہمشیرہ اور حضرت امام

حسن عسکری علیہ السلام کی عمہ محترمہ ہیں جن کی قبر حضرت امام علی نقی علیہ السلام کی پائنتی کی طرف ہے۔ اگرچہ اس معظمہ کی بھی کوئی منقولہ زیارت موجود نہیں ہے مگر یہاں بھی وہی زیارت پڑھی جا سکتی ہے جو ابھی اوپر ہم نے ابن طاؤس کے حوالہ سے نقل کی ہے یا پھر وہ زیارت بھی پڑھی جا سکتی ہے جو ان کی پھوپھی جناب معصومہ قم ؑ کی زیارت کے سلسلہ میں وارد ہے۔ ہاں البتہ اس میں جہاں ﴿اَلسَّلَامُ عَلَیْکِ یا بنت موسی بن جعفر﴾ وارد ہے وہاں یہ پڑھا جائے: ﴿اَلسَّلَامُ عَلَیْکِ یا بنت محمد بن علی الرضا﴾۔

## جملہ اہل ایمان کی قبور کی زیارت کا بیان

(۱) مؤمنین کرام کے قبور کی زیارت کرنے اور وہاں فاتحہ و درود پڑھنے کے ثواب کو ائمہ طاہرینؑ کے قبور مقدسہ کی زیارت کے برابر قرار دیا گیا ہے۔ چنانچہ جناب شیخ ابن قولویہ نے بسند خود حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے روایت کی ہے، فرمایا: جو شخص ہماری زیارت نہ کر سکے تو وہ صالح شیعہ مؤمنین کی زیارت کرے تو اسے وہی ثواب ملے گا جو ہمارے زائر کو ملے گا۔ نیز فرمایا: جو شخص براہ راست ہم سے نیکی و بھلائی نہ کر سکے تو وہ ہمارے نیکوکار حبداروں سے صلہ و نیکی کرے اسے وہی ثواب ملے گا جو ہم سے نیکی و بھلائی کرنے کا ملتا ہے۔ (کامل الزیارہ)



(۲) حضرت امام رضا علیہ السلام سے منقول ہے، فرمایا: جو شخص اپنے مؤمن بھائی کی قبر پر جائے اور اس پر ہاتھ رکھ کر سات بار سورہ انا انزلناہ پڑھے تو وہ قیامت کے دن فزع اکبر (بڑے خوف و ہراس) سے محفوظ رہے گا۔

(ایضاً و عیون الاخبار)

(۳) صفوان جمال بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا کہ فرما رہے تھے کہ حضرت رسول خدا ﷺ کا دستور تھا کہ وہ جمعرات کے دن عصر کے وقت جنت البقیع میں صحابہؓ کی ایک جماعت کے ساتھ تشریف لے جاتے تھے اور تین بار فرماتے تھے: ﴿اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ اَهْلَ الدِّیَارِ﴾ پھر تین بار فرماتے تھے: ﴿رَحِمَکُمُ اللّٰهُ﴾۔ (کتاب الدعا)

(۴) مروی ہے کہ عبد اللہ بن سنان نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں عرض کیا کہ اہل ایمان کی قبروں پر کس طرح سلام کرنا چاہیئے؟ فرمایا: کہو:

﴿اَلسَّلَامُ عَلٰی اَھْلِ الدِّیَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَ الْمُسْلِمِیْنَ اَنْتُمْ لَنَا فَرَطٌ وَّ نَحْنُ

سلام ہو اہل قبرستان میں سے مومنوں اور مسلمانوں پر آپ لوگ ہمارے پیش رو ہیں اور

اِنْشَآءَ اللّٰہُ بِکُمْ لَاحِقُوْنَ﴾۔

انشاءاللہ ہم بھی آپ سے آملیں گے۔

(۴) حضرت امام زین العابدین علیہ السلام سے مروی ہے، فرمایا: جو شخص قبرستان میں جائے اور یہ دعا پڑھے:

﴿اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الْاَرْوَاحِ الْفَانِیَةِ وَالْاَجْسَادِ الْبَالِیَةِ وَ الْعِظَامِ النَّخِرَةِ الَّتِیْ خَرَجَتْ

اے معبود! تو ہی پروردگار ہے ان گزری ہوئی روحوں کا ان بوسیدہ جسموں کا اور ان گلی ہوئی ہڈیوں کا جو دنیا سے باہر

مِنَ الدُّنْیَا وَھِیَ بِکَ مُؤْمِنَةٌ اَدْخِلْ عَلَیْھِمْ رَوْحًا مِّنْکَ وَ سَلَامًا مِّنِّیْ﴾

نکل چکی ہیں لیکن یہ چیزیں تجھ پر ایمان رکھتی ہیں ان کو اپنی طرف سے آسائش دے اور میرا سلام پہنچا۔

تو خداوند عالم اس کے نامۂ اعمال میں آدمؑ سے لے کر قیامت تک تمام انسانوں کی تعداد کے برابر نیکیاں لکھے گا۔(مفاتیح)



(۵) حضرت امیر المومنین علیہ السلام حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں، فرمایا: جو شخص قبرستان میں جائے اور وہاں یہ دعا پڑھے:

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلسَّلَامُ عَلٰی اَھْلِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مِنْ اَھْلِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

خدا کے نام سے شروع جو بڑا رحم والا مہربان ہے سلام ہو لا الہ الا اللہ پڑھنے والوں پر ان کا جو لا الہ الا اللہ پڑھتے ہیں

یَا اَھْلَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کَیْفَ وَجَدْتُّمْ قَوْلَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مِنْ لَا اِلٰهَ

اے لا الہ الا اللہ پر ایمان رکھنے والو بحق لا الہ الا اللہ کے ہمیں بتاؤ کہ تم نے عقیدۂ لا الہ الا اللہ کس طرح حاصل کیا کلمہ لا الہ الا اللہ سے

اِلَّا اللّٰهُ یَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اغْفِرْ لِمَنْ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ احْشُرْنَا

اے لا الہ الا اللہ والی ذات بحق لا الہ الا اللہ کے بخش دے ان کو جنہوں نے پڑھا لا الہ الا اللہ اور اٹھا ہمیں اس

فِیْ زُمْرَةِ مَنْ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ عَلِیٌّ وَلِیُّ اللّٰهِ﴾

گروہ میں جنہوں نے پڑھا نہیں معبود سوائے اللہ کے محمدؐ خدا کے رسول ہیں علیؑ خدا کے دوست ہیں۔

تو خداوند عالم اس کے نامۂ اعمال میں پچاس سال کی نیکیوں کا ثواب درج کرے گا اور پچاس سال کے گناہوں کا کفارہ قرار دے گا۔ اور اس کے والدین کے ساتھ بھی یہی سلوک کرے گا۔ (کتاب الدعا والزیارہ)

یہ بھی بعض اخبار میں وارد ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے دریافت کیا گیا کہ جب ہم اہل ایمان کی قبور کی زیارت کے لیے جائیں تو وہاں کیا پڑھیں؟ فرمایا: یہ دعا پڑھو:

﴿اَللّٰھُمَّ جَافِ الْاَرْضَ عَنْ جُنُوْبِھِمْ وَ صَاعِدْ اِلَیْکَ اَرْوَاحَھُمْ وَ لَقِّھِمْ مِنْکَ رِضْوَانًا

اے معبود! زمین کو اس کے کناروں تک خالی کر دے ان کی روحوں کو اپنی طرف بلند کر ان کو اپنی خوشنودی سے بہرہ ور فرما

وَّ اَسْکِنْ اِلَیْھِمْ مِنْ رَحْمَتِکَ مَا تَصِلُ بِہٖ وَحْدَتَھُمْ وَ تُوْنِسُ بِہٖ وَحْشَتَھُمْ

اور اپنی رحمت کو ان کے ساتھ کر دے تاکہ تو ان کی تنہائی دور کر لے اور ان کے خوف کو دور کر دے

اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ﴾۔

بے شک تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔

بہر حال احادیث اہل بیت میں اپنے مرنے والوں کو یاد رکھنے، ان کی قبروں پر جانے اور اس سے عبرت حاصل کرنے اور ان کے لیے صدقہ وخیرات کرنے کی بڑی تاکید وارد ہوئی ہے۔ نیز قبرستان میں جملہ اہل ایمان کے لیے مشترکہ طور پر سورۂ توحید گیارہ بار پڑھنا اور اس کا ثواب ان کو ہدیہ کرنا بھی وارد ہے اور یہ کہ ایسا کرنے والے کو ان سب اہل ایمان کی تعداد کے برابر ثواب ملتا ہے۔ نیز کسی میت کی قبر پر ہاتھ رکھ کر تین بار یہ دعائیہ کلمات کہنے سے اس کا عذاب ٹل جاتا ہے:

﴿اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ اَنْ لَّا تُعَذِّبَ ھٰذَا الْمَیِّتَ﴾ (مجموعۂ شیخ شہید)

اے معبود! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے بواسطہ محمدؐ و آل محمدؐ کے یہ کہ اس قبر والے پر عذاب نہ کر۔

یہ بھی وارد ہے کہ خداوند عالم اپنی قدرت کاملہ سے ان کی قبور کی زیارت کرنے والوں کی اور ان کے لیے صدقہ وخیرات کرنے والوں کی ان کو اطلاع دیتا ہے جس سے وہ خوش ہوتے ہیں اور اس سے ان کو فائدہ بھی پہنچتا ہے اور شب جمعہ میں اس کی تاکید مزید وارد ہوئی ہے اور یہ حقیقت ہمیشہ یاد رکھنی چاہیے کہ جیسا سلوک آج ہم اپنے مرنے والوں سے کریں گے وہی سلوک ہماری آنے والی نسلیں ہمارے مرنے کے بعد ہم سے کریں گی

کیونکہ ﴿کما تدین تدان﴾ (یعنی جیسا کروگے ویسا بھروگے) ایک نا قابل انکار حقیقت ہے۔

؎ خواہی کہ روز حشر کنی خندہ بایدت　　امروز از مصیبت فردا گریستن

ہم اپنی اس کتاب مستطاب کے قارئین اوراس سے استفادہ کرنے والے حضرات وخواتین سے استدعا کرتے ہیں کہ وہ از راہ کرم ہمیں ہماری حیات میں اور بعد ازممات بھی اپنی مخلصانہ دعاؤں میں یادرکھیں اور ہرگز فراموش نہ کریں۔

؎ ہر کہ خواند دعا طمع دارم　　زانکہ من بندۂ گنہگارم

یہاں یہ کتاب مستطاب خدا کے خصوصی فضل وکرم سے اپنے اختتام کو پہنچتی ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ اَوَّلاً وَّ آخِرًا وَ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی وَ سَلَّمَ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاهِرِیْنَ۔

دعا ہے کہ خداوند عالم آج سے صبح قیامت کے طلوع ہونے تک تمام اہل ایمان کو خلوص نیت کے ساتھ اس کتاب کے پڑھنے اوراس کے مطابق عمل درآمد کرنے کی توفیق عطا فرمائے تاکہ اس کے لکھنے کا جو عظیم مقصد تھا وہ بوجہ اتم واکمل حاصل ہوجائے۔



اِنَّهٗ قَرِیْبٌ مُّجِیْبٌ آمِیْنَ یَا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ

بِجَاهِ النَّبِیِّ وَ اٰلِهِ الطَّاهِرِیْنَ۔

(بتاریخ ۹ جمادی الاولی ۱۴۲۵ھ بمطابق ۲۷ جولائی ۲۰۰۴ء بروز منگل بوقت ساڑھے تین بجے دن یہ کتاب مستطاب بفضلہ تعالیٰ اختتام پذیر ہوئی)۔

و الحمد للّٰہ

وانا الاحقر محمد حسین النجفی عفی عنہ